امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الکبیر کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

المعجم الکبیر

جلد اوّل

تالیف الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الکبیر کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

المعجم الکبیر

جلد اوّل

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ۰ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ۰ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

المعجم الکبیر

جلد اول

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

باراول	....	مارچ 2016ء
پرنٹرز	....	آصف صدیق، پرنٹرز
تعداد	....	1100/-
ناشر	....	چوہدری غلام رسول۔میاں جوادرسول میاں شہزادرسول
قیمت	....	/= روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز

فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111

E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو

۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941 0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464

Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ۰ غزنی سٹریٹ

اردو بازار ۰ لاہور

فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

فہرست
(بلحاظِ فقہی ترتیب)

فضائل حضرت عمر رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

حضرت علي رضي الله عنه

فضائل سیّدہ فاطمة الزهراء رضی الله عنها

فضائل امام حسن و حسنين رضی الله عنه

فضائل حضرت جابر رضی الله عنه

فضائل حضرت طلحه بن عبيد الله رضی الله عنه

فضائل زبیر بن عوام

فضائل حضرت عبد الرحمٰن بن عوف

حضرت سعد بن ابی وقاص کے فضائل و مناقب

فضائل حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ

فقہی فہرست

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے فضائل

فضائل حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت بلال رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت جعفر رضی اللہ عنہ

کتاب الایمان

فقہی فہرست

فقہی فہرست

کتاب الحج

کتاب فضائل سیّد الانبیاء

كتاب فضائل الصحابة

فہرست

کتاب مناقب الامة

کتاب المواریث

کتاب الزکوة والصدقه

كتاب الذكر

كتاب علامات الساعة والفتن

كتاب البر

كتاب اللباس

كتاب الحدود

كتاب الاذان

كتاب متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

فہرست
(بلحاظِ حروفِ تہجی)

باب الف

صفحہ
عنوانات

عنوانات	صفحہ

عنوانات | صفحہ

عنوانات	صفحہ

فہرست

عنوانات | صفحہ

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ

باب الباء

عنوانات	صفحہ

باب التاء

صفحہ

عنوانات

باب الجیم

عنوانات | صفحہ

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ

☆☆☆☆☆

انتساب

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو بحر العلم وعرفان سیّد السادات حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ اور محقق وقت' بحر العلوم' امام الواصلین' حجۃ الواصلین' تاجدار گولڑہ شریف حضرت پیر سیّد مہر علی شاہ قدس سرہٗ العزیز اور امام عالرفین سلطان الفقر سیّدی مرشدی حضرت پیر سیّد غلام دستگیر چشتی کاظمی موسوی قدس سرہٗ العزیز' جانشین سلطان الفقر' وارثِ علومِ دستگیریہ' علمی مشائخ سروبہ شریف سیدی مرشدی پیر سید احسان الحق مشہدی کاظمی موسوی چشتی دام اللہ ظلہ کے اسماء گرامی سے منسوب کرتا ہے۔ جن کے روحانی تصرفات نے ہر مشکل مقام پر میری مدد فرمائی' ان کے طفیل اللہ عزوجل میری اس سعی کو مقبول' مفید اور میرے لیے ذریعۂ نجات ہے۔ آمین بجاہ سیّد العالمین!

احقر العباد: غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج وسکیاں

☆☆☆☆☆

الاھداء

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو اپنے استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر' استاذی المکرّم مفتی گل احمد خان عتیقی شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ اور محافظِ ناموسِ رسالت' داعیٔ اتحادِ اہل سنت' مجاہدِ اسلام' شیخ الحدیث والتفسیر استاذی المکرّم صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی' ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ شیرازیہ' صدر تحفظ ناموسِ رسالت اور مفکر اسلام' شیخ الحدیث والتفسیر استاذی المکرّم ڈاکٹر محمد عارف نعیمی صاحب ناظم اعلیٰ و شیخ الحدیث جامعہ نعیمیہ للبنات کی خدمت عالیہ میں بصد عقیدت واحترام پیش کرتا ہے جن کی محنت شاقہ اور شفقت بے بہا سے مجھ بے مایہ کو اللہ عزوجل نے اس قابل بنایا' یہ انہیں کا فیض ہے جس کی ادنیٰ جھلک اس صورت میں دیکھ رہے ہیں' اللہ عزوجل ان کے سایہ کو سلامت وقائم ودائم رکھے۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہٗ
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج وسکیاں

☆☆☆☆☆

عرضِ ناشر

انسان دنیا میں رہ کر اپنی عزت' شہرت' عظمت اور ناموری کے لیے گوناگوں کام کرتا ہے لیکن دل کی اتھاہ گہرائیوں میں حقیقی اور واقعی اطمینان وسکون نہیں پاتا' آخر وجہ کیا ہے؟ اس کا جواب قرآنِ مجید کی یہ آیت مبارکہ ہے:

ءَالا بذکر اللّٰہ تطمئن القلوب .

کے دلوں کا اطمینان وسکون ذکرِ الٰہی ہی میں مضمر ہے جس کے ذیل میں تلاوت' نوافل' خوش گفتاری اور تالیفِ قلوب وغیرہ جیسے بے شمار اعمال واعتقادات آتے ہیں جن سے آخرت سنورتی ہے اور جو مدعائے مسلم ہے' البتہ سرورِ کونین ﷺ کی نگاہِ انور میں سب سے پسندیدہ کام دینِ متین میں لگے رہنا ہے خواہ تدریسی' تقریری' تالیفی وتصنیفی شکل میں ہو یا تعلمی ومحافلِ علمیہ کے انعقاد کی صورت میں ہو' بہرحال ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ اپنی آخرت سنوارنے کے لیے دنیا میں رہ کر کچھ تو ضرور کرے تاکہ بارگاہِ الٰہی ومصطفائی میں حاضری کے موقع پر کائنات کے سامنے رسوائی اُٹھانا نہ پڑے۔

بفضلہٖ تعالیٰ ہم نے بھی دوسرے بھائیوں کی طرح نشری سلسلے کا آغاز کر رکھا ہے اور مختصر عرصہ میں مسند ابوداؤد طیالسی' صحیح ابن حبان' صحیح ابن خزیمہ' مسند حمیدی' المعجم الاوسط' شرح المعجم الصغیر للطبرانی جیسی ضخیم کتب کے تراجم شائع کیے ہیں جنہیں زبردست پذیرائی ملی ہے۔ علاوہ ازیں کئی بھاری بھرکم کتب کے تراجم کرائے جارہے ہیں جو ان شاء اللہ جلد یا بدیر شائع کیے جائیں گے۔

اس وقت ہم بارگاہِ رسولِ انور ﷺ میں امام طبرانی کی مشہور ومعروف کتاب "**المعجم الکبیر للطبرانی**" جو حدیث کی مایہ ناز کتب ہے' اس کا ترجمہ پیش کر رہے ہیں' کتاب کے ٹائٹل' جلد' بائنڈنگ اور سیٹنگ پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

مولانا نے اس کتاب کی فہرست کو بھی "**المعجم الاوسط للطبرانی**" کی طرح فقہی ترتیب پر مرتب کیا ہے' جس سے قارئین کو مسائل کے حوالے سے احادیث تلاش کرنے میں خاصی آسانی ہوگی۔

ہم اسے نہایت عقیدت ومحبت کے ساتھ بہترین صورت میں پیش کر رہے ہیں۔

کتاب کی بارہا پروف ریڈنگ کروائی گئی ہے اور کتاب کو اپنی طرف سے غلطیوں سے پاک کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے' تاہم پھر بھی اگر کوئی غلطی یا کوتاہی رہ گئی ہے تو نشاندہی ضرور کریں تاکہ ادارہ اس کی تصحیح کر سکے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے شرفِ قبولیت سے نوازے اور ہمارے لیے ذریعۂ نجات بنائے۔

آپ لوگوں کی دعاؤں کے طلبگار:

چوہدری غلام رسول

چوہدری شہباز رسول

چوہدری جواد رسول

چوہدری شہزاد رسول

☆☆☆☆☆

عرضِ مترجم

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فضل و کرم اور اس کے نیک بندوں کی خاص توجہ اور اساتذہ کرام اور والدین کی دعاؤں کے صدقے احقر العباد نے المعجم الاوسط کا ترجمہ مکمل کیا۔ یہ ترجمہ احقر نے بے پناہ مصروفیت کے ساتھ ساتھ بڑی سرعت کے ساتھ دو ماہ میں مکمل کیا ہے‘ اس میں میرا کوئی کمال نہیں ہے بلکہ بزرگوں کی دعاؤں کا صدقہ ہے۔ احقر العباد کے اندر ایک بات ہے کہ جو کام احقر کو سپرد کیا جاتا ہے‘ اس کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ معجم الکبیر کے ترجمہ کے دوران احقر کے دل میں یہ خیال آیا کہ اس کتاب میں امام طبرانی نے اپنے شیوخ کے حوالہ سے احادیث نقل کی ہیں۔ جس سے عوام کے لیے فائدہ اُٹھانا ذرا مشکل معلوم ہوتا تھا‘ اس لیے عوام کی سہولت کے لیے اس کی فہرست کو فقہی انداز میں ترتیب دیا گیا ہے‘ جو ایک منفرد کام ہے۔

الحمد للہ! احقر کا تعلق مسلک حق اہل سنت و جماعت سے ہے‘ جن کے عقائد و نظریات بالکل وہی ہیں جو صحابہ کرام کے زمانہ سے لے کر آج تک رہے ہیں۔

آخر میں اُن لوگوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے احقر کی بے لوث مدد کی ہے‘ کیونکہ حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا ہے وہ اللہ کا کیسے شکریہ ادا کرے گا۔ اس حدیث کے پیش نظر اُن کے نام بطورِ تبرک ذکر کرتا ہوں:

(۱) استاذ الاساتذہ حضور شیخ الحدیث والتفسیر مفتی گل احمد خان عتیقی کا‘ جنہوں نے احقر کے ساتھ بہت تعاون کیا۔

(۲) اور استاذی المکرم حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ رضائے مصطفےٰ نقشبندی صاحب کا جنہوں نے احقر کے ساتھ بے حد تعاون کیا‘ جن کا میں شکریہ ادا نہیں کر سکتا ہوں۔

(۳) اور خصوصاً اپنے اس عظیم استاذ کا جنہوں نے راقم الحروف کو طالب علمی کے زمانہ سے تحریر کا شوق دلایا اور بے پناہ محبت کرنے والے جن کا شکریہ ادا کرنے کے لیے احقر کے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ میری مراد مفکر اسلام ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مدظلہ العالی کا‘ اور استاذی المکرم حضرت شیخ الحدیث مفتی اشرف بندیالوی صاحب کا‘ جن کی بے پناہ دعائیں احقر کے شامل حال ہیں۔

(۴) اور اپنے اس عظیم بھائی جناب حافظ عبدالمجید صاحب کا جن کی انتہائی شفقت کے ساتھ راقم کو دین پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔

(۵) اور اپنے اس عظیم محسن کا جن کے ادارے کی طرف سے یہ کتاب شائع ہو رہی ہے۔ انتہائی مخلص اور محنت کرنے والے محترم المقام جناب چوہدری جواد رسول صاحب جنہوں نے دن رات ایک کر کے کتاب کو دیدہ زیب انداز میں طبع کروا کے مارکیٹ میں لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اور محترم المقام ریحان علی صاحب کا جنہوں نے بڑی محنت اور خوبصورتی کے ساتھ نہایت سرعت سے دیدہ زیب انداز میں کمپوزنگ کی۔ اللہ عزوجل اس ادارہ کو دن رات ترقی عطا فرمائے!

اعتذار

آخر میں قارئین کرام سے درخواست ہے کہ اگر کتاب میں کوئی غلطی یا ایسی بات جو قابلِ توجہ ہو اس کی اصلاح فرمائیں اور مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کا ازالہ کیا جائے۔ اللہ عزوجل ہم کا حامی و ناصر ہو۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہ

☆☆☆☆☆

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

ذلك فضل اللّٰہ یعطیه من یشاء

استاذ الاساتذہ یادگارِ اسلاف شیخ الحدیث والتفسیر

مفتی محمد گل احمد خان عتیقی صاحب' حال شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ' جامعہ ہجویریہ

سابق مدرس ومفتی جامعہ رضویہ فیصل آباد' سابق شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علٰی سیّدالانبیاء والمرسلین خاتم النبیین رحمة للعالمین الذی کان نبیًا وآدم لَمُنجَدل فی طینةٍ وعلی آلهِ الْمُجْتبیٰ وَعلٰی اصحابه الذین هم نجوم الهدی وَبَعْدُ .

تقاریظ

ایمان کے بعد علم دین بہت بڑی نعمت ہے' قرآن پاک اور احادیث نبویہ میں علم دین اور علماءِ حق کے بہت فضائل بیان کیے گئے ہیں' چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ''اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہ من عبادہ العلماء '' کہ اللہ کے بندوں میں سے اللہ سے ڈرنے والے صرف علماء ہی ہیں اور سورۂ مجادلہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ (ترجمہ:) ''اللہ تمہارے ایمان والوں کے اور ان کے جن کو علم دیا گیا ہے درجے بلند فرمائے گا''۔ نیز ارشادِ نبوی ہے: ''اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے اُسے دین میں فقاہت عطا فرماتا ہے''۔ نیز ارشادِ نبوی ہے: ''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس آدمی کو خوش و خرم اور تروتازہ رکھے جس نے میری بات سنی اور پھر اسے یاد رکھا اور محفوظ رکھا اور اسے دوسروں تک پہنچایا اور بہت لوگ دین کے حامل ہوتے ہیں مگر خود مستفید نہیں ہوتے اور بہت سے حاملانِ دین اس کو ایسے بندوں تک پہنچا دیتے ہیں جو ان سے زیادہ فقیہہ ہوتے ہیں''۔

اور بڑے سعادت منداور خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو خود راتیں جاگ کر اور بڑی بڑی مشقتیں برداشت کر کے کتبِ حدیث کے آسان تراجم کر کے عام لوگوں تک پہنچا کر سرورِ کونین ﷺ کی اس دعا کے مستحق بنتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو خوش وخرم اور تروتازہ رکھے' انہی خوش قسمت اور سعادت مندوں میں سے ایک مولانا غلام دستگیر سیالکوٹی' مدرس جامعہ رسولیہ شیرازی بھی ہیں جو صغر سنی ہی میں سات کتبِ احادیث کا ترجمہ کر کے خواص وعوام تک احادیث نبویہ کا تحفہ عنایت کر رہے ہیں' یہ محض اللہ تعالیٰ کی توفیق اور سرورِ کونین ﷺ کی محبت میں وارفتگی کا نتیجہ ہے۔ مولانا ''**المعجم الاوسط**'' کا سات ضخیم جلدوں کے ترجمہ کے بعد اب ''**المعجم الکبیر**'' کا ترجمہ بھی بڑی سرعت کے ساتھ کر رہے ہیں' اس کی پہلی جلد کا ترجمہ آپ کے سامنے ہے۔

اس بابرکت اور عظیم المرتبت کتاب' رحمتِ کائنات' باعثِ تخلیقِ کائنات' شفیع المذنبین' سیّد الانبیاء والمرسلین ﷺ

کے پروانوں، جانثاروں، مستانوں اور دیوانوں کے فضائل اور ان کے روح پرور اور ایمان افروزی کے محبت بھرے پُرکشش واقعات ہیں جنہیں پڑھ کر ایمان تازہ ہو جاتا ہے اور ایک مسلمان ان کی اداؤں پر مر مٹنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ جب میں اس کتاب اور اس کے ترجمے اور مترجم کے بارے میں کچھ لکھنے لگا تو ایک عظیم حادثے کی اطلاع ملی جس کی وجہ سے میرا ذہن ماؤف ہو گیا ہے، بہر حال اللہ تعالیٰ مولانا غلام دستگیر سیالکوٹی کے علم، عمل، زہد و تقویٰ اور جذبۂ اشاعتِ دینِ اسلام اور اشاعتِ احادیث میں مزید ترقی عنایت کرے اور ان کی خدمات کو شرفِ قبولیت بخشتے ہوئے ان کے لیے آخرت کی نجات کا ذریعہ بنائے۔

حررہ محمد گل احمد خان عتیقی
خادم الحدیث الشریف جامعہ ہجویریہ
معارف اولیاء داتا دربار لاہور

☆☆☆☆☆

شیخ الحدیث والتفسیر' جانشین محقق اسلام عالم نبیل مبلغ یورپ
مفسر قرآن شارح ابن ماجۂ ابوداؤد' مسند حمیدی
قاری محمد طیب نقشبندی دام اللہ ظلہ

تقاریظ

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم
حامدًا و مصلّیًا

مکرمی مولانا غلام دستگیر طول اللہ عمرہ نے متعدد کتب حدیث کا اُردو ترجمہ کیا ہے' اس سے قبل وہ مسند ابوداؤد طیالسی اور معجم الصغیر للطبرانی' معجم الاوسط للطبرانی کا ترجمہ کر چکے ہیں اور اب ''**المعجم الکبیر للطبرانی**'' کا ترجمہ کر رہے ہیں' میں نے اس ترجمہ کو چند مقامات سے پڑھا ہے' ماشاء اللہ ترجمہ میں ایک روانی ہے' ترجمہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ مترجم منہ اور مترجم الیہ دونوں زبانوں پر لکھنے والے کو عبور ہو۔ الحمد للہ! مولانا موصوف کو جہاں عربی زبان پر دسترس ہے وہاں اُردو پر بھی ان کا کنٹرول ہے اور اللہ نے کم عمری ہی میں ان کو احادیثِ نبویہ کے تراجم کا شوق دے دیا ہے اور وہ سرعت کے ساتھ پے درپے کتابوں کے تراجم لکھتے جا رہے ہیں۔ اُمید کی جاسکتی ہے کہ ان کی کوششیں اُمت مسلمہ کے علمی معیار کو بلند کرنے میں مدد ثابت ہوں گی۔ اللہ رب العزت ان کے زورِ قلم میں اضافہ فرمائے اور وہ ہمیشہ اسی طرح خدمت دین میں مصروف رہیں' آپ جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور کے قابلِ فخر فضلاء میں سے ہیں جن کے ذریعہ جامعہ کا فیض دور دور تک پہنچے گا۔ انشاء اللہ!

والسلام!

محمد طیب غفرلہٗ
ناظم جامعہ رسولیہ مانچسٹر' انگلینڈ
سرپرست جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج' لاہور

☆☆☆☆☆

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم!

نحمدہ ونصلی علٰی رسولہ الکریم ۔ اما بعد!

تقاریظ

اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کے ساتھ ہی سلسلۂ نبوت ورسالت کو جاری فرما کر انسان کی ہدایت کا سامان پیدا فرما دیا تھا' اس طرح نوعِ انسانی کی فلاح وکامیابی کے دو بنیادی راستے رہے ہیں:

(۱) اللہ تعالیٰ جل جلالہ کا حکم

(۲) انبیاء کرام علیہم السلام کا طریق

اہل اسلام کی رہنمائی کے لیے یہی دو سرچشمے قرآن وحدیث کے نام سے موسوم ہیں۔ قرآن مجید میں ہے:

''وانزلنا الیك الذکر لتبین للناس ما نزل الیهم'' (النحل ۱۶:۴۴)

''ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف قرآن نازل کیا' تاکہ آپ لوگوں کو وہ بیان کریں جو (شریعت) ان کی طرف نازل کی گئی ہے''۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے:

''ترکت فیکم امرین لن تضلوا ما تمسکتم بهما: کتاب اللّٰہ وسنة نبیه'' (مؤطا امام مالک: ۱۵۹۴)

''میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں' جب تک تم ان دونوں کو تھامے رکھو گے' گمراہ نہ ہو گے' وہ دونوں چیزیں: قرآن اور سنت ہیں''۔

حدیث وسنت' قرآن مجید کی تشریح وتفسیر کا نام ہے' اس لیے اہلِ اسلام نے حدیثِ مبارکہ کی نشر واشاعت' جمع و تدوین' تشریح وتبیین اور محفوظ کرنے کے لیے دورِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے عصرِ حاضر تک کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں چھوڑا' اس کام کے لیے ہزاروں' لاکھوں لوگوں نے کروڑوں صفحات لکھے اور تقریباً اسی تعداد سے شاگرد پیدا کیے' تیسری اور چوتھی صدی ہجری اس لحاظ سے خوش قسمت ہے کہ ان دو صدیوں میں علم حدیث اور متعلقاتِ حدیث کے علوم کو عروج حاصل ہوا' انہیں چند ایک عظیم محدثین میں امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر طبرانی رحمۃ اللہ علیہ ہیں' آپ کی ولادت ماہ صفر ۲۶۰ھ اور وفات ۲۸ ذیقعد ۳۶۰ھ ہے' اس طرح علم وعرفان کا یہ مینارہ تقریباً ایک صدی تک حکمت ودانائی کے ساتھ ضیاء پاشیاں کرتا رہا' آپ کی تصانیف کی تعداد چالیس (۴۰) سے زائد ہے' ان میں سے تین کتب احادیث (**المعجم الکبیر' المعجم الاوسط' المعجم الصغیر**) کو شہرتِ دوام حاصل ہوئی ہے۔

مرورِ زمانہ کے ساتھ براہِ راست قرآن وحدیث اور عربی کتب سے استفادہ کرنے والے اہلِ علم کم ہوتے جا رہے ہیں' اور عصرِ حاضر میں یہ تعداد اور زیادہ کم ہوگئی ہے' اس پر مستزاد یہ کہ اُردو دان اور انگریزی دان طبقہ محض جہالت کی بنیاد پر قرآن مجید اور خاص طور پر احادیث مبارکہ پر اپنے خاص انداز سے تنقید کر کے تشکیک کا سامان پیدا کر رہا ہے۔

ایسی صورتِ حال میں اہلِ علم کے لیے لازم تھا کہ وہ قرونِ اولیٰ کے علمی ورثہ کو اُردو زبان میں منتقل کریں تاکہ صدیوں قبل لکھے گئے علمی ورثہ سے عام لوگ بھی مستفید ہوسکیں۔ الحمد للہ! اس صورتِ حال سے عہدہ برآ ہونے کے لیے ادارہ ''پروگریسو بکس' لاہور'' نے مختلف جہات سے کوششوں کو جاری رکھا ہوا ہے' اور اسی کی ایک کڑی کتب احادیث کا اُردو قالب میں ڈھالنا ہے' اس کے لیے برادرم مکرم نوجوان مدرس مترجم وقلمکار علامہ غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی دامت برکاتہم العالیہ کی خدمت انہیں میسر ہیں' اس نوجوان مذہبی دانشور نے اس سے پہلے مشہور کتب احادیث: ''مسند ابوداؤد طیالسی' المعجم الصغیر (طبرانی)' المعجم الاوسط (طبرانی) کو عربی سے اُردو قالب میں ڈھالا ہے' جو کہ اہلِ علم وتدریس کے ہاتھوں دادِ تحسین اور پذیرائی حاصل کر چکے ہیں' اب اسی سلسلہ کو آگے بڑھاتے ہوئے ہمارے اس مخلص وحکیم ساتھی نے امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک اور متداول کتاب ''**المعجم الکبیر**'' کا اُردو ترجمہ کیا ہے' میں نے اس ترجمہ کی چیدہ چیدہ ورق گردانی کی ہے' یہ کافی حد تک سلاست وروانی کو سموئے ہوئے ہے' اللہ تعالیٰ مترجم مذکور کی اس کوشش کو قبول فرمائے اور ان کے تمام علمی جواہر پاروں کا نفع دائمی فرمائے۔ آمین! **بجاہ النبی الکریم وصلی اللّٰہ تعالٰی علٰی خیر خلقہ محمدٍ وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین!**

ڈاکٹر مفتی محمد کریم خان سندرانی لاہوری
ناظمِ اعلیٰ: جامعہ علمیہ' اچھرہ' لاہور

☆☆☆☆☆

باسمه سبحانه وتعالیٰ

ان الحمد لله تعالیٰ وصل اللهم علی سید الانبیاء وعلی اله واصحابه بررة التقی امابعد فاعوذ بالله من الشیطان الرجیم بسم الله الرحمن الرحیم :ما اتاکم الرسول فخذوہ وما نهاکم عنه فانتهوا صدق الله العظیم

مولای صلی وسلم دائماً ابدًا علی حبیبك خیر الخلق کلهم

خالق ارض وسماوات اوراس کے محبوب مکرم نبی آخرالزمان حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے آخری امت امت محمدیہ ﷺ کے لیے اولین وکافی سرچشمہ ہدایت کتاب وسنت کوقراردیا ہے۔اس لیے حفاظت قرآن مجیداوراس کے علوم کے فروغ کے ساتھ قرونِ اولی سے ہی ملت اسلامیہ کے افراد نے ہردورمیں حفاظت حدیث اوراس کے علوم کے فروغ کے لیے اپنی زندگیاں وقف کیے رکھیں، نبی کریم رؤف ورحیم ﷺ کی سنت وحدیث کی حفاظت ،اشاعت کتب حدیث کی تالیف اوران کی شروحات الغرض حدیث وسنت پرمختلف جہتوں سے علمی وتحقیقی کام امت کے مختلف قرون میں جاری رہااورتاحال جاری ہے۔

امت کے عظیم محدثین اوکبارعلماء میں علم حدیث کی عظیم اولازوال خدمت کرنے والے علماء میں سے ایک عظیم محدث حافظ ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی ۳۶۰ھ ہیں جن کواللہ تعالیٰ نے سوسالہ زندگی عطافرمائی اورانہوں نے تیرہ سال کی عمرمیں حدیث کاسماع کیا۔علم حدیث میں آپ کامقام رفیع ہے۔

آپ کی تالیفات میں ایک گرانقدرتالیف ’’**المعجم الكبير** ‘‘ہے آپ کی اس تالیف پراردوخوان طبقہ اورعام قاری کے لیے ادارہ پروگریسوبکس کی طرف س اس کتاب کااردوترجمہ پیش کیاجارہاہے۔جس کی سعادت حضرت مولاناغلام دستگیرسیالکوٹی کومیسرآئی ہے۔ادارہ کی علوم دینیہ تفسیر،حدیث اورفقہ وغیرہ کے لیے طباعتی خدمات اورکاوشیں مثالی ہیں۔محترم چوہدری غلام رسول صاحب اوران کے صاحبزادگان شہباز رسول ، جواد رسول اورشہزادرسول نہ صرف کاروباری نقطہ نظرسے بلکہ علوم دینیہ کی محبت اورخدمت کے جذبہ سے سرشارشب وروزکوشاں نظرآتے ہیں۔"**المعجم الكبير** " کایہ اردوترجمہ بھی اسی سلسلہ میں ایک عمدہ اضافہ ہے۔مولاناغلام دستگیرسیالکوٹی صاحب نے "**المعجم الكبير** " کاعمدہ ترجمہ کیاہے البتہ بعض مقامات پربامحاورہ ترجمہ کی بجائے لفظی ترجمہ کوترجیح دی گئی ہے باقی جلدوں میں بامحاورہ ترجمہ کوترجیح دی جائے تو یہ زیادہ بہتر ہوگا۔اللہ تعالیٰ کی بارگاہ

میں دعا ہے کہ سنت وحدیث کی یہ خدمت مترجم اور ادارہ کے لیے صدقہ جاریہ بنے، دین ودنیا میں کامیابی وسرخروئی بالخصوص اخروی سعادتوں کے حصول کا ذریعہ بنے۔

آمین بجاہ سید المرسلین

ڈاکٹر مفتی محمد حسیب قادری

استاد الفقہ والحدیث المرکز الاسلامی شاد باغ، لاہور

خطیب: جامعہ نعیمیہ، لاہور

☆☆☆☆☆

حالات امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ

نام ونسبت' ولادت' خاندان' وطن

آپ کا نام سلیمان ہے اور کنیت ابوالقاسم ہے اور سلسلۂ نسب یوں ہے: سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر۔ آپ ۲۶۰ھ ماہِ صفر میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق قبیلہ لخم سے تھا' اس لیے آپ کو لخمی کہا جاتا تھا۔ لخم' یمن کا ایک قبیلہ ہے۔ امام طبرانی کے والد ماجد کو علم سے بڑا شغف تھا' یہی وجہ تھی کہ وہ اپنے بیٹے (یعنی امام طبرانی) کو بھی علم حاصل کرنے کی نصیحت کرتے تھے۔ ان (یعنی امام طبرانی) کا وطنِ اصلی طبریہ ہے' یہ اُردن کے قریب موجود ہے۔

مشائخ کرام

امام طبرانی نے لاتعداد محدثین کی صحبت حاصل کی' جن میں سے اکثر کے اسماءِ گرامی درج ذیل ہیں:

☆ احمد بن عبدالقاہر
☆ حسن بن سہل
☆ حفص بن عمر
☆ ابراہیم بن ابوسفیان قیسرانی
☆ ابوزرعہ دمشقی
☆ احمد بن انس
☆ بشر بن موسیٰ
☆ یحییٰ بن ایوب علاف
☆ ابوخلیفہ فضل بن حباب
☆ حسن بن عبدالاعلیٰ بوسی
☆ ادریس بن جعفر عطاء
☆ ابراہیم بن موید شیبانی۔

حدیث میں درجہ

امام طبرانی اہل علم وفضل میں نہایت اہمیت کے حامل تھے۔

ابوبکر بن علی کہتے ہیں کہ وہ بہت وسیع علم کے مالک تھے۔

حافظ ذہبی کا کہنا ہے کہ کثرتِ احادیث اور متعدد اسناد میں ان (امام طبرانی) کی ذات بہت اہمیت کی حامل تھی۔

تصانیف

امام طبرانی نے متعدد کتب تصنیف کیں' لیکن اس دور کے دوسرے مصنفین ومؤلفین کی طرح ان کی بھی متعدد کتب محفوظ نہ رہ سکیں۔ ان (امام طبرانی) کی چند تصنیف کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) کتاب الفرائض
(۲) کتاب المامون
(۳) کتاب الزہری عن انس
(۴) مسند ابی جحادہ

(۵) مسند عمارة بن غزیہ
(۶) احادیث ابی عمرو بن العلاء
(۷) وصیۃ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ
(۸) کتاب الطہارۃ
(۹) مسند زیاد الجصاص
(۱۰) مسند زافر
(۱۱) کتاب المناسک
(۱۲) کتاب مسند شعبہ
(۱۳) فوائد معرفۃ الصحابہ
(۱۴) مسند ابی ذر رضی اللہ عنہ
(۱۵) کتاب الرد علی الجہمیۃ
(۱۶) کتاب الغسل
(۱۷) کتاب فضل العلم
(۱۸) کتاب ذم الرای
(۱۹) کتاب تفسیر الحسن
(۲۰) معرفۃ الصحابہ
(۲۱) کتاب مسند سفیان
(۲۲) کتاب السنۃ
(۲۳) حدیث حمزۃ الزیات
(۲۴) مسند ابی جحادہ
(۲۵) حدیث مسعر
(۲۶) کتاب من اسمہ عطاء
(۲۷) حدیث ابی سعد البقال
(۲۸) طرق حدیث من کذب علی
(۲۹) کتاب النوح
(۳۰) کتاب غرائب مالک
(۳۱) جزو ابان بن تغلب
(۳۲) جزء حریث ابن ابی مطر
(۳۳) مسند الحارث العکلی
(۳۴) مسند ابن عجلان
(۳۵) کتاب الدعاء
(۳۶) کتاب من اسمہ عباد
(۳۷) المعجم الالویہ
(۳۸) کتاب الرد علی المعتزلہ
(۳۹) کتاب الجود
(۴۰) حدیث ایوب۔

وفات

امام طبرانی نے ۲۸ ذوالقعدہ ۳۶۰ھ کو انتقال فرمایا' اُس وقت آپ کی عمر سو سال کے قریب تھی۔ آپ کی قبرِ انور حضرت حمدوسی رضی اللہ عنہ کے مزارِ انور کے قرب میں ہے۔

☆☆☆☆☆

امام طبرانی کا علمی مقام...... حضرت شاہ عبدالعزیز کی نظر میں

امام طبرانی کی معاجم ثلاثہ کا تعارف

ان معاجم میں سے ایک کبیر، دوسرا اوسط اور تیسرا اصغیر ہے، جاننا چاہیے کہ مسند معجم کبیر کو مرویاتِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ترتیب پر مرتب کیا گیا ہے چونکہ یہ مدنظر تھا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے مسندات کو جدا مرتب کریں، اس وجہ سے ان کی مرویات میں سے کسی روایت کو اس میں بیان نہیں کیا گیا ہے لیکن انہیں اس کا موقع نہ مل سکا، یا اگر موقع ملا تو اس کو شہرت نصیب نہیں ہوئی۔ معجم اوسط کی چھ جلدیں ہیں، ہر ایک جلد ایک ضخیم کتاب ہے اور بہ ترتیب اسماءِ شیوخ مرتب ہے۔ ان کے شیوخ کی تعداد تقریباً ایک ہزار ہے۔ اپنے ہر شیخ سے جو عجائب و غرائب سنے تھے، ان کو اس میں بیان کیا ہے۔ یہ کتاب دار قطنی کی کتاب الافراد کی مانند ہے۔ اصطلاحِ محدثین میں افراد و غرائب ان حدیثوں کو کہتے ہیں جو اپنے شیخ کے سوا اور کسی کے پاس نہ ہوں۔ طبرانی اس کتاب کی نسبت یہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ میری جان ہے۔ اور فی الواقع علم حدیث میں ان کی فضیلتِ علمی اور وسعتِ روایت کا پتہ اسی سے چلتا ہے۔ لیکن محققین اہل حدیث نے فرمایا ہے کہ اس میں منکرات بہت ہیں۔ اس کا منشاء یہ ہے کہ غرابت اسی کو مقتضی ہے اور تفرد ثقہ کا جس کو اصطلاح میں ''غریب صحیح'' بھی کہتے ہیں، ایک باب ہے۔ معجم صغیر بھی شیوخ ہی کی ترتیب پر مرتب ہے اور اس کتاب میں ان شیوخ کا بھی ذکر کیا ہے جن سے صرف ایک ایک حدیث کا استفادہ کیا۔ معجم کبیر کے آخر میں حدیث حلب العنز کے سلسلہ میں یہ حدیث بیان کی ہے۔

عبید بن غنام، ابوبکر بن ابی شیبہ، وکیع، اسحاق، عبدالرحمٰن بن زید الفائشی، بنت خباب فرماتی ہیں کہ میرے والد حضور ﷺ کی حیات میں ایک جہاد میں تشریف لے گئے۔ ان کی غیر موجودگی میں رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور ہماری بکری کا دودھ نکالا کرتے تھے۔ اس کو کٹیرے (لکڑی کا بڑا برتن) میں دوہتے تھے تو وہ بھر جاتا تھا، پھر جب خباب آئے اور وہ دوہنے لگے تو دودھ پھر اپنی اصلی مقدار پر لوٹ آیا (یعنی وہ برکت زائل ہوگئی)۔

معجم صغیر کے آخر میں فضیلت نساء کے بارے میں یہ حدیث منقول ہے:

سمانہ بنت محمد بن موسیٰ، محمد بن موسیٰ، محمد بن عقبہ السدوسی، محمد بن حمران، عطیۃ الدعاء، حکم بن حارث سلمی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص مسلمانوں کے راستے میں سے ایک بالشت زمین کو بھی دبا لے گا تو قیامت کے روز ساتوں زمینوں سے اسی قدر لے کر طوق بنا کر اس کی گردن میں ڈالا جائے گا اور صلیحہ بنت فضل بن دکین فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سنا ہے کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے، مخلوق (حادث) نہیں ہے۔

طبرانی کی کنیت ابوالقاسم ہے اور نام سلیمان ہے، احمد بن ایوب بن مطیر لخمی طبرانی کے بیٹے ہیں۔ ملک شام کے شہر عکہ میں بماہ صفر ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۷۳ھ میں آپ نے طالب علمی شروع کی۔ ملک شام کے اکثر شہروں حرمین شریفین

یمن، مصر، بغداد، کوفہ، بصرہ، اصفہان، جزیرہ اور اسلام کی دیگر آباد بستیوں میں سیر و سیاحت کی۔ علی بن عبدالعزیز بغوی، بشر بن موسیٰ، ادریس عطاء، ابوزرعہ دمشقی اور ان کے ہمعصروں سے حدیث شریف کی سماعت حاصل کی۔ طبرانی کے والد بزرگوار ان کو علم حدیث طلب کرنے کی بے حد ترغیب دیا کرتے تھے اور خود انہیں اپنے ہمراہ لے کر شہر بہ شہر پھرتے ہوئے استادوں کی خدمت میں پہنچاتے تھے۔ ان تینوں معجموں کے علاوہ جن کا ابھی ذکر ہوا ہے، ان کی اور بھی بہت سی تصانیف موجود ہیں۔

امام طبرانی کی کتاب الدعاء کا تعارف

اس کے شروع میں ذیل کی حدیث نقل کی ہے اور اسی کتاب سے صاحبِ حصن حصین نے بھی نقل کیا ہے۔

حافظ ابوالقاسم نے فرمایا: اس کتاب میں، میں نے رسول اللہ ﷺ کی سب دعاؤں کو جمع کیا ہے (چونکہ) میں نے بہت سے آدمیوں کو دیکھا کہ انہوں نے ایسی دعاؤں سے تمسک کیا ہے جو مقفا ہیں۔ (نیز) ایسی دعائیں جو ہر دن کے لئے وضع کی گئی ہیں اور جنہیں وراقوں یعنی واعظین وغیرہم نے بلاتحقیق جمع کر دیا ہے، حالانکہ وہ نہ جناب رسول اللہ ﷺ سے مروی ہیں اور نہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور نہ ان لوگوں سے جو احسان کے ساتھ ان کے پیرو ہیں یعنی تابعین سے۔ بلکہ رسول اللہ ﷺ سے تو یہ منقول ہے کہ دعا میں قافیہ بندی اور تعدی نہ کرو۔ لہٰذا مجھ کو ان اُمور نے ایک ایسی کتاب کے جمع کرنے کی جرأت دلائی کہ جس میں وہ اسانید ہوں جو جناب رسول اللہ ﷺ سے منقول ہیں۔ میں نے اس کتاب کی ابتداء فضائلِ دُعا اور اس کے آداب سے کی ہے اور جس حال میں جو دُعا رسول اللہ ﷺ کیا کرتے تھے، اس کے لیے علیحدہ علیحدہ باب کر کے اس کتاب کو مرتب کیا اور ہر ایک دُعا کو اس کے موقع پر لکھ دیا تاکہ وہ لوگ جو اس کو سنیں یا جن کو یہ پہنچے اس کی ترتیب کے موافق خدا کی توفیق سے استعمال کریں، جس طرح ہم نے مرتب کیا ہے۔

اس کے بعد ایک باب قائم کیا جس میں اس آیت: ''اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ'' کی تفسیر فرمائی اور اس میں ایک حدیث اس کے مناسب بیان کی، جس کا ترجمہ یہ ہے:

عبداللہ بن محمد بن سعید بن مریم، محمد بن یوسف فریابی، ح، علی بن عبدالعزیز، ابوحذیفہ، سفیان، منصور، ذر بن عبداللہ، یسیع حضرمی، نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ عبادت دعا ہی ہے، پھر آپ نے اس کے استشہاد میں وہی آیت پڑھی جس کا ترجمۃ الباب منعقد کیا ہے، یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا اور جو لوگ میری عبادت (دعا) سے تکبر کرتے ہیں، وہ عنقریب ذلت و خواری کے ساتھ جہنم میں داخل ہوں گے۔

یہ کتاب بھی بہت ضخیم ہے، کتاب المسالک، کتاب عشرۃ النساء اور کتاب دلائل النبوۃ، یہ سب کتابیں انہیں کی تصنیف شدہ ہیں۔ تفسیر میں بھی ایک بہت بڑی کتاب تالیف فرمائی ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سی ایسی تصنیفات جو اس زمانہ میں نہیں پائی جاتی، چنانچہ حافظ ابن مندہ نے ان سب کا ذکر کیا ہے۔

علم حاصل کرنے کے لیے مشقت لازم

طبرانی نے علم حدیث کی طلب میں بہت محنت اور مشقت اُٹھائی ہے' اپنی راحت و آرام کو بالائے طاق رکھ کر تیس برس تک بوریہ پر سوتے رہے۔ استاذ ابن العمید جو مشہور و معروف وزیر اور علم عربیت و اشعار و لغت میں اپنے وقت کے سردار ہیں اور دولت دیالمہ میں کوئی وزیر اس قابلیت اور لیاقت کا نہیں گزرا ہے۔ اور صاحب بن عباد جو منجملہ وزیران دولتِ دیالمہ کے ایک وزیر ہیں' طبرانی کے شاگرد اور انہی کے تربیت یافتہ ہیں۔

اصل عزت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کی خدمت کی وجہ سے ہے

ابن العمید سے منقول ہے' وہ فرماتے ہیں: میرا خیال تھا کہ دُنیا میں کوئی مرتبہ اور کوئی منصب وزارت کے برابر نہیں ہے اور مجھ کو جو لذت اور ذائقہ اس مرتبہ میں حاصل ہوا' وہ دنیا کی لذیذ چیزوں میں سے کسی چیز میں بھی نہیں پایا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ میں اس وقت مرجع خلائق تھا اور طرح طرح کے آدمی مجھ کو اپنا ملجا و ماویٰ سمجھتے تھے۔ میں اسی گمان اور خیال میں مست رہتا تھا۔ ایک دن میرے روبرو مشہور محدث ابوبکر جعابی اور ابوالقاسم طبرانی کے مابین مذاکرۂ حدیث واقع ہوا۔ کبھی طبرانی اپنی کثرتِ محفوظات کے باعث ان پر غالب آتے تھے اور کبھی ابوبکر اپنی فطانت اور ذکاوت کے سبب سے ان پر سبقت لے جاتے تھے۔ یہی قصہ دیر تک ہوتا رہا' نوبت بایں جا رسید کہ طرفین سے آوازیں بلند ہوئیں اور جوش و خروش پھیل گیا۔ ابوبکر جعابی نے کہا: ''حدّثنا ابو خليفة قال حدثنا سليمانُ بن ايوبَ ''۔ ابوالقاسم طبرانی نے اسی وقت کہا کہ میں ہی سلیمان بن ایوب ہوں اور ابوخلیفہ میرا ہی شاگرد ہے اور وہ مجھ سے ہی حدیث کی روایت کرتا ہے۔ پس تم کو مناسب ہے کہ خود مجھ سے اس حدیث کی سند حاصل کرو تاکہ تم کو علوِ اسناد حاصل ہو۔ ابن العمید کہتے ہیں کہ اس وقت ابوبکر جعابی شرم سے پانی پانی ہو گئے اور جو شرمندگی انہیں اس وقت حال ہوئی دُنیا میں کسی کو نہ ہوئی ہو گی۔ میں اپنے دل میں یہ کہتا تھا کہ کاش میں طبرانی ہوتا اور جو فرحت و غلبہ طبرانی کو حاصل ہوا ہے' وہ مجھ کو ہوتا۔ میں وزیر ہو کر اس قسم کے تحصیل فضائل اور اسباب جاہ سے محروم ہوں۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ ابن العمید کی اس تمنا کا سبب اس کی ریاست اور وزارت تھی' ورنہ علماءِ ربانیین کو ایسے غلبوں کے سبب سے نہ کوئی تغیر پیش آتا ہے اور نہ ان کے نفوس کو کسی قسم کی کوئی جنبش ہوتی ہے۔ لیکن ''اَلْمَرْءُ يَقِيْسُ عَلٰى نَفْسِهٖ ''۔ غرض یہ ہے کہ طبرانی علم حدیث میں کامل وسعت رکھتے تھے اور کثرتِ روایت میں مستثنیٰ اور ممتاز تھے۔ ابوالعباس احمد بن منصور شیرازی فرماتے ہیں کہ میں نے طبرانی سے تین لاکھ احادیث لکھی ہیں۔ زنادقہ یعنی فرقہ قرامطہ اسماعیلیہ نے جو اس زمانہ میں اہل سنت کے دشمن تھے' طبرانی پر ان کی آخر عمر میں اس وجہ سے سحر کرا دیا تھا کہ وہ احادیث سے ان کے مذہب کا ردّ کیا کرتے تھے' جس سے ان کی بصارتِ ظاہری جاتی رہی تھی۔ آپ نے ماہِ ذیقعدہ ۳۶۰ھ میں وفات پائی۔ جنازہ کی نماز حافظ ابونعیم اصبہانی صاحب حلیۃ الاولیاء نے پڑھائی' دو ماہ اور ایک سو سال کی عمر پائی۔

☆☆☆☆☆

مقدمة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، وَصَلَوَاتُهُ عَلَى نَبِيِّهِ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ اَجْمَعِينَ، هَذَا الْكِتَابُ اَلَّفْنَاهُ جَامِعًا لِعَدَدِ مَا انْتَهَى اِلَيْنَا مِمَّنْ رَوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، عَلَى حُرُوفِ اَلِفٍ ب ت ث، بَدَأْتُ فِيهِ بِالْعَشَرَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، لِاَنْ لَا يَتَقَدَّمَهُمْ اَحَدٌ غَيْرُهُمْ، خَرَّجْتُ عَنْ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ حَدِيثًا وَحَدِيثَيْنِ وَثَلَاثًا وَاَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ عَلَى حَسَبِ كَثْرَةِ رِوَايَتِهِمْ وَقِلَّتِهَا، وَمَنْ كَانَ مِنَ الْمُقِلِّينَ خَرَّجْتُ حَدِيثَهُ اَجْمَعَ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ رِوَايَةٌ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ لَهُ ذِكْرٌ مِنْ اَصْحَابِهِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوْ تَقَدَّمَ مَوْتُهُ ذَكَرْتُهُ مِنْ كُتُبِ الْمَغَازِي وَتَارِيخِ الْعُلَمَاءِ، لِيُوقَفَ عَلَى عَدَدِ الرُّوَاةِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذِكْرِ اَصْحَابِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَسَنُخْرِجُ مُسْنَدَهُمْ بِالِاسْتِقْصَاءِ عَلَى تَرْتِيبِ الْقَبَائِلِ بِعَوْنِ اللّٰهِ وَقُوَّتِهِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ وَحْدَهُ

مقدمہ

اللہ کے نام سے شروع جو انتہائی مہربان
ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے اس کی رحمتیں اس کے نبی پر جن کا نامِ نامی اسم گرامی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اور ان کی تمام آل پر۔ ہم نے اس کتاب کو تالیف کیا اس حال میں کہ یہ اکٹھا کرنے والی ہے اس تمام تعداد کو جو ہم تک پہنچی ہے ان حضرات میں سے جنہوں نے بلاواسطہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایات کی ہیں خواہ وہ مرد ہیں یا عورتیں۔ اس کو الف با تا اور ثا حروف کی ترتیب پر جمع کیا ہے میں نے عشرہ مبشرہ سے اس میں ابتداء کی ہے کیونکہ ان کے علاوہ کوئی بھی ان پر مقدم نہیں ہے میں نے ہر شخصیت سے ایک دو تین یا اس سے زیادہ حدیثیں ضرور روایت کی ہیں کیونکہ کسی کی روایات زیادہ اور کسی کی کم ہیں جن کی روایات کم ہیں میں نے اس کی جامع حدیث روایت کی ہے اور جس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی ایک حدیث بھی روایت نہیں کی لیکن اس کا نام ان صحابہ کرام کی فہرست میں ہے جنہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مل کر کسی غزوہ میں شہادت پائی یا اس کی موت کو تقدم حاصل ہے یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور میں فوت ہوا تو میں نے اس کا بھی ذکر کیا ہے۔ اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے میں نے کتب مغازی اور

علماء کی تاریخ کے حوالے سے جو کتب تھیں' ان سے استفادہ کیا ہے۔ مقصد صرف اتنا تھا کہ لوگ' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت کرنے والے تمام حضرات اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے صحابہ کے ذکر سے واقف و آگاہ ہوں۔ ان شاء اللہ وحدہٗ! میرا ارادہ ہے (اگر زندہ نے وفا کی) قبائل کی ترتیب کے مطابق' اللہ کی مدد اور اس کی عطا کردہ قوت سے عنقریب ان کی مسانید مکمل طور پر روایت کروں گا۔

نِسْبَةُ اَبِی بَکْرِ الصِّدِّیقِ وَاسْمُهُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو بَکْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ کَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَیْمِ بْنِ مُرَّةَ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نسبت' آپ کا نام ابوبکر بن عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ ہے

1 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: اَبُو بَکْرٍ الصِّدِّیقُ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ کَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَیْمِ بْنِ مُرَّةَ، شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَاُمُّ اَبِی بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: اُمُّ الْخَیْرِ سَلْمَی بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ کَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَیْمِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ کَعْبِ بْنِ لُؤَیِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ، وَاُمُّ اُمِّ الْخَیْرِ: دِلَافُ وَهِیَ اُمَیْمَةُ بِنْتُ عُبَیْدِ بْنِ نَاقِدِ الْخُزَاعِیِّ، وَجَدَّةُ اَبِی بَکْرٍ: اُمُّ اَبِی قُحَافَةَ مِیَنَةُ بِنْتُ عَبْدِ الْعُزَّی بْنِ حُرْثَانَ بْنِ عَوْفِ بْنِ عُبَیْدِ بْنِ عُوَیْجِ بْنِ عَدِیِّ بْنِ کَعْبٍ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نام عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ ہے' آپ بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ موجود تھے۔ حضرت ابوبکر کی والدہ کا نام اُم الخیر سلمٰی بنت صخر بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک ہے۔

آپ کی نانی کا نام دلاف اُمیمہ بنت عبید بن ناقد الخزاعی' حضرت ابوبکر کی دادی کا نام اُم ابوقحافہ امینہ بنت عبدالعزیٰ بن حرثان بن عوف بن عبید بن عویج بن عدی بن کعب۔

2 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیٍّ الْمَدِینِیُّ بَغْدَادِیُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَیْدٍ، عَنِ الْهَیْثَمِ بْنِ عَدِیٍّ،

حضرت ہیثم بن عدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام اُم الخیر بنت

1- تنظر ترجمته فی الاصابة جلد7صفحه44' والاستیعاب جلد3صفحه963 .

قَالَ: اُمُّ اَبِی بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ يُقَالُ لَهَا: اُمُّ الْخَيْرِ بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ، وَهَلَكَ اَبُو بَكْرٍ فَوَرِثَهُ اَبَوَاهُ جَمِيعًا، وَكَانَا قَدْ اَسْلَمَا، وَمَاتَتْ اُمُّ اَبِی بَكْرٍ قَبْلَ اَبِيهِ

صخر بن عامر ہے۔ حضرت ابوبکر کا وصال ہوا آپ کے ماں باپ دونوں آپ کے وارث بنے' دونوں مسلمان ہو چکے تھے۔ حضرت ابوبکر کی والدہ کا وصال آپ کے والد سے پہلے ہوا تھا۔

3 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ الْمَدَنِیُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَحْيَى بْنِ هَانِءٍ الشَّجَرِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ خَازِمِ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی بَكْرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: اَسْلَمَتْ اُمُّ اَبِی بَكْرٍ، وَاُمُّ عُثْمَانَ، وَاُمُّ طَلْحَةَ، وَاُمُّ الزُّبَيْرِ، وَاُمُّ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَاُمُّ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَيُقَالُ: عَتِيقُ بْنُ عُثْمَانَ، وَاِنَّمَا سُمِّیَ عَتِيقًا لِحُسْنِ وَجْهِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عثمان' حضرت طلحہ' حضرت زبیر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف' حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہم کی والدہ اسلام لا چکی تھیں' آپ کا نام عتیق بن عثمان تھا' آپ کا نام عتیق اس لیے تھا کہ آپ کا چہرہ بہت زیادہ خوبصورت تھا۔

4 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِیُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: اِنَّمَا سُمِّیَ اَبُو بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَتِيقًا لَجَمَالِ وَجْهِهِ، وَاسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ

حضرت لیث بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا نام عتیق چہرے کے خوبصورت ہونے کی وجہ سے تھا' آپ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔

5 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا حَفْصٍ عَمْرَو بْنَ عَلِیٍّ يَقُولُ: كَانَ اَبُو بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مَعْرُوقَ الْوَجْهِ، وَاِنَّمَا سُمِّیَ

حضرت ابوحفص عمرو بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے چہرہ پر گوشت کم تھا' آپ کا نام عتیق اس لیے تھا کہ آپ نے اپنے چہرے کو

نسبة ابی بکر الصدیق

3- أخرجه الحاكم فی المستدرك جلد 3 صفحه 415 رقم الحديث: 5584' عبيد الله بن عبد الله بن عتبة عن ابن عباس بلفظ: أسلمت ام ابی بكر الصديق وأم عثمان وأم طلحة وأم عمار بن ياسر وام عبد الرحمن بن عوف وام الزبير وأسلم سعد وأمه فی الحياة .

4- أخرجه ابن أبی عاصم فی الآحاد والمثانی جلد 1 صفحه 69' عن الليث بن سعد به .

عَتِيقًا لِعَتَاقَةِ وَجْهِهِ، وَكَانَ اسْمُهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ، وَقَدْ رُوِيَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّاهُ عَتِيقًا مِنَ النَّارِ

(جہنم سے) آزاد کرلیا تھا' آپ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔ یہ بھی روایت کیا گیا ہے کہ حضورﷺ نے آپ کا نام عتیق اس لیے رکھا تھا کہ آپ کو جہنم سے آزادی مل چکی تھی۔

6 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ اَبِي قَيْسٍ الْبُخَارِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا، ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ اسْمِ اَبِي بَكْرٍ، فَقَالَتْ: عَبْدُ اللّٰهِ . فَقُلْتُ: اِنَّهُمْ يَقُولُونَ: عَتِيقٌ، فَقَالَتْ: اِنَّ اَبَا قُحَافَةَ كَانَ لَهُ ثَلَاثَةٌ فَسَمَّى وَاحِدًا عَتِيقًا، وَمُعَيْتِقًا، وَمُعْتَقًا

حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے نام کے متعلق پوچھا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ کا نام عبداللہ ہے۔ میں نے عرض کی: لوگ تو آپ کو عتیق کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: حضرت ابوقحافہ نے آپ کے تین نام رکھے تھے: ایک نام عتیق' معتِقا' معتَقا۔

7 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ اسْمُ اَبِي بَكْرٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَتِيقًا مِنَ النَّارِ

حضرت عامر بن عبداللہ بن زبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔ حضورﷺ نے آپ کا نام اس لیے رکھا تھا کہ آپ کو جہنم سے آزادی مل چکی تھی۔

8 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا حَبِيبُ بْنُ زُرَيْقٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، يَقُولُ: كَانَ اسْمُ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔

7- أخرجه نحوه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 71 رقم الحديث: 8 عن عبد الله بن الزبير وانظر تاريخ الطبري جلد 2 صفحه 350 .

9 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِیُّ الْقَاضِی، ثنا اِسْمَاعِیلُ بْنُ اَبِی اُوَیْسٍ، حَدَّثَنِی اِسْحَاقُ بْنُ یَحْیَی بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ اِسْحَاقَ بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَی عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِینَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَقَالَتْ: اِنَّ اَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: اَنْتَ عَتِیقٌ مِنَ النَّارِ فَمِنْ یَوْمَئِذٍ سُمِّیَ عَتِیقًا

حضرت اسحاق بن طلحہ فرماتے ہیں کہ میں اُم المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: حضرت ابوبکر' حضور ﷺ کے پاس آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تُو جہنم سے آزاد ہے! اس دن سے آپ کا نام عتیق رکھا گیا۔

10 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّیُّ، وَاَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِیُّ، قَالَا: ثنا سَعِیدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ مُوسَی الطَّلْحِیُّ، عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِینَ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، مَرَّ بِالنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ اَرَادَ اَنْ یَنْظُرَ اِلَی عَتِیقٍ مِنَ النَّارِ، فَلْیَنْظُرْ اِلَی هَذَا . قَالَتْ: وَاسْمُهُ الَّذِی سَمَّاهُ اَهْلُهُ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے پاس سے گزرے' آپ نے فرمایا: جس کا ارادہ اُس کو دیکھنے کا ہو جو جہنم سے آزاد ہو چکا ہے تو وہ ابوبکر کو دیکھ لے۔ آپ کا نام گھر والوں نے عبداللہ بن عثمان رکھا ہوا تھا۔

11 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِی اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی بَكْرٍ، عَنْ مُوسَی بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ: لَا نَعْلَمُ اَرْبَعَةً اَدْرَكُوا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبْنَاؤُهُمْ، اِلَّا

حضرت موسیٰ بن عقبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نہیں جانتے ہیں کوئی بھی ایسے چار افراد جنہوں نے حضور ﷺ کا زمانہ پایا ہو وہ مسلمان ہوئے ہوں مگر وہ یہی درج ذیل چار ہیں: ابوقحافہ' ابوبکر' عبدالرحمٰن' ابوعتیق بن عبدالرحمٰن۔ ابوعتیق کا نام محمد ہے۔ (نوٹ: ابوبکر'

نسبة ابی بکر الصدیق

9- أخرجه ابن أبی عاصم فی الآحاد والمثانی جلد1صفحه71 رقم الحدیث: 8 عن عبد الله بن الزبیر وانظر تاریخ الطبری جلد2صفحه350 .

10- أخرجه الحاكم فی المستدرك جلد 3صفحه64 رقم الحدیث: 4404' وأبو یعلی الموصلی فی مسنده جلد8 صفحه302 رقم الحدیث: 4899 .

هَؤُلَاءِ الْاَرْبَعَةَ: اَبُو قُحَافَةَ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، وَاَبُو عَتِيقِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَاسْمُ اَبِي عَتِيقٍ مُحَمَّدٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

آپ کے والد گرامی ابوقحافہ آپ کے بیٹے عبدالرحمٰن اور پوتے ابوعتیق محمد ہیں' یہ صحابیت کا شرف پانے والے ہیں لیکن ان کے علاوہ کوئی نہیں)

12 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ سَيْفٍ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ اَنَّهُ جَلَسَ مَعَ شُفَيٍّ الْاَصْبَحِيِّ فَقَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ لَا يَلْبَثُ بَعْدِي اِلَّا قَلِيلًا، وَصَاحِبُ رَحَى دَارَةٍ يَعِيشُ حَمِيدًا، وَيَمُوتُ شَهِيدًا . قِيلَ: مَنْ هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَى عُثْمَانَ فَقَالَ: وَاَنْتَ سَيَسْاَلُكَ النَّاسُ اَنْ تَخْلَعَ قَمِيصًا كَسَاكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَئِنْ خَلَعْتَهُ، لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے' ابوبکر صدیق وہ میرے بعد کم مدت رہیں گے' چکی چلانے والا عزت سے زندگی گزارے گا اور شہادت کی موت پائے گا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! وہ کون ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ عمر بن خطاب ہے۔ پھر آپ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: آپ سے لوگ قمیص اُتارنے کی کوشش کریں گے جو اللہ نے آپ کو پہنائی ہے' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر کوئی اُتارے گا تو وہ جنت میں داخل نہیں ہوسکتا جس طرح سوئی کے ناکے میں سے اونٹ داخل ہوجائے۔

13 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ

حضور ﷺ کے غلام حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: خلافت تیس سال رہے گی اس کے بعد بادشاہت ہوگی' دو سال خلافت حضرت ابوبکر کی' دس سال حضرت عمر کی' بارہ سال

12- أخرجه الطبراني في الأوسط جلد8صفحه319 رقم الحديث: 8749 .

13- أخرجه بهذا اللفظ على بن الجعد في مسنده جلد1صفحه479 رقم الحديث: 3233' وابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1صفحه116 رقم الحديث: 113' وفي السنة أيضًا جلد2صفحه563 رقم الحديث: 1180' وعبد الله بن أحمد في السنة جلد2صفحه591 رقم الحديث: 1402 .

نسبة ابي بكر الصديق

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْخِلَافَةُ ثَلَاثُونَ سَنَةً، ثُمَّ يَكُونُ مُلْكًا قَالَ: اَمْسَكَ ثِنْتَيْنِ اَبُو بَكْرٍ، وَعَشْرًا عُمَرُ، وَاثْنَتَيْ عَشْرَةَ عُثْمَانُ، وَسِتًّا عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت عثمان کی' چھ سال حضرت علی رضی اللہ عنہم کی ہو گی۔

14 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلُولِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْعَبْدِيُّ، عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ ظَبْيَانَ، عَنْ اَبِي يَحْيَى حَكِيمِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَحْلِفُ: لَلّٰهُ اَنْزَلَ اسْمَ اَبِي بَكْرٍ مِنَ السَّمَاءِ الصِّدِّيقُ

حضرت ابویحییٰ حکیم بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو قسم اُٹھا کر یہ کہتے ہوئے سنا: حضرت ابوبکر کا نام صدیق' اللہ عزوجل نے آسمان سے نازل کیا ہے۔

15 - حَدَّثَنَا بُهْلُولُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُولٍ الْاَنْبَارِيُّ، ثنا اَبِي، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى بْنِ اَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: اَخْبَرَتْنِي اُمُّ هَانِءٍ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اُسْرِيَ بِهِ: اِنِّي اُرِيدُ اَنْ اَخْرُجَ اِلَى قُرَيْشٍ فَاُخْبِرَهُمْ، فَاَخْبَرَهُمْ فَكَذَّبُوهُ، وَصَدَّقَهُ اَبُو بَكْرٍ فَسُمِّيَ يَوْمَئِذٍ الصِّدِّيقُ

حضرت اُم ہانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب مجھے معراج کروائی گئی تو میں نے قریش کی طرف جانے کا ارادہ کیا کہ ان کو بتاؤں' تو میں نے ان کو بتایا تو اُنہوں نے جھٹلایا' حضرت ابوبکر نے اس کی تصدیق کی' اس دن سے آپ کا نام صدیق رکھا گیا ہے۔

صِفَةُ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا حلیہ مبارک

16 - حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيسَى بْنِ قَيْرِسٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ قریش کے تین آدمی اچھے چہرے' اچھے اخلاق اور حیاء والے تھے' آپ کو بتاؤں تو آپ نے جھٹلانا نہیں' اگر تم

-15 أخرجه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 83 رقم الحديث: 39' بهذا اللفظ مع اختلاف بسيط من طريق عكرمة عن ام هانيء بنت أبي طالب عنها .

بْنَ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: ثَلَاثَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ أَصْبَحُ قُرَيْشٍ وُجُوهًا، وَأَحْسَنُهَا أَخْلَاقًا، وَأَثْبَتُهَا حَيَاءً، إِنْ حَدَّثُوكَ لَمْ يَكْذِبُوكَ، وَإِنْ حَدَّثْتَهُمْ لَمْ يُكَذِّبُوكَ: أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، وَأَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

بتاؤ گے تو تمہیں جھٹلایا نہیں جائے گا' وہ تین افراد ابوبکرصدیق' ابوعبیدہ بن جراح' عثمان بن عفان رضی اللہ عنہم ہیں۔

17 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ حناء اور کتم اور مہندی کے ساتھ خضاب لگاتے تھے۔

18 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، انا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، انا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، وَثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ لِحْيَتَهُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ، وَأَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ فَرْدًا ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کو حناء اور کتم لگاتے تھے' حضرت عمر صرف حناء کے ساتھ رنگتے تھے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ مِثْلَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت منقول ہے۔

19 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ، وَأَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کو حناء اور کتم لگاتے تھے' حضرت عمر صرف مہندی لگاتے تھے۔

-18 أخرجه أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 98 رقم الحديث: 73 من طريق معمر عن قتادة وثابت عن أنس باسناده: أن عمر خضب بالحناء بحتا .

20 - ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنِي الْوَاقِدِيُّ، حَدَّثَنِي شُعَيْبُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّهَا رَاَتْ رَجُلًا مَارًّا، وَهِيَ فِي هَوْدَجِهَا فَقَالَتْ: مَا رَاَيْتُ رَجُلًا اَشْبَهَ بِاَبِي بَكْرٍ مِنْ هَذَا ، فَقِيلَ لَهَا: صِفِي لَنَا اَبَا بَكْرٍ، فَقَالَتْ: كَانَ رَجُلًا اَبْيَضَ نَحِيفًا خَفِيفَ الْعَارِضَيْنِ، اَحْنَا لَا تَسْتَمْسِكُ اِزْرَتُهُ، تَسْتَرْخِي عَنْ حَقْوَيْهِ، مَعْرُوقَ الْوَجْهِ، غَائِرَ الْعَيْنَيْنِ، نَاتِءَ الْجَبْهَةِ، عَارِيَ الْاَشَاجِعِ هَذِهِ صِفَتُهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں (ھودج) میں تھی میں نے ایک آدمی کو گزرتے ہوئے دیکھا میں نے اس آدمی کو حضرت ابوبکر کے مشابہ دیکھا آپ سے عرض کی گئی: ہم کو حضرت ابوبکر کا حلیہ بتائیں! آپ نے فرمایا: آپ کا رنگ سفید تھا رخسار اندر کو دبے ہوئے تھے آپ کا پیٹ بڑا تھا جس کی وجہ سے آپ کا تہبند ٹھہرتا نہیں تھا کھسک جاتا تھا چہرے پر گوشت کم تھا پیشانی پسینے میں ڈوبی رہتی نظریں جھکائے رکھتے پیشانی اُبھری ہوئی تھی انگلیوں کی جڑیں گوشت سے خالی تھیں۔

21 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ اَنْعَمَ، ثنا عُمَارَةُ بْنُ غُرَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ وَهُوَ خَلِيفَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْمَرَ اللِّحْيَةِ قَانِيهَا

حضرت عمارہ بن غراب اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دیکھا آپ رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ تھے آپ کی داڑھی مبارک سرخ تھی۔

22 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ قَالَ: كَانَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ

حضرت زیاد بن علاقہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حناء مہندی لگاتے تھے۔

23 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ اَبِي عَوْنٍ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ بَنِي اَسَدٍ قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي غَزْوَةِ ذَاتِ السَّلَاسِلِ، وَكَانَّ لِحْيَتَهُ لَهَبُ الْعَرْفَجِ، عَلَى نَاقَةٍ لَهُ اَدَمَا اَبْيَضَ خَفِيفًا

بنی اسد کے ایک آدمی سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ غزوۂ ذات السلاسل میں آپ کی داڑھی مبارک اچھی حالت والی تھی آپ ادم اونٹنی پر سوار تھے آپ کا رنگ ہلکا سفید تھا۔

24 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: دَخَلْتُ مَعَ اَبِي عَلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَرَاَيْتُ اَسْمَاءَ قَائِمَةً عَلَى رَاْسِهِ بَيْضَاءَ، وَرَاَيْتُ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبْيَضَ نَحِيفًا فَحَمَلَنِي وَاَبِي عَلَى فَرَسَيْنِ، ثُمَّ عُرِضْنَا عَلَيْهِ، وَاَجَازَنَا

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کو دیکھا' وہ آپ کے سر کے پاس کھڑی تھیں' ان کا رنگ سفید تھا' میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ کا رنگ سفید تھا' کمزور سے تھے' مجھے اور میرے والد کو دو گھوڑوں پر سوار کروایا' پھر ہم آپ کے پاس آئے اور ہمیں آپ نے اجازت دی۔

سِنُّ اَبِي بَكْرٍ وَخُطْبَتُهُ، وَوَفَاتُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عمر اور آپ کے خطبہ اور آپ کی وفات کے متعلق

25 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاتَ عَلَى رَاْسِ ثَلَاثٍ وَسِتِّينَ

قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَتَيْتُ الْمَسْجِدَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا سَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْتَفَتَ اِلَيَّ، وَاَنَا اُصَلِّي، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَنْظُرُ اِلَيَّ، وَاَنَا اُصَلِّي، فَلَمَّا فَرَغْتُ، قَالَ: اَلَمْ تُصَلِّ مَعَنَا؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَمَا هَذِهِ الصَّلَاةُ؟ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، خَرَجْتُ مِنْ مَنْزِلِي، وَلَمْ اَكُنْ صَلَّيْتُهُمَا، قَالَ: فَلَمْ يَعِبْ ذَلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ

مجھے دیکھنے لگے اس حالت میں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا' جب میں نماز سے فارغ ہوا تو آپ نے فرمایا: کیا تم نے ہمارے ساتھ نماز نہیں پڑھی؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: یہ کون سی نماز پڑھ رہے ہو؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! فجر کی سنتیں' میں اپنے گھر سے نکلا تو میں نے ان دونوں سنتوں کو نہیں پڑھا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ پر کوئی اعتراض نہیں کیا۔

1305 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ، فَسَاَلْتُ عَمَّنْ يُحَدِّثُنِي بِحَدِيثِ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، فَاَرْشَدُونِي اِلَى ابْنَتِهِ، فَسَاَلْتُهَا فَقَالَتْ: سَمِعْتُ اَبِي يَقُولُ: لَمَّا اُنْزِلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، (اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ) (لقمان: 18)، اشْتَدَّتْ عَلَى ثَابِتٍ، وَغَلَّقَ عَلَيْهِ بَابَهُ، وَطَفِقَ يَبْكِي، فَاُخْبِرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ، فَسَاَلَهُ فَاَخْبَرَهُ بِمَا كَبُرَ عَلَيْهِ مِنْهَا، وَقَالَ: اَنَا رَجُلٌ اُحِبُّ الْجَمَالَ، وَاَنْ اَسُودَ قَوْمِي، فَقَالَ: لَسْتَ مِنْهُمْ، بَلْ تَعِيشُ بِخَيْرٍ، وَتَمُوتُ بِخَيْرٍ، وَيُدْخِلُكَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ، قَالَ: فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، (يَا

حضرت عطاء خراسانی فرماتے ہیں کہ میں مدینہ آیا' میں نے حضرت ثابت بن قیس بن شماس والی حدیث پوچھی' مجھے ان کی بیٹی کے متعلق بتایا گیا' میں نے وہ حدیث آپ کی بیٹی سے پوچھی۔ آپ کی بیٹی نے کہا: میں نے اپنے والد کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہ آیت کہ ''اللہ عزوجل تکبر و فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا ہے'' نازل ہوئی تو مجھ پر یہ بات دشوار گزری' میں دروازہ بند کر کے رونے لگا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بتایا تو آپ نے میری طرف کسی کو بھیجا' آپ نے پوچھا تو میں نے بتایا کہ یہ بات مجھ پر دشوار گزری ہے اور کہا: میں خوبصورتی کو پسند کرنے والا آدمی ہوں اور میں اپنی قوم میں سیاہ ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو ان میں سے نہیں ہے بلکہ تُو اچھی زندگی گزارے گا' اچھی موت مرے گا اور اللہ عزوجل تمہیں جنت میں داخل کرے گا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہ

أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ، وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ) (الحجرات: 2)، فَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ، فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ بِمَا كَبُرَ عَلَيْهِ، وَأَنَّهُ جَهِيرُ الصَّوْتِ، وَأَنَّهُ يَتَخَوَّفُ أَنْ يَكُونَ مِمَّنْ حَبِطَ عَمَلُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكَ لَسْتَ مِنْهُمْ بَلْ تَعِيشُ حَمِيدًا، وَتُقْتَلُ شَهِيدًا، وَيُدْخِلُكَ اللهُ الْجَنَّةَ فَلَمَّا اسْتَنْفَرَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ الْمُسْلِمِينَ إِلَى أَهْلِ الرِّدَّةِ، وَالْيَمَامَةِ، وَمُسَيْلِمَةَ الْكَذَّابِ، سَارَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ فِيمَنْ سَارَ، فَلَمَّا لَقُوا مُسَيْلِمَةَ، وَبَنِي حَنِيفَةَ هَزَمُوا الْمُسْلِمِينَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ ثَابِتٌ: وَسَالِمٌ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ: مَا هَكَذَا كُنَّا نُقَاتِلُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَا لِأَنْفُسِهِمَا حُفْرَةً، فَدَخَلَا فِيهَا فَقَاتَلَا حَتَّى قُتِلَا، قَالَتْ: وَأُرِيَ رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ فِي مَنَامِهِ، فَقَالَ: إِنِّي لَمَّا قُتِلْتُ بِالْأَمْسِ، مَرَّ بِي رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، فَانْتَزَعَ مِنِّي دِرْعًا نَفِيسَةً، وَمَنْزِلُهُ فِي أَقْصَى الْمُعَسْكَرِ، وَعِنْدَ مَنْزِلِهِ فَرَسٌ يَسْتَنُّ فِي طُولِهِ، وَقَدْ أَكْفَأَ عَلَى الدِّرْعِ بُرْمَةً، وَجَعَلَ فَوْقَ الْبُرْمَةِ رَحْلًا، وَائْتِ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ، فَلْيَبْعَثْ إِلَى دِرْعِي فَلْيَأْخُذْهَا، فَإِذَا قَدِمْتَ عَلَى خَلِيفَةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَعْلِمْهُ أَنَّ عَلَيَّ مِنَ الدَّيْنِ كَذَا وَلِي، مِنَ الْمَالِ كَذَا، وَفُلَانٌ مِنْ رَقِيقِي عَتِيقٌ، وَإِيَّاكَ أَنْ تَقُولَ هَذَا حُلْمٌ فَتُضَيِّعَهُ، قَالَ: فَأَتَى خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ فَوَجَّهَ

آیت ''یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ الٰی آخرہ'' نازل ہوئی تو میں نے پھر ایسے ہی کیا' حضورﷺ کو بتایا گیا تو آپ نے میری طرف کسی کو بھیجا' میں نے بتایا کہ میں اونچی آواز میں بات کرنے والا آدمی ہوں' میں خوف کرتا ہوں کہ میرے اعمال ضائع ہوگئے ہیں۔ حضورﷺ نے فرمایا: تُو ایسے نہیں ہے بلکہ تُو باعزت زندگی گزارے گا اور حالتِ شہادت میں مرے گا اور اللہ عزوجل تمہیں جنت میں داخل کرے گا۔ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام کو کفر کی طرف لوٹنے والے اور جنگ یمامہ اور مسیلمہ کذاب کی طرف بھیجا تو حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ ان میں شریک تھے۔ جب مسیلمہ کذاب اور بنی حنیفہ سے جنگ ہوئی تو مسلمان تین دفعہ پیچھے ہوئے۔ حضرت ثابت اور ابوحذیفہ کے غلام حضرت سالم نے فرمایا: یہ حضورﷺ کے ساتھ ہم اس طرح جہاد نہیں کرتے تھے۔ ان دونوں حضرات نے اپنے لیے گڑھا کھودا' اس میں داخل ہوئے اور اس طرح لڑے اور دونوں شہید ہوگئے۔ آپ فرمانے لگیں' ثابت بن قیس کو مسلمانوں میں سے ایک آدمی خواب میں ملا' آپ نے فرمایا: مجھے کل شہید کیا گیا' میرے پاس سے مسلمانوں میں سے ایک آدمی گزرا' اُس نے میری زرہ اتاری جو بڑی اچھی ہے' اس کا پڑاؤ لشکر کے آخر میں ہے' اس کے گھر کے پاس لمبی رسّی سے بندھا ہوا ایک گھوڑا ہے' اس نے زرہ پر ہتھوڑا رکھا ہے اور ہتھوڑے کے اوپر کجاوا رکھا ہے۔ خالد بن ولید کے پاس جا کر

اِلَى الدِّرْعِ فَوَجَدَهَا كَمَا ذَكَرَ، وَقَدِمَ عَلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ فَاَخْبَرَهُ، فَاَنْفَذَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ، وَصِيَّتَهُ بَعْدَ مَوْتِهِ، فَلَا نَعْلَمُ اَنَّ اَحَدًا جَازَتْ وَصِيَّتُهُ بَعْدَ مَوْتِهِ، اِلَّا ثَابِتَ بْنَ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ

انہیں میری زرہ لینے کے لیے بھیج' وہ اسے لے لیں' اور جب حضورﷺ کے خلیفہ کے پاس جائیں تو ان کو بتانا کہ مجھ پر قرض ہے فلاں کا' فلاں میرا مال ہے اور میرے غلاموں سے فلاں آزاد ہے' یہ کہنے سے بچنا کہ یہ خواب ہے اس کو ضائع کرے۔ وہ آدمی حضرت خالد بن ولید کے پاس آیا' آپ کی توجہ زرہ کی طرف دلائی' آپ نے ایسے ہی پایا جس طرح ذکر کیا۔ حضرت ابوبکر کے پاس آئے' آپ کو بتایا تو آپ نے اُن کی وصیت مرنے کے بعد پوری کی' ہمیں علم نہیں ہے کہ کسی کی وصیت مرنے کے بعد پوری کی گئی ہو' سوائے حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ کے۔

1306 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي لَيْلَى، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَخِيهِ عِيسَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسْمَعُونَ، وَيُسْمَعُ مِنْكُمْ، وَيُسْمَعُ مِمَّنْ يَسْمَعُ مِنْكُمْ

حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں: تم سنو اور تمہاری سنی جائے گی' اس کی سنی جاتی ہے جو تم میں سے سنتا ہے۔

1307 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: انْتَهَيْتُ اِلَى ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ يَوْمَ الْيَرْمُوكِ،

حضرت موسیٰ بن انس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں جنگ یرموک کے موقع پر حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا' آپ کی دونوں رانوں سے کپڑا ہٹا ہوا تھا' اور فرمایا: اس طرح

1307- أخرجه البخاري في صحيحه جلد 3صفحه1046 رقم الحديث: 2690' وأبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد3صفحه464 رقم الحديث: 1922 كلاهما عن ابن عون عن موسى بن أنس عن أنس به' وانظر فتح الباري جلد6صفحه52 .

وَقَـدْ حَسَـرَ عَنْ فَخِذَيْهِ، وَقَالَ: هَكَذَا عَنْ وُجُوهِنَا، نُضَارِبُ الْعَدُوَّ، وَلَبِئْسَ مَا عَوَّدْتُمْ اَقْرَانَكُمْ، وَاللّٰهِ مَا هَـكَـذَا كُـنَّـا نُـقَاتِلُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اپنے چہروں کے ساتھ ہم دشمن سے لڑتے اور کتنا بُرا ہے جس کا تم نے اپنے ساتھیوں کو عادی بنا دیا ہے اللہ کی قسم! ہم اللہ کے رسول ﷺ کے ساتھ مل کر جنگ ایسے نہیں کرتے تھے۔

1308 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ دَخَلَ عَلَيْهِ فَقَالَ: اكْشِفِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، ثُمَّ اَخَذَ تُرَابًا، مِنْ بَطْحَاءَ فِي قَدَحٍ فِيهِ مَاءٌ، فَصَبَّهُ عَلَيْهِ

حضرت یوسف بن محمد بن ثابت بن قیس بن شماس اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ ان کے پاس آئے آپ نے فرمایا: لوگوں کے رب اس سے تکلیف دور فرما! یعنی ثابت بن قیس بن شماس سے پھر آپ نے مٹی پکڑی بطحاء سے پیالہ میں جس میں پانی تھا اور اس پر انڈیلا۔

ثَابِتُ بْنُ الضَّحَّاكِ بْنِ خَلِيفَةَ الْاَنْصَارِيُّ يُكْنَى اَبَا زَيْدٍ

حضرت ثابت بن ضحاک بن خلیفہ انصاری آپ کی کنیت ابوزید ہے

1309 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

حضرت ثابت بن ضحاک سے روایت ہے کہ

1308- أخرجه أبو داؤد في سننه جلد 4 صفحه 10 رقم الحديث: 3885، وابن حبان في صحيحه جلد 13 صفحه 432 رقم الحديث: 6069، والنسائي في السنن الكبرى جلد 5 صفحه 252 رقم الحديث: 10856، جلد 6 صفحه 258 رقم الحديث: 10879، والطبراني في الأوسط جلد 9 صفحه 57 رقم الحديث: 9118 كلهم عن يوسف بن محمد بن ثابت بن قيس عن أبيه عن جده به.

1309- أخرجه أحمد في مسنده جلد 4 صفحه 34 رقم الحديث: 16438، وذكره معمر بن راشد في الجامع جلد 10 صفحه 462 كلاهما عن ايوب عن ابي قلابة عن ثابت بن الضحاك به.

الدَّبَرِيُّ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِسُمٍّ عُذِّبَ بِهِ، وَمَنْ شَهِدَ عَلَى مُسْلِمٍ، اَوْ قَالَ عَلَى مُؤْمِنٍ بِكُفْرٍ، فَهُوَ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ لَعَنَهُ فَهُوَ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ حَلَفَ عَلَى مِلَّةٍ غَيْرِ الْاِسْلَامِ، كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا حَلَفَ

رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے آپ کو زہر کے ساتھ قتل کیا' اسی کے ساتھ اُسے عذاب دیا جائے گا' جس نے مسلم یا مؤمن کے خلاف کفر کی گواہی دی وہ اسے قتل کرنے کی طرح ہے' جس نے مؤمن پر لعنت کی' پس وہ اسے قتل کرنے والے کی طرح ہے اور جس آدمی نے اسلام کے علاوہ کسی دین کے خلاف جھوٹا حلف اُٹھایا' اس نے گویا (اسلام کے خلاف) حلف اٹھایا۔

1310 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، وَكَانَتْ، لَهُ صُحْبَةٌ- قَالَ حَمَّادٌ: وَلَوْ قُلْتُ اِنَّهُ مَرْفُوعٌ لَمْ اُبَالِ- قَالَ: مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ سِوَى الْاِسْلَامِ، كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ

حضرت ابوقلابہ' حضرت ثابت بن قیس (آپ کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے) فرماتے ہیں۔ حضرت حماد فرماتے ہیں: اگر میں یہ کہوں کہ یہ حدیث مرفوع ہے تو مجھے کوئی پروا نہیں ہے' آپ نے فرمایا: جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی جھوٹی قسم اُٹھائی' وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا ہے۔

1311 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا اَيُّوبُ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الْاِسْلَامِ، كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ عُذِّبَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ، وَلَعْنُ الْمُؤْمِنِ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ رَمَى مُؤْمِنًا بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ

حضرت ثابت بن ضحاک' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے اسلام کے علاوہ جھوٹی قسم اُٹھائی' وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا ہے' جس نے اپنے آپ کو مارا اُسے جہنم کی آگ سے عذاب دیا جائے گا' مؤمن کا لعنت کرنا قتل کرنے کی طرح ہے' جس نے کسی مؤمن کی طرف کفر کی نسبت کی' وہ بھی قتل کی طرح ہے۔

1312 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، ثنا اَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَلَفَ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی قسم اُٹھائی وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا اور جس نے اپنے آپ کو ذبح کیا کسی شی کے ساتھ

بِمِلَّةٍ سِوَى الْإِسْلَامِ، كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ ذَبَحَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ، ذُبِحَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اسے قیامت کے دن اسی کے ساتھ ذبح کیا جائے گا۔

1313 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا، عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے آپ کو کسی شی کے ساتھ مارا تو اسے قیامت کے دن اسی کے ساتھ عذاب دیا جائے گا۔

1314 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ الْكُوفِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، وَكَانَتْ، لَهُ صُحْبَةٌ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ مُتَعَمِّدًا، عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ، وَمَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ، كَاذِبًا مُتَعَمِّدًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ رَمَى مُؤْمِنًا، بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ لَعَنَ مُؤْمِنًا فَهُوَ كَقَتْلِهِ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے آپ کو کسی چیز کے ساتھ جان بوجھ کر قتل کیا' اس کو قیامت کے دن اسی کے ساتھ عذاب دیا جائے گا' جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی جان بوجھ کر قسم اُٹھائی تو وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا' جس نے کسی مؤمن کی طرف کفر کی نسبت کی تو وہ بھی قتل کی طرح ہے' جس نے کسی مؤمن پر لعنت کی تو وہ بھی قتل کی طرح ہے۔

1315 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الصَّفَّارُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعْنُ الْمُؤْمِنِ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ قَذَفَ مُؤْمِنًا، أَوْ مُؤْمِنَةً، بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ، فَهُوَ كَمَا

حضرت ثابت بن ضحاک انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن کو لعنت کرنا کفر کی طرح ہے' مؤمن پر تہمت لگانا یا مؤمن پر کفر کی نسبت کرنا قتل کی طرح ہے' جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی قسم اُٹھائی تو وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا' جس نے اپنے آپ کو کسی شی کے ساتھ قتل کیا تو اس کو قیامت کے دن اسی چیز کے ساتھ عذاب دیا

1315- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 104 رقم الحديث: 110' والبخاري في صحيحه جلد 5 صفحه 2247 رقم الحديث: 5700 عن ابي قلابة عن ثابت بن قيس به .

قَالَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ، بِشَيْءٍ عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَيْسَ لِلْعَبْدِ نَذْرٌ فِيمَا لَا يَمْلِكُ

جائے گا' بندہ کے لیے جائز نہیں ہے کہ اس کی نذر مانے جس کا مالک نہیں ہے۔

1316 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا نَذْرَ فِيمَا لَا يَمْلِكُ، وَلَعْنُ الْمُؤْمِنِ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ، كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَالَ لِمُؤْمِنٍ يَا كَافِرُ فَهُوَ كَقَتْلِهِ

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کا مالک نہیں ہے' اس کی نذر نہیں ہے' مؤمن کو لعنت کرنا کفر کی طرح ہے' جس نے دنیا میں اپنے آپ کو کسی شی کے ساتھ قتل کیا تو اس کو قیامت کے دن اسی چیز کے ساتھ عذاب دیا جائے گا' جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی قسم اُٹھائی تو وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا' جس نے مؤمن کو کہا: اے کافر! تو وہ اس کو قتل کرنے کی طرح ہے۔

1317 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ عَلَى رَجُلٍ نَذْرٌ فِيمَا لَا يَمْلِكُ، وَلَعْنُ الْمُؤْمِنِ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا، عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ سِوَى الْإِسْلَامِ، كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَذَفَ مُؤْمِنًا بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کا مالک نہیں ہے' اس کی نذر نہیں ہے' مؤمن کو لعنت کرنا اسے قتل کرنے کی طرح ہے' جس نے دنیا میں اپنے آپ کو کسی شی کے ساتھ قتل کیا تو اس کو قیامت کے دن اسی کے ساتھ عذاب دیا جائے گا' جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی قسم اُٹھائی تو وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا' جس نے مؤمن پر کفر کی تہمت لگائی تو وہ اُسے قتل کرنے کی طرح ہے۔

1318 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بِشْرٍ الْحَرِيرِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، أَنَّ أَبَا قِلَابَةَ، أَخْبَرَهُ أَنَّ ثَابِتَ بْنَ الضَّحَّاكِ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ، بَايَعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَحْتَ الشَّجَرَةِ، وَأَنَّ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی قسم اُٹھائی تو وہ ایسے ہے جس طرح اس نے کہا' جس نے اپنے آپ کو جان بوجھ کر کسی شی کے ساتھ قتل

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ، عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَيْسَ عَلَى رَجُلٍ نَذْرٌ فِيمَا لَا يَمْلِكُهُ

کیا تو اس کو قیامت کے دن اسی کے ساتھ عذاب دیا جائے گا' آدمی کو اس نذر کا پورا کرنا ضروری نہیں ہے' جس کا وہ مالک نہیں ہے۔

1319 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أنا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي أَبُو قِلَابَةَ، حَدَّثَنِي ثَابِتُ بْنُ الضَّحَّاكِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ، عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَيْسَ عَلَى الرَّجُلِ نَذْرٌ فِيمَا لَا يَمْلِكُ، وَلَعْنُ الْمُؤْمِنِ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ رَمَى مُؤْمِنًا بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَتْلِهِ

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کا مالک نہیں ہے' اس کی قسم نہیں ہے' مؤمن کو لعنت کرنا اسے قتل کرنے کی طرح ہے' جس نے دنیا میں اپنے آپ کو کسی شی کے ساتھ قتل کیا تو اس کو قیامت کے دن اسی کے ساتھ عذاب دیا جائے گا' جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی قسم اُٹھائی تو وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا' جس نے مؤمن پر کفر کی تہمت لگائی تو وہ اسے قتل کرنے کی طرح ہے۔

1320 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عَفَّانُ، ثنا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى مِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَلَيْسَ عَلَى الرَّجُلِ نَذْرٌ فِيمَا لَا يَمْلِكُ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا، عُذِّبَ بِهِ فِي الْآخِرَةِ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی جھوٹی قسم اُٹھائی تو وہ ایسے ہے جس طرح کہا' جس نے اپنے آپ کو جان بوجھ کر کسی شی کے ساتھ قتل کیا تو اس کو قیامت کے دن اسی کے ساتھ عذاب دیا جائے گا' آدمی پر اس نذر کا پورا کرنا ضروری نہیں ہے' جس کا وہ مالک نہیں ہے۔

1321 - حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ سَلْمٍ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي أَبُو قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی جھوٹی قسم اُٹھائی تو وہ ایسے ہے جس طرح کہا'

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ سِوَى الْإِسْلَامِ كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا، عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَيْسَ عَلَى الرَّجُلِ نَذْرٌ فِيمَا لَا يَمْلِكُ

جس نے اپنے آپ کو جان بوجھ کر کسی شخص کے ساتھ قتل کیا تو اس کو قیامت کے دن اسی کے ساتھ عذاب دیا جائے گا' آدمی کا اس نذر کا پورا کرنا ضروری نہیں ہے' جس کی وہ مالک نہیں ہے۔

1322 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا وَكِيعٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، قَالَا: ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي أَبُو قِلَابَةَ، أَنَّ ثَابِتَ بْنَ الضَّحَّاكِ، مِنْ أَصْحَابِ الشَّجَرَةِ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى مِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ، فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَلَيْسَ عَلَى ابْنِ آدَمَ نَذْرٌ فِيمَا لَا يَمْلِكُ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا، عُذِّبَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ لَعَنَ مُؤْمِنًا فَهُوَ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ قَذَفَ مُؤْمِنًا بِكُفْرٍ، فَهُوَ كَقَتْلِهِ

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کا مالک نہیں ہے' اس کی نذر نہیں ہے' مؤمن کو لعنت کرنا اسے قتل کرنے کی طرح ہے' جس نے دنیا میں اپنے آپ کو کسی شی کے ساتھ قتل کیا تو اس کو قیامت کے دن اسی کے ساتھ عذاب دیا جائے گا' جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی جھوٹی قسم اُٹھائی تو وہ ایسے ہی ہے جس طرح اُس نے کہا' جس نے مؤمن پر کفر کی تہمت لگائی' تو وہ بھی قتل کی طرح ہے۔

1323 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، وَيَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَا: ثنا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ كَاذِبًا مُتَعَمِّدًا، فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ، عَذَّبَهُ اللّٰهُ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی جھوٹی قسم اُٹھائی جان بوجھ کر تو وہ ایسے ہی ہے جس طرح اس نے کہا' جس نے اپنے آپ کو قتل کیا کسی شی کے ساتھ' اس کو اسی کے ساتھ اللہ عزوجل جہنم کی آگ میں عذاب دے گا۔

1324 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ، ثنا عَمِّي، عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، ثنا أَبُو مُسْلِمٍ قَائِدُ الْأَعْمَشِ، عَنْ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی نافرمانی میں قسم نہیں ہے' جس کا انسان مالک نہیں ہے اس کی قسم نہیں اور اللہ

اَبِـي عَبْـدِ اللّٰـهِ، عَنْ اَبِـي قِلَابَةَ، عَنْ ثَـابِـتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَمِينَ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ، وَلَا فِيمَا لَا يَمْلِكُ ابْـنُ آدَمَ، وَمَـنْ لَعَنَ مُسْلِمًا كَانَ كَقَتْلِهِ، وَمَنْ سَمَّى مُسْلِمًا كَافِرًا، فَقَدْ كَفَرَ، وَمَنْ حَلَفَ عَلَى مِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ، كَـاذِبًـا مُتَـعَـمِّدًا، فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ، يَمُوتُ بِهِ فَهُوَ فِي النَّارِ

کی نافرمانی میں قسم نہیں ہے جس نے کسی مسلمان کو لعنت کی وہ اُس کے قتل کی طرح ہے جس نے کسی مسلمان کا نام کافر رکھا تو اس نے کفر کیا' جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین کی جھوٹی قسم جان بوجھ کر اُٹھائی تو وہ ایسے ہی ہے جس طرح کہا' جس نے اپنے آپ کو کسی شی کے ساتھ قتل کیا اور وہ اس کے ذریعے مرگیا تو وہ جہنم میں ہے۔

1325 - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْـنُ عَبْدِ اللّٰـهِ الْـحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْـمَـشِ، عَـنْ اَبِـي عَبْـدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ ثَـابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَـالَ: لَـعْـنُ الْـمُـؤْمِـنِ كَقَتْلِـهِ، وَمَنْ اَكْفَرَ مُسْـلِـمًا، فَقَدْ بَاءَ بِهَا اَحَدُهُمَا قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: اَبُو عَبْـدِ اللّٰـهِ هَـذَا يُـقَـالُ لَـهُ خَالِدٌ الْحَذَّاءُ وَخَالِدٌ لَهُ كُنْيَتَانِ اَبُو مُنَازِلٍ وَاَبُو عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن پر لعنت اس کے قتل کی طرح ہے جس نے کسی مسلمان کو کافر کہا تو کفر ان میں سے کسی ایک کی طرف لوٹ آئے گا۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: ابوعبداللہ کو خالد الحذاء کہا جاتا ہے اور خالد کی دو کنیتیں ہیں: ابومنازل اور ابوعبداللہ۔

1326 - حَـدَّثَـنَـا عَبْـدُ اللّٰـهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَـدَّثَـنِـي دَاوُدُ بْـنُ رُشَيْـدٍ، ثنـا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَوْزَاعِـيِّ، حَـدَّثَـنِي يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي اَبُو قِلَابَةَ، حَدَّثَنِي ثَابِتُ بْنُ الضَّحَّاكِ، قَالَ: نَـذَرَ رَجُـلٌ عَـلَـى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ يَنْحَرَ بِبُوَانَةَ، فَاَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّي نَذَرْتُ اَنْ اَنْحَرَ بِبُوَانَةَ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں نذر مانی کہ وہ بوانہ کے مقام پر نحر کرے گا۔ اُس نے وہ حضور ﷺ کے پاس آیا تو اُس نے عرض کی: میں نے بوانہ پر نحر کرنے کی نذر مانی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس میں جاہلیت کے بتوں میں سے کوئی بت تھا' جس کی عبادت کی جاتی تھی؟ اُس نے عرض کی: نہیں! آپ

1326- اخرجه أبو داؤد فی سننه جلد3صفحه238 رقم الحديث: 3313' والبيهقي في سننه جلد 10صفحه83 كلاهما عن يحيٰى بن أبى كثير عن أبى قلابة عن ثابت بن الضحاك به .

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ كَانَ فِيهَا، وَثَنٌ مِنْ اَوْثَانِ الْجَاهِلِيَّةِ يُعْبَدُ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَهَلْ كَانَ فِيهَا عِيدٌ، مِنْ اَعْيَادِهِمْ؟ قَالَ: لَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوْفِ بِنَذْرِكَ، فَاِنَّهُ لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ، فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ، وَلَا فِي قَطِيعَةِ رَحِمٍ، وَلَا فِيمَا لَا يَمْلِكُ ابْنُ آدَمَ

نے فرمایا: کیا ان کی عیدوں میں سے کوئی عید تھی؟ اُس نے عرض کی: نہیں! حضور ﷺ نے فرمایا: نذر پوری کر کیونکہ اس نذر کو پورا کرنا ضروری نہیں ہے جو اللہ کی نافرمانی میں مانی جائے' نہ صلہ رحمی ختم کرنے والی' اور نہ اس کی جس کا وہ مالک نہیں ہے۔

1327 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثنا سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ السَّائِبِ، قَالَ: سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَعْقِلٍ عَنِ الْمُزَارَعَةِ، فَقَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ الضَّحَّاكِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُزَارَعَةِ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مزارعت سے منع کیا۔

1328 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَا: ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ، قَالَ: سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَعْقِلٍ عَنِ الْمُزَارَعَةِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي ثَابِتُ بْنُ الضَّحَّاكِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُزَارَعَةِ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مزارعت کرنے سے منع کیا۔

ثَابِتُ بْنُ الصَّامِتِ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت ثابت بن صامت انصاری

1329 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ،

حضرت عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ثابت بن

1327- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 3صفحه1183 رقم الحديث: 1549' جلد 3صفحه1184 رقم الحديث: 1549' والدارمي في سننه جلد2صفحه350 رقم الحديث:2616' وأحمد في مسنده جلد3 صفحه33 .

1329- أخرج نحوه ابن خزيمة في صحيحه جلد 1صفحه336 رقم الحديث: 676' والبيهقي في سننه الكبرى

ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي حَبِيبَةَ الْاَشْهَلِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ صَامِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَامَ يُصَلِّي فِي مَسْجِدِ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، وَعَلَيْهِ كِسَاءٌ مُلْتَفٌّ بِهِ، يَضَعُ يَدَهُ عَلَيْهِ، يَقِيهِ بَرْدَ الْحَصْبَاءِ

صامت اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ بنی عبدالاشہل کومسجد میں نماز پڑھارہے تھے آپ نے چادر بچھائی ہوئی تھی اُس پر اپنا ہاتھ رکھتے کنکریوں کی گرمی سے بچنے کے لیے۔

ثَابِتُ بْنُ اَقْرَمَ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

حضرت ثابت بن اقرم انصاری بدری رضی اللہ عنہ

1330 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثَابِتُ بْنُ اَقْرَمَ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْعَجْلَانِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک ثابت بن اقرم بن ثعلبہ بن عدی بن عجلان بھی ہیں۔

1331 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْعَجْلَانِ، ثَابِتُ بْنُ اَقْرَمَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عجلان میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک ثابت بن اقرم بن ثعلبہ بن عدی بن عجلان بھی ہیں۔

1332 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِيَّةً قَبْلَ الْعُمْرَةِ، مِنْ نَجْدٍ اَمِيرُهُمْ ثَابِتُ بْنُ اَقْرَمَ فَاُصِيبَ فِيهَا ثَابِتُ بْنُ اَقْرَمَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک عمرہ سے پہلے نجد کی طرف ایک سریہ بھیجا اس لشکر کے امیر ثابت بن اقرم تھے اس میں حضرت ثابت بن اقرم کوزخم آئے۔

جلد2صفحہ108 رقم الحدیث: 2506 عن عبد الرحمٰن بن ثابت بن صامت عن أبیه به .

ثَابِتُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

1333 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَدِيِّ بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ بْنِ اَوْسٍ، ثَابِتُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ حَرَامِ بْنِ عَمْرِو بْنِ زَيْدٍ، مَنَاةَ بْنِ عَدِيِّ بْنِ عَمْرٍو

حضرت ثابت بن منذر انصاری بدری رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عدی بن مالک بن نجار بن اوس میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام ثابت بن منذر بن حرام بن عمرو بن زید مناۃ بن عدی بن عمرو کا بھی ہے۔

ثَابِتُ بْنُ خَالِدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ خَنْسَاءَ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ قُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

1334 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، ثُمَّ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي مَالِكِ بْنِ تَيْمِ اللّٰهِ، ثَابِتُ بْنُ خَالِدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ خَنْسَاءَ

1335 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ، مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ، ثَابِتُ بْنُ خَالِدِ بْنِ النُّعْمَانِ

حضرت ثابت بن خالد بن نعمان بن خنساء انصاری بدری' آپ کو یمامہ کے دن شہید کیا گیا تھا

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں میں سے انصار اور بنی مالک بن تیم اللہ میں سے جو شہید ہوئے اُن ناموں میں سے ایک نام ثابت بن خالد بن نعمان بن خنساء کا بھی ہے۔

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ یمامہ کے دن انصار میں سے اور بنی نجار میں سے جو شہید ہوئے اُن ناموں میں سے ایک نام ثابت بن خالد بن نعمان کا بھی ہے۔

1336 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ: ثَابِتُ بْنُ خَالِدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ خَنْسَاءَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ بدر میں انصار میں سے اور بنی نجار میں سے جو شہید ہوئے اُن ناموں میں سے ایک نام ثابت بن خالد بن نعمان بن خنساء کا بھی ہے۔

ثَابِتُ بْنُ عَتِيكٍ الْاَنْصَارِيُّ قُتِلَ يَوْمَ جِسْرِ الْمَدَائِنِ مَعَ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ

حضرت ثابت بن عتیک انصاری' جسر المدائن کے دن حضرت سعد بن ابووقاص 15 ہجری کو شہید کیے گئے تھے

1337 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ جِسْرِ الْمَدَائِنِ، مَعَ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ مَبْذُولٍ: ثَابِتُ بْنُ عَتِيكٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ جسر المدائن کے دن حضرت سعد بن ابووقاص کے ساتھ انصار اور بنی عمرو بن مبذول میں سے جو شہید کیے گئے' اُن ناموں میں سے ایک نام ثابت بن عتیک کا بھی ہے۔

1338 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْجِسْرِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثَابِتُ بْنُ عَتِيكٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جسر کے دن جو شہید کیے گئے تھے' اُن ناموں میں سے ایک نام ثابت بن عتیک کا بھی ہے۔

1339 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو

حضرت محمد بن اسحاق روایت فرماتے ہیں کہ

جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْجِسْرِ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ مَبْذُولٍ: ثَابِتُ بْنُ عَتِيكٍ

جسر المدائن کے دن انصار اور بنی عمرو بن مبذول میں جوشہید کیے گئے اُن ناموں میں سے ایک نام ثابت بن عتیک کا بھی ہے۔

ثَابِتُ بْنُ أَجْدَعَ الْأَنْصَارِيُّ عَقَبِيٌّ

حضرت ثابت بن اجدع انصاری عقبی رضی اللہ عنہ

1340 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْأَنْصَارِ: ثَابِتُ بْنُ أَجْدَعَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو عقبہ میں شریک ہوئے اُن ناموں میں سے ایک نام ثابت بن اجدع کا بھی ہے۔

ثَابِتُ بْنُ ثَعْلَبَةَ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الطَّائِفِ

حضرت ثابت بن ثعلبہ انصاری بدری، جو طائف کے دن شہید کیے گئے تھے

1341 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْخَزْرَجِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَلَمَةَ، ثُمَّ مِنْ بَنِي حَرَامٍ: ثَابِتُ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ حَرَامٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی خزرج اور بنی سلمہ اور بنی حرام میں سے جو بدر میں شریک ہوئے تھے اُن ناموں میں سے ایک نام ثابت بن ثعلبہ بن زید بن حارث بن حرام بھی ہے۔

1342 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ طائف کے دن انصار اور بنی سلمہ میں سے جو شہید کیے گئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام ثابت بن ثعلبہ کا بھی ہے، ثعلبہ

يَوْمَ الطَّائِفِ، مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی سَلَمَةَ، ثَابِتُ بْنُ ثَعْلَبَةَ، وَثَعْلَبَةُ الَّذِی يُقَالُ لَهُ الْجِذْعُ

وہ ہیں جن کو جذع کہا جاتا ہے۔

1343 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبَ الْحَرَّانِیُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ: فِی تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الطَّائِفِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثَابِتُ بْنُ الْجِذْعِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ طائف کے دن انصار میں جو شہید کیے گئے تھے‘ ان کے ناموں میں سے ایک نام حضرت ثابت بن جذع کا بھی ہے۔

ثَابِتُ بْنُ هَزَّالٍ الْاَنْصَارِیُّ بَدْرِیٌّ

حضرت ثابت بن ہزال انصاری بدری رضی اللہ عنہ

1344 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا، مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی عَوْفِ بْنِ الْخَزْرَجِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی بَلْحُبْلَی: ثَابِتُ بْنُ هَزَّالِ بْنِ عَمْرٍو

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عوف بن خزرج اور بنی بلحبلی میں سے جو بدر میں شریک ہوئے‘ اُن ناموں میں سے ایک نام ثابت بن ہزال بن عمرو کا بھی ہے۔

ثَابِتُ بْنُ رَبِيعَةَ الْاَنْصَارِیُّ بَدْرِیٌّ

حضرت ثابت بن ربیعہ انصاری بدری رضی اللہ عنہ

1345 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی عَوْفِ بْنِ الْخَزْرَجِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی بَلْحُبْلَی: ثَابِتُ بْنُ رَبِيعَةَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عوف بن خزرج اور بنی بلحبلی میں سے جو بدر میں شریک ہوئے‘ اُن ناموں میں سے ایک نام ثابت بن ربیعہ کا بھی ہے۔

ثَابِتُ بْنُ عَمْرٍو الْاَنْصَارِیُّ بَدْرِیٌّ

1346 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَیْمَانَ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَیْحٍ، عَنْ مُوسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِی تَسْمِیَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی النَّجَّارِ، ثَابِتِ بْنِ عَمْرِو بْنِ زَیْدِ بْنِ عَدِیٍّ

حضرت ثابت بن عمرو انصاری بدری رضی اللہ عنہ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی نجار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن ناموں میں سے ایک نام ثابت بن عمرو بن زید بن عدی کا بھی ہے۔

ثَابِتُ بْنُ حَسَّانَ بْنِ عَمْرٍو الْاَنْصَارِیُّ بَدْرِیٌّ

1347 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَیَّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَیْحٍ، عَنْ مُوسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِی تَسْمِیَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی عَدِیِّ بْنِ النَّجَّارِ، ثَابِتُ بْنُ حَسَّانَ بْنِ عَمْرٍو لَا عَقِبَ لَهُ

حضرت ثابت بن حسان بن عمرو انصاری بدری رضی اللہ عنہ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عدی بن نجار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن ناموں میں سے ایک نام ثابت بن حسان بن عمرو کا بھی ہے۔

ثَابِتُ بْنُ وَدِیعَةَ الْاَنْصَارِیُّ وَیُقَالُ ثَابِتُ بْنُ زَیْدِ بْنِ وَدِیعَةَ بْنِ خِذَامٍ وَیُقَالُ ثَابِتُ بْنُ زَیْدٍ یُکْنَی اَبَا سَعْدٍ

1348 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا

حضرت ثابت بن ودیعہ انصاری' آپ کو ثابت بن زید بن ودیعہ بن خذام اور ثابت بن زید بھی کہا جاتا ہے' آپ کی کنیت ابوسعد ہے

حضرت ثابت بن ودیعہ رضی اللہ عنہ سے روایت

1348- أخرجه الدارمی فی سننه جلد2صفحه127 رقم الحدیث: 2016 عن زید بن وهب عن البراء بن عازب عن ثابت بن ودیعة به .

مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ وَدِيعَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اُتِيَ بِضَبٍّ فَقَالَ: اُمَّةٌ مُسِخَتْ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

ہے کہ حضور ﷺ کے پاس گوہ لائی گئی تو آپ نے فرمایا: ایک اُمت تھی جو مسخ کی گئی تھی' اللہ زیادہ جانتا ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ وَدِيعَةَ، عَنِ النَّبِيِّ مِثْلَهُ

حضرت ثابت بن ودیعہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

1349 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَفَّانُ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ وَدِيعَةَ، اَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِي فَزَارَةَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِضِبَابٍ قَدِ احْتَرَشَهَا فَجَعَلَ يُقَلِّبُ ضَبًّا مِنْهَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: اُمَّةٌ مُسِخَتْ، وَاَكْبَرُ عِلْمِي، اَنَّهُ قَالَ: مَا اَدْرِي مَا فَعَلَتْ، وَمَا اَدْرِي لَعَلَّ هَذَا مِنْهَا

حضرت ثابت بن ودیعہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بنی فزارہ میں سے ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس گوہ لے کر آیا' جو اُس نے پکڑی تھی' وہ گوہ کو اپنے ہاتھوں میں اُلٹا پلٹا رہا تھا' آپ نے فرمایا: یہ ایک اُمت تھی جو مسخ کی گئی' میرا علم بڑا ہے' اور فرمایا: مجھے معلوم نہیں کہ کیا کیا' مجھے معلوم نہیں کہ یہ شاید اس سے ہو۔

1350 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ متويه الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا يَمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا اَشْعَثُ بْنُ شُعْبَةَ، عَنْ وَرْقَاءَ بْنِ عُمَرَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ زَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اُتِيَ بِضَبٍّ قَدْ شُوِيَ، فَاَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُودًا، فَجَعَلَ يَعُدُّ اَصَابِعَهُ، ثُمَّ قَالَ: اُمَّةٌ مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ مُسِخَتْ

حضرت ثابت بن زید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس بھونی ہوئی گوہ لائی گئی' حضرت ﷺ نے ایک لکڑی پکڑی' اس کی انگلیاں گننے لگے' پھر فرمایا: بنی اسرائیل میں سے ایک اُمت تھی جو مسخ کی گئی' زمین میں رہنے والے جانور' میں نہیں جانتا ہوں کہ یہ کون سا جانور ہے' نہ آپ نے اس کو کھایا اور نہ کھانے سے منع کیا۔

1349- أخرجه النسائي في المجتبى جلد 7صفحه200 رقم الحديث: 4321' وأحمد في مسنده جلد 4صفحه220' جلد5صفحه390 رقم الحديث: 23363 كلاهما عن عدي بن ثابت عن زيد بن وهب عن ثابت بن وديعة به .

دَوَابَّ فِي الْاَرْضِ، وَاِنِّي لَا اَدْرِي، اَيَّ دَوَابَّ هِيَ، فَلَمْ يَاْكُلْ مِنْهُ، وَلَمْ يَنْهَ عَنْهُ

1351 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ زَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَصَابَ النَّاسُ ضِبَابًا فَاشْوَوْهَا، فَاَكَلُوهَا، فَاَصَبْتُ مِنْهَا ضَبًّا فَشَوَيْتُهُ، ثُمَّ اَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ، فَاَخَذَ جَرِيدَةً فَجَعَلَ يَعُدُّ بِهَا اَصَابِعَهُ، فَقَالَ: اِنَّ اُمَّةً مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ مُسِخَتْ دَوَابَّ فِي الْاَرْضِ، وَاِنِّي اَرَاهَا لَعَلَّهَا هِيَ فَقُلْتُ: اِنَّ النَّاسَ قَدْ شَوَوْهَا، وَاَكَلُوهَا، فَلَمْ يَاْكُلْ وَلَمْ يَنْهَ

حضرت ثابت بن زید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے ساتھ تھے لوگوں نے گوہ پکڑی' اس کو بھونا اور کھایا' میں نے اس سے گوہ لی' میں نے اس کو بھونا پھر میں اسے لے کر حضورﷺ کی بارگاہ میں آیا' آپ اس کے ساتھ اس کی انگلیاں گننے لگے' آپ نے فرمایا: یہ ایک اُمت تھی جو مسخ کی گئی' زمین میں رہنے والا جانور ہے' میرا خیال ہے یہ وہی ہے۔ میں نے عرض کی: لوگوں نے اس کو بھونا اور کھایا ہے۔ آپ نے کھایا بھی نہیں اور منع بھی نہیں کیا۔

ثَابِتُ بْنُ الْحَارِثِ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت ثابت بن حارث انصاری رضی اللہ عنہ

1352 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الْحَارِثِ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: كَانَتْ يَهُودُ تَقُولُ اِنْ اُهْلِكَ لَهُمْ صَبِيٌّ صَغِيرٌ، قَالُوا: هُوَ صِدِّيقٌ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَذَبَتْ يَهُودُ مَا مِنْ نَسَمَةٍ يَخْلُقُهَا اللّٰهُ، فِي بَطْنِ اُمِّهِ اِلَّا اَنَّهُ شَقِيٌّ،

حضرت ثابت بن حارث انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہودی کہتے تھے کہ اگر ان کے چھوٹے بچے مر گئے' وہ سچے ہیں' یہ بات حضورﷺ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: یہودی جھوٹ بولتے ہیں' جس جان کو اللہ نے پیدا کیا ہے وہ اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت اور سعید تھا' اللہ عزوجل نے اس وقت یہ آیت نازل فرمائی: ''اُس وقت وہ تمہیں خوب جانتا ہے' تمہیں مٹی

1351- أخرجه النسائي في المجتبٰى جلد 7صفحه199 رقم الحديث: 4320' وابن ماجه في سننه جلد 2صفحه1078 رقم الحديث: 3238' وأحمد في مسنده جلد 4صفحه220' وأبو داؤد في سننه جلد 3صفحه353 رقم الحديث: 3795 كلهم عن حصين عن زيد بن وهب عن ثابت بن زيد به .

وَسَعِيدٌ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عِنْدَ ذٰلِكَ هٰذِهِ الْآيَةَ (هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ أَنْشَأَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ، وَإِذْ أَنْتُمْ أَجِنَّةٌ فِي بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ) (النجم:32) الْآيَةَ كُلَّهَا

سے پیدا کیا ہے اور جب تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں حمل تھے"۔

1353 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ الْكُوفِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيدَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الْحَارِثِ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَ خَيْبَرَ لِسَهْلَةَ بِنْتِ عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ وَلِابْنَةٍ لَهَا وُلِدَتْ

حضرت ثابت بن حارث انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خیبر کے دن سہلہ بنت عاصم بن عدی اور اس کی بیٹی کے لیے جو پیدا ہوئی تھی' حصہ تقسیم کیا۔

ثَابِتُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْجَعِيُّ بَدْرِيٌّ حَلِيفُ الْأَنْصَارِ

حضرت ثابت بن عمرو اشجعی بدری' انصار کے حلیف

1354 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: ثَابِتُ بْنُ عَمْرِو بْنِ زَيْدِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ سَوَّادِ بْنِ عُصَيْمَةَ أَوْ عُصَيَّةَ حَلِيفٌ لَهُمْ، مِنْ أَشْجَعَ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ بدر میں شریک ہونے والوں میں سے حضرت ثابت بن عمرو بن زید بن عدی بن سواد بن عصیمہ یا عصیہ' ان کے حلیف تھے قبیلہ اشجع سے تعلق رکھنے والے تھے

بَابُ مَنِ اسْمُهُ ثَعْلَبَةُ

یہ باب ہے جن کا نام ثعلبہ ہے

ثَعْلَبَةُ بْنُ الْحَكَمِ اللَّيْثِيُّ

حضرت ثعلبہ بن حکم لیثی رضی اللہ عنہ

1355 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ثعلبہ بن حکم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1355- أخرجه ابن ماجه في سننه جلد2صفحه1299 رقم الحديث: 3938' والحاكم في مستدركه جلد2صفحه146 رقم الحديث: 2603 كلاهما عن سماك عن ثعلبة بن الحكم به .

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، اَنَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: اَصَبْنَا يَوْمَ خَيْبَرَ غَنَمًا، فَانْتَهَبَهَا النَّاسُ فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقُدُورُهُمْ تَغْلِي، فَقَالَ: مَا هٰذَا؟، فَقَالُوا: نُهْبَةٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: اكْفِئُوها فَاِنَّ النُّهْبَةَ لَا تَحِلُّ فَكَفَئُوا مَا بَقِيَ فِيهَا

ہمیں خیبر کے دن بکریاں ملیں' لوگوں نے ان کو لوٹ لیا' حضورﷺ تشریف لائے اس حالت میں کہ ہانڈیاں اُبل رہی تھیں' آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: یارسول اللہ! یہ لوٹا ہوا مال ہے۔ آپ نے فرمایا: ہانڈیاں بہا دو کیونکہ لوٹنا جائز نہیں ہے' اُنہوں نے اس میں جو باقی تھا اس کو بہا دیا۔

1356 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي قَالُوا: ثنا زُهَيْرٌ، ثنا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، اَنْبَاَنِي ثَعْلَبَةُ بْنُ الْحَكَمِ، اَخُو بَنِي لَيْثٍ اَنَّهُ رَاَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَرَّ عَلَى قُدُورٍ، فِيهَا لَحْمُ غَنَمٍ انْتَهَبُوها، فَاَمَرَ بِهَا فَاُكْفِئَتْ، وَقَالَ: اِنَّ النُّهْبَةَ لَا تَحِلُّ

حضرت ثعلبہ بن حکمؓ' بنی لیث کے بھائی سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہﷺ کو دیکھا کہ آپ ہانڈیوں کے پاس سے گزرے' ان میں لوٹی ہوئی بکریوں کا گوشت تھا' آپ نے انہیں اُلٹا دینے کا حکم دیا اور فرمایا: لوٹنا جائز نہیں ہے۔

1357 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ الْحَكَمِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ النُّهْبَةِ

حضرت ثعلبہ بن حکمؓ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے لوٹنے سے منع کیا۔

1358 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِي، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبِي، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: اَصَبْنَا يَوْمَ خَيْبَرَ غَنَمًا، فَانْتَهَبْنَاهَا

حضرت ثعلبہ بن حکم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں خیبر کے دن بکریاں ملیں' لوگوں نے لوٹ لیا' حضورﷺ تشریف لائے اس حالت میں کہ ہانڈیاں اُبل رہی تھیں' آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: یارسول اللہ! ہم نے لوٹ لیا ہے۔ آپ نے فرمایا: ہانڈیاں بہا دو کیونکہ لوٹنا جائز نہیں ہے' اُنہوں نے اس

فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقُدُورُهُمْ تَغْلِي، فَقَالُوا: إِنَّهَا نُهْبَةٌ، فَقَالَ: اكْفِئُوا الْقُدُورَ فَإِنَّهُ لَا تَحِلُّ النُّهْبَةُ

میں جو باقی تھا اس کو بہا دیا۔

1359 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْجُدِّيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: أَسَرَنِي أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا يَوْمَئِذٍ شَابٌّ، فَسَمِعْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ النُّهْبَةِ، وَأَمَرَ بِالْقُدُورِ فَأُكْفِئَتْ مِنْ لَحْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ

حضرت ثعلبہ بن حکم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چلنے کا موقع ملا' میں ان دنوں جوان تھا' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا' آپ نے لوٹنے سے منع فرمایا' آپ نے ہانڈیوں کے متعلق حکم دیا' ان پالتو گدھوں کے گوشت کو اُلٹنے کا حکم دیا۔

1360 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَفَّانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ثَعْلَبَةَ بْنَ الْحَكَمِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّا لَا نَأْكُلُ النُّهْبَةَ، فَإِنَّهَا لَا تَحِلُّ، قُلْتُ لِسِمَاكٍ: مَا هَذِهِ النُّهْبَةُ الَّتِي نَهَى عَنْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: قَالَ ثَعْلَبَةُ: هِيَ غَنَمٌ انْتَهَبُوهَا يَوْمَ خَيْبَرَ قَبْلَ أَنْ يُقْسَمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اكْفِئُوا الْقُدُورَ

حضرت ثعلبہ بن حکم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: ہم لوٹنے والی شی نہیں کھاتے ہیں کیونکہ وہ حلال نہیں ہے۔ میں نے ان سے کہا: یہ کون سا لوٹنا حرام ہے' جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع کیا؟ حضرت ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ بکریاں جو تقسیم سے پہلے خیبر کے دن لوٹی ہوئی تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان ہانڈیوں کو بہا دو۔

1361 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ،

حضرت ثعلبہ بن حکم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

ثنا مُوسَى بْنُ سُفْيَانَ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَهْمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِی قَيْسٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ النُّهْبَةَ لَا تَحِلُّ، فَانْتَهَبَ قَوْمٌ غَنَمًا فَاَخْبَرُوهُ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْفِئُوا الْقُدُورَ وَمَا فِيهَا

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: لوٹنا جائز نہیں ہے۔ کچھ لوگوں نے بکریاں لوٹیں' آپ کو بتایا گیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: جو ہانڈیوں میں ہے' اس کو بہا دو۔

2203 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُجَالِدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَايَعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی سننے اور اطاعت کرنے پر۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو مَسْعُودٍ اَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ، وَيَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

بَابٌ

باب

2204 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا تُرِيحُنِي مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ، وَكَانَ بَيْتًا فِي خَثْعَمِ يُسَمَّى كَعْبَةَ الْيَمَانِيَةِ، فَانْطَلَقْتُ فِي سِتِّينَ وَمِئَةِ فَارِسٍ مِنْ اَحْمَسَ وَكَانُوا اَصْحَابَ خَيْلٍ وَكُنْتُ لَا اَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَضَرَبَ صَدْرِي حَتَّى رَاَيْتُ اَثَرَ اَصَابِعِهِ فِي صَدْرِي، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا، فَانْطَلَقَ اِلَيْهَا فَكَسَرَهَا وَحَرَّقَهَا، وَبَعَثَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا آپ مجھے ذی الخلصہ سے نجات نہیں دیں گے؟ ذی الخلصہ قبیلہ خثعم میں ایک گھر تھا جس کا نام کعبہ یمانیہ تھا' میں ایک سو ساٹھ احمس کے گھڑسواروں کے ساتھ چلا' وہ گھڑسوار چلے' میں گھوڑے پر اچھی طرح نہیں بیٹھ سکتا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دست مبارک میرے سینے پر مارا' میں نے آپ کی انگلیوں کی ٹھنڈک اپنے سینے میں پائی اور آپ نے یہ دعا کی: اے اللہ! اس کو مضبوط کر' اسے ہدایت دینے والا بنا اور اس کے ذریعے ہدایت دے۔ میں چلا' اس کی

2204- اخرجه مسلم فى صحيحه جلد 4صفحه1926 رقم الحديث: 2476' والبخارى فى صحيحه جلد 3 صفحه 1100 رقم الحديث: 2857' جلد 3صفحه1119 رقم الحديث: 2911' جلد 4صفحه1583 رقم الحديث: 4098' جلد5صفحه2333 رقم الحديث: 5974 كلاهما عن اسماعيل عن قيس عن جرير به .

وَسَلَّمَ يُخْبِرُهُ، فَقَالَ رَسُولُ جَرِيرٍ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا جِئْتُكَ حَتَّى تَرَكْتُهَا كَأَنَّهَا جُمَلٌ أَجْرَبُ، فَبَارَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى خَيْلِ أَحْمَسَ وَرِجَالِهَا خَمْسَ مَرَّاتٍ

طرف' اس کو توڑا اور اسے جلایا۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف ایک آدمی کو خبر دینے کے لیے بھیجا۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ کے نمائندہ نے عرض کی: وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں آپ کے پاس نہیں آیا یہاں تک کہ میں نے اس کو چھوڑا ایسے جس طرح خارش زدہ اونٹ ہوتا ہے۔ حضور پُرنور سرورِ کونین ﷺ نے احمس کے گھڑسواروں اور پیدل چلنے والے کے لیے پانچ مرتبہ برکت کی دعا کی۔

2205 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، وَمَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَا: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، سَمِعَ قَيْسَ بْنَ أَبِي حَازِمٍ، سَمِعَ جَرِيرًا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا تَكْفِينِي ذَا الْخَلَصَةِ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي رَجُلٌ لَا أَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَصَكَّ فِي صَدْرِي، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا، قَالَ: فَخَرَجْتُ إِلَيْهَا فِي خَمْسِينَ مِنْ قَوْمِي فَحَرَّقْتُهَا بِالنَّارِ فَرَجَعْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا أَتَيْتُكَ حَتَّى تَرَكْتُهَا مِثْلَ الْجَمَلِ الْأَجْرَدِ، فَدَعَا لِأَحْمَسَ خَيْلِهَا وَرِجَالِهَا ثَلَاثًا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا آپ مجھے ذوالخلصہ (بت خانہ) سے کفایت نہیں کرو گے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایسا آدمی ہوں جو گھوڑے پر اچھی طرح بیٹھ نہیں سکتا ہوں۔ آپ نے میرے سینہ پر دستِ مبارک مارا اور عرض کی: اے اللہ! اس کو ہدایت دینے والا بنا دے اور اس کے ذریعے ہدایت دے۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس کی طرف اپنی قوم کے پچاس افراد لے کر گیا' میں نے اس کو آگ میں جلایا' میں واپس رسول اللہ ﷺ کی طرف آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے پاس آیا ہوں' اس حالت میں کہ میں نے اس کو ایسے کر چھوڑا ہے جس طرح خارش زدہ اونٹ ہوتا ہے' آپ نے تین مرتبہ احمس کے گھڑسوار اور پیدل چلنے والوں کے لیے دعا کی۔

2206 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كُنْتُ لَا اَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبَ يَدَهُ عَلَى صَدْرِي حَتَّى رَاَيْتُ اَثَرَ يَدِهِ فِي صَدْرِي، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا، فَمَا سَقَطْتُ عَنْ فَرَسٍ بَعْدُ

گھوڑے پر نہیں بیٹھ سکتا تھا' میں نے اس کا ذکر رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں کیا' آپ نے اپنا دستِ مبارک میرے سینے پر مارا' میں نے آپ کے دستِ مبارک کے نشانات اپنے سینے پر پائے' آپ نے اللہ کی بارگاہ میں عرض کی: اے اللہ! اس کو مضبوط کر اور اس کو ہدایت دینے والا بنا اور اس کے ذریعے ہدایت دے۔ اس کے بعد میں کبھی بھی گھوڑے سے نہیں گرا۔

2207 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، وَوَكِيعٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جَرِيرُ اَلَا تُرِيحُنِي مِنْ ذِي الْخُلَصَةِ؟ بَيْتٍ لِخَثْعَمَ يُدْعَى كَعْبَةَ الْيَمَانِيَةِ فَنَفَرْتُ فِي خَمْسِينَ وَمِئَةِ فَارِسٍ مِنْ اَحْمَسَ وَكُنْتُ لَا اَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَضَرَبَ فِي صَدْرِي حَتَّى رَاَيْتُ اَثَرَ اَصَابِعِهِ فِي صَدْرِي ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا، فَانْطَلَقْتُ فَظَهَرْتُ عَلَيْهِمْ وَحَرَّقْتُهَا بِالنَّارِ فَبَعَثَ جَرِيرٌ رَجُلًا يُكْنَى اَبَا اَرْطَاةَ بَشِيرًا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا جِئْتُكَ حَتَّى رَاَيْتُهَا كَاَنَّهَا جُمَلٌ اَجْرَبُ فَبَرَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى خَيْلِ اَحْمَسَ وَرِجَالِ اَحْمَسَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تم مجھے ذی الخلصہ سے نجات نہیں دیں گے؟ ذی الخلصہ قبیلہ خثعم میں گھر تھا جس کا نام کعبہ یمانیہ تھا' میں ایک سو ساٹھ احمس کے گھڑ سواروں کے ساتھ چلا' وہ گھڑ سوار چلے' میں گھوڑے پر اچھی طرح نہیں بیٹھ سکتا تھا' آپ ﷺ نے اپنا دست مبارک میرے سینے پر مارا' میں نے آپ کی انگلیوں کی ٹھنڈک اپنے سینے میں پائی اور آپ نے یہ دعا کی: اے اللہ! اس کو مضبوط کر' اسے ہدایت دینے والا اور اس کے ذریعے ہدایت دے۔ میں چلا' اس کی طرف' میں ان پر غالب آیا اور اسے جلایا۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف آدمی خبر دینے کے لیے بھیجا۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ کے نمائندہ نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! جب میں آپ کے پاس آیا یہاں تک کہ میں نے اس کو ایسے حال میں کر چھوڑا ہے جس طرح خارش زدہ اونٹ ہوتا ہے۔ حضور پُرنور سرورِ کونین ﷺ نے احمس کے گھڑ سواروں اور پیدل چلنے

والے کے لیے تین مرتبہ برکت کی دعا کی۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ، ثنا اَبُو مَسْعُودٍ اَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، ثنا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

2208 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَبْقَ مِنْ طَوَاغِيتِ الْجَاهِلِيَّةِ اِلَّا ذُو الْخُلَصَةِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جاہلیت کے بتوں میں سے ایک بت باقی ہے جس کو ذوالخلصہ کہا جاتا ہے۔

بَابٌ

باب

2209 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ عَلَيْكُمْ مِنَ الْبَابِ رَجُلٌ مِنْ خَيْرِ ذِي يُمْنٍ عَلَى وَجْهِهِ مَسْحَةُ مَلَكٍ، فَدَخَلَ جَرِيرٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ آئے حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس یمن کا بہترین آدمی آیا ہے اس کے چہرے پر فرشتے کا حسن ظاہر ہو رہا ہے۔ پھر حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ آئے۔

بَابٌ

باب

2210 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كُنْتُ بِالْيَمَنِ، وَمَعِي ذُو

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں یمن میں تھا میرے ساتھ ذوکلاع اور ذوعمرو تھے میں ان کے پاس آیا ان کو رسول اللہ ﷺ کے متعلق بتایا۔ ذوعمرو

2210- اخرجه البخاري في صحيحه جلد 4صفحه1584 رقم الحديث: 4101 واحمد في مسنده جلد 4صفحه363 كلاهما عن اسماعيل عن قيس عن جرير به .

كَلاعٍ وَذُو عَمْرٍو، فَاَقْبَلْتُ اُخْبِرُهُمْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ ذُو عَمْرٍو: يَا جَرِيرُ اِنْ يَكُ صَاحِبُكَ كَمَا تَذْكُرُ، لَقَدْ اَتَى عَلَى اَجَلِهِ مُنْذُ ثَلَاثٍ، فَرَفَعَ لَنَا رَجُلٌ، فَقُلْنَا: مَا الْخَبَرُ، قَالُوا: قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتُخْلِفَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَالنَّاسُ صَالِحُونَ ثُمَّ رَجَعْنَا، فَقَالَا اَقْرِءْ صَاحِبَكَ السَّلَامَ، ثُمَّ قَالَ ذُو عَمْرٍو: يَا جَرِيرُ اِنَّكُمْ لَنْ تَزَالُوا صَالِحِينَ، مَا اِذَا هَلَكَ اَمِيرٌ، قَامَ اَمِيرٌ، فَاِذَا مَا كَانَ بِسُيُوفٍ كُنْتُمْ مُلُوكًا تَرْضَوْنَ رِضَا الْمُلُوكِ، وَتَغْضَبُونَ غَضَبَ الْمُلُوكِ

نے کہا: اے جریر! اگر آپ کا ساتھی ایسے ہی ہے جس طرح تُو ذکر کرتا ہے تو میرے پاس ان کے وصال کی خبر تین دن سے آئی ہے‘ ہمارے پاس ایک آدمی خبر لے کر آیا‘ ہم نے کہا: کیا خبر ہے؟ اُنہوں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہو گیا ہے اور حضرت ابوبکر کو خلیفہ بنایا گیا اور لوگ نیک ہیں۔ پھر یہ واپس آئے‘ دونوں نے کہا: اپنے ساتھی کو سلام کہنا! پھر ذوعمرو نے کہا: اے جریر! تم بھی نیک لوگوں میں سے ہو‘ جب امیر چلا جائے تو دوسرا امیر ہوگا‘ جب تلواریں نہیں ہوں گی تو تم ایسے بادشاہ ہوگے جو تم راضی ہوگے جس طرح بادشاہ راضی ہوتے ہیں‘ تم ایسے ناراض ہوگے جس طرح بادشاہ ناراض ہوتے ہیں۔

بَابٌ

2211 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى السُّدِّيُّ ح، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالُوا: ثنا سَيْفُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَايَعْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مِثْلِ مَا بَايَعَ عَلَيْهِ النِّسَاءَ: مَنْ مَاتَ مِنَّا وَلَمْ يَاْتِ بِشَيْءٍ مِنْهُنَّ ضَمِنَ لَهُ الْجَنَّةَ، وَمَنْ مَاتَ وَقَدْ اَتَى شَيْئًا مِنْهُنَّ وَقَدْ اُقِيمَ عَلَيْهِ الْحَدُّ فَهُوَ كَفَّارَتُهُ، وَمَنْ مَاتَ مِنَّا وَاَتَى شَيْئًا مِنْهُنَّ فَسُتِرَ عَلَيْهِ فَعَلَى اللّٰهِ حِسَابُهُ

باب

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی اس چیز پر جس پر عورتوں سے آپ نے بیعت لی جو ہم سے مر جائے ان اشیاء میں سے کچھ نہ لائے جس پر بیعت کی تو اس کے لیے جنت کی ضمانت ہے‘ جو مرے اس حالت میں کہ اُس نے ان اشیاء میں سے کچھ لیا تھا اور اُس پر حد قائم کی گئی ہو‘ وہ اس کے لیے کفارہ ہوگی‘ جو ہم میں سے اس حالت میں مرا کہ اُس نے ان میں سے کچھ لیا تھا تو اس پر پردہ ڈالا گیا‘ اس کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔

بَابٌ

2212 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمِ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَقَامَ مَعَ الْمُشْرِكِينَ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ

باب

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مشرکوں کے ساتھ رہا' اس سے ذمہ بَری ہوگیا۔

2213 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، قَالَا: ثنا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الْاُرُزِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَرِئَتِ الذِّمَّةُ مِمَّنْ اَقَامَ مَعَ الْمُشْرِكِينَ فِي دِيَارِهِمْ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: وہ ذمہ داری سے بَری ہوگیا جو مشرکوں کے ساتھ ان کے شہروں میں رہا۔

بَابٌ

2214 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سُلِبَتْ كَرِيمَتَيْهِ عَوَّضْتُهُ مِنْهُمَا الْجَنَّةَ

باب

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل ذکر کرتا ہے کہ جس کی دو عزت والی چیزیں لے لوں' ان دونوں کے بدلہ جنت دوں گا' یعنی آنکھیں۔

2215 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً اِلَى خَثْعَمٍ فَاعْتَصَمَ نَاسٌ مِنْهُمْ بِالسُّجُودِ فَاَسْرَعَ اِلَيْهِمُ الْقَتْلَ فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ لَهُمْ بِنِصْفِ الْعَقْلِ وَقَالَ: اِنِّي بَرِيءٌ مِنْ كُلِّ مُسْلِمٍ يُقِيمُ بَيْنَ ظَهْرَانَيِ الْمُشْرِكِينَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَلِمَ، قَالَ: لَا تَرَاءَى نَارَهُمَا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک سریہ قبیلہ خثعم کی طرف بھیجا' اُن میں سے کچھ لوگوں کا سجدہ میں جھگڑا ہوا' ان میں لڑائی جلدی بڑھ گئی' آپ نے نصف دیت کا حکم دیا اور فرمایا: میں ہر اُس مسلمان سے بَری ہوں جو مشرکوں کے درمیان ٹھہرا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں؟ فرمایا: تم ان کی آگ نہ دیکھو۔

بَابٌ

باب

2216 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّلَّالُ الْكُوفِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُونٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشًا اِلَى خَثْعَمٍ فَلَمَّا غَشِيَتْهُمُ الْخَيْلُ اعْتَصَمُوا بِالصَّلَاةِ فَقُتِلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَجَعَلَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِصْفَ الْعَقْلِ بِصَلَاتِهِمْ، وَقَالَ: اِنِّي بَرِيءٌ مِنْ كُلِّ مُسْلِمٍ مَعَ مُشْرِكٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے قبیلہ خثعم کی طرف ایک لشکر بھیجا' جب گھوڑے کھڑے کیے اور نماز پڑھنے لگے تو اُن میں سے ایک آدمی کو قتل کیا گیا۔ حضورﷺ نے ان کے لیے آدھی دیت رکھی' نماز کے ساتھ اور فرمایا: میں ہر اس مسلمان سے بری ہوں جو مشرکوں کے ساتھ رہے۔

بَابٌ

باب

2217 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ الْمَرْوَزِيُّ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي خَلَفٍ،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضورﷺ کو مبعوث کیا گیا تو میں آپ کی بیعت کرنے کے لیے آیا' آپ نے فرمایا: اے جریر! کیسے

2215- اخرجه الترمذي في سننه جلد4صفحه155 رقم الحديث: 1604' وأبو داؤد في مسنده جلد3صفحه45 رقم الحديث: 2645 كلاهما عن اسماعيل عن قيس عن جرير به .

قَالَا: ثنا حُصَيْنُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: لَمَّا بُعِثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَيْتُهُ لِأُبَايِعَهُ، فَقَالَ: لِأَيِّ شَيْءٍ جِئْتَ يَا جَرِيرُ؟ قُلْتُ: جِئْتُ لِأُسْلِمَ عَلَى يَدَيْكَ، قَالَ: فَدَعَانِي إِلَى شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، وَتُقِيمُ الصَّلَاةَ الْمَكْتُوبَةَ، وَتُؤَدِّي الزَّكَاةَ الْمَفْرُوضَةَ، وَتُؤْمِنُ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ قَالَ: فَأَلْقَى إِلَيَّ كِسَاءَهُ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ: إِذَا جَاءَكُمْ كَرِيمُ قَوْمٍ فَأَكْرِمُوهُ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ الْحَضْرَمِيِّ

آئے ہو؟ میں نے عرض کی: آپ کے دست مبارک پر اسلام لانے کے لیے آپ نے مجھے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے کی دعوت دی فرض نماز قائم کرنے کا حکم دیا اور فرض زکوٰۃ ادا کرنے کا حکم دیا اور اچھی اور بُری تقدیر پر ایمان کا حکم ہے۔ میری طرف آپ نے چادر پھینکی پھر صحابہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: جب تم میں سے کسی کے پاس کوئی معزز آدمی آئے تو اس کی عزت کرو۔ یہ الفاظ حضرمی کی حدیث کے ہیں۔

2218 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ عُمَرَ الْأَحْمَسِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ إِبْلِيسَ قَدْ يَئِسَ أَنْ يُعْبَدَ فِي أَرْضِ الْعَرَبِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شیطان عرب میں (لوگوں کو) بتوں کی عبادت کروانے سے مایوس ہو چکا ہے۔

2219 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ مُطِيعٍ الشَّيْبَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي غَنِيَّةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: دَخَلَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ رَجُلٌ، فَاسْتَسْقَى، فَأُتِيَ بِمَاءٍ، فَسَتَرَهُ فَشَرِبَ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ قَالَ: الْحَيَاءُ وَالْإِيمَانُ أُوتُوهُمَا وَمُنِعْتُمُوهُمَا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عیینہ بن حصین حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے آپ کے پاس ایک آدمی تھا اُس نے پانی مانگا آپ کے پاس پانی لایا گیا تو آپ نے ڈھانپا اور اس کے بعد پیا آپ سے عرض کی: یہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: حیاء اور ایمان دونوں تمہیں دی بھی گئی ہیں اور تم سے روکی بھی گئی ہیں۔

بَابٌ

باب

2220 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت

يَحْيَى بْنُ مُطِيعٍ الشَّيْبَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي غَنِيَّةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، اَنَّ عُيَيْنَةَ بْنَ حِصْنٍ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ عَائِشَةُ، فَقَالَ: مَنْ هَذِهِ الْجَالِسَةُ اِلَى جَانِبِكَ؟ قَالَ: عَائِشَةُ قَالَ: اَفَلا اَنْزِلُ لَكَ عَنْ خَيْرٍ مِنْهَا؟ يَعْنِي امْرَاَتَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لا قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْرُجْ فَاسْتَاْذِنْ قَالَ: اِنَّهَا يَمِينٌ عَلَيَّ اَنْ لا اَسْتَاْذِنَ عَلَى مُضَرِيٍّ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَحِمَهَا اللّٰهُ: مَنْ هَذَا، قَالَ: هَذَا اَحْمَقُ مُتَّبَعٌ

عیینہ بن حصین، حضور ﷺ کے پاس آیا، آپ کے پاس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تھیں، آپ سے عرض کی: آپ کے پاس بیٹھنے والی کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: عائشہ! حضرت عیینہ نے عرض کی: کیا آپ کے لیے اس عورت سے زیادہ مقام والی نہیں ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: نہیں! حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: نکلو اور اجازت مانگو۔ اس نے کہا: مجھ پر قسم ہے کہ میں مضری پر اجازت نہ مانگوں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یہ کون ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ ایسا احمق ہے جس کی اتباع کی جاتی ہے۔

2221 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ، وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ، وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ یہ دعا کرتے تھے: اے اللہ! میں تجھ سے ایسی دعا سے پناہ مانگتا ہوں جو سنی نہ جائے اور ایسے دل سے جو نہ ڈرے اور ایسے نفس سے جو سیر نہ ہو۔

بَابٌ

باب

2222 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ يَتَزَوَّدْ فِي الدُّنْيَا يَنْفَعْهُ فِي الْآخِرَةِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو دنیا میں زادِ راہ اکٹھا کرتا ہے، آخرت میں اس کے لیے نفع ہوگا۔

2223 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الْعَطَّارُ، ثنا سَهْلُ بْنُ عَامِرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ بَيَانٍ، وَاِسْمَاعِيلَ،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنی نگاہِ مبارک آسمان کی طرف اُٹھائی، فرمایا: اللہ پاک ہے! کیا ہوگا جب بارش کے

عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ رَفَعَ بَصَرَهُ إِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ مَاذَا يُرْسَلُ عَلَيْهِمْ مِنَ الْفِتَنِ إِرْسَالَ الْقَطْرِ؟

قطروں کی طرح فتنے گریں گے۔

بَابٌ

2224 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي النَّضْرِ، وثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، قَالَا: ثنا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُهَاجِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ إِسْمَاعِيلَ بْنَ أَبِي خَالِدٍ، يُحَدِّثُ عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ

باب

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل نرمی پر وہ کچھ دیتا ہے جو سختی پر نہیں دیتا ہے۔

بَابٌ

2225 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْمَضَاءِ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ إِسْمَاعِيلَ بْنَ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْخُرْقِ، وَإِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا أَعْطَاهُ الرِّفْقَ، مَا مِنْ أَهْلِ بَيْتٍ يُحْرَمُونَ الرِّفْقَ إِلَّا قَدْ حُرِمُوا

باب

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نرمی پر وہ کچھ دیتا ہے جو سختی کرنے پر نہیں دیتا ہے جب اللہ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اس کو نرمی دے دیتا ہے جو گھر والے نرمی سے محروم کیے جائیں وہ ساری بھلائیوں سے محروم کیے گئے ہیں۔

2226 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ اَبِي خَيْرَةَ السَّدُوسِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُعْتَدِي فِي الصَّدَقَةِ كَمَانِعِهَا

روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: صدقہ میں حد سے بڑھنا ایسے ہے جس طرح نہ دینا۔

بَابٌ

2227 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَنْصُورٍ الْاَهْوَازِيُّ، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَكِيعِيُّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوهَا عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

باب

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مجھے لوگوں سے لڑنے کا حکم دیا گیا یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ پڑھ لیں جب وہ ایسا کرلیں تو انہوں نے مجھ سے اپنا خون اور اموال بچا لیے مگر حق کے ساتھ اور ان کا باطنی معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔

بَابٌ

2228 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ زِيَادٍ الرُّصَافِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مِنْدَهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ اَبِي السَّفَرِ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَنْصِتِ النَّاسَ، ثُمَّ قَالَ: لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

باب

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے فرمایا: لوگوں کو خاموش کرواؤ! پھر فرمایا: میرے بعد کافر نہ ہو جانا' ایک دوسرے کی گردنیں نہ اُتارنا۔

2229 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لوگ میت کو گنتے' یا فرمایا: میت والے اس کو دفن کرنے کے بعد' اسماعیل کو شک ہے' میں نے کہا: جی ہاں! یعنی مراد یہ

قَالَ: قَالَ جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: يُعَدِّدُونَ الْمَيِّتَ اَوْ قَالَ: اَهْلَ الْمَيِّتِ بَعْدَمَا يُدْفَنُ؟ - شَكَّ اِسْمَاعِيلُ - قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: كُنَّا نَعُدُّهَا النِّيَاحَةَ

ہے کہ ہم اسے نوحہ کرنا شمار کرتے تھے۔

2230 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كَانُوا يَرَوْنَ اَنَّ اجْتِمَاعَ اَهْلِ الْمَيِّتِ وَصَنْعَةَ الطَّعَامِ مِنَ النِّيَاحَةِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ خیال کرتے تھے کہ جس گھر میں کوئی فوت ہو جائے تو ان کا جمع ہونا اور کھانا بنانا نوحہ میں شامل ہے۔

بَابٌ

باب

2231 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَخْرَمُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ اَيُّوبَ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي غَنِيَّةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كَانَ يُقَالُ: النَّظْرَةُ الْاُولَى لَا يَمْلِكُهَا الرَّجُلُ، وَلَكِنَّ الَّذِي يُدْمِنُ النَّظَرَ دَسًّا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کہا جاتا ہے کہ پہلی دفعہ دیکھنا کسی آدمی کے قابو میں نہیں ہے لیکن وہ آدمی جو لگاتار جان بوجھ کر دیکھے (وہ حرام ہے)۔

2232 - حَدَّثَنَا اَبُو حَنِيفَةَ مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا اَبُو الْاَشْعَثِ اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ الْقَاسِمِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: (وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرَى بِظُلْمٍ وَاَهْلُهَا مُصْلِحُونَ) (هود: 117)، قَالَ: وَاَهْلُهَا يُنْصِفُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی: ''آپ کے رب کی شان نہیں ہے کہ اپنی طرف کی زیادتی سے بے وجہ بستیوں کو ہلاک کرے جبکہ وہاں کے لوگ نیک ہوں'' یعنی مراد وہاں کے رہنے والے ایک دوسرے سے انصاف کریں۔

بَابٌ

باب

2233 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ،

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے

2230- اخرجه احمد في مسنده جلد 2 صفحه 204 رقم الحديث: 6905 وابن ماجه جلد 1 صفحه 514 رقم الحديث: 1612 كلاهما عن اسماعيل عن قيس عن جرير به .

وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالُوا: ثنا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، ثنا بُهْلُولُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: سَاَلَ رَجُلٌ جَرِيرًا عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: كُنَّا نَمْسَحُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَا: اَقَبْلَ نُزُولِ الْمَائِدَةِ اَوْ بَعْدَ نُزُولِ الْمَائِدَةِ، قَالَ: اِنَّمَا اَسْلَمْتُ بَعْدَ نُزُولِ الْمَائِدَةِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھا' حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم حضورﷺ کے زمانہ میں ایسا کرتے تھے' ہم نے کہا: آپ پر سورۂ مائدہ کے نازل ہونے کے بعد اسلام لائے تھے یا بعد میں؟ آپ نے فرمایا: میں سورۂ مائدہ کے نزول کے بعد اسلام لایا ہوں۔

بَابٌ

باب

2234 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الْقَطَّانُ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْعَطَّارُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ: (وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا) (طه:130)، قَالَ: طُلُوعُ الشَّمْسِ صَلَاةُ الصُّبْحِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا صَلَاةُ الْعَصْرِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے اس آیت کہ "اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کریں طلوعِ شمس سے پہلے اور غروبِ شمس سے پہلے" کی تفسیر میں فرمایا: طلوعِ شمس سے مراد نمازِ فجر اور غروب سے پہلے نمازِ عصر مراد ہے۔

بَابٌ

باب

2235 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِسْحَاقَ الْوَزِيرُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَطِيَّةَ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُهَاجِرُونَ وَالْاَنْصَارُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاءُ بَعْضٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَالطُّلَقَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ، وَالْعُتَقَاءُ مِنْ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مہاجر اور انصار' دنیا و آخرت میں ایک دوسرے کے دوست ہیں' طلقاء قریش سے ہیں' عتقاء قبیلہ ثقیف سے ہیں' یہ دنیا و آخرت میں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔

ثَقِيفٍ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاءُ بَعْضٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

2236 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْاَحْمَسِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ الْقَاسِمِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا لَمْ يَتَنَدَّ بِدَمٍ حَرَامٍ اُدْخِلَ مِنْ اَيِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اس حالت میں مرا کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرایا اور حرام خون نہ بہایا تو وہ جنت کے جس دروازے سے چاہے داخل ہوگا۔

بَيَانُ بْنُ بِشْرٍ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيرٍ

حضرت بیان بن بشر' حضرت قیس سے' وہ حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2237 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا بَيَانُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: مَا حَجَبَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَآنِي اِلَّا ضَحِكَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں اسلام لایا ہوں' اُس وقت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اپنے پاس آنے سے کبھی نہیں روکا اور آپ مجھے جب بھی دیکھتے تو تبسم فرماتے تھے۔

2238 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدُ يُوسُفُ بْنُ يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا خَالِدٌ، عَنْ بَيَانَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: مَا حَجَبَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَآنِي اِلَّا ضَحِكَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں اسلام لایا ہوں' اُس وقت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے پردہ نہیں کیا اور آپ مجھے جب بھی دیکھتے تو تبسم فرماتے تھے۔

2239 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، ثنا بَيَانُ الْبَجَلِيُّ عَنْ قَيْسٍ، ثنا جَرِيرٌ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْبَدْرِ فَقَالَ: اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ

حضور ﷺ ہمارے پاس چودھویں رات کو تشریف لائے' آپ نے فرمایا: تم عنقریب اپنے رب کو دیکھو گے قیامت کے دن جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ اس کو دیکھنے میں تمہاری آنکھیں نہیں جھکتی ہیں۔

2240 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا خَالِدٌ، عَنْ بَيَانَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ بَيْتٌ يُقَالُ لَهُ ذَا الْخُلَصَةِ، كَانَ يُقَالُ لَهُ الْكَعْبَةُ الْيَمَانِيَةُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ اَنْتَ مُرِيحِي مِنْ ذِي الْخُلَصَةِ؟ قَالَ: فَمَرَرْتُ اِلَيْهِ بِخَمْسِينَ وَمِئَةِ فَارِسٍ مِنْ اَحْمَسَ فَكَسَرْتُهُ، وَقَتَلْنَا مَنْ وَجَدْنَاهُ عِنْدَهُ، فَاَتَيْتُهُ فَاَخْبَرْتُهُ فَدَعَا لَنَا وَلِلْاَحْمَسِيِّينَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ زمانۂ جاہلیت میں ایک گھر تھا جس کو ذی الخلصہ کہا جاتا تھا' اس کو کعبہ یمانیہ بھی کہا جاتا تھا' مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا آپ مجھے ذی الخلصہ سے راحت دیں گے؟ حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں احمس سے ایک سو پچاس گھڑسوار لے کر گزرا' میں نے اسے توڑا' جس کو اس کے پاس پایا اس کو قتل کیا' میں آیا اور آپ کو بتایا تو آپ نے ہمارے لیے اور احمس قبیلہ والوں کے لیے دعا کی۔

2241 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ عَامِرٍ الْبَجَلِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، وَبَيَانَ عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ رَفَعَ بَصَرَهُ اِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ مَاذَا يُرْسَلُ عَلَيْهِمْ مِنَ الْفِتَنِ اِرْسَالَ الْقَطْرِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنی نگاہِ مبارک آسمان کی طرف اُٹھائی' فرمایا: اللہ پاک ہے! کیا صورتِ حال ہو گی جب بارش کے قطروں کی طرح فتنے گریں گے۔

2242 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ بَيَانِ بْنِ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے'

بِشْرٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يَرْحَمُهُ اللّٰهُ

اللہ اس پر رحم نہیں فرماتا۔

مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ قَيْسٍ

حضرت مجالد بن سعید' حضرت قیس سے روایت کرتے ہیں

2243 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ، قَالَا: ثنا عُمَرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ بَيَانَ، وَاِسْمَاعِيلَ، وَمُجَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: خَرَجَ اِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْبَدْرِ فَنَظَرَ اِلَى الْقَمَرِ، فَقَالَ: تَنْظُرُونَ اِلَى رَبِّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَمَا تَنْظُرُونَ اِلَى هَذَا الْقَمَرِ لَا تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس چودھویں رات کو تشریف لائے' آپ نے چاند کی طرف دیکھا' آپ نے فرمایا: تم عنقریب اپنے رب کو دیکھو گے قیامت کے دن جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو کہ اس کو دیکھنے میں تمہاری آنکھیں نہیں جھپکتی ہیں۔

اِبْرَاهِيمُ بْنُ جَرِيرٍ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيرٍ

حضرت ابراہیم بن جریر' حضرت قیس سے' وہ حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2244 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ فَتَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے پیشاب کیا اور وضو کیا اور اپنے دونوں موزوں پر مسح کیا۔

اِبْرَاهِيمُ بْنُ جَرِيرٍ

حضرت ابراہیم بن جریر' حضرت

عَنْ جَرِيرٍ

2245 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَرِيرٍ فِي جِنَازَةٍ، وَكَانَ رَاكِبًا فَلَمَّا بَلَغْنَا الْمَقْبَرَةَ خَرَجَتْ حَيَّةٌ، فَقَالَ اِبْرَاهِيمُ: حَدَّثَنِي اَبِي اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ رَاَى حَيَّةً فَلَمْ يَقْتُلْهَا خَوْفًا مِنْهَا فَلَيْسَ مِنِّي

2246 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِصَاحِبِ الْحَقِّ: خُذْ حَقَّكَ فِي عَفَافٍ وَافٍ اَوْ غَيْرِ وَافٍ

جریر سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابراہیم بن جریر رضی اللہ عنہ اپنے والد سے اور وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے سانپ دیکھا اور اس کو ڈر کی وجہ سے مارا نہیں تو اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔

حضرت ابراہیم بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حق والے کے لیے ہے کہ اپنا حق لے پاک دامن بننے پر خواہ پورا ہو یا ادھورا ہو۔

طَارِقُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ عَنْ جَرِيرٍ

2247 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ الْخَيَّاطُ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَبْقَ مِنْ طَوَاغِيتِ الْجَاهِلِيَّةِ اِلَّا بَيْتُ ذِي

حضرت طارق بن عبدالرحمٰن، حضرت قیس بن ابوحازم سے، وہ حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جاہلیت کے بتوں میں سے کوئی بت نہیں رہا سوائے ذی الخلصہ کے بت کے، کون ہے جو اس کو گرا کر اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو راحت دے گا؟ میں نے عرض کی: میں! میں اپنے ساتھ سات سو افراد لے کر گیا، سارے کے سارے احمس قبیلہ کے

الْخُلَّصَةِ، فَمَنْ يَنْتَدِبُ لِلَّهِ وَلِرَسُولِهِ؟ فَقَالَ جَرِيرٌ: أَنَا فَانْتَدَبَ مَعَهُ سَبْعِمِائَةٍ كُلُّهُمْ مِنْ أَحْمَسَ، فَلَمْ يَفْجَأِ الْقَوْمُ إِلَّا بِنَوَاصِي الْخَيْلِ، فَقَتَلُوا وَخَرَّبُوا الْبَيْتَ، وَكَتَبُوا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبِشَارَةٍ، وَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ لَمْ يَبْقَ مِنْهُ إِلَّا كَالْبَعِيرِ الْمُهَنَّى أَوْ كَالْبَعِيرِ الْأَجْرَبِ فَخَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدًا ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ بَارِكْ لِأَحْمَسَ فِي خَيْلِهَا وَرِجَالِهَا

تھے سارے لوگ گھڑ سوار تھے اُنہوں نے ان کو قتل کیا اور ان کے گھر تباہ کیے۔ رسول اللہ ﷺ کی طرف اس کی بشارت لکھی اور آپ کو بتایا کہ اس سے کوئی باقی نہیں رہا مگر خارش زدہ اونٹ کی طرح تو حضور ﷺ سجدہ میں گر گئے پھر عرض کی: اے اللہ! احمس والوں کے گھڑ سواروں اور پیدل چلنے والوں میں برکت دے۔

زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ الْجُهَنِيُّ، عَنْ جَرِيرٍ

حضرت زید بن وہب جہنی حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2248 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللهُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے اللہ اس پر رحم نہیں کرتا۔

2249 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ أَبِي عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللَّهُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے اللہ اس پر رحم نہیں فرماتا۔

2250 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا أَبِي، ثنا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ جَرِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللَّهُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے اللہ اس پر رحم نہیں فرماتا۔

2251 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے' اللہ اس پر رحم نہیں فرماتا۔

2252 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قَضَاءٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ يَرْحَمُ النَّاسَ يَرْحَمُهُ اللّٰهُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے' اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

اَبُو وَائِلٍ شَقِيقُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ

ابووائل شقیق بن سلمہ' حضرت جریر بن عبداللہ سلمہ بن کہیل' حضرت ابووائل سے روایت کرتے ہیں

2253 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُهَاجِرُونَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاءُ بَعْضٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَالطُّلَقَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ، وَالْعُتَقَاءُ مِنْ ثَقِيفٍ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاءُ بَعْضٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مہاجر اور انصار' دنیا و آخرت میں ایک دوسرے کے دوست ہیں' طلقاء قریش سے ہیں' عتقاء قبیلہ ثقیف سے ہیں' یہ دنیا و آخرت میں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔

2254 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ:

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بیعت کرتے تو توحید و رسالت اور نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے اور اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنے پر

كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَايَعَ بَايَعَ عَلَى شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالسَّمْعِ، وَالطَّاعَةِ لِلّٰهِ وَلِرَسُولِهِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

بیعت کرتے۔

2255 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَلَمَةَ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَعَلَى مِلَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ، لَا تَغُلُّوا وَلَا تَغْدِرُوا وَلَا تُمَثِّلُوا وَلَا تَقْتُلُوا الْوِلْدَانَ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب کوئی سریہ بھیجتے تھے تو فرماتے: اللہ کے نام سے شروع اللہ کی راہ میں اور رسول اللہ کے دین پر چلو' خیانت نہ کرنا' دھوکہ نہ دینا' مثلہ نہ کرنا اور بچوں کو قتل نہ کرنا۔

2256 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ أَبُو يَحْيَى صَاعِقَةُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ الدَّهَّانُ، ثنا أَبُو مَرْيَمَ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا بَعَثَ جُيُوشَهُ قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَعَلَى مِلَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ لَا تَغُلُّوا، وَلَا تُمَثِّلُوا، وَلَا تَقْتُلُوا وَلِيدًا

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب کوئی سریہ بھیجتے تھے تو فرماتے: اللہ کے نام سے شروع اللہ کی راہ میں اور رسول اللہ کے دین پر چلو' خیانت نہ کرنا' دھوکہ نہ دینا' مثلہ نہ کرنا اور بچوں کو قتل نہ کرنا۔

عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ جَرِيرٍ

حضرت عاصم بن بہدلہ' حضرت ابووائل سے' وہ حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2257 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ پر شرط لگائیں کیونکہ آپ مجھ

شَقِيقٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اشْتَرِطْ عَلَيَّ فَأَنْتَ أَعْلَمُ بِالشَّرْطِ مِنِّي قَالَ: أُبَايِعُكَ عَلَى أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ لَا تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيمَ الصَّلَاةَ، وَتُؤْتِيَ الزَّكَاةَ وَتَنْصَحَ الْمُسْلِمَ، وَتُفَارِقَ الْمُشْرِكَ

سے زیادہ شرط لگانے کو جانتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اللہ کی عبادت اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانے اور نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے اور مسلمانوں سے خیر خواہی کرنے اور مشرکوں سے علیحدہ رہنے کی شرط پر میں تجھے بیعت کرتا ہوں۔

2258 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا ابْنُ عَائِشَةَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اشْتَرِطْ عَلَيَّ فَإِنَّكَ أَعْلَمُ، قَالَ: اعْبُدِ اللّٰهَ لَا تُشْرِكْ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيمُ الصَّلَاةَ، وَتُؤْتِي الزَّكَاةَ، وَتَنْصَحُ الْمُسْلِمَ، وَتَبَرَّأْ مِنَ الْكَافِرِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ پر شرط لگائیں کیونکہ آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اللہ کی عبادت کر' اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرا' نماز قائم کر' زکوٰۃ دے' مسلمانوں سے خیر خواہی کر اور مشرکوں سے علیحدہ رہ۔

2259 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اشْتَرِطْ عَلَيَّ فَأَنْتَ أَعْلَمُ بِالشَّرْطِ مِنِّي ثُمَّ ابْسُطْ يَدَكَ فَأُبَايِعَكَ، قَالَ: تَعْبُدُ اللّٰهَ لَا تُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَتُقِيمُ الصَّلَاةَ، وَتُؤْتِي الزَّكَاةَ، وَتَنْصَحُ الْمُسْلِمَ، وَتُفَارِقُ الْمُشْرِكَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ پر شرط لگائیں کیونکہ آپ مجھ سے زیادہ شرط لگانے کو جانتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اللہ کی عبادت کرنے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانے اور نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے اور مسلمانوں سے خیر خواہی کرنے اور مشرکوں سے علیحدہ رہنے کی شرط پر میں تجھے بیعت کرتا ہوں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ نبی کریم ﷺ سے اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

2260 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُهَاجِرُونَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَالطُّلَقَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ، وَالْعُتَقَاءُ مِنْ ثَقِيفٍ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

حضورﷺ نے فرمایا: مہاجر اور انصار' دنیا و آخرت میں ایک دوسرے کے دوست ہیں' طلقاء قریش سے ہیں' عتقاء قبیلہ ثقیف سے ہیں' یہ دنیا و آخرت میں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔

2261 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو مَسْعُودٍ أَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سَابِقٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَالطُّلَقَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ، وَالْعُتَقَاءُ مِنْ ثَقِيفٍ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مہاجر اور انصار' دنیا و آخرت میں ایک دوسرے کے دوست ہیں' قریش کے آزاد اور قبیلہ ثقیف آزاد شدہ' یہ ایک دوسرے کے دوست ہیں۔

2262 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: جَاءَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُجْتَابِي النِّمَارِ فَسَأَلُوهُ فَحَثَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ عَلَى الصَّدَقَةِ فَأَبْطَئُوا بِهَا حَتَّى عُرِفَ ذَلِكَ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ بِقِطْعَةِ تِبْرٍ فَأَلْقَاهَا فَتَتَابَعَ النَّاسُ فِي الصَّدَقَةِ حَتَّى عُرِفَ السُّرُورُ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دیہات کے کچھ لوگ حضورﷺ کی بارگاہ میں صرف ایک قمیص میں آئے' اُنہوں نے رسول اللہﷺ سے مانگا' آپﷺ نے لوگوں کو صدقے پر اُبھارا' لوگوں نے اس میں دیر کر دی یہاں تک کہ ناگواری کے اثرات رسول اللہﷺ کے چہرے سے معلوم کیے گئے' انصار میں سے ایک شخص سونے کی ڈلی لے کر آیا' اس کو ڈالا تو لوگ بھی لگاتار لانے لگے۔ خوشی کے اثرات رسول اللہﷺ کے چہرے سے معلوم کیے گئے' آپ نے فرمایا: جس نے اچھا طریقہ رائج کیا' اس کے بعد وہی

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ كَانَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِهَا وَاَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اُجُورِهِمْ شَيْءٌ، وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعُمِلَ بِهَا كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ

عمل کیا جاتا رہا تو اُس کے لیے اُتنا ہی ثواب ہے جتنا کرنے والے کو مل رہا ہے' ان کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی' جس نے اسلام میں بُرا طریقہ رائج کیا اُس کے لیے اُتنا ہی گناہ ہوگا جو بھی اس کے بعد عمل کرے گا' اس کے گناہ میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

2263 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَاَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَثَّ النَّاسَ عَلَى الصَّدَقَةِ حَتَّى رُؤِيَ ذٰلِكَ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ بِذَهَبَةٍ فَنَبَذَهَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُؤِيَ السُّرُورُ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً فِي الْاِسْلَامِ فَعُمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ كَانَ لَهُ اَجْرُهَا وَمِثْلُ اَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا لَا يَنْقُصُ مِنْ اُجُورِهِمْ شَيْءٌ، وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً فِي الْاِسْلَامِ فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَمِثْلُ وِزْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا لَا يَنْقُصُ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے مانگا' آپ ﷺ نے لوگوں کو صدقے پر اُبھارا' یہاں تک کہ ناگواری کے اثرات رسول اللہ ﷺ کے چہرے سے معلوم کیے گئے' انصار میں سے ایک شخص سونے کی ڈلی لے کر آیا' نبی کریم ﷺ کے سامنے اس نے اس کو ڈالا تو خوشی کے اثرات رسول اللہ ﷺ کے چہرے سے معلوم کیے گئے۔ آپ نے فرمایا: جس نے اچھا طریقہ رائج کیا' اس کے بعد وہی عمل کیا جاتا رہا تو اُس کے لیے اُتنا ہی ثواب ہے جتنا کرنے والے کو مل رہا ہے' ان کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی' جس نے اسلام میں بُرا طریقہ رائج کیا اُس کے لیے اُتنا ہی گناہ ہوگا جو بھی اس کے بعد عمل کرے گا' اس کے گناہ میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

اَلْحَكَمُ بْنُ عُتَيْبَةَ عَنْ اَبِي وَائِلٍ

حضرت حکم بن عتیبہ' حضرت ابووائل سے روایت کرتے ہیں

2264 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مہاجر اور انصار' دنیا و آخرت

عَنْ حَجَّاجٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الطُّلَقَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ، وَالْعُتَقَاءُ مِنْ ثَقِيفٍ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاءُ بَعْضٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

میں ایک دوسرے کے دوست ہیں' قریش کے آزاد کردہ قبیلہ ثقیف کے آزاد شدہ بھی یہ دنیا و آخرت میں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔

سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِي وَائِلٍ عَنْ جَرِيرٍ

حضرت سلیمان اعمش' حضرت ابووائل سے' وہ حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

3317 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عَتَّابٍ اَبُو بَكْرٍ الْاَعْيَنُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ الْقَطَوَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ الْحَمَّالُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الزَّجَّاجُ، قَالُوا: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ، ثنا عِيسَى بْنُ دِينَارٍ الْمُؤَذِّنُ، حَدَّثَنِي اَبِي اَنَّهُ سَمِعَ الْحَارِثَ بْنَ ضِرَارٍ الْخُزَاعِيَّ يَقُولُ: قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَانِي اِلَى الْاِسْلَامِ، فَدَخَلْتُ فِيهِ وَاَقْرَرْتُ بِهِ، وَدَعَانِي اِلَى الزَّكَاةِ، فَاَقْرَرْتُ بِهَا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرْجِعُ

حضرت حارث بن ضرار الخزاعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' مجھے آپ نے اسلام کی دعوت دی تو میں اسلام لایا اور میں نے اس کا اقرار کیا' آپ ﷺ نے مجھے زکوٰۃ دینے کی دعوت دی' میں نے اس کا اقرار کیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اپنی قوم کی طرف واپس جاؤں گا اور انہیں اسلام کی دعوت دوں گا اور زکوٰۃ ادا کرنے کے لیے کہوں گا' جنہوں نے میری بات مانی تو میں ان سے زکوٰۃ اکٹھی کروں گا اور یا رسول اللہ! اپنا نمائندہ فلاں فلاں وقت آپ بھیجیں گے' لے آئے گا جو میں نے جمع کی ہوگی۔ جب میں نے زکوٰۃ جمع کی تو وہ وقت آ پہنچا'

إِلَى قَوْمِي فَادْعُوهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ وَأَدَاءِ الزَّكَاةِ، فَمَنِ اسْتَجَابَ لِي مِنْهُمْ جَمَعْتُ زَكَاتَهُ، فَتُرْسِلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ رَسُولًا لِإِبَّانِ كَذَا وَكَذَا يَأْتِيكَ مَا جَمَعْتُ مِنَ الزَّكَاةِ. فَلَمَّا جَمَعَ الْحَارِثُ الزَّكَاةَ مِمَّنِ اسْتَجَابَ لَهُ وَبَلَغَ الْإِبَّانَ الَّذِي أَرَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَبْعَثَ إِلَيْهِ، احْتَبَسَ عَلَيْهِ الرَّسُولُ فَلَمْ يَأْتِهِ، فَظَنَّ الْحَارِثُ أَنَّهُ قَدْ حَدَثَ فِيهِ سَخَطٌ مِنَ اللّٰهِ وَمِنْ رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا سَرَوَاتِ قَوْمِهِ، فَقَالَ لَهُمْ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ وَقَّتَ لِي وَقْتًا يُرْسِلُ إِلَيَّ رَسُولَهُ لِيَقْبِضَ مَا كَانَ عِنْدِي مِنَ الزَّكَاةِ، وَلَيْسَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخُلْفُ، لَا أَرَى حَبْسَ رَسُولِهِ إِلَّا مِنْ سَخْطَةٍ كَانَتْ، فَانْطَلِقُوا فَنَأْتِيَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَلِيدَ بْنَ عُقْبَةَ إِلَى الْحَارِثِ لِيَقْبِضَ مَا كَانَ عِنْدَهُ مِمَّا جَمَعَ مِنَ الزَّكَاةِ، فَلَمَّا أَنْ سَارَ الْوَلِيدُ حَتَّى بَلَغَ بَعْضَ الطَّرِيقِ، فَرِقَ فَرَجَعَ، فَأَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ الْحَارِثَ مَنَعَنِي الزَّكَاةَ وَأَرَادَ قَتْلِي . فَضَرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَعْثَ إِلَى الْحَارِثِ، وَأَقْبَلَ الْحَارِثُ بِأَصْحَابِهِ حَتَّى إِذَا اسْتَقْبَلَ الْبَعْثُ وَفَصَلَ مِنَ الْمَدِينَةِ لَقِيَهُمُ الْحَارِثُ، قَالُوا: هَذَا الْحَارِثُ، فَلَمَّا غَشِيَهُمْ قَالَ لَهُمْ: إِلَى مَنْ بُعِثْتُمْ؟ قَالُوا: إِلَيْكَ . قَالَ:

جس کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف بھیجنے کا وعدہ کیا تھا' اس کو نمائندہ روک لیا گیا' وہ نہ آیا' میں نے گمان کیا کہ اس میں اللہ اور اس کے رسول کی ناراضگی ہوگئی ہے۔ میں نے قوم کے سرداروں کو بلایا' ان سے کہا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وقت مقرر فرمایا تھا' میری طرف آپ جو نمائندہ بھیجیں گے تاکہ زکوٰۃ لے جائے' جو میں نے اکٹھی کی تھی' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وعدہ خلافی نہیں ہو سکتی' میرا خیال ہے کہ آپ کے نمائندہ کو روک لیا گیا ہے کسی ناراضگی سے۔ تم چلو' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جائیں' ادھر صورتِ حال یہ بنی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ولید بن عقبہ کو میری طرف بھیجا تاکہ زکوٰۃ لے جائے جو میں نے جمع کی تھی۔ جب ولید کچھ راستہ چلا تو ڈر گیا اور واپس چلا آیا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' عرض کی: یارسول اللہ! حارث نے مجھے زکوٰۃ نہیں دی اور اس نے مجھے قتل کرنے کا ارادہ کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری طرف قافلہ کو بھیجا' ادھر سے میں اپنے ساتھیوں سمیت چلا' وہ چلے مدینہ کے قریب تھے کہ میں اُن کو ملا۔ اُنہوں نے کہا: یہ حارث ہے! جب اُنہوں نے گھیرا تو میں نے انہیں کہا: تم کس کی طرف بھیجے گئے ہو؟ اُنہوں نے کہا: آپ کی طرف! کہا: کیوں؟ اُس آنے والے نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ولید بن عقبہ کو آپ کی طرف بھیجا تھا' وہ واپس گیا اور اس نے گمان کیا کہ آپ زکوٰۃ دینے سے انکار کرتے ہیں اور آپ نے اس کو قتل کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ میں نے کہا: میں نے ایسے نہیں کیا' وہ

وَلِمَ؟ قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ بَعَثَ الْوَلِيدَ بْنَ عُقْبَةَ، فَرَجَعَ فَزَعَمَ اَنَّكَ مَنَعْتَ الزَّكَاةَ وَاَرَدْتَ قَتْلَهُ ـ فَقَالَ: لَا وَالَّذِى بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ مَا رَاَيْتُهُ وَلَا آتَانِى، وَمَا اَقْبَلْتُ اِلَّا حِينَ احْتَبَسَ عَلَىَّ رَسُولًا خَشْيَةَ اَنْ يَكُونَ سَخْطَةً مِنَ اللّٰهِ وَمِنْ رَسُولِهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ ـ فَنَزَلَتِ الْحُجُرَاتُ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اِنْ جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوا اَنْ تُصِيبُوا قَوْمًا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوا عَلَى مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِينَ) (الحجرات:6) اِلَى هَذَا الْمَكَانِ: (فَضْلًا مِنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً وَاللّٰهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ) (الحجرات:8)

ذات جس نے محمد ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں نے انہیں دیکھا نہ میرے پاس آیا ہے میں خود آ رہا تھا کہ نمائندہ کو روک لیا گیا' اس خوف سے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ناراضگی نہ ہو۔ سورۂ حجرات کی آیت نازل ہوئی: ''اے ایمان والو! اگر تمہارے پاس کوئی فاسق خبر لے کر آئے تو اس کی اچھی طرح جانچ پڑتال کرلو' کہیں ایسا نہ ہو کہ تم بے علمی میں کسی قوم کو تکلیف پہنچا دو پھر جو تم نے کیا ہے اس پر ندامت کرو'' اس آیت تک: ''یہ اللہ کا فضل اور نعمت ہے' اللہ جاننے والا حکمت والا ہے''۔

الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَان الْاَنْصَارِىُّ قُتِلَ يَوْمَ مُؤْتَةَ

حضرت حارث بن نعمان انصاری' آپ کو موتہ کے دن شہید کیا گیا تھا

3318 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِىُّ، حَدَّثَنِى اَبِى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِى الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِى تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ مُؤْتَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ: الْحَارِثُ بْنُ النُّعْمَانِ بْنِ يَسَافِ بْنِ نَضْلَةَ بْنِ عَبْدِ عَوْفِ بْنِ غَنْمٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار میں سے جو موتہ کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن نعمان بن یساف بن نضلہ بن عبدعوف بن غنم کا بھی ہے۔

الْحَارِثُ بْنُ خَزْمَةَ بْنِ اَبِى غَنْمٍ الْاَنْصَارِىُّ، بَدْرِىٌّ

حضرت حارث بن خزمہ بن ابو غنم انصاری بدری رضی اللہ عنہ

3319 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِىُّ، حَدَّثَنِى اَبِى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِى

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک

الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ: الْحَارِثُ بْنُ خَزْمَةَ بْنِ اَبِي غَنْمِ بْنِ سَالِمِ بْنِ عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ

نام حارث بن خزمہ بن ابوغنم بن سالم بن عوف بن حارث بن خزرج کا بھی ہے۔

3320 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّبِيتِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ: الْحَارِثُ بْنُ خَزْمَةَ بْنِ عَدِيٍّ، حَلِيفٌ لَهُمْ مِنْ بَنِي سَالِمٍ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار اور بنی نبیت اور بنی عبدالاشہل میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن خزمہ بن عدی کا ہے یہ بنی سالم کے حلیف تھے۔

الْحَارِثُ بْنُ غُطَيْفٍ الْكِنْدِيُّ

حضرت حارث بن غطیف الکندی رضی اللہ عنہ

3321 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ سَيْفٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ سَيْفٍ الْعَنْسِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ غُطَيْفٍ اَوْ غُطَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ الْكِنْدِيِّ، قَالَ: مَهْمَا نَسِيتُ فَاِنِّي لَمْ اَنْسَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَضَعُ يَدَهُ الْيُمْنَى عَلَى الْيُسْرَى فِي الصَّلَاةِ. لَمْ يُذْكَرْ اَبُو رَاشِدٍ

حضرت غطیف بن حارث الکندی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نہ بھولا ہوں نہ بھولوں گا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز میں دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھتے تھے۔ ابوراشد نے ذکر نہیں کیا۔

3322 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ

حضرت حارث بن غطیف رضی اللہ عنہ فرماتے

مِقْلَاصٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ سَيْفٍ، عَنْ أَبِي رَاشِدٍ الْحُبْرَانِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ غُطَيْفٍ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاضِعًا يَمِينَهُ عَلَى شِمَالِهِ فِي الصَّلَاةِ

ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے نماز میں دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھا تھا۔

الْحَارِثُ بْنُ حَاطِبٍ الْأَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ

حضرت حارث بن حاطب انصاری بدری رضی اللہ عنہ

3323 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْأَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي أُمَيَّةَ بْنِ زَيْدٍ: الْحَارِثُ بْنُ حَاطِبٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور قبیلہ اوس اور بنی عمرو بن عوف اور بنی امیہ بن زید میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن حاطب کا ہے۔

3324 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الْحَارِثُ بْنُ حَاطِبٍ الْأَنْصَارِيُّ، مِنْ بَنِي حَارِثَةَ، رَجَعَ مِنَ الرَّوْحَاءِ

حضرت محمد بن عبید اللہ بن ابو رافع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جو جنگ میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حارث بن حاطب انصاری کا بھی ہے' بنی حارثہ سے روحاء کے مقام سے واپس آ گئے تھے۔

3325 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: ضَرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفَرٍ

حضرت زہری فرماتے ہیں کہ مہاجرین و انصار میں سے جن کا بدر کے دن مکمل حصہ رکھا گیا باوجودیکہ وہ غیر حاضر ہوئے بلکہ کسی عذر کی بناء پر' ان انصار میں سے ابولبابہ بن عبدالمنذر اور حارث بن حاطب بھی

مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْاَنْصَارِ بِسِهَامِهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ كَامِلَةً، وَكَانُوا غُيَّبًا عَنْهَا لِعُذْرٍ كَانَ لَهُمْ، مِنْهُمْ مِنَ الْاَنْصَارِ اَبُو لُبَابَةَ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ، وَالْحَارِثُ بْنُ حَاطِبٍ

ہیں۔

الْحَارِثُ بْنُ عَمْرٍو عَمُّ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، بَدْرِيٌّ

حضرت براء بن عازب کے چچا حارث بن عمرو بدری رضی اللہ عنہ

3326 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَقِيتُ عَمِّي وَمَعَهُ رَايَةٌ، فَقُلْتُ: اَيْنَ تُرِيدُ؟ فَقَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةَ اَبِيهِ، وَاَمَرَنِي اَنْ اَقْتُلَهُ

حضرت یزید بن براء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں اپنے چچا سے ملا' آپ کے ساتھ جھنڈا تھا' میں نے کہا: آپ کا ارادہ کہاں کا ہے؟ کہا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسے آدمی کی طرف قتل کرنے کے لیے بھیجا ہے جس نے اپنے باپ کی زوجہ سے شادی کی ہے۔

3327 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا هُشَيْمٌ، اَنَا اَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: مَرَّ بِي الْحَارِثُ بْنُ عَمْرٍو وَقَدْ عَقَدَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: اِلَى اَيْنَ بَعَثَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: بَعَثَنِي اِلَى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةَ اَبِيهِ بَعْدَهُ اَنْ اَضْرِبَ عُنُقَهُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حارث بن عمرو رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں بھیجا تھا' میں نے کہا: آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہاں بھیجا ہے؟ کہا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسے آدمی کی طرف قتل کرنے کے لیے بھیجا ہے جس نے اپنے والد کے مرنے کے بعد اس کی بیوی سے شادی کی ہے۔

3328 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ جَعْفَرٍ الْوَكِيعِيُّ الْمِصْرِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ جَنَادٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ

حضرت یزید بن براء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے چچا سے ملا' اُنہوں نے جھنڈا اُٹھایا ہوا تھا' میں نے کہا: آپ کا ارادہ

عَدِيّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَقِيتُ عَمِّي وَقَدِ اعْتَقَدَ رَايَةً، فَقُلْتُ: اَيْنَ تُرِيدُ؟ فَقَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى رَجُلٍ نَكَحَ امْرَاَةَ اَبِيهِ اَضْرِبُ عُنُقَهُ وَآخُذُ مَالَهُ . وَهٰكَذَا رَوَاهُ اَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ وَزَيْدُ بْنُ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَدِيّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَقِيتُ عَمِّي . وَخَالَفَهُمَا السُّدِّيُّ، فَرَوَاهُ عَنْ عَدِيّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: لَقِيتُ خَالِي. وَخَالُهُ اَبُو بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ، وَلَمْ يُدْخِلْ بَيْنَ عَدِيّ وَالْبَرَاءِ يَزِيدَ

کہاں کا ہے؟ کہا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھیجا ہے ایسے آدمی کی طرف جس نے اپنے والد کی بیوی سے شادی کی ہے اُسے قتل کرنے کے لیے اور اس کا مال لینے کے لیے۔ اشعث بن سوار اور زید بن ابوانیسہ نے عدی بن ثابت سے اُنہوں نے یزید بن براء سے وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے چچا سے ملا۔ سدی نے دونوں کی مخالفت کی ہے۔ عدی بن ثابت نے براء سے روایت کی ہے وہ فرماتے ہیں: میں اپنے خالو سے ملا ان کے خالو ابو بردہ بن نیار تھے عدی اور براء کے درمیان یزید کو داخل نہیں کیا۔

3329 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ السُّدِّيّ، عَنْ عَدِيّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: لَقِيتُ خَالِي وَمَعَهُ رَايَةٌ، فَقُلْتُ: اَيْنَ تَذْهَبُ؟ قَالَ: اَرْسَلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى رَجُلٍ نَكَحَ امْرَاَةَ اَبِيهِ مِنْ بَعْدِهِ اَضْرِبُ عُنُقَهُ وَاَقْتُلُهُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے خالو سے اس حالت میں ملا کہ آپ کے پاس جھنڈا تھا میں نے کہا: کہاں جانا چاہتے ہیں؟ کہا: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسے آدمی کو قتل کرنے کے لیے بھیجا ہے جس نے اپنے والد کی وفات کے بعد اس کی بیوی سے شادی کی ہے میں نے اسے قتل کرنا ہے۔

الْحَارِثُ بْنُ حَاطِبٍ الْجُمَحِيُّ

حضرت حارث بن حاطب الجمحی رضی اللہ عنہ

وَهُوَ الْحَارِثُ بْنُ حَاطِبِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ مَعْمَرِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ وَهْبِ بْنِ حُذَافَةَ بْنِ جُمَحَ، وَاُمُّهُ فَاطِمَةُ بِنْتُ الْمُجَلِّلِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَيْسِ بْنِ عَبْدِ وَدِّ بْنِ نَضْرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حَسَلٍ، هَاجَرَتْ بِهِ

یہ حارث بن حاطب بن حارث بن معمر بن حبیب بن وہب بن حذافہ بن جمح رضی اللہ عنہ ہیں آپ کی والدہ فاطمہ بنت مجلل بن عبداللہ بن ابوقیس بن عبدودّ بن نضر بن مالک بن حسل ہیں اُنہوں نے

إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ مَعَ زَوْجِهَا حَاطِبِ بْنِ الْحَارِثِ

اپنے شوہر حاطب بن حارث کے ساتھ حبشہ کی سرزمین کی طرف ہجرت کی تھی۔

3330 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحِ الْعِجْلِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْوَاسِطِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَذُوعِيُّ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَاطِبٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِلِصٍّ، فَقَالَ: اقْتُلُوهُ . فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّمَا سَرَقَ . قَالَ: اقْتُلُوهُ . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّمَا سَرَقَ . قَالَ: اقْطَعُوا يَدَهُ . ثُمَّ سَرَقَ فَقُطِعَتْ رِجْلُهُ، ثُمَّ سَرَقَ عَلَى عَهْدِ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى قُطِعَتْ قَوَائِمُهُ كُلُّهَا، ثُمَّ سَرَقَ الْخَامِسَةَ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْلَمَ بِهٰذَا حِينَ قَالَ: اقْتُلُوهُ

حضرت حارث بن حاطب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک چور لایا گیا' آپ نے فرمایا: اسے قتل کر دو! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری کی ہے' آپ نے فرمایا: اسے قتل کرو! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری کی ہے' آپ نے فرمایا: اس کا ہاتھ کاٹ دو! اس نے پھر چوری کی' اس کا پاؤں کاٹا گیا' پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں چوری کی تو اس کے سارے اعضاء کاٹے گئے' پھر پانچویں مرتبہ چوری کی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی حالت کو زیادہ جانتے تھے' جس وقت آپ نے اسے قتل کرنے کا حکم دیا تھا۔

3331 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ يَعْقُوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ، اَنَّ الْحَارِثَ بْنَ حَاطِبٍ ذَكَرَ ابْنَ الزُّبَيْرِ، فَقَالَ: طَالَمَا حَرَصَ عَلَى الْإِمَارَةِ . قُلْنَا: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: اُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلِصٍّ وَاَمَرَ بِقَتْلِهِ، فَقِيلَ لَهُ: اِنَّهُ سَرَقَ، فَقَالَ: اقْطَعُوهُ . ثُمَّ

حضرت محمد بن حاطب سے روایت ہے کہ حضرت حارث بن حاطب نے ابن زبیر کے ہاں ذکر کیا' فرمایا: آپ حکومت کی خواہش رکھتے ہیں' ہم نے کہا: کیسے؟ فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک چور لایا گیا' آپ نے اسے قتل کرنے کا حکم دیا' آپ سے عرض کی گئی: اس نے چوری کی ہے' آپ نے فرمایا: اس کا ہاتھ کاٹ دو! پھر اس کو حضرت ابوبکر کے دورِ خلافت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

أُتِيَ بِهِ بَعْدُ إِلَى أَبِي بَكْرٍ وَقَدْ سَرَقَ، وَقَدْ قُطِعَتْ قَوَائِمُهُ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا أَجِدُ لَكَ شَيْئًا إِلَّا مَا قَضَى فِيكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أَمَرَ بِقَتْلِكَ، فَإِنَّهُ كَانَ أَعْلَمَ بِكَ . ثُمَّ أَمَرَ بِقَتْلِهِ أُغَيْلِمَةً مِنْ أَبْنَاءِ الْمُهَاجِرِينَ أَنَا فِيهِمْ، فَقَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ: أَمِّرُونِي عَلَيْنَا، ثُمَّ انْطَلَقْنَا بِهِ . فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

وصال کے بعد لایا گیا کیونکہ اُس نے چوری کی تھی تو اس کے اعضاء کاٹے گئے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اس کے لیے وہی شی پاتا ہوں مگر جو فیصلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے متعلق کیا تھا' جس دن آپ نے اسے قتل کرنے کا حکم دیا تھا' کیونکہ آپ اس کی طبیعت زیادہ جانتے تھے۔ حضرت ابوبکر نے مہاجرین کے بچوں میں سے کسی لڑکے کو اسے قتل کرنے کا حکم دیا' میں ان میں شامل تھا۔ حضرت ابن زبیر نے فرمایا: مجھے بس اس کا حکم دیتے ہیں' پھر ہم چلے گئے' اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

الْحَارِثُ أَبُو مَالِكٍ الْأَشْعَرِيُّ رَبِيعَةُ الْجُرَشِيُّ عَنْ أَبِي مَالِكٍ

حضرت حارث ابو مالک اشعری ربیعہ الجرشی رضی اللہ عنہ' حضرت ابو مالک سے روایت کرتے ہیں

3332 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا قَتَادَةُ بْنُ الْفُضَيْلِ الرَّهَاوِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ الْغَازِ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ أَبَا مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ فِي أُمَّتِي الْخَسْفُ وَالْمَسْخُ وَالْقَذْفُ . قُلْنَا: فِيمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: بِاتِّخَاذِهِمُ الْقَيْنَاتِ، وَشُرْبِهِمُ الْخُمُورَ

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میری اُمت میں دھنسنا اور شکلوں کا بگڑنا تہمت لگانا ہوگا۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کیسا وقت ہوگا؟ آپ نے فرمایا: گانے والی لونڈیاں ہوں گی اور شراب پی جائے گی۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ غَنْمٍ عَنْ أَبِي مَالِكٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن غنم' حضرت ابو مالک اشعری سے روایت

الْاَشْعَرِيّ | کرتے ہیں

3333 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، أَنَّ أَبَا مَالِكٍ الْأَشْعَرِيَّ قَالَ لِقَوْمِهِ: اجْتَمِعُوا أُصَلِّي بِكُمْ صَلَاةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَلَمَّا جَمَعَهُمْ قَالَ: هَلْ فِيكُمْ أَحَدٌ مِنْ غَيْرِكُمْ؟ قَالُوا: لَا إِلَّا ابْنَ أُخْتٍ لَنَا . قَالَ: ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ . فَدَعَا بِجَفْنَةٍ فِيهَا مَاءٌ، فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ، وَغَسَلَ قَدَمَيْهِ، ثُمَّ صَلَّى بِهِمُ الظُّهْرَ، فَكَبَّرَ فِيهَا اثْنَتَيْنِ وَعِشْرِينَ تَكْبِيرَةً، يُكَبِّرُ إِذَا سَجَدَ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السُّجُودِ، وَقَرَأَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَيُسْمِعُ مَنْ يَلِيهِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی قوم سے کہا: اکٹھے ہو! میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز سکھاتا ہوں‘ جب لوگ جمع ہوئے تو کہا: کیا تمہارے علاوہ کوئی اور بھی ہے؟ اُنہوں نے کہا: نہیں سوائے ہماری بہن زادے کے۔ میں نے کہا: بہن کا بیٹا قوم میں شامل ہوتا ہے۔ پھر میں نے پانی کا برتن منگوایا‘ دونوں ہاتھ دھوئے اور کُلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا ور کلائیوں کو تین مرتبہ دھویا‘ سر کا ایک مرتبہ مسح کیا اور دونوں قدم دھوئے‘ پھر ان کو ظہر کی نماز پڑھائی‘ اس میں بائیس تکبیریں کہیں‘ جب سجدہ کرتے اور سجدہ سے سر اُٹھاتے تو تکبیر کہتے اور پہلی دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ (اور سورۃ پڑھی) اتنی آواز میں کہ ساتھ والا سن سکے۔

3334 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا قَتَادَةُ، ثنا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ أَنَّهُ جَمَعَ أَصْحَابَهُ، فَقَالَ: هَلْ أُصَلِّي بِكُمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ وَكَانَ رَجُلًا مِنَ الْأَشْعَرِيِّينَ، فَدَعَا بِجَفْنَةٍ مِنْ مَاءٍ، فَغَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثًا، وَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَذِرَاعَيْهِ، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ وَأُذُنَيْهِ، وَمَسَحَ قَدَمَيْهِ، وَصَلَّى الظُّهْرَ، فَصَلَّى فِيهَا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَكَبَّرَ ثِنْتَيْنِ وَعِشْرِينَ تَكْبِيرَةً

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی قوم سے کہا: اکٹھے ہو! میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز سکھاتا ہوں‘ جب لوگ جمع ہوئے تو کہا: کیا تمہارے علاوہ کوئی اور بھی ہے؟ اُنہوں نے کہا: نہیں سوائے ہماری بہن زادے کے۔ میں نے کہا: بہن کا بیٹا قوم میں شامل ہوتا ہے۔ پھر میں نے پانی کا برتن منگوایا‘ دونوں ہاتھ دھوئے اور کُلی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا ور کلائیوں کو تین مرتبہ دھویا‘ سر کا ایک مرتبہ مسح کیا اور دونوں قدم دھوئے‘ پھر ان کو ظہر کی نماز پڑھائی‘ اس میں بائیس

تکبیریں کہیں' جب سجدہ کرتے اور سجدہ سے سر اُٹھاتے تو تکبیر کہتے اور پہلی دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ (اور سورۃ پڑھی) اتنی آواز میں کہ ساتھ والا سن سکے۔

3335 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّهُ قَالَ لِقَوْمِهِ: اجْتَمِعُوا اُصَلِّي بِكُمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَاجْتَمَعُوا، فَقَالَ: هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ؟ فَقَالُوا: لَا اِلَّا ابْنَ اُخْتٍ لَنَا . قَالَ: فَذَلِكَ مِنَ الْقَوْمِ . فَدَعَا بِجَفْنَةٍ فِيهَا مَاءٌ، فَتَوَضَّاَ وَهُمْ شُهُودٌ، فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ وَظَهْرِ قَدَمَيْهِ، ثُمَّ صَلَّى بِهِمُ الظُّهْرَ، فَكَبَّرَ فِيهَا ثِنْتَيْنِ وَعِشْرِينَ تَكْبِيرَةً، يُكَبِّرُ اِذَا سَجَدَ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ، وَقَرَاَ بِهِمْ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ، وَاَسْمَعَ مَنْ يَلِيهِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی قوم سے کہا: اکٹھے ہو! میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز سکھاتا ہوں' جب لوگ جمع ہوئے تو کہا: کیا تمہارے علاوہ کوئی اور بھی ہے؟ اُنہوں نے کہا: نہیں سوائے ہماری بہن زادے کے۔ میں نے کہا: بہن کا بیٹا قوم میں شامل ہوتا ہے۔ پھر میں نے پانی کا برتن منگوایا' دونوں ہاتھ دھوئے اور کُلّی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا ور کلائیوں کو تین مرتبہ دھویا' سر کا ایک مرتبہ مسح کیا اور دونوں قدم دھوئے' پھر ان کو ظہر کی نماز پڑھائی' اس میں بائیس تکبیریں کہیں' جب سجدہ کرتے اور سجدہ سے سر اُٹھاتے تو تکبیر کہتے اور پہلی دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ (اور سورۃ پڑھی) اتنی آواز میں کہ ساتھ والا سن سکے۔

3336 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى الطَّائِيُّ، حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّهُ قَالَ: اجْتَمِعُوا اُصَلِّي بِكُمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَاجْتَمَعُوا، فَقَالَ: اَفِيكُمْ اَحَدٌ مِنْ غَيْرِكُمْ؟ قَالُوا: لَا اِلَّا ابْنَ اُخْتٍ لَنَا . قَالَ: ابْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ . فَدَعَا بِجَفْنَةٍ فَتَوَضَّاَ مِنْهَا، فَمَضْمَضَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی قوم سے کہا: اکٹھے ہو! میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز سکھاتا ہوں' جب لوگ جمع ہوئے تو کہا: کیا تمہارے علاوہ کوئی اور بھی ہے؟ اُنہوں نے کہا: نہیں سوائے ہماری بہن زادے کے۔ میں نے کہا: بہن کا بیٹا قوم میں شامل ہوتا ہے۔ پھر میں نے پانی کا برتن منگوایا' دونوں ہاتھ دھوئے اور کُلّی کی اور ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا ور کلائیوں کو

وَاسْتَنْشَقَ، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلاثًا، وَيَدَيْهِ ثَلاثًا، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ وَظَهْرِ قَدَمَيْهِ، وَتَقَدَّمَ فَصَلَّى بِهِمُ الظُّهْرَ، فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ يُسْمِعُ مَنْ يَلِيهِ

تین مرتبہ دھویا' سر کا ایک مرتبہ مسح کیا اور دونوں قدم دھوئے' پھر ان کو ظہر کی نماز پڑھائی' اس میں بائیس تکبیریں کہیں' جب سجدہ کرتے اور سجدہ سے سر اُٹھاتے تو تکبیر کہتے اور پہلی دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ (اور سورۃ پڑھی) اتنی آواز میں کہ ساتھ والا سن سکے۔

3337 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أنا خَالِدٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ أَنَّهُ قَالَ: تَعَالَوْا حَتَّى أُرِيَكُمْ كَيْفَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي؟ فَقَامَ فَكَبَّرَ إِذَا رَكَعَ وَإِذَا سَجَدَ، فَلَمَّا نَهَضَ مِنَ الْجُلُوسِ بَعْدَ الرَّكْعَتَيْنِ كَبَّرَ

حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے قوم کو کہا: آؤ! میں تمہیں بتاؤں کہ رسول اللہ ﷺ نماز کیسے پڑھتے تھے۔ میں کھڑا ہوا' رکوع اور سجدہ میں جب گیا تو تکبیر کہی' جب دو رکعتوں کے بعد بیٹھ کر اُٹھنے لگا تو میں نے اللہ اکبر کہا۔

3338 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيدِ الرَّقَّامُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، ثنا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا بُدَيْلُ بْنُ مَيْسَرَةَ، ثنا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو مَالِكٍ الْأَشْعَرِيُّ: لَأُصَلِّيَنَّ بِكُمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَدَعَا بِوَضُوءٍ فَتَوَضَّأَ، ثُمَّ قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ، فَصَفَّ الرِّجَالَ وَصَفَّ خَلْفَهُمُ الْغِلْمَانَ، فَجَعَلَ يُكَبِّرُ إِذَا سَجَدَ وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ وَإِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَلَّمَ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ . وَلَمْ يُذْكَرْ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ غَنْمٍ

حضرت شہر بن حوشب فرماتے ہیں کہ حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز پڑھاؤں! آپ نے وضو کے لیے پانی منگوایا' وضو کیا اور پھر نماز کے لیے کھڑے ہوئے' پہلی صف مردوں کی' اس کے پیچھے بچوں کی' جب رکوع کیا اور سجدہ کیا اور دو رکعتوں کے بعد اُٹھتے تو اللہ اکبر کہتے' پھر دائیں اور بائیں جانب سلام پھیرا۔ عبدالرحمٰن بن غنم کا ذکر نہیں کیا گیا۔

3339 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ الْجَوْنِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ،

حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! میں جھوٹ نہیں بول رہا ہوں' میں نے

ثنا ابنُ جَابِرٍ، ثنا عَطِيَّةُ بْنُ قَيْسٍ الْكِلَابِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ غَنْمٍ، حَدَّثَنِي أَبُو عَامِرٍ أَوْ أَبُو مَالِكٍ الْأَشْعَرِيُّ- وَاللّٰهِ مَا كَذَبَنِي - أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَكُونَنَّ فِي أُمَّتِي أَقْوَامٌ يَسْتَحِلُّونَ الْحَرِيرَ وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ، وَلَيَنْزِلَنَّ أَقْوَامٌ إِلَى جَنْبِ عَلَمٍ يَرُوحُ عَلَيْهِمْ بِسَارِحَةٍ لَهُمْ، فَيَأْتِيهِمْ رَجُلٌ لِحَاجَتِهِ، فَيَقُولُونَ لَهُ: ارْجِعْ إِلَيْنَا غَدًا، فَيُبَيِّتُهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَيَضَعُ الْعَلَمَ عَلَيْهِمْ وَيَمْسَخُ آخَرِينَ قِرَدَةً وَخَنَازِيرَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری اُمت ضرور ریشم‘ شراب اور گانوں کو حلال جانے گی‘ ضرور بضرور کچھ لوگ ایک جھنڈے کے پاس اُتریں گے‘ وہاں راحت حاصل کریں گے‘ ان کے پاس ایک ضرورت مند آدمی آئے گا‘ وہ اس کو کہیں گے: اب چلے جاؤ! کل آنا‘ اللہ ان کو متنبہ کرے گا‘ وہ جھنڈا رکھیں گے اور دوسروں کو بندر اور خنزیر کی شکلوں میں تبدیل کر دے گا‘ قیامت کے دن تک۔

3340 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ أَبِيهِ، يَرُدُّهُ إِلَى مَكْحُولٍ إِلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ الْأَشْعَرِيِّ، أَنَّ أَبَا مَالِكٍ الْأَشْعَرِيَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: مَنِ انْتَدَبَ خَارِجًا فِي سَبِيلِي غَازِيًا ابْتِغَاءَ وَجْهِي، وَتَصْدِيقَ وَعْدِي، وَإِيمَانًا بِرُسُلِي، فَهُوَ ضَامِنٌ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، إِمَّا يَتَوَفَّاهُ فِي الْجَيْشِ بِأَيِّ حَتْفٍ شَاءَ فَيُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ، وَإِمَّا يَسِيحُ فِي ضَمَانِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَإِنْ طَالَتْ غَيْبَتُهُ حَتَّى يَرُدَّهُ إِلَى أَهْلِهِ مَعَ مَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ وَغَنِيمَةٍ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: جو میرے رستے کی طرف نکلتا ہے جہاد کے لیے‘ میری رضا اور میرے وعدہ کی تصدیق کرتے ہوئے اور میرے رسولوں پر ایمان لاتے ہوئے تو وہ میرے ذمہ پر ہے‘ خواہ وہ لشکر میں کسی جگہ مر جائے تو وہ جنت میں داخل ہوگا‘ خواہ وہ اللہ کی حفاظت میں چلے اگرچہ دیر تک غائب ہے‘ وہ اپنے گھر واپس آ جائے ثواب اور مالِ غنیمت پائے گا۔

3341 - وَقَالَ: مَنْ فَصَلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَمَاتَ أَوْ قُتِلَ، أَوْ وَقَصَهُ فَرَسُهُ أَوْ بَعِيرُهُ، أَوْ لَدَغَتْهُ هَامَّةٌ، أَوْ مَاتَ عَلَى فِرَاشِهِ بِأَيِّ حَتْفٍ شَاءَ اللّٰهُ؛ فَإِنَّهُ

آپ نے فرمایا: جو اللہ کی راہ میں لڑا اور مر گیا یا شہید ہو گیا یا اونٹ یا گھوڑے سے گر گیا یا سانپ نے ڈسا یا اپنے بستر پر کسی بھی جگہ مرا‘ وہ شہید ہے۔

شَهِيدٌ

3342 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ حَاتِمِ بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ الْحَكَمِيِّ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ غَنْمٍ الْاَشْعَرِيَّ قَدِمَ دِمَشْقَ، فَاجْتَمَعَ اِلَيْهِ عِصَابَةٌ مِنَّا، فَذَكَرْنَا الطِّلَاءَ، فَمِنَّا الْمُرَخِّصُ فِيهِ وَمِنَّا الْكَارِهُ لَهُ، فَاَتَيْتُهُ بَعْدَمَا خُضْنَا فِيهِ، فَقَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ اَبَا مَالِكٍ الْاَشْعَرِيَّ صَاحِبَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: لَيَشْرَبَنَّ اُنَاسٌ مِنْ اُمَّتِي الْخَمْرَ يُسَمُّونَهَا بِغَيْرِ اسْمِهَا، وَيُضْرَبُ عَلَى رُءُوسِهِمْ بِالْمَعَازِفِ وَالْقَيْنَاتِ، يَخْسِفُ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ، وَيَجْعَلُ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ

حضرت مالک بن ابومریم الحکمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن غنم اشعری دمشق آئے' ہم سے ایک گروہ آپ کے پاس جمع ہوا' ہم نے انگور کے پے ہوئے رس کا ذکر کیا' ہم میں سے کچھ اس میں رخصت دینے والے تھے' کچھ اس کو ناپسند کرنے والے تھے' میں آپ کے پاس آیا' ہم اس کے بارے گفتگو کرنے میں مشغول ہو گئے تھے۔ آپ نے فرمایا: میں نے ابومالک اشعری سے سنا ہے جو کہ صحابیٔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں' وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میری اُمت کے لوگ شراب ضرور پئیں گے' اس کا نام تبدیل کریں گے' اپنے سروں پر باجے اور گانے بجائیں گے' اللہ عزوجل انہیں زمین میں دھنسا دے گا' ان میں سے کچھ کو بندر اور خنزیر بنا دے گا۔

3343 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زِيَادِ بْنِ اَنْعَمَ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نَسِيٍّ، عَنِ ابْنِ غَنْمٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا تَمَامُ الْبِرِّ؟ قَالَ: اَنْ تَعْمَلَ فِي السِّرِّ عَمَلَ الْعَلَانِيَةِ

حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! نیکی مکمل کب ہوتی ہے؟ آپ نے فرمایا: جو تُو عمل علانیہ کرتا ہے' پوشیدہ بھی وہی کر۔

3344 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَكَرِيَّا الْاِيَادِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ

حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں نماز پڑھاتے جب نماز پڑھا کر فارغ ہوتے تو اپنا چہرہ مبارک لوگوں کی طرف کر لیتے۔

شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ بِوَجْهِهِ

3345 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِينٍ الْيَمَامِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى، فَلَمَّا رَكَعَ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز پڑھتے تو رکوع کرتے' تو رکوع میں تین مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہٖ پڑھتے' پھر رکوع سے سر اُٹھاتے۔

أَبُو سَلَّامٍ الْأَسْوَدُ عَنِ الْحَارِثِ الْأَشْعَرِيِّ

حضرت ابوسلام' حضرت حارث اشعری سے روایت کرتے ہیں

3346 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقَزَّازُ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، قَالَا: ثنا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ أَنَّ زَيْدَ بْنَ سَلَّامٍ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي سَلَّامٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطُّهُورُ نِصْفُ الْإِيمَانِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَمْلَأُ الْمِيزَانَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ يَمْلَأُ مَا بَيْنَ السَّمَاوَاتِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صفائی آدھا ایمان ہے اور الحمدللہ میزان کو بھر دیتی ہے اور سبحان اللہ اللہ اکبر زمین و آسمان کے درمیان کو بھر دیتی ہے اور نماز نور ہے' صدقہ دلیل ہے' صبر روشنی ہے' قرآن تیرے لیے یا تیرے اوپر دلیل ہے' ہر انسان صبح کرتا ہے تو جس نے اپنے آپ کو خرید لیا وہ اسے آزاد کرنے والا ہے (مطلب یہ ہے کہ جس نے رضاءِ الٰہی پر خوش اور دین پر استقامت

3346- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 203 رقم الحديث: 223' والترمذي في سننه جلد 5 صفحه 535 رقم الحديث: 3517 كلاهما عن زيد بن سلام عن أبي سلام عن أبي مالك الأشعري به .

وَالْاَرْضِ، وَالصَّلَاةُ نُورٌ، وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ، وَالصَّبْرُ ضِيَاءٌ، وَالْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَكَ اَوْ عَلَيْكَ، وَكُلُّ اِنْسَانٍ يَغْدُو فَمُبْتَاعٌ نَفْسَهُ فَمُعْتِقُهَا، اَوْ بَائِعٌ نَفْسَهُ فَمُوبِقُهَا . وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ مُوسَى بْنِ اِسْمَاعِيلَ . وَقَالَ مُسْلِمٌ فِي حَدِيثِهِ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ يَمْلَأُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ

کر لی' وہ کامیاب ہے) اور جس نے اپنے آپ کو فروخت کر دیا' اس نے اپنے آپ کو ہلاک کرلیا (یعنی جس نے اپنے دین کوفروخت کر کے دنیا لے لی) اُس نے اپنے آپ کو ہلاک کر لیا)۔ یہ الفاظ موسیٰ بن اسماعیل کی حدیث کے ہیں' مسلم نے اپنی حدیث میں صاف کہا ہے کہ لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر' زمین و آسمان کے درمیان میزان کوبھر دیتی ہے۔

3347 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، اَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ اَخِيهِ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ اَبِي سَلَّامٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطُّهُورُ شَطْرُ الْاِيمَانِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَمْلَأُ الْمِيزَانَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ يَمْلَأُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، وَالصَّلَاةُ نُورٌ، وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ، وَالصَّبْرُ ضِيَاءٌ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صفائی آدھا ایمان ہے اور الحمد للہ میزان کوبھر دیتی ہے اور سبحان اللہ اللہ اکبر زمین و آسمان کے درمیان کوبھر دیتی ہے اور نماز نور ہے' صدقہ دلیل ہے' صبر روشنی ہے۔

3348 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا خَلَفُ بْنُ مُوسَى بْنِ خَلَفٍ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَا: ثنا مُوسَى بْنُ خَلَفٍ الْعَمِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ مَمْطُورٍ،

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت میں زمانۂ جاہلیت کے چار کام رہیں گے' وہ اس کو نہیں چھوڑیں گے: نسب پر فخر کریں گے' نسب میں طعن کریں گے' ستاروں کے ذریعے بارش مانگیں گے اور نوحہ کریں گے' نوحہ کرنے والیاں اگر مرنے سے پہلے توبہ نہیں کریں گی

3348- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 2 صفحه 644 رقم الحديث: 934' واحمد في مسنده جلد 5 صفحه 342 رقم الحديث: 22954' جلد 5 صفحه 343 رقم الحديث: 22955' جلد 5 صفحه 344 رقم الحديث: 22963 كلاهما عن زيد عن أبي سلام عن أبي مالك الأشعري به .

عَنْ اَبِى مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَرْبَعٌ بَقِينَ فِي اُمَّتِي مِنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ لَيْسُوا بِتَارِكِيهَا: الْفَخْرُ بِالْاَحْسَابِ، وَالطَّعْنُ فِي الْاَنْسَابِ، وَالِاسْتِسْقَاءُ بِالنُّجُومِ، وَالنِّيَاحَةُ، وَاِنَّ النَّائِحَةَ اِذَا لَمْ تَتُبْ قَبْلَ اَنْ تَمُوتَ جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَيْهَا سِرْبَالٌ مِنْ قَطِرَانٍ وَدِرْعٌ مِنْ لَهَبِ النَّارِ . قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: تَرَكْنَا النِّيَاحَةَ حِينَ تَرَكْنَا اللَّاتَ وَالْعُزَّى .

تو قیامت کے دن آئیں گی کہ ان پر جہنم کی آگ کی زرہ اور تارکول کی اوڑھنی ہو گی۔ حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس وقت ہم نے لات وعزیٰ کو چھوڑا تو ہم نے نوحہ کو چھوڑ دیا۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ اَبِي سَلَّامٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ، غَيْرَ اَنَّهُ قَالَ: وَدِرْعٌ مِنْ جَرَبٍ . لَمْ يَذْكُرْ مُسْلِمٌ فِي حَدِيثِهِ كَلَامَ عُمَرَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں سوائے درع من جرب کے الفاظ کے۔ مسلم نے اپنی حدیث میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ذکر نہیں کی ہے۔

3349 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، نا خَلَفُ بْنُ مُوسَى بْنِ خَلَفٍ، ثنا اَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ مَمْطُورٍ، عَنِ الْحَارِثِ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَرَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ اَنْ يَعْمَلَ بِهِنَّ، وَيَاْمُرَ بِهِنَّ بَنِي اِسْرَائِيلَ اَنْ يَعْمَلُوا بِهِنَّ، فَكَادَ اَنْ يُبْطِءَ، فَقَالَ لَهُ عِيسَى: اِنَّكَ قَدْ اُمِرْتَ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ اَنْ تَعْمَلَ بِهِنَّ وَتَاْمُرَ بِهِنَّ بَنِي اِسْرَائِيلَ اَنْ يَعْمَلُوا بِهِنَّ، فَاِمَّا اَنْ تَاْمُرَهُمْ، وَاِمَّا اَنْ آمُرَهُمْ . فَقَالَ: لَا تَفْعَلْ يَا اَخِي،

حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کو پانچ کلمات کا حکم دیا کہ وہ ان پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو ان کا حکم دیں کہ وہ بھی ان پر عمل کریں، پس قریب تھا کہ وہ دیر کرتے، پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا: بے شک آپ کو پانچ کلمات کا حکم دیا گیا ہے کہ آپ ان پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو ان کا حکم دیں کہ وہ بھی ان پر عمل کریں۔ یا تو آپ ان کو حکم دیں یا میں حکم دیتا ہوں۔ پس انہوں نے کہا: اے میرے بھائی! آپ ایسا نہ کریں، کیونکہ میں

فَإِنِّي أَخْشَى إِنْ سَبَقْتَنِي إِلَيْهِمْ أَنْ أُعَذَّبَ أَوْ يُخْسَفَ بِي. فَجَمَعَ النَّاسَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ حَتَّى امْتَلَأَ، وَقَعَدَ عَلَى الشَّرَفِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ وَعَظَهُمْ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَمَرَنِي بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ وَأَنْ أَعْمَلَ بِهِنَّ وَأَنْ آمُرَكُمْ أَنْ تَعْمَلُوا بِهِنَّ، أَوَّلُهُنَّ أَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَإِنَّ مَثَلَ ذَلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ اشْتَرَى عَبْدًا مِنْ خَالِصِ مَالِهِ بِذَهَبٍ أَوْ وَرِقٍ، فَقَالَ: هَذِهِ دَارِي وَهَذَا عَمَلِي فَاعْمَلْ وَأَدِّ إِلَيَّ عَمَلَكَ، فَجَعَلَ يَعْمَلُ وَيُؤَدِّي عَمَلَهُ إِلَى غَيْرِ سَيِّدِهِ، فَأَيُّكُمْ يَسُرُّهُ أَنْ يَكُونَ عَبْدُهُ كَذَلِكَ يَعْمَلُ وَيُؤَدِّي عَمَلَهُ إِلَى غَيْرِهِ؟ وَإِنَّ اللّٰهَ خَلَقَكُمْ وَرَزَقَكُمْ فَاعْبُدُوهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَآمُرُكُمْ بِالصَّلَاةِ، فَإِذَا صَلَّيْتُمْ فَلَا تَلْتَفِتُوا، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَنْصِبُ وَجْهَهُ لِوَجْهِ عَبْدِهِ مَا لَمْ يَلْتَفِتْ، وَآمُرُكُمْ بِالصِّيَامِ، وَإِنَّ مَثَلَ ذَلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ مَعَهُ عِصَابَةٌ فِيهَا صُرَّةٌ مِنْ مِسْكٍ، فَكُلُّهُمْ يُحِبُّ أَنْ يَجِدَ رِيحَهَا، وَإِنَّ فَمَ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ، وَآمُرُكُمْ بِالصَّدَقَةِ، وَإِنَّ مَثَلَ ذَلِكَ كَمَثَلِ مَنْ أَسَرَهُ الْعَدُوُّ فَشَدُّوا يَدَهُ إِلَى عُنُقِهِ وَقَرَّبُوهُ لِيَضْرِبُوا عُنُقَهُ، فَقَالَ: أَنَا أَفْتَدِي نَفْسِي مِنْكُمْ، فَجَعَلَ يُعْطِي الْقَلِيلَ وَالْكَثِيرَ حَتَّى افْتَكَّ نَفْسَهُ مِنْهُمْ، وَآمُرُكُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ كَثِيرًا، وَإِنَّ مَثَلَ ذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ كَمَثَلِ رَجُلٍ طَلَبَهُ الْعَدُوُّ سِرَاعًا فِي أَثَرِهِ، فَأَتَى حِصْنًا حَصِينًا، فَأَحْرَزَ نَفْسَهُ فِيهِ، وَإِنَّ أَحْصَنَ مَا يَكُونُ الْعَبْدُ مِنَ

ڈرتا ہوں اگر آپ مجھ سے پہلے ان کے پاس گئے تو میں عذاب سے نہیں بچ سکوں گا' یا مجھے زمین میں دھنسا دیا جائے گا' پس انہوں نے لوگوں کو بیت المقدس میں جمع کیا یہاں تک کہ وہ بھر گئی' آپ بلند جگہ پر بیٹھ گئے' پس اللہ تعالیٰ کی حمد کی' پھر ان کو واعظ فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے پانچ کلمات کا حکم دیا ہے کہ میں خود ان پر عمل کروں اور تمہیں حکم کروں کہ تم ان پر عمل کرو' ان میں سے پہلا کلمہ یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اسکے ساتھ کوئی شریک نہ ٹھہراؤ' اس کی مثل اس آدمی کی طرح ہے جس نے خالص اپنے مال میں سے سونے یا چاندی کے بدلے غلام خریدا۔ پس فرمایا: یہ میرا گھر ہے اور یہ میرا عمل ہے' تُو بھی عمل کر اور اپنا عمل میرے حوالے کر۔ پس اُنہوں نے عمل کرنا شروع کر دیا اور اپنا عمل اپنے سردار کے علاوہ کو ادا کرنا شروع کر دیا' پس تم میں سے کون اس کو پسند کرے گا کہ اس کا غلام اس طرح عمل کرے اور اپنا عمل اپنے سردار کے علاوہ کو ادا کرے؟ بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہیں پیدا کیا' تم کو روزی دی' پس اسی کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ بناؤ' اس نے تمہیں نماز کا حکم دیا تو جب نماز پڑھ لو تو کسی اور کی طرف متوجہ نہ ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ کا چہرہ اسی بندے کے چہرے کی طرف ہوتا ہے جب تک وہ کسی دوسری طرف متوجہ نہ ہو اور اس نے تمہیں روزے کا حکم دیا' بے شک اس کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جس کے پاس ہو جس میں خوشبو کی تھیلی ہو ان میں سے ہر

ابو سلام الاسود عن الحارث الاشعری

الشَّيْطَانِ إِذَا كَانَ فِي ذِكْرِ اللَّهِ تَعَالَى

ایک پسند کرتا ہے کہ اس کی خوشبو پائے اور بے شک روزے دار کے منہ کی خوشبو اللہ تعالیٰ کے نزدیک کستوری کی خوشبو سے اچھی ہے اور اس نے تمہیں صدقہ (زکوٰۃ) کا حکم دیا ہے اس کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جس کو دشمن نے قیدی بنایا' اس کے ہاتھ اس کی گردن سے باندھ دیئے اور اس کی گردن مارنے کے لیے اس کے قریب ہوئے' پس اس نے کہا: میں تمہیں اپنی جان کا فدیہ دیتا ہوں' پس اس نے قلیل وکثیر عطا کرنا شروع کر دیا یہاں تک کہ اس کی جان ان سے چھوٹ گئی اور اس نے تمہیں بہت زیادہ ذکر کرنے کا حکم دیا اور اللہ کے ذکر کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جس کو اس کے دشمن نے اس کے پاؤں کے نشان سے جلدی تلاش کر لیا لیکن وہ ایک مضبوط قلعے میں آ گیا اور اس نے اپنے آپ کو اس میں محفوظ کر لیا' شیطان سے بندے کو سب سے زیادہ محفوظ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ وہ اللہ کے ذکر میں ہو۔

3350 - قَالَ: وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذَلِكَ: وَأَنَا آمُرُكُمْ بِخَمْسٍ اللَّهُ أَمَرَنِي بِهِنَّ: الْجَمَاعَةِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَالْهِجْرَةِ وَالْجِهَادِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، فَمَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ قِيْدَ شِبْرٍ فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الْإِسْلَامِ مِنْ عُنُقِهِ إِلَّا أَنْ يَرْجِعَ، وَمَنْ دَعَا دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ فَهُوَ مِنْ جُثَاءِ جَهَنَّمَ. قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ وَإِنْ صَامَ وَصَلَّى؟ قَالَ: وَإِنْ صَامَ وَصَلَّى

حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس موقع پر میں بھی تمہیں پانچ باتوں کو حکم دیتا ہوں جس کا اللہ نے مجھے حکم دیا ہے. (۱) جماعت (۲) سننا (۳) اطاعت (۴) ہجرت (۵) اللہ کی راہ میں جہاد کرنا' جو جماعت سے ایک بالشت علیحدہ ہوا اُس نے اپنے گلے سے اسلام کی رسّی اُتار دی' ہاں اگر واپس آ جائے تو پھر نہیں' جاہلیت کے دعویٰ کی طرف بلانا جہنم کے ٹھکانہ سے ہے۔ ایک آدمی

نے عرض کی: اگرچہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے؟ آپ نے فرمایا: اگرچہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ مَمْطُورٍ، عَنِ الْحَارِثِ الْاَشْعَرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَرَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ يَعْمَلُ بِهِنَّ وَيَاْمُرُ بَنِي اِسْرَائِيلَ اَنْ يَعْمَلُوا بِهِنَّ ۔ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ مُوسَى بْنِ خَلَفٍ۔

حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے یحییٰ بن زکریا کو پانچ باتوں کا حکم دیا کہ خود بھی اس پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو بھی عمل کرنے کا حکم کریں' لیکن اس کے بعد موسیٰ بن خلف کی حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ مَمْطُورٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

3351 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا اَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ اَبِي سَلَّامٍ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ الْاَشْعَرِيُّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَرَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ يَعْمَلُ بِهِنَّ وَيَاْمُرُ بَنِي اِسْرَائِيلَ اَنْ يَعْمَلُوا بِهِنَّ، فَكَانَ يُبْطِءُ، فَقَالَ لَهُ عِيسَى: اِنَّكَ اُمِرْتَ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ تَعْمَلُ بِهِنَّ وَتَاْمُرُ بَنِي اِسْرَائِيلَ اَنْ يَعْمَلُوا بِهِنَّ، فَاِمَّا تَاْمُرُهُمْ بِهِنَّ، وَاِمَّا اَنْ اَقُومَ اَنَا فَآمُرَهُمْ بِهِنَّ ۔ قَالَ يَحْيَى: اِنَّكَ اِنْ سَبَقْتَنِي

حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کو پانچ کلمات کا حکم دیا کہ وہ ان پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو ان کا حکم دیں کہ وہ بھی ان پر عمل کریں۔ پس قریب تھا کہ وہ دیر کرتے' پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا: بے شک آپ کو پانچ کلمات کا حکم دیا گیا ہے کہ آپ ان پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو ان کا حکم دیں کہ وہ بھی ان پر عمل کریں یا تو آپ ان کو حکم دیں یا میں حکم دیتا ہوں۔ پس انہوں نے کہا: اے میرے بھائی! آپ ایسا نہ کریں کیونکہ میں

بِهِنَّ خِفْتُ اَنْ اُعَذَّبَ اَوْ يُخْسَفَ بِي . فَجَمَعَ بَنِي اِسْرَائِيلَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ حَتَّى امْتَلَا الْمَسْجِدُ وَحَتَّى جَلَسَ النَّاسُ عَلَى الشُّرُفَاتِ، فَوَعَظَ النَّاسَ ثُمَّ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِي بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ اَنْ اَعْمَلَ بِهِنَّ وَآمُرَكُمْ اَنْ تَعْمَلُوا بِهِنَّ، اَوَّلُهُنَّ اَنْ لَا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا، فَاِنَّ مَنْ اَشْرَكَ بِاللّٰهِ شَيْئًا فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ رَجُلٍ اشْتَرَى عَبْدًا مِنْ خَالِصِ مَالِهِ بِذَهَبٍ اَوْ وَرِقٍ، فَقَالَ: هَذِهِ دَارِي وَعَمَلِي فَاَدِّ عَمَلَكَ، فَجَعَلَ يَعْمَلُ وَيُؤَدِّي عَمَلَهُ اِلَى غَيْرِ سَيِّدِهِ، فَاَيُّكُمْ يُحِبُّ اَنْ يَكُونَ لَهُ عَبْدٌ كَذَلِكَ يُؤَدِّي عَمَلَهُ اِلَى غَيْرِ سَيِّدِهِ، وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ هُوَ خَلَقَكُمْ وَرَزَقَكُمْ فَلَا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَاِنَّ اللّٰهَ اَمَرَكُمْ بِالصَّلَاةِ، فَاِذَا نَصَبْتُمْ وُجُوهَكُمْ فَلَا تَلْتَفِتُوا، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَنْصِبُ وَجْهَهُ لِوَجْهِ عَبْدِهِ اِذَا قَامَ يُصَلِّي، فَلَا يَصْرِفُ وَجْهَهُ عَنْهُ حَتَّى يَكُونَ الْعَبْدُ هُوَ يَصْرِفُ، وَاَمَرَكُمْ بِالصِّيَامِ، فَاِنَّ مَثَلَ الصَّائِمِ مَثَلُ رَجُلٍ مَعَهُ صُرَّةُ مِسْكٍ فَهُوَ فِي عِصَابَةٍ لَيْسَ مَعَ اَحَدٍ مِنْهُمْ مِسْكٌ غَيْرَهُ، كُلُّهُمْ يَشْتَهِي اَنْ يَجِدَ رِيحَهَا، وَاِنَّ رِيحَ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ . وَاَمَرَكُمْ بِالصَّدَقَةِ، فَاِنَّ مَثَلَهَا كَمَثَلِ رَجُلٍ اَخَذَهُ الْعَدُوُّ فَاَسَرُوهُ فَشَدُّوا يَدَهُ اِلَى عُنُقِهِ فَقَدَّمُوهُ لِيَضْرِبُوا عُنُقَهُ، فَقَالَ: لَا تَقْتُلُونِي، فَاِنِّي اَفْدِي نَفْسِي مِنْكُمْ بِكَذَا وَكَذَا مِنَ الْمَالِ، فَاَرْسَلُوهُ، فَجَعَلَ يَجْمَعُ لَهُمْ حَتَّى فَدَى نَفْسَهُ، فَكَذَلِكَ الصَّدَقَةُ يَفْتَدِي بِهَا الْعَبْدُ

ڈرتا ہوں کہ اگر آپ مجھ سے پہلے ان کے پاس گئے تو میں عذاب سے نہیں بچ سکوں گا' یا مجھے زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔ پس انہوں نے لوگوں کو بیت المقدس میں جمع کیا یہاں تک کہ وہ بھر گئی' آپ بلند جگہ پر بیٹھ گئے' پس اللہ تعالیٰ کی حمد کی پھر ان کو آواز دی' فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے پانچ کلمات کا حکم دیا ہے کہ میں ان پر خود بھی عمل کروں اور تمہیں حکم کروں کہ تم ان پر عمل کرو' ان میں سے پہلا کلمہ یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ' اس کی مثل اس آدمی کی طرح ہے جس نے خالص اپنے مال میں سے سونا یا چاندی کے بدلے غلام خریدا' پس فرمایا: یہ میرا گھر ہے اور یہ میرا عمل ہے' تو بھی عمل کر اپنا عمل میرے حوالے کر۔ پس انہوں نے عمل کرنا شروع کر دیا اور اپنا عمل اپنے سردار کے علاوہ کو ادا کرنا شروع کر دیا۔ پس تم میں سے کون اس کو پسند کرے گا کہ اس کا غلام اس طرح عمل کرے اور اپنا عمل اپنے سردار کے علاوہ کو ادا کرے؟ پس بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہیں پیدا کیا ہے' تم کو روزی دی' پس اسی کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ بناؤ' اس نے تمہیں نماز کا حکم دیا ہے تو جب نماز پڑھ لو تو کسی اور طرف متوجہ نہ ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ کا چہرہ اسی بندے کے چہرے کی طرف ہوتا ہے جب تک وہ کسی دوسری طرف متوجہ نہ ہو اور اس نے تمہیں روزے کا حکم دیا ہے' بے شک اس کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جس کے پاس کستوری کی خوشبو ہو'

نَفْسَهُ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ . وَاَمَرَكُمْ بِكَثْرَةِ ذِكْرِ اللّٰهِ، وَاِنَّ مَثَلَ ذٰلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ طَلَبَهُ الْعَدُوُّ فَانْطَلَقُوا فِي طَلَبِهِ سِرَاعًا، وَانْطَلَقَ حَتّٰى اَتٰى حِصْنًا حَصِينًا فَاَحْرَزَ نَفْسَهُ فِيهِ، وَكَذٰلِكَ مَثَلُ الشَّيْطَانِ لَا يُحْرِزُ الْعِبَادُ اَنْفُسَهُمْ مِنْهُ اِلَّا بِذِكْرِ اللّٰهِ

3696 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالُوا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا عُبَيْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنِ الْحَارِثِ الْعُكْلِيِّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ النَّخَعِيِّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثًا، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمًا يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مسافر کے لیے موزوں پر مسح کی مدت تین دن اور تین راتیں مقرر کی اور مقیم کے لیے ایک دن اور ایک رات۔

3697 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمَلْحِمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مسافر کے لیے موزوں پر مسح کی مدت تین دن اور تین راتیں مقرر کی اور مقیم کے لیے ایک دن اور ایک رات۔

خُزَيْمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَمْسَحُ الْمُسَافِرُ عَلَى خُفَّيْهِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

3698 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ، ثنا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْاُبُلِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ النُّعْمَانِ، ثنا زَكَرِيَّا اَبُو يَحْيَى الْبُدِّيُّ، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ النَّخَعِيُّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ: يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ لِلْمُقِيمِ، وَثَلَاثَةُ اَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ لِلْمُسَافِرِ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مسافر کے لیے موزوں پر مسح کی مدت تین دن اور تین راتیں مقرر کی اور مقیم کے لیے ایک دن اور ایک رات۔

3699 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي رَحِمَهُ اللّٰهُ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِي، قَالَا: ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ حَمَّادٍ، وَمَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ . قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ اَبِي: هٰذَا خَطَاٌ، قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: اَرَادَ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ اَنَّهُ خَطَّاَ حَدِيثَ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ، وَالصَّوَابُ مِنْ حَدِيثِ مَنْصُورٍ حَدِيثُ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مسافر کے لیے موزوں پر مسح کی مدت تین دن اور تین راتیں مقرر کی اور مقیم کے لیے ایک دن اور ایک رات۔ حضرت عبداللہ کا قول ہے: میرے والد نے کہا کہ یہ خطا ہے۔ حضرت ابوالقاسم نے فرمایا: حضرت امام احمد بن حنبل کی مراد یہ ہے کہ انہوں نے حضرت منصور کی حدیث کو خطا پر قرار دیا ہے' انہوں نے ابراہیم سے' انہوں نے ابوعبداللہ جدلی سے روایت کیا اور منصور کی احادیث میں سے درست عمرو بن میمون کی حدیث ہے۔

3700 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مسافر کے لیے موزوں پر مسح کی مدت تین دن اور تین راتیں مقرر کی اور مقیم کے لیے

اللّٰهِ، عَنْ خُزَيْمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

ایک دن اور ایک رات۔

3701 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَوَارِي الْوَاسِطِيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوبَ الْجَزَرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ صَدَقَةَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ النَّخَعِيِّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مسافر کے لیے موزوں پر مسح کی مدت تین دن اور تین راتیں مقرر کی اور مقیم کے لیے ایک دن اور ایک رات۔

3702 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْرُوقِيُّ، ثنا عَمِّي مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ح، وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْرُوقِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ وَلَيَالِيهِنَّ وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، يَمْسَحُ عَلَى خُفَّيْهِ إِذَا أَدْخَلَهُمَا وَقَدَمَاهُ طَاهِرَتَانِ

حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مسافر کے لیے موزوں پر مسح کی مدت تین دن اور تین راتیں مقرر کی اور مقیم کے لیے ایک دن اور ایک رات وہ اپنے موزوں پر مسح کرے گا' جب اس نے اپنے دونوں پاؤں پاک کر کے موزوں میں ڈالے ہوں۔

شُرَحْبِيلُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خُزَيْمَةَ

حضرت شرحبیل بن سعد' حضرت خزیمہ بن ثابت سے

بْنِ ثَابِتٍ

3703 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَلَكٍ الرَّاسِبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ، حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي سَبْرَةَ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ، قَالَ: كَانَ رِجَالٌ مِنَّا اِذَا خَرَجُوا مِنَ الْغَائِطِ يَغْسِلُونَ اَثَرَ الْغَائِطِ فَنَزَلَتْ فِيهِمْ هَذِهِ الْآيَةُ (فِيهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ اَنْ يَتَطَهَّرُوا) (التوبة: 108)

روایت کرتے ہیں

حضرت شرحبیل بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم میں سے کچھ لوگ جب پاخانہ کے لیے نکلتے تو وہ پاخانہ کے بعد پانی کے ساتھ استنجاء کرتے' پھر یہ آیت نازل ہوئی: ''اس میں کچھ لوگ ہیں جو پاکی کو پسند کرتے ہیں''۔

خُزَيْمَةُ بْنُ مَعْمَرٍ الْاَنْصَارِيُّ

3704 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا مُنْكَدِرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ مَعْمَرٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: رُجِمَتِ امْرَاَةٌ فِي عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّاسُ: حَبِطَ عَمَلُهَا فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: هُوَ كَفَّارَةُ ذُنُوبِهَا وَتُحْشَرُ عَلَى مَا سِوَى ذَلِكَ

حضرت خزیمہ بن معمر انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت خزیمہ بن معمر انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت کو رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں رجم کیا گیا' لوگوں نے کہا: اس کے اعمال ضائع ہو گئے۔ یہ بات حضور ﷺ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: یہ رجم کرنا اس کے گناہ کا کفارہ ہو گا' اس کے علاوہ کو اکٹھا کیا جائے گا۔

خُزَيْمَةُ بْنُ جُزَيٍّ

حضرت خزیمہ بن جزی

السُّلَمِيُّ

السلمی رضی اللہ عنہ

3705 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْحَسَّانِيُّ، ثنا اَبُو بَحْرٍ الْبَكْرَاوِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اَبِي اُمَيَّةَ، عَنْ حِبَّانَ بْنِ جُزَيٍّ، عَنْ اَخِيهِ خُزَيْمَةَ بْنِ جُزَيٍّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ الْاَرْنَبُ؟ قَالَ: لَا آكُلُهَا وَلَا اَنْهَى عَنْهَا ، قُلْتُ: وَاِنِّي لَسْتُ تَارِكَهَا مَا لَمْ تَنْهَ عَنْهَا، قَالَ: اِنَّهَا تَحِيضُ- اَوْ قَالَ: تَدْمَى - ، قُلْتُ: فَالضَّبُعُ؟ قَالَ: وَمَنْ يَاْكُلُ الضَّبُعَ؟

حضرت خزیمہ بن جزی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! خرگوش کے متعلق کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: نہ میں اسے کھاتا ہوں اور نہ اس سے منع کرتا ہوں' میں نے عرض کی: میں اس کو نہیں چھوڑوں گا' جب تک آپ اس سے منع نہیں کریں گے۔ آپ نے فرمایا: اس کو حیض آتا ہے' میں نے عرض کی: گوہ کے متعلق کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: گوہ کون کھاتا ہے۔

3706 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو تُمَيْلَةَ يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ اَبِي الْمُخَارِقِ، عَنْ حِبَّانَ بْنِ جُزَيٍّ، عَنْ اَخِيهِ خُزَيْمَةَ بْنِ جُزَيٍّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ جِئْتُكَ لِاَسْاَلَكَ عَنْ اَشْيَاءَ، عَنْ اَحْنَاشِ الْاَرْضِ مَا تَقُولُ فِي الضَّبِّ؟، قَالَ: لَا آكُلُهُ وَلَا اُحَرِّمُهُ ، قُلْتُ: فَاِنِّي آكُلُ مَا لَمْ تُحَرِّمْ، وَلِمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: فُقِدَتْ اُمَّةٌ مِنَ الْاُمَمِ وَرَاَيْتُ خَلْقًا رَابَنِي ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا تَقُولُ فِي الْاَرْنَبِ؟، قَالَ: لَا آكُلُهُ وَلَا اُحَرِّمُهُ ، قَالَ: فَاِنِّي آكُلُ مَا لَمْ تُحَرِّمْ، وَلِمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نُبِّئْتُ اَنَّهَا تَدْمَى ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا تَقُولُ فِي الضَّبُعِ؟ قَالَ: وَمَنْ

حضرت خزیمہ بن جزی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے پاس آیا ہوں تاکہ آپ سے چند چیزوں کے متعلق پوچھوں اور زمین کی کچھ اشیاء کے متعلق' آپ گوہ کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: نہ میں اسے کھاتا ہوں اور نہ اس سے منع کرتا ہوں' میں نے عرض کی: اگر آپ اس کو حرام نہیں کرتے ہیں تو میں اسے کیوں کھاؤں گا؟ یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: میں نے اُمتوں میں سے ایک اُمت کو نہ پایا اور میں نے ایک مخلوق دیکھی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ خرگوش کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں نہ اسے کھاتا ہوں اور نہ اس سے منع کرتا ہوں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جب تک آپ حرام

يَأْكُلُ الضَّبُعَ؟ ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا تَقُولُ فِي الثَّعْلَبِ؟ قَالَ: وَمَنْ يَأْكُلُ الثَّعْلَبَ؟ ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا تَقُولُ فِي الذِّئْبِ؟، قَالَ: وَيَأْكُلُ الذِّئْبَ اَحَدٌ فِيهِ خَيْرٌ؟

نہیں کریں گے میں کھاؤں گا' یارسول اللہ! آپ کیوں نہیں کھاتے؟ آپ نے فرمایا: مجھے بتایا گیا ہے کہ اس کو حیض آتا ہے! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ لومڑی کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: لومڑی کون کھاتا ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھیڑیے کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: بھیڑیے کو کھانے میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

3707 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ اَبِي الْمُخَارِقِ، عَنْ حِبَّانَ بْنِ جُزَيٍّ،، عَنْ خُزَيْمَةَ بْنِ جُزَيٍّ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ اَحْنَاشِ الْاَرْضِ فَقَالَ: سَلْ عَمَّا شِئْتَ ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنِي عَنِ الضَّبِّ؟ فَقَالَ: لَا آكُلُهُ وَلَا اَنْهَى عَنْهُ، حُدِّثْتُ اَنَّ اُمَّةً مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ مُسِخَتْ دَوَابَّ فِي الْاَرْضِ ، فَقُلْتُ: اِنِّي لَنْ اَدَعَ شَيْئًا لَمْ تَنْهَ عَنْهُ اَنْ آكُلَهُ، قَالَ: قُلْتُ فَالْاَرْنَبُ؟ فَقَالَ: لَا آكُلُهَا وَلَا اَنْهَى عَنْهَا اِنِّي نُبِّئْتُ اَنَّهَا تَحِيضُ ، فَقُلْتُ: اِنِّي لَمْ اَدَعْ شَيْئًا لَمْ تَنْهَ عَنْهُ اَنْ آكُلَهُ قُلْتُ: فَالثَّعْلَبُ؟ قَالَ: فَهَلْ يَأْكُلُ الثَّعْلَبَ اَحَدٌ؟ ، قُلْتُ: فَالضَّبُعُ؟، قَالَ: وَهَلْ يَأْكُلُ الضَّبُعَ اَحَدٌ؟ ، قُلْتُ: فَالذِّئْبُ؟، قَالَ: وَهَلْ يَأْكُلُ الذِّئْبَ اَحَدٌ فِيهِ خَيْرٌ؟

حضرت خزیمہ بن جزی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زمین کی کچھ اشیاء کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: جو چاہو پوچھو! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے گوہ کے متعلق بتائیں؟ آپ نے فرمایا: میں نہ اسے کھاتا ہوں اور نہ اس سے منع کرتا ہوں' مجھے بتایا گیا ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک اُمت تھی جسے مسخ کیا گیا وہ زمین پر پیٹ کے بل چلنے والی چیزوں کی مانند ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایسی شی کو کھانا نہیں چھوڑوں گا جس سے آپ نے منع نہیں کیا۔ میں نے عرض کی: خرگوش کے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: نہ میں اسے کھاتا ہوں اور نہ اس سے منع کرتا ہوں' مجھے بتایا گیا ہے کہ اس کو حیض آتا ہے۔ میں نے عرض کی: میں ایسی شی کو نہیں چھوڑوں گا جسے کھانے سے آپ نے منع نہیں کیا۔ میں نے عرض کی: آپ لومڑی کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: لومڑی کون کھاتا ہے؟

میں نے عرض کی: بجو کے متعلق کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: بجو کوئی کھاتا ہے؟ میں نے عرض کی: بھیڑیے کے متعلق؟ آپ نے فرمایا: بھیڑیا کھانے میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

آج راقم الحروف نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فضل وکرم اور اہل بیت اطہار' صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین کی نگاہِ کرم اور اولیاءِ کاملین کے صدقے اور اساتذہ اور والدین کی دعاؤں کے طفیل ''**المعجم الکبیر للطبرانی**'' جلد دوم کا ترجمہ مکمل کیا' اس جلد کے ترجمہ میں تاخیر ہوئی جس کی وجہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ اور بزرگوں کو معلوم ہے' میں اس کا اظہار نہیں کرسکتا' بہرحال جو بھی ہوا اس میں اللہ اور اُس کے رسول کی طرف سے کوئی بھلائی ہی تھی۔ اے اللہ! اپنے ان پیارے نیک بندوں کے طفیل! بقیہ جلدوں کا ترجمہ بھی میرے لیے آسان کر دے اور اس کو میرے لیے دنیا وقبر و آخرت میں ذریعۂ نجات کا سبب بنا دے اور ہر قسم کی آفات و بلیات اور حاسدین کے حسد اور شریروں کے شر اور ظالم کے ظلم سے محفوظ رکھے' اپنے اور اپنے رسول ﷺ کی پناہ عطا فرمائے' شرِ شیطان اور شرِ انسان سے محفوظ رکھے۔

بندہ چند روزہ: غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی غفرلہ

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ' لاہور

☆☆☆☆☆

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الکبیر کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

المعجم الکبیر

جلد سوم

تالیف الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الکبیر کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اردو ترجمہ مع تخریج

المعجم الکبیر

جلد سوم

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ۰ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ۰ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

بسم اللہ الرحمن الرحیم

المعجم الکبیر

جلد سوم

تالیف

الامام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

باراول	مارچ 2016ء
پرنٹرز	آصف صدیق، پرنٹرز
تعداد	1100/-
ناشر	چوہدری غلام رسول۔میاں جواد رسول میاں شہزاد رسول
قیمت	/= روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز

فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111

E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو

۱۲۔گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941 0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464

Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ

اُردو بازار ○ لاہور

فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

فہرست
(بلحاظِ فقہی ترتیب)

كتاب الطهارة

كتاب الاضحية

كتاب الصلوة

کتاب فضائل القرآن

کتاب التفسیر

فضائل سیّد الانبیاء

كتاب الزكوة والصدقة

کتاب الذکر

کتاب علامات الساعة والفتن

کتاب البر

کتاب الحدود

متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

فہرست
(بلحاظِ حروفِ تہجی)

شیوخ کی فہرست

باب الدال

باب الذال

باب الراء

فہرست

باب الزای

شیوخ کی فہرست

☆☆☆☆☆

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بَابُ مَنِ اسْمُهُ خَالِدٌ

یہ باب ہے جس کا نام خالد ہے

خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ الْمَخْزُومِيُّ يُكْنَى اَبَا سُلَيْمَانَ وَهُوَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ مَخْزُومِ بْنِ يَقَظَةَ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ وَاُمُّهُ لُبَابَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ بْنِ حَزْنِ بْنِ بُجَيْرِ بْنِ رُوَيْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هِلَالِ بْنِ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ وَسَمَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفًا مِنْ سُيُوفِ اللّٰهِ

آپ کی کنیت ابوسلیمان ہے' جبکہ آپ کا نسب خالد بن ولید بن مغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم بن یقظہ بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک ہے' آپ کی والدہ لبابہ بنت حارث بن حزن بن بجیر بن رویبہ بن عبداللہ بن ہلال بن عامر بن صعصعہ ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کا نام اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار رکھا۔

3708 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا وَحْشِيُّ بْنُ حَرْبِ بْنِ وَحْشِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَجَّهَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ فِي قِتَالِ اَهْلِ الرِّدَّةِ، فَكُلِّمَ فِي ذٰلِكَ فَاَبَى اَنْ يَرُدَّهُ وَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: وَذَكَرَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ: نِعْمَ عَبْدُ اللّٰهِ وَاَخُو الْعَشِيرَةِ وَسَيْفٌ مِنْ سُيُوفِ اللّٰهِ

حضرت وحشی بن حرب بن وحشی اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مرتدین کے قتل کے لیے بھیجا' آپ کے متعلق گفتگو کی گئی' حضرت ابوبکر نے اُنہیں واپس بلوانے سے انکار کر دیا اور فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آپ نے خالد بن ولید کا ذکر کیا' وہ کتنا بہترین اللہ کا بندہ' خاندان کا بھائی ہے اور اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہے۔

3709 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

3708- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3صفحه337' رقم الحديث: **5294** عن وحشي بن حرب بن وحشي عن أبيه عن جده عن أبي بكر به .

3709- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3صفحه337' رقم الحديث: **5295** محمد بن عبد الله بن أبي يعقوب عن الحسن بن سعد عن عبد الله بن جعفر به .

حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي يَعْقُوبَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا نَعَى اَهْلَ مُؤْتَةَ قَالَ: ثُمَّ اَخَذَ الرَّايَةَ سَيْفٌ مِنْ سُيُوفِ اللّٰهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

کہ حضور ﷺ نے جب اہل موتہ کی موت کی خبر دی تو آپ نے فرمایا: اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار خالد بن ولید نے جھنڈا پکڑا اور اللہ عزوجل نے ان کے ہاتھ پر فتح عطا فرمائی ہے۔

3710 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: نَعَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلَ مُؤْتَةَ عَلَى الْمِنْبَرِ ثُمَّ قَالَ: فَاَخَذَ اللِّوَاءَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ وَهُوَ سَيْفٌ مِنْ سُيُوفِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اہل موتہ کی شہادت کی خبر منبر پر دی، پھر آپ نے فرمایا: خالد بن ولید نے جھنڈا پکڑا ہے، وہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہے۔

3711 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ ثَعْلَبٍ، حَدَّثَنِي اَبِي ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ ثَعْلَبٍ، ثنا اَبُو اِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اَوْفَى، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تُؤْذُوا خَالِدًا فَاِنَّهُ سَيْفٌ مِنْ سُيُوفِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، صَبَّهُ اللّٰهُ عَلَى الْكُفَّارِ

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: خالد کو تکلیف نہ دو کیونکہ وہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہے، اللہ عزوجل نے اس کو کافروں پر مسلط کیا ہے۔

3712 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت

باب من اسمه خالد

3710- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه338، رقم الحديث: 5296 عن معمر عن أيوب عن أنس به .

3711- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه338، رقم الحديث: 5297 عن اسماعيل بن أبي خالد عن الشعبي عن عبد الله بن أبي أوفى به .

3712- أورد نحوه ابن أبي شيبه في مصنفه جلد 7صفحه414، رقم الحديث: 36969 عن اسماعيل عن قيس عن خالد

الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ بِالْحِيرَةِ: اِنَّهُ انْدَقَّ بِيَدِهِ يَوْمَ مُؤْتَةَ تِسْعَةُ اَسْيَافٍ قَالَ: فَصَبَرَتْ بِيَدَيَّ صَفِيحَةٌ لِي يَمَانِيَةٌ

خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے حیرہ میں فرمایا: موتہ کے دن آپ کے ہاتھ میں نو تلواریں ٹوٹیں' فرمایا: میرے ہاتھوں میں ٹھہری تو میری وہ تلوار تھی جو یمن کی بنی ہوئی تھی۔

3713 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَبُو السُّكَيْنِ زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، ثنا عَمُّ اَبِي زَحْرُ بْنُ حِصْنٍ، عَنْ جَدِّهِ حُمَيْدِ بْنِ مَنْهَبٍ، قَالَ: قَالَ خُرَيْمُ بْنُ اَوْسٍ: لَمْ يَكُنْ اَحَدٌ اَعْدَى لِلْعَرَبِ مِنْ هُرْمُزَ، فَلَمَّا فَرَغْنَا مِنْ مُسَيْلِمَةَ وَاَصْحَابِهِ، اَقْبَلْنَا اِلَى نَاحِيَةِ الْبَصْرَةِ، فَلَقِيَنَا هُرْمُزُ بِكَاظِمَةٍ فِي جَمْعٍ عَظِيمٍ، فَبَرَزَ لَهُ خَالِدٌ وَدَعَا اِلَى الْبَرَازِ، فَبَرَزَ لَهُ هُرْمُزُ، فَقَتَلَهُ خَالِدٌ، وَكَتَبَ بِذَلِكَ اِلَى اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَنَفَّلَهُ سَلَبَهُ، فَقَلَنْسُوَةُ هُرْمُزَ مِائَةَ اَلْفِ دِرْهَمٍ، وَكَانَتِ الْفُرْسُ اِذَا شَرُفَ فِيهَا رَجُلٌ جَعَلُوا قَلَنْسُوَةً بِمِئَةِ اَلْفِ دِرْهَمٍ

حضرت حمید بن منہب فرماتے ہیں کہ حضرت خریم بن اوس نے فرمایا: عرب کے لوگوں میں ہرمز سے بہادر کوئی نہیں تھا' جب ہم نے مسیلمہ اور اس کے ساتھیوں سے فراغت پائی' ہم بصرہ کی ایک بستی میں آئے' تو ہرمز ہم کو ایک بڑی جماعت میں غصہ کے ساتھ ملا' حضرت خالد نے اس کو للکارا اور لڑائی کے لیے دعوت دی' ہرمز نے مبارزت کی' حضرت خالد نے اس کو قتل کیا اور حضرت ابوبکر کی طرف خط لکھا' تو حضرت ابوبکر نے ہرمز کا سامان حضرت خالد کو دے دیا' ہرمز کی ٹوپی ایک ہزار درہم کی تھی اور ایرانیوں میں رواج تھا کہ جب ان میں کوئی آدمی بڑا ہوتا تو وہ اس کی ٹوپی ایک ہزار درہم کی بنواتے۔

3714 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا هُشَيْمٌ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ فَقَدَ قَلَنْسُوَةً لَهُ يَوْمَ الْيَرْمُوكِ، فَقَالَ: اطْلُبُوهَا فَلَمْ يَجِدُوهَا،

حضرت حمید بن جعفر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے یرموک کے دن ٹوپی نہ پائی' آپ نے فرمایا: ٹوپی تلاش کرو! (لوگوں نے تلاش کی) لیکن انہیں نہ ملی' آپ نے

بن الوليد به .

3714- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 338' رقم الحديث: 5299 عن عبد الحميد بن جعفر عن أبيه عن خالد به .

فَقَالَ: اطْلُبُوهَا، فَوَجَدُوهَا فَإِذَا هِي قَلَنْسُوَةٌ خَلِقَةٌ، فَقَالَ خَالِدٌ: اعْتَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَلَقَ رَأْسَهُ، فَابْتَدَرَ النَّاسُ جَوَانِبَ شَعْرِهِ، فَسَبَقْتُهُمْ إِلَى نَاصِيَتِهِ فَجَعَلْتُهَا فِي هَذِهِ الْقَلَنْسُوَةِ، فَلَمْ أَشْهَدْ قِتَالًا وَهِيَ مَعِي إِلَّا رُزِقْتُ النَّصْرَ

(پھر) فرمایا: تلاش کرو! (لوگوں نے تلاش کی) تو وہ مل گئی وہ ٹوپی بظاہر پرانی تھی (لیکن حقیقت میں ساری دنیا کی بھلائی وکامیابی اس میں تھی)۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضورﷺ نے عمرہ ادا فرمایا' آپ نے سرانور کے بال کٹوائے' صحابہ کرام بالوں کو حاصل کرنے کے لیے دوڑے بالوں کے گرد میں نے آگے بڑھ کر پیشانی کا بال مبارک پکڑا' اس کو اس ٹوپی میں رکھا ہے' میں جب بھی جنگ میں شریک ہوا تو وہ میرے پاس رہی' اس کے ذریعہ مجھے فتح حاصل ہوتی ہے۔

3715 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُخَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ طَارِقَ بْنَ شِهَابٍ، يَقُولُ: لَطَمَ ابْنُ عَمِّ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ رَجُلًا مِنَّا، فَخَاصَمَهُ عَمَّهُ إِلَى خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى لَمْ يَجْعَلْ لِوُجُوهِكُمْ فَضْلًا عَلَى وُجُوهِنَا إِلَّا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ خَالِدٌ: اقْتَصَّ فَقَالَ الرَّجُلُ لِابْنِ أَخِيهِ: الْطِمْ، فَلَمَّا رَفَعَ يَدَهُ، قَالَ: دَعْهَا لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت طارق بن شہاب فرماتے ہیں: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے چچازاد نے ہم میں سے کسی آدمی کو طمانچہ مارا' ان کے چچا حضرت خالد بن ولید کے پاس جھگڑا لے کر آئے' کہا: اے قریش کے گروہ! اللہ عزوجل نے تمہارے چہروں کو ہمارے چہروں پر فضیلت نہیں دی سوائے اس کے جو اللہ عزوجل نے اپنے نبیﷺ کو دی ہے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قصاص لو! آدمی نے اپنے بھتیجے سے کہا: اس کو طمانچہ مارو! جب اس نے اپنا ہاتھ اُٹھایا تو آپ نے کہا: اللہ کی رضا کے لیے چھوڑ دو۔

3716 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ ح، وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ بِشْرٍ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: كَتَبَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ إِلَى أَهْلِ فَارِسَ يَدْعُوهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ:

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے فارس والوں کو خط لکھا' ان کو اسلام کی دعوت دی کہ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے! یہ خط خالد بن ولید کی طرف سے رستم' مہران اور فارس کے گروہ کی طرف' سلام ہو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ إِلَى رُسْتُمَ، ومِهْرَانَ، وَمَلَإِ فَارِسَ سَلَامٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى، أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّا نَدْعُوكُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، فَإِنْ أَبَيْتُمْ فَأَعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ وَأَنْتُمْ صَاغِرُونَ، فَإِنَّ مَعِي قَوْمًا يُحِبُّونَ الْقَتْلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَمَا يُحِبُّ فَارِسُ الْخَمْرَ، وَالسَّلَامُ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى

اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اس کے بعد ہم تمہیں اسلام کی دعوت دیتے ہیں اگر تم انکار کرو گے تو تم جزیہ اپنے ہاتھ سے ذلیل ہو کر دو گے میرے ساتھ ایسی قوم ہے جو اللہ کی راہ میں لڑنے کو پسند کرتی ہے جس طرح فارس کے لوگ شراب کو پسند کرتے ہیں اور سلامتی ہو ان پر جو ہدایت کی پیروی کریں۔

3717 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا بُكَيْرُ بْنُ عَامِرٍ الْبَجَلِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ أَبِي حَازِمٍ يَقُولُ: أَمَّ النَّاسَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ مُتَوَشِّحًا بِثَوْبٍ

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ لوگوں کو امامت کرواتے تھے ایک چادر لپیٹ کر۔

3718 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ يُونُسَ بْنِ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، أَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ لَمَّا أَتَى الْحِيرَةَ، قَالَ: ائْتُونِي بِالسُّمِّ، فَأُتِيَ بِهِ فَجَعَلَهُ فِي كَفِّهِ، ثُمَّ قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ فَاقْتَحَمَهُ فَلَمْ يَضُرَّهُ

حضرت ابوبردہ فرماتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ جب حیرہ آئے تو فرمایا: میرے پاس زہر لاؤ! آپ کے پاس زہر لایا گیا تو آپ نے وہ اپنی ہتھیلی پر رکھا پھر آپ نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھی اور اس کو نگل گئے اس نے آپ کو کوئی نقصان نہیں دیا۔

3719 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: رَأَيْتُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ أُتِيَ بِسُمٍّ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟، قَالُوا: سُمٌّ، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ وازْدَرَدَهُ

حضرت قیس بن ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ کے پاس زہر لایا گیا آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: یہ زہر ہے! آپ نے بسم اللہ پڑھی اور اس کو نگل گئے۔

3720 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ،

حضرت طارق بن شہاب فرماتے ہیں کہ حضرت

3720- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه223 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، أَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ كَلَامٌ فَذَكَرَ خَالِدٌ، عَنْ سَعْدٍ: فَقَالَ: مَهْ فَإِنَّ مَا بَيْنَنَا لَمْ يَبْلُغْ دِينَنَا

خالد بن ولید اور حضرت سعد بن ابووقاص کے درمیان کوئی گفتگو ہوئی' حضرت خالد نے حضرت سعد سے ذکر کیا' حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: چھوڑیں! کیونکہ جو ہمارے درمیان ہے' ہمارے دین تک نہیں پہنچے گا۔

3721 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَبِيبٍ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، أَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ مَرَّ عَلَى اللَّاتِ فَقَالَ: كُفْرَانَكَ لَا سُبْحَانَكَ إِنِّي رَأَيْتُ اللّٰهَ قَدْ أَهَانَكَ

حضرت عبداللہ بن حبیب ابوعبدالرحمٰن سلمی فرماتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید لات (بت) کے پاس سے گزرے' تو فرمایا: تیرے لیے جھٹلایا جاتا ہے' تیرے لیے پاکی نہیں ہے' میں نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے تیری اہانت کی۔

3722 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، وَحِبَّانُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُخْتَارِ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: لَمَّا حَضَرَتْ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ الْوَفَاةُ، قَالَ: لَقَدْ طَلَبْتُ الْقَتْلَ فَلَمْ يُقَدَّرْ لِي إِلَّا أَنْ أَمُوتَ عَلَى فِرَاشِي، وَمَا مِنْ عَمَلٍ أَرْجَى مِنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَا مُتَتَرِّسٌ بِهَا، ثُمَّ قَالَ: إِذَا أَنَا مُتُّ فَانْظُرُوا سِلَاحِي، وَفَرَسِي فَاجْعَلُوهُ عُدَّةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ جب حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے وصال کا وقت قریب آیا' آپ نے فرمایا: میں نے شہادت تلاش کی لیکن میرے مقدر میں نہیں تھی' میں اپنے بستر پر مر رہا ہوں' مجھے لا الہ الا اللہ کے علاوہ کسی عمل کی اُمید نہیں ہے۔ میں اس کلمہ طیبہ کو ڈھال بنانے والا ہوں' پھر آپ نے فرمایا: جب میں مر جاؤں تو میرا اسلحہ اور میرا گھوڑا اللہ کی راہ میں بطور سامانِ حرب استعمال کرنا۔

3721- ذكره ابن أبي شيبة في مصنفه جلد 7صفحه408' رقم الحديث: 36939 عن أبي اسحاق عن عبد الله بن حبيب عن خالد بن الوليد به .

3722- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه350 وقال: رواه الطبراني واسناده حسن .

3723 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ يُونُسَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: دَخَلُوا عَلَى خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ يَعُودُونَهُ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: اِنَّهُ لَفِي السُّوقِ، قَالَ: نَعَمْ وَاللّٰهِ يَسْتَعِينُ عَلَى ذَلِكَ

حضرت یونس بن ابواسحاق فرماتے ہیں کہ کچھ لوگ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے پاس آپ کی عیادت کرنے کے لیے آئے۔ بعض نے کہا: آپ بازارِ جنت میں ہوں گے' آپ نے فرمایا: جی ہاں! اللہ کی قسم! وہ میری اس پر مدد فرمائے گا۔

3724 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: مَاتَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ بِحِمْصٍ سَنَةَ اِحْدَى وَعِشْرِينَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کا وصال حمص میں 21 ہجری میں ہوا۔

ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

حضرت ابن عباس' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3725 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: اُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِضَبَّيْنِ مَشْوِيَّيْنِ وَعِنْدَهُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَاَهْوَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَاْكُلَ فَقِيلَ: اِنَّهُ ضَبٌّ فَاَمْسَكَ بِيَدِهِ، فَقَالَ لَهُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ: اَحَرَامٌ هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس بھونی ہوئی دو گوہ لائی گئیں' آپ کے پاس حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بھی تھے' حضور ﷺ کھانے کا ارادہ کرنے لگے تو آپ سے عرض کی گئی: یہ گوہ ہے! آپ نے اپنا دستِ مبارک روک لیا۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا یہ حرام ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! لیکن میں اسے اپنی قوم میں نہیں پاتا' لہٰذا میں اس سے

3723- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه350 وقال: رواه الطبراني واسناده منقطع ورجاله ثقات .

3725- اخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد3صفحه1543' رقم الحديث: 1945 عن الزهري عن سهل بن حنيف عن ابن عباس به .

قَالَ: لَا، وَلَكِنَّهُ لَا يَكُونُ بِاَرْضِ قَوْمِي فَاَجِدُنِي اَعَافُهُ ، قَالَ: فَاَكَلَ خَالِدٌ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَيْهِ

عافیت چاہتا ہوں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت خالد نے کھایا اس حالت میں کہ رسول اللہ ﷺ ان کی طرف دیکھ رہے تھے۔

3726 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، اَنَّهُ دَخَلَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ مَيْمُونَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، فَاُتِيَ بِضَبٍّ مَحْنُوذٍ فَاَهْوَى اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ فَقَالَ بَعْضُ النِّسْوَةِ اللَّاتِي فِي بَيْتِ مَيْمُونَةَ: اَخْبِرُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا يُرِيدُ يَاْكُلُ مِنْهُ، فَقَالُوا: هُوَ ضَبٌّ فَرَفَعَ يَدَهُ، فَقُلْتُ: اَحَرَامٌ هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنَّهُ لَمْ يَكُنْ بِاَرْضِ قَوْمِي فَاَجِدُنِي اَعَافُهُ ، قَالَ خَالِدٌ: فَاجْتَرَرْتُهُ فَاَكَلْتُهُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے ساتھ حضرت میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کے گھر میں داخل ہوئے آپ کے پاس بھونی ہوئی گوہ لائی گئی حضور ﷺ نے اس کی طرف اپنا دست مبارک بڑھایا تو جو ازواج پاک حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھیں اُنہوں نے فرمایا کہ حضور ﷺ کو بتاؤ کہ وہ کیا کھانے کا ارادہ فرما رہے ہیں اُنہوں نے عرض کی: یہ گوہ ہے! آپ نے اپنا دست مبارک اُٹھایا میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا یہ حرام ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! لیکن میں اسے اپنے وطن میں نہیں پا رہا ہوں میں اس سے عافیت چاہتا ہوں۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے اسے کھینچا اور اس کو کھایا درانحالیکہ حضور ﷺ دیکھ رہے تھے۔

3727 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ الْاَنْصَارِيُّ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ الَّذِي يُقَالُ لَهُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بتایا کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ جنہیں اللہ کی تلوار کہا جاتا ہے اُنہوں نے بتایا کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر داخل ہوئے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا ان کی اور میری خالہ تھیں آپ نے

3726- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد5صفحه2062 رقم الحديث: 5085 عن سهل بن حنيف عن ابن عباس عن خالد بن الوليد به .

سَيْفُ اللّٰهِ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ دَخَلَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- وَهِيَ خَالَتُهُ وَخَالَةُ ابْنِ عَبَّاسٍ- فَوَجَدَ عِنْدَهَا ضَبًّا مَحْنُوذًا قَدِمَتْ بِهِ اُخْتُهَا حُفَيْدَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ مِنْ نَجْدٍ، فَقَدَّمَتِ الضَّبَّ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ قَلَّمَا يُقَدِّمُ يَدَهُ لِطَعَامٍ حَتّٰى يُحَدَّثُ بِهِ وَيُسَمّٰى لَهُ، فَاَهْوَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ اِلَى الضَّبِّ، فَقَالَتِ امْرَاَةٌ مِنَ النِّسْوَةِ الْحُضُورِ: اَخْبِرْنَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدَّمْتُنَّ اِلَيْهِ، قُلْنَ: هُوَ الضَّبُّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، فَقَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ: اَتُحَرِّمُ الضَّبَّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنَّهُ لَمْ يَكُنْ بِاَرْضِ قَوْمِي فَاَجِدُنِي اَعَافُهُ، قَالَ خَالِدٌ: فَاجْتَرَرْتُهُ فَاَكَلْتُهُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ فَلَمْ يَنْهَنِي

وہاں بھونی ہوئی گوہ پائی' جو حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی بہن حفیدہ بنت حارث نے نجد سے بھیجی تھی' انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے لیے گوہ رکھی' حضور ﷺ جب بھی اپنا دست مبارک کھانے کے لیے بڑھاتے تو آپ گفتگو کرتے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے' حضور ﷺ نے اپنا دست مبارک گوہ کی طرف کیا' وہاں موجود عورتوں نے عرض کی: یارسول اللہ! جو آپ کو اُنہوں نے پیش کیا ہے' یہ گوہ ہے۔ تو حضور ﷺ نے اپنا دستِ مبارک اُٹھایا۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ گوہ کو حرام فرماتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! لیکن میں اپنے ملک میں اسے نہیں پاتا ہوں' میں اس سے بچتا ہوں۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اسے کھینچا اور اس کو کھایا' رسول اللہ ﷺ دیکھ رہے تھے اور آپ نے مجھے منع نہیں کیا۔

3728 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اُتِيَ بِضَبٍّ مَشْوِيٍّ فَاَهْوَى اِلَيْهِ بِيَدِهِ لِيَاْكُلَ مِنْهُ فَقَالَ لَهُ بَعْضُ مَنْ حَضَرَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّهُ لَحْمُ ضَبٍّ فَرَفَعَ يَدَهُ، فَقَالَ لَهُ خَالِدٌ: اَحَرَامٌ هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا،

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس بھونی ہوئی گوہ لائی گئی' آپ نے اسے کھانے کے لیے دست مبارک آگے بڑھایا تو وہاں موجود بعض حضرات نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ گوہ کا گوشت ہے' تو آپ نے دست مبارک اُٹھایا۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا یہ حرام ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! لیکن میں اپنے ملک میں اس کو نہیں پاتا ہوں' میں اپنے آپ کو پاتا ہوں کہ اپنی

وَلٰكِنَّهُ لَمْ يَكُنْ فِي اَرْضِ قَوْمِي فَاَجِدُنِي اَعَافُهُ

فطرت کے نہ چاہنے کی وجہ سے اس کو چھوڑ دوں۔

3729 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، قَالَ: اَهْدَتْ اُمُّ حُفَيْدٍ لِمَيْمُونَةَ لَحْمَ ضَبٍّ، فَدَخَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُدِّمَ اِلَيْهِ، وَكَانَ لَا يَاْكُلُ طَعَامًا حَتَّى يَعْلَمَ مَا هُوَ؟ فَقَالَتِ امْرَاَةٌ: اَخْبِرُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هَذَا؟، فَقَالُوا: اِنَّهُ لَحْمُ ضَبٍّ اَهْدَتْهُ اُمُّ حُفَيْدٍ لِمَيْمُونَةَ، قَالَ: وَهَمَّ اَنْ يَاْكُلَ مِنْهُ، فَكَفَّ، اَحَرَامٌ هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟، قَالَ: لَا، وَلٰكِنِّي اَجِدُنِي اَعَافُهُ وَلَيْسَ مِنْ طَعَامِ قَوْمِي ، قَالَ خَالِدٌ: فَاَكَلْتُهُ وَهُوَ جَالِسٌ فَلَمْ يَعِبْ ذٰلِكَ عَلَيَّ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُم حفید نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کو گوہ کا گوشت تحفتاً بھیجا' حضورﷺ ان کے پاس تشریف لائے تو وہ گوشت آپ کی خدمت میں پیش کیا گیا' آپﷺ کوئی کھانا تب تک تناول نہ فرماتے جب تک کہ اس کے بارے میں جان نہ لیتے کہ وہ کیا ہے؟ تو ایک عورت نے کہا کہ حضورﷺ کو بتاؤ کہ یہ کیا ہے؟ تو لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ گوہ کا گوشت ہے' اُم حفید نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہ کو تحفتاً بھیجا ہے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ اس سے کھانے کا ارادہ فرمائے ہوئے تھے' پس آپ رُکے تو پوچھا گیا کہ یارسول اللہ! کیا یہ حرام ہے؟ تو آپ نے فرمایا کہ نہیں! لیکن میں اس کو فطری ناپسندیدگی کی وجہ سے چھوڑتا ہوں کہ یہ میری قوم کے کھانوں میں سے نہیں ہے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اسے کھایا' درانحالیکہ آپ تشریف فرما تھے' پس آپ نے مجھ پر کوئی اعتراض نہ فرمایا۔

3730 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَزِيزٍ الْاَيْلِيُّ، ثنا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ، عَنْ عَقِيلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، اَنَّ عَبْدَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ وہ رسول پاکﷺ کی معیت میں زوجۂ رسول حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خالہ تھیں' تو آپ

اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ دَخَلَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ- وَهِيَ خَالَتُهُ وَخَالَةُ ابْنِ عَبَّاسٍ- فَوَجَدَ عِنْدَهَا ضَبًّا مَحْنُوذًا قَدِمَتْ بِهِ اُخْتُهَا حُفَيْدَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ مِنْ نَجْدٍ، فَقَدَّمَتِ الضَّبَّ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ قَلَّمَا يُقَدِّمُ يَدَهُ لِطَعَامٍ حَتّٰى يُحَدَّثَ بِهِ وَيُسَمّٰى لَهُ، فَاَهْوٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ اِلَى الضَّبِّ فَقَالَتِ امْرَاَةٌ مِنَ النِّسْوَةِ الْحُضُورِ: اَخْبِرْنَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدَّمْتُنَّ لَهُ، قُلْنَ: هُوَ الضَّبُّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ: اَحَرَامٌ الضَّبُّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنَّهُ لَمْ يَكُنْ بِاَرْضِ قَوْمِي فَاَجِدُنِي اَعَافُهُ، قَالَ خَالِدٌ: فَاجْتَرَرْتُهُ فَاَكَلْتُهُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَنْظُرُ وَلَمْ يَنْهَنِي۔

نے ان کے پاس بھونی ہوئی گوہ پائی جو ان کی بہن حفیدہ بنت حارث نے ان کے لیے نجد سے بھیجی تھی تو اُنہوں نے یہ گوہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کی' آپ ﷺ جب بھی کھانے کے لیے ہاتھ بڑھاتے تو اس کے بارے میں پوچھتے اور بسم اللہ پڑھتے تو رسول اللہ ﷺ نے گوہ کی طرف ہاتھ بڑھایا تو وہاں موجود عورتوں میں سے ایک عورت نے کہا کہ تم نے جو رسول اللہ ﷺ کے لیے پیش کیا ہے اس کے بارے میں بتاؤ۔ تو اُنہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ گوہ ہے! تو حضور ﷺ نے اپنا ہاتھ کھانے سے اُٹھا لیا۔ تو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا گوہ حرام ہے؟ تو آپ نے فرمایا: نہیں! لیکن میں اسے اپنی قوم کی زمین میں نہیں پاتا' پس میں اس سے عافیت چاہتا ہوں۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اسے کھینچا اور کھایا درانحالیکہ رسول اللہ ﷺ دیکھ رہے تھے اور آپ نے منع نہیں فرمایا۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ دَخَلَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَيْمُونَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ -وَهِيَ خَالَتُهُ- اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے' فرماتے ہیں کہ انہیں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ وہ حضور ﷺ کی معیت میں حضرت میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' وہ ان کی خالہ ہیں۔ اُنہوں نے گوہ کا گوشت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا اور پھر اس کی مثل حدیث بیان کی۔

وَسَلَّمَ لَحْمُ ضَبٍّ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

3731 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَحْمَدَ بْنِ خَازِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى مَيْمُونَةَ، فَقَدَّمَتْ اِلَيْهِ ضَبًّا مَطْبُوخًا بِتَمْرٍ، فَقَالَتْ مَيْمُونَةُ: اَخْبِرُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ يَاْكُلَ، فَلَمَّا اُخْبِرَ بِهِ اَمْسَكَ يَدَهُ عَنْهُ، فَقَالُوا: اَحَرَامٌ هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنْ اَعَافُهُ فَاجْتَرَّهُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَاَكَلَهُ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَيْهِ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے تو اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں خشک کھجور کے ساتھ پکی ہوئی گوہ پیش کی، پس حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کو کھانے سے پہلے (کھانے کے بارے میں) بتاؤ (کہ کھانے میں کیا ہے) جب آپ کو بتایا گیا تو آپ نے اپنے ہاتھ کھانے سے روک لیے تو صحابہ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا وہ حرام ہے؟ تو آپ نے فرمایا: نہیں! لیکن میں اس سے عافیت چاہتا ہوں۔ پس حضرت خالد بن ولید نے اسے کھینچا اور کھایا درانحالیکہ رسول اللہ ﷺ انہیں دیکھ رہے تھے۔

3732 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ خَالِدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما، حضرت خالد بن ولید سے اور وہ نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

خَالِدُ بْنُ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

حضرت خالد بن حکیم بن حزام، حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3733 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا

ابونجیح، حضرت خالد بن حکیم بن حزام روایت

الْحُمَيْدِيُّ ح، وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، حَدَّثَنِي اَبُو نَجِيحٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: تَنَاوَلَ اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ بِشَيْءٍ، فَكَلَّمَهُ فِيهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَقِيلَ لَهُ: اَغْضَبَ الْاَمِيرَ؟ فَقَالَ: اِنِّي لَمْ اُرِدْ اَنْ اُغْضِبَهُ، وَلَكِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، اَشَدُّهُمْ لِلنَّاسِ عَذَابًا فِي الدُّنْيَا

کرتے ہیں' فرماتے ہیں کہ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو کسی شی کے بدلے پکڑا تو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے اس شخص کے بارے میں حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سے بات کی تو اُن سے کہا گیا: کیا آپ سپہ سالار کو غصہ دکھانا چاہتے ہیں؟ تو اُنہوں نے فرمایا کہ میں انہیں غصہ کرنے کا ارادہ تو نہیں رکھتا لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قیامت کے دن لوگوں میں سب سے سخت تر عذاب والا وہ ہوگا جو دنیا میں لوگوں کو زیادہ تکلیف دے گا۔

جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت

3734 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى، ثنا عَمِّي الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِينٌ، وَاَمِينُ هَذِهِ الْاُمَّةِ اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہر اُمت کا امین ہوتا ہے اور اس اُمت کے امین ابوعبیدہ بن جراح ہیں۔

3734- اورده الطبراني في الأوسط جلد **6** صفحه **68**' رقم الحديث: **5815** عن أبي الزبير عن جابر عن خالد بن الوليد به .

الْمِقْدَامُ بْنُ مَعْدِي كَرِبَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

حضرت مقدام بن معدی کربؓ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3735 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا بَقِيَّةُ، حَدَّثَنِي ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَحِلُّ أَكْلُ لُحُومِ الْخَيْلِ، وَالْبِغَالِ، وَالْحَمِيرِ

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: خچر اور گھوڑا اور گدھے کا گوشت کھانا جائز نہیں ہے۔

3736 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ سُلَيْمَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَتِ الْيَهُودُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَكَوْا إِلَيْهِ أَنَّ النَّاسَ أَسْرَعُوا فِي حَظَائِرِهِمْ، فَبَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَادَيْتُ فِي النَّاسِ إِنَّ الصَّلَاةَ جَامِعَةٌ، وَلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مل کر جہاد کیا' یہودی حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ سے شکایت کی کہ لوگ ان کے باڑے کی طرف تیزی سے جا رہے ہیں' مجھے رسول اللہ ﷺ نے بھیجا کہ میں لوگوں میں اعلان کروں کہ نماز کا وقت ہو گیا ہے اور جنت میں صرف مسلمان ہی داخل ہو گا' جب لوگ جمع ہو گئے تو حضور ﷺ کھڑے ہوئے' آپ نے فرمایا: یہودیوں کو کیا ہوا کہ وہ شکایت کر رہے ہیں کہ تم ان کے باڑے کی طرف جانے میں جلدی کی ہے؟ خبردار! کبھی بغیر حق

3735- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد3صفحه352' رقم الحديث: 3790 عن يزيد بن صالح بن يحيى بن المقدام بن معدى كرب عن أبيه عن جده عن خالد بن الوليد به .

3736- ذكر نحوه أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد2صفحه29' رقم الحديث: 703 عن صالح بن يحيى بن المقدام بن معديكرب عن جده عن خالد بن الوليد به .

مُسْلِمٌ، فَلَمَّا اجْتَمَعَ النَّاسُ قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا بَالُ الْيَهُودِ شَكَوْا اَنَّكُمْ اَسْرَعْتُمْ فِي حَظَائِرِهِمْ؟ اَلَا لَا يَحِلُّ اَمْوَالُ الْمُعَاهَدِينَ بِغَيْرِ حَقِّهَا، وَحَرَامٌ عَلَيْكُمْ حُمُرُ الْاَهْلِيَّةِ، وَخَيْلُهَا، وَكُلُّ ذِي نَابٍ مِنَ السَّبُعِ، وَكُلُّ ذِي مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ

کے کسی معاہدے والے کا مال لینا جائز نہیں' تم پر پالتو گدھے کا گوشت حرام ہے اور پالتو گھوڑے' ہر پھاڑنے والے درندے کا گوشت اور پنجے سے شکار کرنے والے سے پرندوں کا گوشت۔

3737 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ غَزْوَانَ يُحَدِّثُ، عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ، اَلَا لَا يَقُولُ رَجُلٌ مُتَّكِءٌ عَلَى اَرِيكَتِهِ مَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ مِنْ حَلَالٍ اَحْلَلْنَاهُ، وَمَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ، اَلَا وَاِنِّي اُحَرِّمُ عَلَيْكُمْ اَمْوَالَ الْمُعَاهَدِينَ - الْحَدِيثَ۔

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: خبردار! ایک آدمی ہوگا وہ اپنے تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے ہوگا' وہ کہے گا: ہم اس کو حلال جانتے ہیں جو قرآن میں حلال ہے اور اس کو حرام کہتے ہیں جس کو قرآن نے حرام کیا' خبردار! میں معاہدہ والوں کا مال حرام کر رہا ہوں۔ الحدیث!

3738 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عِيسَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْحِمْصِيُّ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ يَحْيَى بْنِ الْمِقْدَامِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَنَّهُ، سَمِعَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا خَالِدُ اَذِّنْ فِي النَّاسِ الصَّلَاةُ جَامِعَةٌ، لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ، اِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے خالد! لوگوں میں اعلان کرو کہ نماز کا وقت ہے اور جنت میں صرف مسلمان ہی داخل ہوگا۔ پھر آپ ﷺ نکلے' دوپہر کے وقت (ظہر کی) نماز پڑھائی' پھر آپ لوگوں میں کھڑے ہوئے' آپ نے فرمایا: معاہدہ والوں کا مال ناحق لینا میں حلال قرار نہیں دیتا ہوں' یقیناً تم میں سے کہنے والا کہے گا اس

3738- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 155 وقال: روى الطبراني في الكبير وروى أبو داؤد طرفا منه وفيه بقية وهو ضعيف .

بِالْهَاجِرَةِ ثُمَّ قَامَ فِي النَّاسِ فَقَالَ: مَا أُحِلُّ أَمْوَالَ الْمُعَاهَدِينَ بِغَيْرِ حَقِّهَا، عَسَى الرَّجُلُ مِنْكُمْ أَنْ يَقُولَ وَهُوَ مُتَّكِءٌ عَلَى أَرِيكَتِهِ: مَا وَجَدْنَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، مِنْ حَلَالٍ أَحْلَلْنَاهُ وَمَا وَجَدْنَا مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ، وَإِنِّي أُحَرِّمُ عَلَيْكُمْ أَمْوَالَ الْمُعَاهَدِينَ بِغَيْرِ حَقِّهَا

حالت میں کہ وہ اپنے تکیے پر ٹیک لگائے ہوئے ہوگا کہ ہم اس کو حلال جانتے ہیں جس کو اللہ نے حلال کیا ہے اور حرام اس کو کرتے ہیں جو قرآن نے حرام کیا' میں تم پر معاہدہ والوں کا مال ناحق لینے کو حرام کرتا ہوں۔

مَالِكُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ الْأَشْتَرِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ

حضرت مالک بن حارث بن اشتر' حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3739 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا مَسْعُودُ بْنُ سَعْدٍ الْجُعْفِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْأَشْتَرِ، قَالَ: كَانَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ يَضْرِبُ النَّاسَ عَلَى الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ، قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ، فَأَصَبْنَا أَهْلَ بَيْتٍ كَانُوا وَحَّدُوا، فَقَالَ عَمَّارٌ: قَدِ احْتَجَزَ هَؤُلَاءِ مِنَّا بِتَوْحِيدِهِمْ، فَلَمْ أَلْتَفِتْ إِلَى قَوْلِ عَمَّارٍ، فَقَالَ: أَمَا لَأُخْبِرَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَكَانِي إِلَيْهِ، فَلَمَّا رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْتَصُّ

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ، عَنْ قَزَعَةَ، عَنِ الْقَرْثَعِ الضَّبِّيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْمِنُ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ عِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ سورج ڈھلنے کے وقت چار رکعتوں پر ہمیشگی کرتے تھے' پھر اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

3932 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَيُّوبَ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، ثنا الْمَسْعُودُ، عَنْ عَبْدِ الْخَالِقِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ، عَنْ قَرْثَعٍ اَوِ ابْنِ قَرْثَعٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ رَاَيْتُهُ يُدِيمُ اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ وَقَالَ: اِنَّهُ اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ فُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَاءِ فَلَا يُغْلَقُ مِنْهَا بَابٌ حَتَّى يُصَلَّى الظُّهْرُ فَاَنَا اُحِبُّ اَنْ يُرْفَعَ لِي فِي تِلْكَ السَّاعَةِ خَيْرٌ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضورﷺ میرے پاس تشریف لائے (ہجرت کے وقت) میں نے آپ کو ظہر سے پہلے چار رکعتوں پر ہمیشگی کرتے ہوئے دیکھا' آپﷺ نے فرمایا: جب سورج ڈھل جاتا ہے تو آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں' وہ نمازِ ظہر پڑھنے تک کھلے رہتے ہیں' میں پسند کرتا ہوں کہ میرے نیک اعمال اس وقت پیش کیے جائیں۔

3933 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ الدَّهَّانُ، ثنا الْمُفَضَّلُ الْحَنَفِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنِ الْقَرْثَعِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا هَذِهِ الْاَرْبَعُ رَكَعَاتٍ؟ قَالَ: هَذِهِ السَّاعَةُ فِيهَا

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ چار رکعتیں کیا ہیں؟ آپﷺ نے فرمایا: اس وقت آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں' وہ نمازِ ظہر پڑھنے تک کھلے رہتے ہیں' میں پسند کرتا ہوں کہ میرے نیک اعمال اس وقت پیش کیے جائیں۔

تُفْتَحُ اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَلَا تَرْتَجُّ حَتَّى يُصَلَّى الظُّهْرُ فَأُحِبُّ اَنْ اُقَدِّمَ

عَلِيُّ بْنُ الصَّلْتِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

3934 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الصَّلْتِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي قَبْلَ الظُّهْرِ اَرْبَعًا، فَقِيلَ لَهُ؟ فَقَالَ: اِنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيهَا فَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ: اِنَّهَا سَاعَةٌ تُفْتَحُ فِيهَا اَبْوَابُ السَّمَاءِ، فَاُحِبُّ اَنْ يَرْتَفِعَ لِي فِيهَا عَمَلٌ صَالِحٌ

3935 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الصَّلْتِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، اَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي قَبْلَ الظُّهْرِ اَرْبَعًا فَقِيلَ لَهُ: مَا هَذِهِ الصَّلَاةُ؟، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيهَا فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ: اِنَّهَا سَاعَةٌ تُفْتَحُ فِيهَا اَبْوَابُ السَّمَاءِ، فَاُحِبُّ اَنْ يُرْفَعَ لِي فِيهَا عَمَلٌ صَالِحٌ

3936 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي

حضرت علی بن صلت' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت علی بن صلت فرماتے ہیں کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نمازِ ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھتے تھے' اُن سے اس کے متعلق عرض کی گئی' تو اُنہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس وقت آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں' میں پسند کرتا ہوں کہ اس وقت میرے نیک اعمال پیش کیے جائیں۔

حضرت علی بن صلت فرماتے ہیں کہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نمازِ ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھتے تھے' اُن سے اس کے متعلق عرض کی گئی' تو اُنہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس وقت آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں' میں پسند کرتا ہوں کہ اس وقت میرے نیک اعمال پیش کیے جائیں۔

حضرت علی بن صلت فرماتے ہیں کہ میں نے

شَيْبَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا يَحْيَى بْنُ عِيسَى الرَّمْلِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الصَّلْتِ، قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا اَيُّوبَ نَزَعَ خُفَّيْهِ، فَنَظَرُوا اِلَيْهِ، فَقَالَ: اَمَا اِنِّي قَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَيْهِمَا وَلٰكِنِّي حُبِّبَ اِلَيَّ الْوُضُوءُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ نے موزے اُتارے' آپ کو دیکھا جانے لگا تو آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ان پر مسح کرتے ہوئے دیکھا لیکن مجھے دھونا زیادہ پسند ہے۔

عَلِيُّ بْنُ مُدْرِكٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

حضرت علی بن مدرک' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3937 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، وَيَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، ثنا الْاَعْمَشُ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ، قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا اَيُّوبَ، يَنْزِعُ خُفَّيْهِ فَنَظَرُوا اِلَيْهِ، فَقَالَ: اَمَا اِنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَيْهِمَا وَلٰكِنْ حُبِّبَ اِلَيَّ الْوُضُوءُ

حضرت علی بن صلت فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کو دکھا' آپ نے موزے اُتارے' آپ کو دیکھا جانے لگا تو آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ان پر مسح کرتے ہوئے دیکھا لیکن مجھے دھونا زیادہ پسند ہے۔

اَبُو ظَبْيَانَ الْجَنْبِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

حضرت ابوظبیان الجنبی' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3938 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ

حضرت ابوظبیان فرماتے ہیں کہ حضرت ابوایوب

3938- لم أجده بهذا الطريق وأورده النسائي في السنن الكبرى جلد6صفحه274' رقم الحديث: 10952 عن عثمان بن عفان به .

شَبِيبٍ الْعَسَّالُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ، قَالَ: غَزَا اَبُو اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيُّ بَلَدَ الرُّومِ، فَلَمَّا ثَقُلَ قَالَ: اِذَا اَنَا مُتُّ فَاحْمِلُونِي مَعَكُمْ، فَاِذَا صَافَفْتُمُ الْعَدُوَّ فَادْفِنُونِي تَحْتَ اَقْدَامِكُمْ، فَاِنِّي مُحَدِّثُكُمْ حَدِيثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا اَنِّي عَلَى حَالِي هَذِهِ مَا حَدَّثْتُكُمْ بِهِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ مَاتَ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ

رضی اللہ عنہ نے روم شہر میں جہاد کیا' جب آپ زخمی ہوئے تو آپ نے فرمایا: جب میں مرجاؤں تو مجھے اپنے ساتھ اُٹھا کر لے جانا' جب دشمن کا صفایا کرو تو مجھے تم اپنے قدموں کے نیچے دفن کرنا' میں تم کو ایسی حدیث بتاؤں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے' اگر میں اس حالت میں ہوتا تو تم کو یہ حدیث نہ بتاتا جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو لا الٰہ الا اللہ کی گواہی دے وہ جنت میں داخل ہوگا۔

3939 - حَدَّثَنَا، الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ اَشْيَاخٍ، لَهُمْ قَالُوا: كُنَّا مَعَ اَبِي اَيُّوبَ فِي اَرْضِ الرُّومِ فَمَرِضَ فَاَوْصَانَا: احْمِلُونِي حَتَّى اِذَا صَافَفْتُمُ الْعَدُوَّ ادْفِنُونِي تَحْتَ اَقْدَامِكُمْ، ثُمَّ قَالَ: اِنِّي مُحَدِّثُكُمْ حَدِيثًا لَوْلَا اَنِّي عَلَى هَذِهِ مَا حَدَّثْتُكُمُوهُ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابوظبیان' حضرت اشیاخ سے روایت فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے کہا: ہم نے حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کے ساتھ مل کر روم شہر میں جہاد کیا' وصیت کے طور پر ہمیں آپ نے فرمایا: (جب میں مرجاؤں تو) مجھے اپنے ساتھ اُٹھانا' جب دشمن کا صفایا کرو تو مجھے تم اپنے قدموں کے نیچے دفن کرنا' میں تم کو ایسی حدیث بتاؤں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے' اگر میں اس حالت میں ہوتا تو تم کو یہ حدیث نہ بتاتا جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو لا الٰہ الا اللہ کی گواہی دے وہ جنت میں داخل ہوگا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، قَالَ: اَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

3939- أخرج مسلم نحوه فی صحيحه جلد1صفحه94' رقم الحديث:92 من طريق شقيق عن عبد الله بن مسعود به .

اَبِی اَیُّوبَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَیْنٍ الْقَاضِی، ثنا یَحْیَی الْحِمَّانِیُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِیَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی ظَبْیَانَ، عَنْ اَشْیَاخِهِمْ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

3940 - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَکْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا اَبُو مُعَاوِیَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی ظَبْیَانَ، عَنْ اَشْیَاخِهِ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: مَنْ مَاتَ لَا یُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَیْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کوفرماتے ہوئے سنا: جو اس حالت میں مرے کہ اُس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا ہوتو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

عَبَایَةُ بْنُ رِبْعِیٍّ الْاَسَدِیُّ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ

حضرت عبایہ بن ربعی الاسدی' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

3941 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا حُسَیْنٌ الْاَشْقَرُ، ثنا قَیْسٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبَایَةَ بْنِ رِبْعِیٍّ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ الْاَنْصَارِیِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِفَاطِمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا: اَمَا عَلِمْتِ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اطَّلَعَ اِلَی اَهْلِ الْاَرْضِ فَاخْتَارَ مِنْهُمْ اَبَاكِ، فَبَعَثَهُ نَبِیًّا، ثُمَّ اطَّلَعَ الثَّانِیَةَ فَاخْتَارَ بَعْلَكِ فَاَوْحَی اِلَیَّ فَاَنْكَحْتُهُ وَاتَّخَذْتُهُ وَصِیًّا؟.

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: کیا آپ کو معلوم ہے کہ اللہ عزوجل نے زمین والوں کو دیکھا اوران میں سے آپ کے والد کو پسند کیا' اس کو نبی بنا کر بھیجا' پھر دوسری بار دیکھا اور آپ کے شوہر کو چنا' میری طرف وحی کی کہ میں ان سے آپ کا نکاح کروں اور اپنا وصی بناؤں۔

3941- ذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد8صفحه253 وقال: رواه الطبرانی .

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا یَحْیَی الْحِمَّانِیُّ، ثنا قَیْسُ بْنُ الرَّبِیعِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبَایَةَ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرِضَ، فَاَتَتْهُ فَاطِمَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا تَعُودُهُ وَهُوَ نَاقِهٌ مِنْ مَرَضِهِ، فَلَمَّا رَاَتْ مَا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَهْدِ- فَذَكَرَ الْحَدِیثَ بِطُولِهِ۔

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ بیمار ہوئے‘ آپﷺ کے پاس حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا عیادت کے لیے آئیں تو آپ حالتِ مرض میں اونٹنی پر تھے‘ جب رسول اللہﷺ نے آپ رضی اللہ عنہا کو پریشان دیکھا‘ اس کے بعد لمبی حدیث ذکر کی۔

حَبِیبُ بْنُ اَبِی ثَابِتٍ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ

حضرت حبیب بن ابوثابت‘ حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

3942 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَیْنِ بْنِ مَابَهْرَامَ الْاَیْذَجِیُّ، ثنا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ، ثنا نَائِلُ بْنُ نَجِیحٍ، ثنا فِطْرُ بْنُ خَلِیفَةَ، عَنْ حَبِیبِ بْنِ اَبِی ثَابِتٍ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ الْاَنْصَارِیِّ، قَالَ: كَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَطُوفُ بَیْنَ الصَّفَا، وَالْمَرْوَةِ فَسَقَطَتْ عَلَی لِحْیَتِهِ رِیشَةٌ فَابْتَدَرَ اِلَیْهِ اَبُو اَیُّوبَ فَاَخَذَهَا مِنْ لِحْیَتِهِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: نَزَعَ اللّٰهُ عَنْكَ مَا تَكْرَهُ

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ صفا و مروہ کے درمیان سعی کر رہے تھے‘ آپ کی داڑھی سے ایک بال گرا‘ میں نے جلدی سے اس کو پکڑا‘ آپ کی داڑھی سے پکڑا‘ حضورﷺ نے مجھے فرمایا: اللہ عزوجل نے تم سے وہ چھین لیا جو تم ناپسند کرتے تھے۔

مِخْنَفُ بْنُ

حضرت مخنف بن سلیم‘ حضرت

3942- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9صفحه323 وقال: رواه الطبراني وفيه نائل بن نجيح وثقه أبو حاتم وغيره وضعفه الدارقطني وغيره وبقية رجاله ثقات الا أن حبيب بن أبي ثابت لم يسمع من أبي ايوب.

سُلَيْم، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ

ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3943 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْجَرْجَرَائِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَصِيرَةَ، عَنْ أَبِي صَادِقٍ، عَنْ مِخْنَفِ بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: أَتَيْنَا أَبَا أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيَّ وَهُوَ يَعْلِفُ خَيْلًا لَهُ بصعنبى، فَقُلْنَا عِنْدَهُ، فَقُلْتُ لَهُ: أَبَا أَيُّوبَ قَاتَلْتُ الْمُشْرِكِينَ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ جِئْتَ تُقَاتِلُ الْمُسْلِمِينَ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنِي بِقِتَالِ ثَلَاثَةٍ النَّاكِثِينَ، وَالْقَاسِطِينَ، وَالْمَارِقِينَ، فَقَدْ قَاتَلْتُ النَّاكِثِينَ، وَقَاتَلْتُ الْقَاسِطِينَ، وَأَنَا مُقَاتِلٌ إِنْ شَاءَ اللهُ الْمَارِقِينَ بِالشُّعُفَاتِ بِالطُّرُقَاتِ بِالنَّهْرَاوَاتِ وَمَا أَدْرِي مَا هُمْ؟

حضرت مخنف بن سلیم فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' آپ گھوڑا تیار کر رہے تھے' ہم نے آپ کے پاس کہا' میں نے آپ سے عرض کی: اے ابوایوب! آپ مشرکین سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مل کر لڑے ہیں پھر آپ مسلمانوں کے ساتھ لڑنے آئے ہیں۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے تین آدمیوں کے ساتھ لڑنے کا حکم دیا ہے: وعدہ خلافی کرنے والوں کے ساتھ اور بے انصافی کرنے والوں اور خون والوں کے ساتھ' میں وعدہ خلافی کرنے والوں کے ساتھ اور بے انصافی کرنے والوں کے ساتھ لڑا ہوں' اگر اللہ نے چاہا تو میں خون بہانے والوں سے نہراوات کے راستوں میں لڑوں گا' میں نہیں جانتا ہوں کہ وہ کیا ہیں؟

مِخْنَفُ زَبِيدُ أَوْ رُبَيْدُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ

حضرت مخنف زبید یا ربید بن سلیم' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3944 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3943- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه235 وقال: رواه الطبراني وفيه محمد بن كثير الكوفي وهو ضعيف.

اَبُو رَبِيعَةَ فَهْدُ بْنُ عَوْفٍ، حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ جَعْفَرِ بْنِ اِيَاسٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ زَبِيدٍ اَوْ زُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْمَلَكَ مِنِّي بِمَنْزِلَةٍ لَيْسَ بِهَا اَحَدٌ مِنْكُمْ وَاَكْرَهُ اَنْ يَجِدَ مِنِّي رِيحَ شَيْءٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: فرشتہ کا میرے ہاں وہ مقام ہے جس طرح کا مقام تم میں سے کسی کے لیے نہیں ہے' میں لہسن اور پیاز کی بو کو ناپسند کرتا ہوں۔

حَكِيمُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

حضرت حکیم بن بشیر' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3945 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَفْضَلَ الصَّدَقَةِ الصَّدَقَةُ عَلَى ذِي الرَّحِمِ الْكَاشِحِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: قریبی رشتہ دار پر صدقہ کرنا' سب سے بہترین صدقہ ہے' جو دل میں دشمنی چھپائے رکھتا ہے۔

رِيَاحُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

حضرت ریاح بن حارث' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3946 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا:

حضرت ریاح بن حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ مقام رحبہ میں تشریف فرما تھے اچانک آپ کے پاس ایک آدمی آیا جس پر سفر کے

ثـنـا شَرِيكٌ، عَنْ حَنَشِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ رِيَاحِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: بَيْنَا عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَالِسٌ فِي الرَّحْبَةِ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ وَعَلَيْهِ أَثَرُ السَّفَرِ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ، فَقِيلَ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: أَبُو أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيُّ، فَقَالَ: أَبُو أَيُّوبَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

نشانات تھے اُس نے عرض کی: اے میرے مولا! آپ پر سلامتی ہو! آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: یہ کون ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ابوایوب! حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس کا میں مددگار ہوں اس کا علی مددگار ہے۔

3947 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْأَوْدِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ حَنَشِ بْنِ الْحَارِثِ، وَعَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ رِيَاحِ بْنِ الْحَارِثِ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ رِيَاحِ بْنِ الْحَارِثِ النَّخَعِيِّ، قَالَ: كُنَّا قُعُودًا مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَجَاءَ رَكْبٌ مِنَ الْأَنْصَارِ عَلَيْهِمُ الْعَمَائِمُ، فَقَالُوا: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَانَا، فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: أَنَا مَوْلَاكُمْ وَأَنْتُمْ قَوْمٌ عَرَبٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ سَمِعْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ وَهَذَا أَبُو أَيُّوبَ فِينَا، فَحَسَرَ أَبُو أَيُّوبَ الْعِمَامَةَ عَنْ وَجْهِهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ

حضرت ریاح بن حارث نخعی فرماتے ہیں کہ ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے انصار سے ایک اونٹ سوار قافلہ آیا' انہوں نے عمامے باندھے ہوئے تھے' اُس نے عرض کی: اے میرے مددگار! آپ پر سلامتی ہو! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تمہارا مددگار ہوں! تم عرب کی قوم ہو؟ اُس نے کہا: جی ہاں! ہم نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس کا میں مددگار ہوں اس کے علی مددگار ہیں' اے اللہ! تُو اس سے دوستی رکھ جو اس سے دوستی رکھے اور تُو اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے' یہ ابوایوب ہم میں تھے۔ یہ ہم میں حضرت ابوایوب موجود ہیں' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے اپنی پیشانی سے عمامہ اُٹھایا' فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس کا میں مولا اس کے علی مددگار ہیں' اے اللہ! تُو اس کو دوست رکھ جو اس سے دوستی رکھے اور تُو اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے۔

3947- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه103 رواه أحمد مختصرًا والطبراني ورجال أحمد ثقات .

وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

حضرت عبداللہ بن ولید بن عبادہ بن صامت' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

3948 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سَوْرَةَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُونُسَ بْنِ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي نُعْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّهُ جَاءَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَرَقَةٍ بَقَرٍ فِيهَا ثُومٌ، فَوَجَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِيحَ الثُّومِ فَقَالَ: اَخْرِجْهَا قَالَ: لِمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَحَرَامٌ؟ فَقَالَ: لَا وَلٰكِنَّ جِبْرِيلَ يُنَاجِينِي

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حضور ﷺ کے پاس گائے کا گوشت لے کر آئے' اس میں لہسن تھا' رسول اللہ ﷺ نے اس میں لہسن تھا' رسول اللہ ﷺ نے اس میں لہسن کی بو پائی' آپ نے فرمایا: اس کو نکالو! عرض کی: یا رسول اللہ! کیا یہ حرام ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! بلکہ جبریل میرے ساتھ سرگوشی کرتے ہیں۔

اَبُو شُعَيْبٍ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

حضرت ابوشعیب الحضرمی' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3949 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ، ثنا الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي سَوْدَةَ، عَنْ اَبِي

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی پاخانہ کرے تو وہ تین پتھر سے استنجاء کرے' یہ اس کے لیے

3949- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 211 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط ورجاله موثقون الا ان ابا شعيب صاحب أبي أيوب لم ار فيه تعديلا ولا جرحا .

شُعَيْبٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا تَغَوَّطَ اَحَدُكُمْ فَلْيَتَمَسَّحْ بِثَلَاثَةِ اَحْجَارٍ فَاِنَّ ذٰلِكَ كَافِيهِ

کافی ہوگا۔

اَسْلَمُ اَبُو عِمْرَانَ مَوْلَى تُجِيبَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

حضرت تجیب کے غلام اسلم ابوعمران' حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

3950 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَسْلَمَ اَبِي عِمْرَانَ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ، سَمِعَ اَبَا اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ بِالْمَدِينَةِ: اِنِّي اُخْبِرْتُ عَنْ عِيرِ اَبِي سُفْيَانَ اَنَّهَا مُقْبِلَةٌ، فَهَلْ لَكُمْ اَنْ نَخْرِجَ قِبَلَ هٰذَا الْعِيرِ؟ لَعَلَّ اللّٰهُ يُغْنِمُنَاهَا ، فَقُلْنَا: نَعَمْ، فَخَرَجَ وَخَرَجْنَا، فَلَمَّا سِرْنَا يَوْمًا اَوْ يَوْمَيْنِ، قَالَ لَنَا: مَا تَرَوْنَ فِي الْقَوْمِ، فَاِنَّهُمْ قَدْ اُخْبِرُوا بِمَخْرَجِكُمْ؟ ، فَقُلْنَا: لَا وَاللّٰهِ مَالَنَا طَاقَةٌ بِقِتَالِ الْعَدُوِّ، وَلَكِنْ اَرَدْنَا الْعِيرَ، ثُمَّ قَالَ: مَا تَرَوْنَ فِي قِتَالِ الْقَوْمِ؟ فَقُلْنَا مِثْلَ ذٰلِكَ، فَقَالَ الْمِقْدَادُ بْنُ عَمْرٍو: اِذَنْ لَا نَقُولُ لَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ قَوْمُ مُوسَى لِمُوسَى: (فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: ہم مدینہ میں تھے کہ میں سفیان کے قافلہ کی خبر دیتا ہوں جو واپس آ رہا ہے' کیا تم اس قافلہ کی طرف نکلنا چاہتے ہو؟ یقیناً اللہ ہمیں اس کے ذریعہ مالِ غنیمت دے گا۔ ہم نے کہا: جی ہاں! آپ نکلے' ہم بھی نکلے' یہ ایک دن اور دو دن چلے' آپ نے ہمیں فرمایا: تم ان لوگوں کے متعلق کیا خیال کرتے ہو کہ ان کو تمہارے نکلنے کی خبر دی گئی ہے؟ ہم نے عرض کی: ہم کو دشمن سے لڑنے کی طاقت نہیں ہے' ہم قافلہ چاہتے ہیں۔ پھر آپ نے فرمایا: تم ان لوگوں سے لڑنے کے متعلق کیا رائے دیتے ہو؟ ہم نے اسی کی مثل کہا' حضرت مقداد بن عمرو رضی اللہ عنہ نے عرض کی: آپ فرمائیں! یا رسول اللہ! ہم ایسے نہیں کہیں گے جس طرح حضرت موسیٰ کی قوم نے حضرت موسیٰ کو کہا تھا کہ ''آپ

3950- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه73 وقال: رواه الطبراني واسناده حسن .

إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُونَ) (المائدة: 24) ، قَالَ: فَتَمَنَّيْنَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ لَوْ أَنَّا قُلْنَا كَمَا قَالَ الْمِقْدَادُ أَحَبُّ إِلَيْنَا مِنْ أَنْ يَكُونَ لَنَا مَالٌ عَظِيمٌ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى رَسُولِهِ: (كَمَا أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّ فَرِيقًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ لَكَارِهُونَ يُجَادِلُونَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَأَنَّمَا يُسَاقُونَ إِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُونَ) ثُمَّ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِينَ آمَنُوا سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ) (الانفال: 12) وَقَالَ: (وَإِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّونَ أَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُونُ لَكُمْ) (الانفال: 7) وَالشَّوْكَةُ الْقَوْمُ وَغَيْرُ ذَاتِ الشَّوْكَةِ الْعِيرُ، فَلَمَّا وَعَدَنَا إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ إِمَّا الْقَوْمُ وَإِمَّا الْعِيرُ طَابَتْ أَنْفُسُنَا، ثُمَّ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ رَجُلًا لِيَنْظُرَ مَا قِبَلَ الْقَوْمِ؟ فَقَالَ: رَأَيْتُ سَوَادًا وَلَا أَدْرِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُمْ هُمْ هَلُمُّوا أَنْ نَتَعَادَّ فَفَعَلْنَا، فَإِذَا نَحْنُ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَثَلَاثَةَ عَشَرَ رَجُلًا، فَأَخْبَرْنَا رَسُولَ اللّٰهِ بِعِدَّتِنَا، فَسَرَّهُ ذَلِكَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَقَالَ: عِدَّةُ أَصْحَابِ طَالُوتَ ثُمَّ إِنَّا اجْتَمَعْنَا مَعَ الْقَوْمِ فَصَفَفْنَا، فَبَدَرَتْ مِنَّا بَادِرَةٌ أَمَامَ الصَّفِّ، فَنَظَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِمْ فَقَالَ: مَعِي مَعِي ثُمَّ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

جائیں اور آپ کا رب دونوں لڑیں ہم یہاں بیٹھے ہیں''۔ انصار کے گروہ نے کہا: ہم خواہش کرتے ہیں کہ ہم بھی ایسے ہی کہیں جس طرح مقداد نے کہا' ہمیں یہ بات بہت زیادہ مال سے بھی زیادہ پسند تھی۔ اللہ عزوجل نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہ آیت نازل کی: ''جس طرح آپ کے رب نے آپ کو آپ کے گھر سے نکالا حق کے ساتھ ایمان والوں میں سے ایک گروہ اس کو ناپسند کرتا تھا' وہ آپ سے حق کے متعلق جھگڑ رہے ہیں' حق واضح ہونے کے بعد' گویا وہ موت کی طرف ہانکے جا رہے ہیں' وہ دیکھ رہے ہیں''۔ پھر اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''میں تمہارے ساتھ ہوں' ثابت قدم رہو' اے ایمان والو! عنقریب کافروں کے دلوں میں رعب ڈال دوں گا' ان کی گردنوں کے اوپر مارو' ان کے ہر جوڑ پر مارو''۔ اور اللہ عزوجل نے فرمایا: جب اللہ نے دو گروہوں میں سے ایک گروہ کا تمہارے لیے وعدہ کیا کہ وہ تمہارے لیے ہے' تم چاہتے تھے کہ تم کو کانٹا چبے بغیر ملے''۔ شوکہ سے مراد لوگ اور غیر ذات شوکہ عیر سے مراد قافلہ ہے' جب ہم نے دو گروہوں میں سے ایک گروہ سے مراد قوم اور قافلہ مراد لیا تو ہم نے اپنے آپ کو خوش کیا' پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی کو بھیجا تاکہ دیکھے کہ قوم نے کیا قبول کیا؟ میں نے اژدھام دیکھا اور میں نہیں جانتا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ لاؤ! ہم وعدہ کریں کہ ہم نے ایسے کیا' ہم تین سو تیرہ آدمی تھے۔ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وعدہ دلایا'

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَنْشُدُكَ وَعْدَكَ، فَقَالَ ابْنُ رَوَاحَةَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اُرِيدُ اَنْ اُشِيرَ عَلَيْكَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ مَنْ يُشِيرُ عَلَيْهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَعْظَمُ مِنْ اَنْ تَنْشُدَهُ وَعْدَهُ، فَقَالَ: يَا ابْنَ رَوَاحَةَ لَاَنْشُدَنَّ اللّٰهَ وَعْدَهُ، فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ، فَاَخَذَ قَبْضَةً مِنَ التُّرَابِ فَرَمَى بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وُجُوهِ الْقَوْمِ، فَانْهَزَمُوا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلَكِنَّ اللّٰهَ رَمَى) (الانفال: 17) فَقَتَلْنَا وَاَسَرْنَا، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا اَرَى اَنْ يَكُونَ لَكَ اَسْرَى، فَاِنَّمَا نَحْنُ دَاعُونَ مُؤَلِّفُونَ، فَقُلْنَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ: اِنَّمَا يَحْمِلُ عُمَرُ عَلَى مَا قَالَ حَسَدًا لَنَا، فَنَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ ثُمَّ قَالَ: ادْعُوا لِي عُمَرَ، فَدُعِيَ لَهُ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ اَنْزَلَ عَلَيَّ: (مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَكُونَ لَهُ اَسْرَى حَتَّى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ تُرِيدُونَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ يُرِيدُ الْآخِرَةَ وَاللّٰهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ) (الانفال: 67)

آپ خوش ہوئے' آپ نے اللہ کی حمد کی' آپ نے فرمایا: طالوت کے ساتھیوں کی تعداد تھی' پھر ہم لوگوں کے ساتھ جمع ہوئے' ہم نے صفیں باندھیں' ہم میں سے ایک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے ہوا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی طرف دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے ساتھ! پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! میں تجھے وعدہ کی قسم دیتا ہوں! حضرت ابن رواحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ سے مشورہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم افضل ہیں جس کو اللہ عزوجل مشورہ دے' اللہ اس سے بڑا ہے کہ آپ اسے وعدہ کی قسم دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابن رواحہ! میں اللہ کے وعدہ کی قسم دیتا ہوں' اللہ عزوجل وعدہ خلافی نہیں کرتا ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مٹی کی ایک مٹھی لی اور کافروں کی طرف پھینکی تو وہ لوگ بھاگے۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل کی: ''آپ نے نہیں پھینکا جو آپ نے پھینکا بلکہ اللہ نے پھینکا'' ہم نے قتل کیے اور قیدی بنائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میری رائے یہ ہے کہ جو آپ کے پاس قیدی ہیں ہم ان کو اسلام کی دعوت دیتے ہیں۔ انصار کے گروہ نے کہا: حضرت عمر نے بات ہم سے حسد کے طور پر کی ہے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سو کر اُٹھے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس عمر کو بلاؤ! حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بلایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے مجھ پر آیت نازل کی ہے: ''مَا كَانَ لِنَبِيٍّ الی آخرہ''۔

3951 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُولٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَسْلَمَ اَبِي عِمْرَانَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي الْمَغْرِبَ حِينَ تَجِبُ الشَّمْسُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم مغرب کی نماز پڑھا کرتے تھے‘ جس وقت سورج غروب ہوتا تھا۔

3952 - حَدَّثَنَا اَبُو حَبِيبٍ يَحْيَى بْنُ نَافِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا، ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَسْلَمَ اَبِي عِمْرَانَ، قَالَ: قَالَ اَبُو اَيُّوبَ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَلُّوا صَلَاةَ الْمَغْرِبِ مَعَ سُقُوطِ الشَّمْسِ بَادِرُوا بِهَا طُلُوعَ النَّجْمِ .

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ نمازِ مغرب سورج کے طلوع ہونے کے وقت پڑھو اور ستاروں کے طلوع ہونے کے وقت۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى التَّيْمِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، حَدَّثَنِي اَسْلَمُ اَبُو عِمْرَانَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا اَيُّوبَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ‘ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

3953 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُولٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا، عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، وَابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ،

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے کہا: ہمارے درمیان‘ ہمارے بعض آدمی ہیں جو بعض کے لیے رسول اللہ ﷺ سے چھپا کر گفتگو کرتے ہیں

3952- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **310** وقال: ورواه الطبراني عن يزيد بن أبي حبيب عن أسلم أبي عمران عن أبي أيوب ورجاله موثقون .

3953- أخرج نحوه ابن حبان في صحيحه جلد **11** صفحه **9**' رقم الحديث: **4711** عن يزيد بن ابي حبيب عن أسلم ابي عمران عن أبي أيوب به .

حَدَّثَنِي اَسْلَمُ اَبُو عِمْرَانَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قُلْنَا بَيْنَنَا بَعْضُنَا لِبَعْضٍ سِرًّا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَمْوَالَنَا قَدْ ضَاعَتْ فَلَوْ اَنَّا قُمْنَا فِيهَا، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي كِتَابِهِ يَرُدُّ عَلَيْنَا مَا هَمَمْنَا بِهِ (وَاَنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوا بِاَيْدِيكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ) (البقرة:195) فِي الْاِقَامَةِ فِي الْاَمْوَالِ وَاِصْلَاحِهَا وَتَرْكِ الْجِهَادِ وَالنَّفَقَةِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

کہ ہمارے اموال ضائع ہو گئے اگر اس (مدینہ) میں ٹھہرے رہتے تو اللہ عزوجل نے اپنی کتاب میں ہمارا جواب دیا جو ہم نے ارادہ کیا تھا: اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور تم اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں سے ہلاکت میں نہ ڈالو یہ اموال رُکنے اور ان کی اصلاح کرنے اور جہاد اور اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کو چھوڑنے میں۔

اَبُو سَوْرَةَ ابْنُ اَخِي اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

حضرت ابوسورہ حضرت ابوایوب کے بھائی حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

3954 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ، كِلَاهُمَا، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي سَوْرَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: حَبَّذَا الْمُتَخَلِّلُونَ، قَالُوا وَمَا الْمُتَخَلِّلُونَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْمُتَخَلِّلُونَ بِالْوُضُوءِ، وَالْمُتَخَلِّلُونَ مِنَ الطَّعَامِ، اَمَّا تَخْلِيلُ الْوُضُوءِ: فَالْمَضْمَضَةُ، وَالِاسْتِنْشَاقُ، وَبَيْنَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے آپ نے فرمایا: خلال کرنے والے اچھے ہیں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! خلال کرنے والوں سے مراد کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وضو میں خلال کرنے والے اور کھانے کا خلال کرنے والے وضو میں خلال کرنا کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا اور انگلیوں کا خلال کرنا ہے اور کھانے کے خلال سے مراد یہ ہے کہ کھانا کھا کر منہ صاف کرنا تاکہ نماز پڑھنے کے دوران دانتوں کے درمیان کوئی شی موجود ہو۔

3954- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 29 وقال: رواه كله الطبراني وروى أحمد منه طرفا وهو يصلى وفي اسناده واصل بن السائب وهو ضعيف .

الْاَصَابِعِ، وَاَمَّا تَخْلِيلُ الطَّعَامِ: فَمِنَ الطَّعَامِ، اِنَّهُ لَيْسَ شَيْءٌ اَشَدَّ عَلَى الْمَلَكَيْنِ مِنْ اَنْ يَرَيَا بَيْنَ اَسْنَانِ صَاحِبِهِمَا شَيْئًا وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي

3955 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى مَنْدَهِ الْاَصْفَهَانِيُّ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا رَبَاحُ بْنُ عَمْرٍو الْقَيْسِيُّ، ثنا اَبُو يَحْيَى الرَّقَاشِيُّ، ثنا اَبُو سَوْرَةَ ابْنُ اَخِي اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: حَبَّذَا الْمُتَخَلِّلُونَ فِي الطَّعَامِ، وَالْوُضُوءِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ہمارے پاس آئے' آپ نے فرمایا: کھانے اور وضو میں خلال کرنے والے بہتر ہیں۔

3956 - ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي سَوْرَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ لِي ابْنَ اَخٍ لَا يَنْتَهِي عَنْ حَرَامٍ، قَالَ: مَا دِينُهُ؟ قَالَ: يُصَلِّي وَيُوَحِّدُ اللّٰهَ، قَالَ: فَاسْتَوْهِبْ مِنْهُ دِينَهُ، فَاِنْ اَبَى فَابْتَعْهُ مِنْهُ فَطَلَبَ ذَلِكَ الرَّجُلُ مِنْهُ، فَاَبَى عَلَيْهِ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ فَقَالَ: وَجَدْتُهُ شَحِيحًا عَلَى دِينِهِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ) (النساء: 48)

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: میرا بھائی حرام سے باز نہیں آتا ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: اس کا دین کیا ہے؟ عرض کی: وہ نماز پڑھتا ہے اور اللہ کی توحید کا اقرار کرتا ہے' آپ نے فرمایا: اس سے اس کا دین ہبہ کے طور پر لے لے پس اگر وہ انکار کرے تو اس سے خرید لے۔ پس اس آدمی نے جا کر اس سے مطالبہ کیا۔ پس اس نے انکار کر دیا تو وہ آدمی نبی کریمﷺ کی بارگاہ میں آیا اور آپ کو بتایا' آپﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے اسے اس کے دین پر کنجوس پایا۔ پس اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''ان اللّٰہ لا یغفر الی آخرہ''۔

3957 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3956- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه5 وقال: رواه الطبراني وفيه واصل بن السائب وهو ضعيف .

التُّسْتَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَنْبَسَةَ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي سَوْرَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِلاسْتِئْنَاسُ اَنْ تَدْعُوَ الْخَادِمَ حَتَّى يَسْتَأْنِسَ اَهْلَ الْبَيْتِ الَّذِينَ تَسْتَاْذِنُ عَلَيْهِمْ

حضورﷺ نے فرمایا: استیناس یہ ہے کہ تُو خادم کو بلائے یہاں تک کہ وہ ان گھر والوں سے مانوس ہو جائے جن پر تو اجازت مانگتا ہے۔

3958 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي سَوْرَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: قُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَذَا السَّلَامُ فَمَا الِاسْتِئْنَاسُ؟ قَالَ: قَالَ: يَتَكَلَّمُ الرَّجُلُ تَسْبِيحَةً وَتَكْبِيرَةً وَتَحْمِيدَةً وَيَتَنَحْنَحُ يُؤْذِنُ اَهْلَ الْبَيْتِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ سلام ہے تو استیناس سے مراد کیا ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: آدمی کا تسبیح اور تکبیر اور حمد کرنا ہے اور کھانسنا ہے جس سے گھر والوں کو بتائے (کہ وہ گھر میں آ رہا ہے)۔

3959 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، ثنا وَاصِلُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي سَوْرَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ يَسْتَاكُ مِنَ اللَّيْلِ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ رات کو دو یا تین مرتبہ مسواک کرتے تھے۔

3960 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي سَوْرَةَ، عَنْ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ جب رات کو اُٹھتے تو چار رکعت نفل ادا کرتے اور ان میں آپ کلام نہ کرتے اور نہ کسی شے کا

3958- أورده ابن أبي شيبة في مصنفه جلد 5 صفحه 242، رقم الحديث: 25674 عن واصل بن السائب عن أبي سورة عن ابي ايوب به .

3959- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد 5 صفحه 417، رقم الحديث: 23587 عن واصل عن أبي سورة عن ابي ايوب

اَبِی اَیُّوبَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ صَلَّى اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ لَا يَتَكَلَّمُ وَلَا يَاْمُرُ بِشَيْءٍ، وَيُسَلِّمُ بَيْنَ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ

حکم دیتے اور ہر دو رکعت کے درمیان سلام پھیرتے۔

3961 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى الْاُمَوِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ اَبِي سَوْرَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَوَضَّاَ اسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا وَتَمَضْمَضَ وَاَدْخَلَ اِصْبَعَيْهِ فِي فَمِهِ، وَكَانَ يَبْلُغُ بِرَاحَتَيْهِ اِذَا غَسَلَ وَجْهَهُ مَا اَقْبَلَ مِنْ اُذُنَيْهِ، وَاِذَا مَسَحَ رَاْسَهُ مَسَحَ بِاِصْبَعَيْهِ مَا اَدْبَرَ مِنْ اُذُنَيْهِ مَعَ رَاْسِهِ وَخَلَّلَ لِحْيَتَهُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ جب وضو کرتے تو تین مرتبہ کلی کرتے اور تین مرتبہ ناک میں پانی چڑھاتے اور اپنے منہ میں اپنی دو انگلیاں داخل کرتے' اپنی دونوں ہتھیلیوں کو پہنچاتے' جب چہرہ دھوتے تو دونوں کانوں کے آگے سے بھی دھوتے اور جب سر کا مسح کرتے تو اپنی دو انگلیوں سے کرتے اور کانوں کے پیچھے سے سر کے ساتھ ہی مسح کرتے اور داڑھی کا خلال کرتے۔

3962 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا جَابِرُ بْنُ نُوحٍ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي سَوْرَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ يَتَزَاوَرُونَ عَلَى النَّجَائِبِ بِيضٌ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَلَيْسَ فِي الْجَنَّةِ شَيْءٌ مِنَ الْبَهَائِمِ اِلَّا الْاِبِلُ وَالطَّيْرُ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جنت والے سفید جانور پر بیٹھ کر جنت ایک دوسرے کی زیارت کریں گے وہ جانور ایسے ہوگا جیسے یاقوت ہوتا ہے حالانکہ جنت میں کوئی جانور نہیں ہوگا سوائے اونٹ اور پرندے کے۔

3963 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی

3961- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 233' وقال: رواه الطبراني وهكذا وجدته في الأصل وفيه واصل بن السائب وهو متروك .

3962- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 412 وقال: رواه الطبراني وفيه جابر بن نوح وهو ضعيف .

3963- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد 1 صفحه 299' رقم الحديث: 873 عن واصل عن عطاء بن ابي رباح وابي

بَكْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِیمِ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِی رَبَاحٍ، وَعَنْ اَبِی سَوْرَةَ، عَنْ عَمِّهِ اَبِی اَیُّوبَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هَؤُلَاءِ الَّذِینَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (رِجَالٌ یُحِبُّونَ اَنْ یَتَطَهَّرُوا وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُطَّهِّرِینَ) (التوبة: 108) ؟ ، قَالَ: كَانُوا یَسْتَنْجُونَ بِالْمَاءِ وَكَانُوا لَا یَنَامُونَ اللَّیْلَ كُلَّهُ

پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ کون لوگ ہیں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ وہ پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ بھی پاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے؛ فرمایا: جو پانی کے ساتھ استنجاء کرتے ہیں اور ساری رات سوتے نہیں ہے۔

3964 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ حَبِیبٍ الطَّرَائِفِیُّ، ثنا اَیُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، ثنا سَعِیدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِی سَوْرَةَ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ، قَالَ: لَمَّا مَاتَ اِبْرَاهِیمُ ابْنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَشَی الْمُشْرِكُونَ بَعْضُهُمْ اِلَی بَعْضٍ، فَقَالُوا: اِنَّ هَذَا الصَّابِءَ قَدْ بُتِرَ اللَّیْلَةَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَی: (اِنَّا اَعْطَیْنَاكَ الْكَوْثَرَ) (الكوثر: 1)- اِلَی آخِرِ السُّورَةِ -

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابراہیم بن رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا تو مشرکین ایک دوسرے کی طرف چلے؛ کہنے لگے: آج رات اس صابی (اپنے آباء واجداد کے دین کو چھوڑنے والے) کی نسل ختم ہوگئی؛ اللہ پاک نے یہ سورۃ نازل فرمائی: ''انا اعطیناک الکوثر الی آخر السورة''۔

3965 - وَعَنْ اَبِی اَیُّوبَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ التَّصْعِیرِ؟ فقَالَ: لَیُّ فِی الشِّدْقِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک ﷺ سے رخسار ٹیڑھے کرنے کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: باچھیں کھینچنا ہے۔

3966 - وَعَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ؛ حضور ﷺ سے

سورة عن ابی ایوب به .

3964- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه143 وقال: رواه الطبراني وفيه واصل بن السائب وهو متروك .

3966- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه137 وقال: رواه الطبراني وفيه واصل بن السائب وهو متروك .

وَسَلَّمَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ؟ فَقَالَ: يَوْمَانِ وَلَيْلَةٌ: يَوْمُ عَرَفَةَ، وَيَوْمُ النَّحْرِ، وَالْوِتْرُ: لَيْلَةُ النَّحْرِ لَيْلَةُ جَمْعٍ

روایت کرتے ہیں کہ آپ سے جفت اور طاق کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: دو دن ہے اور ایک رات ہے' نویں ذی الحجہ کا دن اور دسویں کا دن' طاق دسویں کی رات اور مزدلفہ کی رات ہے۔

3967 - وَعَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: (مُدْهَامَّتَانِ) (الرحمن: **64**) ؟ فَقَالَ: خَضْرَاوَانِ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ سے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد ''مُدْهَامَّتَانِ'' کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: دو سبز ہیں۔

3968 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ وَاصِلِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي سَوْرَةَ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: اَتَى اَعْرَابِيٌّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنِّي اُحِبُّ الْخَيْلَ وَهَلْ فِي الْجَنَّةِ خَيْلٌ؟، فَقَالَ: اِذَا دَخَلْتَ الْجَنَّةَ اُتِيتَ بِفَرَسٍ مِنْ يَاقُوتٍ لَهُ جَنَاحَانِ فَحُمِلْتَ عَلَيْهِ فَطَارَ بِكَ فِي الْجَنَّةِ حَيْثُ شِئْتَ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میں گھوڑے کو پسند کرتا ہوں' کیا جنت میں گھوڑا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: جب تُو جنت میں داخل ہو تو یاقوت کا گھوڑا لایا جائے گا' اس کے دو پَر ہوں گے' تُو اس پر سوار ہوگا اور جنت میں جہاں جانا چاہے گا وہ تجھے اُڑا کر لے جائے گا۔

زِيَادُ بْنُ اَنْعُمٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

حضرت زیاد بن انعم' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3969 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى ثنا اَبُو

حضرت زیاد بن انعم فرماتے ہیں کہ وہ سمندر میں

3967- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه**118** وقال: رواه الطبراني وفيه واصل بن السائب وهو متروك .

3968- أورده الترمذي في سننه جلد4صفحه682' رقم الحديث: **2544** عن واصل بن السائب عن ابي سورة عن ابي أيوب به .

3969- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8**صفحه**185** وقال: رواه الطبراني وعبد الرحمن وثقه يحيى القطان وغيره

عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ اَنْعُمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي زِيَادَ بْنَ اَنْعُمٍ، يَقُولُ: اِنَّهُ جَمَعَهُمْ مَرْسَى لَهُمْ فِي الْبَحْرِ وَمَرْكَبَ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: كُلَّمَا حَضَرَ غِذَاؤُنَا اَرْسَلْنَا اِلَى اَبِي اَيُّوبَ وَاِلَى اَهْلِ مَرْكَبِهِ، فَاَتَى اَبُو اَيُّوبَ فَقَالَ: دَعَوْتُمُونِي وَاَنَا صَائِمٌ، فَكَانَ عَلَيَّ مِنَ الْحَقِّ اَنْ اُجِيبَكُمْ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِلْمُسْلِمِ عَلَى اَخِيهِ الْمُسْلِمِ سِتُّ خِصَالٍ وَاجِبَةٍ فَمَنْ تَرَكَ خَصْلَةً مِنْهَا فَقَدْ تَرَكَ حَقًّا وَاجِبًا لِاَخِيهِ، اِذَا دَعَاهُ اَنْ يُجِيبَهُ، وَاِذَا لَقِيَهُ اَنْ يُسَلِّمَ عَلَيْهِ، وَاِذَا عَطَسَ اَنْ يُشَمِّتَهُ، وَاِذَا مَرِضَ اَنْ يَعُودَهُ، وَاِذَا مَاتَ اَنْ يَتْبَعَ جِنَازَتَهُ، وَاِذَا اسْتَنْصَحَهُ اَنْ يَنْصَحَهُ . قَالَ اَبِي: وَكَانَ فِينَا رَجُلٌ مَزَّاحٌ وَكَانَ عَلَى نَفَقَاتِنَا رَجُلٌ فَكَانَ الْمَزَّاحُ يَقُولُ لِلَّذِي يَلِي الطَّعَامَ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا وَبِرًّا، فَلَمَّا اَكْثَرَ عَلَيْهِ جَعَلَ يَغْضَبُ وَيَشْتُمُهُ، فَقَالَ الْمَزَّاحُ: يَا اَبَا اَيُّوبَ كَيْفَ تَرَى فِي رَجُلٍ اِذَا قُلْتُ لَهُ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا وَبِرًّا غَضِبَ وَشَتَمَنِي، فَقَالَ اَبُو اَيُّوبَ: كُنَّا نَقُولُ: مَنْ لَمْ يُصْلِحْهُ الْخَيْرُ اَصْلَحَهُ الشَّرُّ فَاَقْلِبْ لَهُ فَلَمَّا جَاءَ الرَّجُلُ قَالَ لَهُ الْمَزَّاحُ: جَزَاكَ اللّٰهُ شَرًّا وَعُسْرًا فَضَحِكَ الرَّجُلُ وَرَضِيَ، وَقَالَ: اِنَّكَ لَا تَدَعُ بِطَالَتَكَ عَلَى كُلِّ حَالٍ، فَقَالَ الْمَزَّاحُ: جَزَى اللّٰهُ

بندرگاہ پر اکٹھے تھے اور حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کی کشتی پر اور جب بھی ہمارا کھانا آتا' ہم حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ اور ان کی کشتی والوں کو بھیجتے' آپ نے فرمایا: آپ لوگ مجھے دعوت دیتے ہیں حالانکہ میں روزے کی حالت میں ہوتا ہوں' مجھ پر حق ہے کہ میں تمہاری دعوت قبول کروں' میں نے رسول پاک ﷺ سے سنا ہے کہ ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں جس نے ایک حق کو بھی چھوڑا اُس نے اپنے بھائی کا حق چھوڑ دیا: وہ جب اس کو دعوت دے تو اس کی دعوت کو قبول کرے اور جب اس کو ملے تو اس کو سلام کرے' جب اس کو چھینک آئے تو اس کی چھینک کا جواب دے اور جب بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے اور جب مر جائے تو اس کے جنازے میں شریک ہو' جب نصیحت مانگے تو اس کو نصیحت کرے۔ میرے والد نے کہا: ہم میں ایک مذاق کرنے والا آدمی تھا اور ہمارے خرچ پر ایک آدمی تھا' مذاق کرنے والا کھانے کے قریب آ کر کہتا: اللہ آپ کو اچھی جزاء دے اور نیکی دے جب کئی بار اس نے کہا تو وہ غصے ہونے لگا اور گالی دینے لگا' مذاق کرنے والے نے کہا: اے ابوایوب! آپ اس آدمی کے متعلق کیا رائے رکھتے ہیں کہ جب میں اس کو کہتا ہوں کہ اللہ آپ کو بہتر نیکی دے جزاء دے تو وہ غصہ ہوتا ہے اور مجھے گالی دیتا ہے۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے کہا: جس کو نیکی اچھی نہ لگے

زیاد بن انعم عن ابی ایوب

وضعفه جماعة وبقية رجاله موثقون .

اَبَا اَيُّوبَ خَيْرًا وَبِرًّا فَقَدْ قَالَ لِي.

اس کو بُرائی اچھی لگتی ہے' تو اس کو اس کا اُلٹ کہہ۔ جب وہ آدمی آیا تو مذاق کرنے والے نے اس کو کہا: اللہ تمہیں بُرا بدلہ دے اور تنگی کرے! تو وہ آدمی خوش ہوا اور راضی ہوگیا' اس نے کہا: ہر حالت میں لمبائی نہ مانگو۔ مزاح کرنے والے نے کہا: اللہ تعالیٰ ابوایوب کو بھلائی دے اور نیکی دے! مجھے آپ نے (یہ) فرمایا۔

سُفْيَانُ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

حضرت سفیان بن وہب' حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3970 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، اَنَّ سُفْيَانَ بْنَ وَهْبٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرْسِلَ اِلَيْهِ بِطَعَامٍ مَعَ خَضِرَةٍ فِيهِ بَصَلٌ اَوْ كُرَّاثٌ لَمْ يَرَ فِيهِ اَثَرَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَبَى اَنْ يَاْكُلَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَنَعَكَ اَنْ تَاْكُلَ؟، قَالَ: لَمْ اَرَ فِيهِ اَثَرَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْتَحْيِي مِنْ مَلَائِكَةِ اللّٰهِ وَلَيْسَ بِمُحَرَّمٍ

حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ کو کھانا بھیجا گیا جس میں سبزی میں پیاز یا لہسن تھا اور سالن میں رسول اللہ ﷺ کی انگلیوں کے نشانات نہ دیکھے گئے تو میں نے کھانے سے انکار کر دیا' نبی پاک ﷺ نے فرمایا: تم نے کیوں نہیں کھایا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی انگلیوں کے نشانات نہیں دیکھے' نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں اللہ کے فرشتوں سے حیا کرتا ہوں اور یہ حرام نہیں ہے۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

حضرت عبداللہ بن یزید ابوعبدالرحمٰن الحبلی ٗ حضرت ابوایوب سے روایت کرتے ہیں

3971 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي شُرَحْبِيلُ بْنُ شَرِيكٍ الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رَوْحَةٌ اَوْ غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَغَرَبَتْ

حضرت ابوایوب فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ایک شام یا ایک صبح اللہ کی راہ میں ہر اس چیز سے بہتر ہے ٗ جس پر سورج طلوع وغروب ہوتا ہے۔

3972 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُولٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي شُرَحْبِيلُ بْنُ شَرِيكٍ الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيَّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَغَرَبَتْ

حضرت عبدالرحمٰن حبلی فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کا فرمان بیان کرتے ہوئے حضرت ابوایوب کو سنا: ایک صبح اللہ کی راہ میں یا ایک شام بہتر ہے ہر اس چیز سے جس پر سورج طلوع وغروب ہوتا ہے۔

3973 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے

3971- ذكره الطبراني في الأوسط جلد8صفحه291' رقم الحديث: 8667 عن شرحبيل بن شريك عن أبي عبد الرحمن عن أبي أيوب به .

3973- أورده الترمذي في سننه جلد4صفحه134' رقم الحديث: 1566 عن حيي بن عبد الله عن أبي عبد الرحمن الحبلي عن أبي أيوب به .

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ حُيَيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ اَبِی اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ وَالِدَةٍ وَوَلَدِهَا فَرَّقَ اللّٰهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اَحِبَّتِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ہیں کہ میں نے نبی پاک ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے والدہ اور بچے کے درمیان جدائی ڈالی اللہ تعالیٰ اس کے اور محبت کرنے والوں کے درمیان قیامت کے دن جدائی ڈال دے گا۔

3974 - حَدَّثَنَا اَبُو الْجَارُودِ مَسْعُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الرَّمْلِيُّ، ثنا عِمْرَانُ بْنُ هَارُونَ الصُّوفِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ اَبِی اَيُّوبَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا دَعَا بَدَاَ بِنَفْسِهِ

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب دعا کرتے تو اپنے آپ سے شروع کرتے۔

3975 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا اَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِی اَيُّوبَ، عَنْ اَبِی عَقِيلٍ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ، ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ اَبِی اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَكَلَ اَوْ شَرِبَ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی اَطْعَمَ وَسَقَى وَسَوَّغَهُ وَجَعَلَ لَهُ مَخْرَجًا

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب کھانا کھاتے یا پانی پیتے تو یہ دعا کرتے: ''الحمد للّٰہ الذی الٰی آخرہ''۔

اَبُو الْخَيْرِ مَرْثَدُ بْنُ

حضرت ابوالخیر مرثد بن عبداللہ

3974- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه152 وقال: رواه الطبراني واسناده حسن .

3975- أورده أبو داؤد في سننه جلد3صفحه366، رقم الحديث: 3851 عن أبي عبد الرحمٰن الحبلي عن أبي أيوب

عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيُّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ

کہ ٹھکانہ بناؤ' تم اور تمہاری ازواج اور اولاد جنت میں رہنے کے لیے جو نیک ہوں۔

4430 - وَقَالَ: إِذَا مَضَى نِصْفُ اللَّيْلِ أَوْ ثُلُثُ اللَّيْلِ يَنْزِلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَيَقُولُ: لَا أَسْأَلُ عَنْ عِبَادِي غَيْرِي، مَنْ ذَا الَّذِي يَسْتَغْفِرُنِي أَغْفِرُ لَهُ؟ مَنْ ذَا الَّذِي يَدْعُونِي أَسْتَجِيبُ لَهُ؟ مَنْ ذَا الَّذِي يَسْأَلُنِي أُعْطِيهِ؟ حَتَّى يَنْفَجِرَ الصُّبْحُ

پھر فرمایا: جب رات کا ایک حصہ یا دو تہائی حصہ چلا جاتا ہے تو اللہ عزوجل کی رحمت آسمانِ دنیا کی طرف اُترتی ہے' وہ فرماتا ہے: میں اپنے بندے سے اس کے علاوہ نہیں مانگتا ہوں' کون ہے جو مجھ سے مانگے تو میں دوں گا؟ جو مجھ سے دعا کرے گا میں اس کی دعا قبول کروں گا' کون ہے جو مجھ سے بخشش مانگے تو میں اس کو بخش دوں گا؟ یہ آواز آتی رہتی ہے فجر کے طلوع ہونے تک۔

حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ عَرَابَةَ - قَالَ أَبُو مُوسَى: هَكَذَا قَالَ مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ وَهُوَ ابْنُ عَرَابَةَ - أَنَّهُ حَدَّثَهُ قَالَ: أَقْبَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى إِذَا كُنَّا بِالْكَدِيدِ - أَوْ قَالَ بِقُدَيْدٍ - جَعَلَ رِجَالٌ مِنَّا يَسْتَأْذِنُونَ إِلَى أَهَالِيهِمْ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْذَنُ لَهُمْ، ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت ابن عرابہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ واپس آئے' جب ہم مقامِ کدید پر آئے یا قدید کے مقام پر تو ہم میں سے کچھ لوگ اپنے گھر جانے کے لیے اجازت مانگنے لگے' حضور ﷺ ان کو اجازت دینے لگے' پھر اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثنا أَبُو أُمَيَّةَ الْحَبَطِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ عَرَابَةَ، قَالَ: أَقْبَلْنَا مَعَ

حضرت رفاعہ بن عرابہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ واپس آئے' جب ہم مقامِ کدید پر آئے' پھر اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى إِذَا كُنَّا بِالْكَدِيدِ، ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ

رِفَاعَةُ بْنُ اَوْسٍ الْاَنْصَارِيُّ، اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ

4431 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، رِفَاعَةُ بْنُ اَوْسِ بْنِ زَعُورِ بْنِ عَبْدِ الْاَشْهَلِ

حضرت رفاعہ بن اوس انصاری' اُحد کے دن شہید کیے گئے تھے

حضرت عروہ فرماتے ہیں: جو انصار میں سے اُحد کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام رفاعہ بن اوس بن زعور بن عبدالاشہل ہے۔

رِفَاعَةُ بْنُ زَيْدٍ الْجُذَامِيُّ

4432 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هُدْنَةِ الْحُدَيْبِيَةِ رِفَاعَةُ بْنُ زَيْدٍ الْجُذَامِيُّ، فَاَهْدَى لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامًا، وَاَسْلَمَ فَحَسُنَ اِسْلَامُهُ، وَكَتَبَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى قَوْمِهِ كِتَابًا فِيهِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ هَذَا كِتَابٌ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ لِرِفَاعَةَ بْنِ زَيْدٍ اِنِّي بَعَثْتُهُ اِلَى قَوْمِهِ عَامَّةً، وَمَنْ دَخَلَ فِيهِمْ، يَدْعُوهُمْ اِلَى اللّٰهِ وَاِلَى رَسُولِهِ، فَمَنْ اَقْبَلَ فَفِي حِزْبِ اللّٰهِ

حضرت رفاعہ بن زید الجذامی رضی اللہ عنہ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس مقامِ حدیبیہ میں رفاعہ بن زید الجذامی آئے' حضور ﷺ کو ایک غلام ہدیہ کیا گیا' وہ اسلام لایا' اچھا اسلام لایا' رسول اللہ ﷺ نے ان کی قوم کی طرف لکھا: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان رحم کرنے والا ہے' محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے رفاع بن زید کے لیے' میں نے ان کو عام قوم کی طرف بھیجا ہے جو ان کے پاس آئے' یہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف دعوت دیں گے' جو اسلام لائے وہ اللہ اور اس کے رسول کے گروہ میں ہے اور جو پیٹھ پھیرے' اس کے لیے دو ماہ تک امان ہے۔ جب حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ اپنی قوم کے پاس

وَرَسُولِهِ، وَمَنْ اَدْبَرَ فَلَهُ اَمَانٌ شَهْرَيْنِ فَلَمَّا قَدِمَ رِفَاعَةُ اِلَى قَوْمِهِ اَجَابُوا وَاَسْلَمُوا

آئے تو اُنہوں نے ان کی بات کو قبول کیا اور مسلمان ہوئے۔

رِفَاعَةُ بْنُ قَرَظَةَ الْقَرَظِيُّ

حضرت رفاعہ بن قرظہ القرظی رضی اللہ عنہ

4433 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ، عَنْ رِفَاعَةَ الْقَرَظِيِّ، قَالَ: نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ فِي عَشَرَةِ رَهْطٍ اَنَا اَحَدُهُمْ (وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ) (القصص: 51)

حضرت رفاعہ القرظی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ آیت دس افراد کے متعلق نازل ہوئی' میں ان میں سے ایک تھا ''ہم نے ان کے لیے بات مفصل اُتاری کہ وہ دھیان کریں''۔

4434 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ شَاذَانُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ، اَنَّ رِفَاعَةَ بْنَ قَرَظَةَ، قَالَ: نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ فِي عَشَرَةٍ اَنَا اَحَدُهُمْ (وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ) (القصص: 51) اِلَى آخِرِ الْآيَةِ

حضرت رفاعہ القرظی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ آیت دس افراد کے متعلق نازل ہوئی' میں ان میں سے ایک تھا ''ہم نے ان کے لیے بات مفصل اُتاری کہ وہ دھیان کریں''۔

رِفَاعَةُ بْنُ سَمَوْاَلٍ الْقَرَظِيُّ

حضرت رفاعہ بن سموال القرظی رضی اللہ عنہ

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ

حضرت زبیر بن عبدالرحمٰن اپنے والد سے روایت

4433- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه88 وقال: رواه الطبراني باسنادين أحدهما متصل ورجاله ثقات وهو هذا والآخر منقطع الاسناد .

مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ

کرتے ہیں۔

مَنِ اسْمُهُ رَبِيعَةُ

یہ باب ہے ان کے نام سے جن کا نام ربیعہ ہے

رَبِيعَةُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ

حضرت ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب بن ہاشم

يُكْنَى اَبَا اَرْوَى وَاُمُّ رَبِيعَةَ، وَاُمُّ اَخِيهِ اَبِي سُفْيَانَ بْنِ الْحَارِثِ وَاحِدَةٌ، وَهِيَ عَزَّةُ بِنْتُ قَيْسِ بْنِ طَرِيفٍ مِنْ وَلَدِ الْحَارِثِ بْنِ فِهْرٍ تُوُفِّيَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ، وَمَاتَ نَوْفَلُ بْنُ الْحَارِثِ وَيُكْنَى اَبَا الْحَارِثِ بِالْمَدِينَةِ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ، وَهُوَ اَخُوهُ لِاَبِيهِ وَاُمِّهِ كُلُّهُمْ اُخْوَةٌ لِاَبٍ وَاُمُّ رَبِيعَةَ وَاَبُو سُفْيَانَ وَنَوْفَلٌ

آپ کی کنیت ابواروی ہے' اُم ربیعہ اور اس نے کے بھائی ابوسفیان بن حارث کی والدہ ایک ہیں' اس کا نام بنت قیس بن طریف ہے' حارث بن فہر کی اولاد سے ہیں' ان کا وصال 23 ہجری میں ہوا' نوفل بن حارث کی کنیت ابوحارث ہے' ان کا وصال مدینہ میں 15 ہجری کو ہوا' ان کے بھائی' باپ اور ماں کی طرف سے' ان سب کے بھائی والد کی طرف سے ہیں اور ربیعہ کی والدہ اور ابوسفیان اور نوفل ہے۔

4435 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، اَنَّ عَبْدَ الْمُطَّلِبِ بْنَ رَبِيعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، اَخْبَرَهُ اَنَّ اَبَاهُ رَبِيعَةَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَعَبَّاسَ بْنَ

حضرت عبدالمطلب بن ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب نے خبر دی کہ ان کے باپ حضرت ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب اور حضرت عباس بن عبدالمطلب نے عبدالمطلب بن ربیعہ اور فضل بن عباس سے کہا: رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں جا کر عرض کرو! اے اللہ کے رسول! آپ ملاحظہ فرما رہے ہیں جو ہماری

4435- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد3 صفحه 147' رقم الحديث: 2985 عن الزهري عن عبد الله بن الحارث بن نوفل عن عبد المطلب بن ربيعة به .

عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَا لِعَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ رَبِيعَةَ، وَالْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ: ائْتِيَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُولَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَدْ بَلَغْنَا مَا تَرَى مِنَ السِّنِّ، فَأَحْبَبْنَا أَنْ نَتَزَوَّجَ وَأَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَبَرُّ النَّاسِ وَأَوْصَلُهُمْ، وَلَيْسَ عِنْدَ أَبَوَيْنَا مَا يُصْدِقَانِ عَنَّا، فَاسْتَعْمِلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلَى الصَّدَقَاتِ، فَلْنُؤَدِّ إِلَيْكَ مَا يُؤَدِّي الْعُمَّالُ، وَلْنُصِبْ مَا كَانَ فِيهَا مِنْ مَرْفَقٍ، قَالَ: فَأَتَى عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ وَنَحْنُ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ، فَقَالَ لَنَا: لَا وَاللّٰهِ لَا يَسْتَعْمِلُ مِنْكُمْ أَحَدًا عَلَى الصَّدَقَةِ، فَقَالَ لَهُ رَبِيعَةُ بْنُ الْحَارِثِ: هَذَا مِنْ حَسَدِكَ وَبَغْيِكَ، وَقَدْ نِلْتَ صِهْرَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ نَحْسُدْكَ عَلَيْهِ، فَأَلْقَى عَلِيٌّ رِدَاءَهُ ثُمَّ اضْطَجَعَ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَنَا أَبُو الْحَسَنِ الْيَوْمَ، وَاللّٰهِ لَا أَدِيمُ مَقَامِي هَذَا حَتَّى يَرْجِعَ إِلَيْكُمَا ابْنَاكُمَا بِجَوَابِ مَا بَعَثْتُمَا بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ: فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَالْفَضْلُ حَتَّى نُوَافِقَ صَلَاةَ الظُّهْرِ قَدْ قَامَتْ، فَصَلَّيْنَا مَعَ النَّاسِ، ثُمَّ أَسْرَعْتُ أَنَا وَالْفَضْلُ إِلَى بَابِ حُجْرَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَوْمَئِذٍ عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، فَقُمْنَا بِالْبَابِ حَتَّى أَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذَ بِأُذُنِي وَأُذُنِ الْفَضْلِ، فَقَالَ: أَخْرِجَا مَا تُصَرِّرَانِ ثُمَّ دَخَلَ فَأَذِنَ لِي وَلِلْفَضْلِ فَدَخَلْنَا،

عمر ہو گئی ہے' ہماری خواہش ہے کہ ہم شادی کریں اور آپ اے اللہ کے رسول! تمام لوگوں سے زیادہ نیکی کرنے والے اور صلہ رحمی کرنے والے ہیں لیکن ہمارے والدین کے پاس ہمارا مہر دینے کیلئے مال نہیں ہے' اے اللہ کے رسول! آپ ہمیں صدقات و زکوٰۃ پر عامل بنا دیں' پس ہم آپ کو وہی کچھ ادا کریں گے جو دوسرے عاملین دیتے ہیں' اس میں جو نفع ہوتا ہے وہ ہمیں بھی مل جائے گا۔ راوی کا بیان ہے: حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے جبکہ ہم اسی حال پر تھے۔ پس آپ نے ہم سے کہا: نہیں! قسم بخدا! آپ تم میں سے کسی کو بھی صدقہ پر عامل نہیں بنائیں گے۔ پس ربیعہ بن حارث نے ان سے کہا: آپ ہم سے اور دشمنی کر رہے ہیں' آپ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے داماد بن گئے ہیں' ہم نے تو کبھی اس پر آپ سے حسد نہیں کیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی چادر ڈال کر پہلو کے بل لیٹ گئے۔ پھر کہا: میں ابوالحسن ہوں' آج قسم بخدا! میں بھی وقت تک اسی جگہ ہوں یہاں تک کہ تمہارے دونوں بیٹے تمہاری طرف اس بات کا جواب لے کر آئیں جس کے ساتھ تم نے ان کو بھیجا ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف۔ حضرت عبدالمطلب کہتے ہیں: میں اور فضل چلے حتیٰ کہ ظہر کی نماز کے وقت پہنچے۔ نماز کھڑی ہو چکی تھی' ہم نے لوگوں کے ساتھ مل کر نماز پڑھی پھر میں اور فضل جلدی جلدی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حجرہ شریف کے دروازہ تک گئے۔ اس دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت

فَتَوَاكَلْنَا الْكَلَامَ قَلِيلًا، ثُمَّ كَلَّمْتُهُ أَوْ كَلَّمَهُ الْفَضْلُ - قَدْ شَكَّ فِي ذَلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ - فَكَلَّمْنَاهُ بِالَّذِي أَمَرَنَا بِهِ أَبَوَانَا، فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَفَعَ بَصَرَهُ قِبَلَ سَقْفِ الْبَيْتِ حَتَّى طَالَ عَلَيْنَا أَنَّهُ لَا يَرْجِعُ إِلَيْنَا شَيْئًا، وَحَتَّى رَأَيْنَا زَيْنَبَ تَلْمَعُ مِنْ وَرَاءِ الْحِجَابِ بِيَدِهَا تُرِيدُ أَنْ لَا نَعْجَلَ، وَأَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَمْرِنَا، ثُمَّ خَفَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ، فَقَالَ لَنَا: إِنَّ هَذِهِ الصَّدَقَةَ إِنَّمَا هِيَ أَوْسَاخُ النَّاسِ وَإِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِمُحَمَّدٍ وَلَا لِآلِ مُحَمَّدٍ، ادْعُوا لِي نَوْفَلَ بْنَ الْحَارِثِ فَدُعِيَ لَهُ نَوْفَلُ بْنُ الْحَارِثِ فَقَالَ: يَا نَوْفَلُ انْكِحْ عَبْدَ الْمُطَّلِبِ قَالَ: فَأَنْكَحَنِي نَوْفَلٌ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْعُوا لِي مَحْمِيَةَ بْنَ جَزْءٍ وَهُوَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي زُبَيْدٍ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَهُ عَلَى الْأَخْمَاسِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَحْمِيَةَ: أَنْكِحِ الْفَضْلَ فَأَنْكَحَهُ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُمْ فَأَصْدِقْ عَنْهُمَا مِنَ الْخُمُسِ كَذَا وَكَذَا لَمْ يَسْمَعْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ

زینب بنت جحش کے ہاں تشریف رکھتے تھے' ہم دروازے کے ساتھ کھڑے ہو گئے یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ تشریف لائے۔ پس آپ نے میرے کان سے پکڑا اور فضل کے کان سے بھی۔ اور فرمایا: نکل جاؤ! جو تم اصرار کر رہے ہو' پھر آپ ﷺ داخل ہوئے تو مجھے اور فضل کو داخل ہونے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ پس ہم داخل ہوئے' ہم نے مختصر کلام سے ایک دوسرے کی وکالت کی' پھر میں نے کلام کی یا حضرت فضل بن عباس کے کلام کی۔ اس میں حضرت عبداللہ کو شک ہے۔ پس ہم نے آپ ﷺ سے وہی کلام کیا جو ہمیں ہمارے والدین نے حکم دیا تھا۔ (ہماری بات سن کر) حضور ﷺ خاموش رہے' پھر آپ ﷺ نے گھر کی چھت کی طرف اپنی نگاہ اُٹھائی یہاں تک کہ دیر تک ہمیں کوئی جواب نہ دیا اور حتیٰ کہ ہم نے حضرت زینب کو دیکھا پردے کے پیچھے سے کہ وہ ہاتھ ہلا ہلا کر فرما رہی تھیں' ان کی مراد یہ تھی کہ ہم (جواب لینے کی) جلدی نہ کریں اور یہ کہ رسول کریم ﷺ ہمارے معاملہ میں ہی (سوچ رہے) ہیں۔ پھر رسول کریم ﷺ نے اپنا سر نیچے کی طرف جھکا لیا اور ہم سے فرمایا: بے شک یہ صدقہ لوگوں کے مالوں کی میل ہے۔ محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ کو حلال نہیں ہے' نوفل بن حارث کو میرے پاس بلاؤ۔ پس نوفل بن حارث کو بلایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے نوفل! عبدالمطلب کا نکاح کر دو۔ کہتے ہیں: نوفل نے میرا نکاح کر دیا۔ پھر رسول کریم ﷺ

نے فرمایا: محمیہ بن جزء کو میرے پاس بلاؤ! وہ بنوزبید کا آدمی تھا' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو خمس اکٹھا کرنے پر مقرر فرمایا تھا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے محمیہ سے فرمایا: فضل کا نکاح کر دو! اس نے ان کا نکاح کر دیا' پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اُٹھو اور ان دونوں کا مہر خمس سے ادا کر دو' اتنا اور اتنا (ایک خاص مقدار بتائی) جو عبداللہ بن حارث کو سنائی نہیں دی۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِي، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، أَنَّ عَبْدَ الْمُطَّلِبِ بْنَ رَبِيعَةَ، أَخْبَرَهُ قَالَ: اجْتَمَعَ رَبِيعَةُ بْنُ الْحَارِثِ وَالْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ يُونُسَ بِطُولِ.

حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن حارث سے روایت ہے کہ عبدالمطلب بن ربیعہ نے ان کو خبر دی' فرماتے ہیں: حضرت ربیعہ بن حارث اور حضرت عباس بن عبدالمطلب اکٹھے ہوئے۔ اس کے بعد حضرت یونس کی لمبی حدیث جیسی حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا أَزْهَرُ بْنُ مَرْوَانَ الرَّقَاشِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ رَبِيعَةَ، قَالَ: اجْتَمَعَ رَبِيعَةُ بْنُ الْحَارِثِ وَالْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ يُونُسَ، وَرَوَى الزُّهْرِيُّ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَلَاثَةِ إِخْوَةٍ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ، وَمُحَمَّدٍ، وَهُمْ بَنُو عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ

حضرت عبدالمطلب بن ربیعہ فرماتے ہیں: ربیعہ بن حارث اور عباس بن عبدالمطلب اکٹھے ہوئے۔ باقی حضرت یونس کی حدیث کی مثل حدیث بیان کی۔ حضرت امام زہری نے اس حدیث کو تینوں بھائیوں سے روایت کرنے کا شرف حاصل کیا ہے۔ حضرت عبداللہ سے' حضرت عبیداللہ سے اور حضرت محمد سے یہ تینوں عبداللہ بن حارث بن نوفل کے بیٹے ہیں۔

رَبِيعَةُ بْنُ كَعْبٍ الْاَسْلَمِيُّ يُكْنَى اَبَا فِرَاسٍ

4436 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ كَعْبٍ الْاَسْلَمِيِّ، قَالَ: كُنْتُ اَنَامُ فِي حُجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنْتُ اَسْمَعُهُ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يُصَلِّي يَقُولُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ الْهَوِيَّ، ثُمَّ يَقُولُ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ الْهَوِيَّ قُلْتُ: مَا الْهَوِيُّ، فَقَالَ: يَدْعُو سَاعَةً

حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ آپ کی کنیت ابوفراس ہے

حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حجرے میں سویا ہوا تھا' میں نے سنا جب رات کو آپ نماز کے لیے کھڑے ہوئے تو آپ نے پڑھا: ''الحمد لله رب العلمين الى آخره'' میں نے کہا: ھویٰ سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: اس وقت دعا قبول ہوتی ہے۔

4437 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَابْلُتِّيُّ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: كُنْتُ اَبِيتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاٰتِيهِ بِوَضُوئِهِ وَحَاجَتِهِ، فَكَانَ يَقُومُ مِنَ اللَّيْلِ فَيَقُولُ: سُبْحَانَ رَبِّي وَبِحَمْدِهِ، سُبْحَانَ رَبِّي وَبِحَمْدِهِ الْهَوِيَّ سُبْحَانَ رَبِّ الْعَالَمِينَ سُبْحَانَ رَبِّ الْعَالَمِينَ

حضرت ربیعہ بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس رات گزارتا' میں آپ کے وضو اور ضرورت کے لیے پانی لاتا' آپ رات کو کھڑے ہوئے' پڑھا: ''سبحان ربی وبحمده الى آخره'' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہیں کوئی کام ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جنت میں آپ کی رفاقت چاہتا ہوں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کثرتِ سجدہ کے ساتھ میری مدد کرو۔

4436- اورد نحوه النسائي في السنن الكبرى جلد 1 صفحه 416' رقم الحديث: 1318 عن يحيى بن أبي كثير عن أبي سلمة عن ربيعة بن كعب به .

4437- أورده أبو عوانة في مسنده جلد 1 صفحه 499 رقم الحديث: 1861' جلد 2 صفحه 18 عن يحيى بن أبي كثير عن أبي سلمة عن ربيعة بن كعب به .

الْهَوِىَّ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ حَاجَةٌ؟ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مُرَافَقَتُكَ فِي الْجَنَّةِ، قَالَ: فَاَعِنِّي عَلَى نَفْسِكَ بِكَثْرَةِ السُّجُودِ

4438 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا هِشَامُ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ كَعْبٍ الْاَسْلَمِيِّ، قَالَ: كُنْتُ اَبِيتُ عِنْدَ بَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكُنْتُ اَسْمَعُهُ الْهَوِيَّ مِنَ اللَّيْلَ يَقُولُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ وَكُنْتُ اَسْمَعُهُ الْهَوِيَّ مِنَ اللَّيْلِ يَقُولُ: سُبْحَانَ رَبِّي وَبِحَمْدِهِ

حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے حجرے کے دروازے پر رات گزارا کرتا تھا' میں سنا کرتا تھا جب رات کو آپ نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو آپ نے پڑھا: ''الحمد للّٰہ رب العلمین'' اور میں آپ ﷺ سے رات کے وقت قبولیت میں کہ آپ ﷺ پڑھتے: سبحان اللہ وبحمدہٖ۔

حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ كَعْبٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ربیعہ بن کسب اسلمی رضی اللہ عنہٗ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

4439 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا اَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بِشْرٍ الْحَرِيرِيُّ، قَالَا: ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ، اَنَّ رَبِيعَةَ بْنَ كَعْبٍ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ كَانَ يَبِيتُ عِنْدَ بَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ يَسْمَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مِنَ اللَّيْلِ:

حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ خبر دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے حجرے کے دروازے کے پاس رات گزارا کرتا تھا' میں سنا کرتا تھا جب رات کو آپ نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو آپ پڑھتے: ''سبحان اللّٰہ الحمد للّٰہ رب العلمین'' پھر کہتے: سبحان ربی وبحمدہٖ یا اس جیسے دوسرے کلمات کہتے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ الْهَوِيَّ، ثُمَّ يَقُولُ: سُبْحَانَ رَبِّي وَبِحَمْدِهِ نَحْوَ ذَلِكَ

4440 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا آدَمُ، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ كَعْبٍ الْأَسْلَمِيِّ، قَالَ: كُنْتُ أَبِيتُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنْتُ أَسْمَعُهُ الْهَوِيَّ مِنَ اللَّيْلِ يَقُولُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ، ثُمَّ يَقُولُ: سُبْحَانَ رَبِّي وَبِحَمْدِهِ الْهَوِي

حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ خبر دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے حجرے کے دروازے کے پاس رات گزارا کرتا تھا' میں سنا کرتا تھا جب رات کو آپ نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو آپ پڑھتے: ''سبحان اللہ الحمد للہ رب العلمین '' پھر کہتے: سبحان ربی وبحمدہ یا اس جیسے دوسرے کلمات کہتے۔

4441 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَبِيعَةَ بْنَ كَعْبٍ، يَقُولُ: بِتُّ عِنْدَ بَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ: سُبْحَانَ رَبِّ الْعَالَمِينَ الْهَوِيَّ ثُمَّ يَقُولُ: سُبْحَانَ رَبِّي وَبِحَمْدِهِ الْهَوِيَّ

حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے حجرے کے دروازے کے پاس سویا ہوا تھا' میں نے سنا جب رات کو آپ نماز کے لیے کھڑے ہوئے تو آپ نے پڑھا: ''سبحان الحمد للہ رب العلمین الھویّ '' پھر فرمایا: ''سبحان ربی وبحمدہ الھوی''۔

4442 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ وَاقِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ نُعَيْمٍ الْمُجْمِرِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: كُنْتُ أَخْدُمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَارِي فَإِذَا كَانَ اللَّيْلُ بِتُّ إِلَى بَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ربیعہ بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی دن کو خدمت کرتا تھا' جب رات ہوتی تو میں حضور ﷺ کے دروازہ پر آتا' آپ کے پاس رات گزارتا' میں مسلسل سنتا رہتا' آپ فرماتے: ''سبحان اللہ سبحان ربی '' حتیٰ کہ میں اُکتا جاتا یا مجھ پر نیند غالب آ جاتی اور میں سو جاتا' ایک دن آپ نے فرمایا: اے ربیعہ! مانگو میں تمہیں دوں گا۔ میں نے

فَبِتُّ عِنْدَهُ، فَلا أَزَالُ أَسْمَعُهُ يَقُولُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ سُبْحَانَ رَبِّي حَتَّى أَمَلَّ أَوْ تَغْلِبَنِي عَيْنِي فَأَنَامُ، فَقَالَ ذَاتَ يَوْمٍ: يَا رَبِيعَةُ سَلْنِي فَأُعْطِيَكَ قُلْتُ: أَنْظِرْنِي حَتَّى أَنْظُرَ، وَتَذَكَّرْتُ أَنَّ الدُّنْيَا فَانِيَةٌ مُنْقَطِعَةٌ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَسْأَلُكَ أَنْ تَدْعُوَ اللّٰهَ أَنْ يُجَنِّبَنِي مِنَ النَّارِ وَيُدْخِلَنِي الْجَنَّةَ، فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ أَمَرَكَ بِهَذَا؟ قُلْتُ: مَا أَمَرَنِي بِهِ أَحَدٌ، وَلَكِنِّي عَلِمْتُ أَنَّ الدُّنْيَا مُنْقَطِعَةٌ فَانِيَةٌ وَأَنْتَ مِنَ اللّٰهِ بِالْمَكَانِ الَّذِي أَنْتَ بِهِ أَحْبَبْتُ أَنْ تَدْعُوَ اللّٰهَ قَالَ: إِنِّي فَاعِلٌ، فَأَعِنِّي بِكَثْرَةِ السُّجُودِ

عرض کی: مجھے سوچنے کا موقعہ دیں میں نے سوچا دنیا تو فانی ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں مانگتا ہوں کہ اللہ سے دعا کریں کہ مجھے جہنم سے پناہ دیں اور جنت میں داخل کریں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاموش رہے پھر فرمایا: تجھے ایسا کرنے کا کس نے حکم دیا؟ میں نے عرض کی: مجھے کسی نے حکم نہیں دیا لیکن میں جانتا تھا کہ دنیا ختم ہونے والی اور فانی ہے اور آپ کو اللہ نے وہ مقام عطا فرمایا ہے کہ جس پر آپ ہیں۔ میں نے پسند کیا کہ آپ اللہ سے دعا کریں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں کروں گا پس تم سجدوں کی کثرت سے میری مدد کریں۔

4443 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَا: ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، ثنا أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ رَبِيعَةَ الْأَسْلَمِيِّ قَالَ: كُنْتُ أَخْدُمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَعْطَانِي أَرْضًا، وَأَعْطَى أَبَا بَكْرٍ أَرْضًا، وَجَاءَتِ الدُّنْيَا، فَاخْتَلَفْنَا فِي عِذْقِ نَخْلَةٍ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هِيَ فِي حَدِّ أَرْضِي، وَقُلْتُ أَنَا: هِيَ فِي حَدِّي، وَكَانَ بَيْنِي وَبَيْنَ أَبِي بَكْرٍ كَلَامٌ، فَقَالَ لِي أَبُو بَكْرٍ كَلِمَةً كَرِهْتُهَا، وَنَدِمَ، فَقَالَ لِي: يَا رَبِيعَةُ رُدَّ عَلَيَّ مِثْلَهَا حَتَّى يَكُونَ قِصَاصًا، قُلْتُ:

حضرت ربیعہ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کرتا تھا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے زمین دی' حضرت ابوبکر کو زمین دی' اور دنیا یوں آئی کہ ہمارا کھجور کے گچھے (خوشے) میں اختلاف ہوا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری زمین کی حد میں ہے' میں نے کہا: میری حد میں ہے' میرے اور ابوبکر کے درمیان گرما گرم گفتگو ہوئی' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے بات کی تو میں نے اس کو ناپسند کیا اور اس پر شرمندہ ہوا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اے ربیعہ! مجھے ایسی بات کرتا کہ اس کا بدلہ ہو جائے۔ میں نے عرض کی: میں ایسا نہیں کروں گا۔

4443- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 45 وقال: رواه الطبراني وأحمد بنحوه وفيه مبارك بن فضالة وحديثه حسن وبقية رجاله ثقات .

لَا اَفْعَلُ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: لَتَقُولَنَّ اَوْ لَاَسْتَعْدِيَنَّ عَلَيْكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: مَا اَنَا بِفَاعِلٍ، قَالَ: وَرَفَضَ الْاَرْضَ، فَانْطَلَقَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ اَتْلُوهُ، فَجَاءَ اُنَاسٌ مِنْ اَسْلَمَ، فَقَالُوا: رَحِمَ اللّٰهُ اَبَا بَكْرٍ فِي اَيِّ شَيْءٍ يَسْتَعْدِي عَلَيْكَ رَسُولَ اللّٰهِ وَهُوَ الَّذِي قَالَ لَكَ مَا قَالَ؟ فَقُلْتُ: اَتَدْرُونَ مَنْ هَذَا؟ هَذَا اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، وَهُوَ ثَانِي اثْنَيْنِ، هُوَ ذُو شَيْبَةِ الْمُسْلِمِينَ فَاِيَّاكُمْ، يَلْتَفِتُ فَيَرَاكُمْ تَنْصُرُونِي عَلَيْهِ، فَيَغْضَبُ فَيَاْتِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَغْضَبُ لِغَضَبِهِ، فَيَغْضَبُ اللّٰهُ لِغَضَبِهِمَا، فَيَهْلِكُ رَبِيعَةُ، قَالُوا: فَمَا تَاْمُرُنَا؟ قَالَ: ارْجِعُوا، فَانْطَلَقَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَبِعْتُهُ وَحْدِي، وَجَعَلْتُ اَتْلُوا حَتَّى اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَدَّثَهُ الْحَدِيثَ كَمَا كَانَ، فَرَفَعَ اِلَيَّ رَاْسَهُ فَقَالَ: يَا رَبِيعَةُ مَا لَكَ وَلِلصِّدِّيقِ؟ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَانَ كَذَا وَكَانَ كَذَا: فَقَالَ لِي كَلِمَةً كَرِهْتُهَا، فَقَالَ لِي: قُلْ كَمَا قُلْتُ لَكَ حَتَّى يَكُونَ قِصَاصًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَجَلْ فَلَا تَرُدَّ عَلَيْهِ، وَلَكِنْ قُلْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ يَا اَبَا بَكْرٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ يَا اَبَا بَكْرٍ قَالَ: فَوَلَّى اَبُو بَكْرٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَهُوَ يَبْكِي

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ ضرور کہیں ورنہ میں آپ کے خلاف رسول اللہ ﷺ سے مدد طلب کروں گا' میں نے کہا: میں ایسا نہیں کروں گا۔ راوی کا بیان ہے: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے زمین چھوڑ دی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ چلے' میں ان کے پیچھے آیا' بنو اسلم سے کچھ لوگ آئے' انہوں نے کہا: اللہ ابوبکر پر رحم کرے! کون سی شی حضرت ابوبکر کس چیز میں مدد مانگیں تیرے خلاف رسول اللہ ﷺ سے' یہ وہی ہیں جنہوں نے کہا ہے جو کہا ہے؟ میں نے کہا: کیا آپ اس کو جانتے ہیں؟ یہ ابوبکر صدیق ہے' یہ ثانی اثنین ہے مسلمانوں کے بڑے آدمی ہیں' پس تم اللہ سے ڈرو' وہ متوجہ ہو کر تمہیں دیکھ رہے ہیں کہ تم ان کے خلاف میری مدد کر رہے ہو' وہ ناراض ہوں گے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' رسول پاک ﷺ کے پاس آئیں گے' آپ ﷺ ان کے غصہ کی وجہ سے ناراض ہوں گے اور اللہ ان دونوں کے غضب کی وجہ سے غضب کرے گا' ربیعہ ہلاک ہوگا۔ انہوں نے کہا: ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ انہوں نے کہا: لوٹ جاؤ! حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' رسول پاک ﷺ کے پاس آئے اور میں بھی رسول پاک ﷺ کے پیچھے چل کر آیا' حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے گفتگو کی جیسے ہوئی' نبی پاک ﷺ نے میری طرف سر اُٹھایا اور فرمایا: اے ربیعہ! آپ کو اور ابوبکر کو کیا ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایسے ایسے بات ہوئی ہے' مجھے ایسی بات

کہی جسے میں ناپسند کرتا ہوں' اور مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے ایسی بات کہو جس طرح میں نے آپ کو کہا تاکہ بدلہ ہو جائے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم نے ٹھیک کہا' ان کی بات کا جواب نہیں دیا لیکن تم کہو: اے ابوبکر! اللہ آپ کو بخشے! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ واپس گئے' اس حال میں کہ رو رہے تھے۔

4444 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ رَبِيعَةَ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ: كُنْتُ اَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَوْمًا: يَا رَبِيعَةُ اَلَا تَزَوَّجُ؟ فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَخِدْمَتُكُمْ اَحَبُّ اِلَيَّ، قَالَ: ثُمَّ اَعَادَ عَلَيَّ بَعْدَ مَرَّةٍ اُخْرَى، فَقُلْتُ مِثْلَ ذٰلِكَ قَالَ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْلَمُ بِمَا يُصْلِحُنِي مِنِّي، فَلَئِنْ قَالَ لِي مَرَّةً اُخْرَى لَاَقُولَنَّ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ لِي: يَا رَبِيعَةُ اَلَا تَزَوَّجُ؟ قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ لِي: ائْتِ فُلَانًا - لِرَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ - فَلْيُزَوِّجُوكَ ابْنَتَهُمْ فُلَانَةَ قَالَ: فَاَتَيْتُهُمْ فَقُلْتُ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُزَوِّجُونِي، قَالُوا: مَرْحَبًا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَذْهَبُ رَسُولُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا لِحَاجَتِهِ، قَالَ: فَزَوَّجُونِي، لَمْ يَسْاَلُونِي بَيِّنَةً،

حضرت ربیعہ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کرتا تھا' ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ربیعہ! کیا تم شادی نہیں کرو گے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی خدمت مجھے زیادہ پسند ہے' پھر دوسری مرتبہ مجھے فرمایا: میں نے پہلے والی بات عرض کی' میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زیادہ جانتے ہیں جو میرے لیے زیادہ بہتر ہے' اگر دوبارہ مجھے کہا تو میں عرض کروں گا: کیوں نہیں! یارسول اللہ! کر دیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: اے ربیعہ! کیا تم شادی نہیں کرو گے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ٹھیک ہے! آپ نے مجھے فرمایا: انصار کے فلاں آدمی کے پاس چلے جاؤ کہ وہ اپنی بیٹی کی شادی تم سے کر دے۔ میں ان کے پاس آیا' میں نے کہا: رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہیں حکم کرتے ہیں کہ اپنی بیٹی کی شادی مجھ سے کر دو۔ اُنہوں نے کہا: رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خوش آمدید اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بھیجا ہوا اپنی ضرورت پوری کر کے جائے گا' کہتے ہیں:

4444- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه58 عن مبارك بن فضالة عن أبي عمران عن ربيعة بن كعب به .

فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا كَئِيبٌ، فَقَالَ لِي: مَا لَكَ يَا رَبِيعَةُ؟ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتَيْتُ قَوْمًا كِرَامًا، فَزَوَّجُونِي وَلَمْ يَسْاَلُونِي بَيِّنَةً، وَلَيْسَ عِنْدِي مَا اُصْدِقُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْمَعُوا لَهُ وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَجَمَعُوا لِي وَزْنَ نَوَاتَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ، فَاَتَيْتُهُمْ بِهِ، فَقَبِلُوا وَقَالُوا: كَثِيرٌ طَيِّبٌ، فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا كَئِيبٌ فَقَالَ: مَا لَكَ يَا رَبِيعَةُ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَتَيْتُ قَوْمًا كِرَامًا، فَقَبِلُوا وَقَالُوا: كَثِيرٌ طَيِّبٌ، وَلَيْسَ عِنْدِي مَا اُولِمُ فَقَالَ: اجْمَعُوا لَهُ فِي ثَمَنِ كَبْشٍ، فَجَمَعُوا لِي فِي ثَمَنِ كَبْشٍ، وَاَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اَهْلِهِ، فَاُتِيَ بِمِكْتَلٍ فِيهِ شَعِيرٌ، فَاَتَيْتُهُمْ بِهِ، فَقَالُوا: اَمَّا الْكَبْشُ فَاكْفُونَاهُ اَنْتُمْ، وَاَمَّا الشَّعِيرُ فَنَحْنُ نَكْفِيكُمُوهُ، قَالَ: فَفَعَلُوا ذٰلِكَ وَاَصْبَحْتُ، فَدَعَوْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابَهُ

اُنہوں نے میری شادی کر دی اور مجھ سے گواہ بھی نہیں پوچھے میں رسول پاک ﷺ کی بارگاہ میں آیا' میں پریشان تھا' آپ نے مجھے فرمایا: کیا بات ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں بڑی عزت والی قوم کے پاس سے آیا ہوں' اُنہوں نے مجھ سے شادی کر دی اور گواہ بھی نہیں پوچھے اور میرے پاس کچھ نہیں ہے جو میں حق مہر دوں۔ آپ نے فرمایا: اس کے لیے سونے کی ایک ڈلی تیار کرو۔ صحابہ کرام نے میرے لیے دو ڈلیاں تیار کیں' میں ان کے پاس لے کر آیا تو اُنہوں نے قبول کیا' اُنہوں نے کہا: بہت زیادہ ہے اور اچھا ہے۔ میں پھر پریشانی کی حالت میں رسول پاک ﷺ کی خدمت میں آیا' آپ ﷺ نے فرمایا: ربیعہ کیا بات ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں عزت والی قوم کی طرف سے آیا ہوں' اُنہوں نے کہا: بہت زیادہ ہے اور اچھا ہے اور میرے پاس ولیمہ کرنے کے لیے کچھ نہیں ہے۔ رسول پاک ﷺ نے صحابہ کو ایک مینڈھے کی رقم اکٹھی کرنے کا حکم دیا' اُنہوں نے میرے لیے مینڈھے کی رقم اکٹھی کی' رسول پاک ﷺ نے اپنے گھر والوں کی طرف وہ رقم بھیجی' پس جو کا بورا لایا گیا' میں ان کو لے کر ان کے پاس آیا تو اُنہوں نے کہا: مینڈھا! تم پکاؤ اور جو ہم کو کافی ہیں۔ اُنہوں نے ایسا ہی کیا' اور میں نے صبح کی تو رسول پاک ﷺ اور صحابہ کو دعوت دی۔

4445- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے

4445- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه257 وقال: رواه الطبراني في الكبير واسناده حسن .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْاَسْلَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ بَهْزٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ كَعْبٍ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى خُفَّيْهِ

ہیں کہ میں نے رسول پاک ﷺ کو موزوں پر مسح کرتے دیکھا۔

4446 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِی، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْاَسَدِيُّ، ثنا اَبِی، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ، عَنْ اَبِی عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ اَبِی فِرَاسٍ، رَجُلٍ مِنْ اَسْلَمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ: سَلُونِی عَمَّا شِئْتُمْ فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ اَبِی؟ قَالَ: اَبُوكَ فُلَانٌ الَّذِی تُدْعَى اِلَيْهِ وَسَاَلَهُ رَجُلٌ اَفِی الْجَنَّةِ اَنَا؟ فَقَالَ: فِی الْجَنَّةِ وَقَالَ آخَرُ: اَفِی الْجَنَّةِ اَنَا؟ قَالَ: فِی النَّارِ فَقَامَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: رَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا

حضرت ابوعمران جونی قبیلہ اسلم کے ایک آدمی ابوفراس سے روایت کرتے ہیں کہ رسول پاک ﷺ نے ایک دن فرمایا: تم جو چاہو مجھ سے پوچھو! ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا باپ کون ہے؟ آپ نے فرمایا: تیرا باپ وہ ہے جس کی طرف تیری نسبت کی جاتی ہے۔ ایک اور آدمی نے پوچھا: کیا میں جنتی ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو جنتی ہے۔ ایک اور آدمی نے پوچھا: کیا میں جنتی ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو جہنمی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی: ہم اللہ کے رب ہونے پر راضی ہیں۔

رَبِيعَةُ بْنُ الْحَارِثِ اَبُو اَرْوَى الدَّوْسِيُّ وَيُقَالُ عَبْدُ بْنُ الْحَارِثِ

لَمْ يُخَرَّجْ

حضرت ربیعہ بن حارث ابواروی الدوسی ان کا نام عبدالحارث ہے

ان سے کوئی حدیث روایت نہیں۔

4446- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه161 وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله رجال الصحيح .

رَبِيعَةُ بْنُ قَيْسٍ الْعَدْوَانِيُّ

4447 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَبِيعَةُ بْنُ قَيْسٍ وَهُوَ مِنْ عُدْوَانَ

حضرت ربیعہ بن قیس العدوانی

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابورافع' وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ شریک ہوئے' ان کے ناموں میں سے ایک کا نام ربیعہ بن قیس قبیلہ عدوان میں سے ہے۔

رَبِيعَةُ بْنُ عَبَّادٍ الدِّيلِيُّ

4448 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ، قَالَا: ثنا، سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا، ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ، حَدَّثَنِي اَبِي، اَخْبَرَنِي رَبِيعَةُ بْنُ عِبَادٍ الدِّيلِيُّ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ بِسُوقِ ذِي الْمَجَازِ وَهُوَ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ قُولُوا: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ تُفْلِحُوا فَلَمْ يَزَلْ يُرَدِّدُهَا مِرَارًا وَالنَّاسُ مُتَصَفُّونَ عَلَيْهِ يَتَّبِعُونَهُ، وَاِذَا وَرَاءَهُ رَجُلٌ اَحْوَلُ ذُو غَدِيرَتَيْنِ وَضِيءُ الْوَجْهِ يَقُولُ: اِنَّهُ صَابِءٌ كَاذِبٌ، مَرَّتَيْنِ فَسَاَلْتُ مَنْ هَذَا

حضرت ربیعہ بن عباد الدیلی رضی اللہ عنہ

حضرت ربیعہ بن عباد الدیلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول پاک ﷺ کو زمانۂ جاہلیت میں بازار میں دیکھا' آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! لا الہ الا اللہ پڑھو تم کامیاب ہو جاؤ گے۔ آپ نے مسلسل کئی مرتبہ کہا' لوگ آپ کے پیچھے صف بنا کر چلنے لگے' ایک آدمی ان کے پیچھے جھکا نہ تھا اور کانا' مینڈھیوں والا اور چمکتے چہرے والا تھا' وہ کہہ رہا تھا: یہ بے دین جھوٹا ہے' اس نے یہ دو دفعہ کہا' میں نے اس کے متعلق پوچھا تو اُنہوں نے کہا: یہ آپ کا چچا ابولہب ہے۔

4448- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد1 صفحه61' رقم الحديث: 39 عن أبي الزاد عن أبيه عن ربيعة بن عباد به .

فَقَالُوا: هَذَا عَمُّهُ اَبُو لَهَبٍ

4449 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَتُّوَيْهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَبِي الْحُسَامِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، اَنَّهُ سَمِعَ رَبِيعَ بْنِ عِبَادٍ، اَوْ عَبَّادٍ - شَكَّ ابْنُ اَبِي الشَّوَارِبِ - قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطُوفُ عَلَى النَّاسِ بِمِنًى فِي مَنَازِلِهِمْ قَبْلَ اَنْ يُهَاجِرَ اِلَى الْمَدِينَةِ، يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَعْبُدُوهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا وَوَرَاءَهُ رَجُلٌ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّ هَذَا يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَتْرُكُوا دِينَ آبَائِكُمْ، فَسَاَلْتُ مَنْ هَذَا الرَّجُلُ فَقَالُوا: عَمُّهُ اَبُو لَهَبٍ

حضرت ابن ابی شوارب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول پاک ﷺ کو مدینہ کی طرف ہجرت کرنے سے پہلے منیٰ میں لوگوں کے ساتھ دیکھا' آپ فرما رہے تھے: اے لوگو! اللہ عزوجل تم کو اپنی عبادت کرنے کا حکم دیتا ہے' اس کو کسی کے ساتھ شریک نہ ٹھہراؤ۔ آپ کے پیچھے ایک آدمی تھا' وہ کہہ رہا تھا: یہ تم کو تمہارے باپوں کا دین چھوڑنے کا حکم دیتا ہے۔ میں نے اس آدمی کے متعلق پوچھا تو اُنہوں نے کہا: یہ آپ کا چچا ابولہب ہے۔

4450 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَنْبَاَ خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عِبَادٍ الدِّيلِيِّ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِي الْمَجَازِ وَهُوَ يَتْبَعُ النَّاسَ يَدْعُوهُمْ اِلَى اللّٰهِ فِي مَنَازِلِهِمْ، وَوَرَاءَهُ رَجُلٌ اَحْوَلُ يَقُولُ: لَا يَفْتِنَكُمْ هَذَا عَنْ دِينِ آبَائِكُمْ، فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ فَقَالُوا: عَمُّهُ اَبُو لَهَبٍ

حضرت ربیعہ بن عباد الدیلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول پاک ﷺ کو ذوالحجاز کے بازار میں دیکھا اور لوگ آپ کے پیچھے پیچھے تھے' آپ لوگوں کو گھروں میں اللہ کی طرف دعوت دے رہے تھے' آپ کے پیچھے ایک کانا آدمی تھا' وہ کہہ رہا تھا: اے لوگو! یہ تم کو تمہارے دین اور تمہارے والد کے دین سے نہ پھیرے۔ میں نے کہا: یہ کون ہے؟ اُنہوں نے کہا: آپ کا چچا ابولہب۔

4449- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد 1 صفحه 61' رقم الحديث: 38 عن سعيد بن سلمة عن محمد بن المنكدر عن ربيعة بن عباد به .

4451 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، أنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عِبَادٍ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِي الْمَجَازِ يَتْبَعُ النَّاسَ فِي مَنَازِلِهِمْ يَدْعُوهُمْ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَوَرَاءَهُ رَجُلٌ أَحْوَلُ وَهُوَ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ لَا يَغُرَّنَّكُمْ هَذَا عَنْ دِينِكُمْ وَدِينِ آبَائِكُمْ، فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ فَقَالُوا: عَمُّهُ أَبُو لَهَبٍ

حضرت ربیعہ بن عباد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول پاک ﷺ کو ذوالمجاز کے بازار میں دیکھا اور لوگ آپ کے پیچھے پیچھے تھے' آپ لوگوں کو ان کے گھروں میں اللہ کی دعوت دے رہے تھے' آپ کے پیچھے ایک کانا آدمی تھا' وہ کہہ رہا تھا: اے لوگو! یہ تم کو تمہارے دین اور تمہارے باپوں کے دین سے نہ پھیرے۔ میں نے کہا: یہ کون ہے؟ اُنہوں نے کہا: آپ کا چچا ابولہب۔

4452 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ الْقُرَشِيُّ الْمِصْرِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ أَنَّهُ سَمِعَ رَبِيعَةَ بْنَ عِبَادٍ الدِّيلِيَّ، يَقُولُ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطُوفُ عَلَى النَّاسِ بِمِنًى فِي مَنَازِلِهِمْ قَبْلَ أَنْ يُهَاجِرَ إِلَى الْمَدِينَةِ يَقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَكُمْ أَنْ تَعْبُدُوهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا وَوَرَاءَهُ رَجُلٌ أَحْوَلُ وَضِيءٌ لَهُ غَدِيرَتَانِ يَقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ هَذَا يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَتْرُكُوا دِينَ آبَائِكُمْ، فَسَأَلْتُ عَنْهُ فَقِيلَ: هَذَا عَمُّهُ أَبُو لَهَبٍ

حضرت ابن ابی شوارب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول پاک ﷺ کو مدینہ کی طرف ہجرت کرنے سے پہلے منیٰ میں لوگوں کے پاس جاتے دیکھا' آپ فرما رہے تھے: اے لوگو! اللہ عزوجل تم کو اپنی عبادت کرنے کا حکم دیتا ہے' اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ آپ کے پیچھے ایک آدمی تھا' وہ کہہ رہا تھا: یہ تم کو تمہارے باپوں کا دین چھوڑنے کا حکم دیتا ہے۔ میں نے اس آدمی کے متعلق پوچھا تو اُنہوں نے کہا: یہ آپ کا چچا ابولہب ہے۔

4453 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ،

حضرت ربیعہ بن عباد فرماتے ہیں: میں نے ہجرت سے پہلے ذوالمجاز کے بازار میں رسول کریم ﷺ کو اس حال میں دیکھا کہ آپ ﷺ لوگوں

4451- أورده البيهقي في سننه الكبرى جلد9صفحه7 عن محمد بن عمرو عن محمد بن المنكدر عن ربيعة بن عباد به .

عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عِبَادٍ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسُوقِ ذِى الْمَجَازِ قَبْلَ اَنْ يُهَاجِرَ وَهُوَ يَطُوفُ عَلَى النَّاسِ فَيَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَعْبُدُوهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا وَخَلْفَهُ رَجُلٌ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ هَذَا يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَتْرُكُوا دِينَ آبَائِكُمْ، قُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: عَمُّهُ اَبُو لَهَبٍ

کے پاس آ جا رہے تھے اور فرماتے تھے: اے لوگو! بے شک اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم اس کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے ایک آدمی کہہ رہا تھا: اے لوگو! بے شک یہ آدمی تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم اپنے آباء و اجداد کا دین چھوڑ دو۔ (راوی کا بیان ہے:) میں نے پوچھا: یہ آدمی کون ہے؟ لوگوں نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چچا ابولہب ہے۔

4454 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ اَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ قَالَا: ثنا ابْنُ اَبِى ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ خَالِدٍ الْقَارِظِيِّ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عِبَادٍ، قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا لَهَبٍ بِعُكَاظٍ وَهُوَ يَتْبَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّ هَذَا قَدْ غَوَى فَلَا يُغْوِيَنَّكُمْ عَنْ مَآثِرِ آبَائِكُمْ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلُوذُ مِنْهُ، وَهُوَ يَتْبَعُهُ

حضرت ربیعہ بن عباد فرماتے ہیں کہ میں نے ابولہب کو عکاظ کے بازار میں دیکھا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے چل رہا تھا' وہ کہہ رہا تھا: اے لوگو! یہ گمراہ ہے' تم کو تمہارے آباء کے دین کے متعلق دھوکہ میں نہ ڈالے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس سے کوئی پناہ تلاش کر رہے ہیں اور وہ آپ کے پیچھے چل رہا تھا۔

4455 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، ثنا ابْنُ اَبِى زَائِدَةَ، حَدَّثَنِى مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِى حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَبِيعَةَ بْنَ

حضرت حسین بن عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ربیعہ بن عباد الدیلی کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں اپنے والد کے ساتھ تھا اور نوجوان تھا' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف دیکھا' قبائل کے

4455- اورده احمد فی سننه جلد **3** صفحه **492** عن محمد بن اسحاق عن حسين بن عبد الله بن عباس عن ربيعة بن عباد به .

عِبَادٍ الدِّيلِيِّ قَالَ: إِنِّي لَمَعَ أَبِي رَجُلٌ شَابٌّ أَنْظُرُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْبَعُ الْقَبَائِلَ، وَوَرَاءَهُ رَجُلٌ أَحْوَلُ وَضِيءٌ ذُو جُمَّةٍ يَقِفُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْقَبِيلَةِ فَيَقُولُ: يَا بَنِي فُلَانٍ إِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ إِلَيْكُمْ آمُرُكُمْ أَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا وَأَنْ تُصَدِّقُونِي وَتَمْنَعُونِي حَتَّى أُنَفِّذَ عَنِ اللّٰهِ مَا بَعَثَنِي بِهِ، فَإِذَا فَرَغَ مِنْ مَقَالَتِهِ، قَالَ الْآخَرُ مِنْ خَلْفِهِ: يَا بَنِي فُلَانٍ إِنَّ هَذَا يُرِيدُ مِنْكُمْ أَنْ تَسْلُخُوا اللَّاتَ وَالْعُزَّى وَحُلَفَاءَكُمْ مِنَ الْحَيِّ مِنْ بَنِي مَالِكِ بْنِ أُقَيْشٍ إِلَى مَا جَاءَ بِهِ مِنَ الْبِدْعَةِ وَالضَّلَالَةِ، فَلَا تَسْمَعُوا وَلَا تَتَّبِعُوهُ، فَقُلْتُ لِأَبِي: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: هَذَا عَمُّهُ أَبُو لَهَبٍ

پیچھے چل رہے تھے آپ کے پیچھے ایک ایسا آدمی تھا جو بھینگا اور بدصورت بالوں والا تھا' رسول اللہ ﷺ قبیلہ کے پاس ٹھہرے' آپ فرماتے: اے بنی فلاں! میں اللہ کا بھیجا ہوا ہوں تمہاری طرف' میں تم کو اللہ کی عبادت کرنے کا حکم دیتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ' اگر تم میری تصدیق کرو گے اور میری حفاظت کرو گے حتیٰ کہ میں اللہ کا پیغام تمہاری طرف بھیجوں جو مجھے دے کر بھیجا گیا ہے۔ جب آپ اپنی گفتگو سے فارغ ہوئے تو دوسرے نے آپ کے پیچھے سے کہا: اے بنی فلاں! یہ تم کو لات وعزیٰ سے دور کرنا چاہتا ہے' بنی مالک بن اقیش کے قبیلہ کے خلفاء سے ہے' تمہارے پاس گمراہی اور نئی شی لایا ہے' اس کی بات نہ سنو اور نہ اتباع کرو۔ میں نے اپنے والد سے کہا: یہ کون ہے؟ اُنہوں نے کہا: یہ آپ کا چچا ابولہب ہے۔

4456 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ بُكَيْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، حَدَّثَهُ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عِبَادٍ قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا لَهَبٍ بِعُكَاظٍ وَهُوَ يَتْبَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ هَذَا قَدْ غَوَى فَلَا يُغْوِيَنَّكُمْ عَنْ مَآثِرِ آبَائِكُمْ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْعَى وَهُوَ عَلَى أَثَرِهِ وَنَحْنُ نَتْبَعُهُ، كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ أَحْوَلُ ذُو غَدِيرَتَيْنِ أَبْيَضُ النَّاسِ وَأَجْمَلُهُ

حضرت ربیعہ بن عباد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابولہب کو دیکھا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے پیچھے چل رہے تھے اور کہہ رہے تھے: اے لوگو! یہ گمراہ ہے' یہ تم کو تمہارے آباء کے دین سے دور کرنا چاہتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ چل رہے تھے اور وہ آپ کے پیچھے تھا' ہم آپ ﷺ کے پیچھے چل رہے تھے' میں نے دیکھا کہ ابولہب بھینگا اور دولٹوں والا تھا اور لوگوں میں زیادہ سفید اور خوبصورت تھا۔

4457 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنِ الْخَطَّابِ، ثنا مَسْعُودِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ ابْنِ عِبَادٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا فِي مَكَانٍ قَبْلَ اَنْ يُبْعَثَ، ثُمَّ رَاَيْتُهُ بَعْدَمَا بُعِثَ وَاقِفًا فِي ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ بِعَرَفَاتٍ

حضرت ابن عباس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو بعثت سے پہلے ایک جگہ کھڑے دیکھا' پھر اس جگہ میدان عرفات میں اعلانِ نبوت کے بعد کھڑے ہوئے دیکھا۔

4458 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا جَرِيرٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ ابْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا مَعَ الْمُشْرِكِينَ بِعَرَفَاتٍ، ثُمَّ رَاَيْتُهُ بَعْدَ مَا بُعِثَ وَاقِفًا فِي مَوْقِفِهِ ذٰلِكَ فَعَلِمْتُ اَنَّ اللّٰهَ وَفَّقَهُ لِذٰلِكَ

حضرت ابن ربیعہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو مقامِ عرفات میں مشرکوں کے ساتھ ٹھہرے ہوئے دیکھا' پھر میں نے اس جگہ اعلانِ نبوت کے بعد دیکھا' مجھے یقین ہوگیا کہ اللہ عزوجل کے حکم سے کھڑے ہوئے ہیں۔

4459 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ، ثنا مَسْعُودُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنِ ابْنِ عَبَّادٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي لَيْثٍ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنْشُدُكَ قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَاَنْشَدَهُ

حضرت ابن عباد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ بنی لیث کا ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو کچھ اشعار سنانے ہیں' یہ تین مرتبہ عرض کی' چوتھی مرتبہ اشعار سنانے کے لیے عرض کی تو حضور ﷺ نے فرمایا: اگر شعراء میں سے کوئی اچھی طرز پر پڑھتا ہوتا تو تُو نے اچھا

4458- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه251 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عطاء بن السائب وهو ثقة ولكنه اختلط .

4459- أورده ابن أبي شيبة في مصنفه جلد5صفحه280' رقم الحديث: 26075 عن عطاء بن السائب عن ابن عباس عن أبيه به .

الرَّابِعَةَ مِدْحَةً لَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ كَانَ اَحَدٌ مِنَ الشُّعَرَاءِ يُحْسِنُ فَقَدْ اَحْسَنْتَ

کیا۔

رَبِيعَةُ بْنُ عَامِرِ بْنِ بِجَادٍ

حضرت ربیعہ بن عامر بن بجاد رضی اللہ عنہ

4460 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالُوا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ حَسَّانَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عَامِرِ بْنِ بِجَادٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَلِظُّوا بِيَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

حضرت ربیعہ بن عامر بن بجاد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: یاذاالجلال والاکرام کی کثرت سے دعا کرو۔

رَبِيعَةُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ حَبِيبٍ الْاَنْصَارِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ

حضرت ربیعہ بن فضل بن حبیب انصاری رضی اللہ عنہ اُحد کے دن شہید کیے گئے تھے

4461 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي مُعَاوِيَةَ بْنِ عَوْفٍ، رَبِيعَةُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ زَيْدِ بْنِ تَمِيمٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن انصار اور بنی معاویہ بن عوف میں سے جو شریک ہوئے ان کے ناموں میں سے ایک نام ربیعہ بن فضل بن حبیب بن زید بن تمیم کا ہے۔

رَبِيعَةُ بْنُ الْغَازِ الْجُرَشِيُّ

حضرت ربیعہ بن الغاز الجرشی رضی

4460- اورده احمد فی مسنده جلد4صفحه177 عن عبد الله بن المبارك عن يحيى بن حسان عن ربيعة بن عامر به .

وَيُقَالُ ابْنُ عَمْرٍو وَهُوَ جَدُّ هِشَامِ بْنِ الْغَازِ

اللہ عنہ' ان کو ابن عمرو کہا جاتا ہے' یہ ہشام بن الغاز کے دادا ہیں

4462 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَبِيعَةَ الْجُرَشِيَّ يَقُولُ: إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اسْتَقِيمُوا وَنِعِمَّا إِنِ اسْتَقَمْتُمْ، وحَافِظُوا عَلَى الْوُضُوءِ، فَإِنَّ خَيْرَ عَمَلِكُمُ الصَّلَاةُ، وتَحَفَّظُوا مِنَ الْأَرْضِ فَإِنَّهَا أُمُّكُمْ، وَإِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَحَدٍ عَامِلٍ عَلَيْهَا خَيْرًا أَوْ شَرًّا إِلَّا وَهِيَ مُخْبِرَةٌ

حضرت ربیعہ الجرشی فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: استقامت اختیار کرو' اگر تم مستقیم ہو جاؤ تو بہت اچھا ہے' وضو پر ہمیشگی کرو' تمہارے بہتر اعمال میں سے نماز ہے' زمین کی حفاظت کرو کیونکہ یہ تمہاری ماں ہے جو کوئی اس پر اچھے اعمال یا برے اعمال کرے گا' یہ اس کے متعلق (قیامت کے دن) خبر دے گی۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حضرت ابوطلحہ نے مجھے حدیث سنائی کہ رسول کریم ﷺ نے حج وعمرہ کو ملا کر ادا فرمایا۔

زَيْدُ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ

حضرت زید خالد الجہنی، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4563 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

4561- اورده ابن ماجه في سننه جلد2صفحه990' رقم الحديث: 2971 .

مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَا ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ الْاَنْصَارِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَّلَا تِمْثَالٌ

رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

4564 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ بِشْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

4565 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَّلَا تِمْثَالٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

4566 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِی عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُكَيْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، حَدَّثَهُ اَنَّ بِشْرَ بْنَ سَعِيدٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ زَيْدَ بْنَ خَالِدٍ الْجُهَنِيَّ، حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ، حَدَّثَهُ اَنَّ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں تصویر ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ہیں۔

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ

اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ

حضرت انس بن مالک' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4567 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: كُنْتُ فِيمَنْ صُبَّ عَلَيْهِ النُّعَاسُ يَوْمَ اُحُدٍ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اُحد کے دن میں ان لوگوں میں سے تھا جن پر نیند طاری کی گئی۔

4568 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا، الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ ثنا، يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّهُ كَانَ مِمَّنْ غَشِيَهُ النُّعَاسُ يَوْمَئِذٍ قَالَ: وَكَانَ السَّيْفُ يَسْقُطُ مِنْ يَدِهِ فَآخُذُهُ، وَيَسْقُطُ مِنْ يَدِي ثُمَّ آخُذُهُ مِنَ النُّعَاسِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ وہ ان لوگوں میں شامل تھے جن پر اس دن اونگھ طاری ہوئی تھی' فرماتے ہیں: ان کے ہاتھ سے تلوار گر پڑی۔ میں اس کو پکڑتا تو (حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:) میرے ہاتھ سے گر پڑتی پھر اونگھ کے باوجود تلوار کو میں پکڑ رہا تھا۔

4569 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيدِ الرَّقَّامُ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِبِضْعَةٍ وَثَلَاثِينَ رَجُلًا مِنْ صَنَادِيدِ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا تقریباً تیس سے اوپر قریش کے سرداروں کو بدر کے ویران کنوؤں میں سے کسی کنویں میں ڈال دیا جائے' اس وقت جب وہ مردار ہو چکے تھے' آپ کی عادت مبارکہ تھی کہ جب کسی قوم پر

4567- أورده الطبراني في الأوسط جلد3 صفحه71' رقم الحديث: 2516 .

4569- أورده أحمد في مسنده جلد4 صفحه29 .

قُرَيْشٍ، فَأُلْقُوا فِي طَوِيٍّ مِنْ أَطَاوِي بَدْرٍ حَيْثُ جَيَّفَتْ، وَكَانَ إِذَا ظَهَرَ عَلَى قَوْمٍ أَقَامَ بِالْعَرْصَةِ ثَلَاثًا، فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الثَّالِثُ أَمَرَ بِرَاحِلَتِهِ، فَشَدَّ عَلَيْهَا رَحْلَهَا، ثُمَّ مَشَى وَاتَّبَعَهُ أَصْحَابُهُ، قَالُوا: مَا نَرَاهُ مُنْطَلِقًا إِلَّا لِبَعْضِ حَاجَتِهِ، ثُمَّ أَتَى شُقَّةَ الْبِئْرِ فَقَالَ: يَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ وَيَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ وَدِدْتُمْ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ أَطَعْتُمُ اللَّهَ وَرَسُولَهُ، فَهَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا فَقَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا قَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَتُكَلِّمُ أَجْسَادًا لَا أَرْوَاحَ فِيهَا؟ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ مَا أَنْتُمْ بِأَسْمَعَ لِمَا أَقُولُ مِنْهُمْ قَالَ سَعِيدٌ: قَالَ قَتَادَةُ: أَحْيَاهُمُ اللَّهُ وَاللَّهِ لَهُ حَتَّى سَمِعُوا قَوْلَهُ

غالب آ جاتے تو کھلے میدان میں تین دن قیام فرماتے۔ پھر جب تیسرا دن آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سواری لانے کا حکم دیا۔ پس آپ کی سواری پر کجاوہ کس دیا گیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چلے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام نے بھی آپ کی اتباع کی۔ صحابہ فرماتے ہیں: ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ کسی کام کو جا رہے ہیں' پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کنویں کے کنارے پر آئے اور کہا: اے فلاں بن فلاں! اور اے فلاں بن فلاں! اب تو تمہاری خواہش ہوگی کہ تم نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی ہوتی۔ کیا تم نے اپنے رب کے وعدہ (عذاب) کو سچ پا لیا ہے' تحقیق ہم نے تو اپنے رب کے وعدہ (فتح و نصرت) کو سچ پا لیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا آپ روحوں کے جسموں کو خطاب کر رہے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے! تم زیادہ سننے والے نہیں ہو' اس بات کو جو میں ان سے کہہ رہا ہوں۔ حضرت سعید کا قول ہے کہ حضرت قتادہ کہتے ہیں: قسم بخدا! اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ان کو زندہ کر دیا تھا حتیٰ کہ اُنہوں نے آپ کے قول کو سنا (پھر مار دیا)۔

4570 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ وَعَبْدُ الْأَعْلَى، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی قوم پر غلبہ حاصل کر لیتے تھے تو تین دن اس قوم کے صحن یا کھلی جگہ میں مقیم رہنا پسند فرماتے یا

4570- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد3 صفحه63' رقم الحديث: **2695** .

سَعِيدٍ، ثنا، مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا غَلَبَ قَوْمًا اَحَبَّ اَنْ يُقِيمَ بِعَرْصَتِهِمْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ اَوْ ثَلَاثَ لَيَالٍ

تین راتیں۔

4571 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبُو الْجُمَاهِرِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا صَبَّحَ خَيْبَرَ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ (فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ) (الصافات: **177**)

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے جب خیبر میں صبح کی تو آپ نے یہ آیت پڑھی پھر جب ہم اتریں گے ان کے آنگن میں تو ڈرائے ہوؤں کی کیا ہی بُری صبح ہوگی۔

4572 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا صَبَّحَ خَيْبَرَ وَقَدْ اَخَذُوا مَسَاحِيَهُمْ وَمَكَاتِلَهُمْ، وَغَدَوْا عَلَى حُرُوثِهِمْ، فَلَمَّا رَاَوْا نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ الْخَمِيسُ نَكَصُوا مُدْبِرِينَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے جب خیبر میں صبح کی تو انہوں نے اپنے ہتھیار سامان لیے اور خیبر کے رہنے والے صبح صبح اپنے کھیت اور زمین میں چلے گئے جب اُنہوں نے حضورﷺ کو جمعرات کے دن دیکھا تو وہ پیٹھ پھیر کر بھاگے' حضورﷺ نے فرمایا: اللہ سب سے بڑا ہے! اللہ سب سے بڑا ہے! خیبر والوں کے لیے ہلاکت ہے! پھر جب ہم اُترتے ہیں ان کے آنگن میں تو ڈرائے ہوؤں کی کیا ہی بُری صبح ہوگی۔

4571- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد**4**صفحه**28** .

4572- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد**2**صفحه**1044** رقم الحديث: **1365**' جلد **3**صفحه**1426** رقم الحديث: **1365** . والبخاري جلد**1**صفحه**145** رقم الحديث: **364**' جلد**1**صفحه **221** رقم الحديث: **364** .

4573 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ الْقَيْسِيُّ، ثنا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: كُنْتُ رَدِيفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَوْ قُلْتُ اِنَّ رُكْبَتِي تَمَسُّ رُكْبَتِهِ، فَسَكَتَ عَنْهُمْ حَتَّى اِذَا كَانَ عِنْدَ السَّحَرِ، وَذَهَبَ ذُو الضَّرْعِ اِلَى ضَرْعِهِ وَذُو الزَّرْعِ اِلَى زَرْعِهِ اَغَارَ عَلَيْهِمْ وَقَالَ: اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ (فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ) (الصافات: 177)

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پیچھے سوار تھا' اگر میں یہ کہوں کہ میرے گھٹنے آپ کے گھٹنوں کو چھو رہے تھے' ان سے آپ خاموش رہے' جب سحری کا وقت ہوا تو دودھ دوہنے والے دودھ دوہنے چلے گئے اور کھیتی کرنے والے کھیتوں میں چلے گئے' ان پر حملہ کیا تو آپ نے پڑھا: پھر جب اُترے گا ان کے آنگن میں تو ڈرائے ہوؤں کی کیا ہی بُری صبح ہوگی''۔

4574 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرٍو وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمِصِّيصِيُّ قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي تَلْبِيَتِهِ: لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ مَعًا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حج و عمرہ کا اکٹھا تلبیہ پڑھتے ہوئے دیکھا۔

4575 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنِ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: رَمَقْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابَهُ يَوْمَ اُحُدٍ فَلَمْ اَرَ اَحَدًا اِلَّا وَهُوَ يَمِيلُ تَحْتَ جُحْفَتِهِ مِنَ النُّعَاسِ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن میں نے نبی کریم ﷺ اور آپ کے صحابہ کو دیکھا' پس ان میں ہر ایک اونگھ کی وجہ سے اکتا رہا تھا۔

4574- اورد نحوه أحمد في مسنده جلد3صفحه183 رقم الحديث: 12921' جلد 3صفحه225 رقم الحديث: 13373' جلد3صفحه280 رقم الحديث: 14013 .

4576 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنِ خَلَّادٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عَدِيٍّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: كُنْتُ فِيمَنْ صُبَّ عَلَيْهِ النُّعَاسُ يَوْمَ اُحُدٍ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ان لوگوں میں سے تھا جن پر اُحد کے دن اونگھ ڈالی گئی تھی۔

4577 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، ثنا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: جَزَاكُمُ اللّٰهُ يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ خَيْرًا، فَاِنَّكُمْ مَا عَلِمْتُ اَعِفَّةٌ صُبُرٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے انصار کے گروہ! اللہ عزوجل تمہیں اچھی جزاء دے! میں جانتا ہوں کہ وہ پاک دامن اور سوال کرنے سے پرہیز کرنے والے ہیں۔

4578 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَقْرِءْ قَوْمَكَ السَّلَامَ فَاِنَّهُمْ مَا عَلِمْتُ اَعِفَّةٌ صُبُرٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اپنی قوم کو میرا سلام کہنا کیونکہ میں نے ان کو پاکدامن اور صبر کرنے والا جانا ہے۔

4579 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ حَمْدَوَيْهِ الصَّفَّارُ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَا: ثنا هَمَّامٌ قَالَ: قِيلَ لِمَطَرٍ وَاَنَا عِنْدَهُ: مِمَّنْ اَخَذَ الْحَسَنُ، الْوُضُوءُ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ؟ فَقَالَ: اَخَذَهُ عَنْ اَنَسٍ، وَاَخَذَهُ اَنَسٌ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ،

حضرت ہمام فرماتے ہیں: مطر سے کہا گیا کہ میں وہاں موجود تھا جس کو حسن نے دیکھا کہ آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو ہے (یعنی لغوی وضو مراد ہے: کُلّی اور ہاتھ دھونا)۔ فرمایا: میں نے انس سے لیا اور حضرت انس نے حضرت ابوطلحہ سے اور ابوطلحہ نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کیا ہے۔

أنس بن مالك عن أبي طلحة

4577- أورده الترمذي في سننه جلد5صفحه714' رقم الحديث: 3903 .

4579- أورده ابن أبي شيبة في مصنفه جلد1صفحه53' رقم الحديث: 552 .

وَاَخَذَهُ اَبُو طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4580 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ السُّدِّيِّ، عَنْ يَحْيَى بِنِ عَبَّادٍ عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّهُ ابْتَاعَ خَمْرًا لِاَيْتَامٍ فَلَمَّا حُرِّمَتِ الْخَمْرُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اتَّخِذُهَا خَلًّا؟ قَالَ: لَا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے یتیموں کے لیے شراب خریدی' جب شراب حرام کی گئی تو عرض کی گئی: یارسول اللہ! اس کا سرکہ بنا لیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں۔

حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ حَسَّانَ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ اَبِي هُبَيْرَةَ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

4581 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا مُعْتَمِرٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي اشْتَرَيْتُ خَمْرًا لِاَيْتَامٍ فِي حِجْرِي فَقَالَ: اَهْرِقِ الْخَمْرَ وَاكْسِرِ الدِّنَانَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّهَا لِاَيْتَامٍ قَالَ: اَهْرِقِ الْخَمْرَ وَاكْسِرِ الدِّنَانَ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس یتیم کے لیے شراب خریدی ہے جو میری پرورش میں ہے' آپ نے فرمایا: شراب بہا دے اور برتن توڑ دے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یتیم کی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شراب بہادے اور برتن توڑ دے۔

4582 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ، ثنا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو کھجوریں اکٹھی ملا کر کھانے سے منع

4581- أورده الترمذي في سننه جلد3صفحه588' رقم الحديث: **1293** .

4582- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5**صفحه**55** وقال: رواه الطبراني وفيه عمر بن دريح وثقه ابن معين وضعفه أبو حاتم وبقية رجاله رجال الصحيح .

عُمَرُ بْنُ رُدَيْحٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْخَلِيطَيْنِ

کیا۔

4583 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ الْحَرِيشِ الْاَهْوَازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ، ثنا عُمَرُ بْنُ رُدَيْحٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْاَقْرَانِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے زیادہ کھجوریں ملا کر کھانے سے منع کیا (جب کئی لوگ اکٹھے بیٹھ کر کھا رہے ہوں)۔

4584 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اَخِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ عَشْرًا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا' اللہ عزوجل اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجے گا۔

4585 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُخَرِّمِيُّ وَاَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ قَالَا: ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا جَسْرُ بْنُ فَرْقَدٍ، عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَيْتُهُ طَيِّبَ النَّفْسِ حَسَنَ الْبِشْرِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا رَاَيْتُكَ اَطْيَبَ نَفْسًا مِنْكَ الْيَوْمَ، فَقَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِي وَالْمَلَكُ خَبَّرَنِي اَنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيْكَ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ اَنَا وَمَلَائِكَتِي عَشْرًا، وَمَنْ سَلَّمَ عَلَيْكَ سَلَّمْتُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا' میں نے آپ کو خوش دیکھا تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو آج کے دن سے زیادہ خوش کبھی نہیں دیکھا' آپ نے فرمایا: میں خوش کیوں نہ ہوں کہ فرشتے نے مجھے بتایا جو آپ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا' میں اور میرے ساتھ فرشتے اس پر دس رحمتیں بھیجیں گے' جو آپ پر ایک مرتبہ سلام بھیجے گا میں اور میرے فرشتے اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجیں گے۔

4584- اورد نحوه الدارمی فی سننه جلد2صفحه408' رقم الحدیث: 2772 .

عَلَيْهِ اَنَا وَمَلَائِكَتِي عَشْرًا

4586 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ، ثنا صَالِحُ بْنُ مَالِكٍ الْخُوَارِزْمِيُّ، حَدَّثَنَا صَالِحُ الْمُرِّيُّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَيْتُ مِنْ بِشْرِهِ وطَلَاقَتِهِ شَيْئًا لَمْ اَرَهُ عَلَى مِثْلِ تِلْكَ الْحَالِ قَطُّ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا رَاَيْتُكَ عَلَى مِثْلِ هَذِهِ الْحَالِ قَطُّ فَقَالَ: وَمَا يَمْنَعَنِي يَا اَبَا طَلْحَةَ وَقَدْ خَرَجَ مِنْ عِنْدِي جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آنِفًا فَاَتَانِي بِبِشَارَةٍ مِنْ رَبِّي قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ بَعَثَنِي اِلَيْكَ اُبَشِّرُكَ اَنَّهُ لَيْسَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِكَ يُصَلِّي عَلَيْكَ صَلَاةً اِلَّا صَلَّى اللّٰهُ وَمَلَائِكَتُهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے آپ کے چہرے پر خوشی کے آثار دیکھے اس حالت میں' میں نے کبھی نہیں دیکھا تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو ایسی حالت میں کبھی نہیں دیکھا ہے' آپ نے فرمایا: اے ابوطلحہ! مجھے خوش ہونے سے کیا رکاوٹ ہے؟ میرے پاس سے حضرت جبریل علیہ السلام ابھی نکلے ہیں' انہوں نے مجھے میرے رب سے خوشخبری دی' کہا کہ اللہ نے مجھے آپ کی طرف خوشخبری دینے کے لیے بھیجا ہے کہ جو آپ کا اُمتی آپ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا' اللہ اور اس کے فرشتے اس پر دس رحمتیں بھیجیں گے۔

4587 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْفِرْغَانِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْوَلِيدِ الطَّبَرَانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ الْمَاجِشُونُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَسَارِيرُ وَجْهِهِ تَبْرُقُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کا چہرہ خوشی سے چمک رہا تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آج تک آپ کو اتنا خوش نہیں دیکھا جتنا آج کے دن دیکھا ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے کیا ہے کہ میں خوش نہ ہوں کہ ابھی میرے پاس سے حضرت جبریل علیہ السلام

4587- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **161** وقال: وفي رواية ورد الله عزوجل عليه مثل قوله وعرضت عليك يوم القيامة قلت عند النسائي طرف منه رواه الطبراني وفي الرواية الأولى محمد بن ابراهيم بن الوليد الطبراني وفي الثانية أحمد بن عمرو النصيبي ولم أعرفهما وبقية رجالهما ثقات وروى في الصغير والأوسط طرف منه .

فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا رَأَيْتُكَ أَطْيَبَ نَفْسًا وَلَا أَظْهَرَ بِشْرًا مِنْكَ فِي يَوْمِكَ هٰذَا، فَقَالَ: وَمَا لِي لَا تَطِيبُ نَفْسِي وَلَا يَظْهَرُ بِشْرِي وَإِنَّمَا فَارَقَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ السَّاعَةَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ مَنْ صَلَّى عَلَيْكَ مِنْ أُمَّتِكَ صَلَاةً كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ وَمَحَا عَنْهُ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ وَرَفَعَهُ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ وَقَالَ: لَهُ الْمَلَكُ مِثْلَ مَا قَالَ: لَكَ قُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ وَمَا ذَاكَ الْمَلَكُ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَكَّلَ بِكَ مَلَكًا مِنْ لَدُنْ خَلْقِكَ إِلَى أَنْ يَبْعَثَكَ لَا يُصَلِّي عَلَيْكَ أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِكَ إِلَّا قَالَ: وَأَنْتَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ

گئے ہیں' عرض کر رہے تھے کہ اے محمد! آپ کی اُمت سے کوئی آپ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا تو اللہ عزوجل اُس کے لیے دس نیکیاں لکھے گا اور دس گناہ معاف کرے گا اور دس درجات بلند کرے گا۔ ایک فرشتے نے آپ سے کہا جو آپ کے لیے کہا' میں نے کہا: اے جبریل! فرشتے نے کیا کہا ہے؟ عرض کی: اللہ عزوجل نے ایک فرشتے کو مقرر کیا ہے کہ آپ کے پیدا ہونے سے لے کر اعلانِ نبوت تک جو بھی آپ کی اُمت میں سے آپ پر درود پڑھے گا وہ فرشتہ اس کے لیے اتنی مرتبہ درود پڑھے گا۔

4588 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا أَبِي ح، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ عَمْرٍو النَّصِيبِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ رُفَيْعٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَهَلَّلُ وَجْهُهُ مُسْتَبْشِرًا فَقُلْتُ: أَيْ رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّكَ لَعَلَى حَالٍ مَا رَأَيْتُكَ عَلَى مِثْلِهَا قَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِي أَتَانِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ آنِفًا فَقَالَ: بَشِّرْ أُمَّتَكَ أَنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيْكَ صَلَاةً كُتِبَ لَهُ بِهَا عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَكُفِّرَ عَنْهُ بِهَا عَشْرُ سَيِّئَاتٍ وَرُفِعَ لَهُ بِهَا عَشْرُ دَرَجَاتٍ وَرَدَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ مِثْلَ قَوْلِهِ وَعُرِضَتْ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا اس حال میں کہ آپ کا چہرہ خوشی سے تمتما رہا تھا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک آپ ایسے حال پر ہیں کہ میں نے آج تک آپ کو اس حال پر نہیں دیکھا' آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے خوش ہونے سے کون سی چیز روک سکتی ہے' ابھی حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے۔ اور فرمایا: اپنی اُمت کو خوشخبری دیں کہ جو شخص آپ پر ایک بار درود پڑھے گا' اللہ اس کیلئے دس نیکیاں لکھے گا' دس گناہ مٹا دے گا اور دس درجے بلند کر دے گا اور اس کے قول کی مانند اس کو جواب دے گا اور قیامت والے دن وہ اس پر پیش کیا جائے گا۔

4589 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اَنَّ اَبَانَ بْنَ اَبِي عَيَّاشٍ اَخْبَرَهُمْ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَى عَلَى رَجُلٍ وَهُوَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدَ لَا اِلَهَ اِلَّا اَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِيعُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ فَقَالَ: لَقَدْ سَاَلَ اللّٰهَ بِالِاسْمِ الَّذِي اِذَا دُعِيَ بِهِ اَجَابَ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ایک آدمی کے پاس آئے وہ دعا کر رہا تھا: ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ الٰی آخرہ'' آپ نے فرمایا: اس نے اس نام سے دعا کی جس نام سے کی ہوئی دعا قبول کی جاتی ہے۔

4590 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ مُوسَى بْنِ رَاشِدٍ الْمُسْتَمْلِي الْكَبِيرُ مُكْحُلَةُ، ثنا عُمَرُ بْنُ اَيُّوبَ الْمَوْصِلِيُّ، عَنْ مَصَادِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الصَّدَقَةُ عَلَى الْمِسْكِينِ صَدَقَةٌ وَعَلَى ذِي الرَّحِمِ صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مسکین کو صدقہ دینے سے صدقہ کا ثواب ملتا ہے اور رشتہ دار کو صدقہ دینے سے دُگنا ثواب ملتا ہے صدقہ کا اور صلہ رحمی کا بھی۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ

حضرت عبداللہ بن ابوطلحہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

4591 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن ابوطلحہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس

4589- أورد نحوه النسائي في سننه (المجتبى) جلد 3 صفحه 52 رقم الحديث: 1300' وابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 1268 رقم الحديث: 3858 .

4590- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 116 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط وفيه من لم أعرفه .

اِبْرَاهِيمَ الطَّيَالِسِيُّ، وَعُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ قَالَا: ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ، مَوْلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: اَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَالْبِشْرُ يُرَى فِي وَجْهِهِ فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا نَرَى فِي وَجْهِكَ بَشَرًا لَمْ نَكُنْ نَرَاهُ قَالَ: اِنَّ مَلَكًا اَتَانِي فَقَالَ: اِنَّ رَبَّكَ يَقُولُ لَكَ: اَمَا تَرْضَى اَوْ اَلَا يُرْضِيكَ اَنْ لَا يُصَلِّيَ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِكَ اِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا؟ وَلَا يُسَلِّمُ عَلَيْكَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا؟ قُلْتُ: بَلَى

آیا' ایک دن آپ کے چہرے پر خوشی کے آثار تھے' آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! ہم آپ کے چہرے پر خوشی کے آثار دیکھ رہے ہیں جو اس سے پہلے نہیں دیکھے۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک فرشتہ میرے پاس آیا اُس نے عرض کی: آپ کا رب آپ کو فرماتا ہے کہ کیا آپ راضی نہیں ہیں کہ آپ کی اُمت سے کوئی بھی اُمتی آپ پر درود پڑھے گا تو میں اس پر دس رحمتیں بھیجوں' جو کوئی آپ پر سلام بھیجے تو میں اس پر دس مرتبہ رحمتیں بھیجوں۔ میں نے کہا: کیوں نہیں!

4592 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْجَوْهَرِيُّ وَزَكَرِيَّا بْنُ حَمْدَوَيْهِ الصَّفَّارُ قَالَا: ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا ثنا، عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ ثنا، عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عَلَى الْاَفْنِيَةِ فَمَرَّ بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا لَكُمْ وَالْجُلُوسُ عَلَى الصُّعُدَاتِ؟ فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا جَلَسْنَا نَتَحَدَّثُ نَذْكُرُ اللّٰهَ قَالَ: فَاَعْطُوا الْمَجَالِسَ حَقَّهَا قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم احاطوں (چوراہوں) میں بیٹھے ہوئے تھے' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے تو آپ نے فرمایا: تمہیں کیا ہے کہ تم بلند جگہوں پر بیٹھتے ہو؟ ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم حدیث بیان کرتے ہیں یا گفتگو کرتے ہیں' اللہ کا ذکر بھی کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: مجالس (بیٹھنے کی جگہیں) کو ان کا حق دو۔ ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ان کا حق کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آنکھوں کو جھکانا' سلام کا جواب دینا' راستے کو اس کا حق دینا اور اچھا کلام کرنا۔

4592- أورد نحوه النسائي في سننه الكبرى جلد 6 صفحه 418 رقم الحديث: 11362' وأحمد في مسنده جلد 4 صفحه 30 .

حَقُّهَا؟ قَالَ: غَضُّ الْبَصَرِ وَرَدُّ السَّلَامِ وإهْدَاءُ السَّبِيلِ وَحُسْنُ الْكَلَامِ

4593 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّار التُّسْتَرِيُّ قَالَا ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِينٍ الْيَمَانِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُنَاحٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ شُعْبَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اِسْحَاقَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَلَ وَاغْتَسَلَ وَغَدَا وَابْتَكَرَ، وَدَنَا مِنَ الْإِمَامِ فَاَنْصَتَ وَلَمْ يَلْغُ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ خَطَاهَا اِلَى الْمَسْجِدِ صِيَامَ سَنَةٍ وَقِيَامِهَا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے غسل کیا اور جلدی آیا اور امام کے قریب ہوا اور خاموش رہا' جمعہ کے دن کوئی لغو بات نہیں کی تو اللہ عزوجل اس کے ایک ایک قدم اُٹھانے کے بدلے ایک سال کے روزے اور قیام کرنے کا ثواب لکھے گا۔

4594 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ، دَعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى عُمَيْرِ بْنِ طَلْحَةَ حِينَ تُوُفِّيَ، فَاَتَاهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى عَلَيْهِ فِي مَنْزِلِهِ، فَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو حضرت عمیر بن طلحہ رضی اللہ عنہ کے وصال کے وقت بلوایا گیا' رسول اللہ ﷺ ان کے پاس آئے' ان کے گھر میں نماز پڑھائی' رسول اللہ ﷺ آگے تھے' میں آپ کے پیچھے اور اُم سلیم ان کے پیچھے' ان کے ساتھ ان کے علاوہ کوئی نہیں تھا۔

4593- اورد نحوه الدارمی فی سننه جلدصفحه **437** رقم الحديث: **1547**' والنسائی فی المجتبیٰ جلد**3**صفحه**95** رقم الحديث: **1381**' جلد**3**صفحه**102** رقم الحديث: **1398** .

4594- اخرجه الحاكم فی مستدركه جلد **1**صفحه**519** رقم الحديث: **1350**' والبيهقی فی سننه الكبریٰ جلد **4** صفحه**30** رقم الحديث: **6699** .

وَسَلَّمَ وَكَانَ اَبُو طَلْحَةَ وَرَاءَهُ وَاُمُّ سُلَيْمٍ لَمْ يَكُنْ مَعَهُمْ غَيْرُهُمْ

4595 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کرو (یعنی لغوی وضو مراد ہے کُلّی وغیرہ مراد ہے)۔

4596 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، ثنا حَاتِمٌ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِي مُزَرِّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَعَرَفْتُ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُوعَ، فَسَاَلْتُ اُمَّ سُلَيْمٍ هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْءٍ؟ فَاَشَارَتْ بِكَفَّيْهَا، فَقَالَتْ: عِنْدِي شَيْءٌ، فَقُلْتُ: اصْنَعِي اعْجِنِي وَاَرْسَلْتُ اَنَسًا، فَقُلْتُ: ائْتِهِ فَسَارَّهُ فِي اُذُنِهِ وَادْعُهُ، فَلَمَّا اَقْبَلَ اَنَسٌ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا رَجُلٌ قَدْ اَتَاكُمْ بِخَيْرٍ، بِاَيِّ شَيْءٍ اَرْسَلَكَ اَبُوكَ يَدْعُونَا؟ قَالَ اَنَسٌ: نَعَمْ، فَاسْتَقْبَلْتُهُ قَالَ: قُومُوا بِسْمِ اللّٰهِ فَاَدْبَرَ اَنَسٌ يَشْتَدُّ حَتَّى اَتَى اَبَا طَلْحَةَ، فَقَالَ: هَذَا

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں مسجد میں داخل ہوا میں نے رسول کریم ﷺ کے چہرے میں بھوک کے آثار دیکھے (میں واپس آیا) میں نے اُم سلیم سے آ کر پوچھا: تیرے پاس کھانے کی کوئی شی ہے؟ اس نے اپنی ہتھیلی یا مٹھی سے اشارہ کیا۔ اس نے کہا: میرے پاس کچھ شی ہے۔ میں نے کہا: بناؤ آٹا گوندھو۔ اور میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو (حضور ﷺ کی خدمت میں) بھیج دیا۔ میں نے کہا: آپ ﷺ کو لے آؤ۔ پس ان کے کانوں میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے کوئی بات کی اور اسے چھوڑ دیا۔ (حضرت انس رضی اللہ عنہ خادمِ خاص تھے) پس جب حضرت انس رضی اللہ عنہ آئے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یہ آدمی تمہاری طرف بھلائی لے کر آ رہا ہے (یا

4495- أورد نحوه النسائي في المجتبى جلد1صفحه106 رقم الحديث: 178,177 .

4596- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه306 وقال: رواه أبو يعلى والطبراني وزاد: وهم زهاء مائة ورجالهما رجال الصحيح .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَتَاكَ فِي النَّاسِ، قَالَ اَبُو طَلْحَةَ: فَاسْتَقْبَلْتُهُ عِنْدَ الْبَابِ عَلَى مُسْتَرَاحِ الدَّرَجَةِ، فَقُلْتُ: مَاذَا صَنَعْتَ بِنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ اِنَّمَا عَرَفْتُ فِي وَجْهِكَ الْجُوعَ، فَصَنَعْتُ لَكَ شَيْئًا تَاْكُلُهُ فَقَالَ: ادْخُلْ وَاَبْشِرْ فَدَخَلَ فَاَتَى بَصَحْفَتِهِمْ فَجَعَلَ يُسَوِّيهَا بِيَدِهِ ثُمَّ قَالَ: هَلْ مِنْ، كَاَنَّهُ يَعْنِي الْاُدْمَ، فَاَتَوْهُ بِعُكَّتِهِمْ فِيهَا شَيْءٌ اَوْ لَيْسَ فِيهَا، فَقَالَ بِيَدِهِ فَانْسَكَبَ مِنْهَا السَّمْنُ فَقَالَ: اَدْخِلْ عَلَيَّ عَشَرَةً عَشَرَةً قَالَ: وَهُمْ زُهَاءُ مِائَةٍ، فَدَخَلُوا فَاَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْفَضْلِ الَّذِي فَضَلَ: كُلُوا اَنْتُمْ وَعِيَالُكُمْ فَاَكَلُوا وَشَبِعُوا

خیر کی خبر وہ آئے) کیا کہہ کر تیرے باپ نے تجھے بھیجا ہے کیا وہ ہمیں دعوت پیش کر رہے ہیں؟ حضرت انس نے ادب سے عرض کی: جی ہاں! پس آپ کے آگے آگے چلا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا نام لے کر اُٹھو! پس انس اس حال میں واپس جا رہے تھے کہ ان پر یہ بات گراں تھی یہاں تک کہ وہ ابوطلحہ کے پاس آئے۔ عرض کی: یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں جو تمام لوگوں سمیت آ رہے ہیں۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس میں نے دروازے کے پاس سیڑھی پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا استقبال کیا۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے ہمارے ساتھ کیا کیا؟ میں نے تو صرف آپ کے چہرے پر بھوک کے آثار دیکھے تو میں نے آپ کے کھانے کیلئے تھوڑی سی چیز بنوائی فرمایا: داخل ہو اور تجھے خوشخبری ہو! پس آپ داخل ہوئے اور وہ پیالہ اُٹھا کر لے آئے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کو اپنے مبارک ہاتھ سے برابر کر رہے تھے پھر کہا: کیا کوئی اور چیز ہے گویا آپ کی مراد سالن تھی۔ پس وہ اپنی چمڑے کی کُپی لے آئے اس میں تھوڑی سی چیز تھی یا نہیں تھی۔ پس کہتے ہیں: آپ نے اس میں سے گھی نچوڑا۔ فرمایا: دس دس آدمی بھیج۔ کہتے ہیں: وہ تقریباً سو تھے۔ وہ آئے اُنہوں نے کھایا حتیٰ کہ سیر ہو گئے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس چیز کیلئے جو بچ گئی تھی: اب اس سے تم خود کھاؤ اور تمہارا خاندان کھائے پس وہ کھا کر سیر ہوئے۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقَارِیُّ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ

حضرت عبداللہ بن عبدالقاری' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4597 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّی، ثنا عَمِّی عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا اَبِی، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِینَارٍ، عَنْ یَحْیَی بْنِ جَعْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْقَارِیِّ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کرو (لغوی وضو مراد ہے' کُلّی وغیرہ مراد ہے)۔

عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4598 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا الْقَعْنَبِیُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِی النَّضْرِ، مَوْلَی عُمَرَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّهُ دَخَلَ عَلَی اَبِی طَلْحَةَ الْاَنْصَارِیِّ یَعُودُهُ قَالَ: فَوَجَدْنَا عِنْدَهُ سَهْلُ بْنُ حُنَیْفٍ، قَالَ: فَدَعَا اَبُو طَلْحَةَ اِنْسَانًا فَنَزَعَ نَمَطًا كَانَ تَحْتَهُ، فَقَالَ لَهُ سَهْلُ بْنُ حُنَیْفٍ: لِمَ تَنْزِعُهُ؟ قَالَ: لِاَنَّ فِیهِ تَصَاوِیرَ وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ وہ حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیے آئے' ہم نے ان کے پاس حضرت سہل بن حنیف کو پایا' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو بلوایا' جوان کے نیچے چادر تھی اس کو کھینچ لیا' حضرت سہل بن حنیف نے ان سے کہا: کیوں کھینچی ہے؟ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اس میں تصویریں بھی تھیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جواس کے بارے وہ

4598- أورده الترمذي في سننه جلد4صفحه230 رقم الحديث: 1750' والنسائي في المجتبى جلد8صفحه212 رقم الحديث: 5348 .

وَسَلَّمَ فِيهَا مَا قَدْ عَلِمْتَهُ، فَقَالَ سَهْلٌ: اَوَ لَمْ يَقُلْ: اِلَّا مَا كَانَ رَقْمًا فِي ثَوْبٍ؟ فَقَالَ: بَلَى، وَلَكِنَّهُ اَطْيَبُ لِنَفْسِي

آپ کو بھی علم ہے حضرت سہل نے کہا: کیا یہ نہیں فرمایا ہے؟ کپڑے میں جو دھاردار ہوں وہ معاف ہیں؟ کہا: کیوں نہیں! لیکن میں اپنی ذات کے لیے پسند کرتا ہوں۔

4599 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ سَالِمٍ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ: انْصَرَفْتُ مَعَ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ اِلَى اَبِي طَلْحَةَ، نَعُودُهُ فَوَجَدْنَا تَحْتَهُ نَمَطًا فِيهِ صُوَرٌ فَلَمَّا جَلَسْنَا قَالَ: انْزِعُوا هَذَا عَنَّا، فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ: اَمَا سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ الصُّوَرِ اِلَّا رَقْمًا فِي ثَوْبٍ اَوْ ثَوْبًا فِيهِ رَقْمٌ؟ قَالَ: بَلَى، وَلَكِنِّي اَكْرَهُهُ، فَنَزَعَهُ

حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عثمان بن حنیف کے ساتھ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی طرف عیادت کرنے کے لیے گیا تو ہم نے ان کے نیچے چادر پائی کہ اس میں تصویریں بنی ہوئی تھیں جب ہم بیٹھے تو آپ ﷺ نے فرمایا: ہمارے لیے چادر کھینچ لو۔ حضرت عثمان نے آپ سے عرض کی: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو تصویروں کی ممانعت کے متعلق فرماتے ہوئے سنا ہے؟ کہا: جی ہاں! اگر کپڑے میں نقش و نگار ہو فرمایا: کیوں نہیں! لیکن میں اس کو ناپسند کرتا ہوں اس کو ان سے کھینچا گیا۔

4600 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ، صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى سَهْلٍ وَهُوَ مَرِيضٌ، وَتَحْتَ سَهْلٍ نَمَطٌ فِيهِ تَمَاثِيلُ، فَقَالَ سَهْلٌ: انْزِعُوا مِنْ تَحْتِي هَذَا النَّمَطَ، فَقَالَ اَبُو طَلْحَةَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي التَّصَاوِيرِ: لَا تَدْخُلُهُ الْمَلَائِكَةُ اِلَّا مَا كَانَ مِنْ رَقْمٍ فِي ثَوْبٍ فَلَا بَاْسَ بِهِ قَالَ سَهْلٌ: وَاِنْ كَانَ فَانْزِعُوهُ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حضرت سہل کے پاس عیادت کرنے کے لیے آئے تو حضرت سہل کے نیچے ایک چادر تھی جس میں تصویریں بنی ہوئی تھیں حضرت سہل نے کہا: میرے نیچے سے یہ چادر کھینچ لو۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے تصویروں کے متعلق فرمایا: اس گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے ہاں! اگر کپڑے پر نقش ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔ حضرت سہل نے کہا: اگر معاملہ ایسے ہے تو اس کو کھینچ لو۔

اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّهْرِیُّ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ

4601 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا سَعِیدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا یَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ، قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ اَثْوَارَ اَقِطٍ فَتَوَضَّاَ مِنْهُ

حضرت ابوعبدالرحمٰن الزہری‘ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پنیر کے ٹکڑے کھائے‘ اس کے بعد وضو کیا (یعنی کلّی کی اور ہاتھ دھوئے)۔

اِسْمَاعِیلُ بْنُ بَشِیرِ بْنِ مَغَالَةَ، عَنْ اَبِی طَلْحَةَ

4602 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَیْبٍ الْاَزْدِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا یَحْیَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَیْرٍ قَالَا: ثنا اللَّیْثُ، حَدَّثَنِی یَحْیَی بْنُ سُلَیْمِ بْنِ زَیْدٍ، مَوْلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سَمِعَ اِسْمَاعِیلَ بْنَ بَشِیرٍ مَوْلَی، بَنِی مَغَالَةَ یَقُولُ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، وَاَبَا طَلْحَةَ بْنَ سَهْلٍ الْاَنْصَارِیَّیْنِ یَقُولَانِ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنَ امْرِءٍ یَخْذُلُ مُسْلِمًا فِی مَوْطِنٍ

حضرت اسماعیل بن بشیر بن مغالہ‘ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت جابر بن عبداللہ اور ابوطلحہ بن سہل انصاری رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کسی مسلمان کو عزت والی جگہ میں ذلیل کرتا ہے اور عزت والی جگہ اس کے لیے امن کرتا ہے تو اللہ عزوجل اس جگہ ذلیل اور رسوا کرے گا جس جگہ پسند کرتا ہے کہ اس کی مدد کی جائے‘ یا کوئی مسلمان اس کی مدد کرے جو کسی کی عزت کرے تو اللہ عزوجل اس کی اس جگہ مدد کرے گا جس جگہ وہ مدد کروانا پسند کرتا ہے۔

4602- أورده البيهقي في سننه الكبرى جلد8صفحه167 .

يُنْتَقَصُ فِيهِ مِنْ عِرْضِهِ وَيُنْتَهَكُ فِيهِ مِنْ حُرْمَتِهِ إِلَّا خَذَلَهُ اللّٰهُ فِي مَوْطِنٍ يُحِبُّ فِيهِ نُصْرَتَهُ وَمَا مِنْ أَحَدٍ يَنْصُرُ مُسْلِمًا فِي مَوْطِنٍ يُنْتَقَصُ فِيهِ مِنْ عِرْضِهِ وَيُنْتَهَكُ فِيهِ مِنْ حُرْمَتِهِ إِلَّا نَصَرَهُ اللّٰهُ فِي مَوْطِنٍ يُحِبُّ فِيهِ نُصْرَتَهُ

إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ

حضرت اسحاق بن عبداللہ' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4603 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، ثنا حُمَيْدٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحَّى بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ فَقَالَ عِنْدَ الْأَوَّلِ: عَنْ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَقَالَ عِنْدَ الثَّانِي: عَمَّنْ آمَنَ بِي وَصَدَّقَنِي مِنْ أُمَّتِي

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے دو مینڈھے سیاہ وسفید رنگ کے قربانی کیے' پہلے کو ذبح کرتے وقت کہا: محمد اور آل محمد کی طرف سے اور دوسرے کے وقت کہا: میری اُمت میں سے جو بھی مجھ پر (قیامت تک) ایمان لایا اور میری تصدیق کی۔

زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيُّ يُكْنَى أَبَا سَعِيدٍ وَيُقَالُ أَبُو خَارِجَةَ

حضرت زید بن ثابت انصاری' ان کی کنیت ابوسعید ہے' ان کو ابوخارجہ بھی کہا جاتا ہے

4604 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ زید بن ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ۔

4603- أورده أبو يعلى في مسنده جلد3صفحه12' رقم الحديث: 1418 .

نُمَيْرٍ، يَقُولُ: زَيْدُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ

4605 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ الْخَطْمِيُّ، حَدَّثَنِي خَالِي، عَنْ جَدِّي، عُقْبَةَ بْنِ فَاكِهٍ قَالَ: خَرَجْتُ إِلَى زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فَخَرَجَ إِلَيَّ مُتَّزِرًا بِيَدِهِ الرُّمْحُ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا خَارِجَةَ مَا بَالُ الرُّمْحِ هَذِهِ السَّاعَةَ؟ قَالَ: كُنْتُ أَطْلُبُ هَذِهِ الدَّابَّةَ الْخَبِيثَةَ الَّتِي يَكْتُبُ اللَّهُ بِقَتْلِهَا الْحَسَنَةَ وَيَمْحُو بِهَا السَّيِّئَةَ وَهِيَ الْوَزَغُ

حضرت عقبہ بن فاکہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی طرف نکلا' آپ میرے پاس تہبند باندھ کر آئے' ان کے ہاتھ میں نیزہ تھا' میں نے کہا: اے ابوخارجہ! اس وقت نیزہ کا کیا فائدہ ہے؟ آپ نے فرمایا: میں اس کے ساتھ اس بُرے جانور کو تلاش کر رہا ہوں جس کے متعلق اللہ عزوجل نے مارنے کے متعلق نیکی لکھنا اور گناہ ختم کرنا بتایا ہے' وہ چھپکلی ہے۔

4606 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شَوْذَبٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا أَبُو الْقَاسِمِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَخِيهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، أَنَّ مَرْوَانَ قَالَ لِزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: يَا أَبَا سَعِيدٍ

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت فرماتے ہیں کہ مروان نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے متعلق کہا: اے ابوسعید!

4607 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ خَارِجَةِ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالُوا لِزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: يَا أَبَا سَعِيدٍ

حضرت خارجہ بن زید فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے کہا: اے ابوسعید!

4608 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ يُكْنَى أَبَا سَعِيدٍ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوسعید ہے۔

4605- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4 صفحه47 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الرحمٰن بن الفاكه تفرد عنه أبو جعفر الخطمي وبقية رجاله ثقات .

4609 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ، وَاَنَا ابْنُ اِحْدَى عَشْرَةَ سَنَةً

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ مدینہ طیبہ تشریف لے آئے اس وقت اُن کی عمر گیارہ سال تھی۔

4610 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ الْقَطَوَانِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ زَيْدٍ، قَالَ: اَجَازَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَكَسَانِي قُبْطِيَّةً

حضرت زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے خندق کے دن پناہ دی اور مجھے چادر پہنائی۔

4611 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ عُثْمَانُ: اَيُّ النَّاسِ اَكْتُبُ؟ فَقَالُوا: زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ

حضرت مصعب بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگوں میں سے کس کو لکھوں؟ اُنہوں نے کہا: حضرت زید بن ثابت۔

4612 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ اَبِي كَرِيمَةَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ

حضرت مصعب بن زید فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے پاس رسول اللہﷺ کے کاتب حضرت زید بن ثابت کو بلاؤ۔

4609- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه345 وقال: رواه الطبراني واسناده حسن .

4610- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9صفحه345 وقال: رواه الطبراني وفيه اسماعيل بن قيس بن سعد بن زيد وهو ضعيف .

4612- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه345 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ عُثْمَانُ، رَحِمَهُ اللّٰهُ: اُدْعُوا لِي زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ كَاتِبَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4613 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا رَزِينٌ الرُّمَّانِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، كَبَّرَ عَلَى اُمِّهِ اَرْبَعًا وَمَا حَسِبْتُهَا حَدًّا، ثُمَّ اُتِيَ بِدَابَّةٍ فَاَخَذَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ الرِّكَابَ، فَقَالَ لَهُ زَيْدٌ: دَعْهُ اَوْ ذَرْهُ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: هٰكَذَا نَفْعَلُ بِالْعُلَمَاءِ الْكُبَرَاءِ

حضرت شعبی فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اپنی والدہ کے جنازہ پر چار تکبیریں پڑھیں' میں نے زیادہ دیر رُکتے نہیں دیکھا' پھر آپ کے پاس ایک جانور لایا گیا' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے گھوڑے کی لگام پکڑی' حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو! حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ہم بزرگ علماء کے ساتھ ایسے کرتے ہیں۔

4614 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبُو مُسْهِرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: كَانَ الْعُلَمَاءُ بَعْدَ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَاَبُو الدَّرْدَاءِ وَسَلْمَانُ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ، وَكَانَ الْعُلَمَاءُ بَعْدَ هٰؤُلَاءِ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، ثُمَّ كَانَ بَعْدَ زَيْدٍ، ابْنُ عُمَرَ وَابْنُ عَبَّاسٍ

حضرت سعید بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ بن جبل کے بعد حضرت عبداللہ بن مسعود اور حضرت ابوالدرداء' حضرت سلمان اور حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہم کو عالم شمار کیا جاتا ہے' ان کے بعد حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو علماء میں شمار کیا جاتا تھا اور حضرت زید کے بعد حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کو شمار کیا جاتا تھا۔

4615 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت محمد بن جعفر بن عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ حضرت عبداللہ بن ارقم سے لکھواتے تھے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بادشاہوں کی طرف خط لکھتے تھے' ان کے پاس امانت

4613- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه345 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال رزين الرماني وهو ثقة .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَكْتَبَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْاَرْقَمِ، فَكَانَ يَكْتُبُ اِلَى الْمُلُوكِ فَبَلَغَ مِنْ اَمَانَتِهِ عِنْدَهُ اَنَّهُ كَانَ يَكْتُبُ اِلَى بَعْضِ الْمُلُوكِ، فَيَكْتُبُ ثُمَّ يَاْمُرُهُ اَنْ يُطَبِّقَهُ ثُمَّ يَخْتِمُ لَا يَقْرَاُهُ لِاَمَانَتِهِ عِنْدَهُ، واسْتَكْتَبَ اَيْضًا زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، فَكَانَ يَكْتُبُ الْوَحْيَ، وَيَكْتُبُ اِلَى الْمُلُوكِ اَيْضًا، وَكَانَ اِذَا غَابَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَرْقَمِ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، فَاحْتَاجَ اَنْ يَكْتُبَ اِلَى بَعْضِ اُمَرَاءِ الْاَجْنَادِ وَالْمُلُوكِ، وَيَكْتُبَ لِاِنْسَانٍ كِتَابًا يَقْطَعُهُ اَمَرَ مَنْ حَضَرَ اَنْ يَكْتُبَ، وَقَدْ كَتَبَ لَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، وَعَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَالْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، وَمُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِي سُفْيَانَ، وَخَالِدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَغَيْرُهُمْ مِمَّنْ قَدْ سُمِّيَ مِنَ الْعَرَبِ

ہوتی' آپ کسی بادشاہ کو لکھتے' پھر حکم فرماتے' اسے بند کیا جاتا' اس پر مہر لگائی جاتی' اس امانت کو کوئی نہیں پڑھتا تھا۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بھی لکھتے تھے' یہ وحی بھی لکھتے تھے اور بادشاہوں کی طرف بھی لکھتے تھے' جب حضرت عبداللہ بن ارقم اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہما موجود نہ ہوتے تھے اور بادشاہوں اور لشکروں کی طرف لکھنے کے لیے تو پھر کسی کو لکھوانے کے لیے بلایا جاتا تو حضرت عمر بن خطاب' حضرت عثمان بن عفان' حضرت علی بن ابی طالب' حضرت زید بن ثابت' حضرت مغیرہ بن شعبہ' حضرت معاویہ بن ابوسفیان' حضرت خالد بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہم لکھتے' ان لوگوں میں سے جو عربوں میں سے مشہور تھے۔

4616 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِي عَمَّارٍ قَالَ: جَلَسْنَا مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي جَنَازَةِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فَقَالَ: لَقَدْ دُفِنَ الْيَوْمَ عِلْمٌ كَثِيرٌ

حضرت عمار بن ابوعمارہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے جنازہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے ساتھ بیٹھے تھے' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: آج بہت بڑے علم کو دفن کیا گیا ہے۔

4617 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ، حِينَ مَاتَ زَيْدُ بْنُ

حضرت یحییٰ بن سعید فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جس وقت حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا: آج اس اُمت کا

4616- أورد نحوه البيهقي في سننه الكبرى جلد6صفحه211' رقم الحديث: 11977 .

4617- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه483' رقم الحديث: 5805 .

ثَابِتٍ: اَلْيَوْمَ مَاتَ حَبْرُ هَذِهِ الْاُمَّةِ وَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَجْعَلَ فِي ابْنِ عَبَّاسٍ مِنْهُ خَلَفًا

عالم ربانی فوت ہو گیا ہے یقیناً اللہ عزوجل ابن عباس کو ان کا نائب بنائے گا۔

4618 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَابَهْرَامَ الْاَيْذَجِيُّ، ثنا مَالِكُ بْنُ سَعِيدٍ الْقَيْسِيُّ، ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ثنا اَبُو عَامِرٍ الْخَزَّازُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: شَهِدْتُ جَنَازَةَ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فَلَمَّا دُلِّيَ فِي قَبْرِهِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا هَؤُلَاءِ مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَعْلَمَ كَيْفَ ذَهَابُ الْعِلْمِ فَهَكَذَا ذَهَابُ الْعِلْمِ، وَايْمُ اللّٰهِ لَقَدْ ذَهَبَ الْيَوْمَ عِلْمٌ كَثِيرٌ قَالَ سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ: وَالْقَائِلُ لَقَدْ ذَهَبَ بِهِ عِلْمٌ كَثِيرٌ يَعْنِي ابْنَ عَبَّاسٍ

4930 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَمَّارُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ الْاَزْرَقِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجُحْفَةِ يَوْمَ غَدِيرِ خُمٍّ، وَهُوَ آخِذٌ بِعَضُدِ عَلِيٍّ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ اَنِّي اَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَهَذَا مَوْلَاهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہﷺ نے غدیرخم کے موقع پر جحفہ کے مقام پر اس حال میں تشریف لائے کہ آپﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا' فرمایا: کیا میں مؤمنوں کی جانوں سے زیادہ قریب نہیں ہوں! صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! آپﷺ نے فرمایا: جس کا میں مددگار اس کا علی مددگار ہے۔

4931 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں' فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے سنا کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس کا میں مددگار علی اس کا مددگار ہے۔

4932 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ حُمَيْدٍ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

الْبَزَّازُ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ، ثنا خَالِدُ بْنُ طَهْمَانَ اَبُو الْعَلَاءِ الْخَفَّافُ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ اَنْعَمُ وَصَاحِبُ الْقَرْنِ قَدِ الْتَقَمَ الْقَرْنَ يَنْتَظِرُ مَتَى يُؤْمَرُ فَيَنْفُخُ فِيهِ؟ قَالُوا: فَمَا نَقُولُ؟ قَالَ: قُولُوا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

حضور ﷺ نے فرمایا: میں کیسے نعمتوں سے لطف اندوز ہوسکتا ہوں؟ حالانکہ صور پھونکنے والا فرشتہ اپنے منہ میں صور لیے ہوئے اس انتظار میں ہے کہ کب اس کو حکم ہو اور وہ پھونکے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: ہم کیا پڑھیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پڑھو! ''اللہ ہمارے لیے کافی ہے اور وہ کتنا اچھا کارساز ہے''۔

خَلِيفَةُ بْنُ حُصَيْنٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت خلیفہ بن حصین، حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4933- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا حَسَنُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الْاَغَرِّ بْنِ الصَّبَّاحِ، عَنْ خَلِيفَةَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيٍّ فَمَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اُنَاسٍ مِنْ اَصْحَابِهِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيٍّ: (لَئِنْ رَجَعْنَا اِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ) (المنافقون: 8)، فَاَتَيْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ فَاَخْبَرْتُهُ، فَاَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَاَرْسَلَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں عبداللہ بن اُبی کے پاس بیٹھا تھا' رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ کرام کے ساتھ اس کے پاس سے گزرے' عبداللہ بن ابی نے کہا: ہم مدینہ واپس جائیں گے تاکہ عزت والے ذلیلوں کو نکال دیں۔ میں حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے بتایا یہ کہ رسول کریم ﷺ آئے تو اس نے آپ کے لیے یہ کہا تو حضور ﷺ نے عبداللہ بن ابی کی طرف آدمی بھیجا' عبداللہ نے قسم اُٹھائی کہ اس نے ایسی بات نہیں کی' حضور ﷺ نے سعد بن عبادہ کی طرف دیکھا' حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے تو زید بن ارقم نے بتایا ہے' حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے میرا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ، فَحَلَفَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ بِاللّٰهِ مَا تَكَلَّمَ بِهَذَا، فَنَظَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّمَا أَخْبَرَنِيهِ الْغُلَامُ زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ، فَجَاءَ سَعْدٌ فَأَخَذَ بِيَدِي فَانْطَلَقَ بِي، فَقَالَ: هَذَا حَدَّثَنِي، قَالَ: فَانْتَهَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ، فَانْتَهَيْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ وَبَكَيْتُ، وَقُلْتُ: إِيْ وَالَّذِي أَنْزَلَ عَلَيْكَ النُّورَ وَالنُّبُوَّةَ لَقَدْ قَالَهُ، قَالَ: وَانْصَرَفَ عَنْهُ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ) (المنافقون: 1) إِلَى آخِرِ السُّورَةِ

ہاتھ پکڑا اور رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں لائے، عرض کی: اس نے کیا بتایا ہے، عبداللہ بن اُبی نے مجھے بُرا بھلا کہا، میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا اور میں رو رہا تھا، میں نے عرض کی: آپ وہ ذات ہیں جس پر قرآن اُترا اور نبوت ملی ہے، حضور ﷺ تشریف لے گئے، اللہ عزوجل نے یہ سورۃ نازل فرمائی: ''اذا جاء ك المنافقون''۔

نُفَيْعٌ أَبُو دَاوُدَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ

حضرت نفیع ابوداؤد، حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4934 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمَّازٍ، ثنا أَبُو دَاوُدَ الدَّارِمِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصًا دَخَلَ الْجَنَّةَ قَالَ: وَقَالَ رَسُولُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے خلوص سے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھا، اللہ عزوجل اس کو جنت میں داخل کرے گا اور حضور ﷺ نے فرمایا: اخلاص یہ ہے کہ ان چیزوں سے رُک جانا جو اللہ نے حرام کی ہیں۔

4934- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 18 وقال: رواه الطبراني في الأوسط والكبير الا أنه قال في الكبير قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اخلاصه ان تحجزه عما حرم الله عليه وفي اسناده محمد بن عبد الرحمن بن غزوان وهو وضاع .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِخْلَاصُهُ اَنْ يَحْجِزَهُ عَمَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

4935 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامِ بْنِ مِسْكِينٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، عَنْ عَائِذِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي دَاوُدَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا هَذِهِ الْاَضَاحِيُّ؟ قَالَ: سُنَّةُ اَبِيكُمْ اِبْرَاهِيمَ قَالُوا: فَمَا لَنَا فِيهَا مِنَ الْاَجْرِ؟ قَالَ: بِكُلِّ شَعْرَةٍ حَسَنَةٌ قَالُوا: فَالصُّوفُ، قَالَ: بِكُلِّ شَعْرَةٍ حَسَنَةٌ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! قربانی میں ہمارے لیے کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہارے والد ابراہیم کی سنت ہے صحابہ کرام نے عرض کی: اس میں ہمارے لیے کیا ثواب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہر بال کے بدلے نیکی ہے صحابہ کرام نے عرض کی: اُون کے متعلق؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہر بال کے بدلے نیکی ہے۔

4936 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى زُنْبُورٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ الصُّبْحِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ نُفَيْعِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُنْزِلُوا عِبَادِي الْعَارِفِينَ الْمُوَحِّدِينَ مِنَ الْمُذْنِبِينَ الْجَنَّةَ وَلَا النَّارَ حَتَّى اَكُونَ اَنَا الَّذِي اُنْزِلُهُمْ بِعِلْمِي فِيهِمْ وَلَا تَكَلَّفُوا مِنْ ذَلِكَ مَا لَمْ تُكَلَّفُوا وَلَا تُحَاسِبُوا الْعِبَادَ دُونَ رَبِّهِمْ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھ پر غلاموں عارفین اور مؤحدین کو گناہ گاروں سے جنت اور دوزخ میں نہ کہا کرو یہاں تک کہ میں اپنے علم کے مطابق اُتاروں گا جب تک تم مکلّف نہ ہو خود اپنے آپ کو مکلّف نہ بناؤ ان کے رب کے علاوہ کوئی بندہ ان سے حساب نہ لے۔

4937 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4935- أورد نحوه ابن ماجه في سننه جلد2صفحه1045' رقم الحديث: 3127 .

4936- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه193 وقال: رواه الطبراني وفيه نفيع بن الحارث وهو ضعيف .

4937- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه194 وقال: رواه الطبراني وفيه أبو داؤد الأعمى ونسب الى الكذب .

الْحَنَفِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نُفَيْعٍ اَوْ اَنْفَعَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ مَعَ الْقَاضِي مَا لَمْ يَحِفْ عَمْدًا، يُسَدِّدُهُ لِلْخَيْرِ مَا لَمْ يُرِدْ غَيْرَهُ

حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کی رحمت اس قاضی کے ساتھ ہوتی ہے کہ جو جان بوجھ کر کسی سے ظلم نہ کرے بھلائی کے لیے وہ اسے بند رکھے جب تک اس کا غیر ارادہ نہ کرے۔

زَيْدُ الْقِصَارِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت زید القصار' حضرت زید بن ارقم سے روایت کرتے ہیں

4938 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ عِيسَى بْنِ قِرْطَاسٍ، عَنْ زَيْدِ الْقِصَارِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: كُنَّا مَعَهُ فِي الْمَسْجِدِ فَحَدَّثَنَا سَاعَةً ثُمَّ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَقْرَاَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ سُورَةً وَاَقْرَاَنِيهَا زَيْدٌ وَاَقْرَاَنِيهَا اُبَيٌّ، فَاخْتَلَفَتْ قِرَاءَتُهُمْ فَقِرَاءَةَ اَيِّهِمْ آخُذُ؟ فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى جَنْبِهِ، فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لِيَقْرَاْ كُلُّ اِنْسَانٍ كَمَا عُلِّمَ، كُلٌّ حَسَنٌ جَمِيلٌ

حضرت زید القصار' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے ساتھ مسجد میں ہم نے کچھ دیر بیان کیا' پھر فرمایا: ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: مجھے عبداللہ اور زید اور اُبی نے پڑھایا' ان کی قرأت میں اختلاف تھا' ان میں سے کس کی قرأت پر عمل کروں؟ حضور ﷺ خاموش ہو گئے' حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ کے پاس تھے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ہم ہر آدمی اپنے علم کے مطابق پڑھے' سب اچھا اور خوبصورت ہے۔

حَوْطٌ الْعَبْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت حوط العبدی' حضرت زید بن ارقم سے روایت کرتے ہیں

4939 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت حوط العبدی فرماتے ہیں کہ میں نے

4938- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه154 وقال: رواه الطبراني وفيه عيسى بن قرطاس وهو متروك .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، حَدَّثَنِي حَوْطٌ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: سَأَلْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ، عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، فَقَالَ: مَا أَشُكُّ وَمَا امترى أَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعَ عَشْرَةَ، لَيْلَةَ نُزُولِ الْقُرْآنِ، وَيَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے لیلۃ القدر کے متعلق پوچھا' مجھے سترھویں رات کے لیلۃ القدر ہونے میں شک نہیں ہے' اس رات قرآن نازل ہوا اور اس دن غزوہ ہوا۔

أَبُو الْوَقَّاصِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ

حضرت ابوالوقاص' حضرت زید بن ارقم سے روایت کرتے ہیں

4940 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ أَبِي النُّعْمَانِ، عَنْ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا وَعَدَ الرَّجُلُ أَخَاهُ وَمِنْ نِيَّتِهِ أَنْ يَفِيَ لَهُ وَلَمْ يَجِءْ لِلْمِيعَادِ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کوئی آدمی اپنے بھائی سے وعدہ کرے اور اس کی نیت اسے پورا کرنے کی ہو پھر وہ وعدہ پورا نہ کر سکے تو اس پر کوئی گناہ نہیں۔

مُرَقَّعٌ التَّمِيمِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ

حضرت مرقع تمیمی' حضرت زید بن ارقم سے روایت کرتے ہیں

4941 - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ مُرَقَّعٍ

حضرت مرقع تمیمی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کے ساتھ نمازِ جنازہ پڑھی' آپ نے پانچ تکبیریں پڑھیں' پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی' آپ نے پانچ تکبیریں

4940- أورده أبو داؤد في سننه جلد4صفحه299' رقم الحديث: 4995 .

التَّمِيمِيِّ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَلَى جَنَازَةٍ، فَكَبَّرَ خَمْسًا، ثُمَّ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرَ خَمْسًا، فَلَا اَتْرُكُهُنَّ لِاَحَدٍ بَعْدَهُ

کہیں جو اس کے بعد کبھی نہیں چھوڑیں۔

مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ الْقُرَظِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت محمد بن کعب القرظی حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4942 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيِّ بْنِ سَلُولٍ، يَقُولُ: (لَا تُنْفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ حَتَّى يَنْفَضُّوا) (المنافقون: 7) فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرْتُهُ وَاَتَاهُ ابْنُ اُبَيٍّ فَحَلَفَ لَهُ اَنَّهُ لَمْ يَقُلْ، قَالَ: فَاَتَانِي اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَامُونِي، فَاَتَيْتُ مَنْزِلِي فَنِمْتُ، قَالَ: كَاَنَّهُ كَئِيبٌ، فَاَرْسَلَ اِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيْتُهُ، - اَوْ قَالَ: فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ صَدَّقَكَ وَعَذَرَكَ وَتَلَا هَاتَيْنِ الْآيَتَيْنِ (هُمْ

حضرت محمد بن کعب القرظی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے عبداللہ بن ابی بن سلول کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس رہنے والوں پر خرچ نہ کرو یہاں تک کہ یہ آپ کے اردگرد سے دور ہو جائیں۔ میں حضور ﷺ کے پاس آیا اور میں نے آپ کو بتایا' ابن ابی آپ ﷺ کے پاس آیا اور اس نے قسم اُٹھائی کہ اس نے نہیں کہا ہے۔ میرے پاس رسول اللہ ﷺ کے صحابہ آئے اور مجھے بُرا بھلا کہنے لگے' میں اپنے گھر آیا اور سو گیا' پریشان تھا' حضور ﷺ نے میری طرف کسی آدمی کو بھیجا' میں حضور ﷺ کے پاس آیا تو آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے آپ کی تصدیق کی ہے اور عذر قبول کرلیا ہے اور یہ دو آیتیں پڑھیں: ''ھم الذین یقولون الی آخرہ''۔

الَّذِينَ يَقُولُونَ لَا تُنفِقُوا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ﴾ (المنافقون: 7) حَتّٰى خَتَمَ الْآيَتَيْنِ

عَطَاءُ بْنُ اَبِی رَبَاحٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت عطاء بن ابورباح' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4943 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ سَلَّامِ بْنِ مِسْكِينٍ، عَمَّنْ، حَدَّثَهُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِی رَبَاحٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَجَّ عَنْ اَبِيهِ اَوْ عَنْ اُمِّهِ اَجْزَاَ ذٰلِكَ عَنْهُ وَعَنْهُمَا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے والد یا ماں کی طرف سے حج کیا' وہ اس کی اور اس کے والدین کی طرف سے کافی ہوجائے گا۔

عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ الْمَكِّيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت عمرو بن دینار المکی' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4944 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا شَبَابَةُ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورت اللہ کا حق ادا نہیں کرسکتی ہے جب تک اپنے شوہر کا حق نہ ادا کرلے' اگر عورت کو اس کا شوہر بلوائے اور وہ تنور پر ہو تو اس کو منع نہ کرے۔

4943- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه282 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه راو لم يسم .

4944- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه308 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط بنحوه ورجاله رجال الصحيح خلا المغيرة بن مسلم وهو ثقة .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَرْاَةُ لَا تُؤَدِّى حَقَّ اللّٰهِ عَلَيْهَا حَتّٰى تُؤَدِّىَ حَقَّ زَوْجِهَا حَتّٰى لَوْ سَاَلَهَا وَهِىَ عَلٰى ظَهْرِ قَتَبٍ لَمْ تَمْنَعْهُ نَفْسَهَا

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، وَاَبُو عُثْمَانَ النَّهْدِىُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت عبداللہ بن حارث بن نوفل اور ابوعثمان النہدی' حضرت زید بن ارقم سے روایت کرتے ہیں

4945 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِىُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِىُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِى، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِىُّ، قَالُوا: ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِى عُثْمَانَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: لَا اَقُولُ لَكُمْ اِلَّا مَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَنَا: اللّٰهُمَّ اِنِّى اَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ اللّٰهُمَّ آتِ نَفْسِى تَقْوَاهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا اللّٰهُمَّ اِنِّى اَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَقَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَدَعْوَةٍ لَا يُسْتَجَابُ لَهَا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں تم کو وہی کہتا ہوں جو رسول اللہ ﷺ فرماتے تھے' یہ دعا کرو: ''اللّٰھم انی اعوذ بك الٰی آخرہ''۔

4946 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِىُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِىُّ، قَالَا: ثنا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم انی اعوذ بك

4945- أخرجه مسلم في صحيحه جلد4صفحه2088' رقم الحديث: 2722 .

مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا حَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْهَرَمِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ، اَللّٰهُمَّ آتِ نَفْسِي تَقْوَاهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا، اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَنَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَصَلَاةٍ لَا تَنْفَعُ وَدَعْوَةٍ لَا يُسْتَجَابُ لَهَا

الٰی آخرہ"۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت زید رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

4947 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ سَعْدٍ اَبِي غِفَارٍ الطَّائِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: قُلْنَا لِزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ: حَدِّثْنَا بِشَيْءٍ، سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْهَرَمِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَةِ الدَّجَّالِ، اَللّٰهُمَّ آتِ نَفْسِي تَقْوَاهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا، رَبِّ اَعُوذُ بِكَ مِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَعِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَدُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ اَوْ

حضرت عبداللہ بن حارث فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے کہا: ہمیں کوئی حدیث بیان کریں جو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہے؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: "اللّٰهم انی اعوذ بك الٰی آخرہ"۔

قَالَ: دَعْوَةٍ لَا تُسْتَجَابُ

صَالِحٌ اَبُو الْخَلِيلِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت صالح ابوالخلیل' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4948 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ صِيَامِ عَرَفَةَ؟ قَالَ: يُكَفِّرُ السَّنَةَ الَّتِي اَنْتَ فِيهَا وَالسَّنَةَ الَّتِي بَعْدَهَا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے حج کے دن روزہ رکھنے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: اس کا ثواب یہ ہے کہ ایک سال پہلے اور ایک سال بعد کے گناہ معاف کیے جاتے ہیں۔

مَيْمُونٌ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت میمون ابوعبداللہ' حضرت زید بن ارقم سے روایت کرتے ہیں

4949 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ مَيْمُونٍ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَدَاوُوا مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ بِالْقُسْطِ الْبَحْرِيِّ وَالزَّيْتِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پیٹ کی بیماری کے لیے عود ہندی اور زیتون کی دواء استعمال کرو۔

حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے اس کی مثل

4948- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه190 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه رشدين بن سعد وفيه كلام وقد وثق .

4949- أورده الترمذي في سننه جلد4صفحه407' رقم الحديث: 2079 .

بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مَيْمُونٍ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حدیث روایت ہے۔

4950 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ حَمْدَوَيْهِ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَفَّانُ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ مَيْمُونٍ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ، وَأَنَا أَسْمَعُ: نَزَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَادٍ يُقَالُ لَهُ وَادِي خُمٍّ، فَأَمَرَ بِالصَّلَاةِ فَصَلَّاهَا بِالْهَجِيرِ، فَخَطَبَنَا وَظُلِّلَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَوْبٍ عَلَى شَجَرَةٍ مِنَ الشَّمْسِ فَقَالَ: أَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ أَنِّي أَوْلَى بِكُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ مِنْ نَفْسِهِ؟ قَالُوا: بَلَى، قَالَ: فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ، فَإِنَّ عَلِيًّا مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم وادی میں اُترے جس کا نام وادیٔ خم تھا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سنا' آپ نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز کا حکم دیا اور نماز جلدی پڑھائی' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیا' سورج کی گرمی کی تپش سے بچنے کے لیے کپڑے کا سایہ کیا گیا' آپ نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ میں مؤمن مرد اور عورت کی جان سے زیادہ قریب ہوں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: جس کا مددگار اس کا علی مددگار ہے' اے اللہ! تُو اس کو دوست رکھ جو اس کو دوست رکھے اور اس سے دشمنی کر جو اس سے دشمنی کرے۔

4951 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الصَّيْرَفِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، قَالَ: سَأَلْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ، مَا كَانَ اسْمُ أُمِّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: آمِنَةُ بِنْتُ وَهْبٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن میمون فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے روایت کی' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے پوچھا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیاری والدہ ماجدہ (عفیفہ' سیدہ' طاہرہ' عابدہ' زاہدہ' مطہرہ) کا اسم گرامی کیا تھا؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آمنہ بنت وہب رضی اللہ عنہا۔

4952 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4952- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد **4** صفحه **1870**' رقم الحديث: **2404** . والبخاري في صحيحه جـ **3** صفحه **1359**' رقم الحديث: **3503** . وأورده ابن أبي شيبة في مصنفه جلد **6** صفحه **366**

الْمُؤَدِّبُ، ثنا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيفَةَ، ثنا عَوْفٌ، ح وَحَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ مَيْمُونٍ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، وَزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ حِينَ اَرَادَ اَنْ يَغْزُوَ: اِنَّهُ لَابُدَّ مِنْ اَنْ تُقِيمَ اَوْ اُقِيمَ فَخَلَفَهُ، فَقَالَ نَاسٌ: مَا خَلَفَهُ اِلَّا لِشَيْءٍ كَرِهَهُ، فَبَلَغَ ذَلِكَ عَلِيًّا، فَاَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَهُ فَتَضَاحَكَ ثُمَّ قَالَ: يَا عَلِيُّ اَمَا تَرْضَى اَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى اِلَّا اَنَّهُ لَيْسَ نَبِيٌّ بَعْدِي

حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جس وقت جہاد کے لیے کھڑے ہوئے' آپ نے فرمایا: آپ گھر والوں میں پیچھے رہیں' کچھ لوگوں نے کہا: پیچھے اس لیے چھوڑ رہے ہیں کہ یہ کرنا آپ ناپسند کرتے ہوں' یہ بات حضرت علی رضی اللہ عنہ تک پہنچی' حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ کو بتایا تو حضور ﷺ مسکرائے' اور حضرت علی رضی اللہ عنہ مسکرائے' پھر فرمایا: اے علی! کیا آپ خوش نہیں ہیں کہ آپ کا مقام و مرتبہ میرے ہاں وہی ہو جو حضرت موسیٰ کے ہاں حضرت ہارون کا تھا' فرق یہ ہے کہ میرے بعد نبوت نہیں۔

4953 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ الْقَزَّازُ الْكُوفِيُّ، قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ اَبِي، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ قَرْمٍ، عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ مَيْمُونٍ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، وَالْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ: اَلَا تَرْضَى اَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى؟

حضرت زید بن ارقم اور حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا آپ اس بات پر خوش نہیں ہیں کہ آپ کا مقام و مرتبہ میرے ہاں وہی ہو جو حضرت ہارون کا حضرت موسیٰ کے ہاں تھا۔

اَبُو هَارُونَ الْعَبْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت ابو ہارون العبدی' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4954 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

رقم الحدیث: 32077.

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هَارُونَ، يَذْكُرُ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ غَدِيرِ خُمٍّ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

حضورﷺ نے غدیر خم کے موقع پر فرمایا: جس کا میں مددگار اُس کا علی مددگار ہے۔

4955 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا اَبُو هَارُونَ الْعَبْدِيُّ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ يَوْمَ غَدِيرِ خُمٍّ: اللّٰهُمَّ مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے غدیر خم کے موقع پر فرمایا: اے اللہ! جس کا میں مددگار اس کا علی مددگار ہے اے اللہ! تُو اس کو دوست رکھ جو اس سے دوستی کرے اور اس سے دشمنی رکھ جو علی سے دشمنی رکھے۔

خَيْثَمَةُ اَبُو نَصْرٍ الْبَصْرِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت خیثمہ ابونصر بصری، حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4956 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، قَالَا: ثنا وَكِيعٌ، كِلَاهُمَا، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: اشْتَكَيْتُ عَيْنِي، فَعَادَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا زَيْدُ اِنْ كَانَتْ عَيْنَاكَ لِمَا بِهِمَا كَيْفَ اَنْتَ صَانِعٌ؟ قُلْتُ: اِذَنْ اَحْتَسِبُ وَاَصْبِرُ، قَالَ: اِذَنْ تَلْقَى اللّٰهَ بِغَيْرِ ذَنْبٍ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے آنکھوں کی شکایت ہوئی، پس رسول کریمﷺ نے میری بیمار پرسی فرمائی، فرمایا: اے زید! اگر تیری آنکھیں ایسے ہی رہیں تو تُو کیا کرے گا؟ میں نے عرض کی: پھر تو میں ثواب کی نیت سے صبر کروں گا۔ آپﷺ نے فرمایا: پھر تو تُو اپنے رب سے اس حال میں ملے گا، تیرے اوپر کوئی گناہ نہ ہوگا۔

النَّضْرُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت نضر بن انس، حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4957 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، وَعُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هَذِهِ الْحُشُوشَ مُحْتَضَرَةٌ، فَاِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْغَائِطَ فَلْيَقُلْ: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الرِّجْسِ النَّجِسِ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنات بیت الخلاء میں موجود ہوتے ہیں، جب تم میں سے کوئی بیت الخلاء میں جائے تو یہ پڑھے: ''اعوذ باللّٰہ من الرجس الی آخرہ''۔

4958 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَا: ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هَذِهِ الْحُشُوشَ مُحْتَضَرَةٌ، فَاِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَدْخُلَ فَلْيَقُلْ: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْخُبْثِ وَالْخَبَائِثِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنات بیت الخلاء میں موجود ہوتے ہیں، جب تم میں سے کوئی بیت الخلاء میں جائے تو یہ پڑھے: ''اعوذ باللّٰہ من الخبث والخبائث''۔

4959 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْعَدَوِيُّ الْبَصْرِيُّ، قَالَا: ثنا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! انصار اور انصار کی

4957- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد1صفحه297، رقم الحديث: 668 .

4958- أورده ابن ماجه في سننه جلد1صفحه108، رقم الحديث: 296 .

4959- أخرجه مسلم في صحيحه جلد4صفحه1948، رقم الحديث: 2506 .

عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ

اولاد کو بخش دے۔

4960 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ الشَّامِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ، وَلِاَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ، وَلِاَبْنَاءِ اَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! انصار اور انصار کے لڑکوں کو بخش دے اور اُن کے بیٹوں کو بھی۔

4961 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا شُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، ثنا النَّضْرُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ، وَلِذَرَارِيِّ الْاَنْصَارِ، وَلِذَرَارِيِّ ذَرَارِيِّهِمْ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! انصار کی مغفرت فرما اور انصار کی اولاد اور اولاد کی اولاد کی بخشش فرما۔

اَبُو بَكْرِ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت ابوبکر بن انس، حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4962 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ابوبکر بن انس فرماتے ہیں کہ حضرت

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ، قَالَ: كَتَبَ زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ، إِلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يُعَزِّيهِ بِوَلَدِهِ وَأَهْلِهِ الَّذِينَ أُصِيبُوا بِالْحَرَّةِ، فَكَتَبَ فِي كِتَابِهِ: وَإِنِّي مُبَشِّرُكَ بِبُشْرَى مِنَ اللَّهِ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ، وَلِأَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ، وَلِأَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ، وَلِنِسَاءِ الْأَنْصَارِ، وَلِنِسَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ، وَلِنِسَاءِ أَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ

زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی طرف ان کے بیٹے کی وفات کا تعزیت نامہ لکھا اور ان کے گھر والوں کی طرف جن کو مصیبت پہنچی' اس خط میں لکھا: میں آپ کو اللہ عزوجل کی خوشخبری دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! انصار اور انصار کے لڑکوں اور اُن کے لڑکوں کے لڑکوں اور انصار کی عورتوں کو اور اُن کے بیٹوں کی عورتوں کو اور اُن کے لڑکوں کے لڑکوں کی عورتوں کو بخش دے!

حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

4963 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا فَهْدُ بْنُ عَوْفٍ أَبُو رَبِيعَةَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ، قَالَ: كَتَبَ زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ إِلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ يُعَزِّيهِ فِيمَنْ أُصِيبَ مِنْ قَوْمِهِ وَأَهْلِهِ يَوْمَ الْحَرَّةِ، فَكَتَبَ: إِنِّي مُبَشِّرُكَ بِبُشْرَى مِنَ اللَّهِ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ، وَلِأَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ، وَلِأَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ، وَلِنِسَاءِ الْأَنْصَارِ، وَلِنِسَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ، وَلِنِسَاءِ أَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ

حضرت ابوبکر بن انس فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی طرف ان کے بیٹے کی وفات کا تعزیت نامہ لکھا اور ان کے گھر والوں کی طرف جن کو مصیبت پہنچی' اس خط میں لکھا: میں آپ کو اللہ عزوجل کی خوشخبری دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! انصار اور انصار کے لڑکوں اور اُن کے لڑکوں کے لڑکوں اور اُن کے لڑکوں کے لڑکوں کے لڑکوں کو اور انصار کی عورتوں کو اور اُن کی عورتوں کے لڑکوں کو اور اُن کی عورتوں کے لڑکوں کے لڑکوں کو بخش دے!

ثَابِتُ بْنُ مِرْدَاسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت ثابت بن مرداس' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4964 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ حَرَامِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِي عَتِيقٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ مِرْدَاسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، لَمَّا اُتِيَ ابْنُ زِيَادٍ بِرَاْسِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَجَعَلَ يَنْقُرُ بِقَضِيبٍ فِي يَدِهِ فِي عَيْنِهِ وَاَنْفِهِ، قَالَ لَهُ زَيْدٌ: ارْفَعِ الْقَضِيبَ فَلَقَدْ رَاَيْتُ فَمَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَوْضِعِهِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ابن زیاد کے پاس (سیّد الشہداء امام عالی مقام' سیّدنا مولانا) امام حسین رضی اللہ عنہ کا سرانور لایا گیا تو ابن زیاد اپنی چھڑی آپ کی آنکھوں اور ہونٹ مبارک پر لگانے لگا' میں نے اسے کہا کہ اپنی چھڑی اُٹھا کیونکہ میں نے حضور ﷺ کو اپنا منہ مبارک اس جگہ رکھتے ہوئے دیکھا ہے۔

الْقَاسِمُ بْنُ عَوْفٍ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت قاسم بن عوف شیبانی' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4965 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ الْاَوَّابِينَ اِذَا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رجوع کرنے والوں کی نماز اس وقت ہوتی ہے جب اونٹوں کے پاؤں جلنے لگیں۔

4964- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه195 وقال: رواه الطبراني وفيه حرام بن عثمان وهو متروك .

4965- أخرجه مسلم في صحيحه جلد1صفحه516' رقم الحديث: 748 .

رَمِضَتِ الْفِصَالُ

4966 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو مَرْزُوقٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَسْجِدِ قُبَاءَ وَهُمْ يُصَلُّونَ رَكْعَتَيْنِ فَقَالَ: مَا هَذِهِ الصَّلَاةُ؟ قَالُوا: تَسْبِيحٌ، قَالَ: اِنَّ صَلَاةَ الْاَوَّابِينَ اِذَا رَمِضَتِ الْفِصَالُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ مسجد قباء کے پاس سے گزرے وہاں صحابہ کرام نے دو رکعت نفل پڑھے آپ نے فرمایا: یہ کون سی نماز ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: نمازِ اشراق! آپ نے فرمایا: رجوع کرنے والوں کی نماز کا وقت ہے جب اونٹوں کے پاؤں جلنے لگیں۔

4967 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهِمْ وَهُمْ يُصَلُّونَ الضُّحَى حِينَ اَشْرَقَتِ الشَّمْسُ فَقَالَ: صَلَاةُ الْاَوَّابِينَ اِذَا رَمِضَتِ الْفِصَالُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ صحابہ کرام کے پاس سے گزرے وہ نمازِ اشراق پڑھ رہے تھے جس وقت سورج بلند ہوا آپﷺ نے فرمایا: رجوع کرنے والوں کی نماز کا وقت تب ہوتا ہے جب اونٹوں کے پاؤں جلنے لگیں۔

4968 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ خَالَوَيْهِ الْوَاسِطِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَسْجِدَ قُبَاءَ وَهُمْ يُصَلُّونَ حِينَ اَشْرَقَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ صَلَاةَ الْاَوَّابِينَ كَانُوا يُصَلُّونَهَا اِذَا رَمِضَتِ الْفِصَالُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ مسجد قباء کے پاس سے گزرے وہاں صحابہ کرام نے دو رکعت نفل پڑھے آپ نے فرمایا: یہ کون سی نماز ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: نمازِ اشراق! آپ نے فرمایا: رجوع کرنے والوں کی نماز کا وقت تب ہوتا ہے جب اونٹوں کے پاؤں جلنے لگیں۔

4969 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُوسَى

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

بْنُ دَاوُدَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ النَّاقِدُ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ هَارُونَ الْمُسْتَمْلِي، ثنا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ الضَّبِّيُّ، ثنا حُسَامُ بْنُ مِصَكٍّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسْجِدَ قُبَاءَ فَرَآهُمْ يُصَلُّونَ الضُّحَى فَقَالَ: هَذِهِ صَلَاةُ الْاَوَّابِينَ

حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد قباء کے پاس سے گزرے وہاں صحابہ کرام نے دو رکعت نفل پڑھے آپ نے فرمایا: یہ کون سی نماز ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: نمازِ چاشت! آپ نے فرمایا: رجوع کرنے والوں کی نماز کا وقت تب ہوتا ہے جب اونٹوں کے پاؤں جلنے لگیں۔

4970 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدٍ، قَالَ: خَرَجَ عَلَى اَهْلِ قُبَاءَ وَهُمْ يُصَلُّونَ صَلَاةَ الضُّحَى فَقَالَ: صَلَاةُ الْاَوَّابِينَ اِذَا رَمِضَتِ الْفِصَالُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد قباء کے پاس سے گزرے وہاں صحابہ کرام نے دو رکعت نفل پڑھے آپ نے فرمایا: یہ کون سی نماز ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: نمازِ چاشت! آپ نے فرمایا: رجوع کرنے والوں کی نماز کا وقت اُس وقت ہے جب اونٹوں کے پاؤں جلنے لگیں۔

4971 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثنا اَبُو الْجُمَاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ التَّنُوخِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هَذِهِ الْحُشُوشَ مُحْتَضَرَةٌ، فَاِذَا دَخَلَهَا اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبْثِ وَالْخَبَائِثِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنات بیت الخلاء میں موجود ہوتے ہیں جب تم میں سے کوئی بیت الخلاء میں جائے تو یہ پڑھے: ''اعوذ باللّٰہ من الخبث و الخبائث''۔

4972 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک یہ شیاطین (بیت الخلاء میں) موجود ہوتے ہیں پس جب تم میں سے کوئی ایک ارادہ کرے کہ وہ داخل ہو تو کہے: اعوذ باللّٰہ (میں

الرَّحْمَنِ السُّلَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ خَالَوَيْهِ الْوَاسِطِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ هَذِهِ الْحُشُوشَ مُحْتَضَرَةٌ، فَإِذَا أَرَادَ أَحَدُكُمْ أَنْ يَدْخُلَ فَلْيَقُلْ أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

چھوٹے بڑے شیطانوں سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں)۔

4973 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، أَنَّ مُعَاذًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ أَهْلَ الْكِتَابِ يَسْجُدُونَ لِأَسَاقِفَتِهِمْ وَبَطَارِقَتِهِمْ؟ أَفَلَا نَسْجُدُ لَكَ؟ قَالَ: لَوْ كُنْتُ آمِرًا أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِأَحَدٍ لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا، وَلَا تُؤَدِّي الْمَرْأَةُ حَقَّ زَوْجِهَا حَتَّى لَوْ سَأَلَهَا نَفْسَهَا عَلَى قَتَبٍ لَأَعْطَتْهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ بتائیں گے کہ اہل کتاب اپنے علماء وفضلاء کو سجدہ کرتے ہیں یا کیا ہم آپ کو سجدہ نہ کریں؟ آپ نے فرمایا: اگر میں کسی کو سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو میں حکم دیتا کہ عورت شوہر کو سجدہ کرے تو تب بھی عورت شوہر کا حق ادا نہ کر سکے اگر مرد عورت کو بلائے اور عورت تنور پر ہی کیوں نہ ہو وہ ضرور آئے۔

4974 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَسْعُودٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، قَالَ: ثنا عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ، ثنا صَدَقَةُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ بتائیں گے کہ اہل کتاب اپنے علماء وفضلاء کو سجدہ کرتے ہیں یا کیا ہم آپ کو سجدہ نہ کریں؟ آپ نے فرمایا: اگر میں کسی کو سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو میں حکم دیتا کہ عورت شوہر کو سجدہ کرے تو تب بھی عورت شوہر کا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعَاذًا اِلَى الشَّامِ، فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي رَاَيْتُ اَهْلَ الْكِتَابِ يَسْجُدُونَ لِاَسَاقِفَتِهِمْ وَبَطَارِقَتِهِمْ، اَلَا نَسْجُدُ لَكَ؟ قَالَ: لَوْ كُنْتُ آمِرًا اَحَدًا اَنْ يَسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا، وَلَا تُؤَدِّي الْمَرْاَةُ حَقَّ زَوْجِهَا حَتّٰى لَوْ سَاَلَهَا نَفْسَهَا عَلٰى ظَهْرِ قَتَبٍ اَعْطَتْهُ

حق ادا نہ کر سکے اگر مرد عورت کو بلائے اور عورت تنور پر ہی کیوں نہ ہو وہ ضرور آئے۔

4975 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ حُسَامِ بْنِ مِصَكٍّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الرَّجُلُ بِلَالٌ وَالْمُؤَذِّنُونَ اَطْوَلُ النَّاسِ اَعْنَاقًا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بلال بہت اچھا آدمی ہے قیامت کے دن اذان دینے والوں کی گردنیں لمبی ہوں گی (یعنی مقام و مرتبہ)۔

الْقَاسِمُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت قاسم بن ربیعہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4976 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَا: ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا حُسَامُ بْنُ مِصَكٍّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الْمَرْءُ بِلَالٌ وَلَا يَتْبَعُهُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بلال بہت اچھا آدمی ہے اس کی اتباع ایمان والے ہی کریں گے یہ اذان پڑھنے والوں کے سردار ہوں گے اور قیامت کے دن اذان پڑھنے والوں کی گردن دوسرے لوگوں سے اونچی ہوگی۔

4975- أورده الطبراني في الأوسط جلد3 صفحه178' رقم الحديث: 2851 .

4976- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه322' رقم الحديث: 5244 .

اِلَّا مُؤْمِنٌ، وَهُوَ سَيِّدُ الْمُؤَذِّنِينَ، وَالْمُؤَذِّنُونَ اَطْوَلُ النَّاسِ اَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اِيَاسُ بْنُ اَبِي رَمْلَةَ الشَّامِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت ایاس بن ابورملہ شامی' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4977 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ اَبِي رَمْلَةَ الشَّامِيِّ، قَالَ: شَهِدْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِي سُفْيَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ يَسْاَلُ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ، قَالَ: هَلْ شَهِدْتَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِيدَيْنِ اجْتَمَعَا فِي يَوْمٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَكَيْفَ صَنَعَ؟ قَالَ: صَلَّى الْعِيدَ ثُمَّ رَخَّصَ فِي الْجُمُعَةِ، فَقَالَ: مَنْ شَاءَ فَلْيُصَلِّ

حضرت ایاس بن ابورملہ الشامی فرماتے ہیں کہ میں حضرت معاویہ بن ابوسفیان کے پاس تھا' یہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے پوچھ رہے تھے' آپ نے فرمایا: کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس موجود تھے جب دونوں عیدیں ایک دن اکٹھی ہوئی ہوں' یعنی دونوں کا دن ایک ہی ہو؟ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیسے؟ فرمایا: عید کی نماز پڑھی پھر جمعہ کی اجازت دی' فرمایا: جو چاہے پڑھے۔

ثَابِتُ بْنُ مِرْدَاسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت ثابت بن مرداس' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4978 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ الْقَاضِي، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُوَيْسِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ حَرَامِ بْنِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ابن زیاد کے پاس (سیّد الشہداء امام عالی مقام سیّدنا مولانا) امام حسین رضی اللہ عنہ کا سرِ انور لایا گیا تو

4977- أورده الدارمی فی سننه جلد1صفحه459' رقم الحديث: 1612 .

عُثْمَانَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ مِرْدَاسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: اُتِيَ ابْنُ زِيَادٍ بِرَاْسِ الْحُسَيْنِ، فَجَعَلَ يَجْعَلُ قَضِيبًا فِي يَدِهِ فِي عَيْنِهِ وَاَنْفِهِ، فَقَالَ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ: ارْفَعِ الْقَضِيبَ، فَقَالَ: لِمَ؟ فَقَالَ: رَاَيْتُ فَمَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَوْضِعِهِ

ابن زیاد اپنی چھڑی آپ کی آنکھوں اور ہونٹ مبارک پر لگانے لگا' میں نے اسے کہا کہ اپنی چھڑی اُٹھا کیونکہ میں نے حضورﷺ کو اپنا منہ مبارک اس جگہ رکھتے ہوئے دیکھا ہے۔

اَبُو مُسْلِمٍ الْبَجَلِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت ابو مسلم البجلی' حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

4979 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، اَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا دَاوُدُ الطُّفَاوِيُّ، يَقُولُ حَدَّثَنِي اَبُو مُسْلِمٍ الْبَجَلِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ فِي دُبُرِ الصَّلَاةِ: اللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبُّنَا وَرَبُّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيدٌ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، اللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبُّنَا وَرَبُّ كُلِّ شَيْءٍ اَنَا شَهِيدٌ اَنَّ الْعِبَادَ كُلَّهُمْ اِخْوَةٌ، اللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبُّنَا وَرَبُّ كُلِّ شَيْءٍ اجْعَلْنِي مُخْلِصًا لَكَ وَاَهْلِي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اسْمَعْ وَاسْتَجِبْ، اللّٰهُ الْاَكْبَرُ الْاَكْبَرُ، اللّٰهُمَّ اَنْتَ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ اللّٰهُ الْاَكْبَرُ الْاَكْبَرُ، حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ اللّٰهُ الْاَكْبَرُ الْاَكْبَرُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ فرض نماز میں یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم انت ربنا الی آخرہ''۔

4979- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد2صفحه83' رقم الحديث: 1508 .

4980 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، أَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ دَاوُدَ الطُّفَاوِيَّ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي أَبُو مُسْلِمٍ الْبَجَلِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: جَاءَ نَاسٌ مِنَ الْعَرَبِ، فَقَالُوا: انْطَلِقُوا بِنَا إِلَى هَذَا الرَّجُلِ، فَإِنْ يَكُ نَبِيًّا فَنَحْنُ أَسْعَدُ النَّاسِ بِهِ، وَإِنْ كَانَ مَلِكًا عِشْنَا فِي جَنَاحِهِ، فَانْطَلَقْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالُوا، ثُمَّ جَاءُوا إِلَى حُجَرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلُوا يُنَادُونَ: يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ، قَالَ: فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ (إِنَّ الَّذِينَ يُنَادُونَكَ مِنْ وَرَاءِ الْحُجُرَاتِ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ) (الحجرات: 4) وَأَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأُذُنِي وَقَالَ: لَقَدْ صَدَقَ اللَّهُ قَوْلَكَ يَا زَيْدُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرب سے دیہات کے کچھ لوگ آئے' اُنہوں نے کہا: چلو ہم اس آدمی کے پاس چلتے ہیں' اگر نبی ہوا تو ہم لوگوں سے زیادہ سعادت مند ہوں گے' اگر بادشاہ ہوا تو ہم اپنی ضرورت پوری کریں گے۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور آپ کو بتایا جو اُنہوں نے کہا تھا' پھر وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر مبارک کے پاس آئے اور آوازیں دینے لگے: یا محمد! یا محمد! (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''ان الذین ینادونك الی آخرہ ''۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا کان پکڑا اور فرمایا: اے زید! اللہ عزوجل نے تیری بات سچی کردی ہے۔

عَبْدُ اللَّهِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، عَنْ أَبِيهِ

حضرت عبداللہ بن زید بن ارقم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

4981 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ بَشِيرٍ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا

حضرت عبداللہ بن زید بن ارقم اپنے والد سے اور وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے

4980- ذکرہ الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **108** وقال: رواه الطبرانی وفيه داؤد بن راشد الطفاوی وثقه ابن حبان وضعفه ابن معين وبقية رجاله ثقات .

4981- ذکرہ الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **103** وقال: رواه الطبرانی وفيه عبد المنعم بن بشير وهو ضعيف جدا .

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنَسِيُّ، مِنْ وَلَدِ اَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ: سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَدِ اكْتَالَ بِالْجَرِيبِ الْاَوْفَى مِنَ الْاَجْرِ

فرمایا: جس نے فرض نماز میں یہ دعا پڑھی: ''سبحان ربك رب العزة الی آخرہ'' تین مرتبہ تو اس کے لیے ڈھیروں کے برابر ثواب ہوگا۔

اُنَيْسَةُ بِنْتُ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنْ اَبِيهَا

حضرت انیسہ بنت زید بن ارقم اپنے والد سے روایت کرتی ہیں

4982 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، اَخْبَرَنِي ثَابِتُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، حَدَّثَتْنِي عَمَّتِي اُنَيْسَةُ بِنْتُ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنْ اَبِيهَا زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذَّهَبُ وَالْحَرِيرُ حِلٌّ لِاِنَاثِ اُمَّتِي وَحَرَامٌ عَلَى ذُكُورِهَا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سونا اور ریشم میری اُمت کے مردوں کے لیے ناجائز ہے اور عورتوں کے لیے جائز ہے۔

4983 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ،

حضرت اُنیسہ بنت زید بن ارقم اپنے والد گرامی

4982- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 143 وقال: رواه الطبراني وفيه ثابت بن زيد بن ثابت بن أرقم وهو ضعيف .

وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، قَالَا: ثنا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَتْنَا نُبَاتَةُ بِنْتُ بُرَيْرٍ، عَنْ حَمَادَةَ، عَنْ اُنَيْسَةَ بِنْتِ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنْ اَبِيهَا، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ يَعُودُهُ مِنْ مَرَضٍ كَانَ بِهِ قَالَ: لَيْسَ عَلَيْكَ مِنْ مَرَضِكَ هَذَا بَاْسٌ، وَلَكِنْ كَيْفَ بِكَ اِذَا عُمِّرْتَ بَعْدِي فَعَمِيتَ؟ قَالَ: اِذَنْ اَحْتَسِبُ وَاَصْبِرُ، قَالَ: اِذَنْ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ قَالَ: فَعَمِيَ بَعْدَمَا مَاتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ رَدَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَصَرَهُ، ثُمَّ مَاتَ رَحِمَهُ اللّٰهُ

سے روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ ان کی بیمار پرسی کے لیے تشریف لائے۔ فرمایا: اس مرض کی وجہ سے تیرے اوپر کوئی حرج نہیں ہے لیکن جب تُو میرے بعد زندہ رہے گا اور تیری آنکھیں چلی جائیں گی تو تیرا کیا حال ہوگا؟ آپ نے عرض کی: پھر تو میں ثواب کی نیت سے صبر کروں گا' آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تو تُو بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوگا۔ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ کے وصال کے بعد آپ نابینا ہو گئے' پھر اللہ نے آپ کو آنکھیں لوٹا دیں' اس کے بعد آپ پر موت آئی۔

4984 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، اَنَا ثَابِتُ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنْ اُنَيْسَةَ بِنْتِ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، اَنَّ زَيْدًا، دَخَلَ عَلَى الْمُخْتَارِ فَقَالَ: يَا اَبَا عَامِرٍ لَوْ سَبَقْتَ رَاَيْتَ جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ، قَالَ: حَقَرْتَ وَنَقَرْتَ اَنْتَ اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنِّي ذَاكَ كَذَّابٌ مُفْتَرٍ عَلَى اللّٰهِ وَعَلَى رَسُولِهِ

حضرت انیسہ بنت زید بن ارقم فرماتی ہیں کہ حضرت زید رضی اللہ عنہ مختار کے پاس آئے' مختار نے کہا: اے ابو عامر! اگر تُو تھوڑی دیر پہلے آتا تو حضرت جبریل و میکائیل علیہما السلام کو دیکھتا' تو حضرت زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیرے لیے گڑھا کھودنا اور تجھے ذلیل کرنا میری نسبت اللہ پر زیادہ آسان ہے' اللہ اور اس کے رسول پر جھوٹ بولنے والا ہے۔

4985 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ زَيْدِ بْنِ خَلَّادٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اُنَيْسَةَ بِنْتِ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنْ اَبِيهَا، قَالَ: اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے درختوں کے متعلق حکم دیا کہ اس کو نیچے سے صاف کرو' آپ کھڑے ہوئے اور ہمیں خطبہ دیا' اللہ کی قسم! حضور ﷺ نے اس وقت کھڑے ہو کر قیامت کے دن تک آنے والی ساری اشیاء کی خبریں

4984- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه333 وقال: رواه الطبراني وفيه ثابت بن زيد وهو ضعيف .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالشَّجَرَاتِ فَقُمَّ مَا تَحْتَهَا وَرُشَّ، ثُمَّ خَطَبَنَا، فَوَاللّٰهِ مَا مِنْ شَيْءٍ يَكُونُ اِلَى اَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ اِلَّا وَقَدْ اَخْبَرَنَا بِهِ يَوْمَئِذٍ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ مَنْ اَوْلَى بِكُمْ مِنْ اَنْفُسِكُمْ؟ قُلْنَا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَوْلَى بِنَا مِنْ اَنْفُسِنَا، قَالَ: فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَهَذَا مَوْلَاهُ يَعْنِي عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِهِ فَكَشَطَهَا، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ

دیں پھر فرمایا: اے لوگو! میں تمہاری جانوں کے زیادہ قریب ہوں ہم نے عرض کی: اللہ اور اسکا رسول ہماری جانوں سے زیادہ قریب ہیں! آپ نے فرمایا: جس کا میں مددگار ہوں اس کا علی مددگار ہے پھر آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر ہلایا اور فرمایا: اے اللہ! تُو اس کو دوست رکھ جو اس سے دوستی کرے اور اس سے دشمنی کر جو اس سے دشمنی رکھے۔

اُمُّ مَعْبَدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ

حضرت اُمِ معبد حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتی ہیں

4986 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، اَنَا خَالِدٌ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِيُّ، كِلَاهُمَا، عَنْ يَحْيَى الْجَابِرِ، عَنْ اُمِّ مَعْبَدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، وَقَرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ وَالنَّقِيرِ

حضرت قرظہ بن کعب فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دباء مزفت اور نقیر کے برتنوں میں پینے سے منع کیا۔

رَجُلٌ لَمْ يُسَمَّ، عَنْ زَيْدِ

ایک آدمی جس کا نام معلوم نہیں وہ حضرت زید بن ارقم سے روایت

4986- أورده أحمد في مسنده جلد3صفحه356 رقم الحديث: 14886 .

بْنِ اَرْقَمَ

4987 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا ثَابِتُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُحِبُّ الصَّمْتَ عِنْدَ ثَلَاثٍ، عِنْدَ تِلَاوَةِ الْقُرْآنِ وَعِنْدَ الزَّحْفِ وَعِنْدَ الْجَنَازَةِ

کرتے ہیں

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل تین کاموں کے وقت خاموشی کو پسند کرتا ہے: (۱) قرآن پاک کی تلاوت (۲) جنگ کے وقت (۳) جنازہ کے وقت۔

زَيْدُ بْنُ الصَّامِتِ اَبُو عَيَّاشٍ الزُّرَقِيُّ

وَيُقَالُ عُبَيْدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ بْنِ الصَّامِتِ كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ وَيُقَالُ زَيْدُ بْنُ النُّعْمَانِ وَيُقَالُ الْفُضَيْلُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ الصَّامِتِ

4988 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: اَبُو عَيَّاشٍ الزُّرَقِيُّ زَيْدُ بْنُ النُّعْمَانِ

4989 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُسْفَانَ، فَاسْتَقْبَلَنَا الْمُشْرِكُونَ عَلَيْهِمْ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ وَهُمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ، فَصَلَّى بِنَا النَّبِيُّ

حضرت زید بن صامت ابوعیاش الزرقی رضی اللہ عنہ

آپ کو عبید بن معاویہ بن صامت کہا جاتا ہے' آپ مدینہ اُترے' آپ کو زید بن نعمان بھی کہا جاتا ہے اور فضیل بن معاذ بن صامت بھی کہا جاتا ہے۔

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوعیاش الزرقی زید بن نعمان رضی اللہ عنہ ہیں۔

حضرت ابوعیاش الزرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے ساتھ مقامِ عسفان میں تھے' مشرکوں نے ہمارا سامنا کیا' ان پر خالد بن ولید کمانڈر تھے' ہمارے اور قبلہ کے درمیان وہ تھے۔ حضورﷺ نے ہمیں نمازِ ظہر پڑھائی' مشرکوں نے کہا: کوئی ایسا موقع ملے کہ ہم آپ پر حملہ کریں' انہوں نے کہا: ایسی

4987- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه29 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه رجل لم يسم .

4989- أورده أحمد في مسنده جلد4صفحه59 . والدارقطني في سننه جلد2صفحه59' رقم الحديث: 8 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ، فَقَالُوا: قَدْ كَانُوا عَلَى حَالٍ لَوْ أَصَبْنَا غِرَّتَهُمْ، فَقَالُوا: يَأْتِي عَلَيْهِمُ الْآنَ صَلَاةٌ هِيَ أَحَبُّ إِلَيْهِمْ مِنْ أَبْنَائِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ، قَالَ: فَنَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِهَذِهِ الْآيَاتِ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ (وَإِذَا كُنْتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلَاةَ) (النساء: 102)، قَالَ: فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَأَمَرَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذُوا السِّلَاحَ، فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ صَفَّيْنِ، ثُمَّ رَكَعَ فَرَكَعْنَا جَمِيعًا، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَرَفَعْنَا جَمِيعًا، ثُمَّ سَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّفِّ الَّذِي يَلِيهِ، وَالْآخَرُونَ قِيَامٌ يَحْرُسُونَهُمْ، فَلَمَّا سَجَدُوا وَقَامُوا، جَلَسَ الْآخَرُونَ، فَسَجَدُوا فِي مَكَانِهِمْ، ثُمَّ تَقَدَّمَ هَؤُلَاءِ إِلَى مَصَافِّ هَؤُلَاءِ، وَجَاءَ هَؤُلَاءِ إِلَى مَصَافِّ هَؤُلَاءِ، فَرَكَعُوا جَمِيعًا، ثُمَّ رَفَعَ فَرَفَعُوا جَمِيعًا، ثُمَّ سَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّفِّ الَّذِي يَلِيهِ وَالْآخَرُونَ قِيَامٌ يَحْرُسُونَهُمْ، فَلَمَّا جَلَسُوا جَلَسَ الْآخَرُونَ فَسَجَدُوا، ثُمَّ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَصَلَّاهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ مَرَّةً بِعُسْفَانَ وَمَرَّةً فِي أَرْضِ بَنِي سُلَيْمٍ

نماز کا وقت آ رہا ہے جو ان کو اپنے بیٹوں اور جانوں سے زیادہ محبوب ہے۔ حضرت جبریل علیہ السلام ظہر اور عصر کے درمیان آیات لے کر آئے ''جب آپ ان میں موجود ہوں' ان کو نماز پڑھائیں'' نماز کا وقت ہوا' رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا' صحابہ کرام نے اسلحہ لیا' ہم نے آپ کے پیچھے دو صفیں بنائیں' پھر رکوع کیا' دونوں رکعتوں پڑھیں' پھر آپ نے سر اُٹھایا' ہم نے بھی اُٹھایا' پھر حضور ﷺ نے سجدہ کیا اور جو آپ کے قریب تھے انہوں نے سجدہ کیا اور سر سے ان کی حفاظت کے لیے کھڑے رہے' جب اُنہوں نے سجدہ کیا اور کھڑے ہوئے اور بیٹھ گئے' انہوں نے ان کی جگہ پر سجدہ کیا' پھر یہ دشمن کے مقابلہ میں چلے گئے' دوسرے آئے' انہوں نے رکوع کیا اور ہم نے رکوع سے سر اُٹھایا' پھر حضور ﷺ نے سجدہ کیا جو آپ کے قریب تھے' اُنہوں نے سجدہ کیا' دوسرے ان کی حفاظت کے لیے کھڑے رہے' جب بیٹھے اور دو سجدے کیے' پھر سلام پھیرا' پھر آپ ﷺ نماز سے فارغ ہو گئے' حضور ﷺ نے دو مرتبہ نمازِ خوف پڑھائی' ایک مرتبہ مقامِ عسفان میں اور ایک مرتبہ بنی سلیم کے ملک میں۔

4990 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُسْفَانَ،

حضرت ابوعیاش الزرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ مقامِ عسفان میں تھے' مشرکوں نے ہمارا سامنا کیا جبکہ ان پر کمانڈر خالد بن ولید تھے' ہمارے اور قبلہ کے درمیان وہ تھے آمنے

فَاسْتَقْبَلَنَا الْمُشْرِكُونَ عَلَيْهِمْ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَهُمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ، فَصَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ فَقَالُوا: قَدْ كَانُوا عَلَى حَالٍ لَوْ اَصَبْنَا غِرَّتَهُمْ، فَقَالُوا: يَاْتِي عَلَيْهِمُ الْآنَ صَلَاةٌ هِيَ اَحَبُّ اِلَيْهِمْ مِنْ اَبْنَائِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ، قَالَ: فَنَزَلَ جِبْرِيلُ بِهٰذِهِ الْآيَاتِ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ (وَاِذَا كُنْتَ فِيهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلَاةَ) (النساء: 102)، قَالَ: فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَاَمَرَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخَذُوا السِّلَاحَ فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ صَفَّيْنِ، ثُمَّ رَكَعَ فَرَكَعْنَا جَمِيعًا، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَرَفَعْنَا جَمِيعًا، ثُمَّ سَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّفِّ الَّذِي يَلِيهِ، وَالْآخَرُونَ قِيَامٌ يَحْرُسُونَهُمْ، فَلَمَّا سَجَدُوا وَقَامُوا جَلَسَ الْآخَرُونَ فَسَجَدُوا، ثُمَّ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ انْصَرَفَ فَصَلَّاهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ مَرَّةً بِعُسْفَانَ وَمَرَّةً فِي اَرْضِ بَنِي سُلَيْمٍ

سامنے۔ حضورﷺ نے ہمیں نمازِ ظہر پڑھائی مشرکوں نے کہا: کوئی ایسا موقع ملے کہ ہم آپ پر حملہ کریں انہوں نے کہا: ایسی نماز کا وقت آ رہا ہے جو ان کو اپنے بیٹوں اور جانوں سے زیادہ محبوب ہے۔ حضرت جبریل علیہ السلام ظہر اور عصر کے درمیان آیات لے کر آئے ''جب آپ ان میں موجود ہوں ان کو نماز پڑھائیں'' نماز کا وقت ہوا' رسول اللہﷺ نے حکم دیا' صحابہ کرام نے اسلحہ لیا' ہم نے آپ کے پیچھے دو صفیں بنائیں' پھر آپ نے رکوع کیا' ہم نے بھی رکوع کیا' پھر آپ نے سر اُٹھایا' ہم نے بھی اُٹھایا' پھر حضورﷺ نے سجدہ کیا اور جو آپ کے قریب تھے انہوں نے سجدہ کیا اور دوسرے ان کی حفاظت کے لیے کھڑے رہے' جب اُنہوں نے سجدہ کیا اور کھڑے ہوئے اور دوسرے بیٹھ گئے' انہوں نے سجدہ کیا' پھر سلام پھیرا' پھر آپﷺ اپنی نماز سے فارغ ہو گئے' حضورﷺ نے دو مرتبہ نمازِ خوف پڑھائی' ایک مرتبہ مقامِ عسفان میں اور ایک مرتبہ بنی سلیم کے علاقے میں۔

4991 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مَصَافَّ الْعَدُوِّ بِعُسْفَانَ وَعَلَى

حضرت ابوعیاش الزرقی رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ نبی کریمﷺ عسفان کے مقام پر دشمن کے سامنے صف بستہ تھے جبکہ حضرت خالد بن ولید (قبل از اسلام) مشرکوں کے کمانڈر تھے۔ آپﷺ نے نمازِ ظہر پڑھائی۔ مشرکین نے کہا: بے شک انہیں یہ نماز اپنے مالوں اور اپنے بیٹوں سے زیادہ محبوب ہے

الْمُشْرِكِينَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَصَلَّى بِهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ، ثُمَّ قَالَ الْمُشْرِكُونَ: إِنَّ لَهُمْ صَلَاةً هِيَ أَحَبُّ إِلَيْهِمْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ وَأَبْنَائِهِمْ، فَصَلَّى بِهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَفَّهُمْ صَفَّيْنِ خَلْفَهُ، فَرَكَعَ بِهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمِيعًا، فَلَمَّا رَفَعُوا رُءُ وسَهُمْ سَجَدَ الصَّفُّ الَّذِي يَلِيهِ وَقَامَ الْآخَرُونَ، فَلَمَّا رَفَعُوا رُءُ وسَهُمْ مِنَ السُّجُودِ سَجَدَ الصَّفُّ الْمُؤَخَّرُ لِرُكُوعِهِمْ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ تَأَخَّرَ الصَّفُّ الْمُقَدَّمُ وَتَقَدَّمَ الصَّفُّ الْمُؤَخَّرُ، فَقَامَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا فِي مَقَامِ صَاحِبِهِ، ثُمَّ رَكَعَ وَقَامَ الْآخَرُونَ، فَلَمَّا فَرَغُوا مِنْ سُجُودِهِمْ سَجَدَ الْآخَرُونَ، ثُمَّ سَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ

پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز پڑھائی تو آپ نے پیچھے دو صفیں بنوائیں تو ہم نے آپ کے ساتھ رکوع کیا' پس جب اپنے سر اُٹھائے تو سجدہ کیا' ان صف والوں نے جو آپ سے ملی ہوئی تھی اور دوسری صف والے کھڑے رہے' پس جب انہوں نے اپنے سر اُٹھائے تو پچھلی صف والوں نے سجدہ کیا کیونکہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ رکوع کر چکے تھے' پھر پہلی صف والے پیچھے ہو گئے' پچھلی صف والے آگے ہو گئے۔ پس ان میں سے ہر ایک اپنے اگلے ساتھی کی جگہ کھڑا ہو گیا' پھر انہوں نے رکوع کیا جبکہ دوسرے کھڑے رہے۔ پس جب وہ سجدے سے فارغ ہوئے تو دوسروں نے سجدہ کیا پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان پر سلام پھیرا۔

4992 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عِيسَى الْكُوفِيِّ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ، حَدَّثَنِي مُجَاهِدُ بْنُ جَبْرٍ الْمَكِّيُّ، ثنا أَبُو عَيَّاشٍ الزُّرَقِيُّ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَقِيَهُ الْمُشْرِكُونَ بِعُسْفَانَ وَعَلَى خَيْلِهِمْ يَوْمَئِذٍ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَحَضَرَتْنَا صَلَاةُ الظُّهْرِ، فَأَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ فَأَقَامَ الصَّلَاةَ، فَهَمَّ الْمُشْرِكُونَ أَنْ يَحْمِلُوا عَلَيْنَا، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّهَا سَتَحْضُرُهُمْ صَلَاةٌ هِيَ أَحَبُّ إِلَيْهِمْ مِنْ أَوْلَادِهِمْ،

حضرت ابوعیاش زرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مل کر جہاد کیا۔ پس عسفان کے مقام پر مشرکین آپ سے ملے' اس دن ان کے کمانڈر حضرت خالد بن ولید (قبل از اسلام) تھے۔ پس ظہر کی نماز کا وقت ہو گیا' مؤذن نے اذان دی۔ اس کے بعد نماز کھڑی ہوئی۔ پس مشرکین نے ہم پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا' ان میں سے بعض نے کہا: ان کی ایک ایسی نماز کا وقت ہونے والا ہے جو انہیں اپنی اولاد سے پیاری ہے' ان کی مراد عصر کی نماز تھی۔ پس حضرت جبریل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے۔ وہ

يَعْنُونَ صَلَاةَ الْعَصْرِ، فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالْآيَاتِ الَّتِي فِيهَا صَلَاةُ الْخَوْفِ، فَلَمَّا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ وَأَقَامَ، فَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَفْنَا خَلْفَهُ صَفَّيْنِ، وَالْمُشْرِكُونَ يَوْمَئِذٍ مِمَّا يَلِي الْقِبْلَةَ، فَرَكَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَكَعْنَا، ثُمَّ سَجَدَ وَسَجَدَ الصَّفُّ الَّذِي يَلِيهِ، وَقَامَ الْمُؤَخَّرُ، فَلَمَّا فَرَغُوا مِنْ سُجُودِهِمْ سَجَدَ الصَّفُّ الْمُؤَخَّرُ، فَتَلَاوَمَ الْمُشْرِكُونَ بَيْنَهُمْ قَالَ أَبُو عَيَّاشٍ: فَصَلَّى بِنَا فِي أَرْضِ بَنِي سُلَيْمٍ أَيْضًا مِثْلَهَا

آیات لے کر جس میں صلاۃ الخوف کا تذکرہ تھا۔ پس جب نماز کا وقت ہوا تو مؤذن نے اذان پڑھی اور اقامت کہی۔ پس رسول کریم ﷺ مصلائے امامت پر تشریف لے گئے تو آپ ﷺ نے اپنے پیچھے دو صفیں بنائیں۔ اس دن مشرکین قبلہ کی سمت تھے۔ پس رسول کریم ﷺ نے رکوع کیا اور ہم نے بھی رکوع کیا' پھر آپ نے سجدہ کیا تو آپ ﷺ کے ساتھ والی صف نے سجدہ کیا اور پچھلی صف والے کھڑے رہے۔ پس جب وہ اپنے سجدے سے فارغ ہوئے تو دوسری صف والوں نے سجدہ کیا' پس مشرکین ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگے۔ حضرت ابوعیاش فرماتے ہیں: پس آپ ﷺ نے بنوسلیم کے علاقے میں بھی ہمیں اسی کی مثل نماز پڑھائی۔

4993 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ صَدَقَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خَلِيٍّ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا سَلَمَةُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْعَوْصِيُّ، ثنا أَبُو الْحَسَنِ الْهَمْدَانِيُّ يَعْنِي عَلِيَّ بْنَ صَالِحٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةِ الْخَوْفِ أَنَّهُ صَلَّى بِالنَّاسِ فَرَكَعُوا جَمِيعًا، ثُمَّ رَفَعُوا جَمِيعًا فَسَجَدَ بَعْضُهُمْ مَعَهُ وَقَامَ الْآخَرُونَ، فَلَمَّا رَفَعُوا رُءُوسَهُمْ تَأَخَّرُوا وَجَاءَ الْآخَرُونَ، فَسَجَدُوا بَعْضُهُمْ مَعَهُ، وَقَامَ الْآخَرُونَ فَلَمَّا رَفَعُوا رُءُوسَهُمْ تَأَخَّرُوا وَجَاءَ الْآخَرُونَ فَسَجَدُوا مَكَانَهُمْ، ثُمَّ صَلَّى الثَّانِيَةَ مِثْلَ

حضرت ابوعیاش زرقی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نمازِ خوف کے بارے میں نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے لوگوں کو نماز پڑھائی' پس تمام نے اکٹھے رکوع کیا لیکن سجدہ بعض نے آپ کے ساتھ کیا اور دوسرے کھڑے رہے۔ پس جب انہوں نے اپنے سر اُٹھائے تو دیر کی (تاکہ دوسرے سجدہ کرلیں) اور دوسرے آئے' پس ان میں سے بعض نے آپ ﷺ کے ساتھ سجدہ کیا اور کچھ دوسرے کھڑے رہے' جب انہوں نے اپنے سر سجدے سے اُٹھائے تو دوسروں کیلئے دیر کی اور دوسروں نے آ کر اپنی جگہ سجدہ کیا پھر دوسری رکعت پہلی کی مانند پڑھی' پھر آپ ﷺ

الْأُولَى، ثُمَّ جَلَسَ وَجَلَسَ مَنْ يَلِيهِ وَالْآخَرُونَ قِيَامٌ، ثُمَّ سَلَّمَ وَسَلَّمَ مَنْ يَلِيهِ ثُمَّ قَامُوا وَجَاءَ أُولَئِكَ فَسَجَدُوا مَكَانَهُمْ ثُمَّ سَلَّمُوا

بیٹھ گئے اور جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب تھے وہ بھی بیٹھے لیکن دوسرے کھڑے رہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور ساتھ والوں نے سلام پھیر دیا پھر وہ اُٹھ کھڑے ہوئے اور اُنہوں نے آ کر اپنی جگہ سجدہ کیا' پھر قعدہ کرکے سلام پھیرا۔

زید بن الصامت ابو عیاش الزرقی

4994 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَنَا جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الظُّهْرِ بِعُسْفَانَ، وَعَلَى الْمُشْرِكِينَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ: قَدْ كَانُوا عَلَى حَالٍ لَوْ أَصَبْنَا غِرَّتَهُمْ، فَقَالُوا: يَأْتِي عَلَيْهِمُ الْآنَ صَلَاةٌ هِيَ أَحَبُّ إِلَيْهِمْ مِنْ أَوْلَادِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ، فَنَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالْآيَاتِ الَّتِي فِيهَا صَلَاةُ الْخَوْفِ، فَصَفَّ أَصْحَابُهُ خَلْفَهُ صَفَّيْنِ، فَكَبَّرَ وَكَبَّرْنَا جَمِيعًا، وَرَكَعَ وَرَكَعْنَا جَمِيعًا، وَسَجَدَ وَسَجَدَ الصَّفُّ الَّذِي يَلِيهِ، فَلَمَّا قَامَ تَأَخَّرَ الصَّفُّ الَّذِي يَلِيهِ، فَقَامُوا مَقَامَ الصَّفِّ الْمُؤَخَّرِ، وَتَقَدَّمَ الصَّفُّ الْمُؤَخَّرُ، فَقَامَ مَقَامَهُمْ، فَرَكَعَ وَرَكَعْنَا جَمِيعًا، وَرَفَعَ وَرَفَعْنَا جَمِيعًا، وَسَجَدَ الصَّفُّ الَّذِي يَلِيهِ، فَلَمَّا جَلَسَ سَجَدَ الصَّفُّ الْمُؤَخَّرُ

حضرت ابوعیاش زرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ظہر کی نماز پڑھائی' عسفان کے مقام پر اور مشرکین کے کمانڈر حضرت خالد بن ولید تھے' تو مشرکین نے کہا: وہ تھے اس حال پر کہ ہم موقعہ پا کر حملہ کر سکتے تھے۔ پس انہوں نے کہا: ان پر اب ایسی نماز کا وقت ہو رہا ہے جو انہیں اپنی اولاد اور جانوں سے بھی زیادہ پیاری ہے۔ پس حضرت جبریل علیہ السلام آیات لائے جن میں نمازِ خوف کا ذکر تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے دو صفیں بنائیں' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تکبیر کہی اور تمام نے اکٹھے تکبیر کہی' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رکوع کیا اور ہم سب نے رکوع کیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سجدہ کیا اور آپ کے ساتھ والی صف نے سجدہ کیا' پس جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے تو آپ کے ساتھ والی صف پیچھے آ گئی' پس وہ پیچھے والی صف پر کھڑے ہو گئے اور پیچھے والی صف آگے ہو گئی۔ پس وہ ان کی جگہ کھڑے ہو گئے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رکوع کیا اور ہم نے بھی رکوع کیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سر اُٹھایا تو ہم نے بھی سر اُٹھایا اور سجدہ صرف آپ کے ساتھ والی صف نے کیا' پس جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قعدہ

کیا تو پیچھے والی صف نے سجدہ کیا (یعنی آپ ﷺ نے ایک رکعت اک صف کو اور ایک رکعت دوسری صف کو پڑھائی)۔

4995 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُسَيْدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ حَبِيبٍ، ثنا أَبُو دَاوُدَ، ثنا وَرْقَاءُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُسْفَانَ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ صَلَاةُ الظُّهْرِ، وَعَلَى خَيْلِ الْمُشْرِكِينَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَصَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَصْحَابِهِ الظُّهْرَ، فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ: إِنَّ لَهُمْ صَلَاةً بَعْدَ هَذِهِ أَحَبُّ إِلَيْهِمْ مِنْ أَبْنَائِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ يَعْنُونَ صَلَاةَ الْعَصْرِ، فَنَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، فَأَخْبَرَهُ وَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (وَإِذَا كُنْتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلَاةَ) (النساء: **102**) إِلَى آخِرِهَا، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَصَفَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصْحَابَهُ صَفَّيْنِ، وَعَلَيْهِمُ السِّلَاحُ، وَالْعَدُوُّ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرُوا جَمِيعًا وَرَكَعُوا جَمِيعًا، ثُمَّ سَجَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالصَّفُّ الَّذِي يَلِيهِ، وَالْآخَرُونَ قِيَامٌ يَحْرُسُونَهُمْ، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَامَ إِلَى الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ، وَسَجَدَ

حضرت ابوعیاش زرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عسفان کے مقام پر ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے ظہر کی نماز کا وقت ہوا جبکہ مشرکوں کے کمانڈر حضرت خالد بن ولید (قبل از اسلام) تھے۔ رسول کریم ﷺ نے اپنے صحابہ کو ظہر کی نماز پڑھائی تو مشرکوں نے کہا: اس نماز کے بعد جو ان کی نماز ہے وہ ان کو اپنے بیٹوں اور جانوں سے زیادہ پیاری ہے اُنہوں نے عصر کی نماز مراد لی۔ پس حضرت جبریل علیہ السلام رسول کریم ﷺ پر اُترے ظہر و عصر کے درمیان پس آپ ﷺ کو خبردار کیا اور یہ آیت نازل ہوئی: ''واذا کنت فیھم الی آخرہ'' پس اگلی نماز کا وقت ہوگیا رسول کریم ﷺ نے اپنے صحابہ کی دو صفیں بنائیں اُنہوں نے ہتھیار لیے ہوئے تھے اور دشمن نبی کریم ﷺ کے سامنے تھے تکبیر سب نے کہی رکوع سب نے کیا لیکن سجدہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ صرف پہلی صف نے کیا جبکہ دوسرے ان کی حفاظت کی خاطر کھڑے رہے پس جب رسول کریم ﷺ سجدوں سے فارغ ہوئے تو آپ ﷺ نے دوسری رکعت کیلئے قیام کیا دوسری صف والوں نے سجدہ کیا پھر یہ ان کی صف پہ اور وہ ان کی صف پہ کھڑے ہوئے۔ ان کو رسول کریم ﷺ نے دوسری رکعت پڑھائی سب نے

الْآخَرُونَ، ثُمَّ تَقَدَّمَ هَؤُلَاءِ إِلَى مَصَافِّ هَؤُلَاءِ، وَتَأَخَّرَ هَؤُلَاءِ إِلَى مَصَافِّ هَؤُلَاءِ، فَصَلَّى بِهِمُ الرَّكْعَةَ الْأُخْرَى، فَرَكَعُوا جَمِيعًا، ثُمَّ سَجَدَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالصَّفُّ الَّذِي يَلِيهِ وَالْآخَرُونَ قِيَامٌ يَحْرُسُونَهُمْ، فَلَمَّا فَرَغُوا سَجَدَ هَؤُلَاءِ، ثُمَّ سَلَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو عَيَّاشٍ: فَصَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ الصَّلَاةَ مَرَّتَيْنِ مَرَّةً بِعُسْفَانَ وَمَرَّةً بِأَرْضِ بَنِي سُلَيْمٍ

رکوع کیے پھر رسول کریم ﷺ اور پہلی موجودہ صف والوں نے سجدہ کیا جبکہ دوسری صف والے ان کی حفاظت کیلئے کھڑے رہے پس جب وہ فارغ ہوئے تو انہوں نے سجدہ کیا' پھر رسول کریم ﷺ نے تو سلام پھیر دیا۔ حضرت ابوعیاش فرماتے ہیں: پس رسول کریم ﷺ نے ان کو یہ نماز دوبار پڑھائی' ایک بار عسفان کے مقام پر اور دوسری بار بنوسلیم کی سرزمین میں۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُسْفَانَ صَلَاةَ الظُّهْرِ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ الْمُشْرِكُونَ وَعَلَيْهِمْ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ: لَقَدْ كَانُوا عَلَى حَالٍ لَوْ أَرَدْنَا لَأَصَبْنَا مِنْهُمْ غَفْلَةً، وَلَأَصَبْنَا مِنْهُمْ غِرَّةً، فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فِي شَأْنِ الصَّلَاةِ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت ابوعیاش زرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عسفان کے مقام پر نبی کریم ﷺ نے ہمیں ظہر کی نماز پڑھائی۔ پس جب آپ ﷺ فارغ ہوئے تو مشرکین نے کہا: جبکہ ان کے اوپر خالد بن ولید تھے' تحقیق وہ اس حال پر تھے کہ اگر ہم ارادہ کرتے تو ان کی غفلت سے فائدہ اُٹھا سکتے تھے یا ان پر دھوکہ سے حملہ آور ہو سکتے تھے' پس یہ آیت ظہر اور عصر کے درمیان نازل ہوئی نماز کے حق میں۔ پس اس جیسی حدیث ذکر کی ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت ابوعیاش فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے ہمیں نماز پڑھائی' اس کے بعد اسی کی مثل حدیث ذکر کی۔

4996 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو

حضرت ابوعیاش الزرقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

4996- أورده ابن ماجه في سننه جلد2صفحه1272' رقم الحديث: 3867 .

مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، كَانَتْ لَهُ كَعِتْقِ رَقَبَةٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ، وَكُتِبَ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ، وَحُطَّ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ، وَرُفِعَ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ، وَكَانَ فِي حِرْزٍ مِنَ الشَّيْطَانِ حَتَّى يُمْسِيَ، فَاِنْ قَالَهَا اِذَا اَمْسَى كَانَ لَهُ مِثْلُ ذَلِكَ قَالَ: فَرَاَى رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَرَى النَّائِمُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ اَخْبَرَنَا عَنْكَ بِكَذَا وَكَذَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ اَبُو عَيَّاشٍ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ''لا الہ الا اللّٰہ الی آخرہٖ'' پڑھا اس کو اولادِ اسماعیل سے ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اور دس نیکیاں ملیں گی اور دس گناہ معاف کیے جائیں گے اور دس درجات بلند کیے جائیں گے اور شام تک شیطان کے شر سے اس کی حفاظت کی جائے گی' جب شام کو پڑھے تو اسی طرح ثواب ہوگا۔ حضرت ابوعیاش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا' عرض کی: یارسول اللہ! ابوعیاش الزرقی ہمیں آپ کے حوالے سے ایسے ایسے بیان کرتے ہیں' حضور ﷺ نے فرمایا: ابوعیاش نے سچ کہا ہے۔

زَيْدُ بْنُ خَارِجَةَ الْاَنْصَارِيُّ مِنْ بَنِي حَارِثَةَ بْنِ الْخَزْرَجِ بَدْرِيٌّ

كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ، تُوُفِّيَ فِي خِلَافَةِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

4997 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

حضرت زید بن خارجہ انصاری بنی حارث بن خزرج بدری سے ہیں

آپ مدینہ آئے' حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں وصال کیا۔

حضرت ابن خارجہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4997- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3صفحه39 وقال رواه الطبراني في الكبير وفيه حمران بن أعين وثقه أبو حاتم وضعفه ابن معين وبقية رجاله ثقات .

حَنْبَلٍ، ثنا اَبِی، ثنا مُعَاوِيَةَ بْنُ هِشَامٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَعْيَنَ، عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ، عَنِ ابْنِ خَارِجَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَشْعَثِیُّ، ثنا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَعْيَنَ، عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ، عَنِ ابْنِ خَارِجَةَ، قَالَ: لَمَّا بَلَغَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَاةُ النَّجَاشِیِّ، قَالَ: اِنَّ اَخَاكُمْ قَدْ تُوُفِّیَ فَخَرَجَ فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ، فَصَلَّيْنَا وَمَا نَرَى شَيْئًا

جب حضورﷺ کو حضرت نجاشی کے وصال کی خبر ہوئی تو آپ نے فرمایا: تمہارا بھائی وصال کر گیا ہے' آپ نکلے اور ہم نے آپ کے پیچھے صف بنائی' ہم نے نمازِ جنازہ پڑھی' ہم نے کوئی شی نہیں دیکھی۔

4998 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِیُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِیُّ بْنُ الْمَدِينِیُّ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِیُّ، قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَارِجَةَ الْاَنْصَارِیِّ، قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَدْ عَرَفْنَا كَيْفَ نُسَلِّمُ عَلَيْكَ، فَكَيْفَ نُصَلِّی عَلَيْكَ؟ قَالَ: قُولُوا اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ وَآلِ اِبْرَاهِيمَ، اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

حضرت زید بن خارجہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: ہم نے پہچان لیا کہ کیسے ہم آپﷺ کی بارگاہ میں سلام عرض کریں اور کیسے درود پڑھیں؟ آپ نے فرمایا: پڑھو! ''اللّٰهم بارك على محمد الى آخره''۔

4999 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

4998- الآحاد والمثانی جلد4صفحه56' رقم الحديث: 2000 .

4999- ذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد 5صفحه180 وقال: وفی رواية عن النعمان بن بشير قال لما توفی زيد بن خارجة انتظرت خروج عثمان فقلت يصلی ركعتين فكشف الثوب عن وجهه فقال السلام عليكم السلام عليكم وأهل البيت يتكلمون قال فقلت وانا فی الصلاة سبحان الله سبحان الله فقال أنصتوا أنصتوا والباقی بنحوه رواه كله

الْمُجَاشِعِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي يَعْقُوبَ الْكَرْمَانِيُّ، ثنا الضَّحَّاكُ بْنُ مَيْمُونِ الثَّقَفِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ زَيْدٍ، اَوْ يَزِيدَ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ: بَيْنَمَا زَيْدُ بْنُ خَارِجَةَ، يَمْشِي فِي بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِينَةِ اِذْ خَرَّ مَيِّتًا بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، فَنُقِلَ اِلَى اَهْلِهِ وسُجِّيَ بَيْنَ بُرْدَتَيْنِ وَكِسَاءٍ، فَلَمَّا كَانَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، اجْتَمَعَ نِسْوَةٌ مِنَ الْاَنْصَارِ يَصْرُخْنَ حَوْلَهُ، اِذْ سَمِعُوا صَوْتًا مِنْ تَحْتِ الْكِسَاءِ يَقُولُ: اَنْصِتُوا اَيُّهَا النَّاسُ مَرَّتَيْنِ، فَحَسَرُوا عَنْ وَجْهِهِ وَصَدْرِهِ، فَقَالَ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّبِيُّ الْاُمِّيُّ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ، كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ قِيلَ عَلَى لِسَانِهِ: صَدَقَ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ خَلِيفَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَوِيُّ الْاَمِينُ كَانَ ضَعِيفًا فِي بَدَنِهِ قَوِيًّا فِي اَمْرِ اللّٰهِ كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ قِيلَ عَلَى لِسَانِهِ: صَدَقَ صَدَقَ ثَلَاثًا، وَالْاَوْسَطُ عَبْدُ اللّٰهِ عُمَرُ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِي كَانَ لَا يَخَافُ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ، وَكَانَ يَمْنَعُ النَّاسَ اَنْ يَاْكُلَ قَوِيُّهُمْ ضَعِيفَهُمْ، كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ الْاَوَّلِ، ثُمَّ قِيلَ عَلَى لِسَانِهِ: صَدَقَ صَدَقَ صَدَقَ، ثُمَّ قَالَ: عُثْمَانُ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ رَحِيمٌ بِالْمُؤْمِنِينَ، خَلَتِ اثْنَتَانِ وَبَقِيَ

حضرت زید بن خارجہ رضی اللہ عنہ مدینہ کے کسی راستے میں چل رہا تھے' اچانک آپ گرے اور ظہر اور عصر کے درمیان وصال کر گئے' آپ کو آپ کے گھر لایا گیا' آپ کو دو چادروں میں ڈھانپا گیا' جب مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت ہوا تو انصار کی عورتیں اکٹھی ہوئیں' آپ کے اردگرد رونے لگیں' اچانک چادر کے نیچے سے آواز سنی' کہہ رہے تھے: اے لوگو! خاموش ہو جاؤ! دو مرتبہ کہا' پس انہوں نے ان کے چہرے اور سینے سے کپڑا اٹھایا تو اس نے کہا: محمد رسول اللہ نبی اُمّی ہیں اور خاتم النبیین ہیں' یہ ذکر پہلی کتاب میں تھا' پھر اپنی زبان سے کہا: حضرت ابوبکر صدیق' نبی کریم ﷺ کے سچے خلیفہ ہیں' طاقتور اور امانت دار ہیں' بدن کے لحاظ سے کمزور تھے لیکن اللہ کے حکم میں طاقتور تھے' یہ بھی پہلی کتاب میں تھا' پھر اپنی زبان سے تین دفعہ کہا' سچ قرار دیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ امیر المؤمنین' حضرت عمر رضی اللہ عنہ وہ ہیں جو اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتے تھے' ان لوگوں کو روکتے تھے' جو طاقتور کمزور کا حق کھاتے تھے' یہ بھی پہلی کتاب میں تھا' پھر اپنی زبان سے تین مرتبہ کہا: اس نے سچ کہا! تین بار کہا' پھر فرمایا: حضرت عثمان امیر المؤمنین ایمان والوں پر رحم کرنے والے ہیں' دو گزر گئے اور چار باقی ہیں' پھر لوگوں نے اختلاف کیا' ان کے لیے کوئی نظام نہیں' وہ اور اللہ کی حرام کردہ چیزوں کی ہتک کی جا

الطبرانی فی الکبیر والأوسط باختصار کثیر باسنادین ورجال أحدهما فی الکبیر ثقات .

اَرْبَعُ، ثُمَّ اخْتَلَفَ النَّاسُ وَلَا نِظَامَ لَهُمْ وَاُبِيحَتِ الْاَحْمَاءُ - يَعْنِي تُنْتَهَكُ الْمَحَارِمُ - وَدَنَتِ السَّاعَةُ، وَاَكَلَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا

رہی ہے' قیامت قریب ہے' لوگ ایک دوسرے کا حق کھا رہے ہیں۔

5000 - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانَ، ثنا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ زَيْدُ بْنُ خَارِجَةَ، انْتُظِرَ بِهِ خُرُوجُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقُلْتُ: يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ فَكَشَفَ الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِهِ، وَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، قَالَ: وَاَهْلُ الْبَيْتِ يَتَكَلَّمُونَ، قَالَ: فَقُلْتُ وَاَنَا فِي الصَّلَاةِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَقَالَ: اَنْصِتُوا اَنْصِتُوا مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتَابِ الْاَوَّلِ، صَدَقَ صَدَقَ صَدَقَ، اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ ضَعِيفٌ فِي جَسَدِهِ قَوِيٌّ فِي اَمْرِ اللّٰهِ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتَابِ الْاَوَّلِ، صَدَقَ صَدَقَ صَدَقَ، عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَوِيٌّ فِي جَسَدِهِ قَوِيٌّ فِي اَمْرِ اللّٰهِ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتَابِ الْاَوَّلِ، صَدَقَ صَدَقَ صَدَقَ، عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ مَضَتِ اثْنَتَانِ وَبَقِيَ اَرْبَعٌ وَاُبِيحَتِ الْاَحْمَاءُ، بِئْرُ اَرِيسٍ وَمَا بِئْرُ اَرِيسٍ، السَّلَامُ عَلَيْكَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَوَاحَةَ هَلْ اَحْسَسْتَ بِي خَارِجَةَ وَسَعْدًا؟ قَالَ شَرِيكٌ: هُمَا اَبُوهُ وَاَخُوهُ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت زید بن خارجہ رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے نکلنے کا انتظار کیا جا رہا تھا' میں نے کہا: دو رکعت نماز ہے' آپ کے چہرے سے کپڑا اُٹھایا گیا اور فرمایا: السلام علیکم! السلام علیکم! گھر والے گفتگو کر رہے تھے' میں نے کہا: میں نماز کی حالت میں ہوں' سبحان اللہ! سبحان اللہ! فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خاموش رہو! یہ پہلی کتاب میں موجود ہے' اس نے سچ کہا! تین بار کہا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جسمانی لحاظ سے کمزور تھے' اللہ کے معاملہ میں سخت تھے' یہ بھی پہلی کتاب میں موجود ہے' اس نے سچ کہا' تین بار کہا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ جسم اور اللہ کے معاملہ میں سخت تھے' یہ بھی پہلی کتاب میں موجود ہے' سچ سچ سچ! حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ امیر المؤمنین ہیں' دو گزر گئے ہیں' چار باقی ہیں' حرام کردہ چیزوں کو حلال جانا جا رہا ہے' اریس کا کنواں کیا ہے؟ عبداللہ بن رواحہ آپ پر سلام ہو! میرے ساتھ خارجہ اور سعد نے نیکی ہے' حضرت شریک نے کہا: دونوں اس کے والد اور بھائی ہیں۔

زَيْدُ بْنُ اَبِي اَوْفَى الْاَسْلَمِيُّ كَانَ يَنزِلُ الْبَصْرَةَ

حضرت زید بن ابواوفی اسلمی رضی اللہ عنہ آپ بصرہ میں آئے تھے

5001 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَبَّادِ بْنِ عَمْرٍو الْعَبْدِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ مَعْنٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شُرَحْبِيلَ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ قُرَيْشٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اَوْفَى، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، فَجَعَلَ يَقُولُ: اَيْنَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ فَلَمْ يَزَلْ يَتَفَقَّدُهُمْ وَيَبْعَثُ اِلَيْهِمْ حَتَّى اجْتَمَعُوا عِنْدَهُ، فَقَالَ: اِنِّي مُحَدِّثُكُمْ بِحَدِيثٍ فَاحْفَظُوهُ وَعُوهُ وَحَدِّثُوا بِهِ مَنْ بَعْدَكُمْ، اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَى مِنْ خَلْقِهِ خَلْقًا ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ (اللّٰهُ يَصْطَفِي مِنَ الْمَلَائِكَةِ رُسُلًا وَمِنَ النَّاسِ) (الحج: 75) خَلْقًا يُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، وَاِنِّي مُصْطَفٍ مِنْكُمْ مَنْ اَحَبَّ اَنْ اَصْطَفِيَهُ وَمُؤَاخٍ بَيْنَكُمْ كَمَا آخَى اللّٰهُ بَيْنَ الْمَلَائِكَةِ، قُمْ يَا اَبَا بَكْرٍ فَقَامَ فَجَثَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: اِنَّ لَكَ عِنْدِي يَدًا، اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِيكَ بِهَا، فَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُكَ خَلِيلًا، فَاَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ قَمِيصِي مِنْ جَسَدِي وَحَرَّكَ قَمِيصَهُ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: اُدْنُ يَا

حضرت زید بن ابواوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس مدینہ کی مسجد میں آیا' آپ فرمانے لگے: فلاں فلاں کہاں ہے؟ جس کو نہ پایا اس کو بلوانے کے لیے بھیجا' آپ کے پاس جمع ہوئے' آپ نے فرمایا: میں تم کو ایسی حدیث بیان کروں' اس کو یاد کرو اور اپنے بعد والوں کو بیان کرو' اللہ عزوجل نے اپنی مخلوق سے چن لیا' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی: ''اللہ عزوجل' فرشتوں اور لوگوں کو چن لیا ہے ایسی مخلوق کو جنت میں داخل کرے گا'' میں نے تم میں سے چن لیا جو پسند کرتا ہے کہ چن لیا جائے اور تمہارے مواخات قائم کرے' جس طرح اللہ نے فرشتوں کے درمیان بھائی چارہ کیا ہے' اے ابوبکر! اُٹھو! حضرت ابوبکر اُٹھے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دونوں ہاتھ پھیلائے' آپ نے فرمایا: آپ کا میرے ہاں احسان ہے' اللہ تجھے اس کا بدلہ دے گا' اگر میں کسی کو دوست بناتا تو میں اس کو دوست بناتا' آپ کا میرے ہاں وہی مقام ہے جو قمیص کا جسم کے ساتھ ہوتا ہے' آپ نے اپنی قمیص کو اپنے ہاتھ سے حرکت دی' پھر فرمایا: اے عمر! قریب

5001- الآحاد والمثانی جلد5صفحه170' رقم الحديث: 2707 .

عُمَرُ ، فَدَنَا فَقَالَ: قَدْ كُنْتَ شَدِيدَ الشَّغَبِ عَلَيْنَا أَبَا حَفْصٍ فَدَعَوْتُ اللّٰهَ أَنْ يُعِزَّ الدِّينَ بِكَ أَوْ بِأَبِي جَهْلٍ، فَفَعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ بِكَ، وَكُنْتَ أَحَبَّهُمَا إِلَيَّ، فَأَنْتَ مَعِي فِي الْجَنَّةِ ثَالِثُ ثَلَاثَةٍ مِنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ ثُمَّ تَنَحَّى وآخا بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَبِي بَكْرٍ، ثُمَّ دَعَا عُثْمَانَ، فَقَالَ: ادْنُ يَا عُثْمَانُ، ادْنُ يَا عُثْمَانُ فَلَمْ يَزَلْ يَدْنُو مِنْهُ حَتَّى أَلْصَقَ رُكْبَتِهِ بِرُكْبَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ نَظَرَ إِلَيْهِ، ثُمَّ نَظَرَ إِلَى السَّمَاءِ ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ نَظَرَ إِلَى عُثْمَانَ، فَإِذَا أَزْرَارُهُ مَحْلُولَةٌ، فَزَرَّرَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: اجْمَعْ عِطْفَيْ رِدَائِكَ عَلَى نَحْرِكَ، فَإِنَّ لَكَ شَأْنًا فِي أَهْلِ السَّمَاءِ، أَنْتَ مِمَّنْ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ وَأَوْدَاجُهُ تَشْخُبُ دَمًا، فَأَقُولُ: مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِكَ؟ فَتَقُولُ فُلَانٌ وَفُلَانٌ، وَذٰلِكَ كَلَامُ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَذٰلِكَ إِذْ هَتَفَ مِنَ السَّمَاءِ إِلَّا إِنَّ عُثْمَانَ أَمِينٌ عَلَى كُلِّ خَاذِلٍ ثُمَّ دَعَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ، فَقَالَ: ادْنُ يَا أَمِينَ اللّٰهِ وَالْأَمِينُ فِي السَّمَاءِ يُسَلِّطُكَ اللّٰهُ عَلَى مَالِكَ بِالْحَقِّ، أَمَا إِنَّ لَكَ عِنْدِي دَعْوَةً وَقَدْ أَخَّرْتُهَا قَالَ: خِرْ لِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: حَمَّلْتَنِي يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ أَمَانَةً أَكْثَرَ اللّٰهُ مَالَكَ ، قَالَ: وَجَعَلَ يُحَرِّكُ يَدَهُ، ثُمَّ تَنَحَّى وَآخَى بَيْنَهُ وَبَيْنَ عُثْمَانَ، ثُمَّ دَخَلَ طَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ، فَقَالَ: ادْنُوَا مِنِّي فَدَنَوَا مِنْهُ فَقَالَ: أَنْتُمَا حَوَارِيِّ

زيد بن ابى اوفى الاسلمى كان ينزل البصرة

ہو! حضرت عمر رضی اللہ عنہ قریب ہوئے' آپ نے فرمایا: آپ سخت بڑائی کرنے والے تھے۔ اے ابوحفص! میں نے اللہ سے دعا کی' اللہ عزوجل آپ کے ذریعے یا ابوجہل کے ذریعے عزت دے! اللہ عزوجل نے آپ کو اسلام لانے کی سعادت دی ہے' آپ مجھے زیادہ محبوب تھے' آپ ان تین اُمتیوں میں سے ہیں جو جنت میں میرے قریب ہوں گے' پھر پیچھے کیا' آپ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ کیا' پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بلوایا' آپ نے فرمایا: اے عثمان! قریب ہو! اے عثمان! قریب ہو! آپ ان کو قریب کرتے رہے یہاں تک کہ آپ کے گھٹنے حضور ﷺ کے گھٹنوں سے مل گئے' پھر آپ کی طرف نظر رحمت کی' پھر آسمان کی طرف نظر کی' فرمایا: سبحان اللہ العظیم! تین مرتبہ فرمایا' پھر آسمان کی طرف نظر کی' آپ کے بٹن کھلے ہوئے تھے' رسول اللہ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے بٹن بند کیے' پھر حضور ﷺ میری چادر اپنے سینہ پر اکٹھی کی' فرمایا: دین کی شان ہو گی' اس حالت میں کہ آپ کی رگوں سے خون بہہ رہا ہو گا' میں کہوں گا: یہ تمہارے ساتھ کس نے کیا ہے؟ تم عرض کرو گے: فلاں اور فلاں نے' اس وقت حضرت جبریل کا کلام ہو گا' پھر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کو بلایا اور فرمایا: اے امین اللہ! قریب ہو جبکہ امین آسمان میں۔ اللہ تعالیٰ تجھے حق کے ساتھ' تیرے مال پر مسلط فرمائے گا' بہرحال تیرے حق میں ایک دعا میرے پاس ہے' جس و

كَحَوَارِيِّي عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثُمَّ آخَى بَيْنَهُمَا، ثُمَّ دَعَا سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ وَعَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ، فَقَالَ: يَا عَمَّارُ تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ ثُمَّ آخَى بَيْنَهُمَا، ثُمَّ دَعَا عُوَيْمِرًا أَبَا الدَّرْدَاءِ وَسَلْمَانَ الْفَارِسِيَّ، فَقَالَ: يَا سَلْمَانُ أَنْتَ مِنَّا أَهْلَ الْبَيْتِ، وَقَدْ آتَاكَ اللّٰهُ الْعِلْمَ الْأَوَّلَ وَالْعِلْمَ الْآخِرَ وَالْكِتَابَ الْأَوَّلَ وَالْكِتَابَ الْآخِرَ ثُمَّ قَالَ: أَلَا أُرْشِدُكَ يَا أَبَا الدَّرْدَاءِ؟ قَالَ: بَلَى بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: أَنْ تُنْقِذْ يُنْقِذُوكَ وَإِنْ تَتْرُكْهُمْ لَا يَتْرُكُوكَ، وَإِنْ تَهْرُبْ مِنْهُمْ يُدْرِكُوكَ فَأَقْرِضْهُمْ عِرْضَكَ لِيَوْمِ فَقْرِكَ فَآخَى بَيْنَهُمَا، ثُمَّ نَظَرَ فِي وُجُوهِ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: أَبْشِرُوا وَقَرُّوا عَيْنًا فَأَنْتُمْ أَوَّلُ مَنْ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَأَنْتُمْ فِي أَعْلَى الْغُرَفِ ثُمَّ نَظَرَ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي يَهْدِي مِنَ الضَّلَالَةِ فَقَالَ عَلِيٌّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ذَهَبَ رُوحِي وَانْقَطَعَ ظَهْرِي حِينَ رَأَيْتُكَ فَعَلْتَ مَا فَعَلْتَ بِأَصْحَابِكَ غَيْرِي، فَإِنْ كَانَ مِنْ سَخْطَةٍ عَلَيَّ فَلَكَ الْعُتْبَى وَالْكَرَامَةُ، فَقَالَ: وَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ مَا أَخَّرْتُكَ إِلَّا لِنَفْسِي، فَأَنْتَ عِنْدِي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى وَوَارِثِي فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا أَرِثُ مِنْكَ؟ قَالَ: مَا أَوْرَثَتِ الْأَنْبِيَاءُ قَالَ: وَمَا أَوْرَثَتِ الْأَنْبِيَاءُ قَبْلَكَ؟ قَالَ: كِتَابَ اللّٰهِ وَسُنَّةَ نَبِيِّهِمْ، وَأَنْتَ مَعِي فِي قَصْرِي فِي الْجَنَّةِ مَعَ فَاطِمَةَ ابْنَتِي، وَرَفِيقِي ثُمَّ تَلَا

میں نے مؤخر کر دیا ہے۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! مؤخر ہی رکھیں۔ فرمایا: اے عبدالرحمٰن! تُو نے مجھ پر امانت کا بوجھ ڈالا ہے' اللہ تیرا مال زیادہ کرے۔ راوی کا بیان ہے: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ حرکت کرنے لگے پھر پیچھے ہٹ گئے اور ان کے اور حضرت عثمان کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا' پھر حضرت طلحہ و زبیر آئے' فرمایا: میرے قریب ہو! وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب ہوئے' فرمایا: تم میرے حواری ہو' عیسیٰ بن مریم کے حواریوں کی طرح پھر ان کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔ پھر سعد بن وقاص اور عمار بن یاسر کو بلایا۔ فرمایا: اے عمار! تجھے باغی گروہ شہید کرے گا' پھر ان کے درمیان اخوت کا رشتہ قائم کیا۔ پھر ابودرداء' عویمر اور سلمان فارسی کو بلایا' فرمایا: تُو میری اہل بیت سے ہے' تجھے اللہ نے اوّل و آخر علم دیا ہے اور پہلی اور آخری کتاب۔ پھر فرمایا: اے ابودرداء! کیا تیری راہنمائی نہ کروں؟ عرض کی: کیوں نہیں! میرے ماں باپ آپ پر قربان! اے اللہ کے رسول! فرمایا کہ تُو بچائے گا تو وہ بھی تجھے بچائیں گے اور اگر تُو نے ان کو چھوڑ دیا تو وہ تجھے نہیں چھوڑیں گے اور اگر تُو نے ان سے بھاگے گا تو وہ تجھے پکڑ لیں گے۔ پس تُو ان کے اپنے فقر کے دن کیلئے اپنی عزت قرض دے دے' پس آپ نے ان دونوں کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا' پھر اپنے صحابہ کے چہروں کی طرف نگاہ کی تو فرمایا: تمہیں بشارت ہو اور تم آنکھ ٹھنڈی کرو' پس سب سے پہلی وہ جماعت ہو گے جو

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْآيَةَ (اِخْوَانًا عَلَى سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ) (الحجر: 47) اَلْاَخِلَّاءُ فِي اللّٰهِ يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ اِلَى بَعْضٍ

میرے حوض پر آ ؤ گے تم (جنت کے) بالاخانوں میں ہو گے پھر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی طرف دیکھا تو فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جس نے گمراہی سے ہدایت دی۔ اتنے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ بول پڑے (صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا) اے اللہ کے رسول! میری روح چلی گئی اور میری کمر ٹوٹ گئی جب میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ نے میرے علاوہ اپنے صحابہ سے سلوک کیا جو کیا۔ پس اگر کسی ناراضگی کی وجہ سے ہے تو آپ کیلئے کرامت ہے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم بخدا! میں نے صرف اپنے لیے آپ کو پیچھے چھوڑا ہے تیرا میرے نزدیک وہی مقام ہے جو ہارون کا حضرت موسیٰ کے ہاں تھا اور تو میرا وارث ہے۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں آپ کا وارث کیسے؟ عرض کی: انبیاء کی تو وراثت ہی نہیں ہوتی۔ فرمایا: مجھ سے پہلے انبیاء کی وراثت کیا تھی؟ عرض کی: اللہ کی کتاب اور ان کے نبی کی سنت۔ اور تُو جنت میں میرے محل میں میری بیٹی فاطمہ کے ساتھ ہو گا اور میرا رفیق ہو گا پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی: ''اخوانا علی سرر متقابلین'' اللہ کی رضا کی طاطر دوسری کرنے والے ایک دوسرے کی طرف دیکھیں گے۔

زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ تُوُفِّيَ فِي

حضرت زید بن سعنہ رضی اللہ عنہ جو غزوۂ تبوک میں

غَزْوَةِ تَبُوكَ

5002 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ الْاَبَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيُّ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ لَمَّا اَرَادَ هُدَى زَيْدِ بْنِ سَعْنَةَ، قَالَ زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ: مَا مِنْ عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ شَيْءٌ اِلَّا وَقَدْ عَرَفْتُهَا فِي وَجْهِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ نَظَرْتُ اِلَيْهِ اِلَّا اثْنَتَيْنِ لَمْ اَخْبُرْهُمَا مِنْهُ، يَسْبِقُ حِلْمُهُ جَهْلَهُ وَلَا تَزِيدُ شِدَّةُ الْجَهْلِ عَلَيْهِ اِلَّا حِلْمًا، فَكُنْتُ اَلْطُفُ لَهُ لِاَنْ اُخَالِطَهُ، فَاَعْرِفَ حِلْمَهُ مِنْ جَهْلِهِ. قَالَ زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ: فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا مِنَ الْحُجُرَاتِ وَمَعَهُ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاَتَاهُ رَجُلٌ عَلَى رَاحِلَتِهِ كَالْبَدَوِيِّ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ بُصْرَى قَرْيَةَ بَنِي فُلَانٍ قَدْ اَسْلَمُوا، وَدَخَلُوا فِي الْاِسْلَامِ، وَكُنْتُ حَدَّثْتُهُمْ اِنْ اَسْلَمُوا اَتَاهُمُ الرِّزْقُ رَغَدًا، وَقَدْ اَصَابَتْهُمْ سَنَةٌ وَشِدَّةٌ وَقُحُوطٌ مِنَ الْغَيْثِ، فَاَنَا اَخْشَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنْ يَخْرُجُوا مِنَ الْاِسْلَامِ طَمَعًا كَمَا دَخَلُوا فِيهِ طَمَعًا، فَاِنْ رَاَيْتَ اَنْ تُرْسِلَ

شہید ہوئے

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بے شک جب اللہ تعالیٰ نے زید بن سعنہ کو ہدایت دینے کا ارادہ فرمایا تو زید بن سعنہ نے کہا: جتنی نبوت کی علامات ہیں' ان کو میں نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرے سے پہچان لیا ہے' (سبحان اللہ!) جب میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف دیکھا مگر دو ایسی ہیں' جن کا مجھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (کے ظاہر) کو اظہار نہیں ہوتا ہے' ان پر جہالت کی سختی نہیں ہوتی' بس حلم ہی حلم ہوتا ہے۔ پس میں ان کیلئے لطف کا سلوک کیا کرتا' اس مقصد کیلئے کہ ان کے ساتھ گھل مل جانے کا موقعہ ملے اور میں ان کی بربادی کو پہچان سکوں۔ حضرت زید بن سعنہ خود فرماتے ہیں: ایک دن رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجروں سے اس حال میں نکلے کہ حضرت علی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' پس دیہاتیوں جیسا ایک آدمی اپنی سواری پر سوار ہو کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک بنی فلاں کے گاؤں کے صاحبِ بصیرت لوگوں نے اسلام قبول کر لیا ہے اور (دل و جان سے) اسلام میں داخل ہو گئے ہیں' میں نے ان سے بات کی تھی کہ اگر وہ مسلمان ہو جائیں تو ان کے پاس وافر مقدار میں رزق آئے گا (اللہ کی طرف سے) لیکن وہ سخت قحط کی لپیٹ میں ہیں' سختی ہے' بارش نہیں ہوئی

5002- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه700' رقم الحديث: 6547 .

اِلَيْهِمْ بِشَیْءٍ تُعِينُهُمْ بِهِ فَعَلْتَ، فَنَظَرَ اِلَى رَجُلٍ اِلَى جَانِبِهِ اُرَاهُ عَلِيًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا بَقِیَ مِنْهُ شَیْءٌ، قَالَ زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ: فَدَنَوْتُ اِلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا مُحَمَّدُ، هَلْ لَكَ اَنْ تَبِيعَنِی تَمْرًا مَعْلُومًا مِنْ حَائِطِ بَنِی فُلَانٍ اِلَى اَجَلِ كَذَا وَكَذَا؟ فَقَالَ: لَا يَا يَهُودِیُّ، وَلٰكِنِّی اَبِيعُكَ تَمْرًا مَعْلُومًا اِلَى اَجَلِ كَذَا وَكَذَا، وَلَا تُسَمِّی حَائِطَ بَنِی فُلَانٍ قُلْتُ: بَلَى، فَبَايَعَنِی فَاَطْلَقْتُ هِمْيَانِی، فَاَعْطَيْتُهُ ثَمَانِينَ مِثْقَالًا مِنْ ذَهَبٍ فِی تَمْرٍ مَعْلُومٍ اِلَى اَجَلِ كَذَا وَكَذَا، فَاَعْطَاهَا الرَّجُلَ، فَقَالَ: اغْدُ عَلَيْهِمْ فَاَعِنْهُمْ بِهَا فَقَالَ زَيْدُ بْنُ سَعْنَةَ: فَلَمَّا كَانَ قَبْلَ مَحَلِّ الْاَجَلِ بِيَوْمَيْنِ اَوْ ثَلَاثٍ، اَتَيْتُهُ فَاَخَذْتُ بِمَجَامِعِ قَمِيصِهِ وَرِدَائِهِ، وَنَظَرْتُ اِلَيْهِ بِوَجْهٍ غَلِيظٍ، فَقُلْتُ لَهُ: اَلَا تَقْضِينِی يَا مُحَمَّدُ حَقِّی؟ فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُكُمْ بَنِی عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَمَطْلٌ، وَلَقَدْ كَانَ لِی بِمُخَالَطَتِكُمْ عِلْمٌ، وَنَظَرْتُ اِلَى عُمَرَ، وَاِذَا عَيْنَاهُ تَدُورَانِ فِی وَجْهِهِ كَالْفَلَكِ الْمُسْتَدِيرِ، ثُمَّ رَمَانِی بِبَصَرِهِ، فَقَالَ: يَا عَدُوَّ اللّٰهِ اَتَقُولُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَسْمَعُ، وَتَصْنَعُ بِهِ مَا اَرَى، فَوَالَّذِی بَعَثَهُ بِالْحَقِّ لَوْلَا مَا اُحَاذِرُ فَوْتَهُ لَضَرَبْتُ بِسَيْفِی رَاْسَكَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَى عُمَرَ فِی سُكُونٍ وَتُؤَدَةٍ، ثُمَّ قَالَ: يَا عُمَرُ، اَنَا وَهُوَ كُنَّا اَحْوَجَ اِلَى غَيْرِ هٰذَا، اَنْ تَامُرَنِی بِحُسْنِ الْاَدَاءِ، وَتَامُرَهُ

ہے۔اے اللہ کے رسول! مجھے ڈر ہے کہ وہ اسلام سے نکل جائیں گے لالچ میں جیسے وہ لالچ میں داخل ہوئے تھے۔ پس اگر آپ مناسب سمجھیں تو ان کی طرف کوئی چیز بھیج دیں جس کے ساتھ آپ ان کی مدد کریں۔ کیا آپ ایسا کرتے ہیں۔ پس آپ نے اپنے پہلو میں موجود آدمی کی طرف میرا خیال ہے وہ علی تھے دیکھ کر (اشارہ کیا) اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! کوئی چیز باقی نہیں ہے۔ حضرت زید بن سعنہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب ہوا عرض کی: اے محمد! کیا آپ کو ضرورت ہے کہ آپ بنوفلاں کے باغ سے معین کھجوریں فلاں فلاں مدت تک میرے ہاتھ بیچ دیں؟ (اور اس کی ضرورت پوری کریں) پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں! اے یہودی! بلکہ میں تجھے معین کھجوریں فلاں فلاں مدت تک بیچتا ہوں لیکن بنوفلاں کے باغ کا نام نہ لے۔ میں نے کہا: کیوں نہیں! پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے بیچ دیں میں نے اپنی تھیلی کو کھولا میں نے اسّی مثقال سونے کے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معین کھجوروں کے سلسلے میں فلاں مدت تک دے دیئے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ اس آدمی کو عطا کر دیئے اور فرمایا: صبح ان کے پاس جا کر ان کی امداد کر دینا۔ پس حضرت زید بن سعنہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس جب مقررہ مدت سے ابھی دو یا تین باقی تھے تو میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ پس (بطورِ آزمائش) میں نے آپ کی قمیص اور چادر کے پلو پکڑ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انصار کا یہ قبیلہ امتحان ہے' ان کی محبت ایمان ہے اور ان کا بغض منافقت ہے۔

5238- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 163 وقال: رواه احمد والبزار الا انه قال سيد الأيام يوم الجمعة والطبراني وفيه عبد الله بن محمد بن عقيل وفيه كلام وقد وثق وبقية رجاله ثقات .

5239- أورده أحمد في مسنده جلد 5 صفحه 285 رقم الحديث: 22515' جلد 6 صفحه 7 رقم الحديث: 23898 .

5240 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ اَنَّ اُمَّ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ مَاتَتْ وَهُوَ غَائِبٌ، فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اُحِبُّ اَنْ تُصَلِّيَ عَلَى اُمِّي، فَاَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرَهَا، فَصَلَّى عَلَيْهَا وَقَدْ اَتَى لَهَا شَهْرٌ

حضرت سعید بن میتب فرماتے ہیں کہ حضرت اُم سعد کا وصال ہوا اس حالت میں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ موجود نہیں تھے' جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ آئے تو عرض کی: یارسول اللہ! میں پسند کرتا ہوں کہ آپ میری والدہ کی نمازِ جنازہ پڑھائیں' حضور ﷺ میری والدہ کی قبر پر آئے' آپ نے نمازِ جنازہ پڑھائی' اُن کی وفات کو ایک ماہ گزر گیا تھا۔

5241 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ اَنَّهُ: اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اُمِّي مَاتَتْ، اَفَاَتَصَدَّقُ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَاَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: سَقْيُ الْمَاءِ

حضرت سعید بن میتب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! میری والدہ کا وصال ہوا ہے' کیا میں اُن کی طرف سے صدقہ کروں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! کرو۔ عرض کی: کون سا صدقہ افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: پانی پلانا۔

5242 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ الرَّازِيُّ، ثنا اَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كُرَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ: جِئْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: تُوُفِّيَتْ اُمِّي وَلَمْ تُوصِ، وَلَمْ تَصَدَّقْ، فَهَلْ تُقْبَلُ اِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ،

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: میری والدہ فوت ہوگئی ہیں' اُنہوں نے کوئی وصیت نہیں اور نہ کوئی صدقہ کیا' اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں تو قبول ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! عرض کی: میری والدہ کو اس کا نفع ہوگا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اگرچہ تُو بکری کا جلا ہوا کھر صدقہ کرے۔

5241- ابن ماجه جلد2صفحه1214' رقم الحديث: 3684 .

5242- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3صفحه138 وقال: قلت لسعد عند ابي داؤد هذا رواه في الأوسط وفيه محمد بن كريب وهو ضعيف .

قَالَ: فَهَلْ يَنْفَعُهَا ذَلِكَ، قَالَ: نَعَمْ، وَلَوْ بِكُرَاعِ شَاةٍ مُحْتَرِقٍ

5243 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ اُمَّهُ تُوُفِّيَتْ وَهُوَ غَائِبٌ، فَسَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيَنْفَعُهَا اِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت سعید بن میتب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی والدہ کا وصال اس حال میں ہوا کہ وہ سفر پر تھے' حضور ﷺ سے سوال کیا: کیا میں اُن کی طرف سے صدقہ کروں تو ان کو نفع دے گا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! کرو۔

5244 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اُمَّ سَعْدٍ تُوُفِّيَتْ وَلَمْ تُوصِ، اَفَاَتَصَدَّقُ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت سعید بن سعد بن عبادہ اپنے والد سے روایت فرماتے ہیں کہ (میرے والد نے) کہا: میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں ان کی طرف سے صدقہ کروں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں!

5245 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ صُبَيْحٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَالِدَتِي كَانَتْ تَتَصَدَّقُ وَتُنْفِقُ مِنْ مَالِي فِي حَيَاتِهَا، فَقَدْ مَاتَتْ، اَرَاَيْتَ اِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا، اَوْ اَعْتَقْتُ عَنْهَا، نَرْجُو لَهَا شَيْئًا؟ فقَالَ: نَعَمْ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، دُلَّنِي عَلَى صَدَقَةٍ، قَالَ: اسْقِ الْمَاءَ قَالَ الْحَسَنُ: فَمَا زَالَتْ جِرَارُ سَعْدٍ بِالْمَدِينَةِ بَعْدُ

حضرت سعد بن عبادہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میری والدہ میرے مال سے اپنی زندگی میں صدقہ کرتیں اور خرچ کرتی تھیں' اب ان کا وصال ہو گیا ہے' آپ بتائیں کہ اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں یا غلام آزاد کروں تو ان کے لیے نفع کا سبب ہو گی؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! عرض کی: یارسول اللہ! مجھے صدقہ کے متعلق بتائیں کہ کیا صدقہ کروں؟ آپ نے فرمایا: پانی پلاؤ! حضرت حسن فرماتے ہیں:

5245- احمد فى مسنده جلد5صفحه284' رقم الحديث: 22511 .

اس کے بعد حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے مٹکے میں پانی رہتا تھا۔

5246 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، دُلَّنِي عَلَى صَدَقَةٍ، قَالَ: اسْقِ الْمَاءَ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے صدقہ کے متعلق بتائیں کہ کیا صدقہ کروں؟ آپ نے فرمایا: پانی پلاؤ!

5247 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ اَبُو نُعَيْمٍ الطَّحَّانُ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ اَبِي الصَّعْبَةِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: يَا سَعْدُ، اَلا اَدُلُّكَ عَلَى صَدَقَةٍ يَسِيرَةٍ مُؤْنَتُهَا، عَظِيمٍ اَجْرُهَا؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: تَسْقِي الْمَاءَ، فَسَقَى سَعْدٌ الْمَاءَ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: اے سعد! کیا ایسے صدقہ کے متعلق نہ بتاؤں جس پر تھوڑا خرچ کرو اور نفع زیادہ ہو؟ عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: پانی پلاؤ! حضرت سعد رضی اللہ عنہ پانی پلاتے تھے۔

5248 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ طَلْحَةَ الْيَامِيِّ، عَنْ هُذَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ: جِئْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي بَيْتٍ، فَقُمْتُ مُقَابِلَ الْبَابِ، فَاسْتَاْذَنْتُ، فَاَشَارَ اِلَيَّ اَنْ تَبَاعَدْ، ثُمَّ جِئْتُ، فَاسْتَاْذَنْتُ، فَقَالَ: وَهَلِ الاسْتِئْذَانُ اِلَّا مِنَ النَّظَرِ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ گھر میں تھے' میں دروازے پر کھڑا ہوا' میں نے اجازت مانگی' آپ نے دور رہنے کا اشارہ کیا' پھر میں آیا اور اجازت مانگنے لگا' آپ نے فرمایا: اجازت ہوتی ہے دیکھنے کی وجہ سے۔

5249 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5248- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه43 وقال: رواه الطبراني ورجال الرواية الثانية رجال الصحيح .

عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ لَقِيطٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَامَلِ عَشَرَةٍ اِلَّا جِيءَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُولًا، لَا يُطْلِقُهُ اِلَّا الْعَدْلُ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو دس افراد کا عامل مقرر ہوا' خیانت کرے تو قیامت کے دن اس کو ہاتھ باندھ کر لایا جائے گا' ہاں! اگر عدل کرے تو چھوڑ دیا جائے گا۔

5250 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ فَايِدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ اَمِيرِ عَشَرَةٍ اِلَّا يُؤْتَى بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُولًا، لَا يَفُكُّهُ مِنْ وَثَاقِهِ اِلَّا الْعَدْلُ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو دس افراد کا عامل مقرر ہوا' خیانت کرے تو قیامت کے دن اس کو ہاتھ باندھ کر لایا جائے گا' ہاں! اگر عدل کرے تو چھوڑ دیا جائے گا۔

5251 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا خَالِدٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ فَايِدٍ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ اَمِيرِ عَشَرَةٍ اِلَّا يُؤْتَى بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُولًا، لَا يَفُكُّهُ مِنَ الْغُلِّ اِلَّا الْعَدْلُ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو دس افراد کا عامل مقرر ہوا' خیانت کرے تو قیامت کے دن ہاتھ باندھ کر اس کو لایا جائے گا' ہاں! اگر عدل کرے تو چھوڑ دیا جائے گا۔

5252 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ لَقِيطٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ اَحَدٍ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ، ثُمَّ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو قرآن سیکھے پھر بھول جائے تو وہ اللہ عزوجل سے ملے گا اس حالت میں کہ اسے جذام (کوڑھ) کی بیماری ہوگی۔

5252- أورد نحوه البزار في مسنده جلد9صفحه192' رقم الحديث: 3740 .

نَسِيَهُ، إِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَجْذَمَ

5253 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ فَايِدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ اَحَدٍ يَقْرَاُ الْقُرْآنَ، ثُمَّ يَنْسَاهُ، إِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ اَجْذَمُ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو قرآن سیکھے پھر بھول جائے تو وہ اللہ عزوجل سے ملے گا اس حالت میں کہ اسے جذام (کوڑھ) کی بیماری ہوگی۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا خَالِدٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ فَايِدٍ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5254 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ اَنَّهُ اسْتَاْذَنَ مُسْتَقْبِلَ الْبَابِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسْتَاْذِنْ مُسْتَقْبِلَ الْبَابِ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے دروازے کے سامنے کھڑے ہو کر اجازت مانگی' آپ ﷺ نے فرمایا: دروازے کے سامنے سے اجازت مانگنا جائز نہیں ہے۔

5255 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ، ثنا اَبُو مَعْشَرٍ نَجِيحٌ الْمَدَنِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ:

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: اگر میں اپنی بیوی کے پیٹ پر کسی کو پاؤں تو اس کو تلوار کے ساتھ ماروں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: کون سا گواہ تلوار سے زیادہ واضح

5254- ابو داؤد في سننه جلد4صفحه344' رقم الحديث: 5174 .

5255- الآحاد والمثاني جلد3صفحه452' رقم الحديث: 1905 .

حَضَرْتُ رَسُولَ اللّٰهِ، وَجَاءَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَجَدْتُ عَلَى بَطْنِ امْرَاَتِي رَجُلًا، اَضْرِبُهُ بِالسَّيْفِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ بَيِّنَةٍ اَبْيَنُ مِنَ السَّيْفِ؟ ، ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ: كِتَابُ رَبِّنَا هٰذَا ، فَقَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُّ بَيِّنَةٍ اَبْيَنُ مِنَ السَّيْفِ؟ فَقَالَ: كِتَابُ اللّٰهِ، وَشَاهِدٌ ثَمَّةَ ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ هٰذَا سَيِّدُكُمْ، اسْتَفَزَّتْهُ الْغَيْرَةُ حَتّٰى خَالَفَ كِتَابَ اللّٰهِ ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ سَعْدًا رَجُلٌ غَيُورٌ، مَا تَزَوَّجَ امْرَاَةً ثَيِّبًا قَطُّ لِغَيْرَتِهِ، وَمَا قَدَرَ اَحَدٌ مِنَّا اَنْ يَتَزَوَّجَ امْرَاَةً طَلَّقَهَا لِغَيْرَتِهِ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَعْدٌ غَيُورٌ، وَاَنَا اَغْيَرُ مِنْهُ، وَاللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَغْيَرُ مِنِّي ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ: عَلَى اَيِّ شَيْءٍ يَغَارُ اللّٰهُ تَعَالٰى، قَالَ: يَغَارُ عَلَى رَجُلٍ مُجَاهِدٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يُخَالَفُ اِلَى اَهْلِهِ

ہے؟ پھر وہ واپس گیا' اس نے عرض کی: ہمارے رب کی یہ کتاب! پس حضرت سعد بن عبادہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! تلوار سے زیادہ واضح دلیل کیا ہے؟ پس آپ نے فرمایا: اللہ کی کتاب اور وہاں ایک گواہ۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے انصار کے گروہ! یہ تمہارا سردار ہے' اس کو غیرت نے آ لیا ہے یہاں تک کہ کتاب اللہ کی مخالفت پہ تل گیا ہے۔ پس ایک انصاری نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک سعد بڑا غیرت مند آدمی ہے' اس نے ساری زندگی اپنی غیرت کی وجہ سے کسی شوہر دیدہ عورت سے شادی نہیں کی اور ہم میں سے کسی ایک کو اس کی غیرت کی وجہ سے اس کی طلاق یافتہ عورت سے شادی کرنے کی جرأت نہیں ہوئی۔ راوی کہتا ہے: رسول کریم ﷺ نے فرمایا: سعد بڑا غیرت والا ہے' میں اس سے زیادہ غیرت والا ہوں اور اللہ مجھ سے بڑا غیرت والا ہے۔ ایک انصاری نے عرض کی: اللہ کس چیز پر غیرت کرتا ہے؟ فرمایا: اس آدمی پر اللہ غیرت کرتا ہے جو اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا اور اپنے اہل سے مخالفت کرنے والا ہو۔

سَعْدُ بْنُ الرَّبِيعِ الْاَنْصَارِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَقَبِيٌّ، بَدْرِيٌّ، اُحُدِيٌّ، نَقِيبٌ

حضرت سعد بن الربیع انصاری رضی اللہ عنہ عقبی بدری' نقیب اُحدی ہیں

5256 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ عقبہ میں انصار اور اور

الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ الْمُسْلِمِينَ الَّذِينَ بَايَعُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعَقَبَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، سَعْدُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ عَمْرٍو، وَهُوَ نَقِيبٌ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا

بنی حارث بن خزرج سے جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی تھی' ان کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن ربیع بن عمرو کا ہے' آپ نقیب ہیں اور بدر میں شریک ہوئے تھے۔

5257 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، سَعْدُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ اَبِي زُهَيْرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ الْخَزْرَجِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی حارث بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سعد بن ربیع بن ابی زہیر بن مالک بن امرء القیس بن ثعلبہ بن کعب بن الخزرج بن حارث بن الخزرج کا بھی ہے۔

5258 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، سَعْدُ بْنُ الرَّبِيعِ، وَهُوَ نَقِيبٌ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی حارث بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سعد بن ربیع بن ابی زہیر بن مالک بن امرء القیس بن ثعلبہ بن کعب بن الخزرج بن حارث بن الخزرج کا بھی ہے۔

5259 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ،

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی حارث بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سعد بن ربیع بن ابی زہیر بن مالک بن امرء القیس بن ثعلبہ بن کعب بن الخزرج بن حارث بن الخزرج کا بھی ہے۔

سَعْدُ بْنُ الرَّبِيعِ

5260 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ بِاُحُدٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاَنْصَارِ سَعْدُ بْنُ الرَّبِيعِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ اُحد میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ انصار سے شہید ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن ربیع کا بھی ہے۔

5261 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، سَعْدُ بْنُ الرَّبِيعِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی حارث بن خزرج سے جو اُحد میں شہید ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن ربیع کا ہے۔

5262 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اُمِّ سَعْدٍ بِنْتِ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ، اَنَّهَا دَخَلَتْ عَلَى اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاَلْقَى لَهَا ثَوْبَهُ حَتَّى جَلَسَتْ عَلَيْهِ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ، مَنْ هَذِهِ؟ ، فَقَالَ: هَذِهِ بِنْتُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي وَمِنْكَ ، قَالَ: وَمَنْ خَيْرٌ مِنِّي وَمِنْكَ اِلَّا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ اَبُو بَكْرٍ: رَجُلٌ قُبِضَ عَلَى عَهْدِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَوَّاَ مَقْعَدَهُ مِنَ

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت فرماتے ہیں کہ حضرت اُم سعد بنت سعد بن الربیع' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئیں' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کپڑا بچھایا' اس پر آپ بیٹھیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر کے پاس آئے اور عرض کی: اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلیفہ! یہ کون ہے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ اس کی بیٹی ہے جو مجھ سے اور آپ سے بہتر ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: مجھ سے اور آپ سے بہتر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اطہر ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایسا آدمی جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں وصال کر گیا' اس کا ٹھکانہ جنت

5262- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه702' رقم الحديث:6553 .

الْجَنَّةِ، وَبَقِيتُ أَنَا وَأَنْتَ

میں بنایا گیا' میں اور آپ باقی رہے ہیں۔

5263 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مَعْبَدُ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَخِيهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيهِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجْنَا فِي الْحَجَّةِ الَّتِي بَايَعْنَا فِيهَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَانَ نَقِيبَ بَنِي الْخَزْرَجِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ، وَسَعْدُ بْنُ الرَّبِيعِ

حضرت کعب بن مالک فرماتے ہیں کہ ہم اس حج کے لیے نکلے جس میں ہم نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' بنی خزرج کے نقیب حضرت عبداللہ بن رواحہ اور سعد بن ربیع رضی اللہ عنہما بھی تھے۔

5264 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَدِمَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ الْمَدِينَةَ فَآخَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ الْأَنْصَارِيِّ، فَعَرَضَ عَلَيْهِ سَعْدٌ أَنْ يُنَاصِفَهُ أَهْلَهُ وَمَالَهُ، وَكَانَ لَهُ امْرَأَتَانِ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ، دُلُّونِي عَلَى السُّوقِ، قَالَ: فَأَتَى السُّوقَ، فَرَبِحَ شَيْئًا مِنْ أَقِطٍ مِنْ سَمْنٍ، فَرَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ أَيَّامٍ وَعَلَيْهِ وَضَرٌ مِنْ صُفْرَةٍ فَقَالَ: مَهْيَمْ عَبْدَ الرَّحْمَنِ، قَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: مَا سُقْتَ إِلَيْهَا قَالَ: وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، قَالَ: أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

حضرت انس بن مالک فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ مدینہ آئے' رسول اللہ ﷺ نے آپ کے اور سعد بن ربیع کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ' حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو اپنا گھر اور مال آدھا آدھا پیش کیا' آپ کی دو بیویاں تھیں' حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے کہا: اللہ آپ کے مال اور اولاد میں برکت دے! مجھے بازار کے متعلق بتائیں! حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بازار گئے' آپ کو گھی اور پنیر میں نفع ہوا' حضور ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو چند دن کے بعد دیکھا کہ اُن پر زرد رنگ کے نشانات تھے' آپ نے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! یہ کیا ہے؟ عرض کی: میں نے انصار کی ایک عورت سے شادی کی ہے' آپ نے فرمایا: کیا مہر رکھا

5264- عبد الرزاق في مصنفه جلد6صفحه178' رقم الحديث: 10411 .

ہے؟ عرض کی: سونے کی ایک ڈھلی کے وزن کے برابر۔ آپ نے فرمایا: ولیمہ کرو اگرچہ ایک بکری کے ساتھ ہو۔

5265 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: آخَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ قُرَيْشٍ وَالْأَنْصَارِ، فَآخَى بَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: إِنَّ لِي مَالًا، فَهِيَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ شَطْرَانِ، وَلِي امْرَأَتَانِ، فَانْظُرْ: أَيُّهُمَا أَحَبُّ إِلَيْكَ، فَأَنَا أُطَلِّقُهَا، فَإِذَا حَلَّتْ فَتَزَوَّجْهَا، فَقَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ، دُلُّونِي عَلَى السُّوقِ، فَلَمْ يَرْجِعْ حَتَّى رَجَعَ بِتَمْرٍ، وَأَقِطٍ، ثُمَّ أَفْضَلَهُ، وَرَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِ أَثَرَ صُفْرَةٍ، فَقَالَ: مَهْيَمْ؟، فَقُلْتُ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: مَا سُقْتَ إِلَيْهَا؟، قَالَ: وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، قَالَ: أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

حضرت انس بن مالک فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قریش اور انصار کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کے اور سعد بن ربیع کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ' حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو اپنا گھر اور مال آدھا آدھا پیش کیا' میری دو بیویاں ہیں' دیکھو! ان میں سے جو تجھے پسند ہو' میں اس کو طلاق دے دیتا ہوں اور جب اس کی عدت گزرے تو شادی کر لیں۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے کہا: اللہ آپ کے مال اور اولاد میں برکت دے! مجھے بازار کے متعلق بتائیں! حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بازار گئے' آپ نہ لوٹے حتیٰ کہ کھجور اور پنیر لائے پھر اس کو بڑھایا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ اُن پر زرد رنگ کے نشانات تھے' آپ نے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! یہ کیا ہے؟ عرض کی: میں نے انصار ایک عورت سے شادی کی ہے' آپ نے فرمایا: کیا مہر رکھا ہے؟ عرض کی: سونے کی ایک ڈھلی کے وزن کے برابر۔ آپ نے فرمایا: ولیمہ کرو اگرچہ ایک بکری کے ساتھ ہو۔

5266 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جب حضرت عبدالرحمٰن بن

الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ عَلَيْهِ ابْنُ عَوْفٍ، دَفَعَهُ اِلَى سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ فَقَالَ: هٰذَا اَخُوكَ ، فَانْقَلَبَ بِهِ، فَعَشَّاهُ، وَفَرَشَ لَهُ، فَلَمَّا اَصْبَحَ، غَدَا سَعْدٌ عَلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، فَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنِّي اَحْسَنُ الْاَنْصَارِ امْرَاَتَيْنِ، وَاَفْضَلُ الْاَنْصَارِ حَائِطَيْنِ، فَانْظُرْ اِلَى امْرَاَتَيَّ فَاَيَّتُهُمَا كَانَتْ اَعْجَبَ اِلَيْكَ، طَلَّقْتُهَا لَكَ، فَاِنَّ اَهْلَهَا لَمْ يَعْصُونِي، وَانْظُرْ اِلَى اَيِّ حَائِطَيَّ شِئْتَ فَخُذْ، فَلَمْ يَقْبَلْ مِنْهُ شَيْئًا

عوف رضی اللہ عنہ آئے تو آپ نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا' فرمایا: یہ آپ کا بھائی ہے' حضرت سعد رضی اللہ عنہ ان کو لے کر گھر آئے' ان کو کھانا کھلایا' آپ کو بستر دیا' جب صبح ہوئی تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ' حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' سلام کیا اور فرمایا: میں نے انصار کی دو خوبصورت عورتوں سے نکاح کیا ہے' انصار کے بہترین باغوں میں سے دو میرے پاس ہیں' میری جس بیوی کو چاہیں پسند کریں میں اُسے تیرے لیے طلاق دے دیتا ہوں' کیونکہ میری بیوی میری نافرمانی نہیں کرے گی اور دو باغوں میں سے جس کو چاہیں لے لیں' حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے کوئی شی نہیں لی۔

5267 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، آخَى بَيْنَ سَعْدٍ وَبَيْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، فَرَجَعَ بِهِ اِلَى اَهْلِهِ، فَقَالَ: اخْتَرْ اَيَّ امْرَاَتَيَّ شِئْتَ اُطَلِّقْهَا لَكَ، وَمَالِي لَكَ نِصْفَيْنِ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي اَهْلِكَ وَمَالِكَ، دُلُّونِي عَلَى السُّوقِ، فَدَلُّوهُ عَلَيْهَا، فَلَمْ يَرْجِعْ حَتَّى اَصَابَ شَيْئًا، فَتَزَوَّجَ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ عَلَى وَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَلَقِيَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِهِ وَضَرٌ مِنْ صُفْرَةٍ، فَقَالَ: مَهْيَمْ؟ ، فَقَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت سعد اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔ حضرت سعد' حضرت عبدالرحمٰن کو اپنے گھر لے کر آئے' کہا: میری جو بیوی پسند کریں میں اس کو تیرے لیے طلاق دے دیتا ہوں اور میرے مال کا آدھا حصہ آپ لے لیں۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ عزوجل آپ کے مال اور گھر والوں میں برکت دے! مجھے بازار کے متعلق بتائیں! آپ کو بازار کے متعلق بتایا گیا' کوئی شی لے کر واپس آئے' انصار کی ایک عورت سے سونے کی ایک ڈھلی کے حق مہر کے بدلے میں نکاح کیا۔ حضور ﷺ' حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے

عَلَى وَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

ملےٗ فرمایا: تم نے زرد رنگ کیوں لگایا ہے؟ حضرت عبدالرحمٰن نے عرض کی: میں نے انصار کی ایک عورت سے سونے کی ایک ڈھلی حق مہر کے بدلے میں نکاح کیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ولیمہ کرو اگرچہ ایک بکری کے ساتھ ہو۔

سعد بن الربیع الانصاری

5268 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَمَّا هَاجَرَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ اِلَى الْمَدِينَةِ، آخَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدٍ، وَكَانَ لِسَعْدٍ حَائِطَانِ وَامْرَاَتَانِ، فَقَالَ سَعْدٌ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ: اخْتَرْ اَيَّ امْرَاَتَيَّ شِئْتَ اَتَحَوَّلْ لَكَ عَنْهَا، وَاخْتَرْ اَيَّ حَائِطَيَّ شِئْتَ، فَقَالَ: لَا حَاجَةَ لِي فِي امْرَاَتِكَ، وَلَا فِي حَائِطِكَ، مَا لِهَذَا اَسْلَمْتُ، وَلَكِنْ دُلُّونِي عَلَى السُّوقِ، فَدَلَّهُ وَلَيْسَ لَهُ شَيْءٌ، فَكَانَ يَشْتَرِي السَّمِينَةَ، وَالْاَقِطَةَ، وَالْاِهَابَ، وَالشَّيْءَ، فَيَبِيعُهُ، حَتَّى جَمَعَ شَيْئًا، فَتَزَوَّجَ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ وَضَرٌ مِنْ صُفْرَةٍ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَبْدَ الرَّحْمَنِ مَهْيَمْ؟، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَزَوَّجْتُ عَلَى نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، قَالَ: فَاَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ، فَاَصَابَ، وَكَثُرَ مَالُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ہجرت کر کے مدینہ آئے تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن اور حضرت سعد رضی اللہ عنہما کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے دو باغ تھے اور دو بیویاں تھیں' حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے کہا: میری جس بیوی کو چاہیں پسند کر لیں' میں آپ کے لیے اُسے طلاق دے دیتا ہوں اور جس باغ کو چاہیں پسند کریں۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے آپ کے مال کی بیوی کی کوئی ضرورت نہیں اور نہ ہی آپ کے باغ کی' میں اس لیے اسلام نہیں لایا' آپ مجھے بازار کے متعلق بتائیں! آپ کو بتایا گیا تو آپ کے پاس کوئی شی نہیں تھی' آپ نے گھی' پنیر اور کھال خریدی' کچھ پیسے جمع ہوئے تو شادی کی' حضور ﷺ کے پاس آئے' ان پر زرد رنگ تھا' حضور ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے فرمایا: یہ کیا ہے؟ عرض کی: یارسول اللہ! میں نے ایک عورت سے سونے کی ڈھلی کے برابر حق مہر کے بدلے شادی کی ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: ولیمہ کرو

اگرچہ بکری ذبح کر کے ہو۔

5269 - فَبَيْنَمَا عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فِي بَيْتِهَا، إِذْ سَمِعَتْ صَوْتًا رُجَّتْ مِنْهُ الْمَدِينَةُ، فَقَالَتْ: مَا هَذَا؟ فَقَالُوا: عِيرٌ قَدِمَتْ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ مِنَ الشَّامِ، وَكَانَتْ سَبْعَ مِائَةِ رَاحِلَةٍ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: أَمَا إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: رَأَيْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ حَبْوًا، فَبَلَغَ ذَلِكَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأَتَاهَا فَسَأَلَهَا عَمَّا بَلَغَهُ مِنَ الْحَدِيثِ، فَحَدَّثَتْهُ قَالَ: فَإِنِّي أُشْهِدُكِ أَنَّهَا بِأَحْمَالِهَا، وَأَقْتَابِهَا، وَأَحْلَاسِهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اپنے گھر میں تھی کہ مدینہ میں ایک شور کی آواز سنی' آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: عبدالرحمٰن بن عوف کے ملک شام سے کئی اونٹ آنے پر اور وہ سات سو تھے' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بہرحال میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ جنت میں گھٹنوں کے بل داخل ہوئے' یہ بات حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ تک پہنچی تو آپ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' آپ نے پوچھا اس حدیث کے متعلق جو آپ کو پہنچی تھی' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کی' حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے کہا: میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ سواریاں مع سامان کے اللہ کی راہ میں دیتا ہوں۔

سَعْدُ بْنُ مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ

حضرت سعد بن مسعود انصاری رضی اللہ عنہ' آپ مدینہ آئے تھے

5270 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى سَعْدِ بْنِ مَسْعُودٍ نَعُودُهُ، فَقَالَ: مَا أَدْرِي مَا

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ ہم حضرت سعد بن مسعود رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیے آئے' آپ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں ہے کہ کیا کہتے ہیں؟ لیکن کاش! میرے تابوت میں یہ انگارہ نہ ہوتا' جب

5269- أورد نحوه أحمد فی مسنده جلد6صفحه115' رقم الحديث: 24886 .

5270- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه125 وقال: رواه الطبرانی فی الكبير ورجاله رجال الصحيح .

يَقُولُونَ، وَلَكِنْ لَيْتَ مَا فِي تَابُوتِي هَذَا جَمْرٌ، فَلَمَّا مَاتَ، نَظَرُوا، فَإِذَا فِيهِ أَلْفٌ أَوْ أَلْفَانِ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو اس میں ایک ہزار یا دو ہزار تھے۔

5271 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، وَزَكَرِيَّا السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا عُقْبَةُ بْنُ سِنَانٍ الذَّرَّاعُ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُثْمَانَ الْغَطَفَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ الْحَارِثُ الْغَطَفَانِيُّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، شَاطِرْنَا تَمْرَ الْمَدِينَةِ، قَالَ: حَتَّى أَسْتَأْمِرَ السُّعُودَ. فَبَعَثَ إِلَى سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، وَسَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، وَسَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ، وَسَعْدِ بْنِ خَيْثَمَةَ، وَسَعْدِ بْنِ مَسْعُودٍ، رَحِمَهُمُ اللَّهُ، فَقَالَ: إِنِّي قَدْ عَلِمْتُ أَنَّ الْعَرَبَ قَدْ رَمَتْكُمْ عَنْ قَوْسٍ وَاحِدَةٍ، وَإِنَّ الْحَارِثَ يَسْأَلُكُمْ أَنْ تُشَاطِرُوهُ تَمْرَ الْمَدِينَةِ، فَإِنْ أَرَدْتُمْ أَنْ تَدْفَعُوا إِلَيْهِ عَامَكُمْ هَذَا، حَتَّى تَنْظُرُوا فِي أَمْرِكُمْ بَعْدُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَوَحْيٌ مِنَ السَّمَاءِ، فَالتَّسْلِيمُ لِأَمْرِ اللَّهِ، أَوْ عَنْ رَأْيِكَ، أَوْ هَوَاكَ، فَرَأْيُنَا تَبَعٌ لِهَوَاكَ وَرَأْيِكَ، فَإِنْ كُنْتَ إِنَّمَا تُرِيدُ الْإِبْقَاءَ عَلَيْنَا، فَوَاللَّهِ لَقَدْ رَأَيْتَنَا وَإِيَّاهُمْ عَلَى سَوَاءٍ مَا يَنَالُونَ مِنَّا تَمْرَةً إِلَّا بِشْرًى، أَوْ قِرًى، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ ذَا تَسْمَعُونَ مَا يَقُولُونَ، قَالُوا: غَدَرْتَ يَا مُحَمَّدُ، فَقَالَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ رَحِمَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حارث غطفانی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے عرض کی: اے محمد! مدینہ کی کھجور مہنگی ہے یہاں تک کہ اُدھار نہیں ہوتی ہے آپ نے حضرت سعد بن معاذ اور سعد بن عبادہ اور سعد بن ربیع اور سعد بن خیثمہ اور سعد بن مسعود رحمہم اللہ کی طرف آدمی بھیجا فرمایا: مجھے معلوم ہے کہ عرب کے لوگ تم کو ایک کمان مارتے ہیں اور حارث تم سے مدینہ کی کھجور مانگتا ہے اگر ارادہ رکھتے ہو تو اس سال تم دینے کو تو وہ تمہارے معاملہ میں اس کے بعد انتظار کرے گا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آسمان سے وحی آئی ہے' تو اللہ کا حکم مانا' یا آپ کی رائے ہے' یا آپ کی پیاری پیاری خواہش ہے' پس ہماری آراء بھی آپ کی رائے اور آپ کی خواہش کے تابع ہیں۔ پس اگر تو آپ اس کو ہمارے اوپر باقی رکھنا چاہتے ہیں تو قسم بخدا! ہمارے خیال میں ہم اور وہ برابر ہیں' وہ ہم سے ایک کھجور بھی خرید کر یا میزبانی میں پاتے ہیں۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: وہ یہ ہے جو تم ان کی بات سنتے ہو۔ ان لوگوں نے کہا: اے محمد! تم نے عذر کیا ہے' تو حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

5271- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 132 وقال: ورجال البزار والطبراني فيهما محمد بن عمرو وحديثه حسن وبقية رجاله ثقات .

اللّٰهُ:

(البحر الكامل)

يَا حَارِ مَنْ يَغْدُرْ بِذِمَّةِ جَارِهِ ... اَبَدًا فَإِنَّ مُحَمَّدًا لَا يَغْدُرُ

وَاَمَانَةُ الْمَرْءِ حَيْثُ لَقِيتَهَا ... كَسْرُ الزُّجَاجَةِ صَدْعُهَا لَا يُجْبَرُ

اِنْ تَغْدُرُوا فَالْغَدْرُ مِنْ عَادَاتِكُمْ ... وَاللُّؤْمُ يَنْبُتُ فِي اُصُولِ السَّخْبَرِ

"اے حارث! اپنے پڑوسی کے حق میں کون غداری کرتا ہے ہمیشہ کیونکہ جن کا نامِ نامی محمد ہے وہ تو دھوکہ کرتے ہی نہیں ہیں'

اور آدمی کی امانت' جہاں تو اس سے ملا ہے' شیشہ کا ٹکرا کر ٹوٹنا ہے' کوئی مجبوری نہیں ہے'

(بہرحال) اگر تم دھوکہ کرتے ہو تو یہ تمہاری عادت ہے اور کمینگی بھی تو خوشبودار جھاڑیوں میں پیدا ہوتی ہے"۔

سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ الْاَنْصَارِيُّ عَقَبِيٌّ، بَدْرِيٌّ

حضرت سعد بن خیثمہ انصاری' عقبی' بدری رضی اللہ عنہ

5272 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِيمَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ وَهُوَ، نَقِيبٌ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: انصار اور بنی عمرو بن عوف سے جو عقبہ میں شریک ہوئے' اُن میں سے حضرت سعد بن خیثمہ بھی ہیں' اور وہ نقیب ہیں۔

5273 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ السَّلْمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْاَوْسِ، سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: انصار اور بنی عمرو بن سلم بن مالک بن اوس سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن خیثمہ کا بھی ہے۔

5274 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عمرو بن

الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ

عوف سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن خیثمہ کا بھی ہے۔

5275 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ: فِيمَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ بَدْرٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاَنْصَارِ، سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عمرو بن عوف سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن خیثمہ کا بھی ہے۔

5276 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ زَكَرِيَّا التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَبَّابٌ الْعُصْفُرِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، وَوَهْبِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: نَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُبَاءَ عَلَى كُلْثُومِ بْنِ هَرِمٍ اَخِي بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، وَيُقَالُ: بَلْ نَزَلَ عَلَى سَعْدِ بْنِ خَيْثَمَةَ، فَاَقَامَ فِي بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَالثُّلَاثَاءِ وَالْاَرْبِعَاءِ وَالْخَمِيسِ، وَاَسَّسَ مَسْجِدَهُمْ، وَخَرَجَ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، فَاَدْرَكَتْهُ الْجُمُعَةُ فِي بَنِي سَالِمِ بْنِ عَوْفٍ، فَصَلَّى الْجُمُعَةَ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي بِبَطْنِ الْوَادِي ، قَالَ ابْنُ اِسْحَاقَ: ثُمَّ نَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اَبِي اَيُّوبَ، وَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبِنَاءِ مَسْجِدِهِ فِي تِلْكَ السَّنَةِ

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کلثوم بن ہرم بنی عمرو بن عوف کے قباء میں تھے' کہا جاتا ہے: بلکہ آپ سعد بن خیثمہ کے پاس آئے' آپ بنی عمرو بن عوف میں پیر اور منگل اور بدھ' جمعرات تک ٹھہرے' آپ نے ان کی مسجد کی بنیاد رکھی' بنی عمرو بن عوف سے نکلے تو ابھی بنی سالم بن عوف میں تھے کہ جمعہ آ گیا' بطن وادی کی مسجد میں نمازِ جمعہ پڑھایا۔ ابن اسحاق فرماتے ہیں: پھر حضور ﷺ ابوایوب کے گھر آئے' اسی سال رسول اللہ ﷺ نے اپنی مسجد بنانے کا حکم دیا۔

5277 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی غنم بن

الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ بَنِي غَنْمِ بْنِ السَّلَمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْاَوْسِ بْنِ جَارِيَةَ، سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ

سلم بن مالک بن اوس بن حارثہ سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن خیثمہ کا بھی ہے۔

5278 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَوَارِيُّ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الدَّقِيقِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَاَيْتُ كَاَنَّ رَحْمَةً وَقَعَتْ بَيْنَ بَنِي سَالِمٍ وَبَيْنَ بَنِي بَيَاضَةَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَفَنَنْتَقِلُ اِلَى مَوْضِعِهَا؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنِ اقْبُرُوا فِيهَا، فَقَبَرُوا فِيهَا مَوْتَاهُمْ

حضرت سعد بن خیثمہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے دیکھا گویا رحمت بنی سالم اور بنی بیاضہ کے درمیان گری ہے' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم اس جگہ منتقل ہو جائیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! بلکہ اس جگہ قبرستان بناؤ' اس جگہ اپنے مُردوں کو دفن کرو۔

5279 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْاَوْسِ، سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ مَالِكِ بْنِ كَعْبِ بْنِ النَّحَّاطِ بْنِ كَعْبِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ غَنْمِ بْنِ السَّلَمِ بْنِ امْرِءِ الْقَيْسِ بْنِ مَالِكِ بْنِ الْاَوْسِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ انصار اور قبیلہ اوس سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن خیثمہ بن حارث بن مالک بن کعب بن نحاط بن کعب بن حارثہ بن غنم بن سلم بن امرء القیس بن مالک بن اوس کا بھی ہے۔

5280 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا

حضرت کعب بن مالک فرماتے ہیں کہ ہم اس حج کے لیے نکلے' جب ہم نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت

5278- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه13 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه يعقوب بن محمد الزهري وفيه كلام كثير وقد وثق .

يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مَعْبَدُ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَخِيهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اَبِيهِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجْنَا فِي الْحِجَّةِ الَّتِي بَايَعْنَا فِيهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ نَقِيبَ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ

کی تو بنی عمرو بن عوف کے نقیب حضرت سعد بن خیثمہ بھی تھے۔

5281 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ خَيْثَمَةَ، ثنا اَبِي، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: تَخَلَّفْتُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ، حَتَّى مَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلْتُ حَائِطًا، فَرَاَيْتُ عَرِيشًا قَدْ رُشَّ بِالْمَاءِ، وَرَاَيْتُ زَوْجَتِي، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا بِالْاِنْصَافِ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّمُومِ وَالْحَمِيمِ، وَاَنَا فِي الظِّلِّ وَالنَّعِيمِ، فَقُمْتُ اِلَى نَاضِحٍ فَاحْتَقَبْتُهُ، وَاِلَى تُمَيْرَاتٍ فَتَزَوَّدْتُهَا، فَنَادَتْ زَوْجَتِي: اِلَى اَيْنَ يَا اَبَا خَيْثَمَةَ؟ فَخَرَجْتُ اُرِيدُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتَّى اِذَا كُنْتُ بِبَعْضِ الطَّرِيقِ، لَحِقَنِي عُمَيْرُ بْنُ وَهْبٍ الْجُمَحِيُّ، فَقُلْتُ: اِنَّكَ رَجُلٌ جَرِيءٌ، وَاِنِّي اَعْرِفُ حَيْثُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِنِّي

حضرت سعد بن خیثمہ فرماتے ہیں کہ میں غزوۂ تبوک میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شریک نہ ہوا' رسول اللہ ﷺ گئے' میں باغ میں داخل ہوا' میں نے سایہ دار جگہ دیکھی' اس جگہ پانی چھڑکا ہوا تھا' اپنی بیوی کو دیکھا' میں نے کہا: یہ کیا انصاف ہے؟ رسول اللہ ﷺ گرمی اور دھوپ میں اور میں سایہ اور نعمتوں میں ہوں' میں اس جگہ سے اُٹھا' سواری کی طرف آیا' میں نے تھیلی لی' کھجوروں کی طرف جا کر زادِ راہ لیا' اے ابوخیثمہ! کہاں جا رہے ہو؟ میں نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے پاس جا رہا ہوں' میں ابھی راستہ میں تھا کہ مجھے عمیر بن وہب جمحی ملے' میں نے کہا: تُو بڑا طاقتور آدمی ہے' میں جانتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ چلے گئے ہیں' اور میں گنہگار آدمی ہوں' مجھ سے پیچھے رہو حتیٰ کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس خلوت پالوں' عمیر مجھ سے پیچھے رہ گیا' جب میں نے لشکر دیکھا تو لوگوں نے دیکھا' حضور ﷺ نے فرمایا: ابوخیثمہ ہے؟ میں آیا' میں نے

5281- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 192 وقال: رواه الطبراني وفيه يعقوب بن محمد الزهري وهو ضعيف.

رَجُلٌ مُذْنِبٌ، فَتَخَلَّفَ عَنِّي حَتَّى اَخْلُوَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَخَلَّفَ عَنِّي عُمَيْرٌ، فَلَمَّا اطَّلَعْتُ عَلَى الْعَسْكَرِ، فَرَاَى النَّاسُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْ اَبَا خَيْثَمَةَ، فَجِئْتُ فَقُلْتُ: كِدْتُ اَهْلِكُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَحَدَّثْتُهُ حَدِيثِي، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرًا، وَدَعَا لِي

عرض کی: قریب تھا کہ میں ہلاک ہو جاتا' یارسول اللہ! میں نے اپنی بات سنائی' رسول اللہ ﷺ نے بہتر کہا اور میرے لیے دعا کی۔

سَعْدُ بْنُ مَسْعُودٍ الثَّقَفِيُّ لَهُ صُحْبَةٌ

حضرت سعد بن مسعود ثقفی رضی اللہ عنہ' یہ صحابی ہیں

5282 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ مَسْعُودٍ الثَّقَفِيِّ قَالَ: اِنَّمَا سُمِّيَ نُوحٌ عَبْدًا شَكُورًا لِاَنَّهُ كَانَ اِذَا اَكَلَ وَشَرِبَ حَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت سعد بن مسعود ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام کا نام اس لیے شکرگزار بندہ رکھا ہے کیونکہ جب آپ کھاتے اور پیتے تو اللہ کی حمد کرتے۔

سَعْدُ بْنُ عُمَارَةَ، وَيُقَالُ: عُمَارَةُ بْنُ سَعْدٍ اَبُو سَعِيدٍ الزُّرَقِيُّ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت سعد بن عبادہ' آپ کا نام عمارہ بن سعد ابوسعید الزرقی انصاری رضی اللہ عنہ ہے

5283 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي الْفَيْضِ، عَنْ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ اشجع کے آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' عرض کی:

5282- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه29 وقال: رواه الطبراني وتابعيه سعد بن سنان لم أعرفه وبقية رجاله رجال الصحيح .

5283- النسائي في سننه (المجتبى) جلد6صفحه108' رقم الحديث: 3328 .

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَشْجَعَ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ امْرَاَتِي تُرْضِعُ، وَاَنَا اَكْرَهُ اَنْ تَحْمِلَ اَفَاَعْزِلُ عَنْهَا؟ فَقَالَ: مَا قُدِّرَ فِي الرَّحِمِ سَيَكُونُ

میری عورت بچے کو دودھ پلاتی ہے میں ناپسند کرتا ہوں کہ وہ حاملہ ہو کیا میں اس سے عزل کروں؟ آپ نے فرمایا: جو مقدر میں لکھا گیا وہ ہو کر رہے گا۔

سَعْدُ بْنُ زَيْدٍ الْاَشْهَلِيُّ بَدْرِيٌّ

حضرت سعد بن زید اشہلی بدری رضی اللہ عنہ

5284 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ بْنِ كَعْبِ بْنِ عَبْدِ الْاَشْهَلِ، سَعْدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ عَبْدِ بْنِ كَعْبٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عبد بن کعب بن عبد الاشہل میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن زید بن مالک بن عبد بن کعب ہے۔

5285 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، سَعْدُ بْنُ زَيْدٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عبد الاشہل میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن زید کا بھی ہے۔

5286 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ جَعْفَرٍ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنَّا يُقَالُ لَهُ سُلَيْمَانُ بْنُ مَحْمُودٍ، مِنْ وَلَدِ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ زَيْدٍ الْاَشْهَلِيِّ، اَنَّهُ:

حضرت سعد بن زید الاشہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے تلوار تحفہ دی یا حضور ﷺ کو نجران کی تلوار بطور ہدیہ دی گئی جب آپ کے پاس محمد بن مسلمہ آئے تو آپ نے ان کو دی آپ نے فرمایا: اس کے ساتھ اللہ کی راہ میں جہاد کرو جب لوگوں میں اختلاف

5286- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه127، رقم الحديث: 4605 .

اَهْدَى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفًا مِنْ نَجْرَانَ، اَوْ اُهْدِيَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفٌ مِنْ نَجْرَانَ، فَلَمَّا قَدِمَ عَلَيْهِ اَعْطَاهُ مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ، فَقَالَ: جَاهِدْ بِهٰذَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَاِذَا اخْتَلَفَتْ اَعْنَاقُ النَّاسِ، فَاضْرِبْ بِهِ الْحَجَرَ، ثُمَّ ادْخُلْ بَيْتَكَ، وَكُنْ حِلْسًا مُلْقًى، حَتّٰى تَقْتُلَكَ يَدٌ خَاطِئَةٌ، اَوْ تَاْتِيَكَ مَنِيَّةٌ قَاضِيَةٌ

ہو جائے تو اس کو پتھر پر مارنا' پھر اپنے گھر داخل ہو جانا اور ٹاٹ کے پڑے ہوئے ٹکڑے کی طرح ہو جانا' حتیٰ کہ تجھے کوئی خطا کرنے والا ہاتھ قتل کر دے یا فیصلہ شدہ موت تیرے پاس آ جائے۔

5287 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي حَبِيبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا نُعِيَتْ اِلَيْهِ نَفْسُهُ خَرَجَ مُتَلَفِّعًا فِي اَخْلَاقِ ثِيَابٍ عَلَيْهِ، حَتّٰى جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَسَمِعَ النَّاسُ بِهِ، وَاَهْلُ السُّوقِ حَضَرُوا الْمَسْجِدَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ احْفَظُونِي فِي هٰذَا الْحَيِّ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَاِنَّهُمْ كِرْشِي الَّتِي آكُلُ فِيهَا وَعَيْبَتِي، اقْبَلُوا مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَتَجَاوَزُوا عَنْ مُسِيئِهِمْ

حضرت زید بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو خبر دی گئی' آپ کپڑے پہن کر آئے' آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے' لوگوں نے اس کو سنا اور بازار والے لوگ مسجد میں آئے' آپ نے اللہ کی حمد اور ثناء کی' پھر فرمایا: اے لوگو! انصار کے اس قبیلہ کی حفاظت کرو کیونکہ یہ میری پلیٹ ہیں جس سے میں کھاتا ہوں اور میرے ہمراز ہیں' ان کی اچھائیاں قبول کرو اور برائیوں سے درگزر کرو۔

سَعْدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ سِنَانِ بْنِ ثَعْلَبَةَ اَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ

حضرت سعد بن مالک بن سنان بن ثعلبہ ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ' آپ مدینہ آئے تھے

5288 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت سلمہ

5287- الآحاد والمثاني جلد3صفحه333' رقم الحديث: 1718 .

الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: تُوُفِّيَ سَلَمَةُ بْنُ الْأَكْوَعِ وَيُكْنَى أَبَا إِيَاسٍ وَأَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ سَنَةَ أَرْبَعٍ وَسَبْعِينَ

بن اکوع کا وصال ہوا' آپ کی کنیت ابوایاس ہے اور حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کا وصال ۷۴ ہجری میں ہوا۔

5289 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: مَاتَ أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ سَنَةَ أَرْبَعٍ وَسَبْعِينَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کا وصال ۷۴ ہجری میں ہوا۔

5290 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا سُلَيْمُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي هَارُونَ قَالَ: رَأَيْتُ لِحْيَةَ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ بَيْضَاءَ خِصَلًا

حضرت ابوہارون فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کی داڑھی سفید تھی اور لٹیں بنی ہوئی تھیں۔

5291 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَخْضِبُ بِالصُّفْرَةِ

حضرت عثمان بن عبیداللہ بن رافع فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ نے زرد رنگ کا خضاب لگایا تھا۔

5292 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، حَدَّثَتْنِي أُمِّي أُمُّ سَعِيدٍ بِنْتُ مَسْعُودِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، وَهُوَ سَعْدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ، أَنَّهَا: سَمِعَتْ أُمَّ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بِنْتَ أَبِي سَعِيدٍ تُحَدِّثُ،

حضرت اُم عبدالرحمٰن بنت ابوسعید بیان کرتے ہیں کہ اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کا چہرہ زخمی ہوا' حضرت مالک بن سنان رضی اللہ عنہ آگے بڑھے' رسول اللہ ﷺ کے چہرۂ مبارک سے خون گر رہا تھا' آپ نے فرمایا: جس کو پسند ہو جس کے خون میں میرا خون شامل ہوا' وہ مالک بن سنان کو دیکھے۔

5292- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه651' رقم الحديث: 6394 .

عَنْ اَبِيهَا، اَنَّهُ قَالَ: اُصِيبَ وَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ، فَاسْتَقْبَلَهُ مَالِكُ بْنُ سِنَانٍ فَمَصَّ جُرْحَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَنْظُرَ اِلَى مَنْ خَالَطَ دَمِي دَمَهُ فَلْيَنْظُرْ اِلَى مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ

5293 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: اَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ، سَعْدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسعید الخدری' سعد بن مالک بن سنان رضی اللہ عنہم۔

5294 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِي هَارُونَ الْعَبْدِيِّ قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ مُمَعَّطَ اللِّحْيَةِ، فَقُلْتُ: تَعَبَثُ بِلِحْيَتِكَ، فَقَالَ: لَا، هَذَا مَا لَقِيتُ مِنْ ظَلَمَةِ اَهْلِ الشَّامِ، دَخَلُوا عَلَيَّ زَمَنَ الْحَرَّةِ، فَاَخَذُوا مَا كَانَ فِي الْبَيْتِ مِنْ مَتَاعٍ اَوْ حَرًى، ثُمَّ دَخَلَتْ عَلَيَّ طَائِفَةٌ اُخْرَى، فَلَمْ يَجِدُوا فِي الْبَيْتِ شَيْئًا، فَاَسِفُوا اَنْ يَخْرُجُوا بِغَيْرِ شَيْءٍ، فَقَالَ: اَضْجِعُوا الشَّيْخَ، فَاَضْجَعُونِي، فَجَعَلَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ يَاْخُذُ مِنْ لِحْيَتِي خُصْلَةً

حضرت ابوہارون العبدی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ داڑھی مبارک لمبی تھی' میں نے عرض کی: آپ اپنی داڑھی سے کھیلتے ہیں؟ حضرت ابوسعید نے فرمایا: یہ وہ ہے' جو شام والوں کے ظالموں سے مجھ پر سخت زمانہ گزرا' انہوں نے میرے گھر کا سارا مال لیا ہے' پھر میں دوسرا گروہ میرے گھر میں آیا' میرے گھر میں کوئی شی نہیں تھی' انہوں نے کسی شی کے نہ نکلنے کا افسوس کیا' کہا: اس بزرگ کو لٹاؤ! مجھے انہوں نے لٹایا' ان میں سے ہر ایک میری داڑھی کے بالوں کا گچھا پکڑنے لگا۔

وَمَا اَسْنَدَ اَبُو سَعِيدٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ

5294- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه250 وقال: رواه الطبراني وأبو هارون متروك .

5295- الطبراني في الأوسط جلد9صفحه142' رقم الحديث: 9360 .

الْخُدْرِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عنہ کی روایت کردہ احادیث

5295 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، اَخْبَرَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، اَنَّ عَامِرَ بْنَ يَحْيَى، اَخْبَرَهُ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ يَقُولُ: يَخْرُجُ مِنْ هَذِهِ الْاُمَّةِ نَاسٌ يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اس امت سے لوگ ایسے نکلیں گے جو دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے۔

5296 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، اَنَّ جَمِيلَ بْنَ اَبِي الْمَضَاءِ اَخْبَرَهُ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ لِزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: كَيْفَ تَاْكُلُ؟ قَالَ: اَخْبَرَنِي اَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا طَعِمَ اَحَدُكُمْ مِنَ الطَّعَامِ، فَلَا يَمْسَحْ يَدَهُ، حَتَّى يَلْعَقَ اَصَابِعَهُ، فَاِنَّهُ لَا يَدْرِي فِي اَيِّ طَعَامِهِ يُبَارَكُ لَهُ

حضرت جمیل بن ابی مضاء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ مروان بن حکم' حضرت زید بن ثابت سے عرض کی: آپ کھانا کیسے کھاتے ہیں؟ فرمایا: حضرت ابوسعید نے مجھے بیان کیا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو اپنے ہاتھ (تولیہ یا رومال سے) نہ پونچھے یہاں تک کہ انگلیاں چاٹے کیونکہ اسے معلوم نہیں ہے کہ کھانے کے کس حصے میں برکت ہے۔

5297 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَقِيلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے رات اس حالت میں گزاری کہ اس کے ہاتھ میں کوئی خوشبو لگی ہوئی تھی'

5296- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 28 وقال: رواه الطبراني وأبو المضاء وابنه جميل لم أعرفهما وبقية رجاله حديثهم حسن أو صحيح ورواه في الأوسط وفيه عبد الله بن محمد بن عمارة الأنصاري قال الذهبي وهو مستور وبقية رجاله ثقات رجال الصحيح .

5297- ابن ماجه في سننه جلد 2 صفحه 1096' رقم الحديث: 3297 .

بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ بَاتَ وَفِي يَدِهِ رِيحُ غَمَرٍ، فَاَصَابَهُ وَضَحٌ، فَلا يَلُومَنَّ اِلَّا نَفْسَهُ

اس کو کسی شی نے تکلیف پہنچائی' وہ اپنے آپ ہی کو ملامت کرے۔

5298 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ يُصَلِّي، فَلا يَرْفَعْ بَصَرَهُ اِلَى السَّمَاءِ لا يَلْتَمِعُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھ رہا ہو تو وہ اپنی آنکھ آسمان کی طرف نہ اُٹھائے۔

5299 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، ثنا بَقِيَّةُ، عَنْ مُبَشِّرِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا النَّبِيُّ لا كَذِبْ، اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ، اَنَا اَعْرَبُ الْعَرَبِ، وَلَدَتْنِي قُرَيْشٌ، وَنَشَاْتُ فِي بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ، فَاَنَّى يَاْتِينِي اللَّحْنُ؟

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نبی ہوں جھوٹ نہیں' میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں' میں عربی ہوں' قریش میں پیدا ہوا ہوں اور بنی سعد بن بکر میں پرورش پائی ہے' کیونکہ لہجہ وزبان میرے پاس خود آتی ہے۔

5300 - حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ قُرَّةَ الْاَذَنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنِ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے

5298- النسائي في سننه (المجتبى) جلد3صفحه7' رقم الحديث: **1194** .

5299- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه218 وقال: رواه الطبراني وفيهم مبشر بن عبيد وهو متروك .

5300- أورد نحوه الترمذي في سننه جلد5صفحه109' رقم الحديث: **2793** .

الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْظُرِ الرَّجُلُ اِلَى عَوْرَةِ الرَّجُلِ، وَلَا تَنْظُرِ الْمَرْاَةُ اِلَى عَوْرَةِ الْمَرْاَةِ، وَلَا يُفْضِي الرَّجُلُ اِلَى الرَّجُلِ، وَلَا تُفْضِي الْمَرْاَةُ اِلَى الْمَرْاَةِ

فرمایا: آدمی آدمی کی شرمگاہ کو نہ دیکھے نہ عورت عورت کی شرمگاہ کو دیکھے نہ مرد دوسرے مرد کے ساتھ ایک بستر اور نہ ایک عورت دوسری عورت کے ساتھ ایک بستر میں سوئیں۔

5301 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو قَزَعَةَ، اَنَّ اَبَا نَضْرَةَ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَبَا سَعِيدٍ اَخْبَرَهُ: اَنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ اَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، جَعَلَنَا اللّٰهُ فِدَاكَ، مَاذَا يَصْلُحُ لَنَا مِنَ الْاَشْرِبَةِ؟ قَالَ: لَا تَشْرَبُوا فِي النَّقِيرِ، قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، جَعَلَنَا اللّٰهُ فِدَاكَ، اَوَتَدْرِي مَا النَّقِيرُ؟ قَالَ: نَعَمْ، الْجِذْعُ يُنْقَرُ وَسَطُهُ، وَلَا فِي الدُّبَّاءِ، وَلَا فِي الْحَنْتَمَةِ، وَعَلَيْكُمْ بَالْمُوكَا

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قیس کا وفد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! اللہ نے ہم کو آپ پر قربان کیا ہے' ہمارے لیے کون سے مشروب بہتر ہیں؟ آپ نے فرمایا: نقیر میں نہ پیو۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ ہمیں آپ پر قربان کرے! آپ بتائیں کہ نقیر کیا ہوتا ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! بتاتا ہوں' لکڑی کو درمیان سے چیر لینا اور دباء' حنتم میں نہ پیؤ موکا نامی برتن میں پیو۔

5302 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ، ثنا اَبُو نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ يَرْفَعُهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا وَهِمَ الرَّجُلُ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمْ يَدْرِ اَزَادَ اَمْ نَقَصَ، فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کسی آدمی کو نماز میں شک ہو اور اسے معلوم نہ ہو کہ کم ہوئی ہیں یا زیادہ؟ تو بیٹھے اور دو سجدے سہو کے کرے۔

5301- احمد في مسنده جلد3صفحه57' رقم الحديث: 11561 .

5302- ابن ماجه في سننه جلد1صفحه380' رقم الحديث: 1204 .

5303 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: نُهِيَ اَنْ يَشْرَبَ الرَّجُلُ وَهُوَ قَائِمٌ، وَاَنْ يَلْتَقِمَ فَمَ السِّقَاءِ فَيَشْرَبَ مِنْهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کھڑے ہو کر پانی پینے سے منع کیا اور مشکیزہ کا منہ اپنے منہ میں ڈال کر پینے سے منع کیا۔

5304 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ، ثنا سُوَيْدٌ اَبُو حَاتِمٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عَلَى بَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَتَذَاكَرُ، يَنْزِعُ هَذَا بِآيَةٍ وَيَنْزِعُ هَذَا بِآيَةٍ، فَخَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّمَا تَفَقَّاَ فِي وَجْهِهِ حَبُّ الرُّمَّانِ، فَقَالَ: يَا هَؤُلَاءِ اَبِهَذَا بُعِثْتُمْ؟ اَمْ بِهَذَا اُمِرْتُمْ؟ لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا، يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے دروازے کے پاس بیٹھے ہوئے تھے ہم تکرار کر رہے تھے کبھی اس آیت کے متعلق کبھی دوسری آیت کے متعلق جھگڑ رہے تھے حضور ﷺ ہمارے پاس آئے اس طرح کہ گویا آپ کے چہرے پر انار نچوڑا گیا ہو آپ نے فرمایا: کیا تمہیں اس کام کے لیے بھیجا گیا ہے' کیا تم کو اس کا حکم دیا گیا ہے؟ میرے بعد کافر نہ ہونا کہ ایک دوسرے کی گردنیں اُڑانے لگو۔

5305 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سُوَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، اَنَّهُ: سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ رَضِيَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جبریل علیہ السلام نے مجھے نماز کی امامت کروائی' نمازِ ظہر پڑھائی جس وقت سورج ڈھل گیا اور نمازِ عصر جس وقت سورج قائم تھا اور نمازِ

5303- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه79 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

5304- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه156 وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط والبزار وعن أنس مثله رواه الطبراني في الأوسط ورجاله ثقات أثبات وفي الأول سويد أبو حاتم ضعفه النسائي وابن معين في رواية وقال أبو زرعة ليس بالقوي حديثه حديث أهل الصدق .

5305- أورده أحمد في مسنده جلد3صفحه30' رقم الحديث: 11267 .

اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّنِي جِبْرِيلُ فِي الصَّلَاةِ، فَصَلَّى الظُّهْرَ حِينَ زَاغَتِ الشَّمْسُ، وَصَلَّى الْعَصْرَ حِينَ كَانَتْ قَامَةً، وَصَلَّى الْمَغْرِبَ حِينَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ، وَصَلَّى الْعِشَاءَ حِينَ غَابَ الشَّفَقُ، وَصَلَّى الصُّبْحَ حِينَ طَلَعَ الْفَجْرُ، ثُمَّ اَمَّنِي فِي الْيَوْمِ الثَّانِي، فَصَلَّى الظُّهْرَ وَفَيْءُ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلُهُ، وَصَلَّى الْعَصْرَ وَالْفَيْءُ قَامَتَانِ، وَصَلَّى الْمَغْرِبَ سَاعَةَ غَابَتِ الشَّمْسُ، وَصَلَّى الْعِشَاءَ اِلَى ثُلُثِ اللَّيْلِ الْاَوَّلِ، وَصَلَّى الصُّبْحَ حِينَ كَادَتِ الشَّمْسُ تَطْلُعُ، ثُمَّ قَالَ: الصَّلَاةُ فِيمَا بَيْنَ هَذَيْنِ الْوَقْتَيْنِ

مغرب جس وقت سورج غروب ہوگیا اور نمازِ عشاء جس وقت شفق غائب ہوئی اور نمازِ فجر جس وقت فجر طلوع ہوئی' پھر دوسرے دن مجھے امامت کروائی تو نمازِ ظہر پڑھائی جس وقت ہر شی کا سایہ ایک مثل ہوا اور نمازِ عصر جب ہر شی کا سایہ دو مثل ہوا اور نمازِ مغرب جس وقت سورج غروب ہوا اور نمازِ عشاء جس وقت رات کا ایک حصہ ختم ہوا اور نمازِ فجر سورج کے طلوع ہونے کے قریب' پھر عرض کی: ان دونوں وقتوں کے درمیان آپ کی نماز کا وقت ہے۔

5306 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، وَاَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قُرَيْظٍ، اَنَّ عَطَاءَ بْنَ يَسَارٍ حَدَّثَهُ اَنَّهُ: سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يُحَدِّثُ اَنَّهُ: سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ كَفَّارَاتُ مَا بَيْنَهُمَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: پانچ نمازیں درمیان میں ہونے والے گناہوں کا کفارہ ہیں۔

5307 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرَاَيْتَ لَوْ اَنَّ رَجُلًا كَانَ لَهُ مُعْتَمَلٌ، بَيْنَ مَنْزِلِهِ وَمُعْتَمَلِهِ خَمْسَةُ اَنْهَارٍ، فَاِذَا انْطَلَقَ اِلَى

حضور ﷺ نے فرمایا: آپ بتائیں کہ اگر کوئی آدمی محنت کرتا ہے اور اس کی محنت والی جگہ اور گھر کے درمیان نہر ہے' وہ کام کرتا ہے جتنی اللہ توفیق دیتا ہے'

5306- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **298** وقال: رواه البزار والطبراني في الأوسط والكبير وزاد فيه ثم صلى صلاة استغفر غفر الله له ما كان قبلها وفيه عبد الله بن قريظ ذكره ابن حبان في الثقات وبقية رجاله رجال الصحيح .

مُعْتَمَلِهِ عَمِلَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، فَاَصَابَهُ الْوَسَخُ اَوِ الْعَرَقُ، فَكُلَّمَا مَرَّ بِنَهَرٍ اغْتَسَلَ، مَا كَانَ ذٰلِكَ مُنَقِّيًا مِنْ دَرَنِهِ، فَكَذٰلِكَ الصَّلَوَاتُ، كُلَّمَا عَمِلَ خَطِيئَةً اَوْ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ صَلّٰى صَلَاةً اسْتَغْفَرَ، غُفِرَ لَهُ مَا كَانَ قَبْلَهَا

اسے پسینہ آتا ہے اور اس سے بدبو آتی ہے جب وہ نہر کے پاس سے گزرتا ہے تو غسل کرتا ہے اس کے جسم پر میل باقی رہے گی اسی طرح پانچ نمازوں کی مثال ہے جب کوئی گناہ ہو جائے تو وہ اُتر جاتا ہے پھر نماز پڑھے اور بخشش مانگے جو اس کے پہلے کے گناہ ہیں اللہ معاف کر دے گا۔

5308 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرَيْطٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِيَامُ رَمَضَانَ اِلَى رَمَضَانَ كَفَّارَةُ مَا بَيْنَهُمَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک رمضان سے دوسرے رمضان تک درمیان میں ہونے والے گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا۔

5309 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ وَيَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، اَنَّ مُقْعَدًا ذُكِرَ مِنْهُ زَمَانَةٌ، كَانَ عِنْدَ جِدَارِ اُمِّ سَعْدٍ، فَظَهَرَ بِامْرَاَةٍ حَمْلٌ، فَسُئِلَتْ، فَقَالَتْ: هُوَ مِنْهُ، فَسُئِلَ فَاعْتَرَفَ، فَاَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُجْلَدَ بِاَثْكَالِ عِذْقِ النَّخْلِ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لولے آدمی نے ان سے اپاہج عورت کا ذکر کیا جو اُم سعد کی دیوار کے پاس ہی تھا عورت کا حمل ظاہر ہوا اس سے پوچھا گیا تو اس نے کہا: اس کا ہے بعد میں اس سے پوچھا گیا تو اس نے اعتراف کر لیا حضور ﷺ نے حکم دیا: کھجوروں کی ٹہنیوں کے ساتھ کوڑے مارے جائیں۔

5310 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ، وَعَلِيُّ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

5308- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 142 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الله بن قريظ ذكره ابن أبي حاتم وقال يروى عنه يحيى بن أيوب وبقية رجاله رجال الصحيح .

5309- الدارقطني في سننه جلد 3 صفحه 100، رقم الحديث: 66 .

بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيَّانِ قَالَا: ثنا عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ، وَالْحِنْطَةُ بِالْحِنْطَةِ، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ، وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ، مِثْلًا بِمِثْلٍ، فَمَنْ زَادَ أَوِ ازْدَادَ فَقَدْ أَرْبَى، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِنَّ صَاحِبَ تَمْرِكَ يَشْتَرِي صَاعًا بِصَاعَيْنِ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَمْرِي كَذَا وَكَذَا، فَلَا يَأْخُذُوهُ إِلَّا أَنْ أَزِيدَهُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَفْعَلْ

کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سونا سونے کے بدلے اور چاندی چاندی کے بدلے گندم گندم کے بدلے جَو جَو کے بدلے کھجور کھجور کے بدلے نمک نمک کے بدلے برابر برابر جائز ہے جس نے اضافہ کیا یا اضافہ کروایا اس نے سود کیا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ کا ساتھی ایک صاع کے بدلے دو صاع لیتا ہے۔ اس کی طرف بلوانے کے لیے بھیجا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میری کھجور ایسی سی ہے اس سے اضافہ لیتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایسا نہ کرنا۔

سَعْدُ بْنُ عَائِذٍ الْقَرَظُ الْمُؤَذِّنُ الْأَنْصَارِيُّ

حضرت سعد بن عائذ القرظ المؤذن انصاری رضی اللہ عنہ

5311 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي حَسَّانَ الْأَنْمَاطِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ الْقَرَظُ مُؤَذِّنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ

حضرت عبدالرحمٰن بن عمار بن سعد القرظ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مؤذن فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے از میرے دادا روایت کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اپنی دونوں انگلیاں دونوں کانوں میں رکھیں کیونکہ ایسا کرنے سے تمہاری آواز اونچی ہوگی۔

5311- أورد نحوه ابن ماجه في سننه جلد **1** صفحه **236** رقم الحديث: **710**، والحاكم في مستدركه جلد **3** صفحه **703** رقم الحديث: **6554**.

بِلَالًا اَنْ يُدْخِلَ اِصْبَعَيْهِ فِي اُذُنَيْهِ، وَقَالَ: اِنَّهُ اَرْفَعُ لِصَوْتِكَ

5312 - وَاَنَّ اَذَانَ بِلَالٍ كَانَ مَثْنَى وَمَثْنَى، وَتَشَهُّدُهُ مُضَعَّفٌ، وَاِقَامَتُهُ مُفْرَدَةٌ، وَقَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ مَرَّةً وَاحِدَةً، وَاَنَّهُ كَانَ يُؤَذِّنُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِلْجُمُعَةِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا كَانَ الْفَيْءُ مِثْلَ الشِّرَاكِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان کے کلمات دو مرتبہ پڑھتے اور اشہد ان لا الہ الا اللہ دو مرتبہ اور اقامت کے کلمات ایک مرتبہ اور قد قامت الصلوٰۃ ایک مرتبہ اور جمعہ کے دن رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں جمعہ کے لیے کہی جاتی ہے جب سایہ ایک مثل ہو جاتا تھا۔

5313 - وَاَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَرَجَ اِلَى الْعِيدَيْنِ سَلَكَ عَلَى دَارِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، ثُمَّ عَلَى اَصْحَابِ الْفَسَاطِيطِ، ثُمَّ بَدَاَ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ، ثُمَّ كَبَّرَ فِي الْاُولَى سَبْعًا قَبْلَ الْقِرَاءَةِ، وَفِي الْآخِرَةِ خَمْسًا قَبْلَ الْقِرَاءَةِ، ثُمَّ خَطَبَ النَّاسَ، ثُمَّ انْصَرَفَ مِنَ الطَّرِيقِ الْآخَرِ، مِنْ طَرِيقِ بَنِي زُرَيْقٍ، فَذَبَحَ اُضْحِيَّتَهُ عِنْدَ طَرَفِ الزُّقَاقِ بِيَدِهِ بِشَفْرَةٍ، ثُمَّ خَرَجَ عَلَى دَارِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ وَدَارِ اَبِي هُرَيْرَةَ بِالْبَلَاطِ

حضور ﷺ جب عیدین کے لیے نکلتے تو جاتے وقت حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے گھر جاتے' پھر اصحاب کے خیموں کے پاس جاتے' پھر خطبہ سے پہلے نماز پڑھاتے' پھر قرأت سے پہلے پہلی رکعت میں سات مرتبہ تکبیریں کہتے' دوسری میں قرأت سے پہلے پانچ دفعہ تکبیریں کہتے تھے' پھر لوگوں کو خطبہ دیتے' پھر دوسرے راستے سے واپس آتے بنی زریق کے راستے سے اور زقاق کی طرف اپنے ہاتھ سے قربانی ذبح کرتے' پھر حضرت عمار بن یاسر اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کے گھر جاتے بلاط میں۔

5314 - وَكَانَ يَخْرُجُ اِلَى الْعِيدَيْنِ مَاشِيًا، وَيَرْجِعُ مَاشِيًا، وَكَانَ يُكَبِّرُ بَيْنَ اَضْعَافِ الْخُطْبَةِ، وَيُكْثِرُ التَّكْبِيرَ فِي الْخُطْبَةِ لِلْعِيدَيْنِ

آپ عیدین کے لیے پیدل نکلتے اور واپس بھی پیدل آتے' دونوں خطبوں کے شروع میں تکبیر کہتے' عیدین کے خطبہ میں کثرت سے تکبیریں کہتے تھے۔

5315 - وَكَانَ اِذَا خَطَبَ فِي الْحَرْبِ، خَطَبَ عَلَى قَوْسٍ، وَاِذَا خَطَبَ فِي الْجُمُعَةِ، خَطَبَ عَلَى عَصًا، وَاَنَّ بِلَالًا كَانَ اِذَا كَبَّرَ

آپ جب جنگ میں خطبہ دیتے تو کمان سے سہارا لے کر خطبہ دیتے' جب جمعہ کا خطبہ دیتے تو عصا کا سہارا لے کر خطبہ دیتے تھے' حضرت بلال رضی اللہ

بِالْاَذَانِ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، ثُمَّ يَقُولُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، مَرَّتَيْنِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ مَرَّتَيْنِ، وَيَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ، ثُمَّ يَنْحَرِفُ عَنْ يَمِينِ الْقِبْلَةِ، فَيَقُولُ: حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ يَنْحَرِفُ عَنْ يَسَارِ الْقِبْلَةِ، فَيَقُولُ: حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ يَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ، فَيَقُولُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

عنہ جب اذان دیتے تو آپ کا رُخ قبلہ کی طرف ہوتا' پھر آپ پڑھتے: اللہ اکبر' اللہ اکبر' اشہد ان لا الٰہ الا اللہ دو مرتبہ' دو مرتبہ اشہد ان محمداً رسول اللہ قبلہ رُخ ہو کر' پھر حی علی الصلوٰۃ کے وقت دائیں جانب پھرتے اور حی علی الفلاح کے وقت بائیں طرف پھرتے' دونوں دو دفعہ کہتے' پھر قبلہ کی طرف منہ کرتے اور پڑھتے: اللہ اکبر' اللہ اکبر' لا الٰہ الا اللہ' اللہ اکبر۔

5316 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا بَقِيَّةُ، ثنا الزُّبَيْدِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَعْدِ الْقَرَظِ، اَنَّ اَبَاهُ، وَعُمُومَتَهُ اَخْبَرُوهُ: اَنَّ سَعْدًا الْقَرَظَ كَانَ مُؤَذِّنًا لِاَهْلِ قُبَاءَ، فَانْتَقَلَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاتَّخَذَهُ مُؤَذِّنًا، اِنَّ السُّنَّةَ فِي صَلَاةِ الْاَضْحَى وَالْفِطْرِ اَنْ يُكَبِّرَ الْاِمَامُ فِي الْاُولَى سَبْعَ تَكْبِيرَاتٍ قَبْلَ الْقِرَاءَةِ، وَيُكَبِّرَ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ خَمْسَ تَكْبِيرَاتٍ قَبْلَ الْقِرَاءَةِ

حضرت حفص بن عمر بن سعد القرظ سے روایت ہے کہ ان کے والد اور پھوپھی نے بتایا کہ حضرت سعد القرظ قباء والوں کی مسجد میں اذان دیتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کو منتقل کیا' مؤذن مقرر کیا' عید الفطر و الاضحیٰ میں سنت ہے کہ قرأت سے پہلے سات مرتبہ تکبیریں اور دوسری قرأت سے پہلے پانچ دفعہ تکبیریں پڑھتی ہیں۔

5317 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، وَعَنْ عَمَّارٍ، وَعُمَرَ ابْنَيْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ آبَائِهِمْ، عَنْ اَجْدَادِهِمْ، عَنْ سَعْدٍ، اَنَّ اَوَّلَ مَا

حضرت سعد فرماتے ہیں: انصار کے آدمی کو سب سے پہلے اذان خواب میں دکھائی گئیں' حضور ﷺ کو بتایا کہ حضور ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان دینے کا حکم دیا' انصاری نے بتایا: اللّٰہ اکبر' اللّٰہ اکبر' اشہد ان لا الٰہ الا اللّٰہ' اشہد ان لا الٰہ

5317- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 329 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الرحمن بن عمار بن سعد ضعفه ابن معين .

بَدَا الْاَذَانُ اَنَّهُ اُرِيَهُ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَاَخْبَرَهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا اَنْ يُؤَذِّنَ ، فَاَلْقَاهُ عَلَيْهِ الْاَنْصَارِيُّ: اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، ثُمَّ عَادَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

الا اللّٰہ' اشهد ان محمدًا رسول اللّٰہ' اشهد ان محمدًا رسول اللّٰہ' پھر اشهد ان لا الٰه الا اللّٰہ' اشهد ان لا الٰه الا اللّٰہ' اشهد ان محمدًا رسول اللّٰہ' اشهد ان محمدًا رسول اللّٰہ' حی علی الصلوٰۃ' حی علی الصلوٰۃ' حی علی الفلاح' حی علی الفلاح' اللّٰہ اکبر' اللّٰہ اکبر' لا الٰه الا اللّٰہ ۔

5318 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ الْاَوَّلِ، ثنا حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، ثنا الْحَوْضِيُّ شَيْخٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِينَةِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَعَلَ لَهُ اَذَانًا

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے مجھے اذان دینے کے لیے مقرر کیا۔

5319 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عَائِذٍ الْقَرَظُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ، وَعَنْ عَمَّارٍ، وَعُمَرَ ابْنَيْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ آبَائِهِمْ، عَنْ اَجْدَادِهِمْ، عَنْ سَعْدِ الْقَرَظِ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ

حضرت سعد القرظ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کسی وقت قباء آتے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان دیتے' لوگوں کو بتانے کے لیے رسول اللہﷺ آئے ہیں' لوگ جمع ہو جاتے' ایک دن آپ آئے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ کے پاس نہیں تھے' آپ نے دیکھا ایک دوسرے کو نصیحت کرنے لگے

5319- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه336 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الرحمٰن بن سعد بن عمار وهو ضعيف .

اَیَّ سَاعَةٍ اَتَی قُبَاءَ اَذَّنَ بِلَالٌ بِالْاَذَانِ، لِاَنْ یَعْلَمَ النَّاسُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ جَاءَ، فَیَجْتَمِعُوا اِلَیْهِ، فَاَتَی یَوْمًا وَلَیْسَ مَعَهُ بِلَالٌ فَنَظَرَ زُنُوجُ النُّصْحِ بَعْضُهُمْ اِلَی بَعْضٍ، فَرَقَی سَعْدٌ فِی عِذْقِ الْاَذَانِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَا حَمَلَكَ عَلَی اَنْ تُؤَذِّنَ یَا سَعْدُ، قَالَ: بِاَبِی وَاُمِّی، رَاَیْتُكَ فِی قِلَّةٍ مِنَ النَّاسِ، وَلَمْ اَرَ بِلَالًا مَعَكَ، وَرَاَیْتُ هَؤُلَاءِ الزُّنُوجِ یَنْظُرُ بَعْضُهُمْ اِلَی بَعْضٍ وَیَنْظُرُونَ اِلَیْكَ، فَخَشِیتُ عَلَیْكَ مِنْهُمْ، فَاَذَّنْتُ، قَالَ: اَصَبْتَ یَا سَعْدُ، اِذَا لَمْ تَرَ بِلَالًا مَعِی فَاَذِّنْ، فَاَذَّنَ سَعْدٌ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فِی حَیَاةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

میں اوپر چڑھا اذان دینے کے لیے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے سعد! آپ کو اذان دینے کے لیے کس نے اُبھارا؟ عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! میں نے لوگوں کو کم دیکھا اور آپ کے ساتھ بلال کو نہیں دیکھا' یہ لوگ ایک آدمی کو دیکھ رہے ہیں' میں نے ان پر خوف کیا' میں نے اذان دی' آپ نے فرمایا: اے سعد! اچھا کیا' جب تُو بلال کو میرے ساتھ نہ دیکھے تو اذان دیا کر۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں تین مرتبہ اذان دی۔

5320 - وَبِاِسْنَادِهِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یَجْمَعُ بَیْنَ الصَّلَاتَیْنِ، بَیْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فِی الْمَطَرِ

حضور ﷺ نے بارش کی وجہ سے نمازِ مغرب و عشاء کو اکٹھا پڑھا۔

5321 - وَبِاِسْنَادِهِ اَنَّ النَّجَاشِیَّ بَعَثَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثِ عَنَزَاتٍ، فَاَمْسَكَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاحِدَةً لِنَفْسِهِ، وَاَعْطَی عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاحِدَةً، وَعُمَرَ وَاحِدَةً، وَكَانَ بِلَالٌ یَمْشِی بِهَا بَیْنَ یَدَیْهِ فَیَرْكُزُهَا بَیْنَ یَدَیْهِ فِی الْعِیدَیْنِ، فَیُصَلِّی اِلَیْهَا

اسی سند کے ساتھ ہے کہ حضرت نجاشی نے رسول اللہ ﷺ کی طرف تین تیر بھیجے' حضور ﷺ نے ایک اپنے لیے رکھا اور ایک حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا اور ایک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اسے لے کر آپ کے آگے چلے' آپ کے آگے گاڑتے' عیدین میں آپ اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے۔

5321- ذکرہ الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد2صفحه58 وقال: رواہ الطبرانی فی الکبیر وفی اسنادہ من لم یسم .

سَعْدُ بْنُ ضُمَيْرَةَ السُّلَمِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ

5322 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ أَبِي زِيَادٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ أَنَّهُ: سَمِعَ زِيَادَ بْنَ سَعْدِ بْنِ ضُمَيْرَةَ السُّلَمِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ مُحَلِّمَ بْنَ جَثَّامَةَ اللَّيْثِيَّ قَتَلَ رَجُلًا مِنْ أَشْجَعَ فِي الْإِسْلَامِ، وَذَلِكَ أَوَّلُ غِيَرٍ قَضَى بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَتَكَلَّمَ عُيَيْنَةُ بْنُ بَدْرٍ فِي قَتْلِ الْأَشْجَعِيِّ لِأَنَّهُ رَجُلٌ مِنْ غَطَفَانَ، وَتَكَلَّمَ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ دُونَ مُحَلِّمِ بْنِ جَثَّامَةَ، لِأَنَّهُ رَجُلٌ مِنْ خِنْدِفٍ، قَالَ: فَارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ، وَكَثُرَتِ الْخُصُومَةُ وَاللَّغَطُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا تَقْبَلُ الْغِيَرَ يَا عُيَيْنَةُ؟، قَالَ: لَا وَاللَّهِ، حَتَّى أُدْخِلَ عَلَى نِسَائِهِ مِنَ الْحَرْبِ وَالْحَزَنِ مِثْلَ مَا أَدْخَلَ عَلَى نِسَائِي، قَالَهَا مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا، إِلَى أَنْ قَامَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي لَيْثٍ يُقَالُ لَهُ: مُكَيْتِلٌ، فِي يَدِهِ دَرَقَةٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِنِّي لَمْ أَجِدْ لِمَا فَعَلَ هَذَا فِي غُرَّةِ الْإِسْلَامِ، إِلَّا غَنَمٌ وَرَدَتْ، فَرُمِيَ أَوَّلُهَا، فَنَفَرَ آخِرُهَا، فَاسْنُنِ الْيَوْمَ وَغَيِّرْ غَدًا، فَقَالَ

حضرت سعد بن ضمیرہ السلمی رضی اللہ عنہ آپ مدینہ آئے تھے

حضرت عروہ بن زبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ محلم بن جثامہ لیثی سے اسلام میں قبیلہ اشجع کا ایک آدمی قتل ہوگیا' یہ غیر کے پہلے شخص تھے جن کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فیصلہ کیا۔ راوی کا بیان ہے: عیینہ بن بدر نے اشجعی کے قتل کے متعلق بات کی کیونکہ یہ بنوغطفان سے ایک آدمی تھا۔ اقرع بن حابس نے محلم بن جثامہ کے علاوہ گفتگو کی' کیونکہ یہ خندف کے آدمی تھے اور آوازیں اونچی ہوئیں' جو جھگڑا اور لغو بُرا بھلا کہنے سے زیادہ ہونے لگیں۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عیینہ! کیا آپ غیر کو قبول نہیں کریں گے؟ حضرت عیینہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! نہیں یہاں تک کہ اس کی عورتوں پر حرب اور غم نہ داخل کر دوں جیسے اس نے میری عورتوں پر داخل کی ہے۔ دو مرتبہ یہ باتیں کہیں' یہاں تک کہ بنی لیث سے ایک آدمی کھڑا ہوا' اس کا نام مکیتل تھا' اس کے ہاتھ میں ڈھال تھی' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اسلام نہیں پاتا ہوں اس کیلئے جو یہ کام کرے مگر بکریاں جو داخل ہوں۔ اس نے شروع سے تیر مارا' جو اس کا آخری بھاگ گیا' کچھ آج کے دن رکھا گیا کچھ کل کے دن' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو پچاس فوراً دوا اور پچاس جب ہم

5322- اورده ابو داؤد في سننه جلد4صفحه171' رقم الحديث:4503 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَمْسُونَ فِي فَوْرِنَا هَذَا، وَخَمْسُونَ إِذَا قَدِمْنَا ، وَذَلِكَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ، وَمُحَلِّمٌ رَجُلٌ ضَرْبٌ، طَوِيلٌ، آدَمٌ، فِي طَرَفِ النَّاسِ، قَالَ: فَلَمْ يَزَالُوا بِهِ حَتَّى قَامَ فَجَلَسَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَيْنَاهُ تَدْمَعَانِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ كَانَ مِنَ الشَّأْنِ الَّذِي بَلَغَكَ، وَإِنِّي أَتُوبُ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَاسْتَغْفِرْ لِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَتَلْتَهُ بِسِلَاحِكَ فِي غُرَّةِ الْإِسْلَامِ، اللّٰهُمَّ لَا تَغْفِرْ لِمُحَلِّمٍ ، بِصَوْتٍ عَالٍ، قَالَ ذَلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، كُلُّ ذَلِكَ يَقُولُ: قَتَلْتَهُ بِسِلَاحِكَ فِي غُرَّةِ الْإِسْلَامِ، اللّٰهُمَّ لَا تَغْفِرْ لِمُحَلِّمٍ

آ ئیں' یہ کسی سفر میں ہوا؟ محلم مارنے والا آدمی لمبے قد کا آدمی تھا' لوگوں کی ایک طرف رہتا تھا' راوی کا بیان ہے: یہ مسلسل ہوتا رہا یہاں تک کہ کھڑا ہوا اور حضورﷺ کے آگے بیٹھا' اس کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے' عرض کی: یارسول اللہ! یہ معاملہ جو آپ کو پہنچا ہے' آپ کو معلوم ہی ہے کہ میں اللہ سے توبہ کرتا ہوں' یارسول اللہ! میرے لیے بخشش مانگیں' حضورﷺ نے فرمایا: تُو نے اسلام کی روشن ابتداء میں اسے اپنے اسلحہ سے قتل کیا' اے اللہ! محلم کو نہ بخشا! بلند آواز سے تین مرتبہ کہا' ہر مرتبہ یہ کہا: تمہارے اسلحہ سے اسلام کی روشن ابتدا میں وہ قتل ہوا' اے اللہ! محلم کو نہ بخشا۔

5323 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ، قَالَ: لَمَّا مَاتَ دَفَنَهُ قَوْمُهُ، فَلَفَظَتْهُ الْأَرْضُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَأَلْقَوْهُ بَيْنَ ضَوَاحِي جَبَلٍ، وَرَبَوْا عَلَيْهِ بِالْحِجَارَةِ، فَأَكَلَتْهُ السِّبَاعُ، قَالَ ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ: بَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خُبِّرَ أَنَّ الْأَرْضَ لَفِظَتْهُ قَالَ: أَمَا إِنَّ الْأَرْضَ تَقْبَلُ مَنْ هُوَ شَرٌّ مِنْهُ، وَلَكِنَّ اللّٰهَ أَرَادَ أَنْ يُرِيَكُمْ عِظَمَ الدَّمِ عِنْدَهُ

حضرت حسن بن حسن فرماتے ہیں کہ ہماری قوم میں ایک آدمی مرگیا (تین مرتبہ دفن کیا) تین مرتبہ زمین نے باہر پھینک دیا) اس کو پہاڑ کی چوٹی پر سے پھینک دیا گیا' پتھروں کے اوپر اس کو درندوں نے کھایا۔ ابن ابوزیاد فرماتے ہیں کہ مجھے خبر معلوم ہوئی کہ حضورﷺ کو جب خبر ہوئی کہ سرزمین نے اس کو پھینک دیا' آپ نے فرمایا: زمین تو اس سے زیادہ بُروں کو بھی قبول کر لیتی ہے' لیکن اللہ عزوجل نے دکھانے کا ارادہ کیا کہ تم کو اپنی طرف سے بڑا خوف دکھائے۔

5324 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عروہ بن زبیر فرماتے ہیں کہ مجھے میرے

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ: سَمِعْتُ زِيَادَ بْنَ سَعْدِ بْنِ ضُمَيْرَةَ السُّلَمِيَّ يُحَدِّثُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنِي اَبِي، وَجَدِّي وَكَانَا قَدْ شَهِدَا حُنَيْنًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَا: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ الظُّهْرَ، ثُمَّ جَلَسَ اِلَى ظِلِّ الشَّجَرَةِ، فَقَامَ الْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ، وَعُيَيْنَةُ بْنُ بَدْرٍ فَطَلَبَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنٍ بِدَمِ الْاَشْجَعِيِّ عَامِرِ بْنِ الْاَحْبَطِ، وَهُوَ يَوْمَئِذٍ سَيِّدُ قَيْسٍ، وَالْاَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ يَدْفَعُ عَنْ مُحَلِّمِ بْنِ جَثَّامَةَ لِخِنْدِفٍ، فَاخْتَصَمَا بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَمِعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَاْخُذُونَ الدِّيَةَ خَمْسِينَ فِي سَفَرِنَا هَذَا، وَخَمْسِينَ اِذَا رَجَعْنَا، فَذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي الزِّنَادِ

دادا اور والد نے بتایا کہ وہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حنین میں شریک ہوئے تھے' دونوں فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نمازِ ظہر پڑھائی' پھر آپ درخت کے سایہ میں بیٹھے' حضرت اقرع بن حابس اور عیینہ بن بدر رضی اللہ عنہما کھڑے ہوئے' حضرت عیینہ بن حابس نے عامر بن احبط اشجعی کے خون کا مطالبہ کیا' وہ اس دن قیس کے سردار تھے' اقرع بن حابس نے محلم بن جثامہ خندف کی وجہ سے دفاع کیا' دونوں اپنا جھگڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے لائے' دونوں کی بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سنی' آپ نے فرمایا: پچاس اونٹ بطور دیت اس سفر میں ہم سے لے لو اور پچاس واپس جا کر لے لینا۔ اس کے بعد عبدالرحمٰن بن زیاد والی حدیث کی مثل ذکر کی۔

سَعْدُ بْنُ اَبِي ذُبَابٍ الدَّوْسِيُّ

حضرت سعد بن ابوذباب الدوسی رضی اللہ عنہ

5325 - حَدَّثَنَا طَالِبُ بْنُ قُرَّةَ الْاَذَنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، وَبَكْرُ

حضرت سعد بن ابوذباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں اسلام لایا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! قوم کے لیے مجھے مقرر کریں جو اسلام لائے ہیں' آپ نے ایسے ہی کیا' آپ نے

5325- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد4صفحه79' والبيهقي في سننه الكبرى جلد 4صفحه127 رقم الحديث: 7253 .

بْنُ خَلَفٍ، وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى، ثنا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي ذُبَابٍ، عَنْ مُنِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ سَعْدِ بْنِ اَبِي ذُبَابٍ قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْلَمْتُ، وَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اجْعَلْ لِقَوْمِي مَا اَسْلَمُوا عَلَيْهِ، فَفَعَلَ، وَاسْتَعْمَلَنِي عَلَيْهِمْ، وَاسْتَعْمَلَنِي اَبُو بَكْرٍ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَعْمَلَنِي عُمَرُ بَعْدَ اَبِي بَكْرٍ، فَقُلْتُ لِقَوْمِي: اِنَّهُ لَا خَيْرَ فِي مَالٍ لَا تُؤَدَّى صَدَقَتُهُ، فَاَدُّوا زَكَاةَ الْعَسَلِ، قَالُوا: كَمْ تَرَى؟ قُلْتُ: الْعُشْرَ، فَاَخَذْتُ مِنْهُمُ الْعُشْرَ، فَاَتَيْتُ بِهِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَبَاعَهُ وَجَعَلَهُ فِي صَدَقَاتِ الْمُسْلِمِينَ

مجھے ان پر مقرر کیا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضورﷺ کے بعد مجھے مقرر کیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد مجھے مقرر کیا' میں نے اپنی قوم کے مال میں بھلائی نہیں' جس کی زکوٰۃ نہ دی جائے' شہد کی زکوٰۃ ادا کرو' انہوں نے کہا: کتنی؟ میں نے کہا: دسواں حصہ۔ پس میں نے دسواں حصہ ان سے لیا' میں اس کو لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے اس کو فروخت کیا اور مسلمانوں کے زکوٰۃ کے مال میں رکھا۔

سَعْدُ بْنُ عُمَارَةَ السَّعْدِيُّ وَكَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ

حضرت سعد بن عمارہ سعدی رضی اللہ عنہ' آپ مدینہ آئے تھے

5326 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْخَطَّابِ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ، ثنا عَمِّي، ثنا اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدِ بْنِ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيُّ، اَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ: عَنْ سَعْدِ بْنِ عَمَّارٍ اَخِي بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ، وَكَانَتْ لَهُ

حضرت سعد بن عمار رضی اللہ عنہ' حضرت سعد بن بکر کے بھائی ان کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے' ایک آدمی نے کہا: مجھے وصیت کریں' اللہ آپ پر رحم کرے! آپ نے فرمایا: جب تُو نماز کے لیے کھڑا ہو تو مکمل وضو کر کیونکہ نماز بغیر وضو کے نہیں ہے اور نماز بغیر ایمان کے نہیں۔ پھر فرمایا: جب تُو نماز پڑھے تو الوداع

5326- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10 صفحه236 وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات .

صُحْبَةٌ، اَنَّ رَجُلًا قَالَ لَهُ: عِظْنِي فِي نَفْسِي يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، قَالَ: اِذَا اَنْتَ قُمْتَ اِلَى الصَّلَاةِ، فَاَسْبِغِ الْوُضُوءَ، فَاِنَّهُ لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَا وُضُوءَ لَهُ، وَلَا اِيمَانَ لِمَنْ لَا صَلَاةَ لَهُ، ثُمَّ قَالَ: اِذَا اَنْتَ صَلَّيْتَ، فَصَلِّ صَلَاةَ مُوَدِّعٍ، وَاتْرُكْ طَلَبَ كَثِيرٍ مِنَ الْحَاجَاتِ، فَاِنَّهُ فَقْرٌ حَاضِرٌ، وَاجْمَعِ الْيَاْسَ مِمَّا فِي اَيْدِي النَّاسِ، فَاِنَّهُ هُوَ الْغِنَى، وَانْظُرْ اِلَى مَا تَعْتَذِرُ مِنْهُ مِنَ الْقَوْلِ وَالْفِعْلِ، فَاجْتَنِبْهُ

نماز پڑھ زیادہ مال کی حرص کی خواہشات چھوڑ دے اور محتاجی موجود رہے جولوگوں کے پاس ہے اس سے مایوس ہو جا' یہ مال داری ہے' ایسی بات سے بچ جس کے کرنے کے بعد معذرت کرنی پڑے۔

سَعْدُ بْنُ تَمِيمٍ اَبُو بِلَالٍ السَّكُونِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الشَّامَ بِدِمَشْقَ

5327 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُمَرَ، ثنا اَبُو مُسْهِرٍ، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَا: ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ شَرَاحِيلَ الْعَنْسِيُّ، عَنْ بِلَالِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُّ اُمَّتِكَ خَيْرٌ؟ قَالَ: اَنَا وَاَقْرَانِي . قُلْنَا: ثُمَّ مَاذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ، ثُمَّ الْقَرْنُ الثَّانِي . قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ، ثُمَّ الْقَرْنُ الثَّالِثُ . قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ، ثُمَّ يَكُونُ قَوْمٌ يَحْلِفُونَ وَلَا

حضرت سعد بن تمیم ابو بلال السکونی رضی اللہ عنہ آپ ملک شہر کے دمشق میں تھے

حضرت بلال بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی اُمت سے بہتر کون ہے؟ آپ نے فرمایا: میں اور میرا زمانہ! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد؟ آپ نے فرمایا: تابعین کا زمانہ' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کے بعد؟ آپ نے فرمایا: تبع تابعین' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! پھر اس کے بعد کون ہے؟ فرمایا: اس کے بعد قسم اُٹھانے والا بن مانگے قسم اُٹھائے گا' گواہی دینے والے گواہی مانگنے والے کے بغیر گواہی دے گا' امانت رکھی جائے گی' واپس نہیں کریں گے۔

5327- ذكره الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد**10** صفحه**19** وقال: رواه الطبرانى ورجاله ثقات .

يُسْتَحْلَفُونَ، وَيَشْهَدُونَ وَلَا يُسْتَشْهَدُونَ، وَيُؤْتَمَنُونَ وَلَا يُؤَدُّونَ

5328 - حَدَّثَنَا اَبُو عَامِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ النَّحْوِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ، عَنْ بِلَالِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لِلْخَلِيفَةِ بَعْدَكَ؟ قَالَ: مَا لِي مَا رَحِمَ ذَا الرَّحِمِ، وَاَقْسَطَ فِي الْقِسْطِ، وَعَدَلَ فِي الْقِسْمَةِ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے بعد خلیفہ کون ہو گا؟ آپ نے فرمایا: صلہ رحمی کرنے والا' انصاف اور عدل سے تقسیم کرنے والا۔

5329 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا حِبَّانُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ بِلَالِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيْنَ بَنُوكَ؟، قُلْتُ: هَا هُمْ اُولَاءِ، قَالَ: فَائْتِنِي بِهِمْ فَاَمَرْتُ اَهْلِي فَاَلْبَسْتُهُمْ قُمُصًا بَيْضَاءَ، ثُمَّ اَتَيْتُهُ بِهِمْ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اُعِيذُهُمْ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالضَّلَالَةِ، وَمِنَ الْفَقْرِ الَّذِي يُصِيبُ بَنِي آدَمَ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارے بیٹے کہاں ہیں؟ میں نے عرض کی: وہ یہاں ہیں' آپ نے فرمایا: انہیں میرے پاس لاؤ! میں نے اپنے گھر والوں کو حکم دیا' میں نے انہیں سفید قمیص پہنائی' آپ نے دعا کی: اے اللہ! میں ان کے لیے کفر اور گمراہی سے پناہ مانگتا ہوں اور ایسی محتاجی کہ جو انسان کو ملے گی۔

سَعْدُ بْنُ

حضرت سعد بن خولہ

5328- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه231 وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات .

5329- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه414 وقال: رواه الطبراني واسناده حسن .

خَوْلَةَ بَدْرِيٌّ

بدری رضی اللہ عنہ

5330 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، ثُمَّ مِنْ بَنِي مَالِكِ بْنِ حَسَلٍ، سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ بنی عامر بن لوی اور بنی مالک بن حسل میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن خولہ کا بھی ہے۔

5331 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، وَقَرَاَ عَلَيَّ حَدِيثَ سُبَيْعَةَ، اَنَّ زَوْجَهَا تُوُفِّيَ فَقَالَ: زَوْجُهَا سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ، وَمَاتَ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ بِمَكَّةَ، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عِيَادَتِهِ لِسَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ: اللّٰهُمَّ امْضِ لِاَصْحَابِي هِجْرَتَهُمْ، وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلَى اَعْقَابِهِمْ، وَلٰكِنَّ الْبَائِسَ سَعْدَ بْنَ خَوْلَةَ رَثَى لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت سبیعہ رضی اللہ عنہا نے حدیث بیان کی' ان کا شوہر سعد بن خولہ تھا' حضرت سعد بن خولہ رضی اللہ عنہ کا وصال مکہ میں ہوا۔ حضور ﷺ نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو حجۃ الوداع کے موقع پر عیادت کی' یہ دعا کی: اے اللہ! میرے صحابہ کی ہجرت قبول کر' ان کو ان کی ایڑیوں کے بل نہ لوٹانا' لیکن افسوس سعد بن خولہ کے لیے۔ حضور ﷺ نے ان کے لیے افسوس کیا' یہ مکہ میں وصال کر گئے۔

سَعْدُ بْنُ الْاَطْوَلِ الْجُهَنِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

حضرت سعد بن اطول جہنی رضی اللہ عنہ آپ بصرہ آئے تھے

5332 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ زَكَرِيَّا

حضرت شباب العصفری فرماتے ہیں کہ حضرت

5331- اخرج نحوه مسلم مطولا في صحيحه جلد 3 صفحه 1251 رقم الحديث: 1628 . وكذلك البخاري في صحيحه جلد 1 صفحه 435 رقم الحديث: 1233' جلد 3 صفحه 1431 رقم الحديث: 3721' جلد 4 صفحه 1600 رقم الحديث: 4147' جلد 5 صفحه 2343 رقم الحديث: 6012 .

التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: سَعْدُ بْنُ الْأَطْوَلِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ وَاهِبِ بْنِ عَتَّابِ بْنِ مَالِكِ بْنِ سَعْدِ بْنِ صَعْبَةِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ عَوْفِ بْنِ غَطَفَانِ بْنِ قَيْسِ بْنِ جُهَيْنَةَ بْنِ زَيْدٍ مِنْ سَاكِنِي الْبَصْرَةِ

سعد بن اطول بن عبداللہ بن خالد بن واہب بن عتاب بن مالک بن سعد بن صعبہ بن عدی بن عوف بن غطفان بن قیس بن جہینہ بن زید۔

مَا اَسْنَدَ سَعْدُ بْنُ الْاَطْوَلِ

حضرت سعد بن اطول رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

5333 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَرْبِ الْعَبَّادَانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، قَالُوا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، اَخْبَرَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ اَبُو جَعْفَرٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ اَبِي نُضْرَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ الْاَطْوَلِ، اَنَّ اَخَاهُ مَاتَ وَتَرَكَ ثَلَاثَ مِائَةِ دِرْهَمٍ، وَتَرَكَ عِيَالًا، فَاَرَدْتُ اَنْ اُنْفِقَهَا عَلَى عِيَالِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَخَاكَ مَحْبُوسٌ بِدَيْنِهِ فَاقْضِ عَنْهُ، فَقَضَيْتُ عَنْهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ اَدَّيْتُ عَنْهُ اِلَّا دِينَارَيْنِ ادَّعَتْهُمَا امْرَاَةٌ لَيْسَتْ لَهَا بَيِّنَةٌ قَالَ: اَعْطِهَا، فَاِنَّهَا صَادِقَةٌ

حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن اطول رضی اللہ عنہ کے بھائی وصال کر گئے اور تین سو درہم چھوڑ گئے اور بچے میں نے ان کے بچوں پر خرچ کرنے کا ارادہ کیا تو حضورﷺ نے فرمایا: تمہارا بھائی قرض کی وجہ سے قید کرلیا گیا ہے اس کا قرض ادا کرو۔ میں نے ان کا قرض ادا کیا میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے قرض دے دیا ہاں! ایک عورت نے دو دینار کا دعویٰ کیا ہے لیکن اس کے پاس گواہ نہیں ہیں آپ نے فرمایا: اس کو دے دو کیونکہ صدقہ کا ثواب ہو گا۔

5334 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا

حضرت ابوعبداللہ بن بدر فرماتے ہیں کہ حضرت

5333- أحمد في مسنده جلد4صفحه136' جلد5صفحه7 .

5334- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه254 وقال: رواه أبو يعلى وفيه جماعة لم أعرفهم .

وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بِنِ بَدْرِ بْنِ اَصْلِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ الْاَطْوَلِ، حَدَّثَنِي اَبِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَدْرٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ يَخْرُجُ اِلَى اَصْحَابِهٖ بِتُسْتَرَ، فَيَزُورُهُمْ فَيُقِيمُ يَوْمَ دُخُولِهِ وَالثَّانِي وَيَخْرُجُ فِي الثَّالِثِ، فَيُقَالُ لَهُ: لَوْ اَقَمْتَ، فَيَقُولُ: سَمِعْتُ اَبِي يَقُولُ: نَهَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الثَّنَاوَةِ فَمَنْ اَقَامَ بِبِلَادِ الْخَرَاجِ، فَقَدْ ثنا وَاَنَا اَكْرَهُ اَنْ اُقِيمَ

عبداللہ بن سعد رضی اللہ عنہ تُستر کے مقام پر اپنے ساتھیوں کی طرف تشریف لے جاتے' ان کی زیارت کرتے' ان کے پاس ایک دو دن ٹھہرتے' تیسرے دن آ جاتے' آپ سے کہا گیا: اگر آپ ٹھہریں! آپ نے فرمایا: میں نے اپنے والد کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ حضور ﷺ نے بڑائی سے منع کیا' جو خراج والے شہر میں ٹھہرے' تو اس نے بڑائی کی' میں یہاں ٹھہرنا ناپسند کرتا ہوں۔

سَعْدٌ اَبُو الْحَارِثِ

حضرت سعد ابوالحارث رضی اللہ عنہ

5335 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، ثنا يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ الْاَيْلِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي خُزَامَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ رُقًى نَسْتَرْقِي بِهَا، وَاَدْوِيَةً نَتَدَاوَى بِهَا، تَرُدُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ؟ قَالَ: هِيَ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ هَكَذَا رَوَاهُ عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ يُونُسَ، وَخَالَفَهُ النَّاسُ فَرَوَوْهُ عَنْ يُونُسَ كَمَا رَوَاهُ النَّاسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي خُزَامَةَ

حضرت حارث بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ ہر وہ دَم جو ہم کرتے ہیں اور دوا لیتے ہیں' کیا یہ اللہ تقدیر کو روک سکتی ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ بھی اللہ کی تقدیر ہے۔ عثمان بن عمر نے یونس سے اسی طرح روایت کیا' لوگوں نے ان سے اختلاف کیا اور اُنہوں نے حضرت یونس سے روایت کی جس طرح لوگوں نے روایت کی زہری سے' وہ ابوخزامہ سے روایت کرتے ہیں۔

سَعْدُ بْنُ مُحَيِّصَةَ اَبُو حَرَامٍ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت سعد بن محیصہ ابوحرام انصاری رضی اللہ عنہ

5336 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

حضرت حرام بن محیصہ اپنے والد سے روایت

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حَرَامِ بْنِ مُحَيِّصَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ نَاقَةً لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ دَخَلَتْ حَائِطَ رَجُلٍ، فَاَفْسَدَتْ فِيهِ، فَقَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عَلَى اَهْلِ الْاَمْوَالِ حِفْظَهَا بِالنَّهَارِ، وَعَلَى اَهْلِ الْمَوَاشِي حِفْظَهَا بِاللَّيْلِ

کرتے ہیں کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی اونٹنی ایک آدمی کے باغ میں داخل ہوئی' اس نے اسے خراب کیا' رسول اللہ ﷺ نے فیصلہ کیا کہ مال والے لوگ دن کو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہیں اور جانوروں والا رات کو ان کی حفاظت کرے۔

5337 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّيُّ، ثنا وُهَيْبٌ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَالنُّعْمَانِ بْنِ رَاشِدٍ، وَمَالِكٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حَرَامِ بْنِ مُحَيِّصَةَ، اَنَّ نَاقَةً لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ دَخَلَتْ حَائِطَ الْقَوْمِ، فَاَفْسَدَتْ زَرْعَهُمْ، فَقَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عَلَى اَهْلِ الْمَوَاشِي حِفْظَ مَوَاشِيهِمْ بِاللَّيْلِ، وَعَلَى اَهْلِ الزَّرْعِ حِفْظَ زَرْعِهِمْ بِالنَّهَارِ

حضرت حرام بن محیصہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی اونٹنی ایک آدمی کے باغ میں داخل ہوئی' اس نے اسے خراب کیا' رسول اللہ ﷺ نے فیصلہ کیا کہ مال والے لوگ دن کو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہیں اور جانوروں والا رات کو ان کی حفاظت کرے اور کھیتی والا دن کو اپنی کھیتی کی حفاظت کرے۔

5338 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حَرَامِ بْنِ مُحَيِّصَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَسْبِ الْحَجَّامِ، فَنَهَاهُ عَنْهُ، فَشَكَا اِلَيْهِ الْحَاجَةَ فَقَالَ: اعْلِفْهُ نَوَاضِحَكَ

حضرت حرام بن محیصہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ سے پچھنے لگانے والے کی کمائی کے متعلق پوچھا تو آپ نے اس سے منع فرمایا' آپ سے اس کی مجبوری کی شکایت کی گئی تو آپ نے فرمایا: اپنے جانوروں کو چارہ ڈال کر۔

سَعْدُ بْنُ سُوَيْدٍ الْاَنْصَارِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ

حضرت سعد بن سوید انصاری رضی اللہ عنہ اُحد کے دن شہید کیے گئے

5339 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی

5338- ابن ماجه في سننه جلد2 صفحه 732' رقم الحديث: 2166 .

سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، سَعْدُ بْنُ سُوَيْدٍ

حارث بن خزرج سے جو اُحد کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن سوید کا بھی ہے۔

سَعْدُ بْنُ سَلَامَةَ الْاَنْصَارِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ جِسْرِ الْمَدَائِنِ، سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ

حضرت سعد بن سلامہ الانصاری رضی اللہ عنہ' جسر المدائن کے دن ۱۵ ہجری کو شہید کیے گئے

5340 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ جِسْرِ الْمَدَائِنِ، مَعَ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ بْنِ زَعُورَاءَ، سَعْدُ بْنُ سَلَامَةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے ساتھ انصار اور بنی عبدالاشہل بنی زعوراء سے جو جسر المدائن کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن سلامہ کا ہے۔

5341 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْجِسْرِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي زَعُورَاءَ، سَعْدُ بْنُ سَلَامَةَ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عبدالاشہل اور بنی زعوراء سے جو جسر کے دن شہید کیے گئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن سلامہ کا بھی ہے۔

سَعْدُ بْنُ يَزِيدَ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ، وَيُقَالُ: سَعْدُ

حضرت سعد بن یزید انصاری بدری' آپ کا نام سعد بن عثمان

بْنُ عُثْمَانَ

رضی اللہ عنہ ہے

5342 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ، سَعْدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ خَلْدَةَ بْنِ عَامِرِ بْنِ زُرَيْقٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی زریق سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن یزید بن خلدہ بن عامر بن زریق کا بھی ہے۔

5343 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ، سَعْدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خَلْدَةَ بْنِ مَخْلَدٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی زریق سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعد بن یزید بن خلدہ بن عامر بن زریق کا بھی ہے۔

سَعْدُ بْنُ سُهَيْلٍ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

حضرت سعد بن سہیل انصاری بدری رضی اللہ عنہ

سَعْدٍ، فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ اَنْ يَقْدُمَ سَعْدٌ، فَلَمَّا قَدِمَ سَعْدٌ، ذُكِرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ سَعْدٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيَنْفَعُهَا اَنْ اَتَصَدَّقَ عَنْهَا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ. فَقَالَ سَعْدٌ: حَائِطُ كَذَا وَكَذَا صَدَقَةٌ عَنْهَا لِحَائِطٍ سَمَّاهُ

آنے سے پہلے وصال کر گئیں' جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ آئے تو ان کو یہ بات بتائی گئی' حضرت سعد نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں تو ان کے لیے نفع ہوگا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: فلاں فلاں باغ ان کی طرف سے صدقہ کیا۔ اس باغ کا بھی لیا۔

سَعِيدٌ اَبُو كِنْدِيرٍ

5391 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَا: ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ كِنْدِيرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: حَجَجْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَاِذَا اَنَا بِرَجُلٍ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ وَهُوَ يَرْجُزُ، وَهُوَ يَقُولُ:

(البحر الرجز)

رَبِّ رُدَّ اِلَيَّ رَاكِبِي مُحَمَّدًا
رُدَّهُ رَبِّ اِلَيَّ، وَاصْطَنِعْ عِنْدِي يَدًا

قُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوا: هٰذَا عَبْدُ الْمُطَّلِبِ بْنُ هَاشِمٍ، ذَهَبَتْ اِبِلٌ لَهُ فَاَرْسَلَ ابْنَهُ فِي طَلَبِهَا فَاحْتَبَسَ عَلَيْهِ، وَلَمْ يُرْسِلْهُ قَطُّ فِي حَاجَةٍ اِلَّا جَاءَ بِهَا، قَالَ: فَمَا بَرِحْتُ اَنْ جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت سعید ابو کندیر رضی اللہ عنہ

حضرت کندیر بن سعید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے جاہلیت کے زمانہ میں حج کیا' ایک آدمی طواف کر رہا تھا' وہ رجز پڑھ رہا تھا:

''اے رب! میری طرف میرے سوار محمد ﷺ کو بھیج' اے رب! میرے پاس بھیج' اور مجھ پر احسان کر۔

میں نے کہا: یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا: عبدالمطلب بن ہاشم ہے' اس کے اونٹ چلے گئے ہیں' اس نے اپنا بیٹا اُن کو تلاش کرنے کے لیے بھیجا ہے' اس کو روک لیا گیا حالانکہ جس کام کے لیے بھی اس کو وہ کام کر کے آیا' میں اس سے جدا نہ ہوا تھا کہ حضور ﷺ آئے اور ان کے ساتھ اونٹ آئے' کہا: اے میرے بیٹے! میں آپ کے لیے پریشان ہوا تھا' آپ مجھ سے کبھی جدا نہ ہوں۔

5391- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد2 صفحه659' رقم الحديث: 4184 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَاءَ بِالْإِبِلِ مَعَهُ، فَقَالَ: يَا بُنَيَّ، لَقَدْ حَزِنْتُ عَلَيْكَ حُزْنًا لَا يُفَارِقُنِي أَبَدًا

سَعِيدُ بْنُ حُرَيْثٍ الْمَخْزُومِيُّ

حضرت سعید بن حریث مخزومی رضی اللہ عنہ

كَانَ يَنْزِلُ الْكُوفَةَ، وَهُوَ سَعِيدُ بْنُ حُرَيْثِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَخْزُومٍ، وَأُمُّهُ: عَاتِكَةُ بِنْتُ هِشَامِ بْنِ حِذْيَمِ بْنِ سَعْدِ بْنِ رَبَابِ بْنِ سَهْمٍ

آپ کوفہ آئے تھے' ان کا نسب سعید بن حریث بن عمرو بن عثمان بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم ہے۔ ان کی والدہ کا نام عاتکہ بنت ہشام بن حزیم بن سعد بن رباب بن سہم ہے۔

5392 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي الْمَضَاءِ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ قَالَ: كَانَ أَخِي سَعِيدٌ أَكْبَرَ مِنِّي

حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے بھائی سعید مجھ سے بڑے تھے۔

5393 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُهَاجِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ عُمَيْرٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَخِي سَعِيدُ بْنُ حُرَيْثٍ، وَكَانَ لَهُ صُحْبَةٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ نِعْمَ الْأَخُ، فَكُنْتُ أَهْوَى الْكُوفَةَ، فَاسْتَأْذَنْتُهُ فِي بَيْعِ الدَّارِ، فَأَذِنَ بِبَيْعِهَا، فَقَالَ لِي: يَا أَخِي، أَمْسِكْ يَدَكَ عَنْ ثَمَنِ هَذِهِ

حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے بھائی سعید بن حریث نے بتایا کہ ان کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہوا' میرا بھائی کتنا اچھا تھا' پس میں کوفہ کی خواہش رکھتا تھا' ان سے میں نے گھر خرید کرنے کے لیے اجازت مانگی' بیع کی اجازت دی' مجھے کہا: اے میرے بھائی! اپنا ہاتھ اس گھر کی قیمت سے روک رکھ اور اس سے کوئی شی کم نہ کر' تو طاقت رکھتا ہے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو تم

5393- الدارمي في سننه جلد2صفحه353' رقم الحديث: 2625 .

الدَّارِ، وَلَا تُنْقِصْ مِنْهُ شَيْئًا، وَأَنْتَ تَسْتَطِيعُ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ بَاعَ مِنْكُمْ دَارًا أَوْ عَقَارًا، فَمَا يُبَارَكُ لَهُ فِيهِ إِلَّا أَنْ يَجْعَلَهُ فِي مِثْلِهِ، فَصَدَّقْتُ أَخِي بِقَوْلِهِ، وَالْتَمَسْتُ الْبَرَكَةَ بِقَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَابْتَعْتُ بَعْضَ دَارِنَا هَذِهِ مِنْ ذَلِكَ، فَأَعْقَبَنَا اللّٰهُ بِهَا مَا هُوَ خَيْرٌ

میں سے گھر یا زمین کرے اس کو اس میں برکت دی جائے گی کہ اس کے لیے اس کی مثل رکھا جائے میں نے اپنے بھائی کی تصدیق کی میں نے برکت تلاش کی حضور ﷺ کے فرمان سے اشارہ ہے میں نے اپنا بعض گھر خرید کیا ہم کو اللہ نے اس سے بہتر دے دیا۔

سَعِيدُ بْنُ يَرْبُوعٍ الصَّرْمُ الْمَخْزُومِيُّ

حضرت سعید بن یربوع الصرم المخزومی رضی اللہ عنہ

كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ، وَهُوَ سَعِيدُ بْنُ يَرْبُوعِ بْنِ عَنْكَثَةَ بْنِ عَامِرِ بْنِ مَخْزُومٍ، وَأُمُّهُ: هِنْدُ بِنْتُ رَبَابِ بْنِ سَهْمٍ

آپ مدینہ آئے ان کا نام سعید بن یربوع بن عنکثہ بن عامر بن مخزوم ہے ان کی والدہ ہند بنت رباب بن سہم ہیں۔

5394 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ سَعِيدُ بْنُ يَرْبُوعٍ سَنَةَ أَرْبَعٍ وَخَمْسِينَ، وَتُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ عِشْرِينَ وِمِائَةٍ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت سعید بن یربوع رضی اللہ عنہ کا وصال ۵۴ ہجری میں ہوا بوقتِ وصال ان کی عمر ۱۲۰ سال تھی۔

5395 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا لَيْثُ بْنُ هَارُونَ الْعُكْلِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ قَالُوا: ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعِيدٍ الْمَخْزُومِيُّ، حَدَّثَنِي

حضرت سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہم میں بڑا کون ہے؟ عرض کی: آپ بڑے ہیں آپ مجھ سے بہتر ہیں میں عمر کے لحاظ سے پہلے ہوں پس آپ نے اس کا نام سعید رکھا اور فرمایا: صرم ختم ہوگیا۔

5395- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه52 وقال: رواه الطبراني بأسانيد والبزار باختصار ورجاله ثقات .

جَدِّى، عَنْ اَبِيهِ سَعِيدٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: اَيُّنَا اَكْبَرُ؟ ، قَالَ: اَنْتَ اَكْبَرُ وَخَيْرٌ مِنِّى، وَاَنَا اَقْدَمُ سِنًّا، فَسَمَّاهُ سَعِيدًا، وَقَالَ: الصَّرْمُ قَدْ ذَهَبَ

5396 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْمَوْصِلِيُّ، قَالَا: ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعِيدٍ الْمَخْزُومِيُّ، حَدَّثَنِي جَدِّى، عَنْ اَبِيهِ سَعِيدٍ، وَكَانَ يُسَمَّى الصَّرْمَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ: اَرْبَعَةٌ لَا اُؤَمِّنُهُمْ فِى حِلٍّ وَلَا حَرَمٍ: الْحُوَيْرِثُ بْنُ نُفَيْلٍ، وَمِقْيَسُ بْنُ صَبَابَةَ، وَهِلَالُ بْنُ خَطَلٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ اَبِى سَرْحٍ ، فَاَمَّا حُوَيْرِثٌ فَقَتَلَهُ عَلِيٌّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَاَمَّا مِقْيَسُ بْنُ صَبَابَةَ فَقَتَلَهُ ابْنُ عَمٍّ لَهُ لِحَاءٌ، وَاَمَّا هِلَالُ بْنُ خَطَلٍ فَقَتَلَهُ الزُّبَيْرُ، وَاَمَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ اَبِى سَرْحٍ فَاسْتَاْمَنَ لَهُ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، وَكَانَ اَخَاهُ مِنَ الرَّضَاعَةِ، وَقَيْنَتَيْنِ كَانَتَا لِمِقْيَسٍ، تُغَنِّيَانِ بِهِجَاءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُتِلَتْ اِحْدَاهُمَا، وَاَفْلَتَتِ الْاُخْرَى فَاَسْلَمَتْ

حضرت عمرو بن عثمان بن عبدالرحمٰن بن سعید مخزومی فرماتے ہیں کہ میرے دادا نے اُنہوں نے اپنے والد سعید سے روایت کیا' ان کا نام صرم تھا کہ حضورﷺ نے فتح مکہ کے دن فرمایا: چار ایسے ہیں جن کو حرم اور حرم کے باہر امان نہیں ہے' حویرث بن نفیل' مقیس بن ضبابہ' ہلال بن خطل' عبداللہ بن سعد بن ابوسرح۔ حویرث کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قتل کیا' مقیس بن جنابہ کو ان کے چچازاد لحاء نے قتل کیا' ہلال بن خطل کو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے قتل کیا' عبداللہ بن سعد بن ابوسرح کے لیے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے امان مانگی' وہ حضرت عثمان کے رضاعی بھائی تھے' مقیس کی دو لونڈیاں تھیں' دونوں رسول اللہﷺ کی ہجو کرتی تھیں' ان میں سے ایک کو قتل کیا گیا اور دوسری کو چھوڑا گیا' وہ مسلمان ہوگئی۔

5396- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد3صفحه59 رقم الحديث: 2684 . والدارقطني في سنه جلد2صفحه301 رقم الحديث: 292' جلد4صفحه168 رقم الحديث: 29 .

سَعِيدُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

حضرت سعید بن ربیع بن عدی بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ یمامہ کے دن شہید کیے گئے تھے

5397 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي جَحْجَبِيٍّ، سَعِيدُ بْنُ رَبِيعِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ مَالِكٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی جحجبی سے جو یمامہ کے دن شہید کیے گئے ان کے ناموں میں سے ایک نام سعید بن ربیع بن عدی بن بن مالک کا بھی ہے۔

5398 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنَ الْاَوْسِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ، سَعِيدُ بْنُ رَبِيعِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ مَالِكٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: انصار اور اوس اور بنی عمرو بن عوف میں سے جو یمامہ کے دن شہید کیے گئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعید بن ربیع بن عدی بن مالک کا بھی ہے۔

سَعِيدُ بْنُ اِيَاسٍ اَبُو عَمْرٍو الشَّيْبَانِيُّ مُخَضْرَمٌ

حضرت سعید بن ایاس ابوعمرو الشیبانی مخضرم رضی اللہ عنہ

5399 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السُّلَمِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ يَقُولُ: اَذْكُرُ اَنِّي

حضرت ابوعمرو الشیبانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میں کاظمہ کے مقام پر اپنے گھر والوں کے اونٹ چراتا تھا۔

5399- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 7 وقال: رواه الطبراني وسماه سعيدا وصوابه سعد وفيه هشام بن عبد الله السلمي ولم أعرفه وبقية رجال الصحيح .

سَمِعْتُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا اَرْعَى اِبِلًا لِاَهْلِي بِكَاظِمَةَ

سَعِيدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خَالِدِ بْنِ مَخْلَدِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ عَضَبِ بْنِ جُشَمَ بْنِ الْخَزْرَجِ اَبُو عُبَادَةَ الزُّرَقِيُّ بَدْرِيٌّ، وَيُقَالُ: عُبَادَةُ، وَالصَّحِيحُ اَبُو عُبَادَةَ

حضرت سعید بن عثمان بن خالد بن مخلد بن حارثہ بن مالک بن عضب بن جشم بن خزرج ابوعبادہ الزرقی بدری، انہیں عبادہ بھی کہا جاتا ہے، صحیح ابوعبادہ ہے

5400 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا اَبُو ضَمْرَةَ اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُبَادَةَ الزُّرَقِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ كَانَ يَصِيدُ عَصَافِيرَ فِي بِئْرِ اِهَابٍ وَكَانَتْ لَهُمْ، فَرَآنِي عُبَادَةُ، وَقَدْ اَخَذْتُ عُصْفُورًا فَانْتَزَعَهُ مِنِّي وَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا

حضرت یعلیٰ بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عبادہ الزرقی بیان کرتے ہیں کہ وہ اہاب کے کنویں میں چڑیاں شکار کرتے تھے، وہ کنواں ان کا اپنا تھا، مجھے حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ میں اُنہوں نے چڑیاں پکڑیں، آپ نے چھوڑ دیں اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں مدینہ کے دونوں کناروں کو حرم قرار دے رہا ہوں۔

سَعِيدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ الْقُرَشِيُّ ثُمَّ السَّهْمِيُّ

حضرت سعید بن حارث بن قیس القرشی سہمی، اجنادین کے دن

5400- أحمد في مسنده جلد5صفحه317 رقم الحديث: 22760، جلد5صفحه329 رقم الحديث: 22841 .

قُتِلَ يَوْمَ اَجْنَادَيْنِ

شہید کیے گئے تھے

5401 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ اَجْنَادَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، ثُمَّ مِنْ قُرَيْشٍ مِنْ بَنِي سَهْمٍ سَعِيدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ اجنادین کے دن مسلمانوں اور قبیلہ قریش' بنی سہم میں سے حضرت سعید بن حارث بن قیس کا نام بھی ہے۔

5402 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ اَجْنَادَيْنِ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي سَهْمٍ، سَعِيدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسٍ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ قریش اور بنی سہم میں سے اجنادین کے دن جو شہید کیے گئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سعید بن حارث بن قیس رضی اللہ عنہ کا بھی ہے۔

سَعِيدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ

حضرت سعید بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ

5403 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ الطَّائِفِ، ثُمَّ مِنْ قُرَيْشٍ مِنْ بَنِي اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ، سَعِيدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ طائف کے دن قریش بنی امیہ بن عبد شمس سے جو مسلمانوں میں سے شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سعید بن سعید بن عاص کا بھی ہے۔

سَعِيدُ بْنُ اَبِي رَاشِدٍ

حضرت سعید بن ابو راشد رضی اللہ عنہ

5404 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت سعید بن ابو راشد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

5404- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8 صفحه11 وقال: رواه الطبراني والبزار بنحوه وفيه عمرو بن مجمع وهو ضعيف .

الْحَضْرَمِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ قَالَا: ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ مُجَمِّعٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ خَبَّابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ رَاشِدٍ، وَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ سَائِبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي رَاشِدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ فِي أُمَّتِي خَسْفًا، وَمَسْخًا، وَقَذْفًا

کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کوفرماتے ہوئے سنا: میری اُمت میں دھنسنا اور شکلوں کا بگڑنا اور تہمت لگانا ہوگا۔

سَعِيدٌ أَبُو عَبْدِ الْعَزِيزِ غَيْرُ مَنْسُوبٍ

حضرت سعید ابوعبدالعزیز رضی اللہ عنہ جن کا نام نسب معلوم نہیں

5405 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ مَطَرٍ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْغَفُورِ يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ أَبِيهِ - قَالَ عُثْمَانُ: وَكَانَتْ لِأَبِيهِ صُحْبَةٌ- قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَجَبٌ شَهْرٌ عَظِيمٌ، يُضَاعِفُ اللّٰهُ فِيهِ الْحَسَنَاتِ، فَمَنْ صَامَ يَوْمًا مِنْ رَجَبٍ فَكَأَنَّمَا صَامَ سَنَةً، وَمَنْ صَامَ مِنْهُ سَبْعَةَ أَيَّامٍ غُلِّقَتْ عَنْهُ سَبْعَةُ أَبْوَابِ جَهَنَّمَ، وَمَنْ صَامَ مِنْهُ ثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ فُتِحَتْ لَهُ ثَمَانِيَةُ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ، وَمَنْ صَامَ مِنْهُ عَشَرَةَ أَيَّامٍ لَمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ، وَمَنْ صَامَ مِنْهُ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا نَادَى مُنَادٍ فِي السَّمَاءِ قَدْ غُفِرَ

حضرت عبدالعزیز اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عثمان جس کے والد صحابی تھے وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رجب کا مہینہ بہت عظیم مہینہ ہے اس ماہ میں اللہ عزوجل نیکیوں میں اضافہ کر دیتا ہے جس نے رجب کا ایک روزہ رکھا اس نے گویا مکمل سال کے روزے رکھے جس نے رجب کے سات روزے رکھے اُس کے لیے جہنم کے دروازے بند کیے جائیں گے جس نے آٹھ روزے رکھے اُس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھولے جائیں گے جس نے دس روزے رکھے وہ اللہ سے کوئی بھی شی مانگے گا اللہ اُسے عطا کرے گا جس نے پندرہ روزے رکھے اُس کے لیے آسمان سے آواز دی جائے گی:

5405- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه188 جلد3صفحه191 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الغفور وهو متروك .

لَكَ مَا مَضَى فَاسْتَئْنِفِ الْعَمَلَ، وَمَنْ زَادَ زَادَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، وَفِي رَجَبٍ حَمَلَ اللّٰهُ نُوحًا فِي السَّفِينَةِ فَصَامَ رَجَبًا، وَاَمَرَ مَنْ مَعَهُ اَنْ يَصُومُوا، فَجَرَتْ بِهِمُ السَّفِينَةُ سِتَّةَ اَشْهُرٍ، آخِرُ ذَلِكَ يَوْمُ عَاشُورَاءَ اُهْبِطَ عَلَى الْجُودِيِّ فَصَامَ نُوحٌ وَمَنْ مَعَهُ وَالْوَحْشُ شُكْرًا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَفِي يَوْمِ عَاشُورَاءَ اَفْلَقَ اللّٰهُ الْبَحْرَ لِبَنِي اِسْرَائِيلَ، وَفِي يَوْمِ عَاشُورَاءَ تَابَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى آدَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَى مَدِينَةِ يُونُسَ، وَفِيهِ وُلِدَ اِبْرَاهِيمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تیرے گزشتہ گناہ معاف کیے گئے ہیں، عمل نئے سے شروع کر۔ جس نے زیادہ روزے رکھے تو اللہ پاک نیکیوں میں اضافہ کرے گا، رجب کے مہینے میں اللہ عزوجل نے حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی میں اُٹھایا، آپ نے رجب کے روزے رکھے، اپنے ساتھ والوں کو بھی روزہ رکھنے کا حکم دیا، آپ کی کشتی چھ ماہ تک چلتی رہی، آخر دس محرم شریف کو جودی پہاڑ پر اُتری، حضرت نوح اور آپ کے ساتھ جو تھے اُنہوں نے اللہ عزوجل کا شکر ادا کرنے کے لیے روزہ رکھا، عاشوراء کے دن بنی اسرائیل کے لیے اللہ عزوجل نے سمندر کو پھاڑا اور عاشوراء کے دن میں اللہ عزوجل نے حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول کی، حضرت یونس علیہ السلام کی توبہ اس ماہ میں قبول ہوئی اور اسی ماہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ولادت ہوئی۔

سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ الْاَزْدِيُّ

حضرت سعید بن یزید ازدی رضی اللہ عنہ

5406 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ الْاَزْدِيِّ، اَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوْصِنِي، قَالَ: اُوصِيكَ اَنْ تَسْتَحِيَ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، كَمَا

حضرت سعید بن یزید ازدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل سے ایسے حیاء کرو جس طرح تم میں سے کوئی اپنی قوم کے نیک آدمی سے حیاء کرتا ہے۔

5406- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**284** وقال: رواه الطبراني ورجاله وثقوا على ضعف في بعضهم .

تَسْتَحِي مِنَ الرَّجُلِ الصَّالِحِ مِنْ قَوْمِكَ

سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْقَارِئُ

5407 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عُبَيْدٍ، وَكَانَ يُدْعَى فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقَارِءَ، وَكَانَ لَقِيَ عَدُوًّا فَانْهَزَمَ مِنْهُمْ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: هَلْ لَكَ فِي الشَّامِ لَعَلَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلَيْكَ؟ قَالَ: لَا، إِلَّا الْعَدُوَّ الَّذِي فَرَرْتُ مِنْهُمْ، قَالَ: فَخَطَبَهُمْ بِالْقَادِسِيَّةِ فَقَالَ: أَلَا إِنَّا لَاقُو الْعَدُوِّ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ غَدًا، وَإِنَّا مُسْتَشْهَدُونَ، فَلَا تَغْسِلُوا عَنَّا دَمًا، وَلَا نُكَفَّنُ إِلَّا فِي ثَوْبٍ كَانَ عَلَيْنَا

حضرت سعید بن عبید القاری رضی اللہ عنہ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ' حضرت سعید بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہیں حضورﷺ کے زمانہ میں بھی قاری کہا جاتا تھا' آپ نے دشمن سے مقابلہ کیا اور وہ ان سے شکست کھا گئے' ان سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ کو ملک شام میں امیر مقرر کرتے ہیں' اللہ عزوجل آپ پر احسان کرے گا؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! مگر وہی دشمن جس سے میں بھاگا تھا۔ راوی کا بیان ہے: پس ان لوگوں کو آپ نے قادسیہ میں خطبہ دیا' فرمایا: اگر اللہ نے چاہا تو کل ہم دشمن سے لڑیں گے اور ہم شہید ہوں گے' تم ہمارے خون کو نہ دھونا اور کفن انہیں کپڑوں میں دینا جو ہم پر ہوں۔

سَعِيدُ بْنُ قَيْسِ بْنِ صَخْرٍ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

5408 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ، سَعِيدُ بْنُ قَيْسِ بْنِ صَخْرِ بْنِ حَرَامِ بْنِ

حضرت سعید بن قیس بن صخر انصاری بدری رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سعید بن قیس بن صخر بن حرام بن ربیعہ بن عدی بن غنم بن کعب بن سلمہ کا بھی ہے۔

5407- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3 صفحه23 وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله رجال الصحيح .

رَبِيعَةَ بْنِ عَدِيِّ بْنِ غَنْمِ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَلَمَةَ

مَنِ اسْمُهُ سَهْلٌ

جن کا نام سہل ہے

سَهْلُ بْنُ حُنَيْفِ بْنِ وَاهِبِ بْنِ حَكِيمٍ

حضرت سہل بن حنیف بن واہب بن حکیم رضی اللہ عنہ

وَيُقَالُ: عُكَيْمُ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ مَجْدَعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو يُكْنَى اَبَا ثَابِتٍ بَدْرِيٌّ تُوُفِّيَ بِالْكُوفَةِ، وَصَلَّى عَلَيْهِ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

آپ کوعکیم بن ثعلبہ بن مجدعہ بن حارث بن عمرو بھی کہا جاتا ہے' آپ کی کنیت ابوثابت بدری ہے' آپ کا وصال کوفے میں ہوا' آپ کی نماز شہنشاہِ ولایت مولا مشکل کشا علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔

5409 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ بَنِي صَبِيغَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ مَالِكِ بْنِ عَوْفٍ، سَهْلُ بْنُ حُنَيْفِ بْنِ وَاهِبِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ مَجْدَعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی صبیغہ بن زید بن مالک بن عوف میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سہل بن حنیف بن واہب بن حکیم بن ثعلبہ بن مجدعہ بن حارث بن عمرو کا بھی ہے۔

5410 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، سَهْلُ بْنُ حُنَيْفِ بْنِ وَاهِبِ بْنِ الْعُكَيْمِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ مَجْدَعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمْرٍو، وَعَمْرٌو الَّذِي يُقَالُ لَهُ: بُخْرُجُ بْنُ حَنَشِ بْنِ عَوْفِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں: انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سہل بن حنیف بن واہب بن عکیم بن ثعلبہ بن مجدعہ بن حارث بن عمرو' اور عمرو بن بخرج بن حنش بن عوف بن عمرو بن عوف بھی کہا جاتا ہے۔

5411 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: انصار اور بنی

سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي صَبِيغَةَ بْنِ زَيْدٍ، سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ

صبیغہ بن زید میں سے جو بدر میں شریک ہوئے ان کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کا بھی ہے۔

5412 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ صَلَّى عَلَى سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، فَكَبَّرَ عَلَيْهِ سِتًّا

حضرت عبداللہ بن معقل فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ نے چھ تکبیریں کہیں۔

5413 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ، اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ صَلَّى عَلَى سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، فَكَبَّرَ عَلَيْهِ سِتًّا، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيْنَا فَقَالَ: اِنَّهُ بَدْرِيٌّ

حضرت عبداللہ بن معقل فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت سہل بن جندل رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ نے چھ تکبیریں پڑھیں' پھر ہماری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: یہ بدری صحابی ہیں۔

5414 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ قَالَ: صَلَّى عَلِيٌّ عَلَى سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ فَكَبَّرَ عَلَيْهِ سِتًّا

حضرت عبداللہ بن معقل فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ نے چھ تکبیریں کہیں۔

5415 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ صَلَّى عَلَى سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ فَكَبَّرَ عَلَيْهِ سِتًّا

حضرت عبداللہ بن معقل فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی نمازِ جنازہ پڑھائی' آپ نے چھ تکبیریں کہیں۔

5416 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: تُوُفِّيَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ بِالْكُوفَةِ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَلَاثِينَ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کا وصال کوفہ میں ۳۸ ہجری میں ہوا۔

مَا اَسْنَدَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ، اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ اَبِيهِ

حضرت سہل بن حنیف کی روایت کردہ احادیث، حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

5417 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اَبُو شُرَيْحٍ اَنَّهُ: سَمِعَ سَهْلَ بْنَ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَاَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ صَادِقًا مِنْ قَلْبِهِ بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ، وَاِنْ مَاتَ عَلَى فِرَاشِهِ

حضرت سہل بن ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو صدقِ دل سے شہادت کی دعا مانگتا ہے، اللہ عزوجل اس کو شہداء کے درجے پر فائز کرے گا، اگرچہ وہ اپنے بستر پر مرے۔

5418 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، وَمُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اَبُو شُرَيْحٍ اَنَّهُ: سَمِعَ سَهْلَ بْنَ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُشَدِّدُوا عَلَى اَنْفُسِكُمْ، فَاِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ

حضرت سہل بن ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے اوپر سختی نہ کرو، تم سے پہلے لوگ اپنے اوپر سختی کرنے کی وجہ سے ہلاک ہوئے، ان کی نشانی ان کے گرجوں اور گھروں میں پاؤ گے۔

5417- الدارمي في سننه جلد2صفحه270' رقم الحديث: 2407 .

5418- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه62 وقال: رواه الطبراني في الأوسط والكبير وفيه عبد الله بن صالح كاتب الليث وثقه جماعة وضعفه آخرون .

قَبْلَكُمْ بِتَشْدِيدِهِمْ عَلَى أَنْفُسِهِمْ، وَسَتَجِدُونَ بَقَايَاهُمْ فِي الصَّوَامِعِ وَالدِّيَارَاتِ

5419 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَوَّلُ مَا يُهَرَاقُ مِنْ دَمِ الشَّهِيدِ يُغْفَرُ لَهُ ذَنْبُهُ كُلُّهُ إِلَّا الدَّيْنَ ،

حضرت سہل بن ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شہید کے سارے گناہ خون کے پہلے قطرے سے معاف ہو جاتے ہیں سوائے قرض کے۔

حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ، وَأَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيَّانِ، قَالَا: ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت سہل بن ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5420 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، وَحَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَبُو صَالِحٍ الْحَرَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ جُبَيْرٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ،

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کسی کے پاس کسی مؤمن کو ذلیل کیا جا رہا ہو وہ اس کی مدد نہ کرے حالانکہ وہ اس کی مدد کرنے پر طاقت رکھتا تھا تو اللہ عزوجل اس کو قیامت کے دن تمام مخلوق کے سامنے رسوا کرے گا۔

5419- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد2صفحه130' رقم الحديث: 2555 .

5420- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد3صفحه487' وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7صفحه267 وقال رواه أحمد والطبراني وفيه ابن لهيعة وهو حسن الحديث وفيه ضعف وبقية رجاله ثقات .

عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اُذِلَّ عِنْدَهُ مُؤْمِنٌ وَلَمْ يَنْصُرْهُ، وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَى اَنْ يَنْصُرَهُ، اَذَلَّهُ اللّٰهُ عَلَى رُءُوسِ الْاَشْهَادِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

5421 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَجَّاجِ بْنِ رِشْدِينَ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رِشْدِينَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اعْتَمَرَ وَكَانَ فِي الطَّرِيقِ قَالَ: لَوْ نَظَرْنَا اِلَى كُلِّ بَعِيرٍ سَمِينٍ فَنَحَرْنَاهُ وَاَكَلْنَاهُ حَتَّى يَرَوْا قُوَّتَنَا، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بَلِ ادْعُ بِاَزْوَادِ الْقَوْمِ، ثُمَّ ادْعُ فِيهَا، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سَيُبَارِكُ فِيهَا، فَفَعَلَ ذَلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا قَدِمْتُمْ فَارْمُلُوا الثَّلَاثَةَ الْاَشْوَاطَ الْاُوَلَ حَتَّى يَرَوْا قُوَّتَكُمْ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے جب عمرہ کیا تو آپ راستے میں تھے' آپ نے فرمایا: اگر ہم موٹے اونٹ دیکھیں تو ہم اس کو نحر کریں گے اور کھائیں گے یہاں تک کہ ہماری طاقت دیکھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ قوم کا زادِ راہ منگوائیں پھر اس میں دعا کریں' اللہ عزوجل آپ کی دعا کی برکت سے (اس میں) اضافہ کرے گا۔ حضور ﷺ نے ایسے ہی کیا' حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم طواف کرو تو پہلے تین چکروں میں رمل کرو تا کہ وہ تم کو مضبوط دیکھیں۔

5422 - وَيَوْمَئِذٍ يَقُولُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَشِّرُوا النَّاسَ، اَنَّهُ مَنْ قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

اس دن آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کو خوشخبری دو کہ جس نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھا' اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

5423 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف فرماتے ہیں کہ

5421- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه239 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه رشدين بن سعد وفيه كلام وقد وثق .

5423- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه463' رقم الحديث: 5736 .

الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا الْحِمْيَرِيُّ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ، حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، حَدَّثَنِي اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: قَالَ اَبِي: يَا بُنَيَّ، لَقَدْ رَاَيْتُنَا يَوْمَ بَدْرٍ، وَاِنَّ اَحَدَنَا لَيُشِيرُ بِسَيْفِهِ اِلَى رَاْسِ الْمُشْرِكِ فَيَقَعُ رَاْسُهُ عَنْ جَسَدِهِ قَبْلَ اَنْ يَصِلَ اِلَيْهِ

میرے والد نے کہا: اے میرے بیٹے! ہم نے بدر کے دن دیکھا کہ اگر ہم میں سے کوئی کسی مشرک کے سر کی طرف اشارہ کرتا تو اس کا سر تلوار لگنے سے پہلے جسم سے جدا ہوتا تھا۔

5424 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنِي اَبُو شَرِيكٍ يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ بْنِ ضِمَادٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي يَحْيَى، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَوْلَى الرَّجُلِ اَخُوهُ وَابْنُ عَمِّهِ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: آدمی کا غلام اس کا بھائی اور چچا کا بیٹا ہے۔

5425 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ثنا مُجَمِّعُ بْنُ يَعْقُوبَ، اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْكِرْمَانِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ خَرَجَ حَتَّى يَاْتِيَ هَذَا الْمَسْجِدَ فَيُصَلِّي فِيهِ - يَعْنِي مَسْجِدَ قُبَاءَ - كَانَتْ كَعَدْلِ عُمْرَةَ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو نکلے یہاں تک کہ اس مسجد (قباء) میں آئے اور نماز پڑھے تو اس کے لیے عمرہ کے برابر ثواب ہوگا۔

5425- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه13، رقم الحديث: 4279 .

5427- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4صفحه11 وقال: قلت رواه ابن ماجه وغيره وقالوا كان كعدل عمرة وهنا كعدل رقبة رواه الطبراني في الكبير وفيه موسى بن عبيدة وهو ضعيف .

5426 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمِ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْكَرْمَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتَى مَسْجِدَ قُبَاءَ، فَصَلَّى فِيهِ كَانَتْ عُمْرَةً

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مسجد قباء میں آئے' نماز پڑھے تو اس کے لیے عمرہ کے برابر ثواب ہے۔

5427 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، اَخْبَرَنِي يُوسُفُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ وُضُوءَهُ، ثُمَّ دَخَلَ مَسْجِدَ قُبَاءَ فَرَكَعَ فِيهِ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، كَانَ ذٰلِكَ عَدْلَ رَقَبَةٍ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اچھی طرح وضو کیا' پھر مسجد قباء میں آیا' اس میں چار رکعت نفل ادا کیے تو اس کو ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا۔

5428 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَاصِمُ بْنُ سُوَيْدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَارِيَةَ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْكَرْمَانِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ صَلَّى فِي مَسْجِدِ قُبَاءَ رَكْعَتَيْنِ كَانَتْ لَهُ عُمْرَةً،

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اچھی طرح وضو کیا' پھر مسجد قباء میں آیا' اس میں چار رکعت نفل ادا کیے تو اس کو ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے'

نحمَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْكِرْمَانِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

وہ رسول اللہ ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5429 - ثنا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَا: ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، كُتِبَ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ، وَمَنْ قَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ كُتِبَ لَهُ عِشْرُونَ حَسَنَةً، وَمَنْ قَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ كُتِبَ لَهُ ثَلَاثُونَ حَسَنَةً

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے السلام علیکم کہا' اُسے دس نیکیوں کا ثواب ملے گا' جس نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا اُس کے لیے بیس نیکیاں لکھی جائیں گی اور جس نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہا اُس کے لیے تیس نیکیاں لکھی جائیں گی۔

5430 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا اَبُو مَعْشَرٍ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ اَبِي اُمَامَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: جَاءَ عَلِيٌّ اِلَى فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَوْمَ اُحُدٍ، فَقَالَ: اَمْسِكِي سَيْفِي هَذَا، فَقَدْ اَحْسَنْتُ بِهِ الضَّرْبَ الْيَوْمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كُنْتَ اَحْسَنْتَ بِهِ الْقِتَالَ، فَقَدْ اَحْسَنَهُ

حضرت سہل بن حنیف فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' اُحد کے دن کہا: میری یہ تلوار سنبھال کر رکھو' میں نے اس کے ساتھ آج کے دن خوب ضربیں لگائی ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تو نے اس کے ساتھ اچھی لڑائی کی ہے تو عاصم بن ثابت اور سہل بن حنیف اور حارث بن صمہ نے بھی اچھی طرح لڑائی کی ہے۔

5429- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8 صفحه31 وقال: رواه الطبراني وفيه موسى بن عبيدة الربذي وهو ضعيف .

5430- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه464' رقم الحديث: 5739 .

عَاصِمُ بْنُ ثَابِتٍ، وَسَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ، وَالْحَارِثُ بْنُ الصِّمَّةِ

5431 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْأُمَوِيُّ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: جَاءُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمُقْعَدٍ زَنَى، فَضَرَبُوهُ بِأُثْكُولٍ، أَوْ إِثْكَالِ النَّخْلِ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس زنا کرنے والے لائے گئے تو آپ نے ان کو کھجور کی چال کے ساتھ مارا۔

5432 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سَوْرَةَ الْبَغْدَادِيُّ، وَأَبُو خَلِيفَةَ، قَالَا: ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا الزُّهْرِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ لَوْنَيْنِ مِنَ التَّمْرِ، الْجُعْرُورِ، وَلَوْنِ الْحُبَيْقِ، قَالَ: وَكَانَ النَّاسُ يَتَيَمَّمُونَ شِرَارَ ثِمَارِهِمْ، فَيُخْرِجُونَهَا فِي صَدَقَاتِهِمْ، فَنَزَلَتْ: (وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ) (البقرة:267)

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے دو رنگوں کی کھجوروں سے منع کیا' چھوٹی بے فائدہ کھجور اور ریحان یا پودینہ کے رنگ کی۔ اور فرمایا: لوگ اپنے پھلوں میں سے بُرے پھلوں کا ارادہ کرتے ہیں' پس وہ صدقہ دیتے وقت بھی وہی نکالتے ہیں' پس یہ آیت نازل ہوئی: ''ولا تیمموا الخبیث الی آخرہ''۔

5433 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَتُّوَيْهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِيُّ، قَالَا: ثنا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ

حضرت سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے صدقہ کا حکم فرمایا تو ایک آدمی اس کھجور سے چند خوشے لگایا جس کی گٹھلی ابھی کچی تھی۔ پس اس نے وہ رکھ دیئے تو رسول کریم ﷺ تشریف لائے۔

5431- أورد نحوه النسائي في السنن الكبرى جلد4صفحه313' رقم الحديث: 7310 .

5432- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد2صفحه110 رقم الحديث: 1607 . والدارقطني في سننه جلد2 صفحه 131 رقم الحديث: 13 .

سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ، فَجَاءَ رَجُلٌ بِكَبَائِسَ مِنْ هٰذَا السُّخْلِ، فَوَضَعَهُ، فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ جَاءَ بِهٰذَا؟، فَكَانَ لَا يَجِيءُ اَحَدٌ اِلَّا صَبَّ الَّذِي جَاءَ بِهِ، فَنَزَلَتْ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اَنْفِقُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِنَ الْاَرْضِ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ) (البقرة: 267)، وَنَهَى يَوْمَئِذٍ عَنِ الْجُعْرُورِ، وَلَوْنِ ابْنِ الْحُبَيْقِ، اَنْ يُؤْخَذَ فِي الصَّدَقَةِ. قَالَ الزُّهْرِيُّ: صِنْفَانِ مِنْ تَمْرِ الْمَدِينَةِ، وَقَالَ عَبَّادٌ، قَالَ سُفْيَانُ: السُّخْلُ الشِّيصُ

آپ ﷺ نے فرمایا: یہ کون لایا؟ پس کوئی ایک نہیں لا سکتا تھا مگر وہی جو اسے رونے کو خود پسند کرے۔ پس یہ آیت نازل ہوئی: ''یا ایها الذین امنوا الٰی آخره'' اور اس دن آپ نے چھوٹی بے فائدہ کھجور سے منع کیا اور پودینہ کے رنگ والی (کچی) کھجور سے کہ اسے صدقہ میں لیا جائے۔ حضرت امام زہری کا قول ہے: مدینہ کی کھجور کی دو قسمیں ہیں۔ اور حضرت عباد نے کہا: حضرت سفیان کا قول ہے: سخل کا معنی وہ کھجور ہے جس کی گٹھلی ابھی کچی ہو۔ (ردّی اور ناکارہ کھجور جس کا گابھا صحیح نہ لگا ہو)

5434 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ الرُّمَّانِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، قَالَ: مَرِضَ رَجُلٌ حَتَّى صَارَ جِلْدًا، فَدَخَلَتْ عَلَيْهِ جَارِيَةٌ تَعُودُهُ، فَوَقَعَ عَلَيْهَا، فَضَاقَ صَدْرًا بِخَطِيئَتِهِ، فَجَاءَ الْقَوْمُ يَعُودُونَهُ، فَقَالَ: سَلُوا لِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي قَدْ وَقَعْتُ عَلَى امْرَاَةٍ حَرَامًا، فَلْيُقِمْ عَلَيَّ الْحَدَّ، وَلْيُطَهِّرْنِي،

حضرت ابوامامہ بن سہل حنیف فرماتے ہیں کہ ایک آدمی بیمار ہوا' اس کا جسم سخت ہوا' ایک لونڈی اس کی عیادت کرنے کے لیے آئی' اس نے اس سے زنا کیا' اس کا سینہ گناہوں سے بھر گیا' لوگ اس کی عیادت کے لیے آئے' اس نے کہا: رسول کریم ﷺ سے میرے بارے سوال کرو میں نے زنا کرلیا ہے اور وہ مجھ پر حد لگائیں اور مجھے پاک کریں' اس کا ذکر رسول اللہ ﷺ کے ہاں ہوا تو لوگوں نے کہا: اگر اس کو آپ کی طرف اُٹھا کر لے آئیں تو اس کی ہڈیاں بکھر جائیں

5434- النسائی فی السنن الکبری جلد4 صفحه312 رقم الحدیث: 7307' جلد 4 صفحه313 رقم الحدیث: 7308.

فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: لَوْ حُمِلَ إِلَيْكَ لَتَفَسَّخَتْ عِظَامُهُ، وَلَوْ جُلِدَ لَمَاتَ، قَالَ: فَخُذُوا مِائَةَ شِمْرَاخٍ، فَاضْرِبُوهُ ضَرْبَةً وَاحِدَةً

گی اگر کوڑے ماریں تو مر جائے گا' آپ نے فرمایا: سو شاخوں والی لکڑی پکڑو اور اس کو ایک ہی دفعہ مار دو۔

5435 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْجَلِيلِ بْنُ حُمَيْدٍ الْيَحْصَبِيُّ، أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ، حَدَّثَهُ، حَدَّثَنِي أَبُو أُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ فِي الْآيَةِ الَّتِي قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ) (البقرة: 267)، قَالَ: هُوَ الْجُعْرُورُ، وَلَوْنُ ابْنِ حُبَيْقٍ، فَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُؤْخَذَا فِي الصَّدَقَةِ

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ اس آیت کے بارے میں جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "ولا تيمموا الخبيث الى آخره" فرمایا: اس سے مراد چھوٹی بے فائدہ کھجور اور پودینے کے رنگ والی ہے' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صدقہ میں اسے لینے سے منع فرمایا۔

5436 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا دُحَيْمٌ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ نَافِعِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِي، وَلَكِنْ لِيَقُلْ: لَقِسَتْ نَفْسِي

حضرت سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہرگز کوئی یہ نہ کہے کہ میرا دل بُرا ہے' بلکہ کہے کہ میرا دل سخت ہو گیا ہے۔

5437 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، وَإِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ قَالَا: ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ

حضرت سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہرگز کوئی یہ نہ کہے کہ میرا دل خبیث ہے' بلکہ کہے کہ میرا دل

5436- مسلم في صحيحه جلد 4 صفحه 1765 رقم الحديث: 2250 . والبخاري في صحيحه جلد 5 صفحه 2285 رقم الحديث: 5825' جلد 5 صفحه 2286 رقم الحديث: 5826 .

شِهَابٍ، اَخْبَرَنِى اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِى، وَلْيَقُلْ: لَقِسَتْ نَفْسِى

سخت ہوگیا ہے۔

5438 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِىُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِى اللَّيْثُ، حَدَّثَنِى يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِى اُمَامَةَ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِى، وَلْيَقُلْ: لَقِسَتْ نَفْسِى

حضرت سہل بن حنیف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہرگز کوئی یہ نہ کہے کہ میرا دل بُرا ہے' بلکہ کہے کہ میرا دل سخت ہوگیا ہے۔

5439 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّىُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ بِلَالٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِى اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، اَنَّهُ خَرَجَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى اِذَا كَانَ بِالْخَرَّارِ، دَخَلَ مَاءً يَغْتَسِلُ، وَكَانَ رَجُلًا بَيْضَاءَ، فَمَرَّ بِهِ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، فَقَالَ: لَمْ اَرَ كَالْيَوْمِ حُسْنَ شَىْءٍ، وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاَةٍ، فَمَا لَبِثَ سَهْلٌ اَنْ لُبِطَ، فَدَعَا لَهُ نَبِىُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ، مَنْ تَتَّهِمُونَ بِهِ؟ ، قَالُوا: عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، فَدَعَا عَامِرًا،

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف' حضرت سہل بن حنیف سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ نکلے' جب مقامِ خرار پر پہنچے تو یہ غسل کرنے کے لیے پانی کے پاس آئے' حضرت سہل سفید آدمی تھے' ان کے پاس سے حضرت عامر بن ربیعہ گزرے' عامر بن ربیعہ نے کہا: آج تک میں نے ان جیسی خوبصورت شی نہیں دیکھی' نہ پردہ میں رہنے والی عورت' کچھ دیر بعد حضرت سہل بیہوش ہو کر گر پڑے' حضور ﷺ نے حضرت سہل کو بلوایا' فرمایا: کیا تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو مارنے کا ارادہ رکھتا ہے؟ تم شک کس پر کرتے ہو؟ ان لوگوں نے کہا: عامر بن ربیعہ پر۔ آپ نے عامر بن ربیعہ کو بلوایا' آپ نے پانی کا برتن منگوایا' عامر

5439- ابن ماجه في سننه جلد2صفحه1160 رقم الحديث: 3509 . ومالك في الموطأ جلد2صفحه938 رقم الحديث: 1678' جلد2صفحه939 رقم الحديث: 1679 .

وَدَعَا بِإِنَاءٍ فِيهِ مَاءٌ، فَأَمَرَ عَامِرًا، فَغَسَلَ وَجْهَهُ فِي الْمَاءِ، وَأَطْرَافَ يَدَيْهِ وَرُكْبَتَيْهِ، وَأَطْرَافَ قَدَمَيْهِ، ثُمَّ أَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَبْعَيْ إِزَارِ عَامِرٍ وَدَاخِلَتَهُ، فَغَمَرَهَا فِي الْمَاءِ، ثُمَّ أَفْرَغَ الْإِنَاءَ عَلَى رَأْسِ سَهْلٍ، وَأَكْفَأَ الْإِنَاءَ مِنْ دُبُرِهِ، فَأَطْلَقَ سَهْلٌ لَا بَأْسَ بِهِ

أبو امامة بن سهل بن حنيف عن ابيه

5440 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: رَأَى عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ وَهُوَ يَغْتَسِلُ، فَعَجِبَ مِنْهُ، فَقَالَ: بِاللّٰهِ مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ مُخَبَّأَةً فِي خِدْرِهَا - أَوْ قَالَ: فَتَاةً فِي خِدْرِهَا - ، قَالَ: فَلُبِطَ بِهِ حَتَّى مَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ، قَالَ: فَذُكِرَ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ تَتَّهِمُونَ أَحَدًا؟ ، فَقَالُوا: لَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِلَّا أَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ قَالَ لَهُ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فَدَعَاهُ، وَدَعَا عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَلَامَ يَقْتُلُ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ؟ إِذَا رَأَى مِنْهُ شَيْئًا يُعْجِبُهُ فَلْيَدْعُ لَهُ بِالْبَرَكَةِ ، قَالَ: ثُمَّ أَمَرَهُ فَغَسَلَ لَهُ فَغَسَلَ وَجْهَهُ، وَظَاهِرَ كَفَّيْهِ، وَمِرْفَقَيْهِ، وَغَسَلَ صَدْرَهُ، وَدَاخِلَةَ إِزَارِهِ، وَرُكْبَتَيْهِ، وَأَطْرَافَ قَدَمَيْهِ فِي الْإِنَاءِ ظَاهِرَهُمَا، ثُمَّ أَمَرَ بِهِ فَصَبَّ عَلَى رَأْسِهِ، وَكَفَأَ الْإِنَاءَ مِنْ خَلْفِهِ - حَسِبْتُهُ قَالَ: وَأَمَرَهُ فَحَسَا مِنْهُ حَسَوَاتٍ

کو حکم دیا' حضرت عامر نے پانی کے ساتھ اپنا چہرہ دھویا اور اپنے دونوں ہاتھ اور گھٹنے اور دونوں پاؤں کی طرفیں پھر حضور ﷺ نے حضرت عامر کا تہبند پکڑا' شرمگاہ پر پانی چھڑکا' پھر پانی کا برتن پکڑا' حضرت سہل سے فرمایا: کچھ پانی ان کے سر کے اوپر ڈالا' ان کی پیٹھ پیچھے سے برتن انڈیل دیا' حضرت سہل تندرست ہو گئے' ایسے محسوس ہوتا تھا کہ کوئی تکلیف ہی نہیں تھی۔

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف فرماتے ہیں کہ حضرت عامر بن ربیعہ نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کو غسل کرتے ہوئے دیکھا' ان کو پسند آیا تو حضرت عامر نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے آج تک باپردہ خاتون کو بھی اس جیسا نہیں دیکھا۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ بے ہوش ہو کر گر پڑے' سر نہ اُٹھا سکے۔ اس کا ذکر حضور ﷺ کے ہاں کیا گیا تو آپ نے فرمایا: تم کس پر شک کرتے ہو؟ لوگوں نے کہا: یارسول اللہ! عامر بن ربیعہ کے علاوہ کوئی نہیں ہے' اس نے ایسے ایسے کہا ہے۔ آپ نے سہل اور عامر بن ربیعہ کو بلوایا اور فرمایا: اللہ پاک ہے' کس بات پر تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو مارنا چاہتا ہے' جب تم میں سے کوئی کسی شی کو دیکھے جو اُسے اچھی لگے تو وہ اس کے لیے برکت کی دعا کرے۔ پھر آپ ﷺ نے حضرت عامر کو ان کیلئے غسل کا حکم دیا' پس اُنہوں نے اپنا چہرہ اور ہاتھ کہنیوں تک دھوئے اور اپنا سینہ اور چادر کے اندر سے' گھٹنے اور پاؤں دھوئے برتن میں' پھر آپ نے حضرت سہل کے سر

- فَامَرَهُ فَقَامَ فَرَاحَ مَعَ الرَّكْبِ

پر پانی چھڑکنے کا حکم دیا اور ان کے پیچھے سے ان کے برتن کے لیے پانی ڈالا گیا۔ داؤد حدیث فرماتے ہیں کہ میرا گمان ہے کہ چند چلّو پانی بہانے کا حکم دیا' حضرت سہل اس کے بعد کھڑے ہوئے اور قافلے کے ساتھ سوار ہو کر چل پڑے۔

5441 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنَا مَالِكٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّهُ قَالَ: رَاَى عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ يَغْتَسِلُ فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاةٍ، فَلُبِطَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ وَاللّٰهِ مَا يَرْفَعُ رَاْسَهُ، فَقَالَ: هَلْ تَتَّهِمُونَ لَهُ اَحَدًا؟ ، قَالُوا: نَتَّهِمُ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، وَقَالَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ، اَلَا بَرَّكْتَ؟، اغْتَسِلْ لَهُ فَغَسَلَ لَهُ عَامِرٌ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ وَمِرْفَقَيْهِ وَرُكْبَتَيْهِ وَاَطْرَافَ رِجْلَيْهِ وَدَاخِلَةَ اِزَارِهِ فِي قَدَحٍ، ثُمَّ صَبَّ عَلَيْهِ، فَرَاحَ سَهْلٌ لَيْسَ بِهِ بَاْسٌ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف فرماتے ہیں کہ حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے حضرت سہل رضی اللہ عنہ کو غسل کرتے ہوئے دیکھا' کہا: اللہ کی قسم! میں نے آج تک اس جیسی کوئی باپردہ خاتون بھی نہیں دیکھی' حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بے ہوش ہو کر گر پڑے' اپنا سر بھی نہیں اُٹھا سکے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم کس پر شک کرتے ہو؟ اُنہوں نے کہا: ہم عامر بن ربیعہ پر۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عامر بن ربیعہ کو بلوایا' آپ غصہ ہوئے' فرمایا: کیا تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو مارنا چاہتا ہے' کیا برکت کی دعا نہیں کر سکتا ہے! عامر کو غسل کرنے کا کہا' حضرت عامر نے اپنا چہرہ دھویا اور کہنیاں اور گھٹنے اور پاؤں دونوں اطراف' پھر حضرت سہل رضی اللہ عنہ پر پانی ڈالا گیا تو حضرت سہل تندرست ہو گئے' ایسے محسوس ہوتا تھا کہ کوئی بیماری ہی نہیں ہے۔

5442 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى عَنِ الزُّهْرِيِّ،

حضرت عامر بن سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ حضرت عامر بن ربیعہ بنی عدی بن کعب کے بھائی' نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کو دیکھا' یہ رسول

سَهْلُ بْنُ عَدِيٍّ التَّمِيمِيُّ حَلِيفُ الْأَنْصَارِ، اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

حضرت سہل بن عدی تمیمی' انصار کے حلیف' یمامہ کے دن شہید کیے گئے تھے

5520 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، سَهْلُ بْنُ عَدِيٍّ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ حَلِيفٌ لَهُمْ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عبدالاشہل میں سے جو یمامہ کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام سہل بن عدی' بنی تمیم کے حلیف کا بھی ہے۔

سَهْلُ بْنُ

حضرت سہل بن عتیک

عَتِيكٍ عَقَبِيٌّ

5521 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ لِبَيْعَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ، سَهْلُ بْنُ عَتِيكٍ

عقبی رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کے لیے انصار اور بنی نجار میں سے عقبہ میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سہل بن عتیک کا بھی ہے۔

سَهْلُ الْبَلَوِيُّ صَاحِبُ الصَّاعَيْنِ الْأَنْصَارِيُّ كَانَ يَنْزِلُ الْمَدِينَةَ

5522 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا عُمَرُ بْنُ زُرَارَةَ الْحَدَثِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُثْمَانَ الْبَلَوِيُّ، عَنْ جَدَّتِهِ بِنْتِ عَدِيٍّ، أَنَّ أُمَّهَا عَمِيرَةَ بِنْتَ سَهْلٍ صَاحِبِ الصَّاعَيْنِ الَّذِي لَمَزَهُ الْمُنَافِقُونَ حَدَّثَتْهَا، أَنَّهُ خَرَجَ بِزَكَاتِهِ بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ، وَبِابْنَتِهِ عَمِيرَةَ، حَتَّى أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَبَّ، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ لِي إِلَيْكَ حَاجَةً، قَالَ: وَمَا هِيَ؟ قَالَ: تَدْعُو اللّٰهَ لِي وَلَهَا بِالْبَرَكَةِ، وَتَمْسَحُ رَأْسَهَا، فَإِنَّهُ لَيْسَ لِي وَلَدٌ غَيْرُهَا، قَالَتْ: فَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلَيَّ، فَأُقْسِمُ بِاللّٰهِ لَكَأَنَّ بَرْدَ يَدِ رَسُولِ

حضرت سہل' دو صاع والے انصاری رضی اللہ عنہ' آپ مدینہ آئے تھے

حضرت سعید بن عثمان البلوی اپنی دادی بنت عدی سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمیرہ بنت سہل کی والدہ دو صاعوں والے' جن کو منافقوں نے طعنہ دیا تھا' وہ بیان کرتی ہیں کہ حضرت سہل کھجور کا ایک صاع اور اپنی بیٹی عمیرہ کو لے کر نکلے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' آپ کے آگے رکھا' پھر عرض کی: یارسول اللہ! میرا ایک کام ہے' آپ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ عرض کی: اللہ سے دعا کریں میرے لیے اور اس میری بیٹی کے لیے برکت کی' اور اس کے سر پر اپنا دست مبارک پھیریں' کیونکہ میری اس کے علاوہ اولاد نہیں ہے۔ حضرت عمیرہ فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دست

5522- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 33 وقال: رواه الطبراني في الأوسط والكبير وفيه انيسة بنت عدى ولم اعرفها وبقية رجاله ثقات .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى كَبِدِی

مبارک میرے سر کے اوپر رکھا' اللہ کی قسم! میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک کی ٹھنڈک اپنے جگر میں پاتی ہوں۔

سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ

ذِكْرُ سِنِّ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ وَوَفَاتِهِ

حضرت سہل بن سعد کی عمر اور وفات کے ذکر میں

5523 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ وَيُكْنَى أَبَا الْعَبَّاسِ، بِالْمَدِينَةِ سَنَةَ إِحْدَى وَتِسْعِينَ وَسِنُّهُ سِتٌّ وَتِسْعُونَ سَنَةً

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد کا وصال مدینہ میں ۷۱ ہجری میں ۹۶ سال کی عمر میں مدینہ شریف میں ہوا۔

5524 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَ: مَاتَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ سَنَةَ إِحْدَى وَتِسْعِينَ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد الساعدی کا وصال ۷۱ ہجری میں ہوا۔

5525 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عِيسَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْحِمْصِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، أَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: قَالَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ: وَكَانَ قَدْ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعَ مِنْهُ، وَذَكَرَ أَنَّهُ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً يَوْمَ تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا بھی ہے اور سنا بھی ہے' اور ذکر کیا کہ میری عمر ۱۵ سال تھی جس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا۔

5526 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا بھی ہے اور سنا بھی ہے' اور ذکر کیا کہ میری عمر ۱۵ سال تھی جس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا

شِهَابٍ قَالَ: قَالَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، وَكَانَ قَدْ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعَ مِنْهُ، وَأَنَّهُ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً يَوْمَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وصال ہوا۔

5527 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ الْأَنْصَارِيُّ وَقَدْ أَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً فِي زَمَانِهِ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کا زمانہ پایا' اس وقت ان کی عمر ۱۵ تھی۔

5528 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ كَانَ فِي مَجْلِسِ قَوْمِهِ، وَهُوَ يُحَدِّثُهُمْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبَعْضُهُمْ مُقْبِلٌ عَلَى بَعْضٍ يَتَحَدَّثُونَ، فَغَضِبَ، ثُمَّ قَالَ: انْظُرْ إِلَيْهِمْ، أُحَدِّثُهُمْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَمَّا رَأَتْ عَيْنَايَ وَسَمِعَتْ أُذُنَايَ، وَبَعْضُهُمْ مُقْبِلٌ عَلَى بَعْضٍ، أَمَا وَاللّٰهِ لَأَخْرُجَنَّ مِنْ بَيْنِ أَظْهُرِكُمْ، ثُمَّ لَا أَرْجِعُ إِلَيْكُمْ أَبَدًا، قُلْتُ لَهُ: أَيْنَ تَذْهَبُ؟ قَالَ: أَذْهَبُ فَأُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، قُلْتُ: مَا بِكَ جِهَادٌ، وَمَا تَسْتَمْسِكُ عَلَى الْفَرَسِ، وَمَا تَسْتَطِيعُ أَنْ تَضْرِبَ بِالسَّيْفِ، وَمَا تَسْتَطِيعُ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ ایک مجلس میں تھے' وہ لوگوں کو رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان کر رہے تھے' وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ تھے' گفتگو کر رہے تھے' یہ ناراض ہوئے' پھر فرمایا: ان کی طرف دیکھو' ان کو رسول اللہ ﷺ کی حدیث بیان کی جا رہی ہے' میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اور کانوں سے سنا ہے' یہ ایک دوسرے کی طرف دیکھ رہے ہیں' اللہ کی قسم! میں ضرور ان کے درمیان سے نکلوں گا' پھر ان کی طرف واپس نہیں آؤں گا ہمیشہ کے لیے' میں نے عرض کی: آپ کہاں جائیں گے؟ فرمایا: میں جاؤں گا' اللہ کی راہ میں جہاد کروں گا۔ میں نے عرض کی: جہاد کیسے کریں گے! آپ تو گھوڑے پر سوار نہیں ہو سکتے ہیں اور تلوار نہیں چلا سکتے ہیں' نیزہ مار

سهل بن سعد الساعدي ذكر سن سهل بن سعد ووفاته

5528- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 155 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الحميد بن سليمان وهو ضعيف.

أَنْ تَطْعَنَ بِالرُّمْحِ، فَقَالَ: يَا أَبَا حَازِمٍ، أَذْهَبُ فَأَكُونُ فِي الصَّفِّ، فَيَأْتِينِي بَيْنَهُمْ عَابِرٌ أَوْ حَجَرٌ، فَيَرْزُقُنِي اللّٰهُ الشَّهَادَةَ، قَالَ: فَذَهَبَ لَعَمْرِي فَمَا رَجَعَ إِلَّا مَطْعُونًا

نہیں سکتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اے ابوحازم! میں ان کی صفوں میں شامل ہو جاؤں گا' ان کے درمیان دیوار بن جاؤں گا' یا رکاوٹ' اللہ عزوجل مجھے شہادت دے گا' آپ گئے' میری عمر کی قسم! آپ اس حالت میں واپس آئے کہ آپ پر نیزہ لگا ہوا تھا۔

5529 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ أَحْصَنَ سَبْعِينَ امْرَأَةً، فَإِمَّا مِتْنَ، أَوْ فَارَقَ، وَلَمْ يَرَ بِذَلِكَ شَيْئًا

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے ستر عورتوں سے شادی کی' وہ فوت ہو گئیں یا انہوں نے ان کو چھوڑا' انہوں نے اس میں کوئی حرج نہیں دیکھا۔

وَمِمَّا أَسْنَدَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

حضرت سہل بن سعد کی روایت کردہ احادیث' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5530 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُشْهِرَنَّ أَحَدُكُمْ عَلَى أَخِيهِ بِالسَّيْفِ، لَعَلَّ

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی ہرگز اپنے بھائی کی طرف تلوار کے ساتھ اشارہ بھی نہ کرے' ہوسکتا ہے کہ شیطان اس کے ہاتھ سے لے لے' اس کو جہنم کے گڑھے میں گرا دے۔

5530- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه586' رقم الحديث: 6176 .

الشَّيْطَانَ يَنْزِعُ فِي يَدِهِ، فَيَقَعَ فِي حُفْرَةٍ مِنْ حُفَرِ النَّارِ

سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

حضرت سعید بن المسیب 'حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

5531 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثنا أَبُو الْغُصْنِ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ، أَنَّهُ: سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، يُحَدِّثُ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ حَضَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَوَّجَ رَجُلًا عَلَى سُورَتَيْنِ يُعَلِّمُهُمَا مِنَ الْقُرْآنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس موجود تھا' آپ نے ایک آدمی کی شادی کی' اس کا حق مہر رکھا کہ اس کو قرآن کی دو سورتیں سکھانا۔

مَا رَوَى الزُّهْرِيُّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

وہ حدیثیں جو حضرت زہری' حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

5532 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سُتْرَةِ الْحُجْرَةِ، وَفِي يَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّ هَذَا يَنْتَظِرُنِي حَتَّى آتِيَهُ، لَطَعَنْتُ بِالْمِدْرَى فِي عَيْنِهِ،

حضرت سہل بن الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک کے پردہ میں میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی تو آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں کھڑا ہو جاتا' یہاں تک کہ تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت طلب کرنا صرف آنکھ کے سبب ہی ہے۔

5532- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 3 صفحه 1698 رقم الحديث: 2156 . والبخاري في صحيحه جلد 5 صفحه 2304 رقم الحديث: 5887 .

وَهَلْ جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ إِلَّا مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

5533 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَخْبَرَهُ أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْحُجْرَةِ، وَفِي يَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى، فَقَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّ هَذَا يَنْتَظِرُنِي حَتَّى آتِيَهُ، لَطَعَنْتُ بِالْمِدْرَى فِي عَيْنَيْهِ، وَهَلْ جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ إِلَّا مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

حضرت سہل بن الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں کھڑا ہوجاتا' یہاں تک کہ تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت مانگنا تو آنکھ کی وجہ سے ہے۔

5534 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ صَاحِبَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ مِنْ جُحْرٍ فِي بَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ مِنْ قِبَلِ الْبَصَرِ

حضرت سہل بن الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر رگڑتے تھے (یا کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں کھڑا ہوجاتا' یہاں تک کہ تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) طلبِ اجازت آنکھ کی خاطر ہے۔

5535 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، ثنا الزُّهْرِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ: اطَّلَعَ رَجُلٌ مِنْ

حضرت سہل بن الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر کھجلاتے تھے (یا

حُجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، ثنا عَمِّي، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو اس کو میں تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت مانگنا آنکھ کی خاطر ہے۔

5536 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَابْلُتِّيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ فِي جُحْرٍ فِي بَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحُكُّ رَأْسَهُ بِمِدْرًى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ عَلِمْتُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر کھجلاتے تھے (یا کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں اس کو تیری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت تو آنکھ کی خاطر طلب کی جاتی ہے۔

5537 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ فِي جُحْرٍ مِنْ بَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يُرَجِّلُ، أَوْ يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي، لَطَعَنْتُ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر رگڑتے تھے یا کنگھی کرتے تھے تو آپ نے اس سے مخاطب ہوکر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں اس کو تیری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت تو آنکھ کی وجہ سے مقرر کی گئی ہے۔

بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الْإِذْنُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

5538 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أنا خَالِدٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ فِي جُحْرٍ فِي بَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ السِّتْرُ لِلْإِذْنِ أَوْ قَالَ: مِنْ أَجْلِ النَّظَرِ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں دروازہ سے جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر کھجلاتے تھے (یا کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں اس کو تیری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) پردہ اجازت کیلئے بنایا گیا ہے یا فرمایا: نظر کی خاطر ہے۔

5539 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا عِيسَى بْنُ عُثْمَانَ الْكِسَائِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عِيسَى، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حُجْرَتِهِ مَعَهُ مِدْرًى، يُسَرِّحُ بِهِ لِحْيَتَهُ، إِذْ جَاءَ إِنْسَانٌ فَاطَّلَعَ مِنْ جُحْرٍ فِي حُجْرَتِهِ، فَأَبْصَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْتَظِرُنِي، لَفَقَأْتُ بِهَذَا الْمِدْرَى عَيْنَكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الْإِذْنُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ، أَبُو سَلَمَةَ هَذَا رَوَى عَنْهُ سُفْيَانُ هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي حَفْصَةَ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنی داڑھی کو کنگھی کرتے تھے تو آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں کھڑا ہو جاتا' یہاں تک کہ تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت تو آنکھ کی خاطر ہے۔ ان ابوسلمہ سے حضرت سفیان نے روایت کیا' وہ اصل میں محمد بن ابوحفصہ ہیں۔

5540 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا أَبُو دَاوُدَ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ،

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک

أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ مِنْ جُحْرٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ: لَوْ أَنِّي أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْظُرُ، لَقُمْتُ حَتَّى أَطْعَنَ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الْإِذْنُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر رگڑتے تھے (یا کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں کھڑا ہو جاتا' یہاں تک کہ تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) اجازت تو آنکھ کی وجہ سے مقرر ہے۔

5541 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى كَاتِبُ الْعُمَرِيِّ، ثنا رِشْدِينَ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: اطَّلَعَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، وَفِي يَدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُودٌ أَوْ مِدْرًى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْظُرُنِي، لَفَقَأْتُ عَيْنَكَ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر رگڑتے تھے (یا کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں تیری آنکھ پھوڑ دیتا۔

5542 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ حُمَيْدٍ الْبَزَّازُ، ثنا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ مِنْ جُحْرٍ فِي بَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تُبْصِرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنا سر رگڑتے تھے (یا کنگھی کرتے تھے) تو آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں اس کو تیری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) طلبِ اجازت تو آنکھ کی خاطر ہے۔

5543 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: نَظَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى رَجُلٍ يَنْظُرُ فِي بَيْتِهِ، وَفِي يَدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يُرَجِّلُ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تُبْصِرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنے سر میں کنگھی کرتے تھے تو آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں اس کو تیری آنکھ میں چبھو دیتا۔

5544 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَزِيزٍ الْأَيْلِيُّ، ثنا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ، أَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ مِنْ جُحْرٍ فِي بَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يُرَجِّلُ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْظُرُنِي، لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الْإِذْنُ مِنْ أَجْلِ النَّظَرِ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے حجرۂ مبارک میں دروازے سے جھانکا اور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک کنگھی تھی جس کے ساتھ آپ اپنے سر میں کنگھی کرتے تھے تو آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا: اگر میں جانتا ہوتا کہ تُو دیکھ رہا ہے تو میں اس کو تیری آنکھ میں چبھو دیتا (کیونکہ) طلبِ اجازت تو آنکھ کی خاطر ہے۔

بَابٌ

باب

5545 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنِ الْمُلَاعَنَةِ، وَعَنِ السُّنَّةِ فِيهَا، عَنْ

حضرت ابن شہاب نے لعان کرنے والوں کے بارے اور اس میں سنت طریقہ کے بارے بنوساعدہ کے ایک فرد حضرت سہل بن سعد کی حدیث کے حوالے

5545- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد2صفحه1130 رقم الحديث: 1492 . والبخاري جلد 4صفحه1771 رقم الحديث: 4468' جلد5صفحه2033 رقم الحديث: 5003,5002 .

حَدِيثِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَخِي بَنِي سَاعِدَةَ، أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي شَأْنِهِ مَا ذُكِرَ فِي الْقُرْآنِ مِنْ أَمْرِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ قَضَى اللَّهُ فِيكَ وَفِي امْرَأَتِكَ، قَالَ: فَتَلَاعَنَا فِي الْمَسْجِدِ، وَأَنَا شَاهِدٌ، فَلَمَّا فَرَغَا، قَالَ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنْ أَمْسَكْتُهَا، فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِينَ فَرَغَا مِنَ التَّلَاعُنِ، فَفَارَقَهَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَلِكَ التَّفْرِيقُ بَيْنَ كُلِّ مُتَلَاعِنَيْنِ، وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ جَاءَتْ بِهِ أُحَيْمِرَ قَصِيرًا، كَأَنَّهُ وَحَرَةٌ، فَلَا أُرَاهَا إِلَّا قَدْ صَدَقَتْ وَكَذَبَ عَلَيْهَا، وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَسْوَدَ أَعْيَنَ ذَا أَلْيَتَيْنِ، فَلَا أُرَاهُ إِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا، فَجَاءَتْ بِهِ عَلَى الْمَكْرُوهِ مِنْ ذَلِكَ

سے خبر دی کہ ایک انصاری نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! اس آدمی کے بارے آپ کا کیا حکم ہے جو اپنی بیوی کے پاس (مشکوک حالت میں) کسی آدمی کو پائے' کیا وہ اس کو قتل کر دے تو لوگ اس کو قتل کر دیں یا وہ کیسے عمل کرے؟ پس اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں نازل کیا وہ جو لعان کرنے والوں کے بارے میں قرآن میں ذکر کیا گیا ہے' پس رسول کریم ﷺ نے اس کو فرمایا: تیرے اور تیری بیوی کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فیصلہ فرما دیا ہے' پس ان دونوں نے مسجد میں لعان کیا' میں اس کا عینی شاہد ہوں۔ پس جب وہ دونوں فارغ ہوئے تو اس آدمی نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اب اگر میں اس کو اپنے پاس رکھوں تو میں جھوٹا ہوں۔ نبی کریم ﷺ کے کوئی حکم فرمانے سے پہلے ہی اس نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں' جوں ہی وہ دونوں لعان سے فارغ ہوئے' پس اس آدمی نے نبی کریم ﷺ کے پاس ہی اس کو اپنے سے جدا کر دیا' پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہر دو لعان کرنے والوں کے درمیان یہی تفریق ہوگی اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اگر یہ عورت سرخ رنگ کا اور چھوٹے قد کا بچہ جنے گویا چھوٹے قد کا اونٹ (یا چھپکلی نما جانور) ہے' تو میرا خیال ہے کہ وہ سچی ہوگی اور وہ جھوٹا ہوگا اور اگر وہ کالے رنگ کا موٹی آنکھوں والا اور بڑی سرین والا بچہ جنے تو میری رائے ہے کہ اس آدمی نے سچ بولا (اور اس

عورت نے جھوٹ بولا)۔ پس وہ عورت اس سے بھی زیادہ ناپسندیدہ شکل والا بچہ لے کر آئی۔

5546 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، أَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ، أَخْبَرَهُ أَنَّ عُوَيْمِرَ بْنَ أَشْقَرَ الْعَجْلَانِيَّ أَتَى عَاصِمَ بْنَ عَدِيٍّ الْأَنْصَارِيَّ، فَقَالَ لَهُ: يَا عَاصِمُ أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟، سَلْ لِي يَا عَاصِمُ عَنْ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَ عَاصِمٌ عَنْ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَرِهَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، حَتَّى كَبُرَ عَلَى عَاصِمٍ مَا سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَجَعَ عَاصِمٌ إِلَى أَهْلِهِ أَتَاهُ عُوَيْمِرٌ، فَقَالَ: يَا عَاصِمُ، مَاذَا قَالَ لَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ عَاصِمٌ لِعُوَيْمِرٍ: لَمْ تَأْتِنِي بِخَيْرٍ قَطُّ، قَدْ كَرِهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْأَلَةَ الَّتِي سَأَلْتُهُ عَنْهَا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: وَاللّٰهِ لَا أَنْتَهِي حَتَّى أَسْأَلَهُ عَنْهَا، فَأَقْبَلَ عُوَيْمِرٌ، حَتَّى أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي وَسَطِ النَّاسِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أُنْزِلَ فِيكَ وَفِي صَاحِبَتِكَ، فَاذْهَبْ

حضرت شہاب سے روایت ہے کہ حضرت سہل بن سعد ساعدی نے ان کو خبر دی کہ عویمر بن اشقر عجلانی حضرت عاصم بن عدی انصاری کے پاس آیا تو اس نے ان سے کہا: اے عاصم! اس آدمی کے بارے تیری کیا رائے جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو دیکھے کیا وہ اس کو قتل کر دے تو لوگ اس کو قتل کریں یا وہ کیسے کرے؟ اے عاصم! اس بارے میں میرے لیے آپ رسول کریم ﷺ سے سوال کریں۔ پس حضرت عاصم نے اس بارے رسول کریم ﷺ سے سوال کیا تو رسول کریم ﷺ نے اس قسم کے سوالات کو ناپسند کیا اور اسے معیوب قرار دیا حتیٰ کہ حضرت عاصم پر یہ بات گراں گزری جو اُنہوں نے رسول کریم ﷺ سے سوال کیا پس جب حضرت عاصم اپنے گھر والوں کی طرف واپس آئے تو حضرت عویمر نے ان کے پاس آ کر کہا: اے عاصم! رسول کریم ﷺ نے تجھے کیا فرمایا؟ پس حضرت عاصم نے عویمر سے فرمایا: تو میرے پاس خیر کے ساتھ کبھی نہیں آیا رسول کریم ﷺ نے اس سوال کو ہی ناپسند کیا ہے جس کے بارے تُو نے پوچھا تھا۔ پس عویمر نے کہا: قسم بخدا! میں نہیں رُکوں گا حتیٰ کہ اس بارے آپ ﷺ سے پوچھ لوں۔ پس عویمر بذاتِ خود آگے بڑھے یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے جبکہ رسول کریم ﷺ

فَائْتِ بِهَا .فَقَالَ سَهْلٌ: فَتَلاعَنَا وَأَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا فَرَغَا قَالَ عُوَيْمِرٌ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا إِنْ أَمْسَكْتُهَا، فَطَلَّقَهَا عُوَيْمِرٌ ثَلاثًا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَكَانَتْ سُنَّةَ الْمُتَلاعِنَيْنِ

لوگوں کے عین درمیان میں تھا۔ پس عرض کی: اس آدمی کے بارے آپ کا کیا خیال ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو دیکھے تو کیا وہ اس کو قتل کرے تو لوگ اس کو قتل کر دیں یا وہ کیسے لائحہ عمل اختیار کرے؟ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیرے اور تیری بیوی کے بارے اللہ نے حکم نازل فرما دیا ہے' پس جا کر اسے لے آ۔ حضرت سہل فرماتے ہیں: ان دونوں نے لعان کیا جبکہ میں بھی لوگوں کے ساتھ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا۔ پس جب وہ فارغ ہوئے تو عویمر بولے: اگر میں اس کو اپنے پاس رکھوں میں اس پر جھوٹ بولنے والا شمار ہوں گا۔ پس عویمر نے اسے تین طلاقیں دے دیں' اس سے پہلے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے کوئی حکم دیں۔ حضرت ابن شہاب کہتے ہیں: یہی طریقہ ہے۔

حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءٍ، ثنا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ عُوَيْمِرًا مِنْ بَنِي الْعَجْلَانِ أَتَى عَاصِمَ بْنَ عَدِيٍّ، فَقَالَ: يَا عَاصِمُ، أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، أَمْ كَيْفَ يَعْمَلُ؟ فَسَلْ لِي عَنْ ذَلِكَ يَا عَاصِمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت عویمر بنی عجلان والے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عاصم! آپ بتائیں گے کہ کوئی آدمی اپنی بیوی کے ساتھ کسی دوسرے آدمی کو دیکھے تو وہ اس کو قتل کرے تو تم لوگ اس کو قتل کر دو' یا کیا کرے؟ اے عاصم! اس بارے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھ! اس کے بعد اس جیسی حدیث ذکر کی۔

5547 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عویمر' حضرت عاصم بن عدی کے پاس آئے' حضرت عاصم بنی عجلان کے سردار تھے' حضرت

سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّ عُوَيْمِرًا أَتَى عَاصِمَ بْنَ عَدِيٍّ وَكَانَ سَيِّدَ بَنِي الْعَجْلَانِ، فَقَالَ: كَيْفَ تَقُولُ فِي رَجُلٍ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، أَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ وَقَالَ: سَلْ لِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ، فَأَتَى عَاصِمٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، رَجُلٌ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، أَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ قَالَ: فَكَرِهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَائِلَ، فَسَأَلَهُ عُوَيْمِرٌ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، قَالَ عُوَيْمِرٌ: وَاللّٰهِ لَا أَنْتَهِي حَتَّى أَسْأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ، قَالَ: فَجَاءَ عُوَيْمِرٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، رَجُلٌ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، أَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أُنْزِلَ الْقُرْآنُ فِيكَ وَفِي صَاحِبَتِكَ، وَأَمَرَهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُلَاعَنَةِ بِمَا بَيَّنَهَا اللّٰهُ فِي كِتَابِهِ، فَتَلَاعَنَا، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ حَبَسْتُهَا فَقَدْ ظَلَمْتُهَا، قَالَ: ثُمَّ طَلَّقَهَا، فَكَانَتْ سُنَّةً لِمَنْ جَاءَ بَعْدَهُمَا مِنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْظُرُوا، فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَسْحَمَ أَدْعَجَ عَظِيمَ الْأَلْيَتَيْنِ خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ، فَلَا أَحْسَبُ إِلَّا عُوَيْمِرٌ قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا، وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أُحَيْمِرَ، كَأَنَّهُ وَحَرَةٌ، فَلَا أَحْسَبُ

عویمر نے کہا: آپ اس آدمی کے متعلق کیا کہتے ہیں جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو پائے' کیا اسے قتل کرے اور لوگ اس کو قتل کر دیں یا کیا کرے؟ اور کہا: آپ میرے مسئلہ کے متعلق حضور ﷺ سے پوچھیں۔ اس کے متعلق عاصم' حضور ﷺ کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو پائے تو کیا اسے قتل کرے اور لوگ اس کو قتل کر دیں یا کیا کرے؟ حضور ﷺ نے اس بات کو ناپسند کیا۔ حضرت عویمر نے پوچھا' حضرت عاصم نے کہا کہ حضور ﷺ نے اس کے متعلق پوچھنے کو ناپسند کیا اور اعراض کیا' حضرت عویمر نے کہا: اللہ کی قسم! میں رسول اللہ ﷺ سے پوچھ کر ہی آؤں گا' اس کے متعلق حضرت عویمر نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو پائے تو کیا اس کو قتل کرے اور لوگ قصاصاً اس کو قتل کر دیں یا کیا کرے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: تیرے اور تیری بیوی کے متعلق اللہ عزوجل نے قرآن میں حکم نازل کیا ہے' حضور ﷺ نے دونوں کو لعان کرنے کا حکم دیا' اس کے مطابق جو اللہ نے قرآن میں بیان کیا' دونوں نے لعان کیا' پھر حضرت عویمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر میں اس کو اپنے پاس رکھا تو میں نے ظلم کیا' پھر طلاق دے دی جو بعد میں آنے والے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: دیکھنا اگر اس عورت کے ہاں بچہ پیدا ہو سیاہ اور موٹی سرین والا' پتلی پنڈلیوں والا ہو تو عویمر اس کے متعلق سچ بولتا ہے' اگر سرخ رنگ اور

عُوَيْمِرًا إِلَّا قَدْ كَذَبَ عَلَيْهَا ، قَالَ: فَجَاءَتْ بِهِ عَلَى النَّعْتِ الَّذِي نَعَتَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَصْدِيقِ عُوَيْمِرٍ، وَكَانَ نَسَبُ هَذَا إِلَى أُمِّهِ

چھوٹے قد والا ہو تو عویمر کے متعلق یہ عورت سچ بولتی ہو گی' اس عورت نے اس طرح جنا جس طرح رسول اللہ ﷺ نے بتایا تھا۔ حضرت عویمر کی تصدیق سے تو وہ اپنی ماں کی طرف منسوب ہوگا۔

5548 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْمَرْوَزِيُّ قَالَا: ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ عُوَيْمِرًا جَاءَ إِلَى عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ، فَقَالَ: أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، فَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ بِهِ، سَلْ يَا عَاصِمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ عَاصِمٌ، فَسَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَرِهَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، فَرَجَعَ، فَأَخْبَرَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: فَوَاللَّهِ لَآتِيَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ وَقَدْ أُنْزِلَ الْقُرْآنُ خَلْفَ عَاصِمٍ، فَسَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ أُنْزِلَ فِيكُمْ قُرْآنٌ ، فَدَعَاهُمَا فَتَقَدَّمَا فَتَلَاعَنَا، ثُمَّ قَالَ: كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنْ أَمْسَكْتُهَا فَفَارَقَهَا وَمَا أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِرَاقِهَا، فَجَرَتْ سُنَّةُ الْمُتَلَاعِنَيْنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْظُرُوا، فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَحْمَرَ قَصِيرًا مِثْلَ الْوَحَرَةِ، فَلَا أُرَاهُ إِلَّا قَدْ كَذَبَ عَلَيْهَا، وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَسْحَمَ أَعْيَنَ ذَا أَلْيَتَيْنِ، فَلَا أَحْسَبُهُ إِلَّا قَدْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عویمر' حضرت عاصم بن عدی کے پاس آئے' کہا: آپ بتائیں کہ اگر کوئی آدمی اپنی عورت کے ساتھ کسی مرد کو پائے تو وہ اسے قتل کر دے تو کیا اس کو اس کے بدلہ قتل کیا جائے گا؟ اے عاصم! آپ رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھیں! حضرت عاصم آئے' رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' آپ نے ناپسند کیا اور نامناسب کہا۔ حضرت عویمر نے کہا: اللہ کی قسم! میں ضرور رسول اللہ ﷺ کے پاس جاؤں گا' حضرت عویمر نے کہا: حضرت عاصم کے بعد قرآن کی آیت نازل ہو چکی تھیں' حضور ﷺ سے پوچھا' حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارے متعلق قرآن کی آیت نازل ہوئی ہے۔ آپ نے دونوں کو بلوایا' دونوں آگے ہوئے' دونوں نے لعان کیا' حضرت عویمر نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر میں اس کو پاس رکھوں تو میں اس کے متعلق جھوٹا ہوں گا۔ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ نے طلاق دے دی' حالانکہ حضور ﷺ نے اس کو جدا کرنے کا حکم نہیں دیا تھا' لعان کا طریقہ شروع ہوا' حضور ﷺ نے فرمایا: دیکھنا اگر یہ سرخ چھوٹے قد کا بچہ جنے تو میرا خیال ہے کہ عویمر نے اس پر جھوٹ بولا اور اگر وہ کالا سیاہ موٹی

صَدَقَ عَلَيْهَا، فَجَاءَتْ بِهِ عَلَى الْأَمْرِ الْمَكْرُوهِ

آنکھوں اور بڑی سرین والا بچہ جنے تو عویمر نے سچ بولا' تو وہ مکروہ شکل والا بچہ لائی۔

5549 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ جَاءَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ؟ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي شَأْنِهِ مَا ذُكِرَ فِي الْقُرْآنِ مِنَ التَّلَاعُنِ، فَقَالَ: قَدْ قُضِيَ فِيكَ وَفِي امْرَأَتِكَ قَالَ: فَتَلَاعَنَا وَأَنَا شَاهِدٌ، ثُمَّ فَارَقَهَا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَتِ السُّنَّةُ بَعْدُ فِيهِمَا أَنْ يُفَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ، وَكَانَتْ حَامِلًا فَأَنْكَرَ حَمْلَهَا، فَكَانَ ابْنُهَا يُدْعَى إِلَى أُمِّهِ، ثُمَّ جَرَتِ السُّنَّةُ فِي الْمِيرَاثِ، أَنَّهُ يَرِثُهَا ابْنُهَا وَتَرِثُ مِنْهُ مَا فُرِضَ لَهَا، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ نُمَيْرٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ وَرِشْدِينَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عُقَيْلٍ وَقُرَّةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ أَبِي صَالِحٍ، عَنِ اللَّيْثِ، عَنْ عُقَيْلٍ

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں کہ انصار کا ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کیا بتاتے ہیں اس آدمی کے متعلق کہ وہ اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو پائے' کیا وہ اس کو قتل کرے؟ اللہ عزوجل نے لعان کا ذکر قرآن میں کیا' آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تیرے اور تیری بیوی کے متعلق فیصلہ کیا' دونوں نے لعان کیا' میں وہاں موجود تھا' پھر رسول اللہ ﷺ کے پاس جدائی کی' اس کے بعد لعان کرنے والوں کے درمیان یہ سنت جاری ہوگئی' وہ عورت حاملہ تھی' اس نے حمل کا انکار کر دیا' اس لڑکے کی نسبت اس کی ماں کی طرف کی جاتی تھی' پھر میراث میں سنت جاری کی گئی کہ لڑکا اس کا اور ماں اس لڑکے کے مال کی وارث ہوگی جو حصہ مقرر کیا گیا۔ حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں کہ انصار کا ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: آپ بتائیں گے کہ کوئی آدمی اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو پائے تو اس کے لیے' حضرت ابوصالح والی حدیث ذکر کی' حضرت لیث سے وہ حضرت عقیل سے روایت کرتے ہیں۔

5550 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ

حضرت یزید بن ابوحبیب فرماتے ہیں کہ حضرت

الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ، أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ كَتَبَ يَذْكُرُ، أَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ عُوَيْمِرًا قَالَ لِابْنِ عَمِّهِ عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ: انْطَلِقْ بِنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَرَأَيْتَ لَوْ أَنِّي وَجَدْتُ عِنْدَ أَهْلِي رَجُلًا، أَقْتُلُهُ؟، فَكَرِهَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْلَهُ، فَرَجَعَ فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: لَأَذْكُرَنَّ ذَلِكَ لَهُ وَإِنْ كَرِهَ، فَأَتَاهُ عُوَيْمِرٌ فَقَالَ: أَرَأَيْتَ إِنْ وَجَدْتُ عِنْدَ أَهْلِي رَجُلًا، فَقَالَ: ائْتِ بِامْرَأَتِكَ فَإِنَّهُ قَدْ نَزَلَ فِيكُمَا، فَجَاءَ بِهَا فَتَلَاعَنَا، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي قَدِ افْتَرَيْتُ عَلَيْهَا، فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَكَانَتْ سُنَّةً فِي الْمُسْلِمِينَ فِرَاقُهُ إِيَّاهَا

ابن شہاب ذکر کرتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بتاتے ہیں کہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ نے اپنے چچازاد حضرت عاصم بن عدی سے کہا: ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' کہا: کیا آپ بتائیں گے کہ اگر کوئی آدمی اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو پائے تو کیا اس کو قتل کرے؟ حضور ﷺ نے اس کی بات کو ناپسند کیا۔ وہ واپس آئے تو حضرت عویمر نے کہا: میں اس کا ذکر ضرور کروں گا' اگرچہ آپ ﷺ اسے ناپسند کریں۔ حضرت عویمر آئے' عرض کی: کیا آپ بتائیں گے کہ اگر کوئی آدمی اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو پائے؟ آپ نے فرمایا: تیرے اور تیری بیوی کے متعلق اللہ عزوجل نے حکم نازل کیا ہے' حضرت عویمر اپنی بیوی کو لائے' دونوں نے لعان کیا' پھر کہا: اگر میں نے اس پر افتراء باندھا ہے' دونوں کے درمیان جدائی کر دی گئی۔ حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: مسلمان کے درمیان یہ سنت طریقہ جدائیگی کرنے کا ہے۔

5551 - أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ قَالَ: جَاءَ عُوَيْمِرٌ الْعَجْلَانِيُّ إِلَى عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ، فَقَالَ: يَا عَاصِمُ، سَلْ لِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا فَقَتَلَهُ، أَيُقْتَلُ بِهِ، أَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ فَسَأَلَ عَاصِمٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت عویمر العجلانی' حضرت عاصم کے پاس آئے' عرض کی: اے عاصم! آپ میرا مسئلہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھیں کہ ایک آدمی اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو پائے تو وہ اس کو قتل کر دے' تو کیا اس کے بدلے اسے قتل کیا جائے گا' یا کیا کرے؟ حضرت عاصم رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے سوال کو ناپسند کیا اور حضرت عویمر نے کہا: اے عاصم! کیا کیا؟

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَعَابَ الْمَسَائِلَ، وَكَرِهَهُ، فَجَاءَ عُوَيْمِرٌ، فَقَالَ: يَا عَاصِمُ مَا صَنَعْتَ؟ فَقَالَ: مَا صَنَعْتُ؟ إِنَّكَ لَمْ تَأْتِ بِخَيْرٍ، سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَابَ الْمَسَائِلَ، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: وَاللّٰهِ لَآتِيَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَأَسْأَلَنَّهُ، فَأَتَاهُ فَوَجَدَهُ قَدْ أُنْزِلَ عَلَيْهِ فِيهِمَا، فَدَعَاهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلاعَنَ بَيْنَهُمَا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: لَئِنِ انْطَلَقْتُ بِهَا لَقَدْ كَذَبْتُ عَلَيْهَا، فَفَارَقَهَا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - .قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَصَارَتْ سُنَّةَ الْمُتَلاعِنَيْنِ -، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْظُرُوهَا، فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَسْحَمَ أَدْعَجَ الْعَيْنَيْنِ عَظِيمَ الْأَلْيَتَيْنِ، فَلا أُرَاهُ إِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَيْهَا، وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أُحَيْمِرَ كَأَنَّهُ وَحَرَةٌ، فَلا أُرَاهُ إِلَّا كَاذِبًا، فَجَاءَتْ بِهِ عَلَى النَّعْتِ الْمَكْرُوهِ، وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ الْحُمَيْدِيِّ

حضرت عاصم نے کہا: میں نے کہا: کوئی بھلائی والی بات نہیں لایا' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے ناپسند کیا' حضرت عویمر نے کہا: اللہ کی قسم! میں ضرور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جاؤں گا اور ضرور پوچھوں گا۔ حضرت عویمر نے ان دونوں کے متعلق قرآن کا حکم نازل ہو چکا تھا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بلوایا' دونوں کے درمیان لعان کیا۔ حضرت عویمر نے کہا: اگر میں اس کو لے کر گیا تو میں اس پر جھوٹ بولوں گا۔ حضرت عویمر نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم سے پہلے جدائی کر دی۔ حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: لعان کرنے والوں کے درمیان سنت جاری ہوئی' پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دیکھنا! اگر سیاہ اور دھنسی ہوئی آنکھوں والا اور بڑی سرین والا جنے تو یہ اپنی بیوی کے متعلق بات کہنے میں سچا ہے' اگر سرخ اور چھوٹے اونٹ کی طرح جنے تو جھوٹا ہے' اس نے ناپسند صورت والا جنا۔ حدیث کے الفاظ حمیدی کے ہیں۔

5552 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَنْبَرٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ رَجُلًا رَأَى مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ بِهِ، أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ بِهِ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيهِمَا مَا ذُكِرَ فِي

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ بتائیں گے کہ کوئی آدمی اپنی بیوی کے پاس کسی آدمی کو پائے تو اسے قتل کر دے' اور آپ لوگ اس کو قتل کر دیں' یا کیا کرے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دونوں کے معاملہ میں قرآن نے لعان کا حکم ذکر کیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارے اور تمہاری بیوی

الْقُرْآنِ مِنَ التَّلاعُنِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ قُضِيَ فِيكَ وَفِي امْرَأَتِكَ، قَالَ: فَتَلاعَنَا، وَأَنَا شَاهِدٌ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، إِنْ أَمْسَكْتُهَا، فَقَدْ كَذَبْتُ عَلَيْهَا، فَفَارَقَهَا، فَجَرَتِ السُّنَّةُ بَعْدُ فِيهِمَا أَنْ يُفَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلاعِنَيْنِ، وَكَانَتْ حَامِلًا، فَأَنْكَرَ حَمْلَهَا، وَكَانَ يُدْعَى إِلَيْهَا، وَجَرَتِ السُّنَّةُ بَعْدُ فِي الْمِيرَاثِ، أَنْ يَرِثَهَا فَتَرِثَ مِنْهُ مَا فَرَضَ اللهُ لَهَا

کے متعلق حکم نازل کیا گیا' فرمایا: دونوں لعان کرو! حضرت سہل فرماتے ہیں: میں وہاں موجود تھا' رسول اللہ ﷺ کے لیے یہ لعان کرنے والوں میں سنت جاری ہوئی' یہ عورت حاملہ تھی' اُس آدمی نے اس کے حمل کا انکار کیا اور بچے کی نسبت اس عورت کی طرف کی جاتی تھی۔ اس کے بعد میراث کی سنت کا طریقہ چلا کہ وہ بچہ اپنی ماں کا وارث ہوگا اور لڑکی اللہ کے مقررہ کردہ حصہ کے مطابق وارث ہوگی' جو اللہ نے مقرر کیا۔

5553 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عِيَاضُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْفِهْرِيُّ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، أَنَّ الْمُلاعِنَ طَلَّقَهَا ثَلاثَ تَطْلِيقَاتٍ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَنْفَذَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ مَا صُنِعَ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَّةً، قَالَ سَهْلٌ: حَضَرْتُ هَذَا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَضَتِ السُّنَّةُ بَعْدُ فِي الْمُتَلاعِنَيْنِ أَنْ يُفَرَّقَ بَيْنَهُمَا، ثُمَّ لا يَجْتَمِعَانِ أَبَدًا، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَقَالَ الرَّجُلُ عِنْدَ ذَلِكَ، بِئْسَ عَبْدُ اللهِ أَنَا إِنْ كَذَبْتُ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وتَحَمَّلْتُ فِرْيَةً

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے ہاں لعان کی تین طلاقیں کہا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے اسے نافذ کیا' جو رسول اللہ ﷺ کے ہاں سنت طریقہ کہا جاتا تھا۔ حضرت سہل فرماتے ہیں: میں اس وقت رسول اللہ ﷺ کے پاس موجود تھا' اس کے بعد لعان کرنے والوں کے درمیان طریقہ جاری ہو گیا کہ درمیان جدائی کر دی جائے گی' پھر دونوں کبھی جمع نہیں ہوسکیں گے۔ حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: ایک آدمی نے کہا: میں عبداللہ کتنا بُرا آدمی ہوتا' اگر میں رسول اللہ ﷺ کے پاس جھوٹ بولتا اور میں اپنی طرف سے بات گھڑ لیتا۔

5554 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

الْخَفَّافُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: حَضَرْتُ لِعَانَهُمَا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً، فَلَمَّا فَرَغَا مِنْ تَلَاعُنِهِمَا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَذَبْتُ عَلَيْهَا إِنْ أَمْسَكْتُهَا، قَالَ: فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا، وَقَالَ: وَاللّٰهِ لَئِنْ كَذَبْتُ، لَقَدْ تَحَمَّلْتُ فِرْيَةً، ثُمَّ مَرَّتْ حَامِلًا، وَكَانَ الْوَلَدُ إِلَى أُمِّهِ

میں لعان کے وقت رسول اللہ ﷺ کے پاس موجود تھا' میری عمر اس وقت پندرہ سال تھی' جب دونوں لعان سے فارغ ہوئے تو حضرت عویمر نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر میں اس کو اپنے پاس رکھوں تو میں جھوٹا ہوں' حضرت عویمر نے تین طلاقیں دیں اور کہا: اللہ کی قسم! اگر میں جھوٹ بولوں تو میں نے بہت بڑی بات گھڑائی' پھر حاملہ ہوئی اور اس بچہ کی نسبت ماں کی طرف کی جاتی تھی۔

5555 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ الْمَلْطِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ ح، وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ يَعْنِي ابْنَ مُجَمِّعٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: جَاءَ عُوَيْمِرٌ -رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ مِنْ بَنِي الْعَجْلَانِ- إِلَى عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ، فَقَالَ: سَلِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا فَقَتَلَهُ، أَتَقْتُلُونَهُ، أَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ فَلَبِثَ الرَّجُلُ شَيْئًا، ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ: يَا عَاصِمُ، مَا صَنَعْتَ فِيمَا قُلْتُ؟ فَقَالَ عَاصِمٌ: إِنَّكَ لَمْ تَأْتِنِي بِخَيْرٍ قَطُّ، سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَابَ الْمَسَائِلَ، فَلَمْ تُقِرَّهُ نَفْسُهُ، حَتَّى جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ مِثْلَ مَا قَالَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ آئے' جو بنی عجلان سے انصار کے ایک آدمی تھے' حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' اس نے کہا: آپ میرا مسئلہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھیں کہ اگر کوئی آدمی اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو پائے' اسے قتل کردے تو کیا اسے قتل کیا جائے گا یا کیا کیا جائے گا؟ وہ آدمی کچھ دیر ٹھہرا' پھر آیا اور اس نے کہا: اے عاصم! حدیث کا کیا کیا؟ حضرت عاصم نے کہا: تو میرے پاس کبھی کوئی بھلائی والی بات نہیں لایا' میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تھا' آپ نے اس طرح کے مسئلہ کو ناپسند کیا' حضرت عویمر رضی اللہ عنہ اپنے اوپر قابو نہ رکھ سکے' حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ سے وہی بات عرض کی جو حضرت عویمر نے حضرت عاصم سے عرض کی تھی' حضور ﷺ نے حضرت عویمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اللہ عزوجل نے اس کے

لِعَاصِمٍ، فَقَالَ: تَعَالَ فَقَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيكَ وَفِي صَاحِبَتِكَ، فَدَعَاهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلاعَنَ بَيْنَهُمَا، فَقَالَ عُوَيْمِرٌ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، كَذَبْتُ عَلَيْهَا إِنْ أَمْسَكْتُهَا بَعْدَ أَنْ لاعَنْتُهَا، فَجَرَتِ السُّنَّةُ بَيْنَ الْمُتَلاعِنَيْنِ فِي أَنْ يُفَرَّقَ بَيْنَهُمَا

اور آپ کی بیوی کے متعلق حکم نازل کیا ہے' رسول اللہ ﷺ نے دونوں کو بلوایا' دونوں کے درمیان لعان کروایا' حضرت عویمر نے عرض کی: یارسول اللہ! لعان کے بعد اگر میں اس کو اپنے پاس رکھوں تو میں جھوٹا ہوں گا' اس کے بعد لعان کرنے والوں کے درمیان جدائی کی سنت جاری ہوئی۔

5556 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ حَضَرَ الْمُتَلاعِنَيْنِ، وَأَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَّقَ بَيْنَهُمَا

حضرت سہل بن سعد سے روایت ہے کہ دو لعان کرنے والے آدمی حاضر ہوئے اور رسول کریم ﷺ نے ان دونوں کے درمیان جدائی کر دی۔

5557 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو عَامِرٍ النَّحْوِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ عُوَيْمِرٌ لِعَاصِمٍ: رَجُلٌ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، أَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ سَلْ لِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ، فَسَأَلَ عَاصِمٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ، فَكَرِهَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، فَعَظُمَ ذَلِكَ عَلَى عَاصِمٍ وَكَبُرَ فِي نَفْسِهِ، فَأَتَاهُ عُوَيْمِرٌ، فَقَالَ: سَأَلْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي أَمَرْتُكَ بِهِ؟ فَقَالَ: لَمْ تَجِئْنِي بِخَيْرٍ، سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَرِهَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، حَتَّى وَدِدْتُ أَنِّي خَرَجْتُ مِنْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عاصم رضی اللہ عنہ سے کہا: کوئی آدمی اپنی بیوی کے ساتھ کسی دوسرے آدمی کو پائے اور اسے قتل کر دے تو کیا اُسے بھی قتل کیا جائے گا' یا کیا کرے؟ میرا یہ مسئلہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھیں' حضرت عاصم رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' آپ ﷺ نے سوال کرنے کو ناپسند کیا' حضرت عاصم نے اپنے اوپر بُرا خیال کیا۔ حضرت عویمر نے کہا: آپ نے رسول اللہ ﷺ سے وہ مسئلہ پوچھا جس کے لیے آپ کو کہا گیا تھا؟ حضرت عاصم رضی اللہ عنہ نے کہا: تو میرے پاس کوئی بھلائی والی بات نہیں لایا' میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تو آپ نے اس طرح کا سوال کرنے کو ناپسند کیا اور ناپسند کہا' حتیٰ کہ میں نے چاہا کہ میں نکلوں اور آپ کی بیوی کا معاملہ

مَالِي وَلَمْ أَسْأَلْهُ شَأْنَكَ بِامْرَأَتِكَ، فَأَتَى عُوَيْمِرٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، رَجُلٌ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، أَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ؟ فَقَالَ: قَدْ أَنْزَلَ اللَّهُ فِيكَ وَفِي صَاحِبَتِكَ فَاعْجَلْ بِهَا ، فَقَدَّمَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَسْجِدِ بَعْدَ الْعَصْرِ، وَأَنَا مَعَ النَّاسِ أَنْظُرُ، فَتَلَاعَنَا، فَلَمَّا فَرَغَا، وَقَفَ عُوَيْمِرٌ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، ظَلَمْتُهَا إِنْ أَمْسَكْتُهَا، فَهِيَ طَالِقٌ الْبَتَّةَ

نہ پوچھوں۔ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! کوئی آدمی اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو پائے تو کیا اُسے قتل کر دے تو کیا اس کو بھی قتل کیا جائے گا' یا کیا کرے؟ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے آپ کے اور آپ کی بیوی کے متعلق حکم نازل کیا' آپ جلدی اس کو لائیں' رسول اللہ ﷺ عصر کے بعد مسجد کی طرف اس عورت کو لے کر گئے' اور میں لوگوں کے ساتھ دیکھ رہا تھا' اُنہوں نے لعان کیا' جب رسول اللہ ﷺ فارغ ہوئے تو حضرت عویمر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس ٹھہرے' عرض کی: یارسول اللہ! اگر میں اس کو اپنے پاس رکھوں تو میں نے ظلم کیا' یہ طلاق بتہ والی ہے۔

5558 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ، ثنا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ عُوَيْمِرًا لَمَّا لَاعَنَ امْرَأَتَهُ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَفَ عُوَيْمِرٌ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، ظَلَمْتُهَا إِنْ أَمْسَكْتُهَا، فَهِيَ طَالِقٌ الْبَتَّةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا أَبُو دَاوُدَ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ عَاصِمَ بْنَ عَدِيٍّ، قَالَ: جَاءَ عُوَيْمِرٌ -

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ نے جب رسول اللہ ﷺ کے پاس لعان کیا' حضرت عویمر رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ کے پاس ٹھہرے' عرض کی: یارسول اللہ! اگر میں اس کو اپنے پاس رکھوں تو میں نے اپنی جان پر ظلم کیا' اس کو طلاقِ بتہ دی۔ حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ نے کہا: حضرت عویمر رضی اللہ عنہ' بنی عجلان کے ایک آدمی آئے' اس کے بعد حدیث ذکر کی' اس کے بعد حدیث ذکر کی' اس کے بعد ابراہیم بن سعد والی حدیث ذکر کی۔

رَجُلٌ مِنْ بَنِي الْعَجْلَانِ -فَذَكَرَ الْحَدِيثَ، نَحْوَ حَدِيثِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ

5559 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، أَنَّهُ شَهِدَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فُرِّقَ بَيْنَهُمَا، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَذَبْتُ عَلَيْهَا إِنْ أَمْسَكْتُهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ دو لعان کرنے والوں کے پاس رسول اللہ ﷺ کے موجود تھے دونوں کے درمیان جدائی کر دی گئی حضرت عویمر نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اس کو اگر اپنے پاس رکھوں تو میں جھوٹا ہوں گا۔

5560 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ الْمَاجِشُونَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي الْعَجْلَانِ إِلَى عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ، فَقَالَ: يَا عَاصِمُ، أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ سَلْ لِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَرِهَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا، حَتَّى كَبُرَ عَلَى عَاصِمٍ مَا سَمِعَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَجَعَ عَاصِمٌ إِلَى أَهْلِهِ، جَاءَ عُوَيْمِرٌ، فَقَالَ: يَا عَاصِمُ، مَاذَا قَالَ لَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ عَاصِمٌ: قَدْ كَرِهَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْأَلَةَ الَّتِي سَأَلْتَ عَنْهَا، فَأَقْبَلَ عُوَيْمِرٌ حَتَّى سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَسَطِ النَّاسِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بنی عجلان کا ایک آدمی حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اس نے کہا: اے عاصم! یہ بتائیں کہ اگر کوئی آدمی اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو پائے تو کیا اُسے قتل کرے تو اُسے بھی قتل کیا جائے گا یا کیا کرے؟ میرا یہ مسئلہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھیں رسول اللہ ﷺ نے یہ سوال ناپسند سمجھا اور ناپسند خیال کیا۔ حضرت عاصم رضی اللہ عنہ پر یہ دشوار گزرا جو رسول اللہ ﷺ سے سنا جب حضرت عاصم اپنے گھر والوں میں آئے تو حضرت عویمر آئے کہا: اے عاصم! آپ کو رسول اللہ ﷺ نے کیا فرمایا؟ حضرت عاصم رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے اس مسئلہ کو ناپسند کیا جو آپ نے پوچھا تھا۔ حضرت عویمر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے آپ لوگوں کے درمیان تھے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ اگر کوئی آدمی اپنی بیوی کے ساتھ کسی کو پائے تو کیا اُسے قتل کر دے تو کیا

اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا، أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ؟ قَالَ: قَدْ نَزَلَ فِيكَ وَفِي صَاحِبَتِكَ، فَاذْهَبْ فَائْتِ بِهَا، قَالَ سَهْلٌ: فَتَلَاعَنَا، وَأَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا فَرَغَا مِنْ تَلَاعُنِهِمَا، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَذَبْتُ عَلَيْهَا إِنْ أَمْسَكْتُهَا، قَالَ: فَطَلَّقَهَا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَلَاقِهَا، وَكَانَ فِرَاقُهُ إِيَّاهَا سُنَّةً بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ

اسے بھی قتل کیا جائے گا' یا کیا کیا جائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تمہارے اور تمہاری بیوی کے متعلق حکم نازل کیا' جاؤ اپنی بیوی کو لے کر آؤ۔ حضرت سہل فرماتے ہیں: دونوں نے لعان کیا' میں وہاں رسول اللہ ﷺ کے پاس لوگوں میں موجود تھا' جب دونوں لعان کر کے فارغ ہوئے تو عرض کی: یارسول اللہ! اگر میں اس کو اپنے پاس رکھوں تو میں جھوٹا ہوں گا' حضرت عویمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے حکم سے پہلے طلاق دے دی' آپ کا اپنی بیوی کو جدا کرنا دو لعان کرنے والوں کے لیے بطور سنت جاری ہوا۔

بَابٌ

5561 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خُنَيْسٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَلْقَاوِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُقْرِءُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، حَدَّثَنِي سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَهَبَ إِلَى بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ، فَحَانَ وَقْتُ الصَّلَاةِ، فَجَاءَ الْمُؤَذِّنُ إِلَى أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ، فَقَالَ: أَتُصَلِّي لِلنَّاسِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَصَلَّى أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ فِي الصَّلَاةِ فَخَلَصَ، حَتَّى وَقَفَ فِي

باب

حضرت امام زہری سے روایت ہے کہ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث بیان کی کہ رسول کریم ﷺ قبیلہ بنوعمرو بن عوف کے درمیان صلح کروانے کی خاطر تشریف لے گئے' پس نماز کا وقت قریب ہو گیا تو مؤذن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: کیا آپ لوگوں کو نماز پڑھائیں گے؟ تو اُنہوں نے فرمایا: جی ہاں! پس انہوں نے لوگوں کو نماز پڑھائی' جب ابھی وہ نماز پڑھا ہی رہے تھے تو رسول کریم ﷺ تشریف لے آئے حتیٰ کہ آپ ﷺ لوگوں کے ساتھ صف میں کھڑے ہو

5561- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 316 رقم الحديث: 421 . والبخاري جلد 1 صفحه 242 رقم الحديث: 652 .

الصَّفِّ مَعَ النَّاسِ فَكَانَ أَبُو بَكْرٍ لَا يَلْتَفِتُ فِي صَلَاتِهِ، فَلَمَّا أَكْثَرَ النَّاسُ التَّصْفِيقَ، الْتَفَتَ فَرَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وأشَارَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنِ امْكُثْ مَكَانَكَ، فَرَفَعَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ يَدَهُ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى مَا أَمَرَهُ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ذَلِكَ، ثُمَّ اسْتَأْخَرَ، حَتَّى اسْتَوَى فِي الصَّفِّ، فَتَقَدَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَثْبُتَ إِذْ أَمَرْتُكَ؟ ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ: مَا كَانَ يَنْبَغِي لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يُصَلِّيَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِي رَأَيْتُكُمْ أَكْثَرْتُمْ مِنَ التَّصْفِيقِ، مَنْ رَابَهُ شَيْءٌ فِي الصَّلَاةِ فَلْيُسَبِّحْ، فَإِنَّهُ إِذَا سَبَّحَ الْتَفَتَ إِلَيْهِ، وإِنَّمَا التَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

گئے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ آپ نماز میں کسی طرف متوجہ نہیں ہوتے تھے' جب لوگوں نے زیادہ تالیاں بجائیں تو اُنہوں نے توجہ کی تو ان کی نظر رسول کریم ﷺ پر پڑی۔ آپ ﷺ نے ان کی طرف اشارہ کیا کہ وہ اپنی جگہ جمے رہیں۔ پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ اُٹھا کر اللہ کا شکر ادا کیا اس پر جو رسول کریم ﷺ نے ان کو حکم دیا تھا' پھر آہستہ آہستہ پیچھے ہٹنے لگے حتیٰ کہ لوگوں کی صفوں کے برابر ہو گئے تو رسول کریم ﷺ نے آگے ہو کر نماز پڑھائی' پس جب آپ ﷺ نے نماز کا سلام پھیرا تو فرمایا: اے ابوبکر! جب میں نے آپ کو حکم دے دیا تھا تو آپ کو وہاں مصلّٰی پر ٹھہرے رہنے میں کیا رکاوٹ تھی؟ حضرت ابوبکر نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کو یہ زیب نہ دیتا تھا کہ وہ رسول کریم ﷺ کی موجودگی میں ان کے سامنے کھڑے ہو کر نماز پڑھائے۔ پھر رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تم زیادہ تالیاں کیوں بجا رہے تھے؟ جس آدمی کو نماز میں کوئی چیز شک میں ڈالے تو وہ تسبیح کہے کیونکہ جب وہ تسبیح کہے گا تو وہ اس کی طرف توجہ کرے گا' یہ تالی بجانا تو عورتوں کیلئے ہے۔

5562 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ عَنْبَرٍ الْبَصْرِيُّ قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اُحد کے دن اے اللہ! میری قوم کو بخش دے کیونکہ وہ جانتے بھی نہیں ہیں۔

5562- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد3 صفحه1417 رقم الحديث: 1792 . وأخرج نحوه البخاري جلد2 صفحه1282 رقم الحديث: 3290' جلد6 صفحه2539 رقم الحديث: 6530 .

مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِي فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

5563 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: إِنَّمَا رَخَّصَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمُتْعَةِ لِحَاجَةٍ كَانَتْ بِالنَّاسِ شَدِيدَةٍ، ثُمَّ نَهَى عَنْهَا بَعْدُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں متعہ کی اجازت دی کسی ضرورت کی وجہ سے لوگوں کو سخت ضرورت تھی' پھر اس کے بعد اس سے منع کیا گیا۔

5564 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَذُوعِيُّ، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: إِنَّمَا كَانَ قَوْلُ الْأَنْصَارِ: الْمَاءُ مِنَ الْمَاءِ فِي أَوَّلِ الْإِسْلَامِ، ثُمَّ كَانَ الْغُسْلُ بَعْدَهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ بات صرف انصار نے کی کہ پانی سے پانی اسلام کی ابتداء میں تھا' پھر اس کے بعد غسل لازم ہوا۔

الْعَبَّاسُ بْنُ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ

حضرت عباس بن سہل بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

5565 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا أُبَيُّ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت عباس بن سہل بن سعد اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں: حضور ﷺ سے استنجاء کے متعلق پوچھا گیا' آپ نے فرمایا: کیا تم میں

5563- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه266 وقال: رواه الطبراني وفيه يحيى بن عثمان بن صالح وابن لهيعة وكلاهما حديثه حسن وفيه كلام وبقية رجاله رجال الصحيح .

5564- أورد نحوه الترمذي في سننه جلد1صفحه183' رقم الحديث:110 .

5565- البيهقي في سننه الكبرى جلد1صفحه114' رقم الحديث:554,553 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الِاسْتِطَابَةِ، فَقَالَ: أَوَلَا يَجِدُ أَحَدُكُمْ ثَلَاثَةَ أَحْجَارٍ، حَجَرَانِ لِلصَّفْحَتَيْنِ، وَحَجَرٌ لِلْمَسْرُبَةِ

سے کوئی تین پتھر پاتا ہے کہ دو پتھر صفائی کے لیے اور ایک مسربہ کے لیے۔

5566 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا وُضُوءَ لِمَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عباس بن سہل اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں حضور ﷺ نے فرمایا: اس کا وضو نہیں جو حضور ﷺ پر درود نہ پڑھے۔

5567 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ الْمِصْرِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِيِّ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَا وُضُوءَ لَهُ، وَلَا وُضُوءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَلَا صَلَاةَ لِمَنْ لَا يُصَلِّي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا صَلَاةَ لِمَنْ لَا يُحِبُّ الْأَنْصَارَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے وضو نہ کیا اُس کی نماز نہیں اور جس نے بسم اللہ نہ پڑھی اُس کا وضو نہیں اور جس نے حضور ﷺ پر درود نہ پڑھا اُس کی نماز نہیں جو انصار سے محبت نہ کرے اُس کی نماز نہیں۔

5568 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّوْفَلِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، عَنْ أُبَيِّ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسٌ فِي حَائِطٍ يُقَالُ لَهُ: اللُّحَيْفُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا ایک باغ میں گھوڑا تھا جس کا نام لحیف تھا۔

5569 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5567- أورده ابن ماجه في سننه جلد1 صفحه140 رقم الحديث: 400 .

5568- أورد نحوه البخاري في صحيحه جلد3 صفحه1049 رقم الحديث: 2700 .

الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: كَانَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ لَيْلَةٍ مِنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ صَحْفَةٌ، فَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النِّسَاءَ وَيَقُولُ: لَكِ كَذَا وَكَذَا، وَجَفْنَةُ سَعْدٍ تَدُورُ مَعِي إِلَيْكِ كُلَّمَا دُرْتُ

حضورﷺ کے لیے ہر رات حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے ایک پیالہ تھا' حضورﷺ عورتوں کو خطبہ دیتے تھے' فرماتے: اس اس طرح تیرے لیے ہے' حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا پیالہ جب مجھے دیا جاتا تو میرے ہاں پیش کیا جاتا۔

5570 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْأَنَاةُ مِنَ اللهِ، وَالْعَجَلَةُ مِنَ الشَّيْطَانِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: آہستہ آہستہ کام کرنا اللہ کی طرف سے ہے اور جلدی شیطان کی طرف سے۔

5571 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَلِّمُ تَسْلِيمَةً عَنْ يَمِينِهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ دائیں جانب سلام پھیرنے کی (ابتداء کرتے تھے)۔

5572 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرَّكَ فِي بِئْرِ بُضَاعَةَ وَبَصَقَ فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ بیر بضاعہ کے پاس آئے' اس میں اپنا لعاب دہن ڈالا۔

5573 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ

حضرت سہل بن سعد فرماتے ہیں: میرا نام حزن

5570- الترمذي في سننه جلد**4**صفحه**367**' رقم الحديث: **2012**

5571- أورد نحوه الطبراني في الأوسط جلد**1**صفحه**293**' رقم الحديث: **969** .

5572- الروياني في مسنده جلد**2**صفحه**228**' رقم الحديث: **1101** .

بَحْرٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَ اسْمُهُ حَزْنٌ، فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْلٌ

تھا' حضور ﷺ نے سہل رکھا۔

5574 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ أَحَدٍ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں وہ کچھ ہے جو کسی آنکھ نے نہیں دیکھا اور کسی کان نے نہیں سنا اور نہ کسی کے دل میں اس کا خیال آیا۔

5575 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا شُؤْمَ، وَإِنْ يَكُ شُؤْمٌ فَفِي الْفَرَسِ وَالْمَرْأَةِ وَالْمَسْكَنِ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ نے فرمایا: نحوست کوئی شی نہیں ہے' اگر نحوست ہو تو گھوڑے اور عورت اور گھر میں ہے۔

5576 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو مُصْعَبٍ قَالَا: ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ اخْتِنَاثِ الْأَسْقِيَةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مشکیزہ کو الٹا کر اس سے منہ لگا کر پینے سے منع کیا۔

5577 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5574- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد2صفحه506' رقم الحديث: 10585 .

5575- اورد نحوه الترمذي جلد5صفحه127 رقم الحديث: 2824 . وابن ماجه جلد1صفحه642 رقم الحديث: 1993 .

5576- مسلم جلد3صفحه1600 رقم الحديث: 2023 . والبخاري جلد5صفحه2132 رقم الحديث: 5303,5302 .

الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَحِبُّوا قُرَيْشًا، فَإِنَّهُ مَنْ أَحَبَّهُمْ، أَحَبَّهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضورﷺ نے فرمایا: قریش سے محبت کرو' کیونکہ جو ان سے محبت کرے گا' اللہ اس سے محبت کرے گا۔

5578 - وعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اسْتَحْدِثُوا الْإِسْلَامَ بِحُبِّ الْأَنْصَارِ، فَإِنَّهُ لَا يُحِبُّهُمْ إِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلَا يُبْغِضُهُمْ إِلَّا مُنَافِقٌ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: انصار کی محبت کے ساتھ اسلام کو نیا کرو کیونکہ انصار سے محبت مؤمن ہی کرتا ہے' منافق بغض ہی رکھتا ہے۔

العباس بن سهل بن سعد عن أبيه

5579 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: إِنِّي لَحَاضِرٌ يَوْمَ أُحُدٍ وَإِنِّي لَأَنْظُرُ حِينَ رُمِيَ وَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجُرِحَ، وَإِنِّي لَأَعْرِفُ مَنْ كَانَ يَغْسِلُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَنْ كَانَ يَحْمِلُ الْمَاءَ فِي الْمِجَنِّ، فَأَبَى الْكَلْمُ أَنْ يَرْقَأَ، حَتَّى أَحْرَقَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَصِيرًا خَلِقًا، فَجَعَلَتْ رَمَادَهُ عَلَيْهِ فَرَقَأَ، إِنَّ الَّذِي يَحْمِلُ الْمَاءَ فِي، الْمِجَنِّ لَعَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَفَاطِمَةُ الَّتِي تَغْسِلُ الدَّمَ وتُدَاوِيهِ

حضرت عبدالمہیمن بن عباس اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں اُحد کے دن موجود تھا' میں نے دیکھا جس وقت رسول اللہﷺ کے چہرۂ مبارک کی طرف تیر پھینکا گیا' آپ کا چہرہ (والضحیٰ والا) زخمی ہوا' میں اس کو بھی جانتا ہوں کہ جس نے رسول اللہﷺ کے چہرۂ مبارک سے خون دھویا تھا اور ڈھال میں کون پانی لا رہا تھا' زخم بند نہیں ہو رہا تھا تو حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا نے پرانا کپڑا جلا کر اس زخم پر رکھا' اس سے خون آنا بند ہوا' جو ڈھال میں پانی لا رہے تھے وہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کی ذات تھی۔

5580 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5578- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **40** وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس وهو ضعيف .

5579- أورد نحوه ابن ماجه في سننه جلد **2** صفحه **1147**' رقم الحديث: **3464** .

الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى ذُبَابٍ قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ: بَلَغَنِي أَنَّ ذُبَابَ جَبَلٌ بِالْحِجَازِ، وَقَوْلُهُ صَلَّى عَلَيْهِ يَعْنِي بَارَكَ عَلَيْهِ

حضورﷺ نے ذُباب پر نماز پڑھی۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: مجھے معلوم ہوا کہ حجاز کے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ ہے آپ کا یہ فرمان کہ ''صلّی علیہ'' اس کا مطلب ہے کہ آپ کے لیے برکت کی دعا کی۔

5581 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الْحَارِثِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عَبْدِ الْمُهَيْمِنِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَّى عَلَى ذُبَابٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ذباب پہاڑ والوں کے لیے برکت کی دعا کی۔

5582 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: كُنَّا نَفْرَحُ بِيَوْمِ الْجُمُعَةِ، كَانَتْ عَجُوزٌ مِنَّا تُرْسِلُ إِلَى قُضَاعَةَ، فَتَأْخُذُ مِنْ فُرُوعِ السِّلْقِ، فَتَحُسُّ عَلَيْهِ حِفْنَةً مِنْ شَعِيرٍ، فَتَطْبُخُهُ فَتُقَدِّمُهُ إِلَيْنَا، فَنَلْعَقُهَا، فَنَفْرَحُ بِيَوْمِ الْجُمُعَةِ لِذَلِكَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم جمعہ کے دن خوش ہوتے تھے' ہمارے ہاں ایک بوڑھی عورت تھی' وہ جنگل میں کسی کو بھیجتی تھی' وہ سلق (ایک قسم کی سبزی) کی جڑیں لاتی اس کو ہنڈیا میں پکاتی اور جو کی روٹی پکا کر ہمیں دیتی تھی' ہم اس کو کھاتے' اس کے لیے ہم جمعہ کے دن خوش ہوتے تھے۔

5583 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الْحَارِثِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ أَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوا يَأْتُونَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ عالیہ کے مقام پر جاتے' جانوروں کے باندھنے کی جگہ نمازِ مغرب کا وقت پاتے تو وہاں تیمم کرتے۔

5582- البخاري في صحيحه جلد2صفحه827 رقم الحديث: 2222' جلد5صفحه2064 رقم الحديث: 5088 .

5583- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه263 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد المهيمن بن عباس وهو ضعيف .

الْعَالِيَةَ، فَيُدْرِكُونَ الْمَغْرِبَ عِنْدَ مِرْبَدِ النَّعَمِ، فَيَتَيَمَّمُونَ

5584 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَالَ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کی جگہ کا مل جانا' دنیا اور جو کچھ دنیا کے اندر ہے' اس سے بہتر ہے۔

5585 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو مُصْعَبٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ أَنَّهُ: حَضَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ اُحد کے دن رسول اللہ کے ساتھ موجود تھے۔

5586 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ لِسَعْدِ بْنِ سَعْدٍ بِسَهْمٍ يَوْمَ بَدْرٍ، وَهُوَ أَخُو سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے سعد بن سعد کے لیے بدر کے دن حصہ رکھا' حضرت سعد بن سعد میرے بھائی تھے۔

5587 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: أَوْصَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُحْسَنَ إِلَى مُحْسِنِنَا، وَأَنْ يُتَجَاوَزَ عَنْ مُسِيئِنَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں اچھائیاں کرنے کی وصیت کی اور ہماری غلطیوں سے درگزر کرنے کی وصیت کی۔

5588 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ، ثنا أَبُو مُصْعَبٍ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَقْبَلَ مِنْ تَبُوكَ، وَكَانَ عَلَى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب تبوک سے واپس آئے تو آپ مقامِ ثنیہ پر تھے' آپ نے پڑھا: اللہ اکبر! جب اُحد کی طرف دیکھا تو فرمایا: یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں' پھر آپ متوجہ ہوئے اور فرمایا: کیا

5584- البخاری جلد3صفحہ1187' رقم الحدیث: 3078 .

5588- ذکرہ الهیثمی فی مجمع الزوائد جلد 10صفحہ42 وقال: رواہ الطبرانی وفیہ عبد المهیمن بن عباس وهو ضعیف .

الثَّنِيَّةِ، قَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ فَلَمَّا نَظَرَ إِلَى أُحُدٍ قَالَ: هَذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، ثُمَّ الْتَفَتَ فَقَالَ: هَلْ تُحِبُّونَ أَنْ أُخْبِرَكُمْ بِدُورِ الْأَنْصَارِ؟، قَالُوا: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: خَيْرُ دُورِ الْأَنْصَارِ عَبْدُ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ دَارُ بَلْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، ثُمَّ دَارُ بَنِي النَّجَّارِ، ثُمَّ دَارُ بَنِي سَاعِدَةَ، فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، جَعَلْتَنَا آخِرَ الْقَبَائِلِ؟ فَقَالَ: إِذَا كُنْتَ مِنَ الْخِيَارِ فَحَسْبُكَ، وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ أَبِي مُصْعَبٍ

تم پسند کرتے ہو کہ تمہیں انصار کے گھروں کے متعلق بتاؤں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! جی ہاں! آپ نے فرمایا: انصار کے گھروں میں عبدالاشہل اور حارث بن خزرج اور بنی نجار اور بنی ساعدہ کے گھر بہتر ہیں۔ حضرت سلمہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمیں آپ آخری قبیلہ بنا دیا۔ آپ نے فرمایا: آپ بہتر ہیں تو آپ کے لیے اتنا ہی کافی ہے۔ یہ الفاظ حدیث کے ابومصعب کے ہیں۔

5589 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو مُصْعَبٍ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَمَضْمَضُوا مِنَ اللَّبَنِ فَإِنَّ لَهُ دَسَمًا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: دودھ پی کر کلی کرلیا کرو کیونکہ اس میں چکنائی ہوتی ہے۔

5590 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو مُصْعَبٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُنْفَخَ فِي الشَّرَابِ، وَأَنْ يُشْرَبَ مِنْ ثَلْمَةِ الْقَدَحِ أَوْ أُذُنِهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ پینے والی شی میں پھونکنے سے منع کیا اور ٹوٹے ہوئے پیالہ میں پینے سے منع کیا۔

5591 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْمُرُ بِالْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ موزوں پر مسح کرنے کا حکم دیتے تھے۔

5589- الروياني في مسنده جلد2صفحه224' رقم الحديث: 1086 .

5590- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5صفحه87 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس بن سهل وهو ضعيف .

5591- أورد نحوه ابن ماجه في سننه جلد1صفحه182' رقم الحديث: 547 .

5592 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، ثنا أَبُو مُصْعَبٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ عَامِرَ بْنَ الطُّفَيْلِ قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ، فَرَاجَعَ النَّبِيَّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَارْتَفَعَ صَوْتُهُ، وَثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ قَائِمٌ بِسَيْفِهِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا عَامِرُ، غُضَّ مِنْ صَوْتِكَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَمَا أَنْتَ وَذَاكَ؟ فَقَالَ ثَابِتٌ: أَمَا وَالَّذِي أَكْرَمَهُ، لَوْلَا أَنْ يَكْرَهَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَضَرَبْتُ بِهَذَا السَّيْفِ رَأْسَكَ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ عَامِرٌ وَهُوَ جَالِسٌ وَثَابِتٌ قَائِمٌ، فَقَالَ لَهُ: أَمَا وَاللهِ يَا ثَابِتُ، لَئِنْ عُرِضَتْ نَفْسُكَ لِي لَتُوَلِّيَنَّ عَنِّي، فَقَالَ ثَابِتٌ: أَمَا وَاللهِ يَا عَامِرُ، لَئِنْ عُرِضَتْ نَفْسُكَ لِلِسَانِي لَتَكْرَهَنَّ حَيَاتِي، فَعَطَسَ ابْنُ أَخٍ لِعَامِرٍ، فَحَمِدَ اللهَ، فَشَمَّتَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ عَطَسَ عَامِرٌ، فَلَمْ يَحْمَدِ اللهَ، فَلَمْ يُشَمِّتْهُ النَّبِيُّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عَامِرٌ: شَمَّتَّ هَذَا الصَّبِيَّ وَتَرَكْتَنِي؟ قَالَ: إِنَّ هَذَا حَمِدَ اللهَ، فَقَالَ: فَمَحْلُوفَةٌ، لَأَمْلَأَنَّهَا عَلَيْكَ خَيْلًا وَرِجَالًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكْفِينِيكَ اللهُ وَابْنَا قَيْلَةَ، ثُمَّ خَرَجَ عَامِرٌ، فَجَمَعَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاجْتَمَعَ إِلَيْهِ مِنْ بَنِي

حضرت سہل بن سعد سے روایت ہے کہ عامر بن طفیل رسول کریم ﷺ کی خدمت میں مدینے آیا' اس نے نبی کریم ﷺ پر مراجعت کی' یعنی آپ ﷺ کی بات کو لوٹایا اور اس کی آواز بلند ہوئی جبکہ حضرت ثابت بن قیس تلوار لے کر نبی کریم ﷺ کے پاس کھڑے تھے تو انہوں نے کہا: اے عامر! اپنی آواز کو نبی کریم ﷺ سے پست رکھ۔ اس نے کہا: تو اور وہ کیا ہے؟ (یعنی یہ میرا اور ان کا معاملہ ہے تو بیچ میں کہاں آ گیا ہے) پس حضرت ثابت نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ ﷺ کو عزت کا مقام عطا فرمایا ہے! اگر رسول کریم ﷺ کو یہ بات ناپسند نہ ہوتی تو میں اپنی تلوار سے تیرا سر مار دیتا۔ پس عامر نے ان کی طرف دیکھا جبکہ وہ بیٹھا تھا اور حضرت ثابت کھڑے تھے' لیکن قسم بخدا! اے ثابت! اگر تیری جان مجھے پیش کی جائے تو تُو مجھ سے پھر جائے۔ حضرت ثابت نے فرمایا: بہرحال قسم بخدا! اے عامر! اگر تیری جان میری زبان کو پیش کی جائے تو تُو میری زندگی کو ناپسند کرے۔ اتنے میں عامر کے بھتیجے کو چھینک آئی تو اس نے اللہ کی حمد کی' نبی کریم ﷺ نے اس کی چھینک کا جواب دیا' پھر عامر کو چھینک آئی تو اس نے اللہ کی حمد نہیں کی تو نبی کریم ﷺ نے اس کی چھینک کا جواب نہ دیا۔ پس عامر نے کہا: (اے محمد!) آپ نے اس بچے کی چھینک

5592- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6صفحه125' جلد8صفحه58 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس وهو ضعيف .

سُلَيْمٍ أَبْطُنٌ ثَلَاثَةٌ، هُمُ الَّذِينَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو عَلَيْهِمْ: عُصَيَّةُ وَذَكْوَانُ وَرِعْلٌ، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو عَلَيْهِمْ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ: اللّٰهُمَّ الْعَنْ لِحْيَانًا وَرِعْلًا وَذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً، فَلَمَّا سَمِعَ أَنَّ عَامِرًا قَدْ جَمَعَ لَهُ، بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِمْ عَمْرَو بْنَ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيَّ وَسَائِرَهُمْ مِنَ الْأَنْصَارِ وَأَمِيرُهُمُ الْمُنْذِرُ بْنُ عَمْرٍو، فَمَضَوْا حَتَّى نَزَلُوا بِئْرَ مَعُونَةَ، فَأَقْبَلَ، حَتَّى هَجَمَ عَلَيْهِمْ، فَقَتَلَهُمْ كُلَّهُمْ، فَلَمْ يُفْلِتْ مِنْهُمْ إِلَّا عَمْرُو بْنُ أُمَيَّةَ، كَانَ فِي الرِّكَابِ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ قُتِلُوا خَبَرَ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: قَدْ قُتِلَ أَصْحَابُكُمْ فَرُوا رَأْيَكُمْ، فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عَامِرٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اكْفِنِي عَامِرًا، فَكَفَاهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ، فَأَقْبَلَ حَتَّى نَزَلَ بِفِنَائِهِ، فَرَمَاهُ اللّٰهُ بِالذُّبْحَةِ فِي حَلْقِهِ فِي بَيْتِ امْرَأَةٍ مِنْ سَلُولٍ، وَأَقْبَلَ يَنْزُو وَهُوَ يَقُولُ: يَا لَعَامِرٍ مِنْ غُدَّةٍ كَغُدَّةِ الْجَمَلِ، فِي بَيْتِ سَلُولِيَّةٍ، يَرْغَبُ أَنْ يَمُوتَ فِي بَيْتِهَا، فَلَمْ يَزَلْ كَذَلِكَ حَتَّى مَاتَ فِي بَيْتِهَا، وَكَانَ أَرْبَدُ بْنُ قَيْسٍ أَصَابَتْهُ صَاعِقَةٌ فَاحْتَرَقَ فَمَاتَ، وَرَجَعَ مَنْ كَانَ مَعَهُمْ

کا جواب دیا اور مجھے چھوڑ دیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اس نے اللہ کی حمد کی (تو میں نے اس کا جواب دیا اور تُو نے حمد نہیں کی تو میں نے تجھے چھوڑ دیا) اس نے کہا: یہ قسمیہ بات ہے میں آپ پر اس کو گھوڑوں اور مردوں سے بھر دوں گا۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تیری طرف سے مجھے میرا اللہ کافی ہے اور قیلہ کے دونوں بیٹے یعنی قبیلہ اوس وخزرج انصار کافی ہیں۔ پھر عامر چلا گیا' پس اس نے نبی کریم ﷺ (سے لڑائی) کے لیے (لوگوں کو) جمع کیا تو تین قبیلے اس کے پاس اکٹھے ہو گئے' یہ وہی ہیں جن کے خلاف رسول کریم ﷺ نے دعا کی: (۱) عصیہ (۲) ذکوان (۳) رعل۔ نبی کریم ﷺ صبح کی نماز میں ان کے خلاف دعا کرتے رہے: اے اللہ! اپنی رحمت سے دور فرما دے! بنولحیان' رعل' ذکوان اور عصیہ کو' اُنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی ہے' اللہ اکبر! پس نبی کریم ﷺ نے سترہ راتیں ان کے خلاف دعا کی۔ پس جب آپ ﷺ نے سنا کہ عامر نے آپ کے لیے لوگوں کو اکٹھا کیا ہے تو آپ ﷺ نے عمرو بن امیہ ضمری اور دیگر انصار کو روانہ کیا اور ان کا امیر منذر بن عمرو تھا' وہ چلے یہاں تک کہ بئر معونہ پر جا ٹھہرے' پس اس نے آگے بڑھ کر ان سب پر حملہ کر دیا اور تمام کو شہید کر دیا' ان میں سے صرف عمرو بن امیہ بچے جو اونٹوں کے قافلے میں تھے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کی طرف وحی فرمائی' اس دن جس دن وہ شہید

ہوئے' آپ ﷺ کو آپ کے صحابہ کی خبر دی' فرمایا: آپ کے صحابہ شہید ہو چکے ہیں' پس تم اپنی رائے قائم کرو۔ پس نبی کریم ﷺ نے عامر کے خلاف دعا کی' نبی کریم ﷺ نے کہا: اے اللہ! میری طرف سے عامر کو کافی ہو جا! پس نبی کریم ﷺ کی طرف سے اللہ اس کو کافی ہو گیا' (یوں کہ) وہ آگے بڑھ کر اپنے صحن میں اترا تو اللہ کی طرف سے سلول کی بیوی کے گھر میں اس کے حلق میں جان لیوا درد ہوا اور اُترتے ہوئے فرما رہے تھے: اے عامر کو اونٹ کی غدود کی مانند غدود ہو گئی ہے' سلولیہ کے گھر میں اس کو اس کے گھر میں مرنا پسند تھا' پس وہ مسلسل وہیں رہا حتیٰ کہ اس کے گھر میں مر گیا اور اربد بن قیس کو کڑک (آسمانی بجلی) نے آلیا' پس وہ جل گیا اور مر گیا اور جو اس کے ساتھ تھے' وہ سارے اپنے گھروں کو لوٹ گئے۔

5593 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا أَبُو مُصْعَبٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ بَايَعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، هُوَ وَأَبُو ذَرٍّ وَأَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ وَرَجُلٌ آخَرُ، عَلَى أَنْ لَا يَأْخُذَهُمْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اور حضرت ابوذر اور حضرت ابوسعید الخدری اور محمد بن مسلمہ اور ایک اور آدمی نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' اس بات پر کہ اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والی ملامت قبول نہیں کریں گے۔

5594 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسجد بننے سے پہلے لکڑی آگے رکھ کر نماز

5593- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**7** صفحه**264** وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس وهو ضعيف .

5594- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد**3** صفحه**1314**' رقم الحديث: **3392** .

بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ يَبْنِيَ الْمَسْجِدَ يُصَلِّي إِلَى خَشَبَةٍ، فَلَمَّا بَنَى الْمَسْجِدَ، بَنَى لَهُ مِحْرَابٌ، فَتَقَدَّمَ إِلَيْهِ فَحَنَّتِ الْخَشَبَةُ حَنِينَ الْبَعِيرِ، فَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلَيْهَا فَسَكَنَتْ

پڑھتے تھے جب مسجد بنائی گئی تو اس کی محراب بنائی گئی آپ آگے ہوئے نماز پڑھانے کے لیے تو وہ لکڑی کا تنا اونٹ کی طرح رونے لگا حضورﷺ نے اس پر اپنا دست مبارک رکھا تو وہ خاموش ہوگیا۔

5595 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ: حَمَلَ دَرَجَةً مِنْ دَرَجِ الْمِنبَرِ مِنَ الْغَابَةِ، حَتَّى وَضَعَهَا فِي الْمَسْجِدِ، وَأَنَّ عُودَ الْمِنبَرِ مِنْ أَثْلٍ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ منبر کی سیڑھیاں غابہ لکڑی کی تھیں اور ان کو مسجد میں رکھا' منبر کی سیڑھیاں جھاؤ کے درخت کی لکڑی کی تھیں۔

5596 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي النَّضْرِ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، ثنا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ النَّمْلَةِ وَالنَّحْلَةِ وَالْهُدْهُدِ وَالصُّرَدِ وَالضُّفْدَعِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ چیونٹی' شہد کی مکھی ہُد ہُد اور لٹور اور بیناء اور مینڈک کو مارنے سے منع فرماتے تھے۔

5597 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الْحَارِثِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عَبْدِ الْمُهَيْمِنِ بْنِ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ کے تین گھوڑے میرے پاس تھے' میں ان کو چارہ ڈالتا اور فرمایا: میں نے اپنے والد سے سنا' وہ

5596- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **41** وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس بن سهل وهو ضعيف .

5597- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **261** وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس وهو ضعيف .

أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ أَبِي ثَلَاثَةُ أَفْرَاسٍ يَعْلِفُهُنَّ، قَالَ: وَسَمِعْتُ أَبِي يُسَمِّيهِنَّ اللِّزَازَ، وَاللَّحِيفَ، وَالظَّرِبَ

ان جانوروں کے لزاز لحیف اور ظرب نام لیتے تھے۔

5598 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ، وَنَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَخَذَ الرَّايَةَ فَقَالَ: أُعْطِي هَذِهِ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ، فَتَطَاوَلَ النَّاسُ يَنْظُرُونَ مَنْ يُعْطِيهَا فَدَعَا عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَعَلِيٌّ أَرْمَدُ، فَبَصَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَيْنَيْهِ، ثُمَّ أَعْطَاهَا إِيَّاهُ، فَفَتَحَ اللَّهُ عَلَيْهِ

جب خیبر کا دن تھا تو ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے' آپ نے جھنڈا پکڑا' فرمایا: یہ جھنڈا اس کو دیا جائے گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہوگا۔ لوگوں نے اس کو لینے کی اُمیدیں کیں' آپ ﷺ نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو بلوایا' حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں تکلیف تھی' حضور ﷺ نے اپنا لعابِ دہن آنکھوں میں ڈالا' پھر آپ نے جھنڈا دیا' اللہ عزوجل نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں پر فتح دی۔

5599 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، اتَّقُوا اللَّهَ، فَإِنَّكُمْ إِنِ اتَّقَيْتُمُ اللَّهَ، يُوشِكُ اللَّهُ أَنْ يُشْبِعَكُمْ مِنْ زَيْتِ الشَّامِ وَقَمْحِ الشَّامِ

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اے لوگو! اللہ عزوجل سے ڈرو' اگر تم اللہ سے ڈرو گے تو اللہ عزوجل تمہیں ملک شام کے زیتون اور گندم سے سیر کرے گا۔

5600 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ الْخَيَّاطُ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک تنے کا سہارا لے کر خطبہ دیتے تھے جب لوگ زیادہ ہوئے تو آپ سے عرض کی گئی: لوگ

5598- أورد نحوه أحمد في مسنده جلد1 صفحه185 رقم الحديث: 1608' جلد4 صفحه51 .

5599- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10 صفحه325 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المهيمن بن عباس وهو ضعيف .

5600- أحمد في مسنده جلد5 صفحه337' رقم الحديث: 22905 .

سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَنِدُ إِلَى جِذْعٍ، فَلَمَّا كَثُرَ النَّاسُ قَالَ: إِنَّ النَّاسَ قَدْ كَثُرُوا، فَلَوْ كَانَ مِنبَرٌ أَقْعُدُ عَلَيْهِ، قَالَ عَبَّاسٌ: فَذَهَبَ أَبِي فَقَطَعَ عِيدَانَ الْمِنبَرِ مِنَ الْغَابَةِ، فَلا أَدْرِي عَمِلَهَا أَوِ اسْتَعْمَلَهَا

زیادہ ہو گئے ہیں' آپ منبر پر تشریف فرما ہوں۔ حضرت عباس فرماتے ہیں کہ میرے والد گئے' جنگل سے منبر کی لکڑیاں کاٹیں' مجھے معلوم نہیں ہے کہ خود بنایا یا کسی سے بنوایا۔

5601 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْأَسْلَمِيُّ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ سَهْلٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَنْدَقِ، فَأَخَذَ الْكِرْزِينَ، فَحَفَرَ بِهِ، فَصَادَفَ حَجَرًا فَضَحِكَ، فَقِيلَ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ضَحِكْتُ مِنْ نَاسٍ يُؤْتَوْنَكُمْ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، وَيُسَاقُونَ إِلَى الْجَنَّةِ وَهُمْ كَارِهُونَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ تھا' خندق میں آپ نے کدال پکڑی اور اس کے ساتھ خندق کھودی' ایک پتھر کو توڑا تو آپ مسکرائے' عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ کیوں مسکرائے ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں ان لوگوں کی وجہ سے ہنسا ہوں جو تمہارے پاس مشرق سے آئیں گے' وہ جنت کی طرف ہانکے جائیں گے' اس حال میں کہ وہ مجبور ہوں گے۔

5602 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، أَخْبَرَنِي الْعَبَّاسُ بْنُ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: لَمَّا تَلاعَنَا، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْبِضْهَا إِلَيْكَ حَتَّى تَلِدَ، فَإِنْ تَلِدْهُ أَحْمَرَ مِثْلَ وَحَرَةٍ، فَهُوَ لِأَبِيهِ عُوَيْمِرٍ الَّذِي انْتَفَى مِنْهُ، وَإِنْ

حضرت عباس بن سہل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ جب دونوں نے لعان کیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو اپنے پاس رکھو یہاں تک کہ بچہ جن دے' اگر سرخ اونٹ کے بچہ کی طرح جنے تو یہ اپنے والد عویمر کا ہوگا جس کی یہ نفی کر رہی ہے' اگر سیاہ زبان و بال والا جنے تو یہ ابن سحماء کا ہے جس آدمی کی طرف اس کی نسبت کی جاتی تھی۔ حضرت عویمر

5601- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**333** وقال: رواه أحمد والطبراني الا أنه قال يؤتى بهم الى الجنة في كبول الحديد وفي رواية عنده يساقون الى الجنة وهم كارهون ورجاله رجال محمد بن يحيى الأسلمي وهو ثقة .

5602- أحمد في مسنده جلد**5**صفحه**335**' رقم الحديث: **22888** .

تَلِدْهُ أَسْوَدَ اللِّسَانِ وَالشَّعْرِ، فَهُوَ لِابْنِ السَّحْمَاءِ، الرَّجُلِ الَّذِي يَرْمِي بِهِ، قَالَ عُوَيْمِرٌ: فَلَمَّا وَلَدَتْهُ أَتَيْتُ بِهِ، فَاسْتَقْبَلَنِي مِثْلَ الْفَرْوَةِ السَّوْدَاءِ، ثُمَّ أَخَذْتُ بِلَحْيَيْهِ، فَاسْتَقْبَلَنِي لِسَانُهُ مِثْلُ التَّمْرَةِ، فَقُلْتُ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ

رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب اس نے بچہ جنا تو میں اس کے پاس آیا' میں نے دیکھا کہ وہ کالا سیاہ دانہ کی طرح ہے' پھر میں نے اس کی ٹھوڑی پکڑی اور زبان دیکھی تو کھجور کی طرح تھی' میں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا۔

5603 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو الرَّبَالِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَكِيمِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا ذَهَبَ أَحَدُكُمُ الْخَلَاءَ، فَلَا يَسْتَقْبِلِ الْقِبْلَةَ وَلَا يَسْتَدْبِرْهَا

حضرت عباس بن سہل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی بیت الخلاء جائے تو قبلہ رُخ اپنی پیٹھ اور منہ نہ کرے۔

5604 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، وَأَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، قَالَا: ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ بْنَ سَهْلٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: خَيْرُ قَبَائِلِ الْأَنْصَارِ دُورُ بَنِي النَّجَّارِ، ثُمَّ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ بَنِي الْحَارِثِ، ثُمَّ بَنِي سَاعِدَةَ، وَفِي كُلِّ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ

حضرت عباس بن سہل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انصار کے قبائل میں بہتر بنی نجار کا قبیلہ ہے پھر بنی عبدالاشہل کا' پھر بنی حارث کا' پھر بنی ساعدہ کا' ہر انصاری بہتر ہے۔

5605 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت سہل انصاری ساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے

5603- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 224 رقم الحديث: 265 . والبخاري جلد 1 صفحه 66 رقم الحديث: 144 .

5604- أحمد في مسنده جلد 3 صفحه 497 .

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ، حَدَّثَنِي حَازِمُ بْنُ تَمَامٍ، عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ الْأَنْصَارِيِّ ثُمَّ السَّاعِدِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَنْ أُصَلِّيَ الصُّبْحَ، ثُمَّ أَجْلِسَ مَجْلِسِي، فَأَذْكُرَ اللّٰهَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ شَدٍّ عَلَى جِيَادِ الْخَيْلِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، هَكَذَا قَالَ الدَّبَرِيُّ: عَيَّاشٌ، وإِنَّمَا هُوَ عَبَّاسٌ

ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: صبح کی نماز پڑھ کر اسی جگہ بیٹھ جانا اور سورج طلوع ہونے تک اللہ کا ذکر کرنا' مجھے اللہ کی راہ میں کئی عمدہ گھوڑے باندھنے سے زیادہ پسند ہے۔ اسی طرح دبری نے کہا: عیاش اور یہی عباس ہیں۔

5606 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوْزِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا أَبُو خَيْثَمَةَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الْحُرِّ، ثنا عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ أَحَدِ بَنِي مَالِكٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ السَّاعِدِيِّ أَنَّهُ كَانَ فِي مَجْلِسٍ فِيهِ أَبُوهُ، وَأَبُو هُرَيْرَةَ، وَأَبُو أُسَيْدٍ، وَأَبُو حُمَيْدٍ، وَأَنَّهُمْ تَذَاكَرُوا صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرُوا أَنَّهُ سَلَّمَ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ

حضرت عباس بن سہل الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد اور حضرت ابوہریرہ' ابواُسید' ابوحمید رضی اللہ عنہم ایک مجلس میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کے متعلق مذاکرہ کررہے تھے' اُنہوں نے ذکر کیا کہ آپ نماز میں دائیں وبائیں جانب سلام پھیرتے تھے۔

مَا رَوَى أَبُو حَازِمٍ سَلَمَةُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

وہ حدیثیں جو ابوحازم سلمہ بن دینار' حضرت سہل بن سعد سے روایت کرتے ہیں

رِوَايَةُ الْمَدَنِيِّينَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ

مدنی حضرات کی روایت' حضرت ابوحازم'

5606- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2صفحه146 وقال: قلت حديث ابي حميد في الصحيح رواه الطبراني في الكبير ورجاله موثقون .

عُمَرَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلٍ

عبیداللہ بن عمر سے ہے' وہ ابوحازم عبیداللہ بن عمر' ابوحازم وہ حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

5607 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ حَمَّادٌ: ثُمَّ لَقِيتُ أَبَا حَازِمٍ فَحَدَّثَنِي بِهِ، فَلَمْ أُنْكِرْ مِمَّا حَدَّثَنِي بِهِ شَيْئًا فَذَكَرَ حَدِيثَ الصَّلَاةِ، قَالَ: فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا كَانَ لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يَؤُمَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: إِذَا نَابَكُمْ فِي الصَّلَاةِ شَيْءٌ، فَلْيُسَبِّحِ الرِّجَالُ، وَلْتُصَفِّقِ النِّسَاءُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حماد نے فرمایا: میں ابوحازم سے ملا' آپ نے مجھے حدیث بیان کی' جو مجھے بیان کیا میں اس کا انکار نہیں کرتا ہوں' اس کے بعد نماز والی حدیث ذکر کی' کہا: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ابوقحافہ کے بیٹے کی جرأت نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہوتے ہوئے امامت کروائے۔ پھر آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو نماز میں کوئی معاملہ پیش آئے تو وہ سبحان اللہ کہے اور عورتیں تالی بجائیں۔

عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت عمارہ بن غزیہ' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5608 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُؤْمِنٍ يُلَبِّي، إِلَّا لَبَّى مَا عَنْ يَمِينِهِ وَمَا عَنْ شِمَالِهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مؤمن تلبیہ پڑھتا ہے اس کی دائیں و بائیں جانب درخت و پتھر تلبیہ پڑھتے ہیں یہاں تک کہ زمین یہاں اور یہاں سے ختم ہو' اعلیٰ درجات والے اپنے سے نیچے درجات والوں کو دیکھیں گے جس طرح آسمان میں ستارہ دیکھا جاتا ہے۔

5608- اورد نحوه الترمذي في سننه جلد 3صفحه189 رقم الحديث: 828 . وابن ماجه في سننه جلد 2صفحه974 رقم الحديث: 2921 .

مِنْ شَجَرٍ أَوْ حَجَرٍ، حَتَّى يَنْقَطِعَ الْأَرْضُ مِنْ هٰهُنَا وَهٰهُنَا، إِنَّ أَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى لَيَتَرَاآهُمْ مَنْ أَسْفَلَ مِنْهُمْ، كَمَا يُرَى الْكَوْكَبُ فِي السَّمَاءِ

5609 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُلَبٍّ يُلَبِّي، إِلَّا لَبَّى مَا عَنْ يَمِينِهِ وَشِمَالِهِ مِنْ حَجَرٍ وَشَجَرٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی تلبیہ پڑھتا ہے تو اس کی دائیں و بائیں جانب درخت و پتھر تلبیہ پڑھتے ہیں۔

مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت محمد بن عجلان' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5610 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ الْبُورَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: اسْتُصْرِخَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ لِشَيْءٍ كَانَ بَيْنَهُمْ يُصْلِحُهُ، فَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَانْتَظَرُوا، فَلَمَّا أَبْطَأَ تَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَفَّقَ الْقَوْمُ لِأَبِي بَكْرٍ لِيَتَأَخَّرَ، فَتَأَخَّرَ أَبُو بَكْرٍ، وَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ، أَقْبَلَ عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ: مَا بَالُ التَّصْفِيقِ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو بنی عمرو بن عوف کے درمیان صلح کروانے کے لیے بلوایا گیا' آپ ان کے درمیان صلح کروانے کے لیے گئے' نماز کا وقت ہوا تو صحابہ کرام آپ کا انتظار کرنے لگے' جب دیر ہوئی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے ہوئے' پھر رسول اللہ ﷺ آگے ہوئے' جب رسول اللہ ﷺ آ گئے' جب لوگوں نے حضور ﷺ کو دیکھا تو وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پیچھے کرنے کے لیے تالیاں بجانے لگے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پیچھے ہوئے اور رسول اللہ ﷺ آگے ہوئے' جب رسول اللہ ﷺ نے نماز مکمل کی تو لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: کیا بات ہے! تالیاں بجانے کی بجائے

إِنَّمَا التَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

سبحان اللہ مردوں کے لیے اور عورتوں کے لیے تالیاں ہیں۔

مُصْعَبُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت مصعب بن ثابت بن عبداللہ بن زبیر' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5611 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ الْحَجَّاجِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، أَنَا مُصْعَبُ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُؤْمِنُ مِنْ أَهْلِ الْإِيمَانِ، بِمَنْزِلَةِ الرَّأْسِ مِنَ الْجَسَدِ، يَأْلَمُ الْمُؤْمِنُ لِأَهْلِ الْإِيمَانِ، كَمَا يَأْلَمُ الْجَسَدُ لِمَا فِي الرَّأْسِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایمان والوں کا آپس میں رشتہ ایسے ہے جس طرح سر کا تعلق جسم سے ہوتا ہے' ایک مؤمن کو تکلیف ہو تو سارے ایمان والوں کو ہونی چاہیے جس طرح سر کو تکلیف ہوتی ہے تو سارے جسم کو ہوتی ہے۔

5612 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ الْمِصِّيصِيُّ قَالَا: ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ سَلَمَةَ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ مَأْلَفَةٌ، وَلَا خَيْرَ فِيمَنْ لَا يَأْلَفُ وَلَا يُؤْلَفُ

5709 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک صبح اللہ کی راہ میں کرنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5710 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، أَخُو فُلَيْحٍ، أَخْبَرَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: وَقَعَ بَيْنَ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ حَتَّى تَرَامَوْا بِالْحِجَارَةِ، فَذُكِرَ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمْ، فَاحْتَبَسَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَذَّنَ بِلَالٌ بِالصَّلَاةِ، ثُمَّ جَاءَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ فَقَالَ لَهُ: قَدِ احْتَبَسَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَتُقِيمُ الصَّلَاةَ؟ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: بَلَى، فَأَقَامَ الصَّلَاةَ، فَتَقَدَّمَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، وَكَبَّرَ وَطَلَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَفَّقَ النَّاسُ بِأَبِي بَكْرٍ، وَكَانَ لَا يَلْتَفِتُ فِي صَلَاتِهِ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بنوعمرو بن عوف کے درمیان جھگڑا ہو گیا حتیٰ کہ انہوں نے ایک دوسرے کو پتھر مارے' پس یہ بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کی گئی' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُن کے درمیان صلح کروانے کیلئے تشریف لے چلے' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آنے میں دیر ہو گئی یہاں تک کہ حضرت بلال نے نماز کیلئے اذان کہہ دی۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے۔ حضرت بلال نے ان سے عرض کی: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آنے میں دیر ہو گئی ہے' کیا میں اقامت کہوں؟ تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیوں نہیں! پس انہوں نے اقامت کہی' پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے ہوئے اور تکبیر تحریمی کہی' اتنے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے آئے' لوگوں

وَتَخَلَّلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ، حَتّٰى سَمِعَ أَبُو بَكْرٍ حِسَّهُ خَلْفَهُ، فَذَهَبَ لِيَتَأَخَّرَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَمَا أَنْتَ يَا أَبَا بَكْرٍ صَلِّ بِنَا فَرَفَعَ أَبُو بَكْرٍ يَدَهُ إِلَى السَّمَاءِ لِيَسْتَأْخِرَ وَتَقَدَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِالنَّاسِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ مَا مَنَعَكَ حِينَ أَمَرْتُكَ أَنْ تُصَلِّيَ بِالنَّاسِ أَنْ تُصَلِّيَ بِهِمْ؟ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي مَا كَانَ يَنْبَغِي لِابْنِ أَبِي قُحَافَةَ أَنْ يُصَلِّيَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تَمُدُّ يَدَيْكَ إِلَى السَّمَاءِ؟، قَالَ: حَمِدْتُ اللّٰهَ حِينَ أَمَرْتَنِي أَنْ أُصَلِّيَ بِكَ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، مَا لَكُمْ حِينَ نَابَكُمْ فِي صَلَاتِكُمْ شَيْءٌ أَخَذْتُمْ بِالتَّصْفِيقِ، إِنَّمَا التَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ فَمَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ فَلْيُسَبِّحْ، وَلْيَلْتَفِتْ إِلَيْهِ الَّذِي يَلِيهِ

نے تالیاں بجا کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو آگاہ کرنے کی کوشش کی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ آپ نماز میں کہیں توجہ نہیں فرماتے تھے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کے اندر داخل ہوئے یہاں تک کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے پیچھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حرکت کی آواز سن لی۔ پس آپ پیچھے ہونے لگے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (اشارے سے) فرمایا: اے ابوبکر! جیسے ہو کھڑے رہو! ہمیں نماز پڑھاؤ! پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے آسمان کی طرف اپنا ہاتھ بلند کیا تاکہ آپ پیچھے آ جائیں اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آگے تشریف لے آئیں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھائی' پس جب سلام پھیرا تو فرمایا: اے ابوبکر! جب میں نے تجھے لوگوں کو نماز پڑھانے کا حکم دیا تھا تو تجھے کس چیز نے لوگوں کو نماز پڑھانے سے روکا۔ پس آپ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! ابوقحافہ کے بیٹے کو لائق نہ تھا کہ وہ اللہ کے رسول کے سامنے نماز پڑھاتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم آسمان کی طرف اپنے ہاتھ کیوں اُٹھا رہے تھے؟ عرض کی: میں نے اللہ کا شکر ادا کیا جب آپ نے مجھے حکم دیا کہ میں آپ کو نماز پڑھاؤں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے لوگو! تمہیں کیا ہوا' جب تم کو اپنی نماز میں کوئی شی پیش آ جائے تو تم تالی بجانے لگتے ہو' تالی بجانا تو عورتوں کیلئے ہے' پس جب کسی کو نماز میں

کوئی چیز پیش آئے تو وہ تسبیح کہے اور اس کا امام اس کی طرف متوجہ ہو۔

5711 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ح، وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، قَالَا: ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ شَيْبَةَ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا رَابَكُمْ أَمْرٌ تَأْخُذُونَ بِالتَّصْفِيقِ، إِذَا رَابَكُمْ أَمْرٌ فِي صَلَاتِكُمْ فَالتَّسْبِيحُ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو نماز میں کوئی معاملہ پیش آئے تو مرد تسبیح کریں اور عورت تالی بجائیں۔

5712 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَابُورَ الرَّقِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَمَرَاغًا مِنْ مِسْكٍ، مِثْلُ مَرَاغِ دَوَابِّكُمْ فِي الدُّنْيَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: جنت میں مشک خوشبو کا مرغا ہے جس طرح دنیا میں تمہارے جانور مرغ کی طرح ہے۔

5713 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا أَبُو حَازِمٍ قَالَ: قُلْتُ لِسَهْلِ بْنِ سَعْدٍ: هَلْ كَانَتِ الْمَنَاخِلُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: مَا رَأَيْتُ مُنْخُلًا فِي ذَلِكَ الزَّمَانِ، وَمَا أَكَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَعِيرًا مَنْخُولًا حَتَّى فَارَقَ الدُّنْيَا، قُلْتُ: كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُونَ؟ قَالَ: كُنَّا نَطْحَنُهُ، ثُمَّ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں چھاننیاں تھیں؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے اس زمانے میں چھاننی نہیں دیکھی' رسول اللہ ﷺ نے دنیا سے جانے تک چھانے ہوئے جَو کے آٹے کی روٹی نہیں کھائی' میں نے کہا: آپ کیا کرتے تھے؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا: ہم جو پیتے تھے' پھر اُس میں پھونکے مارتے تھے' جو اُڑنا ہوتا

5713- ابن ماجه في سننه جلد2صفحه1107' رقم الحديث: 3335 .

نَبْفُخُهُ، فَيَطِيرُ مَا طَارَ، وَيَسْتَمْسِكُ مَا يَسْتَمْسِكُ

اُڑ جاتا 'رہ جاتا جو رہ جاتا۔

5714 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح، وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدَانُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، قَالُوا: ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ساعَتَانِ لَا تُرَدُّ فِيهِمَا دَعْوَةٌ: عِنْدَ الصَّلَاةِ، وَعِنْدَ الْقِتَالِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دو وقت ایسے ہیں کہ جن میں دعا ردّ نہیں کی جاتی: ایک نماز کے وقت' دوسرا جہاد کے وقت۔

5715 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: مَا شَبِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمٍ شَبْعَتَيْنِ حَتَّى فَارَقَ الدُّنْيَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے دو دن لگاتار سیر ہو کر روٹی نہیں کھائی یہاں تک کہ آپ دنیا سے تشریف لے گئے۔

5716 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا لَنَفْرَحُ بِيَوْمِ الْجُمُعَةِ، قُلْتُ لَهُ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: كَانَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْحَيِّ تَتَّخِذُ السِّلْقَ فَتَصُبُّهُ عَلَى الشَّعِيرِ بَيْنَ الْخَلِّ، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ نَزَعَتْ مِنْهُ بِأُصُولِهِ، وَجَشَّتْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم جمعہ کے دن خوش ہوتے تھے۔ حضرت ابوحازم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے پوچھا: کیوں؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا: ایک قبیلے کی عورت تھی وہ ایک قسم کی سبزی بناتی تھی' پس سر کے درمیان جو رکھ کر اس کو اوپر انڈیل دیتی' جب جمعہ کا دن ہوتا تو اس کو نیچے سے اکھیڑ لیتی اس پر کچھ جو ڈالتی پھر اس کو ہنڈیا میں رکھتی پھر

5714- أخرج نحوه ابن حبان في صحيحه جلد5صفحه60' رقم الحديث: 1764 .

5715- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10صفحه313 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد الحميد بن سليمان وهو ضعيف .

عَلَيْهِ شَيْئًا مِنْ شَعِيرٍ، ثُمَّ جَعَلْتَهُ فِي قِدْرٍ لَهَا، ثُمَّ تُدْخِلُهُ فِي تَنُّورِهَا فَقَدَّمَتْهُ إِلَيْنَا، فَكُنَّا نُسَمِّيهِ تَمَلُّقَ الْغَرَّاقِ، وَنَلْعَقُ، وَإِنْ كُنَّا لَنَفْرَحُ بِيَوْمِ الْجُمُعَةِ مِنْ أَجْلِ قِدْرِهَا، وَكَانَتِ الْقَائِلَةُ لِلْغَدَاءِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ بَعْدَ الْجُمُعَةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس کو اپنے تنور میں رکھ دیتی (جب وہ خوب پک جاتا) تو وہ ہنڈیا ہمیں دیتی تو ہم ہنڈیا کو خوب صاف کرتے' ہم جمعہ کے دن اس وجہ سے خوش ہوتے تھے اور جمعہ کے دن جمعہ کے بعد قیلولہ کرتے تھے' رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں۔

5717 - حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَرُوفٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ بَشِيرٍ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ أَهْلِ الذِّمَّةِ إِلَّا بِإِذْنٍ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: ذمی کے گھر اس کی اجازت کے ساتھ داخل ہو۔

5718 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: أَوْلَمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ دَخَلَتْ عَلَيْهِ صَفِيَّةُ فَقُلْتُ: أَيُّ شَيْءٍ كَانَ فِي وَلِيمَتِهِ؟ فَقَالَ: مَا كَانَ إِلَّا التَّمْرُ وَالسَّوِيقُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے اپنا ولیمہ کیا جس وقت حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی' حضرت ابوحازم فرماتے ہیں: ولیمہ میں کیا شے تھی؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا: کھجور اور کشمش۔

5719 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے ہاں نحوست کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر نحوست کسی

5717- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه46 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد المنعم بن بشير وهو ضعيف .

5718- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4صفحه49 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه عبد الحميد بن سليمان وهو ضعيف وقد وثق .

سَعْدٍ قَالَ: ذُكِرَ الشُّؤْمُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنْ كَانَ فِي شَيْءٍ، فَفِي الْمَسْكَنِ، وَالْفَرَسِ، وَالْمَرْأَةِ

شی میں ہوتی تو عورت اور گھر اور گھوڑے میں ہوتی۔

5720 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَلَمَةَ الْخَبَائِرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْعَطَّارُ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَدَنِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي خَلْفَ الْجِنَازَةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جنازے کے پیچھے چلتے ہوئے دیکھا۔

عبد الحميد بن سليمان أخو فليح عن أبي حازم

5721 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُقْبِلٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِسْحَاقَ الْوَاسِطِيُّ النَّاقِدُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ امْرَأَةً جَاءَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ أَصْحَابُهُ، فَأَطَافَتْ بِهِمْ فَلَمْ تَجِدْ مَكَانًا، فَفَطِنَ لَهَا رَجُلٌ فَقَامَ وَجَلَسَتْ، فَقَضَتْ حَاجَتَهَا ثُمَّ قَامَتْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلرَّجُلِ: أَتَعْرِفُهَا؟ قَالَ: لَا، قَالَ: أَفَرَحِمْتَهَا رَحِمَكَ اللّٰهُ ثَلَاثًا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئی' آپ کے صحابہ آپ کے پاس تھے' اس عورت نے اردگرد چکر لگایا لیکن اُس نے کوئی جگہ نہ پائی' ایک آدمی کھڑا ہوا تو وہ بیٹھی' اس عورت نے اپنی ضرورت پوری کی' پھر کھڑی ہوئی' نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس آدمی کو کیا تُو اس عورت کو جانتا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تُو نے اس پر رحم فرمایا: اللہ تم پر رحم فرمائے گا! یہ تین بار فرمایا۔

5722 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5720- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 31 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه سليمان بن سلمة الجنائزي وهو ضعيف .

5721- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 194 وقال: رواه الطبراني وفيه عبد الحميد بن سليمان وثقه أبو داؤد وغيره وضعفه ابن معين وغيره وبقية رجاله ثقات .

5722- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 300 وقال: رواه الطبراني وفيه اسحاق بن ادريس الأسواري وهو كذاب .

ـضَوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانِ الْقَزَّازُ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ امْرَأَةً مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ، فَرَأَى بِهَا بَيَاضًا، فَفَارَقَهَا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دیہاتی عورت سے شادی کی' آپ نے اس کی سفیدی دیکھی' اسے دخول کرنے سے پہلے اس کو طلاق دے دی۔

يَعْقُوبُ بْنُ الْوَلِيدِ الْمَدَنِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

یعقوب بن الولید المدنی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5723 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ الْوَلِيدِ الْمَدَنِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک صبح اللہ کی راہ میں کرنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5724 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا نَابَ أَحَدُكُمْ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ فَلْيُسَبِّحْ، فَإِنَّ التَّسْبِيحَ لِلرِّجَالِ، وَالتَّصْفِيقَ لِلنِّسَاءِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی ایک کو نماز میں کوئی شی پیش آئے تو اسے چاہیے کہ تسبیح کہے کیونکہ مردوں کیلئے سبحان اللہ کہنا جبکہ تالی بجانا عورتوں کیلئے ہے۔

5725 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

5726 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَسَوِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ نَافِعٍ دَرْخَتُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْكُلُ الْبِطِّيخَ بِالرُّطَبِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ تربوز' تر کھجور کے ساتھ ملا کر کھاتے تھے۔

عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُصْعَبٍ أَبُو مُصْعَبٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت عبدالسلام بن مصعب ابومصعب مدنی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5727 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي قِبَلَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَلَمَّا حُوِّلَ انْطَلَقَ رَجُلٌ إِلَى أَهْلِ قُبَاءَ، فَوَجَدَهُمْ يُصَلُّونَ صَلَاةَ الْغَدَاةِ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرَ أَنْ يُصَلِّيَ إِلَى الْكَعْبَةِ، فَاسْتَدَارَ إِمَامُهُمْ حَتَّى اسْتَقْبَلَ بِهِمُ الْقِبْلَةَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے' جب قبلہ کی تبدیلی ہوئی تو ایک آدمی قباء والوں کی طرف گیا' اس نے ان کو فجر کی نماز پڑھتے ہوئے دیکھا بیت المقدس کی طرف منہ کر کے' اس نے کہا: نبی پاک ﷺ نے کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے' ان کا امام قبلہ کی طرف پھر گیا۔

زُهْرَةُ بْنُ عَمْرِو بْنِ مَعْبَدٍ التَّيْمِيُّ، عَنْ

زہری بن عمرو بن معبد تیمی' حضرت ابوحازم سے

5726- الترمذی جلد4صفحه280' رقم الحديث: 1843 .

5727- ذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد2صفحه14 وقال: رواه الطبرانی فی الكبير ورجاله موثقون .

أَبِي حَازِمٍ

روایت کرتے ہیں

5728 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، ثنا زُهْرَةُ بْنُ عَمْرِو بْنِ مَعْبَدٍ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَوْطٌ مِنَ الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، وَغَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کی مقدار جگہ اور صبح یا شام کرنا' دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5729 - وَبِإِسْنَادِهِ: شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ كُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَجُرِحَ وَجْهُهُ، وَهُشِمَتِ الْبَيْضَةُ عَلَى رَأْسِهِ، وَإِنِّي لَأَعْرِفُ مَنْ يَغْسِلُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ، وَمَنْ يَنْقُلُ عَلَيْهِ الْمَاءَ، وَمَاذَا جُعِلَ عَلَى جُرْحِهِ حَتَّى رَقَأَ الدَّمُ، كَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَغْسِلُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ، وَعَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَنْقُلُ الْمَاءَ إِلَيْهَا فِي مَجَنَّةٍ، فَلَمَّا غَسَلَتِ الدَّمَ عَنْ وَجْهِ أَبِيهَا أَحْرَقَتْ حَصِيرًا، حَتَّى إِذَا صَارَتْ رَمَادًا أَخَذَتْ مِنْ ذٰلِكَ الرَّمَادِ فَوَضَعَتْهُ عَلَى وَجْهِهِ حَتَّى رَقَأَ الدَّمُ، ثُمَّ قَالَ: يَوْمَئِذٍ اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلَى قَوْمٍ كَلَمُوا وَجْهَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ مَكَثَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِي فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی پاک کے پاس تھا جس وقت آپ کے دانت مبارک شہید کیے گئے اور آپ کا چہرۂ مبارک زخمی کیا گیا اور آپ کے سرانور پر چوٹ آئی اور میں جانتا ہوں کہ کس نے آپ کے چہرے سے خون دھویا تھا اور کون پانی لے کر آیا تھا' آپ کے چہرۂ مبارک سے خون رُک نہیں رہا تھا تو حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آپ کے چہرے سے خون دھویا' جب آپ نے اپنے والد کے چہرے سے خون دھویا تو چٹائی جلائی جب وہ راکھ بن گئی تو وہ راکھ آپ ﷺ کے چہرے پر رکھی تو خون رُک گیا' پھر اس دن کہا: اللہ کا سخت غضب ہو جنہوں نے نبی پاک ﷺ کا چہرہ زخمی کیا ہے' پھر آپ تھوڑی دیر ٹھہرے' پھر فرمایا: اے اللہ! میری قوم کو معاف کر دے! کیونکہ وہ جانتے نہیں ہیں۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن دینار‘ حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5730 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ، ثنا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ أَبَا أُسَيْدٍ تَزَوَّجَ فَدَعَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عُرْسِهِ، وَكَانَتِ امْرَأَتُهُ تَقُومُ عَلَيْنَا، وَهِيَ تَسْقِينَا نَبِيذًا قَدْ نَقَعَتْهُ مِنَ اللَّيْلِ فَسَقَتْهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابواُسید رضی اللہ عنہ نے شادی کی‘ تو نبی پاک ﷺ کو شادی پر بلایا‘ حضرت ابواُسید رضی اللہ عنہ کی بیوی ہمارے پاس کھڑی ہوئی‘ وہ ہمیں نبیذ پلانے لگی جورات کو تیار کی گئی تھی۔

سَعِيدُ بْنُ خَالِدٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

حضرت سعید بن خالد مدنی‘ حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5731 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا الْأَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ خَالِدٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: ہر چیز کی کوہان ہوتی ہے اور قرآن کی کوہان سورتِ بقرہ ہے‘ جس نے رات کو اپنے گھر میں پڑھی تو تین راتیں شیطان اس کے گھر میں داخل نہیں ہوگا اور جس نے دن کو اپنے گھر میں پڑھی تو

5730- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه50 وقال: رواه الطبراني في الأوسط ورجاله ثقات .

5731- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه311 وقال: رواه الطبراني وفيه سعد بن خال الخزاعي المدني وهو ضعيف .

...نَّ لِكُلِّ شَيْءٍ سَنَامًا، وَإِنَّ سَنَامَ الْقُرْآنِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ، مَنْ قَرَأَهَا فِي بَيْتِهِ لَيْلَةً لَمْ يَدْخُلْهُ شَيْطَانٌ ثَلَاثَ لَيَالٍ، وَمَنْ قَرَأَهَا فِي بَيْتِهِ نَهَارًا لَمْ يَدْخُلْهُ شَيْطَانٌ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ

تین دن شیطان اس کے گھر میں داخل نہیں ہوگا۔

عَبْدُ اللهِ بْنُ عَامِرٍ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

عبداللہ بن عامر اسلمی' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5732 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كَانَتِ الْقَيْلُولَةُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الْجُمُعَةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں نمازِ جمعہ کے بعد قیلولہ کیا جاتا تھا۔

وَهْبُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

وہب بن عثمان' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5733 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا وَهْبُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ فِي جَنَازَةٍ فَحَدَّثَهُمْ، ثُمَّ قَالَ: أُحَدِّثُكُمْ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْتُمْ تَلْهُونَ؟ أَمَا وَاللهِ لَأُفَارِقَنَّكُمْ، فَقَالَ: أَيْنَ؟ قَالَ: أَغْزُو، قُلْتُ: وَذَلِكَ فِيكَ؟ قَالَ: أُكَثِّرُ سَوَادَ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں کہ ہم حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک جنازے میں تھے جنہیں حدیث بیان کرنے لگے' پھر فرمایا: میں تمہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث بیان کر رہا ہوں' تم اس سے اعراض کر رہے ہو' میں تم سے جدا ہو جاؤں گا' اللہ کی قسم! آپ سے عرض کی: آپ کہاں ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: میں جہاد کروں گا' میں نے کہا: تم میں جہاد کی

5732- أخرج نحوه ابن حبان في صحيحه جلد7صفحه49' رقم الحديث: 2809 .

الْمُسْلِمِينَ

طاقت ہے؟ آپ نے فرمایا: مسلمانوں کی کثرت کروں گا۔

بَكْرُ بْنُ سُلَيْمٍ الصَّوَّافُ الْمَدَنِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

بکر بن سلیم صواف مدنی حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5734 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، ثنا أَبُو سُلَيْمٍ بَكْرُ بْنُ سُلَيْمٍ الصَّوَّافُ، ثنا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيبًا وَسَيَعُودُ غَرِيبًا، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ، وَمَا الْغُرَبَاءُ؟ قَالَ: الَّذِينَ يُصْلِحُونَ عِنْدَ فَسَادِ النَّاسِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسلام غریبوں سے شروع ہوا تھا اور غریبوں میں واپس آ جائے گا' غریبوں کے لیے خوشخبری ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! غریب کون ہے؟ آپ نے فرمایا: جس وقت لوگ خراب ہو جائیں' وہ اس وقت اپنے آپ کو دوست رکھے۔

5735 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، ثنا أَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، ثنا بَكْرُ بْنُ سُلَيْمٍ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَنَحْنُ فِي مَجْلِسٍ فِيهِ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ وَابْنُهُ، فَقَالَ: كَيْفَ تَرَوْنَ إِذَا أُخِّرْتُمْ فِي زَمَانِ حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ، قَدْ مَرِجَتْ عُهُودُهُمْ وَنُذُورُهُمْ فَاشْتَبَكُوا، فَكَانُوا هَكَذَا؟ وَشَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ، قَالُوا: اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ،

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس آئے' عمرو بن عاص اور ان کے بیٹے کی مجلس میں تھے' آپ نے فرمایا: تم کیا خیال کرتے ہو کہ جب آخر زمانے میں لوگ تلچھٹ کی طرح رہ جائیں گے' وعدہ خلافی کریں گے اور نذر مانیں گے اور پورا نہیں کریں گے' وہ ایسے ہو جائیں گے' آپ نے انگلیوں کے اندر انگلیاں ڈالیں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتا ہے! آپ نے

5734- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 130' رقم الحديث: 145 . وأورد نحوه الترمذي في سننه جلد 5 صفحه 18 رقم الحديث: 2630 .

5735- أورد نحوه أبو داؤد في سننه جلد 4 صفحه 123' رقم الحديث: 4342 .

قَالَ: تَأْخُذُونَ مَا تَعْرِفُونَ، وَتَدَعُونَ مَا تُنْكِرُونَ، وَيُقْبِلُ أَحَدُكُمْ عَلَى خَاصَّةِ نَفْسِهِ وَيَذَرُ أَمْرَ الْعَامَّةِ

فرمایا: جو تم جانتے ہو کہ تم لے لو گے اور جو تم ناپسند کرتے ہو چھوڑ دو گے' تم میں سے ہر کوئی اپنی ذات کے لیے کام کرے گا' عوام کے کام چھوڑ دیں گے۔

نَجِيحٌ أَبُو مَعْشَرٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

نجیح ابو معشر مدنی' حضرت ابو حازم سے روایت کرتے ہیں

5736 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: جَاءَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ بِمَاءٍ فِي دَرَقَةٍ -يَعْنِي تُرْسًا- يَوْمَ أُحُدٍ، فَغَسَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجْهَهُ، وَقَالَ: هَذَا مَاءٌ قَدْ أَسِنَ -يَعْنِي تَغَيَّرَ- قَالَ: وَأَخَذَتْ فَاطِمَةُ قِطْعَةَ حَصِيرٍ فَأَحْرَقَتْهُ وَوَضَعَتْهُ عَلَى جُرْحِهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اُحد کے دن ڈھال میں پانی لے کر آئے تو رسول اللہ ﷺ نے اپنے چہرۂ مبارک کو دھویا' عرض کی: یہ پانی (کا رنگ) بدل گیا' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے چٹائی کا ایک ٹکڑا لیا' اسے جلایا اور اسے آپ کے زخم پر رکھا۔

5737 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: وَقَعَ بَيْنَ عَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا كَلَامٌ، فَخَرَجَ عَلِيٌّ مُغْضَبًا، فَأَلْقَى نَفْسَهُ عَلَى التُّرَابِ، فَسَأَلَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ كَلَامٌ فَخَرَجَ مُغْضَبًا، فَخَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَهُ نَائِمًا عَلَى التُّرَابِ، فَأَيْقَظَهُ وَجَعَلَ يَمْسَحُ التُّرَابَ عَنْ ظَهْرِهِ، وَيَقُولُ: إِنَّمَا أَنْتَ أَبُو تُرَابٍ، قَالَ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ: كُنَّا نَمْدَحُهُ بِهَا، فَإِذَا أُنَاسٌ يَعِيبُونَهُ بِهَا

اسی سند کے ساتھ ہے کہ حضرت علی اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہما کے درمیان کوئی گفتگو ہوئی' حضرت علی رضی اللہ عنہ غصہ کی حالت میں نکلے اور مٹی میں لیٹ گئے' رسول اللہ ﷺ نے پوچھا تو حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میرے اور ان کے درمیان گفتگو ہوئی ہے اور وہ غصہ کی حالت میں نکلے ہیں۔ حضور ﷺ نکلے' آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مٹی پر لیٹا ہوا پایا' آپ نے جگایا اور ان کی پشت سے مٹی جھاڑنے لگے اور فرمایا: تُو ابو تراب ہے! حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم اسی نام کے ذریعے آپ کی تعریف

کرتے ہیں' لوگ اس نام کے ذریعے عیب تلاش کرتے ہیں۔

أَبُو ضَمْرَةَ أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ

ابوضمرہ انس بن عیاض' حضرت ابوحازم سے روایت کرتے ہیں

5738 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ أَبِي الدُّمَيْكِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا أَبُو ضَمْرَةَ أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنْتُ أَتَسَحَّرُ فِي أَهْلِي، ثُمَّ يَكُونُ سُرْعَتِي أَنْ أُدْرِكَ صَلَاةَ الْغَدَاةِ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں سحری اپنے گھر میں کرتا' پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ فجر کی نماز پانے کے لیے تیزی سے نکلتا۔

5739 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْحَكِيمِ الْوَرَّاقُ قَالَا: ثنا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِيَّاكُمْ وَمُحَقَّرَاتِ الذُّنُوبِ، فَإِنَّمَا مَثَلُ مُحَقَّرَاتِ الذُّنُوبِ كَمَثَلِ قَوْمٍ نَزَلُوا بَطْنَ وَادٍ، فَجَاءَ ذَا بِعُودٍ، وَجَاءَ ذَا بِعُودٍ، حَتَّى حَمَلُوا مَا أَنْضَجُوا بِهِ خُبْزَهُمْ، وَإِنَّ مُحَقَّرَاتِ الذُّنُوبِ مَتَى يَأْخُذْ بِهَا صَاحِبُهَا تُهْلِكْهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہلاک کرنے والے گناہوں سے بچو! ہلاک کرنے والے گناہوں کی مثال اس قوم کی طرح ہے جو کسی وادی میں آئے' وہ اِدھر سے آئے یا اُدھر سے آئے' جو انہوں نے روٹیاں پکائی ہوں وہ اُٹھائے ہلاک کرنے والے گناہوں کے کرنے والے کو پکڑا جائے گا تو اس کو ہلاک کیا جائے گا۔

5740 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5738- البخاری جلد**1**صفحہ**210** رقم الحدیث: **552**' جلد**2**صفحہ**678** رقم الحدیث: **1820** .

5739- احمد فی مسندہ جلد**5**صفحہ**331**' رقم الحدیث: **22860** .

حَـمْـزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيـهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ

حضورﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت دونوں اس طرح بھیجی گئی ہیں۔

عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِيهِ

عبدالجبار بن ابوحازم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

5741 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَـمْـرُو بْـنُ عَوْنٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِي يَحْيَى، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلصَّحَابَةِ، وَلِمَنْ رَأَى مَنْ رَآنِي ، قَالَ: قُلْتُ: فَمَا قَوْلُهُ: وَلِمَنْ رَأَى؟ قَالَ: مَنْ رَأَى مَنْ رَآهُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے عرض کی: اے اللہ! صحابہ کو بخش دینا' میں نے عرض کی: آپ کا ارشاد کہ جس نے دیکھنے والے کو دیکھا؟ فرمایا: جس نے ان کو دیکھا اُن کو بھی بخش دے۔

عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِيهِ

عبدالعزیز بن ابوحازم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

5742 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: جَاءَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم خندق کھود رہے تھے اور اپنے کندھوں پر مٹی اُٹھا رہے تھے' حضورﷺ نے فرمایا: زندگی آخرت کی زندگی ہے'

5741- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه20 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال عبد الجبار بن أبي حازم ان كان هو أبو يحيى المدني هو فليح بن سليمان قال ابن حبان قال أظنه فليح بن سليمان ذكر ذلك في ترجمة عبد الجبار بن أبي حازم قال وقد ذكر عبد الجبار في الثقات .

5742- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد3صفحه1431 رقم الحديث: 1804 . وكذلك البخاري جلد 3 صفحه1382 رقم الحديث: 3586' جلد4صفحه1504 رقم الحديث: 3872 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَحْفُرُ الْخَنْدَقَ، وَنَنْقُلُ التُّرَابَ عَلَى أَكْتَافِنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَةِ، فَاغْفِرْ لِلْمُهَاجِرِينَ، وَالْأَنْصَارِ

انصار اور مہاجرین کو بخش دے۔

5743 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ الْمَدَنِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُحْشَرُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن لوگ ننگے بدن و پاؤں اُٹھائے جائیں گے۔

عبد العزيز بن أبي حازم عن أبيه

5744 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، وَيَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ يَحْيَى: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، وَقَالَ سَعِيدٌ: أَنَا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلًا، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ خَيْبَرَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَى يَدَيْهِ، فَبَاتَ النَّاسُ يَذْكُرُونَ مَنْ يُعْطَاهَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ النَّاسُ غَدَوْا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كُلُّهُمْ يَرْجُو أَنْ يُعْطَاهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيْنَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ؟ ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، يَشْتَكِي عَيْنَيْهِ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَبَصَقَ فِي عَيْنَيْهِ، وَدَعَا لَهُ فَبَرَأَ مَكَانَهُ حَتَّى كَأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ بِهِ شَيْءٌ، فَأَعْطَاهُ الرَّايَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُقَاتِلُهُمْ حَتَّى يَكُونُوا مِثْلَنَا؟ قَالَ:

حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: خیبر کے دن میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ضرور میں جھنڈا ایک ایسے آدمی کو دوں گا جس کے ہاتھوں اللہ تعالیٰ فتح عطا فرمائے گا۔ پس لوگوں نے اسی بات کا تذکرہ کرتے ہوئے رات گزاری کہ جھنڈا کس کو عطا ہو گا۔ پس جب لوگوں نے صبح کی تو لوگ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: علی بن ابوطالب کہاں ہیں؟ لوگوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ان کو آنکھوں کی شکایت ہے۔ پس آپ ﷺ نے ان کو بلا بھیجا (جب وہ آئے) تو ان کی آنکھوں میں لعابِ دہن لگایا اور ان کے لیے دعا کی، پس وہ اسی جگہ تندرست ہو گئے یہاں تک کہ گویا ان کو کوئی تکلیف ہی نہیں تھی، پس آپ ﷺ نے جھنڈا ان کو عطا فرما دیا، پس انہوں نے

5743- أخرج نحوه مسلم في صحيحه جلد4صفحه2194' رقم الحديث: 2859 .

عَلَى رِسْلِكَ حَتَّى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ، وَأَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ، فَوَاللّٰهِ لَأَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِهُدَاكَ رَجُلًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ

عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ہم ان سے جہاد اس لیے کریں کہ وہ ہماری مثل ہو جائیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: رُک جاؤ یہاں تک کہ ان کے صحن میں اترو' پھر ان کو اسلام کی طرف بلاؤ اور ان کو وہ بات بتاؤ جو ان پر اس میں اللہ کی طرف سے واجب ہے' پس قسم بخدا! آپ کی راہنمائی سے ایک آدمی کو اللہ تعالیٰ کا ہدایت دے دینا تیرے لیے سرخ اونٹوں سے زیادہ بہتر ہے۔

5745 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أَنَا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ الْغُرْفَةَ فِي الْجَنَّةِ، كَمَا تَرَاءَوْنَ الْكَوَاكِبَ فِي السَّمَاءِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت والے جنت میں اوپر والے کمروں کو ایسے دیکھیں گے جس طرح آسمان میں ستاروں کو دیکھا جاتا ہے۔

5746 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَجُلًا أَتَاهُ فَقَالَ: هَذَا فُلَانٌ، لِأَمِيرٍ مِنْ أُمَرَاءِ الْمَدِينَةِ يَدْعُوكَ غَدًا فَتَسُبَّ عَلِيًّا عِنْدَ الْمِنْبَرِ، قَالَ: فَأَقُولُ مَاذَا؟ قَالَ: تَقُولُ: أَبُو تُرَابٍ فَضَحِكَ سَهْلٌ، ثُمَّ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا سَمَّاهُ إِيَّاهُ إِلَّا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنِ اسْمٍ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْهُ، قَالَ عَبْدُ الْعَزِيزِ: فَقَالَ أَبِي: يَا أَبَا الْعَبَّاسِ كَيْفَ كَانَ ذَلِكَ؟ قَالَ: دَخَلَ عَلِيٌّ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ خَرَجَ فَاضْطَجَعَ فِي

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا' اس نے کہا: یہ فلاں مدینہ کے اُمراء میں سے ایک امیر ہے' آپ کو صبح کے وقت بلا رہا ہے کہ تُو حضرت علی کو منبر پر گالیاں دیتا ہے' میں نے اسکو کہا: میں کیا کہتا ہوں' اس نے کہا: تُو کہتا ہے: ابوتراب! حضرت سہل رضی اللہ عنہ مسکرائے' پھر فرمایا: یہ نام رسول اللہ ﷺ نے رکھا ہے' اللہ کی قسم! آپ اس نام کو زیادہ پسند کرتے تھے۔ حضرت عبدالعزیز نے فرمایا: میرے والد نے کہا: اے ابوالعباس! اس نام کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا: حضرت علی' حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' پھر نکلے

5745- احمد فی مسنده جلد5صفحه340' رقم الحديث: 22927 .

الْمَسْجِدِ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى فَاطِمَةَ فَقَالَ: أَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ؟ قَالَتْ: هُوَ ذَاكَ فِي الْمَسْجِدِ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ رِدَاءَهُ قَدْ سَقَطَتْ عَنْ ظَهْرِهِ وَخَلَصَ التُّرَابُ إِلَى ظَهْرِهِ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ التُّرَابَ عَنْ ظَهْرِهِ، وَيَقُولُ: اجْلِسْ أَبَا تُرَابٍ اجْلِسْ أَبَا تُرَابٍ وَاللّٰهِ مَا كَانَ لَهُ اسْمٌ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْهُ، مَا سَمَّاهُ إِيَّاهُ إِلَّا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور مسجد میں لیٹ گئے' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آپ کا چچازاد کہاں ہے؟ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: وہ مسجد میں ہیں۔ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے' دیکھا کہ چادر اُن کی پشت سے اُتری ہوئی اور آپ کی پشت مٹی میں اٹی ہوئی ہے' حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کی پشت سے مٹی صاف کرنے لگے اور فرمانے لگے: اے ابوتراب! اُٹھو! اے ابوتراب! اُٹھو! اللہ کی قسم! آپ کو یہ کام اپنے نام سے زیادہ پسند تھا کیونکہ یہ نام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رکھا ہے۔

عبد العزیز بن ابی حازم عن ابیه

5747 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَرْيَمَ، ح، وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ، ثنا الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ، وَلَمْ يُؤَخِّرُوهُ تَأْخِيرَ أَهْلِ الْمَشْرِقِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگ ہمیشہ بھلائی پر رہیں گے جب تک افطار میں جلدی کریں گے' جب تک مشرق والوں کی طرح تاخیر نہیں کریں گے۔

5748 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يَسْأَلُ عَنِ الْمِنْبَرِ: مِنْ أَيِّ عُودٍ هُوَ؟ فَقَالَ: أَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى فُلَانَةَ، امْرَأَةٍ سَمَّاهَا، فَقَالَ: مُرِي غُلَامَكِ النَّجَّارَ يَعْمَلُ لِي أَعْوَادًا أُكَلِّمُ النَّاسَ عَلَيْهَا، فَعَمِلَ لَهُ هَذِهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کچھ لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منبر کے متعلق جھگڑا کیا کہ وہ کس لکڑی کا تھا اور بنانے والا کون تھا؟ جس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے' انصار کی ایک عورت کو حکم دیا کہ وہ اپنے غلام جو کہ ترکھان ہے' اس کو بنانے کا حکم دے کہ وہ لکڑی کا منبر بنائے کہ میں لوگوں کو اس پر خطبہ دوں' وہ جنگل کی لکڑی سے تین سیڑھیوں والا

5747- البيهقي في سننه الكبرى جلد4صفحه137' رقم الحديث: 7907 .

الثَّلاثَ الدَّرَجَاتِ مِنْ طَرْفَاءِ الْغَابَةِ، فَأَمَرَ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -يَعْنِي الدَّرَجَاتِ- فَوُضِعَتْ بِهَذَا الْمَوْضِعِ، قَالَ سَهْلٌ: فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلَ يَوْمٍ جَلَسَ عَلَيْهَا فَكَبَّرَ، وَكَبَّرَ النَّاسُ خَلْفَهُ، ثُمَّ رَكَعَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَنَزَلَ الْقَهْقَرَى، فَسَجَدَ فِي أَصْلِ الْمِنْبَرِ، ثُمَّ عَادَ حَتَّى فَرَغَ مِنْ آخِرِ صَلَاتِهِ، يَصْنَعُ فِيهَا كَمَا صَنَعَ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى، فَلَمَّا فَرَغَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّمَا فَعَلْتُ هَذِهِ لِتَأْتَمُّوا بِي، وَلِتَعْلَمُوا صَلَاتِي

بنایا گیا' ان سیڑھیوں کا حضورﷺ نے حکم دیا تھا' پس وہ اس جگہ رکھ دیا گیا' حضرت سہل فرماتے ہیں: میں نے پہلے دن نبی کریمﷺ کو اس پر بیٹھے ہوئے دیکھا' پھر نماز کے لیے اقامت کہی گئی تو رسول اللہﷺ نے منبر پر تکبیر کہی پھر رکوع کیا' پھر سجدہ کے لیے اُترے' آپ نے سجدہ کیا پھر منبر پر رکوع کیا' اس سے فارغ ہونے تک ایسے کرتے رہے' جب فارغ ہوئے تو فرمایا: اے لوگو! میں نے یہ اس لیے کیا ہے تاکہ تم میری اقتداء کرو اور میری نماز دیکھ کر سیکھو۔

5749 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا، الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، حَدَّثَنِي أَبِي أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَابَهُ شَيْءٌ فِي صَلَاتِهِ فَلْيَقُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالتَّصْفِيقُ لِلنِّسَاءِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس کو نماز میں کوئی معاملہ پیش آئے وہ سبحان اللہ کہے اور عورتیں تالی بجائیں۔

5750 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: مَرَّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: مَا رَأْيُكَ فِي هَذَا؟ فَقُلْتُ: هَذَا رَجُلٌ مِنْ أَشْرَافِ النَّاسِ، هَذَا حَرِيٌّ إِنْ خَطَبَ أَنْ يُنْكَحَ، وَإِنْ شَفَعَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس سے ایک آدمی گزرا' آپ نے اس کو دیکھا' آپ نے فرمایا: تمہاری اس کے متعلق کیا رائے ہے؟ میں نے عرض کی: یہ بُرا آدمی ہے' یہ اس قابل ہے کہ کسی کا نکاح کروا سکتا ہے' کسی کی سفارش کروا سکتا ہے' اگر بات کرے تو اس کی سنی جائے گی۔

5750- ابن ماجه في سننه جلد2صفحه1379' رقم الحديث: 4120 .

أَنْ يُشَفَّعَ، وَإِنْ قَالَ أَنْ يُسْمَعَ لِقَوْلِهِ، ثُمَّ مَرَّ رَجُلٌ، فَقَالَ: مَا رَأْيُكَ فِي هَذَا؟ ، فَقُلْتُ: هَذَا رَجُلٌ مِنْ فُقَرَاءِ الْمُسْلِمِينَ، هَذَا حَرِيٌّ إِنْ قَالَ أَنْ لَا يُسْمَعَ لِقَوْلِهِ، وَإِنْ خَطَبَ أَنْ لَا يُنْكَحَ، وَإِنْ شَفَعَ أَنْ لَا يُشَفَّعَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَهَذَا خَيْرٌ مِنْ مِلْءِ الْأَرْضِ مِثْلَ هَذَا

پھر دوسرا آدمی گزرا' آپ نے فرمایا: اس کے متعلق کیا رائے ہے؟ میں نے عرض کی: مسلمانوں میں غریب ہے' یہ اس قابل ہے کہ کسی کا نکاح نہیں کروا سکتا ہے اور اس کی سفارش نہیں کروا سکتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ آدمی روئے زمین کے آدمیوں سے بہتر ہے۔

عبد العزیز بن ابی حازم عن ابیہ

5751 - وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً -وَلَيْسَ فِيهَا دَنِيٌّ- الَّذِي يَتَمَنَّى، فَيَقُولُ بِلِسَانٍ طَلْقٍ ذَلْقٍ، وَعَقْلٍ مُجْتَمِعٍ: أَعْطِنِي أَعْطِنِي كَذَا، حَتَّى إِذَا لَمْ يَجِدْ شَيْئًا لُقِّنَ، فَقِيلَ لَهُ: قُلْ: كَذَا، قُلْ: كَذَا، فَيَقَالُ لَهُ: هُوَ لَكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں سب سے کم درجہ والا ایک آدمی ہوگا اور اُس سے کم درجہ والا کوئی نہیں ہوگا' وہ تمنا کرے گا' بڑی تیز اور چلتی ہوئی زبان کے ساتھ اور سمجھداری کے ساتھ کہے گا: مجھے اتنا دے دو! مجھے اتنا دے دو! یہاں تک کہ کوئی شے نہیں پائے گا' جس سے وہ تلقین کر سکے' اُسے کہا جائے گا: تُو اس طرح کہہ! اس طرح کہہ! پھر اُسے کہا جائے گا: تیرے لیے اتنا اور اس کی مثل اس کے ساتھ اور۔

5752 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ وَأَشَارَ بِأُصْبُعَيْهِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اور قیامت دونوں ان دو کی طرح بھیجے گئے ہیں اور اپنی دو انگلیوں کے ساتھ اشارہ کیا۔

5753 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک کوڑے کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5754 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ

حضرت سہل بن سعد سے روایت ہے کہ ایک عورت ایک ایسی چادر لے کر حاضر خدمت ہوئی جس کا

أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبُرْدَةٍ مَنْسُوجَةٍ مِنْهَا حَاشِيَتُهَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَسَجْتُ هَذِهِ بِيَدَيَّ فَجِئْتُ بِهَا لِأَكْسُوَكَهَا، فَجَسَّهَا فُلَانٌ - رَجُلٌ سَمَّاهُ -، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا أَحْسَنَ هَذِهِ الْبُرْدَةَ، اكْسُنِيهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَلَمَّا دَخَلَ طَوَاهَا، وَأَرْسَلَ بِهَا إِلَيْهِ، فَقَالَ الْقَوْمُ: وَاللّٰهِ مَا أَحْسَنْتَ، كُسِيَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْتَاجًا إِلَيْهَا، ثُمَّ سَأَلْتَهُ إِيَّاهَا وَقَدْ عَلِمْتَ أَنَّهُ لَا يَرُدُّ سَائِلًا؟ فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا سَأَلْتُهُ إِيَّاهَا لِأَلْبَسَهَا، وَلَكِنِّي سَأَلْتُهُ إِيَّاهَا لِتَكُونَ كَفَنِي يَوْمَ أَمُوتُ، قَالَ سَهْلٌ: وَكَانَتْ كَفَنَهُ يَوْمَ مَاتَ

حاشیہ بنا ہوا تھا' پس اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے اس کو اپنے ہاتھوں سے بنایا ہے' پس اس کو میں لائی ہوں تاکہ آپ اسے پہنیں۔ پس فلاں نے اس کو ہاتھ لگایا' جس کا راوی نے نام بھی لیا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ چادر کتنی خوبصورت ہے' یہ مجھے پہنا دیجئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے! پس جب آپ گھر میں داخل ہوئے تو اس کو لپیٹ کر اس آدمی کی طرف بھیج دیا۔ لوگوں نے اس سے کہا: قسم بخدا! آپ نے اچھا نہیں کیا۔ رسول کریم ﷺ کو اس کے پہننے کی ضرورت تھی' پھر بھی تو نے آپ ﷺ سے مانگ لی اور تجھے اچھی طرح اس بات کا علم تھا کہ آپ ﷺ سائل کا سوال رد نہیں کرتے؟ پس اس نے کہا: میں نے وہ آپ ﷺ سے پہننے کیلئے نہیں لی بلکہ اس لیے لی ہے کہ وہ میرا کفن بن جائے جس دن میں فوت ہو جاؤں۔ حضرت سہل کا قول ہے: جس دن وہ فوت ہوا تو وہی چادر اس کا کفن تھی۔

5755 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: كُنَّا نَقُولُ: الْمِنْبَرُ عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ، قَالَ سَهْلٌ: هَلْ تَدْرُونَ مَا التُّرْعَةُ؟ هُوَ الْبَابُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کہا کرتے تھے: منبر شریف جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ پر بیٹھے ہیں' حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ ترعہ سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: دروازہ!

5756 - وَبِإِسْنَادِهِ سَأَلْتُ سَهْلًا: هَلْ رَأَيْتَ النَّقِيَّ؟ قَالَ: مَا رَأَيْتُ النَّقِيَّ حَتَّى قَبَضَ اللّٰهُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: هَلْ

حضرت ابوحازم فرماتے ہیں: میں نے حضرت سہل سے پوچھا: کیا آپ نے چھانی دیکھی ہے؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے چھانی نہیں

كَانَتْ لَكُمْ مَنَاخِلُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: مَا رَأَيْتُ مُنْخُلًا حَتَّى قَبَضَ اللَّهُ رَسُولَهُ، قُلْتُ: كَيْفَ تَأْكُلُونَ الشَّعِيرَ غَيْرَ مَنْخُولٍ؟ قَالَ: نَعَمْ نَنْفُخُهُ، ثُمَّ يَطِيرُ مِنْهُ مَا طَارَ

دیکھی' رسول اللہ ﷺ کے وصال تک۔ میں نے کہا: کیا حضور ﷺ کے زمانہ میں تھی؟ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے چھانی نہیں دیکھی ہے' اللہ نے اپنے حبیب ﷺ کو اپنے پاس بلوالیا' میں نے کہا: تم بغیر چھانے جَو کیسے کھاتے تھے؟ فرمایا: ہم اس کو پھونکتے' جو اُڑنا ہوتا وہ اُڑ جاتا ہے۔

عبد العزيز بن أبي حازم عن أبيه

5757 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِقَدَحٍ فِيهِ مَاءٌ فَشَرِبَ مِنْهُ، وَعَنْ يَمِينِهِ غُلَامٌ أَحْدَثُ الْقَوْمِ، وَالْأَشْيَاخُ عَنْ يَسَارِهِ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: يَا غُلَامُ، أَتَأْذَنُ لِي أَنْ أُعْطِيَ الْأَشْيَاخَ؟ ، فَقَالَ الْغُلَامُ: مَا كُنْتُ لِأُوثِرَ بِفَضْلِكَ أَحَدًا، فَتَلَّهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَدِ الْغُلَامِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ایک پانی کا پیالہ لایا گیا' پس آپ ﷺ نے اس سے نوش فرمایا جبکہ آپ ﷺ کے دائیں طرف قوم کا بچہ بیٹھا ہوا تھا اور بزرگ بائیں جانب تھے' پس جب آپ ﷺ (پی کر) فارغ ہوئے تو فرمایا: اے بچے! کیا آپ بزرگوں کو دینے کی اجازت دیتے ہیں؟ بچے نے کہا: آپ کے بچے ہوئے فضیلت والے پانی کے ساتھ میں کسی کو اپنے اوپر ترجیح نہیں دوں گا۔ پس آپ ﷺ نے وہ اس بچے کے ہاتھ میں تھما دیا۔

5758 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيمَا تَرَوْنَ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ فِيمَا تَرَوْنَ، وَإِنَّهُ لَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک ایک آدمی جنتیوں والے کام کرتا ہے' تمہاری نظروں میں حقیقت میں وہ جہنمی ہوتا ہے اور ایک آدمی تمہاری نگاہوں میں جہنمیوں والے کام کرتا ہے' حقیقت میں وہ جنتی ہوتا ہے (بعد میں اپنے انجام کے مطابق اعمال کرتا ہے تو جنت یا دوزخ پاتا ہے)۔

5759 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ح، وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی راہ میں ایک صبح یا ایک شام دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

5760 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا يَعْقُوبُ، ثنا ابْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: عَرَّسَ أَبُو أُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ وأَنْبَذَتِ امْرَأَتُهُ مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا أَصْبَحَتْ صَفَّتْهُ، وسَقَتْهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابواُسید الساعدی رضی اللہ عنہ نے شادی کی آپ کی بیوی نے ان کے لیے نبیذ بنائی جب صبح ہوئی تو ان کی بیوی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پلائی۔

5761 - وعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، مَنْ وَرَدَ عَلَيَّ شَرِبَ، وَمَنْ شَرِبَ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا، انْظُرُوا أَنْ لَا يَرِدَ عَلَيَّ أَقْوَامٌ أَعْرِفُهُمْ وَيَعْرِفُونِي، ثُمَّ يُحَالُ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حوض پر میں تمہارا منتظر ہوں گا' جو بھی میرے پاس آ جائے گا وہ پی لے گا اور جس کو پینا نصیب ہوا وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا' دیکھو! میرے پاس کہیں ایسے لوگ نہ آ جائیں جن کو میں بھی پہچانتا ہوں اور وہ مجھے پہچانتے ہوں اور پھر میرے اور ان کے درمیان پردہ ڈال دیا جائے۔

5762 - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ أَبِي رَوْحٍ بَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ: رَأَيْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَبُولُ بَوْلَ الشَّيْخِ

عبدالعزیز بن ابوحازم فرماتے ہیں: میں نے اپنے والد محترم کو فرماتے ہوئے سنا: میں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کو پیشاب کرتے ہوئے دیکھا' اس طرح جیسے بوڑھا (کھڑے ہوکر) پیشاب کرتا ہے' قریب تھا کہ وہ کھڑے کھڑے آگے بڑھ جائیں گے'

5761- مسلم جلد4صفحه1793 رقم الحديث: 2290 . والبخاری جلد5صفحه2406 رقم الحديث: 6212 .

الْكَبِيرِ يَكَادُ يَسْبِقُهُ قَائِمًا، ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقُلْتُ: أَلَا تَنْزِعُهُمَا؟ قَالَ: رَأَيْتُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي وَمِنْكَ يَصْنَعُ هَذَا

پھر انہوں نے وضو کر کے موزوں پر مسح کیا' میں نے عرض کی: ان کو اتار کیوں نہیں لیا؟ میں نے اپنے سے بہتر ہستی کو دیکھا ہے ایسا کرتے ہوئے اور وہ آپ سے بھی بہتر ہیں۔

السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فِي إِسْلَامِهِ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ صَنَعْتُ طَعَامًا، فَجِئْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا هَذَا يَا سَلْمَانُ؟ قُلْتُ: صَدَقَةٌ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: كُلُوا، وَلَمْ يَأْكُلْ، ثُمَّ إِنِّي رَجَعْتُ حَتَّى جَمَعْتُ طَعَامًا فَأَتَيْتُهُ بِهِ، فَقَالَ: مَا هَذَا يَا سَلْمَانُ؟، قُلْتُ: هَدِيَّةٌ، فَضَرَبَ بِيَدِهِ فَأَكَلَ، وَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: كُلُوا

حضور ﷺ مدینہ تشریف لائے تو میں نے آپ کے لیے کھانا تیار کیا' میں وہ لے کر حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: اے سلمان! کیا ہے؟ میں نے عرض کی: صدقہ ہے' آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: کھاؤ! آپ نے خود نہیں کھایا' پھر میں واپس آیا تو میں نے مال جمع کر کے کھانا پکایا' میں آپ کے پاس لایا' آپ نے فرمایا: اے سلمان! یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: ہدیہ ہے' آپ نے اپنا دست مبارک مارا' خود تناول فرمایا اور اپنے صحابہ سے فرمایا: کھاؤ!

5999 - قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَخْبِرْنِي عَنِ النَّصَارَى؟ قَالَ: لَا خَيْرَ فِيهِمْ وَلَا فِيمَنْ أَحَبَّهُمْ، فَقُمْتُ وَأَنَا مُثْقَلٌ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: (لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِلَّذِينَ آمَنُوا الْيَهُودَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا) (المائدة: 82)، حَتَّى بَلَغَ: (تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ) (المائدة: 83)، فَأَرْسَلَ إِلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي: يَا سَلْمَانُ إِنَّ أَصْحَابَكَ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ ذَكَرَ اللَّهُ

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے عیسائیوں کے متعلق بتائیں! آپ نے فرمایا: ان میں بھلائی نہیں ہے' ان سے محبت نہ کر' میں کھڑا ہوا' میں نے بوجھ محسوس کیا' اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: "ضرور تم مسلمانوں کو سب سے بڑھ کر دشمن یہودیوں اور مشرکوں کو پاؤ گے اور ضرور تم مسلمانوں کی دشمنی میں سب سے زیادہ قریب ان کو پاؤ گے' جو کہتے تھے کہ ہم نصاریٰ ہیں' یہ اس میں عالم اور درویش ہیں اور جب سنتے ہیں وہ جو رسول اللہ ﷺ کی طرف اُترا تو ان کی آنکھیں دیکھو کہ آنسوؤں سے اُبل رہی ہیں' اس کے لیے وہ حق کو پہچان گئے' کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے' تو ہمیں گواہوں میں لکھ لے۔ حضور ﷺ نے میری طرف پیغام بھیجا' مجھے فرمایا: اے سلمان! یہ آپ کے وہ ساتھی ہیں جن کا اللہ نے ذکر کیا ہے۔

6000 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

الصُّورِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ نَافِعٍ الْأَرْسُوفِيُّ، ثنا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ رَجُلًا مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَغَسَهُ اللهُ مَالًا وَوَلَدًا، فَقَالَ لِأَهْلِهِ: إِذَا أَنَا مُتُّ فَأَحْرِقُونِي، حَتَّى إِذَا صِرْتُ فَحْمًا فَاسْحَقُونِي، ثُمَّ اذْرُونِي، فَإِنَّ رَبِّي إِنْ يَقْدِرْ عَلَيَّ يُعَذِّبْنِي عَذَابًا لَا يُعَذِّبُهُ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِينَ، فَفَعَلُوا ذَلِكَ، فَأَمَرَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ فَجُمِعَ، فَإِذَا هُوَ قَائِمٌ بَيْنَ يَدَيِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَقَالَ: مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: خَشْيَتُكَ أَيْ رَبِّ، فَغَفَرَ لَهُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ نَافِعٍ الْأَرْسُوفِيُّ، ثنا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ، وَقَالَ: اذْرُوا نِصْفِي فِي الْبَرِّ، وَنِصْفِي فِي الْبَحْرِ

کہ حضورﷺ نے فرمایا: تم میں ایک آدمی تھا' اللہ عزوجل نے اس کو مال اور اولاد دی تھی' اس نے اپنے گھر والوں سے کہا: جب میں مر جاؤں تو مجھے جلا دینا' جب میں راکھ ہو جاؤں تو میری مٹی ہوا میں اُڑا دینا' میرا رب مجھ پر طاقت رکھتا ہے کہ مجھے عذاب دے' جہان والوں میں سے کسی کو عذاب نہیں دے گا' اُنہوں نے ایسے ہی کیا' اللہ عزوجل نے اس کے اعضاء کو جمع کرنے کا حکم دیا' وہ اللہ کے سامنے کھڑا تھا' اللہ عزوجل نے فرمایا: تجھے ایسا کرنے پر کس چیز نے اُبھارا؟ اُس نے عرض کی: اے رب! میں تجھ سے ڈر گیا تھا' اللہ عزوجل نے اسے بخش دیا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہٗ حضورﷺ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں اور اس میں اضافہ ہے کہ آدھا خشکی میں اور آدھا سمندر میں ڈالنا۔

6001 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا سَيْفُ بْنُ هَارُونَ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْفِرَاءِ وَالسَّمْنِ وَالْجُبْنِ، فَقَالَ: الْحَلَالُ مَا أَحَلَّ اللهُ فِي كِتَابِهِ،

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ سے گاؤخر' گھی اور پنیر کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: جو اللہ نے اپنی کتاب میں حلال کیا وہ حلال ہے' جس کو اللہ نے اپنی کتاب میں حرام کیا وہ حرام ہے' جس کو بیان نہیں کیا وہ معاف ہے۔

6001- الترمذي جلد4صفحه220' رقم الحديث: 1726 .

وَالْحَرَامُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فِي كِتَابِهِ، وَمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ مِمَّا عَفَا عَنْهُ

6002 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَشْعَثُ بْنُ أَشْعَثَ السَّعْدَانِيُّ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمُسْلِمَ يُصَلِّي وَخَطَايَاهُ مَرْفُوعَةٌ عَلَى رَأْسِهِ، كُلَّمَا سَجَدَ تَحَاطَّتْ، فَيَفْرُغُ حِينَ يَفْرُغُ مِنْ صَلَاتِهِ، وَقَدْ تَحَاتَتْ خَطَايَاهُ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مسلمان نماز پڑھتا ہے اس حال میں کہ اس کے گناہ اس کے سر پر چڑھے ہوئے ہوتے ہیں جب سجدہ کرتا ہے تو وہ گر جاتے ہیں پس وہ فارغ ہوتا ہے جس وقت وہ اپنی نماز سے فارغ ہوتا ہے اس کے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

6003 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْأَزْرَقُ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَا: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ مِائَةَ رَحْمَةٍ، رَحْمَةٌ مِنْهَا يَتَرَاحَمُ بِهَا هَذَا الْخَلْقُ، وَتِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے اپنی رحمت کے سو حصے کیے ہیں ننانوے حصے رحمت کے قیامت کے دن پورے کرے گا ایک حصہ دنیا میں بھیجا ہے اس کے ذریعے مخلوق آپس میں ایک دوسرے پر رحم کرتی ہیں۔

6004 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ،

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6002- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 300 وقال: رواه الطبراني في الكبير والصغير والبزار وفيه أشعث بن أشعث السعداني ولم أجد من ترجمه .

6003- أورد نحوه احمد في مسنده جلد 5 صفحه 439، رقم الحديث: 23771 .

6004- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 151 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه ابو عبد الله البصري قال الذهبي لا يعرف وبقية رجاله ثقات .

ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنِي أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْبَصْرِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبَرَكَةُ فِي ثَلَاثَةٍ: فِي الْجَمَاعَةِ، وَالثَّرِيدِ، وَالسُّحُورِ

حضورﷺ نے فرمایا: برکت تین چیزوں میں ہے: جماعت ثرید اور سحری میں۔

6005 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، وَمُوسَى بْنُ هَارُونَ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ يَعْقُوبَ الطَّالْقَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ الضُّرَيْسِ، ثنا أَبُو مَوْدُودٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ، وَلَا يَزِيدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تقدیر کو دعا ٹال دیتی ہے اور عمر میں اضافہ نیکی سے ہوتا ہے۔

6006 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، وَمُوسَى بْنُ هَارُونَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ، أنا أَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَرَادِ، فَقَالَ: أَكْثَرُ جُنُودِ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ سے ٹڈیوں کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: زمین میں اللہ کا لشکروں سے زیادہ ہیں۔

6007 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6005- الترمذی جلد4صفحه448' رقم الحديث: 2139 .

6006- أورد نحوه ابو داؤد فی سننه جلد 3صفحه357 رقم الحديث: 3813 . و كذلك ابن ماجه جلد 2صفحه1073 رقم الحديث: 3219 .

6007- الحاكم فی مستدركه جلد1صفحه718' رقم الحديث: 1962 .

الْأَزْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، ثنا جَمِيلُ بْنُ الْحَسَنِ، قَالَا: ثنا أَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيَسْتَحِي مِنَ الْعَبْدِ أَنْ يَرْفَعَ إِلَيْهِ يَدَيْهِ فَيَرُدَّهُمَا خَائِبَتَيْنِ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل حیاء کرتا ہے کہ بندہ دعا کے لیے ہاتھ اُٹھائے اور ان دونوں کو خالی واپس کرے۔

6008 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الْحَارِثِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَكُنْ أَوَّلَ مَنْ يَدْخُلُ السُّوقَ، وَلَا آخِرَ مَنْ يَخْرُجُ مِنْهَا، فَإِنَّهَا مَعْرَكَةُ -أَوْ قَالَ مَرْبَضُ- الشَّيْطَانِ، وَبِهَا رَايَتُهُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے بازار میں داخل ہونے والا نہ بن اور سب سے آخر میں نکلنے والا بھی نہ بن کیونکہ یہ معرکۂ شیطان ہیں یا فرمایا: شیطان کے باڑے ہیں (ان میں شر پھیلاتا ہے) اور میں نے یہیں اس کو دیکھا ہے۔

6009 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأَنْ يَمْتَلِءَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا، حَتَّى يَرِيَهُ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے پیٹ کو قے سے بھرے وہ (بُرے) اشعار بھرنے سے بہتر ہے۔

6010 - وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَنْبٌ لَا يُغْفَرُ، وَذَنْبٌ لَا يُتْرَكُ، وَذَنْبٌ يُغْفَرُ، فَأَمَّا الَّذِي لَا يُغْفَرُ فَالشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَأَمَّا الَّذِي يُغْفَرُ، فَذَنْبٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اللّٰهِ عَزَّ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک گناہ جو نہیں بخشا جاتا ہے ایک گناہ چھوڑا نہیں جاتا ہے ایک گناہ ہے اس کو بخش دیا جاتا ہے وہ گناہ جو نہیں بخشا جاتا وہ اللہ کے ساتھ شرک ہے وہ گناہ جو بخشا جاتا ہے وہ اللہ اور اس

6009- مسلم جلد4صفحه1769 رقم الحديث: 2258 . والبخاری جلد5صفحه2279 رقم الحديث: 5802 .

6010- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10صفحه348 وقال: رواه الطبراني في الكبير والصغير وفيه يزيد بن سفيان بن عبد الله بن رواحة وهو ضعيف تكلم فيه ابن حبان وبقية رجاله ثقات .

وَجَلَّ، وَأَمَّا الَّذِي لَا يُتْرَكُ فَظُلْمُ الْعِبَادِ بَعْضُهُمْ بَعْضًا

کے بندہ کے درمیان ہے' وہ گناہ جونہیں چھوڑا جاتا ہے وہ بندوں کا آپس میں ظلم کرنا ہے۔

6011 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، وَلَقَابُ قَوْسِ أَحَدِكُمْ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ کی راہ میں ایک دن نگہبانی کرنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے' تم میں سے کسی ایک کے لیے کمان کے برابر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

6012 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو الرَّبَالِيُّ، ثنا زِيَادٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَمْنَعَنَّ نِدَاءُ بِلَالٍ أَحَدَكُمْ مِنْ سُحُورِهِ، فَإِنَّمَا بِلَالٌ يُؤَذِّنُ لِيُرَجِّعَ قَائِمَكُمُ الَّذِي فِي الصَّلَاةِ، وَيُنَبِّهَ نَائِمَكُمْ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم میں سے کسی ایک کو بلال کی سحری کی اذان کھانے پینے سے نہ روکے' بلال اذان دیتے ہیں تاکہ وہ واپس چلے جائیں جو نماز پڑھ رہے ہوتے ہیں اور اپنے سوئے ہوؤں کو بھی جگائیں۔

6013 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ أَنَّ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے حضورﷺ نے فرمایا: مجھ سے پہلے آمین نہ کہو۔

6011- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد3صفحه1059' رقم الحديث: 2735 .

6012- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3صفحه153 وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه سهل بن زياد وثقه أبو حاتم وفيه كلام لا يضر .

6013- أبو داؤد جلد1صفحه246' رقم الحديث: 937 .

بِلَالًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسْبِقْنِي بِآمِينَ

6014 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ابْنَ آدَمَ ثَلَاثٌ: وَاحِدَةٌ لِي، وَوَاحِدَةٌ لَكَ، وَوَاحِدَةٌ بَيْنِي وَبَيْنَكَ، أَمَّا الَّتِي لِي: تَعْبُدُنِي لَا تُشْرِكُ بِي شَيْئًا، وَأَمَّا الَّتِي لَكَ: فَمَا عَمِلْتَ مِنْ عَمَلٍ جَزَيْتُكَ بِهِ، فَإِنْ أَغْفِرْ فَأَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ، وَأَمَّا الَّتِي بَيْنِي وَبَيْنَكَ: فَمِنْكَ الدُّعَاءُ وَالْمَسْأَلَةُ وَعَلَيَّ الِاسْتِجَابَةُ وَالْإِعْطَاءُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اے انسان! تین چیزیں ہیں' ایک میرے لیے ہے اور ایک تیرے لیے ہے اور ایک میرے اور تیرے درمیان ہے' وہ جو میرے لیے ہے وہ میری عبادت ہے' میرے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہرا' وہ جو تیرے لیے ہے جو عمل کرے گا میں اس کی جزاء دوں گا' میں بخش دوں گا' میں غفور رحیم ہوں' وہ جو میرے اور تیرے درمیان ہے' وہ دعا مانگنا ہے اور میرے ذمہ قبول کرنا اور دینا ہے۔

6015 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا أَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَكَلَ الطِّينَ أَعَانَ عَلَى قَتْلِ نَفْسِهِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے مٹی کھائی' اُس نے خودکشی پر مدد کی۔

ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ

ثابت بنانی' حضرت ابوعثمان' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے

6014- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **149** وقال: رواه البزار عن حميد بن الربيع عن علي بن عاصم وطلاهما ضعيف وقد وثقا .

6015- البيهقي في السنن الكبرى جلد **10** صفحه **11** .

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

روایت کرتے ہیں

6016 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَامِرُ بْنُ سَيَّارٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ زَرْبِيٍّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَوَضَّأَ فِي بَيْتِهِ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ أَتَى الْمَسْجِدَ، فَهُوَ زَائِرُ اللّٰهِ، وَحَقٌّ عَلَى الْمَزُورِ أَنْ يُكْرِمَ الزَّائِرَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اپنے گھر سے اچھا وضو کرے' پھر مسجد میں آئے' وہ اللہ کی ملاقات کرنے والا ہے' اور میزبان پر حق ہے کہ ملاقات کرنے والے کی عزت کرے۔

6017 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ أَشْرَسَ الْوَرَّاقُ، ثنا أَبُو جَابِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ صَلَّى، فَقَالَ: أَلَا رَجُلٌ يَتَصَدَّقُ عَلَى هَذَا، فَيُصَلِّيَ مَعَهُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی مسجد میں داخل ہوا' حضور ﷺ نماز پڑھا چکے تھے' آپ نے فرمایا: کیا کوئی آدمی اس پر صدقہ کرے گا' اس کے ساتھ نماز پڑھ کر۔

سَعِيدُ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ

سعید الجریری' حضرت ابوعثمان سے' وہ حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

6018 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6016- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 31 وقال: رواه الطبراني في الكبير وأحد أسانيده رجاله رجال الصحيح .

6017- الدارمي في سننه جلد 1 صفحه 367 رقم الحديث: 1368 . وأبو داؤد جلد 1 صفحه 157 رقم الحديث: 574 .

6018- اخرج نحوه مسلم جلد 4 صفحه 2061 رقم الحديث: 2675 . وكذلك البخاري جلد 6 صفحه 2694 رقم الحديث: 6970' جلد 6 صفحه 2741 رقم الحديث: 7098 .

عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا إِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، ثنا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَفَعَهُ قَالَ: يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: إِذَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِي شِبْرًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ ذِرَاعًا، وَإِذَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ بَاعًا، وَإِذَا أَتَانِي يَمْشِي أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً

حضورﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے: جب میرا بندہ میرے قریب ایک بالشت آتا ہے تو میری رحمت ایک ہاتھ آتی' جب میرے پاس ایک ہاتھ آتا ہے تو میری رحمت دو ہاتھ آتی ہے' جب میرے پاس چل کر آئے تو میری رحمت دوڑ کر آتی ہے۔

6019 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ مُجَاهِدٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا الْمُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْجَارُودِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا شَدَّادٌ أَبُو طَلْحَةَ الرَّاسِبِيُّ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا رَفَعَ قَوْمٌ أَكُفَّهُمْ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ يَسْأَلُونَهُ شَيْئًا، إِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يَضَعَ فِي أَيْدِيهِمُ الَّذِي سَأَلُوا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو لوگ اپنی ہتھیلیاں کوئی شی مانگنے کے لیے اللہ کی بارگاہ میں اُٹھاتے ہیں' اللہ عزوجل پر حق ہے کہ جو وہ مانگ رہا ہیں' وہ ان کے ہاتھوں میں ڈالے۔

6020 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، قَالَا: ثنا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، ثنا أَبُو مَسْعُودٍ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ قَالَ: كَتَبَ سَلْمَانُ إِلَى أَبِي الدَّرْدَاءِ يَا أَخِي لِيَكُنِ الْمَسْجِدُ بَيْتَكَ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمَسْجِدُ بَيْتُ كُلِّ تَقِيٍّ،

حضرت ابوعثمان فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا: اے میرے بھائی! مسجد آپ کا گھر ہونا چاہیے کیونکہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مسجد ہر پرہیزگار کا گھر ہے' جو اس کی مسجدوں کو گھر بناتے ہیں' اللہ تعالیٰ ان کیلئے ضامن ہوتا ہے کہ ان کو آرام دے' اپنی رحمت عطا کرے اور پل صراط سے گزرنا آسان کرے۔

6019- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **169** وقال: قلت له حديث في هذا رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

6020- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **22** وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه صالح المزى وهو ضعيف .

وَقَدْ ضَمِنَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَنْ كَانَ الْمَسَاجِدُ بُيُوتَهُ الرَّوْحَ، وَالرَّحْمَةَ، وَالْجَوَازَ عَلَى الصِّرَاطِ

دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ

داؤد بن ابو ہند' حضرت ابوعثمان نہدی سے' وہ حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

6021 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ خَلَقَ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ مِائَةَ رَحْمَةٍ، كُلُّ رَحْمَةٍ طِبَاقُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، مِنْهَا رَحْمَةٌ وَاحِدَةٌ فِيهَا تَعْطِفُ الْوَالِدَةُ عَلَى وَلَدِهَا، وَالْوَحْشُ بَعْضُهَا عَلَى بَعْضٍ، وَأَخَّرَ تِسْعًا وَتِسْعِينَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے جس دن زمین و آسمان کو پیدا کیا' سو رحمتیں پیدا کیں' ہر رحمت کے درمیان زمین و آسمان کے درمیان جتنا فرق ہے' ایک رحمت دنیا میں بھیجی ہے' اس کے ذریعے' ماں باپ' اولاد پر شفقت کرتے ہیں اور وحشی ایک دوسرے سے' اور ننانوے قیامت تک کے لیے روک لی ہیں۔

6022 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ شُعْبَةَ الْأُمَوِيُّ، حَدَّثَنَا عَمِّي، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ وُضُوءَهُ، إِلَّا كَانَ زَائِرَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَحَقٌّ عَلَى الْمَزُورِ أَنْ يُكْرِمَ زَائِرَهُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اپنے گھر سے اچھا وضو کرے' پھر مسجد میں آئے' وہ اللہ کی ملاقات کرنے والا ہے' اور میزبان پر حق ہے کہ ملاقات کرنے والے کی عزت کرے۔

عَوْنُ بْنُ أَبِي شَدَّادٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عدی بن ابوشداد' حضرت ابوعثمان سے' وہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6023 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، ثنا عُبَيْسُ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي شَدَّادٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ غَدَا إِلَى صَلَاةِ الصُّبْحِ أُعْطِيَ رُبُعَ الْإِيمَانِ، وَمَنْ غَدَا إِلَى السُّوقِ أُعْطِيَ رَايَةَ إِبْلِيسَ، وَهُوَ مَعَ أَوَّلِ مَنْ يَغْدُو وَآخِرِ مَنْ يَرُوحُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو صبح کی نماز کے لیے آئے' اس کو ایمان کا چوتھا حصہ دیا جائے گا' جو بازار آئے گا اس کو ابلیس کا جھنڈا دیا جائے گا' وہ صبح سب سے پہلے آنے والے اور شام سب سے آخر میں جانے والے کے ساتھ ہوتا ہے۔

6024 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَلَّافُ، ثنا عُبَيْسُ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي شَدَّادٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيبًا، وَسَيَعُودُ غَرِيبًا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام غریبوں سے شروع ہوا اور عنقریب غریبوں میں آئے گا۔

جَعْفَرُ بْنُ مَيْمُونٍ الْأَنْمَاطِيُّ، عَنْ أَبِي

جعفر بن میمون انماطی' حضرت ابوعثمان سے' وہ حضرت سلمان

6023- ذکرہ الھیثمی فی مجمع الزوائد جلد 4صفحہ77 وقال: قلت روی ابن ماجه بعضه رواہ الطبرانی فی الکبیر وفیه عبس بن میمون وھو ضعیف متروک .

6024- اخرج نحوہ مسلم جلد1صفحہ130 رقم الحدیث: 145' جلد1صفحہ 131 رقم الحدیث: 146 .

عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ

سے روایت کرتے ہیں

6025 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَامِلٍ السَّرَّاجُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مَيْمُونٍ، سَمِعَ أَبَا عُثْمَانَ يُحَدِّثُ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيَسْتَحْيِي إِذَا رَفَعَ الْعَبْدُ يَدَيْهِ أَنْ يَرُدَّهُمَا صِفْرًا لَا شَيْءَ فِيهِمَا

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ ضرور حیاء فرماتا ہے جب بندہ اپنے ہاتھ (اس کے سامنے) اُٹھاتا ہے کہ ان کو خالی لوٹا دے' ان میں کوئی شی ہی نہ ہو۔

أَبُو الْعَوَّامِ الْجَزَّارُ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

ابو العوام الجزار' حضرت ابو عثمان سے' وہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6026 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ الذَّارِعُ، ثنا فَائِدٌ أَبُو الْعَوَّامِ الْجَزَّارُ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْجَرَادِ، فَقَالَ: ذَاكَ أَكْثَرُ جُنُودِ اللهِ، لَا آكُلُهُ، وَلَا أُحَرِّمُهُ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے ٹڈیوں کے متعلق پوچھا گیا' آپ نے فرمایا: یہ زمین میں اللہ کے لشکروں سے زیادہ ہیں' نہ میں اس کو کھاتا ہوں اور نہ حرام کرتا ہوں۔

الْجَعْدُ أَبُو عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ

جعد ابو عثمان' حضرت ابو عثمان سے' وہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے

6025- أورد نحوه الترمذي جلد5صفحه556' رقم الحديث: 3556 . وأبو داؤد جلد2صفحه78' رقم الحديث:1488 .

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

6027 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، ثنا سَالِمُ بْنُ غَيْلَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَعْدًا أَبَا عُثْمَانَ يَقُولُ: حَدَّثَنِي أَبُو عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْمُسْلِمَ إِذَا لَقِيَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ فَأَخَذَ بِيَدِهِ تَحَاتَّتْ عَنْهُمَا ذُنُوبُهُمَا، كَمَا تَتَحَاتُّ الْوَرَقُ مِنَ الشَّجَرَةِ الْيَابِسَةِ فِي يَوْمِ رِيحٍ عَاصِفٍ، وَإِلَّا غُفِرَ لَهُمَا، وَلَوْ كَانَتْ ذُنُوبُهُمَا مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ

روایت کرتے ہیں

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مسلمان جب اپنے مسلمان بھائی سے ملتا ہے تو اس کا ہاتھ پکڑتا ہے' دونوں کے گناہ گر رہے ہوتے ہیں جس طرح سخت ہوا کے وقت خشک پتے گرتے ہیں' دونوں کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اگرچہ ان دونوں کے گناہ سمندر کی جاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ

6028 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ قَالَ: كُنْتُ مَعَ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ تَحْتَ شَجَرَةٍ، فَأَخَذَ غُصْنًا مِنْ أَغْصَانِهَا يَابِسًا فَهَزَّهُ

علی بن زید بن جدعان' حضرت ابوعثمان سے' وہ حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوعثمان نہدی فرماتے ہیں کہ میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک درخت کے نیچے تھا' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے ایک خشک ٹہنی کو پکڑا' اسے کھینچا تو اس کے پتے گرنے لگے' پھر آپ نے فرمایا: تُو نے مجھ سے پوچھا نہیں ہے کہ میں نے ایسا کیوں کیا؟ میں نے عرض کی: آپ نے ایسے کیوں کیا؟

6027- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8 صفحه37 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال سالم بن غيلان وهو ثقة .

6028- الدارمي في سننه جلد1 صفحه197' رقم الحديث: 719 .

حَتَّى تَحَاتَّ وَرَقُهُ، ثُمَّ قَالَ: سَلْنِي لِمَ أَفْعَلُ هَذَا؟ فَقُلْتُ: وَلِمَ تَفْعَلُهُ؟ قَالَ: هَكَذَا فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كُنْتُ مَعَهُ تَحْتَ شَجَرَةٍ، فَأَخَذَ غُصْنًا مِنْ أَغْصَانِهَا يَابِسًا، فَهَزَّهُ حَتَّى تَحَاتَّ وَرَقُهُ، ثُمَّ قَالَ: أَلَا تَسْأَلُنِي لِمَ أَفْعَلُ هَذَا يَا سَلْمَانُ؟ فَقُلْتُ: وَلِمَ تَفْعَلُهُ؟ فَقَالَ: إِنَّ الْمُسْلِمَ إِذَا تَوَضَّأَ، فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ صَلَّى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ تَحَاتَّتْ خَطَايَاهُ، كَمَا تَحَاتَّ هَذَا الْوَرَقُ، ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ: (أَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذَلِكَ ذِكْرَى لِلذَّاكِرِينَ)

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا تھا' میں آپ کے ساتھ ایک درخت کے نیچے تھا' آپ نے خشک ٹہنی پکڑی' اس کو کھینچا تو اس کے پتے گرنے لگے' پھر آپ نے فرمایا: اے سلمان! تم نے مجھ سے ایسا کرنے کے متعلق پوچھا کیوں نہیں؟ آپ نے فرمایا: مسلمان بندہ جب وضو کرتا ہے تو اچھا وضو کرتا ہے پھر پانچ نمازیں پڑھتا ہے تو اس کے گناہ معاف ہوتے ہیں' جس طرح اس درخت کے پتے گرتے ہیں' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی: ''نماز قائم کرو دن کے دونوں کناروں میں اور رات کے حصے میں کیونکہ نیکیاں گناہوں کوختم کر دیتی ہیں' یہ نصیحت ہے نصیحت حاصل کرنے والوں کے لیے''۔

علي بن زيد عن ابي عثمان عن سلمان

6029 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا جَمِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَتَكِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ قَالَ: صَلَّى بِنَا سَلْمَانُ صَلَاةً، ثُمَّ قَامَ إِلَى غُصْنِ شَجَرَةٍ يَابِسَةٍ فَحَرَّكَهَا فَتَحَاتَّ وَرَقُهَا، ثُمَّ قَالَ: تَدْرُونَ لِمَ فَعَلْتُ هَذَا؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً، ثُمَّ قَامَ إِلَى غُصْنِ شَجَرَةٍ يَابِسَةٍ فَحَرَّكَهَا فَتَحَاتَّ وَرَقُهَا، فَقَالَ: إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ صَلَّى فَأَحْسَنَ الصَّلَاةَ تَحَاتَّتْ ذُنُوبُهُ كَمَا يَتَحَاتُّ وَرَقُ

حضرت عثمان فرماتے ہیں کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے ہمیں نماز پڑھائی' پھر ایک خشک درخت کے نیچے کھڑے ہوئے' اُسے حرکت دی تو اس کے پتے گرنے لگے۔ پھر فرمایا: تم جانتے ہو کہ میں نے ایسا کیوں کیا ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! فرمایا: ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن نماز پڑھائی' پھر ایک خشک درخت کے پاس کھڑے ہوئے' اسے حرکت دی تو اس کے پتے گرنے لگے' آپ نے فرمایا: بندہ جب وضو کرتا ہے اور اچھا وضو کرتا ہے' پھر اچھی نماز پڑھتا ہے تو اس کے گناہ ایسے گرتے ہیں جس طرح اس درخت کے پتے گرتے ہیں۔ یہ حدیث کے الفاظ عبدان کے ہیں۔

هَذِهِ الشَّجَرَةِ ، وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ عَبْدَانَ

عُثْمَانُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

عثمان بن غیاث' حضرت ابوعثمان سے' وہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6030 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِسْحَاقَ الْعَطَّارُ، ثنا خَالِدُ بْنُ حَمْزَةَ الْعَطَّارُ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ غِيَاثٍ، ثنا أَبُو عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَجِيءُ الرَّجُلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الْحَسَنَاتِ بِمَا يَظُنُّ أَنَّهُ يَنْجُو بِهَا، فَلا يَزَالُ رَجُلٌ يَجِيءُ قَدْ ظَلَمَهُ بِمَظْلَمَةٍ، فَيُؤْخَذُ مِنْ حَسَنَاتِهِ فَيُعْطَى الْمَظْلُومُ حَتَّى لَا يَبْقَى لَهُ حَسَنَةٌ، ثُمَّ يَجِيءُ مَنْ يَطْلُبُهُ، وَلَمْ يَبْقَ مِنْ حَسَنَاتِهِ شَيْءٌ، فَيُؤْخَذُ مِنْ سَيِّئَاتِ الْمَظْلُومِ، فَيُوضَعُ عَلَى سَيِّئَاتِهِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی قیامت کے دن بہت زیادہ نیکیاں لے کر آئے گا' اس کا خیال ہوگا کہ وہ نیکیوں کی وجہ سے نجات پائے گا' اس نے کسی مسلمان پر زیادتی کی ہوگی' اس کی نیکیاں لے کر مظلوم کو دی جائیں گی' یہاں تک کہ اس کی کوئی نیکی نہیں رہے گی' پھر آئے گا' اس سے مطالبہ کرنے والا اس کے پاس کوئی نیکی نہیں ہوگی' اب مظلوم کے گناہ لے لیے جائیں گے اور اس کے نامۂ اعمال میں رکھے جائیں گے۔

أَبُو الْعَلَاءِ أَظُنُّهُ يَزِيدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ابوالعلاء یزید بن عبداللہ بن شخیر' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6031 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ،

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6030- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 353 وقال: رواه الطبراني والبزار عن عبد الله بن اسحاق العطار عن خالد بن حمزة ولم اعرفهما وبقية رجاله رجال الصحيح .

6031- الترمذي جلد 5 صفحه 552' رقم الحديث: 3549 .

ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي الْجَوْنِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ، فَإِنَّهُ دَأْبُ الصَّالِحِينَ قَبْلَكُمْ، وَمَقْرَبَةٌ لَكُمْ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَمَكْفَرَةٌ لِلسَّيِّئَاتِ، وَمَنْهَاةٌ عَنِ الْإِثْمِ، وَمَطْرَدَةُ الدَّاءِ عَنِ الْجَسَدِ

حضور ﷺ نے فرمایا: تم پر رات کو قیام کرنا لازم ہے کیونکہ یہ تم سے پہلے نیک لوگوں کا طریقہ ہے' اللہ کا قرب حاصل کرنے کا ذریعہ اور گناہوں سے بخشش کا ذریعہ ہے' گناہ ختم ہو جاتے ہیں' جسم سے بیماریاں ختم ہوتی ہیں۔

أَبُو قُرَّةَ الْكِنْدِيُّ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ابوقرہ کندی' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6032 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّلَّالُ الْكُوفِيُّ، ثنا مُخَوَّلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي قُرَّةَ الْكِنْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ قَالَ: احْتَطَبْتُ حَطَبًا، وَصَنَعْتُ طَعَامًا، فَأَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ يَسِيرًا، فَوَضَعْتُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ قُلْتُ: صَدَقَةٌ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: كُلُوا وَلَمْ يَأْكُلْ، قُلْتُ: هَذِهِ مِنْ عَلَامَتِهِ، ثُمَّ مَكَثْتُ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ أَمْكُثَ، ثُمَّ قُلْتُ لِمَوْلَاتِي: هَبِي لِي يَوْمًا؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَانْطَلَقْتُ فَاحْتَطَبْتُ حَطَبًا، فَبِعْتُهُ بِأَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ، وَصَنَعْتُ طَعَامًا، فَأَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بَيْنَ أَصْحَابِهِ، فَوَضَعْتُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ؟ قُلْتُ: هَدِيَّةٌ، فَوَضَعَ يَدَهُ، وَقَالَ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے لکڑیوں کا گٹھا اُٹھایا اور میں نے اس کی قیمت لے کر کھانا تیار کیا' میں وہ لے کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' وہ معمولی تھا' میں نے وہ آپ کے آگے رکھا تو آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: صدقہ ہے' آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: کھاؤ! اور آپ نے خود نہیں کھایا' میں نے دل میں کہا: یہ ایک نشانی ہوگئی' پھر میں ٹھہرا جتنا اللہ نے چاہا کہ میں ٹھہروں' پھر میں نے اپنی مالکہ سے کہا: ایک دن مجھے ہبہ کریں گی؟ اس نے کہا: ٹھیک ہے۔ میں گیا اور لکڑیوں کا ایک گٹھا اُٹھایا' اسے پہلی سے زیادہ قیمت لے کر فروخت کیا' میں نے آپ کے لیے کھانا تیار کیا' میں وہ لے کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' آپ اپنے صحابہ کے درمیان تھے' میں

6032- اورد نحوه احمد في مسنده جلد5صفحه438' رقم الحديث: 23763 .

لِأَصْحَابِهِ: خُذُوا بِسْمِ اللَّهِ ، فَقُلْتُ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ، قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ ، فَحَدَّثْتُ عَنِ الرَّجُلِ، ثُمَّ قُلْتُ: أَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَإِنَّهُ حَدَّثَنِي أَنَّكَ نَبِيٌّ؟ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ

نے آپ کے آگے رکھا تو آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: تحفہ ہے! آپ نے اپنا دست مبارک رکھا اور اپنے صحابہ سے فرمایا: اللہ کا نام لے کر کھاؤ! میں نے عرض کی: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں' آپ نے فرمایا: کیسے معلوم ہوا؟ میں نے ایک آدمی کے بارے بتایا' پھر میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا وہ جنت میں داخل ہوگا؟ کیونکہ اس نے مجھے بتایا کہ آپ نبی ہیں۔ آپ نے فرمایا: جنت میں صرف مسلمان ہی جائے گی۔

عَمْرُو بْنُ أَبِي قُرَّةَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

6033 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، ثنا عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي قُرَّةَ، قَالَ: كَانَ حُذَيْفَةُ بِالْمَدَائِنِ، وَكَانَ يَذْكُرُ أَشْيَاءَ قَالَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فِي الْغَضَبِ، فَيَنْطَلِقُ نَاسٌ مِمَّنْ سَمِعَ ذَلِكَ مِنْ حُذَيْفَةَ، فَيَأْتُونَ سَلْمَانَ، فَيَذْكُرُونَ لَهُ قَوْلَ حُذَيْفَةَ، فَيَقُولُ سَلْمَانُ: حُذَيْفَةُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُ، فَيَرْجِعُونَ إِلَى حُذَيْفَةَ، فَيَقُولُونَ: قَدْ ذَكَرْنَا ذَلِكَ لِسَلْمَانَ، فَمَا صَدَّقَكَ وَلَا كَذَّبَكَ، فَأَتَى حُذَيْفَةُ سَلْمَانَ وَهُوَ فِي قُبَّةٍ لَهُ، فَقَالَ: يَا سَلْمَانُ مَا

عمرو بن ابوقرہ' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

حضرت عمرو بن ابوقرہ فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ مدائن میں رہتے تھے' آپ کچھ اشیاء کا ذکر کرتے تھے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ سے غصہ میں فرمایا' کچھ لوگ چلے جنہوں نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہا سے اس بات کو سنا تھا' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' ان سے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی بات کا ذکر کیا' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا: حذیفہ زیادہ جانتے ہیں جو وہ فرماتے ہیں۔ لوگ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی طرف واپس آئے' اُنہوں نے کہا: ہم نے آپ کی بات حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے ذکر کی ہے' اُنہوں نے آپ کی نہ تصدیق کی نہ

6033- أبو داؤد جلد4صفحه215' رقم الحديث: 4659 .

يَمْنَعُكَ أَنْ تُصَدِّقَنِي بِمَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ سَلْمَانُ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْضَبُ، فَيَقُولُ فِي الْغَضَبِ لِأُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، وَيَمْرَضُ فَيَقُولُ فِي الْمَرَضِ لِأُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، أَمَا تَنْتَهِي حَتَّى تُورِثَ رِجَالًا حُبَّ رِجَالٍ، وَرِجَالًا بُغْضَ رِجَالٍ حَتَّى تُوقِعَ اخْتِلَافًا وَفُرْقَةً، وَلَقَدْ عَلِمْتَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فَقَالَ: أَيُّمَا رَجُلٍ مِنْ أُمَّتِي سَبَبْتُهُ سَبَّةً، لَعَنْتُهُ لَعْنَةً مِنْ غَضَبِي، فَإِنَّمَا أَنَا مِنْ وَلَدِ آدَمَ أَغْضَبُ كَمَا يَغْضَبُونَ، وَإِنَّمَا بَعَثَنِي اللَّهُ رَحْمَةً لِلْعَالَمِينَ، فَاجْعَلْهَا عَلَيْهِ صَلَاةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاللَّهِ لَتَنْتَهِيَنَّ أَوْ لَأَكْتُبَنَّ فِيكَ إِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

جھٹلایا ہے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے آپ ایک قبہ میں تھے عرض کی: اے سلمان! آپ کو میری تصدیق کرنے کے لیے کیا رکاوٹ تھی جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے؟ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غصہ ہوتے تھے آپ غصہ میں اپنے صحابہ سے فرماتے تھے: وہ بیمار ہوتے آپ بیماری میں اپنے صحابہ کو کچھ فرماتے کیا آپ رُک نہیں جاتے یہاں تک کہ کچھ لوگ کچھ لوگوں کی محبت کے وارث ہوں اور کچھ لوگوں سے بغض ہو یہاں تک کہ اختلاف ہو اور جدائی آپ کو معلوم ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ دیا فرمایا: میری اُمت کا کوئی آدمی جس کو میں نے گالی دی ہو یا غصے کی حالت میں لعنت ملامت کی ہو تو میں بھی حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد سے ہوں مجھے بھی غصہ آتا ہے جیسے دوسرے لوگ غصے ہوئے لیکن اللہ نے مجھے رحمت بنا کر بھیجا ہے قیامت کے دن میں اسے رحمت بناؤں گا۔ (حضرت سلمان نے فرمایا:) قسم ہے آپ اس سے رُک جائیں ورنہ آپ کے بارے لکھ کر حضرت عمر کو بھیجتا ہوں۔

6034- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ الشَّامِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، قَالَا: ثنا أَبُو أُسَامَةَ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عُمَرَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَمْرِو

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہا بیان کرتے تھے کچھ ان اشیاء کو جن کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بعض لوگوں کو غصے کی حالت میں ارشاد فرمایا، میں نے کہا: اے حذیفہ! تم باز آ جاؤ! ورنہ میں

6034- احمد جلد5صفحه439، رقم الحديث: 23772 .

بْنِ أَبِي قُرَّةَ قَالَ: قَالَ سَلْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: إِنَّ حُذَيْفَةَ كَانَ يُحَدِّثُ بِأَشْيَاءَ يَقُولُهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَضَبِهِ لِأَقْوَامٍ، فَقُلْتُ: يَا حُذَيْفَةُ لَتَنْتَهِيَنَّ أَوْ لَأَكْتُبَنَّ فِيكَ إِلَى عُمَرَ، وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا مِنْ وَلَدِ آدَمَ فَأَيُّمَا عَبْدٍ مِنْ أُمَّتِي لَعَنْتُهُ أَوْ سَبَبْتُهُ فِي غَيْرِ كُنْهِهِ فَاجْعَلْهَا عَلَيْهِ صَلَاةً

حضرت عمر کو تمہارے بارے لکھ بھیجوں گا' حالانکہ حضورﷺ نے فرمایا: میں اولادِ آدم سے ہوں' میری اُمت سے کوئی بندہ جس کو میں نے لعنت کا کلمہ کہا' یا میں نے گالی وغیرہ دی تو میں ضرور اس کو اس پر رحمت بناؤں گا (قیامت کے دن)۔

أَوْسُ بْنُ ضَمْعَجٍ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اوس بن ضمعج' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

6035 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، وَعِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ السِّمْسَارُ الْوَاسِطِيُّ، قَالُوا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَبَّاسِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: تَفْضُلُكُمْ بِفَضْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَعْنِي الْعَرَبَ، لَا نَنْكِحُ نِسَاءَكُمْ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تم کو فضیلت ہے' رسول اللہﷺ کی فضیلت سے مراد یہ تھی کہ عرب کی عورتوں سے ہم نکاح نہیں کرتے ہیں۔

أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيُّ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ابوعبداللہ الجدلی' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

6036 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6035- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه275 وقال: ورجال الكبير ثقات وفي اسناد الأوسط السرى بن اسماعيل وهو متروك .

الْمَعْمَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ أَبِي إِسْمَاعِيلَ يَعْنِي بِشْرًا، عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجُبْنِ، وَالسَّمْنِ، وَالْفِرَاءِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَلَالُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ فِي الْقُرْآنِ، وَالْحَرَامُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فِي الْقُرْآنِ، وَمَا سَكَتَ عَنْهُ فَقَدْ عَفَا عَنْهُ

رسول کریم ﷺ سے پنیر، گھی اور گاؤخر کے بارے میں دریافت ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا: حلال وہی ہے جس کو اللہ نے قرآن میں حلال فرمایا ہے اور حرام وہی ہے جس کو اللہ نے قرآن میں حلال فرمایا ہے اور جس سے خاموشی اختیار کی ہے، وہ معاف ہے۔

سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَلْمَانَ

سعید بن میبّب، حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

6037 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ مُوَرِّقٍ الْعِجْلِيِّ، أَنَّ سَعْدَ بْنَ مَالِكٍ، وَابْنَ مَسْعُودٍ دَخَلَا عَلَى سَلْمَانَ يَعُودَانِهِ، فَبَكَى، فَقَالَا: مَا يُبْكِيكَ يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: عَهْدٌ عَهِدَهُ إِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَحْفَظْهُ أَحَدٌ مِنَّا، قَالَ: لِيَكُنْ بَلَاغُ أَحَدِكُمْ، كَزَادِ الرَّاكِبِ، قَالَ مُوَرِّقٌ: فَنَظَرُوا فِي بَيْتِهِ فَإِذَا إِكَافٌ كَذَا وَكَذَا

حضرت سعد بن مالک اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما دونوں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے پاس عیادت کرنے کے لیے آئے تو آپ رونے لگے دونوں نے آپ سے رونے کی وجہ پوچھی: اے ابوعبداللہ! کیوں رو رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے وعدہ لیا، ہم نے اس کی حفاظت نہیں کی، وہ یہ تھا کہ تم میں سے کسی کے لیے زادِ راہ اتنا ہی کافی ہے جتنا مسافر کے پاس زادِ راہ ہوتا ہے۔ حضرت مورق نے فرمایا: اپنے گھروں میں دیکھو کہ اتنا اتنا مال کافی نہیں۔

6038 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6037- شعب الایمان جلد7صفحہ305، رقم الحدیث: 10394۔

التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي الشَّوَارِبِ، ثنا حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا فِي رَمَضَانَ مِنْ كَسْبٍ حَلَالٍ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ

حضورﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان میں حلال رزق سے روزہ افطار کیا' اس کے لیے فرشتے دعا کریں گے۔

6039 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ قُرَّةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا عَلَى طَعَامٍ، وَشَرَابٍ مِنْ حَلَالٍ، صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ فِي سَاعَاتِ شَهْرِ رَمَضَانَ، وَصَلَّى عَلَيْهِ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے حلال رزق اور مشروب سے پیا' رمضان کی گھڑیوں میں فرشتے اس کے لیے دعا کریں گے اور حضرت جبریل علیہ السلام لیلۃ القدر کی رات دعا کریں گے۔

6040 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ غَالِبٍ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَبُو بَكْرٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ يُونُسَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ هِلَالٍ الْوَزَّانِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا' اُسے چاہیے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے' جس نے میری حدیث رد کی جو میری طرف سے اسے پہنچی تو اُسے چاہیے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے' جس نے اس حدیث کو چھوڑا جو اُسے میری طرف سے پہنچی

6039- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه156 وقال: رواه الطبراني في الكبير والبزار وزاد بعد قوله ليلة القدر ورزق دموعا .

6040- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه147 وقال: رواه الطبراني في الكبير .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ بَيْتًا فِي النَّارِ، وَمَنْ رَدَّ حَدِيثًا بَلَغَهُ عَنِّي، فَلْيَتَبَوَّأْ بَيْتًا فِي النَّارِ، وَمَنْ رَدَّ حَدِيثًا بَلَغَهُ عَنِّي، فَأَنَا مُخَاصِمُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَإِذَا بَلَغَكُمْ عَنِّي حَدِيثٌ وَلَمْ تَعْرِفُوهُ، فَقُولُوا: اللّٰهُ أَعْلَمُ

تھی تو میں قیامت کے دن اس سے جھگڑوں گا' جب تم کو میری حدیث پہنچے اور تم اس کو نہ جانتے ہو تو تم کہو: اللہ زیادہ جانتا ہے۔

أَبُو مُسْلِمٍ مَوْلَى زَيْدِ بْنِ صُوحَانَ، عَنْ سَلْمَانَ

ابو مسلم' حضرت زید بن صوحان کے غلام' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

6041 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، وَأَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سَوْرَةَ الْبَغْدَادِيُّ، قَالُوا: ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ مَوْلَى زَيْدِ بْنِ صُوحَانَ قَالَ: كُنْتُ مَعَ سَلْمَانَ فَرَأَى رَجُلًا قَدْ أَحْدَثَ وَهُوَ يُرِيدُ أَنْ يَنْزِعَ خُفَّيْهِ لِلْوُضُوءِ، فَقَالَ سَلْمَانُ: امْسَحْ عَلَيْهِمَا، وَعَلَى عِمَامَتِكَ، وَقَالَ سَلْمَانُ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَمْسَحُ عَلَى خِمَارِهِ وَخُفَّيْهِ

حضرت زید بن صوحان کے غلام ابو مسلم فرماتے ہیں کہ میں حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا' آپ نے ایک آدمی کو دیکھا' اس کا وضو ٹوٹا تو وہ وضو کرنے کے لیے موزے اتارنا چاہتا تھا' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان دونوں پر مسح کرو اور عمامہ (اُٹھا کر سر) کا مسح کرو۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو (عمامہ کے نیچے ہاتھ داخل کر کے) اور موزوں پر مسح کرتے دیکھا ہے۔

6042 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْفُرَاتِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ موزوں پر اور عمامہ کے (نیچے ہاتھ داخل کر کے) مسح کرتے تھے۔

6041- مسند الطيالسي جلد 1 صفحه 91' رقم الحديث: 656 .

6042- ابن ماجه جلد 1 صفحه 186' رقم الحديث: 562 .

زَيْدٍ، عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ، عَنْ سَلْمَانَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ: يَمْسَحُ عَلَى الْعِمَامَةِ وَالْخُفَّيْنِ

6043 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي الْفُرَاتِ الْكِنْدِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ، أَنَّهُ: رَأَى سَلْمَانَ خَرَجَ مِنْ غَائِطٍ، فَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، فَقِيلَ: إِنَّكُمْ لَتَفْعَلُونَ بِهَذَا؟ قَالَ: نَعَمْ، رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْعِمَامَةِ

حضرت ابومسلم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کو بیت الخلاء سے نکلتے ہوئے دیکھا' آپ نے موزوں پر مسح کیا' آپ سے عرض کی گئی: آپ ایسا کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے رسول اللہ ﷺ کو موزوں اور عمامہ کے نیچے ہاتھ (داخل کرکے) مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

6044 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ، عَنْ سَلْمَانَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْخِمَارِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ موزوں پر اور عمامہ کے (نیچے ہاتھ داخل کرکے) مسح کرتے تھے۔

أَبُو الْخَلِيلِ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ابوالخلیل' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6045 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ النَّهْدِيُّ، ثنا عَمْرُو

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے حسن وحسین دونوں کے

6045- مصنف ابن أبي شيبة جلد6صفحه379' رقم الحديث: 32185 .

بْـنُ حُـرَيْثٍ، ثنا بَرْذَعَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي الْـخَلِيلِ، عَـنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ: سَمَّيْتُهُمَا، يَعْنِي الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ بِاسْمِ ابْنَيْ هَارُونَ شَبَرًا وشُبَيْرًا

نام حضرت ہارون کے بیٹے شبر اور شبیر کے ناموں پر رکھے ہیں۔

أَبُو عَمْرٍو الْبَصْرِيُّ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ابو عمرو بصری حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6046 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَـنْ مُـحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُلَاثَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ فُرَافِصَةَ، عَنْ أَبِي عُمَرَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَـنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْأَرْوَاحُ جُنُـودٌ مُجَنَّدَةٌ، فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ، وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: روحوں کا لشکر تھا' جس نے وہاں پر پہچانا' اس سے دنیا میں محبت کریں گے' جس نے وہاں نہیں پہچانا وہ اختلاف کریں گے۔

6047 - وَبِـإِسْـنَادِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَـلَّـى الـلّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا ظَهَرَ الْقَوْلُ، وَخُزِنَ الْـعَـمَلُ، وائْتَلَفَتِ الْأَلْسِنَةُ، وتَبَاغَضَتِ الْقُلُوبُ، وَقَـطَـعَ كُـلُّ ذِي رَحِمٍ رَحِـمَهُ، فَعِنْدَ ذَلِكَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ، وأَصَمَّهُمْ، وَأَعْمَى أَبْصَارَهُمْ

حضور ﷺ نے فرمایا: جب علم عام ہو اور عمل نہ ہو اور زبان سے محبت ہو اور دلوں میں محبت نہ ہو اور صلہ رحمی نہ کی جائے' ان پر اللہ کی طرف سے لعنت ہو گی' وہ بہرے اور گونگے ہوں گے۔

أَبُو رَاشِدٍ، عَنْ سَلْمَانَ

ابوراشد' حضرت سلمان رضی اللہ

6046- البخاری جلد3صفحہ1213' رقم الحدیث: 3158 .

6047- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحہ287 وقال: رواه الطبراني في الأوسط والكبير وفيه جماعة لم أعرفهم .

رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ

6048 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُبَيْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، ثنا بِشْرُ بْنُ عُبَيْدَةَ الدَّارِسِيُّ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ الصَّلْتِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَزِيدَ الْأَزْدِيِّ، عَنْ أَبِي رَاشِدٍ قَالَ: سَأَلْتُ سَلْمَانَ الْفَارِسِيَّ عَنِ التَّشَهُّدِ، فَقَالَ: أُعَلِّمُكُمْ كَمَا عَلَّمَنِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّشَهُّدَ حَرْفًا حَرْفًا: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوراشد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے التحیات کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: میں تمہیں سکھاتا ہوں جس طرح ہمیں رسول اللہ ﷺ نے سکھایا ہے مجھے رسول اللہ ﷺ نے التحیات حرف بہ حرف سکھائی ہے: ''التحیات للّٰہ والصلوات والطیبات الٰی آخرہٖ''۔

الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرَةَ، عَنْ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

6049 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ أَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَمِيرَةَ قَالَ: انْطَلَقْتُ حِينَ أَتَيْتُ الْمَدَائِنَ، وَإِذَا أَنَا بِرَجُلٍ عَلَيْهِ ثِيَابٌ خُلْقَانٌ، وَمَعَهُ أَدِيمٌ أَحْمَرُ يَعْرُكُهُ، فَالْتَفَتَ فَنَظَرَ

حارث بن عمیرہ' حضرت سلمان سے روایت کرتے ہیں

حضرت حارث بن عمیرہ فرماتے ہیں کہ میں چلا جس وقت میں مدائن آیا تھا تو میں نے ایک آدمی کو دیکھا' اُس نے پرانے کپڑے پہنے تھے' اس کے پاس سرخ چمڑا تھا' وہ اسے رگڑ رہے تھے' میں نے توجہ کی تو اُس نے میری طرف دیکھا' اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا کہ اے اللہ کے بندہ! اس جگہ ٹھہرو! میں کھڑا ہوا اور

ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں اس خدا کا رسول ہوں' جب تجھے کوئی تکلیف پہنچے تو اس سے دعا کر' وہ تیری تکلیف ختم کر دے گا' جب تجھے قحط سالی پہنچے تو اس سے دعا کر وہ تیرے لیے آسانی کر دے گا۔ میں نے عرض کی: مجھ سے وعدہ لیں کسی کام کا؟ آپ نے فرمایا: تُو کسی کو گالی نہ دے' کسی نیکی کے کام کو حقیر نہ جاننا اگرچہ تُو اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے گفتگو کرے۔

6267 - وَارْفَعْ إِزَارَكَ إِلَى نِصْفِ السَّاقِ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَإِلَى الْكَعْبَيْنِ، وَإِيَّاكَ وَإِسْبَالَ الْإِزَارِ فَإِنَّهُ مِنَ الْمَخِيلَةِ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمَخِيلَةَ

اپنا تہبند نصف پنڈلی تک اُٹھا' اگر تُو اس کا انکار کرے تو ٹخنوں تک رکھ اور تہبند لٹکانے سے بچ کیونکہ یہ تکبر ہے کیونکہ اللہ عزوجل تکبر کو پسند نہیں کرتا ہے۔

6268 - وَإِنِ امْرُؤٌ شَتَمَكَ بِمَا يَعْلَمُ مِنْكَ، فَلَا تَشْتُمْهُ بِمَا تَعْلَمُ فِيهِ، فَإِنَّمَا وَبَالُ ذَلِكَ عَلَيْهِ

اگر تجھے کوئی گالی دے جو تجھ میں دیکھتا ہے' جو تُو اس میں جانتا ہے تو اس کو گالی نہ دے' تیرے لیے ثواب ہوگا اور اس کے لیے گناہ ہوگا۔

6269 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ أَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ثنا الْمُثَنَّى بْنُ سَعْدٍ أَبُو غِفَارٍ، ثنا أَبُو تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيُّ، عَنْ أَبِي جُرَيٍّ، قَالَ: انْتَهَيْتُ إِلَى رَجُلٍ ' وَالنَّاسُ لَا يَصْدُرُونَ إِلَّا عَنْ قَوْلِهِ، قُلْتُ: بِاللّٰهِ لِهَذَا الرَّجُلِ ' مَنْ هَذَا؟ قَالُوا: هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا تَقُلْ: عَلَيْكَ السَّلَامُ؛ فَإِنَّهَا تَحِيَّةُ الْمَيِّتِ، وَلَكِنْ قُلِ: السَّلَامُ عَلَيْكَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت ابوجری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک آدمی کے پاس گیا' لوگ اس کی بات سننے سے روکتے تھے' میں نے کہا: اللہ کی قسم! یہ ہی آدمی ہے' یہ کون ہے؟ اُنہوں نے کہا: یہ اللہ کے رسول ﷺ ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! علیک السلام! آپ نے فرمایا: علیک السلام نہ کہہ کیونکہ یہ مُردوں کا سلام ہے لیکن تُو یہ کہہ: السلام علیک! اس کے بعد اسی طرح کی حدیث ذکر کی۔

6270 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ

حضرت سلیم بن جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

الْعَطَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي الشَّوَارِبِ، ثنا سَالِمٌ أَبُو جُمَيْعٍ، ثنا رَاشِدٌ أَبُو مُحَمَّدٍ الْحِمَّانِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَوْتُ بِرَاحِلَتِي، فَقُلْتُ: لَآتِيَنَّ هَذَا الرَّجُلَ ' فَلَأَسْمَعَنَّ مِنْهُ، فَأَتَيْتُهُ فَوَجَدْتُهُ قَاعِدًا مُحْتَبِيًا فِي بُرْدَةٍ، فَسَمِعْتُهُ يَرُدُّ عَلَى السَّائِلِ: لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوفِ شَيْئًا ' وَلَوْ أَنْ تَصُبَّ مِنْ فَضْلِ دَلْوِكَ فِي إِنَاءِ الْمُسْتَسْقِي

میں نے رسول اللہ ﷺ کے متعلق سنا کہ میں نے سواری منگوائی' میں نے کہا: میں ضرور اس آدمی کے پاس جاؤں گا' میں اس کی بات سنوں گا' میں نے آپ کو چادر میں لپٹے ہوئے بیٹھے دیکھا' میں نے سنا کہ آپ ایک مسئلہ کا جواب دے رہے تھے: کسی نیکی کے کام کو حقیر نہ جاننا اگرچہ تُو پانی لینے والے کو پانی نکالنے والا ڈول کا بچا ہوا پانی ہی دے۔

6271 - وَإِيَّاكَ وَإِسْبَالَ الْإِزَارِ فَإِنَّهَا مِنَ الْمَخِيلَةِ، وَإِنَّ اللهَ لَا يُحِبُّ الْمَخِيلَةَ

آپ نے فرمایا: اپنا تہبند لٹکانے سے بچ کیونکہ یہ تکبر ہے اور تکبر اللہ کو ناپسند ہے۔

6272 - وَإِنِ امْرُؤٌ شَتَمَكَ، أَوْ قَالَ مَا لَيْسَ فِيكَ ' فَلَا تَشْتُمْهُ ' وَلَا تَقُلْ لَهُ مَا لَيْسَ فِيهِ، فَيَكُونَ لَكَ أَجْرُهُ، وَعَلَيْهِ وَبَالُهُ، لَا تَسُبَّنَّ أَحَدًا فَمَا سَبَبْتُ شَيْئًا ' بَعِيرًا وَلَا شَاةً وَلَا إِنْسَانًا مُنْذُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ السَّبِّ

اگر تجھے کوئی آدمی گالی دے اس بات کے ساتھ جو تجھ میں دیکھتا ہے تو اس کو گالی نہ دے جو اس میں ہے اس کو ظاہر نہ کر' تیرے لیے ثواب ہوگا اور اُس کے لیے گناہ ہوگا' کسی کو گالی نہ دے' اس کے بعد میں نے کسی اونٹ اور بکری اور کسی انسان کو گالی نہیں دی' میں نے رسول اللہ ﷺ کو گالی دینے سے منع کرتے ہوئے سنا۔

6273 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أنا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللهِ الطَّحَّانَ الْوَاسِطِيَّ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عَنْ رَجُلٍ، قَالَ: طَلَبْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ أَجِدْهُ، فَجَلَسْتُ، فَرَأَيْتُ رَهْطًا خَمْسَةً أَوْ سِتَّةً، وَرَجُلٌ

حضرت ابوجری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کو ملنے گیا' میں نے آپ کو نہیں پایا' میں بیٹھا' میں نے پانچ یا چھ آدمی دیکھے' ایک ان کے درمیان صلح کروا رہا تھا' جب لوگ اُٹھے تو ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! جب سے میں نے آپ کے متعلق سنا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! علیک السلام! تین

يُصْلِحُ بَيْنَهُمْ فِي جِرَاحَاتٍ كَانَتْ، فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ عَلَى غَنَمٍ، فَلَمَّا قَامَ الْقَوْمُ، قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَلَمَّا سَمِعْتُ ذَلِكَ قُلْتُ: عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ -ثَلَاثَ مَرَّاتٍ- فَقَالَ لِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: عَلَيْكَ السَّلَامُ تَحِيَّةُ الْمَوْتَى

مرتبہ مجھے آپ نے تین مرتبہ فرمایا: علیک السلام مُردوں کا سلام ہے۔

حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ تَمَّامِ بْنِ بُزَيْعٍ، ثنا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ مُوسَى، عَنْ أَبِي جُرَيٍّ الْهُجَيْمِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ

حضرت ابوجری ہجیمی رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

سُلَيْمٌ الْأَنْصَارِيُّ ثُمَّ السُّلَمِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ

سلیم انصاری پھر سلمی رضی اللہ عنہ آپ اُحد کے دن شہید کیے گئے

6274 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ الزُّرَقِيِّ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِي سَلِمَةَ يُقَالُ لَهُ سُلَيْمٌ أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا نَظَلُّ فِي أَعْمَالِنَا، فَنُمْسِي حِينَ نُمْسِي، فَيَأْتِي مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ فَيُنَادِي بِالصَّلَاةِ، فَنَأْتِيهِ، فَيُطَوِّلُ عَلَيْنَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مُعَاذُ لَا تَكُونُ فَتَّانًا، إِمَّا أَنْ تُصَلِّيَ مَعِي، وَإِمَّا أَنْ تُخَفِّفَ عَنْ قَوْمِكَ

حضرت معاذ بن رفاعہ زرقی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بنی سلمہ کا ایک آدمی جس کا نام سلیم تھا' وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم محنت مزدوری کرتے ہیں' شام کے وقت آتے ہیں۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ تشریف لاتے ہیں اور وہ اذان دیتے ہیں' ہم نماز کے لیے آتے ہیں' وہ نماز میں قرأت لمبی کرتے ہیں' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے معاذ! قوم کو فتنے ڈالنے والے نہ بنو' یا آپ نے میرے ساتھ نماز پڑھو یا اپنی قوم کی امامت کراتے وقت قرأت مختصر کرو۔

6275 - ثُمَّ قَالَ: يَا سُلَيْمُ، مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ؟ قَالَ: مَعِي أَنْ أَسْأَلَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ، وَأَعُوذَ بِهِ

پھر فرمایا: اے سلیم! آپ کو کتنا قرآن یاد ہے؟ عرض کی: جی ہاں! میں اللہ سے جنت مانگتا ہوں اور جہنم

مِنَ النَّارِ، وَاللّٰهِ مَا أُحْسِنُ دَنْدَنَتَكَ وَلَا دَنْدَنَةَ مُعَاذٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهَلْ دَنْدَنَتِي وَدَنْدَنَةُ مُعَاذٍ إِلَّا أَنْ نَسْأَلَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ، وَنَعُوذَ بِهِ مِنَ النَّارِ؟ وَلَكِنْ سَتَرَوْنَ غَدًا إِذَا لَقِينَا الْقَوْمَ، وَالنَّاسُ يَتَجَهَّزُونَ إِلَى أُحُدٍ، فَخَرَجَ الرَّجُلُ فَاسْتُشْهِدَ

سے پناہ مانگتا ہوں' اللہ کی قسم! میری آواز معاذ کی آواز کی طرح سمجھ نہیں آتی ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میری اور معاذ کی بات سمجھ آئی ہے کہ ہم اللہ سے جنت مانگتے ہیں اور جہنم سے پناہ مانگتے ہیں' لیکن عنقریب کل دیکھیں گے جب لوگوں سے لڑیں گے' لوگ اُحد کی طرف جانے کی تیاری کر رہے تھے' وہ آدمی بھی نکلا اور شہید ہو گیا۔

مَنِ اسْمُهُ سُفْيَانُ

جس کا نام سفیان ہے

سُفْيَانُ بْنُ الْحَكَمِ الثَّقَفِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ

حضرت سفیان بن حکم ثقفی رحمہ اللہ تعالیٰ

6276 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَالثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ الْحَكَمِ، أَوِ الْحَكَمِ بْنِ سُفْيَانَ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا تَوَضَّأَ أَخَذَ كَفًّا مِنْ مَاءٍ، فَنَضَحَ بِهِ فَرْجَهُ

حضرت سفیان بن حکم یا حکم بن سفیان سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کی عادت مبارک تھی کہ جب آپ وضو فرما لیتے تو پانی کا ایک چُلّو لیتے اور اسے اپنی شرمگاہ پر ڈالتے کپڑے کے اوپر سے (تعلیمِ اُمت کے لیے)۔

سُفْيَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيُّ

مِنْ أَخْبَارِ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت سفیان بن عبداللہ کی حدیثیں

6277 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ بَنِي شَبَابَةَ، بَطْنٌ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ بنی شبابہ قبیلہ والے بنو فہم کی ایک شاخ تھے' وہ رسول اللہ ﷺ کو شہد پر عشر دیتے تھے' ان کے لیے عشر تھا' دس مشکیزوں سے ایک مشکیزہ

مِنْ فَهْمٍ كَانُوا يُؤَدُّونَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَحْلٍ - كَانَ لَهُمْ - الْعُشْرَ، مِنْ كُلِّ عَشْرِ قِرَبٍ قِرْبَةٌ، وَكَانَ يَحْمِي وَادِيَيْنِ لَهُمْ، فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اسْتَعْمَلَ عَلَى مَا هُنَاكَ سُفْيَانَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيَّ، فَأَبَوْا أَنْ يُؤَدُّوا إِلَيْهِ شَيْئًا، وَقَالُوا: إِنَّمَا كُنَّا نُؤَدِّيهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَتَبَ سُفْيَانُ إِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِذَلِكَ، فَكَتَبَ إِلَيْهِ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: إِنَّمَا النَّحْلُ ذُبَابُ غَيْثٍ يَسُوقُهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ رِزْقًا إِلَى مَنْ يَشَاءُ، فَإِنْ أَدَّوْا إِلَيْكَ مَا كَانُوا يُؤَدُّونَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاحْمِ لَهُمْ أَوْدِيَتَهُمْ، وَإِلَّا فَخَلِّ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّاسِ، فَأَدَّوْا إِلَيْهِ مَا كَانُوا يُؤَدُّونَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَمَى لَهُمْ أَوْدِيَتَهُمْ

ان کی دو وادیاں تھیں حفاظت کے لیے۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہاں حضرت سفیان بن عبداللہ کو امیر مقرر کیا تو اُنہوں نے کوئی بھی شی دینے سے انکار کر دیا' وہ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ادا کرتے تھے۔ حضرت سفیان نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف اس کے متعلق خط لکھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواباً خط لکھا کہ شہد کی مکھی' جس کو اللہ چاہتا ہے رزق دے دیتا ہے' اگر وہ دیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیتے تھے تو ان کی وادیوں کی حفاظت کی جائے گی ورنہ ان کے اور لوگوں کے درمیان چھوڑ دیا جائے گا' اُنہوں نے اسی طرح ادا کرنا شروع کر دیا جس طرح وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں دیتے تھے' تو ان کی وادیوں کی حفاظت کی جانے لگی۔

حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ بَطْنًا مِنْ فَهْمٍ كَانُوا يُؤَدُّونَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نَحْلٍ لَهُمْ، مِنْ كُلِّ عَشْرِ قِرَبٍ قِرْبَةً، فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اسْتَعْمَلَ عَلَى هُنَاكَ سُفْيَانَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيَّ، فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ بنوفہم قبیلہ کی ایک شاخ والے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے شہد کا عشر ہر دس مشکیزوں سے ہم اُن سے ایک مشکیزہ شہد لیتے تھے' جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دور آیا تو وہاں حضرت سفیان بن عبداللہ کو امیر مقرر کیا گیا' اس کے بعد حضرت اسامہ بن زید کی حدیث ذکر کی۔

6278 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ الدِّيلِيِّ، عَنِ ابْنٍ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ جَدِّهِ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ

حضرت ابن عبداللہ بن سفیان اپنے دادا سفیان بن عبداللہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو صدقہ لینے کے لیے بھیجا' وہ ب ۔

اللّٰهِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، بَعَثَهُ مُصَدِّقًا فَكَانَ يَعُدُّ عَلَى النَّاسِ بِالسَّخْلِ، فَقَالُوا: تَعُدُّ عَلَيْنَا بِالسَّخْلِ، وَلَا تَأْخُذُ مِنْهُ شَيْئًا؟ فَلَمَّا قَدِمَ عَلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ' ذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: نَعَمْ، تَعُدُّ عَلَيْهِمْ بِالسَّخْلَةِ يَحْمِلُهَا الرَّاعِي، وَلَا تَأْخُذُهَا ' وَلَا تَأْخُذِ الْأَكُولَةَ وَلَا الرُّبَّى وَلَا الْمَاخِضَ وَلَا فَحْلَ الْغَنَمِ، وَتَأْخُذُ الْجَذَعَةَ وَالثَّنِيَّةَ، وَذَلِكَ عَدْلٌ بَيْنَ غِذَاءِ الْمَالِ وَخِيَارِهِ

جلاوطن خیال کیے جاتے تھے' اُنہوں نے کہا: ہمیں جلاوطن خیال کیا جاتا ہے' ان سے کوئی شی نہ لو۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' اس کا ذکر کیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ٹھیک ہے' ان کو جلاوطن شمار کرو' وہ اپنی حفاظت خود کریں۔

وَمَا أَسْنَدَ سُفْيَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت سفیان بن عبداللہ کی روایت کردہ احادیث

6279 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالُوا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَاعِزٍ الْعَامِرِيِّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ' أَخْبِرْنِي بِأَمْرٍ أَعْتَصِمُ بِهِ؟ قَالَ: قُلْ رَبِّيَ اللّٰهُ، ثُمَّ اسْتَقِمْ

حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسے حکم کے متعلق بتائیں جس کو میں مضبوطی سے تھام لوں' آپ نے فرمایا: تُو کہہ: میرا رب اللہ ہے' پھر اس پر استقامت کر۔

6280 - قُلْتُ: مَا أَكْثَرُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ؟ فَأَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهِ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا

میں نے عرض کی: مجھ پر زیادہ کس شی کا خوف ہے؟ آپ نے اپنی زبانِ اطہر پکڑی' پھر فرمایا: اس کا۔

6281 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَاعِزٍ الْعَامِرِيِّ، أَنَّ سُفْيَانَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ الثَّقَفِيَّ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، حَدِّثْنِي بِأَمْرٍ أَعْتَصِمُ بِهِ؟ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ رَبِّيَ اللَّهُ، وَاسْتَقِمْ

حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسے حکم کے متعلق بتائیں جس کو میں مضبوطی سے تھام لوں' آپ نے فرمایا: تُو کہہ: اللہ میرا رب ہے' پھر اس پر استقامت کر۔

6282 - قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا أَكْثَرُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ؟ فَأَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهِ، ثُمَّ قَالَ: هَذَا

میں نے عرض کی: مجھ پر زیادہ کس شی کا خوف ہے؟ آپ نے اپنی زبانِ اطہر پکڑی' پھر فرمایا: اس کا۔

6283 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قُلْ لِي فِي الْإِسْلَامِ قَوْلًا لَا أَسْأَلُ أَحَدًا بَعْدَكَ؟ فَقَالَ: قُلْ: آمَنْتُ بِاللَّهِ، ثُمَّ اسْتَقِمْ

حضرت عبداللہ بن سفیان اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اسلام کے متعلق بتائیں! آپ کے بعد کسی سے پوچھنے کی ضرورت نہ رہے؟ آپ نے فرمایا: تُو کہہ کہ میں اللہ پر ایمان لایا پھر اس پر استقامت اختیار کر۔

6284 - قُلْتُ: مَا أَتَّقِي يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: فَأَوْمَأَ إِلَى لِسَانِهِ

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں کس شی سے زیادہ ڈروں؟ آپ نے زبان کی طرف اشارہ کیا۔

6285 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ الرَّقِّيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي دَاوُدَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَجْلَانَ الْأَفْطَسِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قُلْتُ لِنَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، قُلْ لِي قَوْلًا أَنْتَفِعُ بِهِ، وَأَقْلِلْ، لَعَلِّي أَعْقِلُهُ؟ فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ

حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کوئی نفع مند بات بتائیں اور مختصر تاکہ میں اس کو سمجھوں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: غصہ نہ کر' آپ سے کئی مرتبہ پوچھا گیا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہی فرماتے رہے: غصہ نہ کر۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَغْضَبْ ' فَعَاوَدَهُ مِرَارًا يَسْأَلُهُ عَنْ ذَلِكَ، يَقُولُ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَغْضَبْ

6286 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا فِي الْوَفْدِ الَّذِينَ وَفَدُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَضَرَبَ لَنَا قُبَّتَيْنِ عِنْدَ دَارِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، فَكَانَ بِلَالٌ يَأْتِينَا بِفِطْرِنَا، فَنَقُولُ: يَا بِلَالُ أَفْطَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ مَا جِئْتُكُمْ حَتَّى أَفْطَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعُ، فَيَأْكُلُ، وَنَأْكُلُ ' وَكَانَ بِلَالٌ يَأْتِينَا بِسُحُورِنَا

حضرت سفیان بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: ہم اس وفد میں تھے جو رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' ہمارے لیے دو قبے بنائے گئے' مغیرہ بن شعبہ کے گھر' حضرت بلال رضی اللہ عنہ ہمارے پاس افطاری کا سامان لاتے' ہم عرض کرتے: اے بلال! رسول اللہ ﷺ نے افطار کیا ہے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے: میں تمہارے پاس آتا ہوں' جب رسول اللہ ﷺ افطار کر لیتے ہیں' آپ کے لیے رکھا جاتا' آپ کھاتے اور ہم کھاتے' حضرت بلال رضی اللہ عنہ ہمارے پاس سحری کا سامان لاتے۔

سُفْيَانُ بْنُ عَطِيَّةَ بْنِ رَبِيعَةَ الثَّقَفِيُّ

حضرت سفیان بن عطیہ بن ربیعہ ثقفی رضی اللہ عنہ

6287 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُخْتَارِ الرَّازِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَطِيَّةَ بْنِ رَبِيعَةَ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قَدِمَ وَفْدُنَا مِنْ ثَقِيفٍ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَسْلَمُوا فِي النِّصْفِ مِنْ رَمَضَانَ، فَأَمَرَهُمْ

حضرت سفیان بن عطیہ بن ربیعہ ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ ثقیف کا وفد رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' وہ نصف رمضان گزرنے کے بعد اسلام لائے' حضور ﷺ نے ان کو روزے رکھنے کا حکم دیا' جو روزے رہ گئے وہ رہ گئے تھے' ان کی قضاء کا حکم نہیں دیا۔

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَامُوا مَعَهُ مَا اسْتَقْبَلَهُمْ، وَلَمْ يَأْمُرْهُمْ بِقَضَاءِ مَا فَاتَهُمْ

سُفْيَانُ بْنُ أَسَدٍ الْحَضْرَمِيُّ

حضرت سفیان بن اسد حضرمی رضی اللہ عنہ

6288 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحِمْصِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، قَالَا: ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي أَبُو شُرَيْحٍ ضُبَارَةُ بْنُ مَالِكٍ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَسَدٍ الْحَضْرَمِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كَفَى بِهَا خِيَانَةً أَنْ تُحَدِّثَ أَخَاكَ حَدِيثًا، هُوَ لَكَ بِهِ مُصَدِّقٌ، وَأَنْتَ بِهِ كَاذِبٌ

حضرت سفیان بن اسد حضرمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: خائن ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ تُو اپنے بھائی کو کوئی بات کرے وہ تیری بات میں تیری تصدیق کرنے والا ہو اور تُو اس کو جھوٹ خیال کرتا ہو۔

سُفْيَانُ الْمُحَارِبِيُّ

حضرت سفیان محاربی رضی اللہ عنہ

6289 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ جَمِيلٍ أَبُو مُحَمَّدٍ الْعَنَزِيُّ الْخَوَّاصُ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سُفْيَانَ الْمُحَارِبِيُّ، حَدَّثَنِي جَدِّي، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْهَ قَوْمَكَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ، فَإِنَّهُ حَرَامٌ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ

حضرت سفیان محاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہاری قوم مٹکے کی نبیذ بناتی ہے، ان کو منع کرو کیونکہ یہ حرام ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے۔

سُفْيَانُ بْنُ وَهْبٍ

حضرت سفیان بن وہب

الْخَوْلَانِيُّ

خولانی رضی اللہ عنہ

6290 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي عُشَّانَةَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ وَهْبٍ الْخَوْلَانِيِّ، أَنَّهُ كَانَ عِنْدَ ظِلِّ رَاحِلَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، أَوْ أَنَّ رَجُلًا حَدَّثَهُ ذَلِكَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' قَالَ: رَوْحَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ ' أَوْ غُدْوَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا

حضرت سفیان بن وہب خولانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حجۃ الوداع کے موقع پر حضورﷺ کی سواری کے سایہ کے پاس تھے' ایک آدمی رسول اللہﷺ کے حوالہ سے بیان کر رہا تھا کہ اللہ کی راہ میں صبح و شام کرنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

6291 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ سَوَادٍ السَّرْحِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ أَبِي شِمْرٍ السَّبَائِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ سُفْيَانَ بْنَ وَهْبٍ الْخَوْلَانِيَّ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَأْتِي مِائَةٌ وَعَلَى ظَهْرِهَا أَحَدٌ بَاقٍ

حضرت سفیان بن وہب خولانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ۱۰۰ سال نہیں آئے گا کہ کوئی زمین کی پیٹھ پر باقی نہ ہوگا (یعنی ان میں سے جو موجود ہیں)۔

6292 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شُرَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ أَبِي شِمْرٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ سُفْيَانَ بْنَ وَهْبٍ الْخَوْلَانِيَّ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَأْتِي الْمِائَةُ وَعَلَى ظَهْرِهَا أَحَدٌ بَاقٍ

حضرت سفیان بن وہب خولانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ۱۰۰ سال نہیں گزرے گا کہ کوئی زمین پر باقی نہ ہوگا (موجودہ میں سے)۔

سُفْيَانُ بْنُ أَبِي زُهَيْرٍ الْأَزْدِيُّ الشَّنَوِيُّ

حضرت سفیان بن ابوزہیر ازدی شنوی رضی اللہ عنہ

6293 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يُبِسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الشَّامُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يُبِسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی کمزور اور اپنے اہل خانہ کو اور جوان کی اطاعت کرے گا' اُٹھائے ہوئے ہوگی لیکن مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوتے' پھر شام فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی وہ کمزور اپنے اہلخانہ کو اُٹھائے ہوئے ہوگی اور ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوتے۔

6294 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يُوسُفَ، أنا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يُبِسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی کمزور اور اپنے اہل خانہ کو اُٹھائے ہوئے اور جوان کی اطاعت کرے گا' اور مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوتے۔

6295 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی وہ کوشش کریں گے' اپنے

الزُّبَيْرِ، أَخْبَرَهُ أَنَّ سُفْيَانَ بْنَ أَبِي زُهَيْرٍ الْأَزْدِيَّ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ، وَمَنْ أَطَاعَهُمْ وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ' ثُمَّ تُفْتَحُ الْعِرَاقُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الشَّامُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

اہل خانہ کو اُٹھائے ہوئے' اور جو ان کی اطاعت کرے گا اور مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوتے' پھر عراق فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی وہ کوشش کرے گی اپنے اہلخانہ کو اُٹھائے ہوئے ہوگی اور جو ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوتے' پھر شام فتح ہوگا تو ایک برداشت کرنے والی قوم آئے گی' پس وہ اپنے اہل وعیال اور اطاعت کرنے والوں کا بوجھ برداشت کریں گے اور مدینہ ان کے لیے بہتر ہوگا' اگر وہ علم رکھتے ہوں۔

6296 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهَالِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الْعِرَاقُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهَالِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الشَّامُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهَالِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی جو برداشت کرے گی اور اپنے اہل خانہ کو اُٹھائے ہوئے' اور جو ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہوگا اگر وہ جانتے ہوں' پھر عراق فتح ہوگا۔ پس ایک برداشت کرنے والی قوم آئے گی جو اپنے گھر والوں اور اطاعت کرنے والوں کا بوجھ اُٹھائے گی لیکن مدینہ ان کیلئے بہتر ہوگا' کاش وہ جانتے ہوں' پھر شام فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی وہ برداشت کرنے والی ہوگی' وہ کمزور اپنے اہلخانہ کو اُٹھائے ہوئے ہوگی اور جو ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہوگا اگر وہ جانتے ہوں۔

6297 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ،

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ

وَمُحَمَّدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خُزَاعِيِّ بْنِ زِيَادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ الْمُزَنِيُّ الْبَصْرِيُّ، قَالَا: ثنا ابْنُ عَائِشَةَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَجِيءُ رِجَالٌ يُبِسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهَالِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَلَكِنَّ الْمَدِينَةَ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الْعِرَاقُ، فَيَجِيءُ رِجَالٌ يُبِسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهَالِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ تُفْتَحُ الشَّامُ، فَيَجِيءُ رِجَالٌ يُبِسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهَالِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ زَادَ أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ فِي حَدِيثِهِ: قَالَ عُرْوَةُ: ثُمَّ لَقِيتُ سُفْيَانَ بْنَ أَبِي زُهَيْرٍ عِنْدَ مَوْتِهِ، فَأَخْبَرَنِي بِهَذَا الْحَدِيثِ

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک برداشت کرنے والی قوم آئے گی اور اپنے اہل خانہ کو اُٹھائے ہوئے' اور جو ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہوگا اگر وہ جانتے ہوں' پھر عراق فتح ہوگا' پس ایسے لوگ آئیں گے جو برداشت کرنے والے ہوں گے' پس وہ اپنے اہل وعیال اور اپنے اطاعت و فرمانبرداری کرنے والوں کا بوجھ برداشت کریں گے' پھر شام فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی وہ اپنے اہلخانہ کو اُٹھائے ہوئے ہوگی اور ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانتے ہوں۔ زیادہ کیا احمد نے اپنی حدیث میں کہ حضرت عروہ نے کہا: پھر میں سفیان بن زہیر سے ان کی موت کے وقت ملا اور انہوں نے اس حدیث کی مجھے خبر دی۔

6298 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا أَصْبَغُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا الْمُنْذِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يُبِسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی کمزور اور اپنے اہل خانہ کو اُٹھائے ہوئے' جو ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہوگا اگر وہ جانتے ہوں۔

6299 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي زُهَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تُفْتَحُ الْيَمَنُ، فَيَأْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ، فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ، وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

حضرت سفیان بن ابوزہیر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوفرماتے ہوئے سنا: یمن کو فتح کیا جائے گا' ایک قوم آئے گی کمزور اور اپنے اہل خانہ کو اُٹھائے ہوئے' جو ان کی اطاعت کرے گا' مدینہ ان کے لیے بہتر ہوگا اگر وہ جانتے ہوں۔

6300 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، أنا مَالِكٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، أَنَّ السَّائِبَ بْنَ يَزِيدَ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ سُفْيَانَ بْنَ أَبِي زُهَيْرٍ، رَجُلٌ مِنْ أَزْدِ شَنُوءَةَ، وَهُوَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ نَاسًا عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا لَا يُغْنِي عَنْهُ زَرْعًا وَلَا ضَرْعًا، نَقَصَ مِنْ عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطٌ قَالَ: أَنْتَ سَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: إِي وَرَبِّ الْكَعْبَةِ

حضرت سائب بن یزید بتاتے ہیں کہ اُنہوں نے سفیان بن ابوزہیر سے سنا' یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے ہیں' وہ لوگوں کو مسجد کے دروازے کے پاس بیان کر رہے تھے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوفرماتے ہوئے سنا: جس نے بغیر کسی وجہ کے کتا پالا' اس کے اعمال میں ہر روز ایک قیراط (زمین کی پیمائش کے لحاظ سے ایک سو چھتر میٹر) کی ہوگی' اس نے کہا: آپ نے یہ ارشاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے؟ اس نے کہا: ربِ کعبہ کی قسم! سنا ہے۔

6301 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ سُفْيَانَ بْنَ أَبِي زُهَيْرٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا لَا يُغْنِي عَنْهُ زَرْعًا وَلَا

حضرت سائب بن یزید بتاتے ہیں کہ اُنہوں نے سفیان بن ابوزہیر سے سنا' یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے ہیں' وہ لوگوں کو مسجد کے دروازے کے پاس بیان کر رہے تھے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوفرماتے ہوئے سنا: جس نے بغیر کسی وجہ کے کتا پالا' اس کے

ضَرْعًا نَقَصَ مِنْ عَمَلِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيرَاطٌ، قَالَ لِسَائِبُ: أَيْ سُفْيَانَ، أَسَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: إِي وَرَبِّ الْكَعْبَةِ

اعمال میں ہر روز ایک قیراط (پیمائش میں چیز کا چوبیسواں حصہ) کمی ہو گی' اس نے کہا: آپ نے یہ ارشاد رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے؟ اس نے کہا: رب کعبہ کی قسم! سنا ہے۔

سُفْيَانُ بْنُ أَبِي الْعَوْجَاءِ أَبُو لَيْلَى الْأَنْصَارِيُّ

حضرت سفیان بن ابوعوجاء ابولیلیٰ انصاری رضی اللہ عنہ

مَا رَوَى عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى عَنْ أَبِيهِ الْحَكَمُ بْنُ عُتَيْبَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى

جو حدیث عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ اپنے والدحکم بن عتیبہ سے' وہ عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ سے روایت کرتے ہیں۔

6302 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي نَصْرٍ السَّكُونِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ نَفْسِهِ، وَأَهْلِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ، وَذَاتِي أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ ذَاتِهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی بندہ مسلمان نہیں ہوسکتا ہے یہاں تک کہ مجھے اپنی ذات سے زیادہ محبوب نہ مانے' میرے گھر والے اس کو اپنے گھر والوں سے اور میری ذات اسے اپنی ذات سے زیادہ محبوب نہ ہو جائے۔

6303 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى الْفُضَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَبِي جَرِيرٍ، أَنَّ الْحَكَمَ بْنَ عُتَيْبَةَ، وَعِيسَى بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، حَدَّثَاهُ، أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي لَيْلَى حَدَّثَهُمَا، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ نَبِيَّ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے وہ اونٹنی خریدی جس کا دودھ روک لیا گیا تھا' اگر ناپسند ہوتو وہ واپس کر دے اور ایک صاع (ساڑھے چار سیر) کھجور ساتھ دے۔

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اشْتَرَى نَاقَةً مُصَرَّاةً فَإِنْ كَرِهَهَا فَلْيَرُدَّهَا وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى

حضرت عبداللہ بن عیسیٰ بن عبدالرحمٰن اپنے چچا عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ سے روایت کرتے ہیں

6304 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، أنا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ الصَّدَقَةِ، وَمَعَهُ حَسَنٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأَخَذَ تَمْرَةً، فَوَضَعَهَا فِي فِيهِ، فَأَدْخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِصْبَعَهُ فَأَخْرَجَهَا مِنْ فِيهِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّا أَهْلُ بَيْتٍ لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ صدقہ والے گھر میں داخل ہوئے' آپ کے ساتھ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ تھے' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے کھجور لی اور اس کو اپنے منہ میں ڈالا' حضورﷺ نے اپنی انگلی مبارک اُن کے منہ میں داخل کی اور اس کھجور کو منہ سے نکالا' پھر فرمایا: ہم اہل بیت کے لیے صدقہ حلال نہیں ہے۔

6305 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا حَرْبُ بْنُ الْحَسَنِ الطَّحَّانُ، ثنا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ، فَقَالَ: إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ فِي الْأَرَاكِ، فَدَخَلْنَا فَأَخَذْنَاهُ، فَجَعَلَ الْمُسْلِمُونَ يَجِيئُونَهُ، يُخْفُونَ سُيُوفَهُمْ، حَتَّى جَاءُوا بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ قَدْ جِئْتُكُمْ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم فتح مکہ کے دن حضورﷺ کے ساتھ تھے' آپ نے فرمایا: ابوسفیان اراک میں ہے' ہم داخل ہوئے اور اسے پکڑا' مسلمان اس کو لائے' اس پر اپنی تلواریں سونتنے لگے' اسے حضورﷺ کے پاس لائے' آپ نے فرمایا: اے ابوسفیان! تیرے لیے ہلاکت! تُو دنیا اور آخرت کے ساتھ آیا' مسلمان ہو جا' بچ جائے گا۔ حضرت عباس' ابوسفیان کے دوست تھے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! ابوسفیان آپ کی آواز کو پسند

بِالدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ' فَأَسْلِمُوا تَسْلَمُوا ، وَكَانَ الْعَبَّاسُ لَهُ صَدِيقًا، فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ يُحِبُّ الصَّوْتَ، فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنَادِيًا يُنَادِي بِمَكَّةَ: مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَلْقَى سِلَاحَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ ' ثُمَّ بَعَثَ مَعَهُ الْعَبَّاسَ حَتَّى جَلَسَا عَلَى عَقَبَةِ الثَّنِيَّةِ، فَأَقْبَلَتْ بَنُو سُلَيْمٍ، فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَذِهِ بَنُو سُلَيْمٍ، فَقَالَ: وَمَا أَنَا وَسَلِيمٌ؟ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَالْمُهَاجِرُونَ فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَذَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فِي الْمُهَاجِرِينَ، ثُمَّ أَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ الْمَوْتُ الْأَحْمَرُ، هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْأَنْصَارِ، فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: لَقَدْ رَأَيْتُ مُلْكَ كِسْرَى وَقَيْصَرَ، فَمَا رَأَيْتُ مِثْلَ مُلْكِ ابْنِ أَخِيكَ، فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ: إِنَّمَا هِيَ النُّبُوَّةُ

کرتا ہے۔ حضورﷺ نے مکہ میں اعلان کرنے والا بھیجا کہ جو اپنا دروازہ بند کرے وہ امان والا ہے' جس نے اسلحہ ڈال دیا وہ امان والا ہے' جو ابوسفیان کے گھر داخل ہوا وہ امان والا ہے۔ پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ساتھ بھیجا' دونوں عقبہ ثنیہ پر بیٹھے' اس کے بعد بنوسلم آئے تو کہا: اے عباس! یہ کون ہیں؟ کہا: قبیلہ بنوسلیم ہے۔ پس کہا: کیا میں اور سلیم ایک ہیں؟ پھر حضرت علی بن ابوطالب اور دیگر مہاجرین آئے تو کہا: اے عباس! یہ کون لوگ ہیں؟ جواب دیا: یہ علی بن ابوطالب ہیں جو مہاجرین کے ساتھ مل کر آئے ہیں۔ پھر رسول کریمﷺ انصار کے گروہ میں آئے تو کہا: اے عباس! یہ کون ہیں؟ جواب دیا: یہ سرخ موت ہیں' یہ انصار میں رسول کریمﷺ ہیں۔ پس حضرت ابوسفیان نے کہا: تحقیق تُو نے کسریٰ اور قیصر کے بادشاہ دیکھے ہیں' پس میں نے تیرے بھائی کے ملک جیسا ملک نہیں دیکھا ہے۔ پس حضرت عباس نے فرمایا: (یہ بادشاہی نہیں) یہ نبوت ہے۔

عبد اللہ بن عیسیٰ بن عبد الرحمٰن عن عمه عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ

6306 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَسَوِيُّ، ثنا بَشَّارُ بْنُ مُوسَى الْخَفَّافُ، ثنا خَالِدُ بْنُ نَافِعٍ الْأَشْعَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، فَأَصَابَنَا عَطَشٌ شَدِيدٌ، فَشَكَوْنَا ذَلِكَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے ساتھ ایک جہاد میں تھے' ہمیں سخت پیاس لگی' ہم نے حضورﷺ سے اس کے متعلق عرض کی' آپ نے فرمایا: کیا کسی کے برتن میں کوئی شی بچی ہوئی ہے؟ ایک آدمی بچا ہوا پانی لایا' حضورﷺ نے زمین میں گڑھا کھودا'

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ فَضْلَةُ مَاءٍ فِي إِدَاوَةٍ؟ فَأَتَاهُ رَجُلٌ بِفَضْلَةِ مَاءٍ فِي إِدَاوَةٍ، فَحَفَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْأَرْضِ حُفْرَةً، وَضَعَ عَلَيْهَا نِطَعًا، وَوَضَعَ كَفَّهُ عَلَى الْأَرْضِ، ثُمَّ قَالَ لِصَاحِبِ الْإِدَاوَةِ: صُبَّ الْمَاءَ عَلَى كَفِّي، وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَفَعَلَ، قَالَ أَبُو لَيْلَى: قَدْ رَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى رَوَى الْقَوْمُ، وَسُقُوا كُلُّهُمْ

اس پر چمڑے کا ٹکڑا رکھا اور زمین پر اپنی ہتھیلی رکھی' پھر برتن کے مالک سے کہا: میری ہتھیلی پر سے پانی ڈال اور اللہ کے نام کا ذکر کر۔ اس نے ایسے ہی کیا۔ حضرت ابولیلیٰ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کی انگلیوں سے پانی کا چشمہ نکلتے دیکھا' پھر لوگوں نے سیر ہوکر پیا۔

أَبُو فَرْوَةَ مُسْلِمُ بْنُ سَالِمٍ الْجُهَنِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى

حضرت ابوفروہ مسلم بن سالم جہنی' حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6307 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ فَدَعَا عَلِيًّا، فَأَعْطَاهُ إِيَّاهَا

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جھنڈا ایسے آدمی کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہو گا اور اللہ اور اس کا رسول اس سے محبت کرتا ہوگا' آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلایا اور آپ کو جھنڈا دیا۔

أَبُو فَزَارَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى

ابوفزارہ' حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت کرتے ہیں

6308 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے

عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، قَالَا: ثنا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ أَبِي فَزَارَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: اعْتَكَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فِي قُبَّةٍ مِنْ خُوصٍ

ہیں کہ حضور ﷺ نے رمضان کے آخری عشرے میں ایک قبہ میں اعتکاف کیا۔

عِيسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ

حضرت عیسیٰ بن عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

6309 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِيسَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي لَيْلَى، أَنَّ الْحَسَنَ أَوِ الْحُسَيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَا فِي حِجْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَبَالَ، فَرَأَيْتُ بَوْلَهُ أَسَارِيعَ، فَوَثَبْتُ إِلَيْهِ فَقَالَ: دَعُوا ابْنِي حَتَّى يَقْضِيَ بَوْلَهُ، وَلَا تُفْزِعُوهُ حَتَّى يَقْضِيَ بَوْلَهُ ' ثُمَّ أَتْبَعَهُ الْمَاءَ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن یا حسین رضی اللہ عنہما دونوں حضور ﷺ کی گود میں تھے‘ حضرت امام حسن یا حسین رضی اللہ عنہما نے پیشاب کرنا شروع کیا‘ میں نے دیکھا کہ پیشاب آپ پر گر رہا ہے‘ میں ان کو پکڑنے لگا تو حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بیٹے کو چھوڑ دو تاکہ پیشاب کر لے‘ پیشاب کرنے تک پریشان نہ کرو‘ پھر پانی مانگا‘ اس پر پانی ڈالا گیا۔

6310 - فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ بَيْتَ الصَّدَقَةِ، فَأَخَذَ الْغُلَامُ تَمْرَةً، فَجَعَلَهَا فِي فِيهِ، فَاسْتَخْرَجَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: إِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لَنَا

حضور ﷺ نے پانی بہانے کا حکم دیا‘ آپ صدقہ والے گھر میں داخل ہوئے‘ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے کھجور پکڑی اور اپنے منہ میں ڈالی‘ حضور ﷺ نے ان کے منہ سے نکال دی اور فرمایا: صدقہ ہمارے لیے حلال نہیں ہے۔

6311 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا وَكِيعٌ، ثنا ابْنُ أَبِي لَيْلَى،

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے‘ حضرت امام حسن رضی اللہ

عَنْ أَخِيهِ عِيسَى، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ جَدِّهِ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ الْحَسَنُ يَحْبُو حَتَّى صَعِدَ عَلَى صَدْرِهِ، فَبَالَ عَلَيْهِ فَابْتَدَرْنَاهُ لِنَأْخُذَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْنِي ابْنِي، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَيْهِ

عنہ تشریف لائے' آپ کے سینے پر چڑھے اور آپ کے سینۂ اطہر پر پیشاب کر دیا' ہم نے پکڑنے کے لیے جلدی کی تو حضور ﷺ نے فرمایا: یہ میرا لخت جگر ہے' یہ میرا لخت جگر ہے۔ پھر آپ نے پانی منگوایا اور اس پر ڈال دیا۔

6312 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَخِيهِ عِيسَى، أَوِ الْحَكَمِ أَوْ كِلَيْهِمَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَأَى حَيَّةً، فَلَمْ يَقْتُلْهَا مَخَافَةَ طَلَبِهَا، فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے سانپ دیکھا' اسے ڈرا کر نہ مارا تو اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ الْجَدَلِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى

قیس بن مسلم جدلی' حضرت ابن ابولیلیٰ سے روایت کرتے ہیں

6313 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَّمَ غَنَمًا، فَجَعَلَ لِكُلِّ عَشَرَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ شَاةً، وَأَنَّهَا كَانَتْ نُهْبَةً قَالَ: وَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مالِ غنیمت تقسیم کیا' دس افراد کو ایک بکری دی اور حضور ﷺ نے اس دن ہنڈیا کے متعلق حکم دیا تو انہیں گرا دیا گیا اور وہ خیبر کا دن تھا۔

بِالْقُدُورِ فَأُكْفِئَتْ، وَهُوَ يَوْمُ خَيْبَرَ

ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى

ثابت البنانی' حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ سے روایت کرتے ہیں

6314 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَوَكِيعٌ، وَحُمَيْدُ ابْنُ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الرَّوَاسِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةٍ لَيْسَتْ بِفَرِيضَةٍ، فَمَرَّ بِذِكْرِ النَّارِ، فَقَالَ: أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ النَّارِ، وَيْلٌ لِأَهْلِ النَّارِ، وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو نفل نماز میں فرماتے ہوئے سنا: آپ نے دس آیات پڑھیں' جن میں دوزخ کا ذکر تھا' دس آیات پڑھیں' میں اللہ سے پناہ مانگتا ہوں دوزخ سے اور جہنم والوں کے لیے ہلاکت ہے۔ یہ الفاظ حضرت عثمان بن ابوشیبہ کے ہیں۔

6315 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، قَالَ: قَالَ أَبُو لَيْلَى: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَأَلَهُ عَنِ الْحَيَّاتِ فِي الْبُيُوتِ، فَقَالَ: إِذَا رَأَيْتُمُوهُنَّ فِي مَسَاكِنِكُمْ فَقُولُوا: نُنْشِدُكُمْ بِعَهْدِ اللهِ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُمْ نُوحٌ، نُنْشِدُ الْعَهْدَ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُمْ سُلَيْمَانُ أَنْ لَا تُؤْذُونَا، فَإِنْ عُدْنَ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور آپ سے سانپ کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: جب تم ان کو اپنے گھروں میں دیکھو تو کہو: ہم تمہیں اللہ کے عہد کی قسم دیتے ہیں جو تم پر حضرت نوح نے لیا تھا اور اس عہد کی قسم دیتے ہیں جو تم سے حضرت سلیمان نے لیا تھا کہ تم ہمیں تکلیف نہ دو گے پس اگر وہ لوٹ کر آئیں (یا گھر سے نہ جائیں) تو ان کا مار دو۔

فَاقْتُلُوهُنَّ

6316 - ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ حَيَّاتِ الْبُيُوتِ، فَقَالَ: إِذَا رَأَيْتُمْ مِنْهُنَّ شَيْئًا فِي مَسَاكِنِكُمْ، فَقُولُوا: نَشَدْنَاكُمُ الْعَهْدَ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُمْ نُوحٌ، نَشَدْنَاكُمُ الْعَهْدَ الَّذِي أَخَذَ عَلَيْكُمْ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، فَإِنْ عُدْنَ فَاقْتُلُوهُنَّ

حضرت ابولیلیٰ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گھروں میں رہنے والے سانپوں کو مارنے سے منع فرمایا' فرمایا: جب تم ان میں سے کوئی شی دیکھو اپنے گھروں میں تو کہو: تمہیں نوح وسلیمان کے لیے ہوئے عہد کی قسم (نکل جاؤ)۔ اگر لوٹ آئیں تو ان کو مار دو۔

عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي لَيْلَى

حضرت عدی بن ثابت' حضرت ابولیلیٰ سے روایت کرتے ہیں

6317 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي لَيْلَى جَدِّ مُحَمَّدٍ أَنَّهُ مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي تَطَوُّعًا، فَمَرَّ بِآيَةٍ مِنْ ذِكْرِ النَّارِ، فَقَالَ: وَيْلٌ لِأَهْلِ النَّارِ، أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ

حضرت علی بن ثابت فرماتے ہیں کہ حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرے اس حالت میں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نفل ادا کر رہے تھے' آپ اس آیت کو پڑھنے لگے جس میں جہنم کی آگ کا ذکر تھا' آپ نے فرمایا: دوزخ والوں کے لیے ہلاکت ہے' میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں جہنم کی آگ سے۔

سُفْيَانُ بْنُ قَيْس بْنِ أَبَانَ الثَّقَفِيُّ

حضرت سفیان بن قیس بن ابان ثقفی رضی اللہ عنہ

6318 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ

حضرت امیمہ اپنی والدہ عقیقہ سے روایت کرتی

فَضَالَةَ الصَّيْرَفِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَعْلَى بْنِ كَعْبٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ، حَدَّثَتْنِي أُمِّي أُمَيْمَةُ، عَنْ أُمِّهَا رُقَيْقَةَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهَا قَالَتْ: لَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْتَغِي النَّصْرَ بِالطَّائِفِ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا، فَأَمَرَتْ لَهُ بِشَرَابٍ مِنْ سَوِيقٍ، فَشَرِبَ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رُقَيْقَةُ لَا تَعْبُدِي طَاغِيَتَهُمْ، وَلَا تُصَلِّي لَهَا، قُلْتُ: إِذًا يَقْتُلُونِي، قَالَ: فَإِذَا قَالُوا لَكَ ذَلِكَ، فَقُولِي: رَبِّي رَبُّ هَذِهِ الطَّاغِيَةِ، فَإِذَا صَلَّيْتِ فَوَلِّهَا ظَهْرَكِ، ثُمَّ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِمْ، قَالَتْ بِنْتُ رُقَيْقَةَ: فَأَخْبَرَنِي أَخَوَايَ سُفْيَانُ، وَوَهْبٌ ابْنَا قَيْسِ بْنِ أَبَانَ قَالَا: لَمَّا أَسْلَمَ ثَقِيفٌ خَرَجْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا فَعَلَتْ أُمُّكُمَا؟ قُلْنَا: هَلَكَتْ فِي الْحَالِ الَّتِي تَرَكْتَهَا، فَقَالَ: لَقَدْ أَسْلَمَتْ أُمُّكُمَا إِذَنْ

ہیں' وہ فرماتی ہیں کہ جب حضورﷺ آئے اور طائف والوں کے لیے مدد مانگی تو آپ ان کے گھر آئے' اُنہوں نے آپ کے لیے شہد کا پانی دینے کا حکم دیا' آپ کو دیا گیا' آپ نے نوش کیا' آپﷺ نے مجھے فرمایا: اے رقیقہ! تُو ان کے بتوں کی عبادت نہ کر' نہ اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ۔ میں نے عرض کی: پھر تو وہ مجھے مار دے گا' آپ نے فرمایا: جو تجھے یہ کہیں تو کہنا کہ میرا رب وہ ہے جو اس بت کا رب ہے' جب نماز پڑھے تو اپنی پشت اس سے پھر لینا' پھر حضورﷺ ان کے پاس سے نکل۔ بنت رقیقہ نے کہا: مجھے قیس بن ابان کے دونوں بیٹوں میرے دونوں بھائیوں سفیان اور وہب نے بتایا' دونوں نے کہا: جب قبیلہ ثقیف والے اسلام لائے تو ہم حضورﷺ کی طرف نکلے' آپ نے فرمایا: تمہاری والدہ نے کیا کیا؟ ہم نے عرض کی: جس حالت پر آپ اس کو چھوڑ کر آئے تھے وہ اسی حالت پر گئی' آپﷺ نے فرمایا: پھر تو تمہاری والدہ مسلمان ہو چکی تھیں۔

مَنِ اسْمُهُ سَفِينَةُ

جن کا نام سفینہ ہے

سَفِينَةُ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَوَى مُحَمَّدُ بْنُ

حضورﷺ کے غلام حضرت سفینہ ابو عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ وہ حدیثیں جو محمد بن منکدر' حضرت

الْمُنْكَدِرِ، عَنْ سَفِينَةَ

''جن اور اس کی تلاش سے مجھے تعجب ہوا اور اس کے اونٹوں کی دُمیں باندھنے پر بھی تعجب ہوا'

ہدایت کو تلاش کرنے کے لیے وہ مکہ جانے کو محبوب رکھتا ہے' ان کے سچے ان کے جھوٹوں کی مانند نہیں ہیں'

پس تُو بنو ہاشم قبیلہ کی چنی ہوئی ہستی کی طرف سفر کا آغاز کر اور اپنی آنکھوں کو ان کے سردار کی طرف اُٹھا''۔

کہتے ہیں: میں نے صبح کی تو میں اپنے اونٹ پر بیٹھ کر مکہ آیا' اچانک میری نگاہ پڑی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لا چکے تھے' پس میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خبر دی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کی۔

سَوَادُ بْنُ عَمْرٍو الْأَنْصَارِيُّ

حضرت سواد بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ

6359 - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْـنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، وَالْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْبَجَلِيُّ، ثنا الْـمُـعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُـحَـمَّـدِ بْـنِ سِيرِيـنَ، عَـنْ سَـوَادِ بْـنِ عَـمْـرٍو الْأَنْـصَـارِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي رَجُلٌ حُبِّـبَ إِلَـيَّ الْـجَـمَالُ، وَأُعْطِيتُ مِنْهُ مَا تَرَى، فَمَا أُحِـبُّ أَنْ يَـفُـوقَنِي أَحَدٌ فِي شِسْعِ نَعْلِي -أَوْ قَالَ: شِرَاكِ نَعْلِي -أَفَـمِنَ الْكِبْرِ ذَاكَ؟ قَالَ: لَا ' قُلْتُ:

حضرت سواد بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایسا آدمی ہوں جو خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں' مجھے مال دیا گیا جو آپ دیکھ رہے ہیں' مجھے پسند ہے کہ مجھ سے زیادہ کوئی اچھی جوتی نہ پہنے' تو کیا یہ تکبر ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! تکبر کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: حق کو حقیر جاننا اور لوگوں کو حقیر جاننا۔

فَمَا الْكِبْرُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مَنْ سَفِهَ الْحَقَّ وَغَمَصَ النَّاسَ

6360 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، ثنا عَاصِمُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ سَوَادِ بْنِ عَمْرٍو الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي رَجُلٌ حُبِّبَ إِلَيَّ الْحُسْنُ وَالْجَمَالُ، حَتَّى إِنِّي لَا أُحِبُّ أَنْ يَفُوقَنِي أَحَدٌ بِشِرَاكٍ، أَفَمِنَ الْكِبْرِ ذَلِكَ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنَّ الْكِبْرَ مِنْ غَمَصَ النَّاسَ، وَبَطَرَ الْحَقَّ

حضرت سواد بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایسا آدمی ہوں جو خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں' مجھے مال دیا گیا جو آپ دیکھ رہے ہیں' مجھے پسند ہے کہ مجھ سے زیادہ کوئی اچھی جوتی نہ پہنے' تو کیا یہ تکبر ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! تکبر کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: حق کو حقیر جاننا اور لوگوں کو حقیر جاننا۔

6361 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا أَيُّوبُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، أَنَّ سَوَادَ بْنَ عَمْرٍو كَانَ رَجُلًا جَمِيلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أُعْطِيتُ مِنَ الْحُسْنِ وَالْجَمَالِ، وَحُبِّبَ إِلَيَّ، فَلَا أُحِبُّ أَنْ يَفْضُلَنِي أَحَدٌ بِشِرَاكِ نَعْلِي، أَفَمِنَ الْكِبْرِ هُوَ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنَّ الْكِبْرَ مَنْ بَطِرَ الْحَقَّ، وَغَمَصَ النَّاسَ

حضرت سواد بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ایسا آدمی ہوں جو خوبصورتی کو پسند کرتا ہوں' مجھے مال دیا گیا جو آپ دیکھ رہے ہیں' مجھے پسند ہے کہ مجھ سے زیادہ کوئی اچھی جوتی نہ پہنے' تو کیا یہ تکبر ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! تکبر کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: حق کو حقیر جاننا اور لوگوں کو حقیر جاننا۔

مَنِ اسْمُهُ سَوَادَةُ: سَوَادَةُ بْنُ الرَّبِيعِ الْجَرْمِيُّ

جن کا نام سوادہ ہے حضرت سوادہ بن ربیع جرمی رضی اللہ عنہ

6362 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ رَاشِدٍ الْعَمِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ، ثنا

حضرت سوادہ بن ربیع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ نے میرے لیے

سُلَيْمَانُ الْجَرْمِيُّ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ الرَّبِيعِ الْجَرْمِيِّ، قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَ لِي بِذَوْدٍ، وَقَالَ لِي: عَلَيْكَ بِالْخَيْلِ، فَإِنَّ الْخَيْلَ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اونٹ کا حکم دیا اور مجھے فرمایا: تم گھوڑے لو کیونکہ گھوڑے کی پیشانی میں قیامت کے دن تک بھلائی لکھ دی گئی ہے۔

6363 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ، ثنا سُلَيْمَانُ الْجَرْمِيُّ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ الرَّبِيعِ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا

حضرت سوادہ بن ربیع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے (دستِ مبارک میں) انگوٹھی دیکھی (یا آپ ﷺ پر مہر نبوت دیکھی)۔

6364 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا مُرَجَّى بْنُ رَجَاءٍ، ثنا سَلْمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ الرَّبِيعِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمَرَ لِي بِذَوْدٍ، قَالَ: إِذَا رَجَعْتَ إِلَى بَيْتِكَ، فَقُلْ لَهُمْ فَلْيُحْسِنُوا أَعْمَالَهُمْ، وَمُرْهُمْ فَلْيُقَلِّمُوا أَظْفَارَهُمْ، وَلَا يَخْدِشُوا بِهَا ضُرُوعَ مَوَاشِيهِمْ إِذَا حَلَبُوا

حضرت سوادہ بن ربیع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ نے میرے لیے اونٹ دینے کا حکم دیا' آپ نے فرمایا: جب اپنے گھر کی طرف جاؤ تو ان گھر والوں سے کہنا کہ اچھے اعمال کریں اور ان کو حکم دینا کہ اپنے ناخن کاٹیں تا کہ جب جانوروں کا دودھ دھوئیں تو ان کے تھنوں کو خراش نہ آئے۔

مَنِ اسْمُهُ سُلَيْمَانُ
سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدَ الْخُزَاعِيُّ
يُكْنَى أَبَا الْمُطَرِّفِ

جن کا نام سلیمان ہے
حضرت سلیمان بن صرد الخزاعی رضی اللہ عنہ آپ کی کنیت ابومطرف ہے

6365 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ فُسْتُقَةُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ، قَالَ: هَلَكَ سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدَ سَنَةَ خَمْسٍ وَسِتِّينَ ' قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ وَبَلَغَنِي: أَنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ صُرَدَ

حضرت محمد بن علی رضی اللہ عنہما (یعنی امام باقر رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں کہ مجھے معلوم ہوا کہ حضرت سلیمان بن صرف الخزاعی اور حضرت میب بن نجبہ فزاری چار ہزار آدمیوں کا لشکر لے کر نکلے' حضرت سیّد

الْخُزَاعِيَّ، خَرَجَ هُوَ وَالْمُسَيَّبُ بْنَ نَجَبَةَ الْفَزَارِيُّ فِي أَرْبَعَةِ آلَافٍ، فَعَسْكَرَا بِالنَّخِيلَةِ' يَطْلُبُونَ بِدَمِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَعَلَيْهِمْ سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدَ، وَذَلِكَ لِمُسْتَهَلِّ رَبِيعِ الْآخِرِ سَنَةَ خَمْسٍ وَسِتِّينَ، ثُمَّ سَارُوا إِلَى عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زِيَادٍ، فَلَقُوا مُقَدِّمَتَهُ، فَاقْتَتَلُوا، فَقُتِلَ سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدَ وَابْنُ نَجَبَةَ فِي شَهْرِ رَبِيعِ الْآخِرِ

الشہداء امام عالی مقام سیّدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے خون کا بدلہ لینے کے لیے' ان کے امیر حضرت سلیمان بن صرد تھے' یہ وقت ربیع الاخر ۶۵ ہجری کا تھا' پھر یہ حضرات عبیداللہ بن زیاد کی طرف چلے' پس وہ اس کے مقدمۃ الجیش سے ملے تو ان سے قتال کیا' حضرت سلیمان بن صرد اور ابن نجبہ' ربیع الآخر کے مہینہ میں شہید کیے گئے۔

مَا أَسْنَدَ سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدَ

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

6366 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ صُرَدَ الْخُزَاعِيَّ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْأَحْزَابِ: الْآنَ نَغْزُوهُمْ، وَلَا يَغْزُونَا

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے غزوۂ خندق کے موقع پر فرمایا: اب ہم اُن سے جہاد کریں گے اور وہ ہمارے ساتھ نہیں کریں گے۔

6367 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ الْأَحْزَابِ: الْيَوْمَ نَغْزُوهُمْ وَلَا يَغْزُونَا

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے غزوۂ خندق کے موقع پر فرمایا: آج ہم ان سے جہاد کریں گے اور وہ ہمارے ساتھ نہیں کریں گے۔

6368 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ أَسْبَاطِ بْنِ مُحَمَّدٍ، ثنا أَبِي، ثنا أَبُو سِنَانٍ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ، قَالَ: قَالَ خَالِدُ بْنُ عُرْفُطَةَ لِسُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدَ أَوْ

حضرت خالد بن عرفطہ نے حضرت سلیمان بن صرد سے یا حضرت سلیمان رضی اللہ عنہ سے حضرت خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو پیٹ کی بیماری میں مر

سُلَيْمَانُ لِخَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ: أَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَتَلَهُ بَطْنُهُ لَمْ يُعَذَّبْ فِي قَبْرِهِ؟ فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: نَعَمْ

جائے اُسے عذابِ قبر نہیں ہوگا؟ اُن میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا: جی ہاں!

6369 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنِي سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدَ، أَنَّ أَعْرَابِيًّا صَلَّى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ قَرْنٌ، فَأَخَذَهَا بَعْضُ الْقَوْمِ، فَلَمَّا سَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْأَعْرَابِيُّ: فَأَيْنَ الْقَرْنُ؟ فَكَأَنَّ بَعْضَ الْقَوْمِ ضَحِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُرَوِّعَنَّ مُسْلِمًا

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی اس کے پاس سینگ تھا کسی آدمی نے اسے اس سے پکڑ لیا جب حضور ﷺ نے سلام پھیرا تو دیہاتی نے کہا: سینگ کہاں ہے؟ کچھ لوگ ہنس پڑے تو حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اُس کے لیے جائز نہیں ہے کہ کسی مسلمان کو ڈرائے۔

6370 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا جَدِّي أَحْمَدُ بْنُ أَبِي شُعَيْبٍ، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدَ، قَالَ: اسْتَبَّ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَغَضِبَ أَحَدُهُمَا غَضَبًا شَدِيدًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَةً، لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ الَّذِي يَجِدُ، لَوْ قَالَ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ، لَذَهَبَ عَنْهُ الَّذِي يَجِدُ

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس لڑ پڑے ان میں سے ایک کو سخت غصہ آیا حضور ﷺ نے فرمایا: میں ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ اگر وہ پڑھ لے جو یہ غصہ پاتا ہے تو وہ چلا جائے گا اگر یہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ لے تو اس کا غصہ چلا جائے گا۔

6371 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے دو آدمیوں کو سنا اس حال میں کہ

الْأَعْمَشِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدَ، قَالَ: سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَيْنِ وَهُمَا يَتَقَاوَلَانِ، أَحَدُهُمَا يَغْضَبُ، فَاشْتَدَّ غَضَبُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ الشَّيْطَانُ، فَأَتَاهُ الرَّجُلُ، فَقَالَ: قُلْ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ

دو آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس لڑ پڑے ان میں سے ایک کو سخت غصہ آیا' حضور ﷺ نے فرمایا: میں ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ اگر وہ پڑھ لے جو یہ غصہ پاتا ہے تو وہ چلا جائے گا' اگر یہ اعوذ باللہ من الشیطان الرحیم پڑھ لے تو اس کا غصہ چلا جائے گا۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبِي، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْأَكْرَمِ، رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْكُوفَةِ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدَ قَالَ: أَتَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَكَثَ ثَلَاثَ لَيَالٍ، فَلَمْ نَقْدِرْ عَلَى طَعَامٍ ' أَوْ لَمْ نَقْدِرْ ' قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ: فَذَكَرْتُ هَذَا الْحَدِيثَ لِأَبِي رَحِمَهُ اللّٰهُ، فَاسْتَحْسَنَهُ

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے' آپ ﷺ تین رات ٹھہرے' ہم کھانے کی طاقت نہیں رکھتے تھے یا طاقت نہ رکھتے تھے (یعنی خوشی سے)۔ حضرت عبداللہ بن احمد فرماتے ہیں: میں نے یہ حدیث اپنے والد کے سامنے ذکر کی تو آپ نے اس کو حسن قرار دیا۔

سُلَيْمَانُ بْنُ أُكَيْمَةَ اللَّيْثِيُّ

حضرت سلیمان بن اکیمہ لیثی رضی اللہ عنہ

6372 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْمِصِّيصِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو السَّكُونِيُّ الْحِمْصِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ أُكَيْمَةَ اللَّيْثِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: أَتَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا لَهُ: بِآبَائِنَا أَنْتَ وَأُمَّهَاتِنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا نَسْمَعُ مِنْكَ الْحَدِيثَ ' فَلَا نَقْدِرُ

حضرت یعقوب بن عبداللہ بن سلیمان بن اکیمہ لیثی اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' ہم نے آپ سے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! ہم آپ سے حدیث سنتے ہیں' ہم اس طرح بیان نہیں کر سکتے ہیں جس طرح آپ سے سنی ہوتی ہے۔ آپ نے فرمایا: جب تم حلال

أَنْ نُؤَدِّيَهُ كَمَا سَمِعْنَاهُ؟ فَقَالَ: إِذَا لَمْ تُحِلُّوا حَرَامًا، وَلَمْ تُحَرِّمُوا حَلَالًا، وَأَصَبْتُمُ الْمَعْنَى ' فَلَا بَأْسَ

کوحرام اور حرام کوحلال نہ کروتو روایت بالمعنیٰ بھی کرلوتو کوئی حرج نہیں ہے۔

مَنِ اسْمُهُ سِنَانٌ

جس کا نام سنان ہے

سِنَانُ بْنُ سَنَّةَ الْأَسْلَمِيُّ

حضرت سنان بن سنہ اسلمی رضی اللہ عنہ

6373 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي حُرَّةَ، عَنْ عَمِّهِ حَكِيمِ بْنِ أَبِي حُرَّةَ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَنَّةَ الْأَسْلَمِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطَّاعِمُ الشَّاكِرُ مِثْلُ الصَّائِمِ الصَّابِرِ

حضرت سنان بن سنہ اسلمی رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: کھا کر شکریہ ادا کرنے والا ایسے ہے جس طرح صبر کرنے والا روزہ دار ہوتا ہے۔

سِنَانُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبِّقِ أَبُو طَرِيفٍ الْهُذَلِيّ

حضرت سنان بن سلمہ بن محبق ابوطریف الہذلی رضی اللہ عنہ

6374 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا حَجَّاجٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ جُنَادَةَ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَلَمَةَ، أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْمُهَاجِرِينَ تَصَدَّقَ بِأَرْضٍ لَهُ عَظِيمَةٍ عَلَى أُمِّهِ، فَمَاتَتْ وَلَيْسَتْ لَهَا وَارِثٌ غَيْرُهُ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ أُمِّي فُلَانَةَ

حضرت سنان بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مہاجرین میں سے ایک آدمی تھا' اُس نے اپنی والدہ پر اپنی بڑی زمین کو صدقہ کر دیا' اُس کی والدہ فوت ہوگئی' اس کا کوئی وارث نہیں تھا' وہ آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: میری فلاں والدہ فوت ہوگئی' وہ لوگوں میں مجھے سب سے زیادہ محبوب اور عزت والی

كَانَتْ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ، وأَعَزِّهِمْ عَلَيَّ، وَإِنِّي تَصَدَّقْتُ عَلَيْهَا بِأَرْضٍ لِي عَظِيمَةٍ، فَمَاتَتْ وَلَيْسَ لَهَا وَارِثٌ غَيْرِي، فَكَيْفَ تَأْمُرُنِي أَنْ أَصْنَعَ بِهَا؟ قَالَ: قَدْ أَوْجَبَ اللّٰهُ أَجْرَكَ، وَرَدَّ عَلَيْكَ أَرْضَكَ، اصْنَعْ بِهَا مَا شِئْتَ

تھی' میں نے اس پر بڑی زمین صدقہ کی تھی' وہ فوت ہو گئی ہے' اس کا میرے علاوہ کوئی وارث نہیں ہے' آپ مجھے کیا کرنے کا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تیرے لیے اجر کو ثابت کر دیا اور تیری زمین واپس کر دی ہے' اب تُو اس کے ساتھ جو چاہے کر' یعنی زمین کے ساتھ۔

6375 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ السَّرَّاجُ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، ثنا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ جُنَادَةَ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَلَمَةَ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي تَصَدَّقْتُ عَلَى أُمِّي بِصَدَقَةٍ، وَإِنَّهَا هَلَكَتْ، وَكَيْفَ أَصْنَعُ؟ قَالَ: قَدْ رَدَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ أَرْضَكَ، وَقَبِلَ صَدَقَتَكَ

حضرت سنان بن سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اپنی والدہ پر صدقہ کیا تھا' وہ فوت ہوگئی ہیں تو اب میں کیا کروں؟ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تیری زمین تجھے واپس کر دی ہے اور تیرے صدقہ کو قبول کیا ہے۔

6376 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَسَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ آدَمَ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عِمْرَانَ يُحَدِّثُ، عَنْ خَالِدٍ الْأَشَجِّ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى عَلَى جَذَعَةٍ مَيْتَةٍ، فَقَالَ: مَا ضَرَّ أَهْلَ هَذِهِ لَوِ انْتَفَعُوا بِمَسْكِهَا

حضرت سنان بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مردار جذعہ (یعنی بھیڑ کے بچہ) کے پاس آئے' آپ نے فرمایا: اس کے مالک کے لیے کوئی حرج نہیں تھا کہ وہ اس کی کھال سے فائدہ اُٹھاتا۔

سِنَانُ بْنُ وَبَرَةَ الْجُهَنِيُّ

حضرت سنان بن وبرہ جہنی رضی اللہ عنہ

6377 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ،

حضرت سنان بن وبرہ جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے

ثنا حُمَيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ الْخَزَّازُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ رَافِعٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سِنَانِ بْنِ وَبَرَةَ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ الْمُرَيْسِيعِ، فَكَانَ شِعَارُنَا: يَا مَنْصُورُ، أَمِتْ أَمِتْ

ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوۂ مریسیع کیا' ہمارا اُس وقت شعار تھا: اے مدد کیے ہوئے ہے مار دے! مار دے!

سِنَانُ بْنُ غَرَفَةَ

حضرت سنان بن غرفہ رضی اللہ عنہ

6378 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا عَبْدُ الْخَالِقِ بْنُ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سِنَانِ بْنِ عَرَفَةَ، وَلَهُ صُحْبَةٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الرَّجُلِ يَمُوتُ مَعَ النِّسَاءِ وَالْمَرْأَةِ تَمُوتُ مَعَ الرِّجَالِ، وَلَيْسَ لِوَاحِدٍ مِنْهُمَا مَحْرَمٌ، قَالَ: يُتَيَمَّمَا وَلَا يُغَسَّلَا

حضرت سنان بن عرفہ رضی اللہ عنہ' انہیں صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے' فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اس آدمی کے متعلق جو عورتوں کے ساتھ مر جاتا ہے اور عورت جو مردوں کے ساتھ مر جاتی ہے اور ان میں کسی کا محرم نہ ہو' آپ نے فرمایا: ان کو تیمم کروایا جائے گا اور غسل نہیں کروایا جائے گا۔

سُنَيْنٌ أَبُو جَمِيلَةَ

حضرت سنین ابو جمیلہ رضی اللہ عنہ

6379 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى أَهْلِهِ، وَقَدِ الْتَقَطَ مَنْبُوذًا، فَذَهَبَ إِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَذَكَرَهُ لَهُ، فَقَالَ عُمَرُ: عَسَى الْغُوَيْرُ أَبْؤُسًا، فَقَالَ الرَّجُلُ: مَا الْتَقَطَ إِلَّا وَأَنَا غَائِبٌ، وَسَأَلَ عَنْهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأُثْنِيَ عَلَيْهِ خَيْرًا، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَوَلَاؤُهُ لَكَ، وَنَفَقَتُهُ عَلَيْنَا مِنْ بَيْتِ الْمَالِ

حضرت زہری سے روایت ہے کہ ایک آدمی اپنے گھر والوں کے پاس آیا جبکہ اس نے راہ پڑی چیز اُٹھائی تھی' پس وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا تو اس کا ذکر کیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس آدمی نے عرض کی کہ جب یہ گری ہے تو میں وہاں نہیں تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو لوگوں نے اس کی تعریف کی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: پس اس کی ولاء تیرے

لیے ہے اور اس کا نفقہ بیت المال سے ہم پر لازم ہوگا۔

6380 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِي أَبُو جَمِيلَةَ، أَنَّهُ وَجَدَ مَنْبُوذًا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَاهُ بِهِ، فَاتَّهَمَهُ بِهِ عُمَرُ، فَأَثْنَى عَلَيْهِ خَيْرًا، فَقَالَ عُمَرُ: فَهُوَ حُرٌّ، وَوَلَاؤُهُ لَكَ، وَنَفَقَتُهُ مِنْ بَيْتِ الْمَالِ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ ابوجمیلہ نے مجھے حدیث سنائی کہ انہوں نے رسول کریم ﷺ کے زمانہ میں ایک گری ہوئی چیز پائی' پس وہ لے کر آئے' پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر تہمت لگائی (کہ اس نے چوری کی ہے) لیکن لوگوں نے اس کی اچھی تعریف کی۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ آزاد ہے اور اس کی ولاء بھی اسی کے لیے ہے اور اس کا خرچہ بیت المال سے ہوگا۔

6381 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، ثنا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ أَبَا جَمِيلَةَ أَخْبَرَهُ، وَنَحْنُ مَعَ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ جُلُوسٌ، فَزَعَمَ أَبُو جَمِيلَةَ أَنَّهُ أَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ مَعَهُ عَامَ الْفَتْحِ

حضرت ابوجمیلہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت سعید بن میتب کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے' ابوجمیلہ کا خیال تھا کہ اُس نے حضور ﷺ کا زمانہ پایا' فتح والے سال آپ کے ساتھ تھا۔

6382 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَجُلًا أَخْبَرَهُ أَنَّهُ الْتَقَطَ وَلَدَ زِنًى، فَجَاءَ بِهِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَقَالَ: اذْهَبْ فَاسْتَرْضِعْ بِمَالِ اللَّهِ، وَلَكَ وَلَاؤُهُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَالرَّجُلُ الَّذِي الْتَقَطَهُ، فَجَاءَ بِهِ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ أَخْبَرَنِي ذَلِكَ نَفْسُهُ

ابن شہاب بتاتے ہیں کہ ایک آدمی نے بتایا کہ اس کو ولد الزنا راستے پہ گرا ہوا ملا' وہ اسے لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: اسے لے جاؤ اور بیت المال کے مال سے اس کو دودھ پلاؤ اور اس کی ولاء تمہارے لیے ہے۔ حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں: وہ آدمی جو گم شدہ کو لے کر آیا تھا' وہ اسے لے کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تھا' اس نے مجھے خود بتایا تھا۔

مَنِ اسْمُهُ سِمَاكٌ

سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ أَبُو دُجَانَةَ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

6382م- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ أَبُو دُجَانَةَ سِمَاكُ بْنُ أَوْسِ بْنِ خَرَشَةَ بْنِ لَوْذَانَ بْنِ عَبْدِ وُدِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ

6383 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ أَبُو دُجَانَةَ سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ، وَهُوَ الَّذِي أَخَذَ سَيْفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ

6384 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ، وَهُوَ أَبُو دُجَانَةَ

6385 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا

جن کا نام سماک ہے

حضرت سماک خرشہ ابودجانہ انصاری بدری رضی اللہ عنہ یمامہ کے دن شہید کیے گئے تھے

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی ساعدہ میں سے جو بدر میں شریک ہوئے تھے اُن کے ناموں میں سے ایک نام ابودجانہ سماک بن اوس بن خرشہ بن لوذان بن عبدودّ بن زید بن ثعلبہ کا بھی ہے۔

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی ساعدہ میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت ابودجانہ سماک بن خرشہ کا بھی ہے آپ کو اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کی تلوار مبارک پکڑنے کا شرف حاصل ہوا تھا۔

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی ساعدہ میں سے جو جنگ یمامہ میں شہید ہوئے تھے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سماک بن خرشہ ابودجانہ کا بھی ہے۔

حضرت محمد بن اسحاق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ، وَهُوَ أَبُو دُجَانَةَ

انصار اور بنی ساعدہ میں سے جو جنگ یمامہ میں شہید ہوئے تھے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سماک بن خرشہ ابودجانہ کا بھی ہے۔

6386 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ وَهُوَ أَبُو دُجَانَةَ

حضرت ابن شہاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی ساعدہ میں سے جو جنگ یمامہ میں شہید ہوئے تھے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سماک بن خرشہ ابودجانہ کا بھی ہے۔

6387 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: دَخَلَ عَلِيٌّ عَلَى فَاطِمَةَ يَوْمَ أُحُدٍ، فَقَالَ: خُذِي هَذَا السَّيْفَ غَيْرَ ذَمِيمٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَئِنْ كُنْتَ أَحْسَنْتَ الْقِتَالَ، لَقَدْ أَحْسَنَهُ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ وَأَبُو دُجَانَةَ سِمَاكُ بْنُ خَرَشَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ کے پاس اُحد کے دن آئے' کہا: یہ تلوار پکڑ و بغیر پریشانی کے۔ حضورﷺ نے فرمایا: اگر تُو اچھی لڑائی لڑا کرتا ہے تو بے شک سہل بن حنیف اور ابودجانہ سماک بن خرشہ بھی اچھی لڑائی لڑتے ہیں۔

6388 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، وَأَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَنْبَرٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، وَثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرْمُطِيُّ، مِنْ وَلَدِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ يَعْقُوبَ الْعُثْمَانِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت خالد بن سلیمان بن عبداللہ بن خالد بن سماک بن خرشہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ سرخ رنگ کے کپڑے کا جھنڈا پکڑے ہوئے تھے حضورﷺ نے انہیں دیکھا' یہ دوصفوں کے درمیان اکڑ اکڑ کر چل رہے تھے' حضورﷺ نے فرمایا: اس

خَالِدِ بْنِ سِمَاكِ بْنِ خَرَشَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ أَبَا دُجَانَةَ يَوْمَ أُحُدٍ أَعْلَمَ بِعِصَابَةٍ حَمْرَاءَ، فَنَظَرَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُخْتَالٌ فِي مِشْيَتِهِ بَيْنَ الصَّفَّيْنِ، فَقَالَ: إِنَّهَا مِشْيَةٌ يُبْغِضُهَا اللّٰهُ إِلَّا فِي هَذَا الْمَوْضِعِ

طرح چلنا اللہ کو ناپسند ہے لیکن جنگ کے موقع پر (کافروں پر رعب ڈالنے کے لیے اس طرح چلنا جائز ہے)۔

مَنِ اسْمُهُ سَلِيطٌ
سَلِيطٌ أَبُو سُلَيْمَانَ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

جن کا نام سلیط ہے
حضرت سلیط ابوسلیمان انصاری بدری رضی اللہ عنہ

6389 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي عَدِيِّ بْنِ النَّجَّارِ سَلِيطُ بْنُ قَيْسِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ عَامِرٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عدی بن نجار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سلیط بن قیس بن عمرو بن عبیداللہ بن مالک بن عدی بن عامر کا بھی ہے۔

6390 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْمَدَنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ سَلِيطٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: لَمَّا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْهِجْرَةِ، مَعَهُ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَعَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ مَوْلَى أَبِي بَكْرٍ وَابْنُ أُرَيْقِطٍ يَدُلُّهُمُ الطَّرِيقَ، فَمَرَّ بِأُمِّ مَعْبَدٍ الْخُزَاعِيَّةِ، وَهِيَ لَا تَعْرِفُهُ، فَقَالَ لَهَا: يَا أُمَّ

حضرت محمد بن سلیمان بن سلیط انصاری نے اپنے والد سے اُنہوں نے ان کے دادا سے حدیث بیان کی: جب رسول کریم ﷺ ہجرت کے موقع پہ تشریف لے چلے آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق عامر بن فہیرہ اور ابن اریقط تھا جو راستہ بتا رہا تھا تو اُم معبد خزاعیہ کے پاس سے گزرے جبکہ وہ آپ ﷺ کو نہیں پہچانتی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے اُم معبد! کیا تیرے پاس کچھ دودھ ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں!

مَعْبَدٍ هَلْ عِنْدَكِ مِنْ لَبَنٍ؟ قَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ، وَإِنَّ الْغَنَمَ لَعَازِبَةٌ قَالَ: فَمَا هَذِهِ الشَّاةُ الَّتِي أَرَاهَا فِي كِفَاءِ الْبَيْتِ؟ قَالَتْ: شَاةٌ خَلَّفَهَا الْجَهْدُ عَنِ الْغَنَمِ، قَالَ: أَتَأْذَنِينَ فِي حِلَابِهَا؟ قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا ضَرَبَهَا مِنْ فَحْلٍ قَطُّ، وَشَأْنَكَ بِهَا ' فَمَسَحَ ظَهْرَهَا وضَرْعَهَا، ثُمَّ دَعَا بِإِنَاءٍ يَرْبِضُ الرَّهْطَ، فَحَلَبَ فِيهِ، فَمَلَأَهُ، فَسَقَى أَصْحَابَهُ عَلَلًا بَعْدَ نَهَلٍ، ثُمَّ حَلَبَ فِيهِ أُخْرَى، فَمَلَأَهُ، فَغَادَرَهُ عِنْدَهَا، وَارْتَحَلَ، فَلَمَّا جَاءَ زَوْجُهَا عِنْدَ الْمَسَاءِ قَالَ لَهَا: يَا أُمَّ مَعْبَدٍ مَا هَذَا اللَّبَنُ ' وَلَا حَلُوبَةٌ فِي الْبَيْتِ، وَالْغَنَمُ عَازِبَةٌ؟ فَقَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ ' إِلَّا أَنَّهُ مَرَّ بِنَا رَجُلٌ ظَاهِرُ الْوَضَاءَةِ، مَلِيحُ الْوَجْهِ، فِي أَشْفَارِهِ وَطَفٌ، وَفِي عَيْنَيْهِ دَعَجٌ، وَفِي صَوْتِهِ صَحَلٌ، غُصْنٌ بَيْنَ غُصْنَيْنِ، لَا تَشْنَؤُهُ مِنْ طُولٍ، وَلَا تَقْتَحِمُهُ مِنْ قِصَرٍ، لَمْ تَعْلُوهُ ثُجْلَةٌ، وَلَمْ تَزْرِ بِهِ صَعْلَةٌ، كَأَنَّ عُنُقَهُ إِبْرِيقُ فِضَّةٍ، إِذَا نَطَقَ فَعَلَيْهِ الْبَهَاءُ ' وَإِذَا صَمَتَ فَعَلَيْهِ الْوَقَارُ، كَلَامُهُ كَخَرَزِ النَّظْمِ، أَزْيَنُ أَصْحَابِهِ مَنْظَرًا، وَأَحْسَنُهُمْ وَجْهًا، مَحْشُودٌ غَيْرُ مُفْنِدٍ، لَهُ أَصْحَابٌ يَحُفُّونَ بِهِ، إِذَا أَمَرَ تَبَادَرُوا أَمْرَهُ، وَإِذَا نَهَى انْتَهَوْا عِنْدَ نَهْيِهِ، قَالَ: هَذِهِ صِفَةُ صَاحِبِ قُرَيْشٍ، وَلَوْ رَأَيْتُهُ لَاتَّبَعْتُهُ، وَلَأَجْهَدَنَّ أَنْ أَفْعَلَ وَلَمْ يَعْلَمُوا بِمَكَّةَ أَيْنَ تَوَجَّهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى سَمِعُوا هَاتِفًا يَهْتِفُ عَلَى أَبِي قُبَيْسٍ:

قسم بخدا! بے شک بکریاں تو گھر سے گئی ہوئی ہیں، پس یہی ایک بکری ہے جو آپ گھر کے خیمے میں دیکھ رہے ہیں۔ اُم معبد کا بیان ہے: وہ ایسی بکری تھی جو اپنی کمزوری کی وجہ سے دیگر بکریوں کے ساتھ جانے سے رہ گئی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تیری اجازت ہے ہم اس کا دودھ نکال لیں؟ اس نے عرض کی: کوئی نر کبھی اس بکری کے قریب نہیں کیا، اس سے آپ کا کام کیسے ہوگا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی پیٹھ اور کھیری پر ہاتھ پھیرا، پھر برتن منگوایا جو ایک گروہ کو سیر کر دینے والا تھا، پس اس برتن میں اس بکری کا دودھ نکالا، پس اسے بھر دیا۔ پس وہ اپنے ساتھیوں کو ایک سیر کر کے پلانے کے بعد پھر پلایا، پھر دوسری بار دودھ نکالا تو اسے بھر دیا، پس آپ وہ برتن اس کے پاس رکھ کر کوچ کر گئے، پس جب شام کے وقت اس کا خاوند آیا تو اس نے اس سے کہا: اے اُم معبد! یہ دودھ کیسا ہے؟ جبکہ گھر میں کوئی دودھ دینے والا جانور ہی نہیں ہے اور بکریاں جنگل کو گئی ہوئی ہیں۔ اس نے جواب دیا: نہیں! قسم بخدا! مگر ہمارے پاس سے ایک آدمی گزرا، جس کا ظاہر روشن، چہرے پہ مدحت، ہونٹوں میں سرخی، آنکھوں میں سرمہ، آواز میں گرج، جیسے دو ٹہنیوں کے درمیان ایک لچکدار ٹہنی، قد لمبا ہونے کا عیب نہیں، قد کے چھوٹا ہونے کی کمزوری نہیں، بالوں کے لمبا ہونے کی بدصورتی نہیں اور سر کے گنجا ہونے کا عیب نہیں، ان کی گردن گویا کہ چاندی کی صراحی، جب گفتگو فرماتے ہیں تو ان کے چہرے پر رونق

(البحر الطویل)

جَزَى اللّٰـهُ خَيْـرًا ' وَالْـجَزَاءُ 'بِكَفِّـهِ ـ
رَفِيقَيْنِ قَالَا خَيْمَتَيْ أُمِّ مَعْبَدِ

هُـمَا نَزَلَا بِالْبِرِّ وَارْتَحَلَا بِهِ ...فَقَدْ فَازَ مَنْ
أَمْسَى رَفِيقَ مُحَمَّدِ

فَـمَا حَـمَلَتْ مِنْ نَاقَةٍ فَوْقَ رَحْلِهَا ...أَبَرَّ
وَأَوْفَى ذِمَّةً مِنْ مُحَمَّدِ

وأَكْسَـى لِبَـرْدِ الْـحَـالِ قَبْـلَ ابْتِذَالِـهِ ـ
وَأَعْطَى بِرَأْسِ السَّائِحِ الْمُتَجَرِّدِ

ويَهْنِ بَنِي كَعْبٍ مَكَانَ فَتَاتِهِمْ ...ومَقْعَدُهَا
لِلْمُؤْمِنِينَ بِمَرْصَدِ

آ جاتی ہے اور جب خاموشی اختیار کرتے ہیں تو سراپا وقار ہوتے ہیں' ان کا کلام گویا کہ موتی پرو دیئے گئے ہیں' اپنے دوستوں میں سے خوبصورت منظر والے اور ان میں سے زیادہ حسین چہرے والے' قابلِ احترام ہیں' کمزور لگتے نہیں' ان کے صحابہ ان کو گھیرے میں لے لیتے ہیں' جب حکم صادر فرماتے ہیں تو وہ بجالانے میں جلدی کرتے ہیں اور جب کسی کام سے منع کرتے ہیں تو فوراً رُک جاتے ہیں۔ اس نے کہا: یہ تو قریشیوں کے ساتھی کی صفات ہیں' اگر میں ان کو دیکھ پاؤں تو پیروی کروں اور میں یہ کام کرنے کی پوری کوشش کروں گا' مکہ والوں کو ابھی معلوم نہیں ہوا کہ رسول کریم ﷺ کہاں تشریف لے گئے ہیں' حتیٰ کہ وہ سنیں! ان دو دوستوں کو غائبانہ آواز دینے والے کو جو ابوقبیس کے پہاڑ پر آواز لگائے:

''اللہ اچھی جزاء دے! (جبکہ جزاء اس کی مٹھی میں ہے) جنہوں نے اُم معبد کے خیموں میں قیلولہ کیا'

وہ دونوں نیکی کے ساتھ اترے اور نیکی کے ساتھ ہی وہاں سے کوچ فرمایا' پس تحقیق وہ کامیابی کی منازل طے کر گیا جو محمد ﷺ کا ساتھی بن گیا'

کسی اونٹنی نے اپنے کجاوے پر کسی کو نہیں اُٹھایا جو محمد ﷺ سے زیادہ نیک ہو اور اپنی ذمہ داری کو زیادہ پورا کرنے والا ہو'

چادر کے پرانا ہونے سے پہلے اس کو فوراً پہنانے والا ہو' اکیلے چلنے والے یا سیر کرنے والے کے سر کے

ساتھ زیادہ عطا کرنے والا ہو
کعب قبیلے کی دوشیزاؤں کی بجائے ان کے بیٹوں کو مبارک ہو ان کے بیٹھنے کا مؤمنین کیلئے انتظار کیا جاتا ہے"۔

سَلِيطُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ وَقْشٍ الْأَنْصَارِيُّ

اسْتُشْهِدَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ

6391 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّبْتِ سَلِيطُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ وَقْشٍ

حضرت سلیط بن ثابت بن وقش انصاری رضی اللہ عنہ

آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اُحد کے دن شہید ہوئے تھے۔

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ انصار میں سے جو شہید ہوئے تھے اُن کے ناموں میں سے ایک نام سلیط بن ثابت بن وقش کا بھی ہے۔

مَنِ اسْمُهُ سَبْرَةُ

سَبْرَةُ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ عَوْسَجَةَ الْجُهَنِيُّ

وَقَدِ اخْتُلِفَ فِي نَسَبِهِ

6392 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ نَصْرٍ أَبُو جَعْفَرٍ التِّرْمِذِيُّ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ مَعْبَدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ بْنِ مَعْبَدِ بْنِ عَمْرِو

جن کا نام سبرہ ہے

حضرت سبرہ بن معبد بن عوسجہ جہنی رضی اللہ عنہ

آپ کے نسب میں اختلاف کیا گیا ہے۔

محمد بن احمد بن نصر ابوجعفر ترمذی فرماتے ہیں کہ ہمیں حارث بن معبد نے حدیث بیان کی اُنہوں نے حضرت عبدالعزیز بن ربیع بن سبرہ بن معبد بن عمرو بن

بْنِ صُحَارَةَ بْنِ جُرَيْجِ بْنِ ذُهْلِ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُهَيْنَةَ بْنِ قُضَاعَةَ

صحارہ بن جریج بن ذھل بن زید بن جہینہ بن قضاء سے۔

الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ عَنْ أَبِيهِ

6393 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ، أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُمْ خَرَجُوا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ حَتَّى نَزَلُوا عُسْفَانَ مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ، وَقَامَ إِلَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي مُدْلِجٍ يُقَالُ لَهُ: سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اقْضِ لَنَا قَضَاءَ قَوْمٍ كَأَنَّمَا وُلِدُوا الْيَوْمَ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ أَدْخَلَ عَلَيْكُمْ فِي حَجَّتِكُمْ هَذِهِ عُمْرَةً، فَإِذَا أَنْتُمْ قَدِمْتُمْ، فَمَنْ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَقَدْ أَحَلَّ، إِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ، فَلَمَّا أَحْلَلْنَا، قَالَ: اسْتَمْتِعُوا مِنْ هَذِهِ النِّسَاءِ، وَالِاسْتِمْتَاعُ عِنْدَنَا التَّزْوِيجُ، فَعَرَضْنَا ذَلِكَ عَلَى النِّسَاءِ، فَأَبَيْنَ إِلَّا أَنْ يَضْرِبْنَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُنَّ أَجَلًا، فَذُكِرَ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: افْعَلُوا فَخَرَجْتُ أَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِي، وَمَعِي بُرْدٌ، وَمَعَهُ بُرْدٌ، وَبُرْدُهُ أَجْوَدُ مِنْ بُرْدِي، وَأَنَا أَشَبُّ مِنْهُ، فَأَتَيْنَا امْرَأَةً، فَأَعْجَبَهَا بُرْدُهُ، وَأَعْجَبَهَا سِمَاتِي، ثُمَّ صَارَ شَأْنُهَا أَنْ قَالَتْ:

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

حضرت ربیع بن سبرہ جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد نے بتایا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حجۃ الوداع میں نکلے جب مقامِ عسفان میں حج کا تلبیہ پڑھتے ہوئے اُترے تو بنی مدلج کا ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے ہاں کھڑا ہوا جس کا نام سراقہ بن جعشم تھا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! قوم کے لیے ایسا فیصلہ کریں گویا کہ آج ہی پیدا ہوئے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تمہارے اس حج کو عمرہ میں شامل کیا ہے پس جب تم آئے ہو تو جس نے طوافِ کعبہ کیا اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کی (اس کا عمرہ ہو گیا) وہ احرام کھول دے ہاں! اگر ساتھ قربانی ہو جب ہم نے یہ احرام کھول لیے تو آپ نے فرمایا: تم اپنی عورتوں سے فائدہ اُٹھاؤ۔ فائدہ اُٹھانے سے مراد شادی کرنا ہے۔ ہم نے یہ بات عورتوں کے سامنے ذکر کی انہوں نے انکار کیا کہ ہمارے اور ان کے درمیان مدت ہے اس کا ذکر حضور ﷺ کے ہاں کیا گیا آپ نے فرمایا: ایسا کرو میں اور میرا چچازاد نکلے میرے پاس چادر تھی اور ان کے پاس بھی چادر تھی لیکن ان کی چادر میری چادر سے عمدہ تھی اور میں ان سے زیادہ جوان تھا

هَاتِ بُرْدَكَ، وَكَانَ الْأَجَلُ بَيْنِي وَبَيْنَهَا عَشْرًا، فَبِتُّ عِنْدَهَا، ثُمَّ أَصْبَحْتُ، فَخَرَجْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْبَابِ، وَهُوَ يَقُولُ: أَيُّهَا النَّاسُ، كُنْتُ أَذِنْتُ لَكُمْ فِي الِاسْتِمْتَاعِ مِنْ هَذِهِ النِّسَاءِ، أَلَا وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ حَرَّمَ ذَلِكَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ مِنْهُنَّ شَيْءٌ فَلْيُخَلِّ سَبِيلَهَا، وَلَا تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا

پس ہم ایک عورت کے پاس آئے' پس اس نے ان کی چادر کو پسند کیا اور میری جوانی کو پھر اس کا معاملہ اس طرح ہوا کہ اس نے کہا: تم اپنی چادر لو اور مدت اس کے میرے درمیان دس دن تھی۔ پس میں نے اس کے پاس رات گزاری پھر میں نے صبح کی اور مسجد کی طرف نکلا' اچانک رسول کریم ﷺ ستون اور دروازے کے سامنے کھڑے تھے' آپ ﷺ فرما رہے تھے: اے لوگو! میں نے ان عورتوں سے استمتاع کی' تم کو اجازت دی تھی' خبردار! بے شک اللہ تعالیٰ نے اس کو (اب) قیامت تک حرام کر دیا ہے' پس وہ آدمی جس کے پاس کوئی عورت ہو وہ اس کا راستہ چھوڑ دے اور جو مال و متاع اسے دے چکا ہے' اس میں سے کوئی شی اس سے واپس نہ لے۔

6394 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ رَبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِينَةِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، حَتَّى إِذَا كُنَّا بِعُسْفَانَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْعُمْرَةَ قَدْ دَخَلَتْ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَقَالَ لَهُ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عَلِّمْنَا تَعْلِيمَ قَوْمٍ كَأَنَّمَا وُلِدُوا الْيَوْمَ، عُمْرَتُنَا هَذِهِ لِعَامِنَا هَذَا، أَمْ لِأَبَدٍ؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِأَبَدٍ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ طُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ أَمَرَنَا بِمُتْعَةِ

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مدینہ سے حجۃ الوداع کے لیے نکلے' جب ہم مقامِ عسفان پر پہنچے تو حضور ﷺ نے فرمایا: عمرہ حج کے ساتھ شامل کیا گیا قیامت کے دن تک۔ سراقہ بن مالک نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمیں تعلیم دیں ایسے کہ گویا ہم آج ہی پیدا ہوئے ہیں' عمرہ یہ ہمارے اس سال کے لیے ہے یا ہمیشہ کے لیے ہے؟ آپ نے فرمایا: صرف اس وقت کے لیے نہیں ہے بلکہ ہمیشہ کے لیے ہے۔ جب ہم مسکرائے تو ہم نے طواف کعبہ کیا اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کی' پھر ہمیں عورتوں سے

النِّسَاءِ، فَرَجَعْنَا إِلَيْهِ، فَقُلْنَا: إِنَّهُنَّ قَدْ أَبَيْنَ إِلَّا إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى، قَالَ: فَافْعَلُوا، فَخَرَجْتُ أَنَا وَصَاحِبٌ لِي، عَلَيَّ بُرْدٌ، وَعَلَيْهِ بُرْدٌ، فَدَخَلْنَا عَلَى امْرَأَةٍ، فَعَرَضْنَا عَلَيْهَا أَنْفُسَنَا، فَجَعَلَتْ تَنْظُرُ إِلَى بُرْدِ صَاحِبِي، فَتَرَاهُ أَجْوَدَ مِنْ بُرْدِي، وَتَنْظُرُ إِلَيَّ فَتَرَانِي أَشَبَّ مِنْهُ، فَقَالَتْ: بُرْدٌ مَكَانَ بُرْدٍ، وَاخْتَارَتْنِي، فَتَزَوَّجْتُهَا بِبُرْدِي، فَبِتُّ مَعَهَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ غَدَوْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: مَنْ كَانَ تَزَوَّجَ امْرَأَةً إِلَى أَجَلٍ فَلْيُعْطِهَا مَا سَمَّى لَهَا، وَلَا يَسْتَرْجِعْ مِمَّا أَعْطَاهَا شَيْئًا، وَيُفَارِقُهَا، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ حَرَّمَهَا عَلَيْكُمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

شادی کی اجازت دی گئی' ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے تو ہم نے عرض کی: اُنہوں نے انکار کر دیا ہے' مگر ایک مدت تک' تو آپ نے فرمایا: ایسا کرلو۔ میں اور میرا ساتھی نکلے' میرے اوپر چادر تھی اور اُس کے اوپر بھی چادر تھی' ہم ایک عورت کے پاس آئے' ہم نے اس پر اپنے آپ کو پیش کیا' یعنی نکاح کی خواہش کی۔ وہ عورت میرے ساتھی کی چادر دیکھنے لگی' اس کی چادر میری چادر سے اچھی دیکھی' پھر اُس نے میری طرف دیکھا' میں نے اپنی چادر کے بدلے نکاح کیا یعنی چادر حق مہر رکھی' میں نے اس کے پاس رات گزاری جب میں نے صبح کی تو میں مسجد کی طرف گیا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر خطبہ دے رہے تھے' میں نے فرماتے ہوئے سنا: جس نے عورت سے شادی ایک مقرر مدت تک جو اس کے لیے حق مہر مقرر کیا وہ اس کو دے دے' جو اس کو دیا اس سے کچھ شی واپس نہ لو اور جدائی کرو' کیونکہ اللہ عزوجل نے قیامت کے دن تک حرام کر دیا ہے۔

حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے' وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

6395 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، أنا أَبُو عُبَيْدٍ، ثنا بِشْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر متعہ سے منع کیا۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ حَدِيثِ مَعْمَرٍ

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے' وہ حضورﷺ سے مسلمہ کی حدیث کی مثل روایت کرتے ہیں۔

6396 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي الْمُتْعَةِ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ثَلَاثٍ انْتَهَيْتُ إِلَيْهِ وَهُوَ يُحَرِّمُهَا، وَيَنْهَى عَنْهَا أَشَدَّ النَّهْيِ

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے متعہ کی رخصت دی تھی تیسرے دن کے بعد' میں آپ کے پاس پہنچا تو آپ نے فرمایا: اس کو حرام کر دیا گیا' آپ نے سختی سے منع کیا ہے۔

6397 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ رَخَّصَ لَنَا فِي نِكَاحِ الْمُتْعَةِ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ أَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِي، فَأَتَيْنَا فَتَاةً شَابَّةً وَمَعِي بُرْدَةٌ وَمَعَ ابْنِ عَمِّي بُرْدَةٌ، وَبُرْدَةُ ابْنِ عَمِّي خَيْرٌ مِنْ بُرْدَتِي، وَأَنَا أَشَبُّ مِنِ ابْنِ عَمِّي، فَجَعَلَتْ تَنْظُرُ فِيَّ، قَالَتْ: بُرْدَةٌ كَبُرْدَةٍ، فَاخْتَارَتْنِي ' فَأَعْطَيْتُهَا بُرْدَتِي، ثُمَّ مَكَثْتُ مَعَهَا مَا شَاءَ اللَّهُ، ثُمَّ أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے نکاح متعہ کی اجازت دی' جب ہم مکہ آئے تو میں اور میرا چچازاد ایک نوجوان عورت کے پاس آئے' میرے اور میرے چچازاد کے پاس چادر تھی' میرے چچازاد کی چادر میری چادر سے اچھی تھی' میں اپنے چچازاد سے زیادہ بہتر نوجوان تھا' وہ عورت مجھے دیکھنے لگی' اس نے کہا: اس کی چادر اس کی چادر کی طرح ہے۔ اس نے مجھے پسند کیا' میں نے اس کو اپنی چادر دے دی' پھر میں اس کے ساتھ ٹھہرا جتنا اللہ نے چاہا' پھر میں حضورﷺ کے پاس آیا' میں نے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدْتُهُ قَائِمًا بَيْنَ الْبَابِ وزَمْزَمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّا قَدْ كُنَّا أَذِنَّا لَكُمْ فِي هَذِهِ الْمُتْعَةِ، فَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ مِنْ هَذِهِ النِّسْوَانِ شَيْءٌ فَلْيُرْسِلْهُ، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ حَرَّمَهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَلَا تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا

آپ کو دروازے اور زمزم کے پاس کھڑا پایا' حضورﷺ نے فرمایا: ہم نے تمہیں متعہ کی اجازت دی تھی جس کے پاس کوئی عورت ہو نکاحِ متعہ میں وہ اس کو چھوڑ دے کیونکہ اللہ عزوجل نے قیامت کے دن تک اس کو حرام دیا ہے' جو تم نے ان کو کوئی شی دی ہے وہ ان سے نہ لو۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ أَبِي نُعَيْمٍ بِطُولِهِ

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہﷺ کے ساتھ حجۃ الوداع کے موقع پر نکلے' اس کے بعد ابونعیم والی لمبی حدیث ذکر کی۔

6398 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ الْجُهَنِيُّ، عَنْ أَبِيهِ سَبْرَةَ، أَنَّهُ قَالَ: أَذِنَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُتْعَةِ، فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَرَجُلٌ إِلَى امْرَأَةٍ مِنْ بَنِي عَامِرٍ، كَأَنَّهَا بَكْرَةٌ عَيْطَاءُ، فَعَرَضْنَا عَلَيْهَا أَنْفُسَنَا، فَقَالَتْ: مَا تُعْطِينَا؟ فَقُلْتُ: رِدَائِي، وَقَالَ صَاحِبِي: رِدَائِي، وَكَانَ رِدَاءُ صَاحِبِي أَجْوَدَ مِنْ رِدَائِي، وَكُنْتُ أَشَبَّ مِنْهُ، فَإِذَا نَظَرَتْ إِلَى رِدَاءِ صَاحِبِي أَعْجَبَهَا، وَإِذَا نَظَرَتْ إِلَيَّ أَعْجَبْتُهَا، ثُمَّ قَالَتْ: أَنْتَ وَرِدَاؤُكَ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ہمیں متعہ کی اجازت دی' میں اور بنی عامر کا ایک آدمی ایک کنواری لڑکی کی طرف چلے' ہم نے اپنا آپ اس پر پیش کیا' اس نے کہا: تم مجھے کیا دو گے؟ میں نے کہا: میں اپنی چادر دوں گا' میرے ساتھی نے کہا: میری چادر! حالانکہ میری چادر سے میرے ساتھی کی چادر بہتر تھی' میں اس سے زیادہ نوجوان تھا' جب اس نے میرے ساتھی کی چادر کی طرف دیکھا تو اسے پسند آئی' جب اس نے میری طرف دیکھا تو میں اس کو پسند آیا' پھر اس نے کہا: تُو اور تیری چادر مجھے کافی ہے۔ میں اس کے پاس تین دن ٹھہرا' پھر رسول اللہﷺ نے فرمایا: جس کے پاس متعہ کے لحاظ سے

يَكْفِينِي، فَمَكَثْتُ مَعَهَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، ثُمَّ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَ عِنْدَهُ شَيْءٌ مِنْ هَذِهِ النِّسَاءِ اللَّاتِي يَتَمَتَّعُ بِهِنَّ فَلْيُخَلِّ سَبِيلَهَا، وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ يَحْيَى بْنِ بُكَيْرٍ

عورتیں ہوں جن سے اس طرح فائدہ اُٹھا رہا ہے تو وہ ان کو چھوڑ دے۔ یہ الفاظ حدیث کے یحییٰ بن بکیر کے ہیں۔

6399 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا الْمُعْتَمِرُ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَارَةَ بْنَ غَزِيَّةَ، يُحَدِّثُ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ، وَأَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَذِنَ لَهُمْ فِي مُتْعَةِ النِّسَاءِ، فَخَرَجْتُ أَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِي، وَمَعِي بُرْدٌ قَدْ مُسَّ مِنْهُ، وَمَعَ ابْنِ عَمِّي بُرْدٌ جَدِيدٌ غَضٌّ، وَأَنَا جَمِيلٌ فَاضِلُ الْجَمَالِ عَنِ ابْنِ عَمِّي، وَابْنُ عَمِّي دُونِي فِي الْجَمَالِ، فَخَرَجْنَا حَتَّى إِذَا كُنَّا بِأَعْلَى مَكَّةَ أَوْ بِأَسْفَلِهَا لَقِيَتْنَا فَتَاةٌ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ مِثْلُ الْبَكْرَةِ، فَقُلْنَا: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَمَرَنَا، أَوْ قَدْ أَذِنَ لَنَا أَنْ نَسْتَمْتِعَ مِنَ النِّسَاءِ، فَهَلْ لَكِ فِي أَحَدِنَا؟ قَالَتْ: أَوَفَعَلَ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَتْ: نَعَمْ، فَنَشَرْنَا بُرْدَيْنَا، فَجَعَلَتْ تَنْظُرُ إِلَى الْبُرْدَيْنِ، ثُمَّ تَنْظُرُ إِلَيَّ وَإِلَى ابْنِ عَمِّي، فَإِذَا رَآهَا ابْنُ عَمِّي تَنْظُرُ إِلَيَّ عِطْفَهَا، قَالَ: إِنَّ بُرْدِي هَذَا جَدِيدٌ غَضٌّ وَبُرْدَ ابْنِ عَمِّي خَلِقٌ قَدْ مُسَّ مِنْهُ، وَتَقُولُ الْفَتَاةُ: وَبُرْدُ هَذَا لَا بَأْسَ بِهِ، فَكَرَّرَ ذَلِكَ الْقَوْلَ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ اخْتَارَتْنِي، ثُمَّ لَمْ نَخْرُجْ مِنْ مَكَّةَ حَتَّى حَرَّمَهَا

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ فتح مکہ کے دن مکہ آئے حضور ﷺ نے دن کو عورتوں سے متعہ کی اجازت دی میں اور میرا چچازاد نکلے میرے پاس پرانی چادر تھی اور میرے چچازاد کے پاس عمدہ چادر تھی میں اپنے چچازاد سے خوبصورت نوجوان تھا اور میرا چچازاد مجھ سے کم حسن و جمال والا تھا۔ ہم دونوں مکہ کی اونچی جگہ سے نیچے والی جگہ کی طرف نکلے ہمیں بنی عامر بن صعصعہ کی ایک کنواری لڑکی ملی پس ہم نے کہا: بے شک رسول کریم ﷺ نے ہمیں حکم دیا یا ہمیں اجازت دی کہ ہم عورتوں سے جز وقتی فائدہ حاصل کریں۔ پس ہم میں سے کوئی ایک تجھے پسند ہے؟ اس نے کہا: کیا واقعی انہوں نے ایسا کیا ہے؟ ہم نے کہا: جی ہاں! اس نے ہمیں اپنی اپنی چادریں پھیلانے کو کہا ہم نے چادریں پھیلائیں تو وہ ہماری چادریں دیکھنے لگی پھر وہ میری طرف اور میرے چچازاد بھائی کی طرف دیکھنے لگی پس جب میرے چچازاد بھائی نے اسے دیکھا کہ وہ میری طرف دیکھ رہی ہے تو وہ اس کی طرف مائل ہوا کہنے لگا: بے شک میری یہ چادر نئی ہے اور میرے چچا کے بیٹے کی چادر کے پرانا ہونے کی پرواہ نہیں ہے پس اس نے یہ

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بات ایک یا دو بار کہی' پھر اس نے مجھے ہی پسند کیا' پھر ابھی ہم مکہ سے نہیں نکلے تھے کہ رسول کریم ﷺ نے اسے حرام فرما دیا۔

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے' وہ حضور ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

6400 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَا: ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَذِنَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمُتْعَةِ عَامَ الْفَتْحِ، فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَرَجُلٌ آخَرُ إِلَى امْرَأَةٍ شَابَّةٍ كَأَنَّهَا بَكْرَةٌ عَيْطَاءُ لِنَسْتَمْتِعَ مِنْهَا، فَجَلَسْنَا بَيْنَ يَدَيْهَا، وَعَلَيَّ بُرْدٌ وَعَلَيْهِ بُرْدٌ، فَكَلَّمْنَاهَا وَمَهَرْنَاهَا بُرْدَيْنَا، وَكُنْتُ أَشَبَّ مِنْهُ، وَكَانَ بُرْدُهُ أَجْوَدَ مِنْ بُرْدِي، فَجَعَلَتْ تَنْظُرُ إِلَيَّ مَرَّةً، وَإِلَى بُرْدِهِ مَرَّةً، ثُمَّ قَبِلَتْنِي، فَنَكَحْتُهَا، فَأَقَمْتُ مَعَهَا ثَلَاثًا، ثُمَّ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْهَا، فَفَارَقْتُهَا أَوْ نَحْوَ هَذَا

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں فتح کے سال متعہ کی اجازت دی' میں اور ایک نوجوان آدمی ایک نوجوان عورت کے پاس گئے جو کنواری تھی' ہم نے اس سے فائدہ اُٹھانا چاہا' ہم اس کے سامنے بیٹھے میرے اوپر چادر اور دوسرے آدمی پر بھی چادر تھی' دونوں نے گفتگو کی' ہمارا مہر ہماری چادر تھی' میں اس سے زیادہ نوجوان تھا' اس کی چادر میری چادر سے اچھی تھی' اُس عورت نے ایک دفعہ میری طرف دیکھا' ایک دفعہ اُس کی چادر کی طرف اور مجھے قبول کر لیا' میں نے اس سے نکاح کیا' میں اس کے پاس تین دن ٹھہرا' پھر حضور ﷺ نے اس سے منع کیا' میں نے اس سے جدائی کر لی' یا اس جیسی حدیث ہے۔

6401 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلَ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَعْيَنَ، ثنا مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے متعہ سے منع کیا' فرمایا: ہم آج کے دن سے قیامت کے دن حرام کرنے والے ہیں' جس نے

أَبِي عَبْلَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، أَخْبَرَنِي الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُتْعَةِ قَالَ: إِنَّهَا حَرَامٌ مِنْ يَوْمِنَا هَذَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ أَعْطَى شَيْئًا فَلَا يَأْخُذْهُ

کوئی شی دی ہو وہ واپس نہ لے۔

6402 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَعْيَنَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي عَبْلَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُتْعَةِ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے متعہ سے منع کیا۔

6403 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُتْعَةِ يَوْمَ الْفَتْحِ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن حضورﷺ نے متعہ سے منع کیا۔

6404 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ مُتْعَةَ النِّسَاءِ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے عورتوں کے متعہ سے منع کیا۔

6405 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مَعْمَرٍ،

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن حضورﷺ نے عورتوں کے متعہ سے منع کیا۔

عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى يَوْمَ الْفَتْحِ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ

6406 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے نکاحِ متعہ سے منع کیا۔

6407 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَزِيزٍ الْأَيْلِيُّ، ثنا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِي الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ الْجُهَنِيُّ، أَنَّ أَبَاهُ، أَخْبَرَهُ قَالَ: اسْتَمْتَعْتُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِامْرَأَةٍ مِنْ بَنِي عَامِرٍ بِبُرْدَيْنِ أَحْمَرَيْنِ، ثُمَّ نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے بنی عامر کی ایک عورت سے رسول اللہﷺ کے زمانہ میں دو سرخ چادروں کے حق مہر پر متعہ کیا' پھر ہمیں رسول اللہﷺ نے عورتوں سے متعہ کرنے سے منع کیا۔

6408 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْهَا فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر متعہ سے منع کیا۔

6409 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ بَحْرٍ السَّقَّاءِ، عَنِ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر متعہ سے منع کیا۔

الزُّهْرِيِّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ

6410 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ فَتْحِ مَكَّةَ، ودَخَلَهَا النَّاسُ ' إِذَا رَجُلٌ مِنْ قَيْسٍ قَدْ وَاطَأَ امْرَأَةً، فَأَعْطَاهَا ثَوْبَيْنِ، وَكُنْتُ أَصْبَحَ وَجْهًا مِنْهُ، وَكَانَ مَعِي ثَوْبٌ، فَقُلْتُ لَهَا: أُعْطِيكِ هَذَا الثَّوْبَ، فَأَسْتَمْتِعُ بِكِ، فَتَرَكَتِ الْقَيْسِيَّ، وَقَالَتْ: نَعَمْ، فَوَاعَدْتُهَا أَنْ أَرْجِعَ إِلَيْهَا، فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ يُحَرِّمُهَا فَرَجَعْتُ، فَأَخَذْتُ ثَوْبِي مِنْهَا

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب فتح مکہ کا دن تھا تو لوگ مکہ میں داخل ہوئے قبیلہ قیس کے ایک آدمی نے ایک عورت سے وطی کی اس کو دو کپڑے حق مہر کے طور پر دیئے میں نے صبح کی تو میرے پاس کپڑا تھا میں نے کہا: میں تجھے یہ کپڑا دوں گا میں تجھ سے فائدہ اُٹھاؤں گا اس نے کہا: ٹھیک ہے میں نے دوبارہ آنے کا وعدہ کیا میں مسجد میں داخل ہوا تو رسول اللہ ﷺ نے اس کو حرام کر دیا میں واپس آیا اور اس سے اپنا کپڑا لیا۔

6411 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَقُولُ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ زَمَنَ الْفَتْحِ، فَقُلْتُ: مَنْ حَدَّثَكَ؟ قَالَ: حَدَّثَنِي رَجُلٌ، عَنْ أَبِيهِ

حضرت زہری فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے عورتوں سے متعہ کرنے کو فتح کے سال حرام کر دیا میں نے کہا: آپ کو کس نے بیان کیا؟ اس نے کہا: مجھے ایک آدمی نے حدیث بیان کی اس نے اپنے والد سے روایت کی۔

6412 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ يُونُسَ،

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فتح مکہ کے دن عورتوں کے ساتھ متعہ کرنے سے منع کیا۔

عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ سَبْرَةَ قَالَ: نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ

6413 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالِاسْتِمْتَاعِ فِي فَتْحِ مَكَّةَ، فَاسْتَمْتَعْنَا مِنَ النِّسَاءِ، ثُمَّ نَهَانَا عَنْهُ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ہمیں فتح مکہ کے دن عورتوں سے فائدہ اُٹھانے کی اجازت دی' ہم نے عورتوں سے فائدہ اُٹھایا' پھر ہم نے اس سے منع کر دیا۔

6414 - حَدَّثَنَا أَبُو حَنِيفَةَ مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَمِّي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَاهَانَ بْنِ أَبِي حَنِيفَةَ، ثنا أَبِي، ثنا سَلَمَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے عورتوں سے متعہ کرنے سے منع کیا۔

6415 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَسْتَتِرْ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ وَلَوْ بِسَهْمٍ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر کوئی نماز کے دوران سترہ رکھ لے' اگرچہ تیر کے بدلے ہی ہو۔

6416 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ عَبْدِ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر کوئی نماز کے

الْعَزِيزِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، حَدَّثَنِي عَمِّي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ سَبْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِيَسْتَتِرْ أَحَدُكُمْ فِي صَلَاتِهِ وَلَوْ بِسَهْمٍ

دوران سترہ رکھ لے اگرچہ تیر کے بدلے ہی ہو۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا سَبْرَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

ربیع بن سبرہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے وہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ

ربیع بن سبرہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے وہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

6417 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعُكْبَرِيُّ، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، حَدَّثَنِي عَمِّي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلُّوا فِي مَرَاحَاتِ الْغَنَمِ، وَلَا تُصَلُّوا فِي مَرَاحَاتِ الْإِبِلِ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھ لو اور اونٹوں کے باندھنے کی جگہ نماز نہ پڑھو۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا سَبْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ الْجُهَنِيُّ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے وہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے وہ ان کے

شَيْبَةَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

دادا سے وہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

6418 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعَامِرِيُّ، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَا: ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنِي عَمِّي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلِّمُوا الصَّبِيَّ الصَّلَاةَ ابْنَ سَبْعِ سِنِينَ، وَاضْرِبُوهُ عَلَيْهَا ابْنَ عَشْرٍ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بچہ جب سات سال کا ہو جائے تو اس کو نماز پڑھنے کا حکم دو اور دس سال کا ہو جائے تو ان کو مارو۔

6419 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُؤْمَرُ الصَّبِيُّ بِالصَّلَاةِ إِذَا بَلَغَ سَبْعَ سِنِينَ، فَإِذَا بَلَغَ عَشْرًا، فَاضْرِبُوهُ عَلَيْهَا

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بچہ جب سات سال کا ہو جائے تو اس کو نماز پڑھنے کا حکم دو اور دس سال کا ہو جائے تو نماز نہ پڑھنے پر اس کو مارو۔

6420 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا بَلَغَ الْغُلَامُ سَبْعَ سِنِينَ، فَمُرُوهُ بِالصَّلَاةِ، فَإِذَا بَلَغَ عَشْرًا فَاضْرِبُوهُ عَلَيْهَا

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بچہ جب سات سال کا ہو جائے تو اس کو نماز پڑھنے کا حکم دو اور دس سال کا ہو جائے تو نماز نہ پڑھنے پر اس کو مارو۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا سَبْرَةُ بْنُ عَبْدِ

حضرت ربیع اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے وہ حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

الْعَزِيزِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

مَنِ اسْمُهُ سَبْرَةُ

جن کا نام سبرہ ہے

6421 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، قَالَ: لَمَّا أَنْ نَزَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحِجْرَ قَالَ: لَا تَشْرَبُوا مِنْ مَائِهِمْ شَيْئًا فَمِنْهُمْ مِنْ عَجَنَ الْعَجِينَ، وحَاسَ الْحَيْسَ، فَأَلْقَوْهُ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جب وادیٔ حجر میں اُترے تو آپ نے فرمایا: ان کے پانیوں سے پانی کا گھونٹ بھی نہ پیو؛ جس نے اس پانی سے آٹا گوندھا یا حیس (کھجور اور پنیر ملا کر بنایا ہوا کھانا) بنایا' وہ اس کو پھینک دے۔

6422 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا سَبْرَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ ' أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَصْحَابِهِ حِينَ نَزَلَ الْحِجْرَ: مَنِ اعْتَجَنَ مِنْ هَذِهِ -يَعْنِي بِئْرَهُمْ - شَيْئًا فَلْيُلْقِهِ فَأَلْقَى ذُو الْعَجِينِ عَجِينَهُ ' وَصَاحِبُ الْحَيْسِ حَيْسَهُ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جب وادیٔ حجر میں اُترے تو آپ نے فرمایا: جس نے اس کے کنویں کے پانی سے آٹا گوندھا یا پس وہ ڈال دے تو آنے والے نے اپنا آٹا اور حیس کھانے والے نے اپنا حیس پھینک دیا۔

حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِأَصْحَابِهِ حِينَ رَاحَ مِنَ الْحِجْرِ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریمﷺ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: جب وادیٔ حجر میں اترے تو اس کے بعد اس جیسی حدیث ذکر کی۔

6423 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُصَلُّوا فِي أَعْطَانِ الْإِبِلِ، وَصَلُّوا فِي مُرَاحِ الشَّاءِ

حضورﷺ نے فرمایا: اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ نماز نہ پڑھا کرو اور بکریوں کے باندھنے کی جگہ نماز پڑھنے کی اجازت ہے۔

6424 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُصَيْرٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: حَضَرْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا يَقُولُ: مَنْ كَانَ هٰهُنَا مِنْ مَعَدٍّ فَلْيَقُمْ، فَقَامَ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ الْجُهَنِيُّ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْلِسْ، حَتَّى فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُضَاعَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ حِمْيَرٍ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک دن رسول اللہﷺ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: جس کا تعلق بنومعد قبیلہ سے ہے' وہ اُٹھ جائے۔ حضرت عمرو بن مرہ جہنی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' حضورﷺ نے فرمایا: بیٹھ جاؤ! ایسا آپ نے تین مرتبہ کہا' پھر حضورﷺ نے فرمایا: قضاعہ بن مالک بن حمیر۔

6425 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا سَبْرَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رَفَعَهُ قَالَ: نَشَأَتْ سَحَابَةٌ، فَقَالَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّا كُنَّا نَرْجُو أَنْ تُمْطِرَنَا هٰذِهِ السَّحَابَةُ، فَقَالَ: هٰذِهِ سَحَابَةٌ أُمِرَتْ أَنْ تُمْطِرَ -يَعْنِي الْوَادِيَ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بادل آئے تو حضورﷺ کے اصحاب نے کہا: ہم اُمید کرتے ہیں کہ یہ بادل ان پر برسیں گے' فرمایا: یہ بادل حکم دیئے گئے ہیں کہ اس وادی میں برسیں۔

6426 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا سَبْرَةُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، أَنَّ أَبَاهُ، حَدَّثَهُ، عَنْ

حضرت سبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے اصحاب نے بادل دیکھے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم اُمید کرتے ہیں کہ یہ بادل ہم

أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: رَأَى أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَحَابَةً، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كُنَّا نَرْجُو أَنْ تُمْطِرَنَا هَذِهِ السَّحَابَةُ، فَقَالَ: أُمِرَتْ أَنْ تُمْطِرَ بَلِيلَ ' يَعْنِي: وَادِيًا يُقَالُ لَهُ بَلِيلُ

پر برسیں گے' آپ نے ان سے فرمایا: اس وادی جس کا نام بلیل ہے' میں برسنے کا ان کو حکم دیا گیا ہے۔

سَبْرَةُ بْنُ فَاتِكٍ الْأَسَدِيُّ أَخُو خُرَيْمٍ

حضرت سبرہ بن فاتک اسدی رضی اللہ عنہ' حضرت خریم کے بھائی

6427 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، ثنا الزُّبَيْدِيُّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ سَبْرَةَ بْنِ فَاتِكٍ الْأَسَدِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمِيزَانُ بِيَدِ اللّٰهِ، يَرْفَعُ أَقْوَامًا وَيَضَعُ قَوْمًا، وَقَلْبُ ابْنِ آدَمَ بَيْنَ إِصْبَعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ الرَّحْمَنِ، إِنْ شَاءَ أَزَاغَهُ، وَإِنْ شَاءَ أَقَامَهُ

حضرت سبرہ بن فاتک اسدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میزان اللہ کے دستِ قدرت میں ہے' کچھ لوگوں کو اس کے ذریعے بلندی دیتا ہے اور کچھ کو گرا دیتا ہے' انسان کا دل رحمن کی دو انگلیوں کے درمیان ہے' اگر چاہے تو بدل دے' اگر چاہے تو اس جگہ پر رکھے۔

سَبْرَةُ بْنُ أَبِي فَاكِهٍ

حضرت سبرہ بن ابوفاکہ رضی اللہ عنہ

6428 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَاجِيَةَ، قَالَا: ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ مُوسَى الثَّقَفِيِّ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ سَبْرَةَ بْنِ أَبِي فَاكِهٍ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الشَّيْطَانَ قَعَدَ لِابْنِ آدَمَ بِأَطْرُقِهِ كُلِّهَا،

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں حضرت ابوالفاکہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ شیطان انسان کے تمام اطراف میں بیٹھتا ہے' اسلام کے راستے پر بیٹھتا ہے' اس کو کہتا ہے: تُو اسلام لائے گا اور اپنے اور اپنے باپ کے دین کو چھوڑ دے گا' پھر ہجرت کے راستے پر بیٹھتا ہے اور کہتا ہے: تُو ہجرت کرے گا اور اپنی جائے پیدائش کو

فَقَعَدَ لَهُ بِطَرِيقِ الْإِسْلَامِ، فَقَالَ: تُسْلِمُ وَتَدَعُ دِينَكَ وَدِينَ آبَائِكَ؟ ثُمَّ قَعَدَ لَهُ بِطَرِيقِ الْهِجْرَةِ، فَقَالَ: تُهَاجِرُ وَتَدَعُ مَوْلِدَكَ، فَتَكُونُ كَالْفَرَسِ فِي طِوَلِهِ؟ ثُمَّ قَعَدَ لَهُ بِطَرِيقِ الْجِهَادِ، فَقَالَ: تُجَاهِدُ؟ فَتُقْتَلُ، فَتُزَوَّجُ امْرَأَتُكَ، وَيُقَسَّمُ مَالُكَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَنْ فَعَلَ ذَٰلِكَ ضَمِنَ اللّٰهُ لَهُ الْجَنَّةَ

چھوڑ دے گا' تیرے لیے یہ لمبا سفر ہے گھوڑے کی طرح' پھر جہاد کے راستے پر بیٹھتا ہے اور کہتا ہے: تُو جہاد کرے گا اور قتل کیا جائے گا' تیری بیوی سے شادی کی جائے گی' تیرے مال کو تقسیم کیا جائے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اس کے وسوسوں کے باوجود یہ کام کیا' اللہ عزوجل اس کے لیے جنت کا ضامن ہوگا۔

سَبْرَةُ بْنُ أَبِي سَبْرَةَ الْجُعْفِيُّ جَدُّ خَيْثَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت سبرہ بن ابوسبرہ جعفی' حضرت خیثمہ بن عبدالرحمٰن کے دادا

6429 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَبْرَةَ بْنِ أَبِي سَبْرَةَ، أَنَّ أَبَاهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا وَلَدُكَ؟ قَالَ: عَبْدُ الْعُزَّى وَسَبْرَةُ وَالْحَارِثُ، فَقَالَ: لَا تُسَمِّ عَبْدَ الْعُزَّى، فَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ خَيْرَ الْأَسْمَاءِ عَبْدُ اللّٰهِ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ وَدَعَا لَهُ وَلِوَلَدِهِ، فَلَمْ يَزَالُوا فِي شَرَفٍ إِلَى الْيَوْمِ قَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ: خَيْثَمَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ مِنْهُمْ

حضرت سبرہ بن ابوسبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' آپ نے فرمایا: تمہارے کتنے بچے ہیں؟ عرض کی: عبدالعزیٰ' سبرہ اور حارث۔ آپ نے فرمایا: عبدالعزیٰ نام نہ رکھو' اس کا نام عبداللہ رکھو۔ پھر فرمایا: تمہارے ناموں میں بہتر نام عبداللہ' عبدالرحمٰن ہے' آپ نے میرے والد اور ان کی اولاد کے لیے دعا کی' آج تک اس دعا کا اثر ہے۔ حضرت ابومحمد الحجاج بن منہال فرماتے ہیں کہ خیثمہ بن عبدالرحمٰن ان میں سے ہے۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا

حضرت سبرہ بن ابوسبرہ اپنے والد سے وہ

يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ (ح) ، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نَاجِيَةَ، ثنا أَبُو مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيُّ، قَالَا: ثنا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَبْرَةَ بْنِ أَبِي سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضور ﷺ سے اسی طرح کی حدیث روایت کرتے ہیں۔

مَنِ اسْمُهُ سُرَاقَةُ

جن کا نام سراقہ ہے

سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ الْمُدْلِجِيُّ

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم مدلجی رضی اللہ عنہ

كَانَ يَنْزِلُ فِي نَاحِيَةِ الْمَدِينَةِ

آپ مدینہ کے ایک طرف اُترے۔

مَا أَسْنَدَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

وہ حدیثیں جو حضرت سراقہ بن مالک بن عباس' حضرت سراقہ بن مالک سے روایت کرتے ہیں

6430 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا فِرْدَوْسٌ الْأَشْعَرِيُّ، ثنا مَسْعُودُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: عمرہ حج میں شامل ہے۔

جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ سُرَاقَةَ

جابر بن عبداللہ' حضرت سراقہ بن مالک سے

بْنِ مَالِكٍ

روایت کرتے ہیں

6431 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ فَضَالَةَ الصَّيْرَفِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَا: ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ نُدْبَةَ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَخْبِرْنَا عَنْ عُمْرَتِنَا هَذِهِ، لِعَامِنَا هَذَا؟ أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَخْبِرْنَا عَنْ دِينِنَا كَأَنَّمَا نَنْظُرُ إِلَيْهِ؟ بِمَا جَرَتْ بِهِ الْأَقْلَامُ، وَثَبَتَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ؟ أَمْ لِأَمْرٍ نَسْتَأْنِفُهُ؟ قَالَ: بَلْ مَا جَرَتْ بِهِ الْأَقْلَامُ، وَثَبَتَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ قَالَ: فَفِيمَ الْعَمَلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اعْمَلُوا، فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمیں اس عمرہ کے متعلق بتائیں، ہمارے اس سال کے لیے ہے یا ہمیشہ کے لیے ہے؟ آپ نے فرمایا: بلکہ ہمیشہ کے لیے ہے، عمرہ حج میں شامل ہے قیامت کے دن تک۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمیں ہمارے دین کے متعلق بتائیں کہ ہم اس کے انتظار میں ہیں، قلم لکھ چکا ہے اور تقدیر لکھی جا چکی ہے، کیا ہم کوئی نیا کام کریں؟ آپ نے فرمایا: تقدیر لکھی جا چکی ہے، تقدیر لکھی جا چکی ہے۔ عرض کی: یارسول اللہ! پھر عمل کی کیا ضرورت ہے؟ آپ نے فرمایا: عمل کرو! جس کے لیے آدمی پیدا کیا گیا اُس کے لیے وہ کام آسان کر دیا جائے گا۔

6432 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُهِلِّينَ، حَتَّى النِّسَاءُ وَالْوِلْدَانُ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ طُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَقَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَحِلَّ، قُلْنَا: أَيُّ الْحِلِّ؟ قَالَ: الْحِلُّ كُلُّهُ، فَأَتَيْنَا النِّسَاءَ، وَلَبِسْنَا الثِّيَابَ، وَمَسِسْنَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تلبیہ پڑھتے ہوئے نکلے، عورتیں اور بچے بھی ہمارے ہمراہ تھے، جب ہم مکہ آئے تو طواف کعبہ کیا اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کی، حضور ﷺ نے ہمیں فرمایا: جس کے پاس قربانی نہیں ہے وہ احرام کھول دے۔ ہم نے عرض کیا: حلالی ہے؟ آپ نے فرمایا: سب کا سب حلال ہے، ہم عورتوں کے پاس آئے اور ہم نے کپڑے پہنے اور خوشبو لگائی، جب

الطِّيبَ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ أَهْلَلْنَا بِالْحَجِّ، وَكَفَانَا الطَّوَافُ الْأَوَّلُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَأَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَشْتَرِكَ فِي الْإِبِلِ وَالْبَقَرِ ' كُلُّ سَبْعَةٍ مِنَّا فِي بَدَنَةٍ، فَجَاءَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بَيِّنْ لَنَا دِينَنَا كَأَنَّنَا خُلِقْنَا الْآنَ؟ أَرَأَيْتَ عُمْرَتَنَا هَذِهِ ' لِعَامِنَا هَذَا؟ أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: بَلْ لِلْأَبَدِ

آٹھویں ذوالحجہ کا دن تھا' ہم نے حج کا احرام باندھا اور صفا و مروہ کے درمیان پہلی سعی ہی ہم کو کافی ہوئی' ہمیں حضور ﷺ نے حکم دیا کہ ہم اونٹ اور گائے کی قربانی کے لیے شریک ہوں' ہم میں سے ہر سات آدمی ایک اونٹ میں۔ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ نے آ کر عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو ہمارا دین سکھائیں' گویا آج ہی ہم پیدا ہوئے ہیں؟ کیا یہ عمرہ ہمارے لیے اسی سال ہے یا ہمیشہ کے لیے ہے؟ آپ نے فرمایا: ہمیشہ کے لیے ہے۔

6433 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَهْلَلْنَا بِالْحَجِّ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ، وَأَهْلَلْنَا عَنِ الْوِلْدَانِ، وَطُفْنَا عَنْهُمْ، وَسَعَيْنَا عَنْهُمْ، ثُمَّ أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَحْلَلْنَا الْحِلَّ كُلَّهُ، حَتَّى إِذَا كَانَتْ عَشِيَّةُ التَّرْوِيَةِ أَهْلَلْنَا بِالْحَجِّ مِنَ الْبَطْحَاءِ، وَلَمْ يَذْكُرْ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ نکلے' پس ہم نے مقام ذوالحلیفہ سے حج کا احرام باندھا' ہم نے اپنے چھوٹے بچوں کی طرف سے بھی احرام باندھا اور ان کی طرف سے طواف بھی کیا اور سعی بھی' پھر رسول کریم ﷺ نے ہمیں حکم فرمایا تو ہم نے مکمل طور پر احرام کھول دیا حتیٰ کہ جب آٹھویں ذوالحجہ کا دن آیا تو ہم نے بطحاء کے مقام سے حج کا احرام باندھا۔ اس حدیث میں انہوں نے حضرت سراقہ بن مالک والا قصہ بیان نہیں کیا۔

6434 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا أَبُو حَنِيفَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ الْمُدْلِجِيَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ' أَخْبِرْنَا عَنْ دِينِنَا هَذَا ' كَأَنَّنَا خُلِقْنَا لَهُ السَّاعَةَ؟ فِي أَيِّ شَيْءٍ نَعْمَلُ؟ أَفِي شَيْءٍ تَثْبُتُ فِيهِ الْمَقَادِيرُ وَجَرَتْ فِيهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم مدلجی نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارے اس دین کے بارے ہمیں بتائیں' گویا ہم اسی گھڑی پیدا ہوئے ہیں؟ ہم کس چیز میں عمل کریں؟ کیا کسی شی میں تقدیر محکم ہوگئی ہے اور قلمیں چل چکی ہیں یا کوئی کام ہم نئے سرے سے

الْأَقْلَامُ، أَمْ فِي أَمْرٍ مُسْتَأْنَفٍ؟ قَالَ: بَلْ فِيمَا تَثْبُتُ فِيهِ الْأَقْلَامُ قَالَ سُرَاقَةُ: فَفِيمَ الْعَمَلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اعْمَلُوا، فَكُلُّ عَامِلٍ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ وَقَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ الْآيَةَ: (فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى) (الليل: 6) -بِلَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ -(فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَى وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَى) (الليل: 7) -قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ - (فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى) (الليل: 10)

کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بلکہ اسی میں جس میں قلم چل چکے ہیں۔ حضرت سراقہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! پھر عمل کس لیے؟ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تم عمل کرو' پس ہر عمل کرنے والے کیلئے وہی آسان بنایا گیا ہے جس کے لیے وہ پیدا ہوا ہے۔ اور رسول کریم ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''فاما من اعطی الی آخرہ ''حسنیٰ کا معنی لا الہ الا اللہ ''فسنیسرہ للیسریٰ الی آخرہ'' اس میں بھی حسنیٰ کا معنی لا الہ الا اللہ ''فسنیسرہ للعسریٰ''۔

6435 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَعُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، قَالَا: ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَدِمَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَدِّثْنَا عَنْ عُمْرَتِنَا هَذِهِ، لِعَامِنَا هَذَا أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: بَلْ، لِلْأَبَدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ' رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارے اس عمرہ کے بارے میں ہمیں بیان فرمائیں! کیا یہ ہمارے سال کیلئے ہے یا ہمیشہ کیلئے ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بلکہ ہمیشہ کیلئے ہے۔

6436 - قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَخْبِرْنَا عَنْ أَعْمَالِنَا، كَأَنَّمَا خُلِقْنَا السَّاعَةَ، شَيْءٌ ثَبَتَ بِهِ الْكِتَابُ، وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ؟ أَوْ شَيْءٌ نَسْتَأْنِفُهُ؟ قَالَ: لَا، بَلْ شَيْءٌ ثَبَتَ بِهِ الْكِتَابُ وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَفِيمَ الْعَمَلُ؟ قَالَ: اعْمَلُوا، فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ

انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمیں ہمارے اعمال کے بارے میں بتائیں' گویا ہم اسی گھڑی پیدا ہوئے ہیں' کیا وہ ایسی شی ہے جس کے ساتھ کتاب مضبوط ہوگئی ہے اور اس کے ساتھ تقدیر کا قلم چل چکا ہے؟ یا ایسی شی ہے جس کو ہم نے نئے سرے سے کرنا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! بلکہ ایسی شی ہے جس کے ساتھ کتاب پختہ اور تقدیر کا قلم چل

چکا ہے انہوں نے عرض کی: پھر عمل کس لیے؟ فرمایا: عمل کرو۔ پس ہر ایک کیلئے وہی کچھ آسان ہے جس کے لیے وہ پیدا ہوا ہے۔

6437 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو الْمُعَافَى الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أُنَيْسَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ، فَقَدِمْنَا مَكَّةَ فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ قَامَ فِينَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ لَمْ يَكُنْ مِنْكُمْ سَاقَ هَدْيًا فَلْيَحِلَّ، وَلْيَجْعَلْهَا عُمْرَةً، قُلْنَا: حِلُّ مَاذَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْحِلُّ كُلُّهُ، فَوَاقَعْنَا النِّسَاءَ، وَلَبِسْنَا الثِّيَابَ، وَتَطَيَّبْنَا الطِّيبَ، فَقَالَ نَاسٌ: يَحِلُّ بَيْنَنَا وَبَيْنَ عَرَفَةَ أَرْبَعَةُ أَيَّامٍ، فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ فِينَا كَالْمُغْضَبِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ أَنِّي أَتْقَاكُمْ لِلّٰهِ، وَلَوْ عَلِمْتُ أَنْ تَقُولُوا ذَلِكَ مَا سُقْتُ الْهَدْيَ، فَاسْتَجِيبُوا لِمَا تُؤْمَرُونَ بِهِ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حج کا احرام باندھ کر رسول کریم ﷺ کے ساتھ نکلے پس ہم نے مکہ میں آ کر بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کی پھر رسول کریم ﷺ ہم میں کھڑے ہوئے تو فرمایا: تم میں سے جو اپنی قربانی ہانک کر نہیں لایا وہ اپنا احرام کھول دے اور اب تک کے عمل کو عمرہ بنا لے۔ ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا چیز حلال ہو گی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تمام حلال ہے پس ہم نے اپنی بیویوں کے حقوق ادا کیے سلے ہوئے کپڑے پہنے اور خوشبو لگائی۔ پس کچھ لوگوں نے عرض کی: ہمارے اور عرفہ (نویں ذوالحجہ) کے درمیان چار دن بغیر احرام کے ہیں۔ پس یہ بات رسول کریم ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ غصے کی حالت میں ہمارے درمیان کھڑے ہوئے فرمایا: قسم بخدا! تمہیں معلوم ہے کہ میں تم سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہوں اور اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تم نے یہ بات کہنی ہے تو میں اپنی قربانی ہانک کر نہ لے آتا۔ پس تم سے اس چیز کا جواب مانگا جائے گا جس چیز کا تم کو حکم دیا جاتا ہے۔

جابر عن سراقة

6438 - فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عُمْرَتُنَا هَذِهِ الَّتِي أَمَرْتَنَا بِهَا، لِعَامِنَا هَذَا أَمْ لِلْأَبَدِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

پس حضرت سراقہ بن مالک نے کھڑے ہو کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارا یہ عمرہ جس کا آپ نے ہمیں حکم فرمایا ہے کیا ہمارے اسی سال کیلئے ہے یا

وَسَلَّمَ: بَلْ لِلْأَبَدِ

ہمیشہ کیلئے؟ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بلکہ ہمیشہ کیلئے ہے۔

6439 - فَقَالَ سُرَاقَةُ: حَدِّثْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَنْ دِينِنَا كَأَنَّنَا خُلِقْنَا الْآنَ، أَفِي شَيْءٍ جَفَّتْ بِهِ الْأَقْلَامُ، وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ أَوْ فِيمَا يُسْتَأْنَفُ؟ قَالَ: بَلْ فِيمَا جَفَّتْ بِهِ الْأَقْلَامُ، وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ، فَقَالَ سُرَاقَةُ: فَفِيمَ الْعَمَلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اعْمَلُوا، فَكُلُّ عَامِلٍ مُيَسَّرٌ ثُمَّ قَرَأَ: (فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى، وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَى وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَى فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى) (الليل: 6)

پس حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارے دین کے بارے میں ہمیں بتائیں! گویا ہم ابھی پیدا ہوئے ہیں کیا ایسی چیز میں عمل کرنا ہے جس کے ساتھ قلمیں خشک ہوگئی ہیں اور تقدیر جاری ہوگئی ہے یا نئے سرے سے ہم کام کریں گے؟ فرمایا: بلکہ اسی میں جس میں قلم خشک اور تقدیر جاری ہوچکی ہے۔ پس حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! پھر عمل کس لیے ہے؟ فرمایا: پس ہر ایک کیلئے اسی چیز کو آسان بنایا گیا ہے جس کے لیے وہ پیدا ہوا ہے پھر یہ آیت پڑھی: "فاما من اعطی واتقی الی آخرہ"۔

6440 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنَعْمَلُ لِأَمْرٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ؟ أَمْ لِأَمْرٍ نَأْتَنِفُهُ؟ فَقَالَ: لِأَمْرٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ، فَقَالَ سُرَاقَةُ: فَفِيمَ الْعَمَلُ إِذَنْ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ عَامِلٍ مُيَسَّرٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہم ایسے معاملے کیلئے عمل کریں گے جس سے فراغت حاصل کر لی گئی ہے یا ایسے کام کیلئے جس کو ہم نے نئے سرے سے کرنا ہے؟ فرمایا: ایسے کام کیلئے جس سے فراغت حاصل کر لی گئی ہے۔ پس حضرت سراقہ نے عرض کی: پھر عمل کس لیے ہے؟ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ہر کام کرنے والے کا کام آسان بنا دیا گیا ہے۔

6441 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم حج کرتے ہوئے رسول کریم ﷺ کے ساتھ نکلے

مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُجَّاجًا، مَا نُرِيدُ إِلَّا الْحَجَّ، وَلَا نَنْوِي غَيْرَهُ، حَتَّى إِذَا كَانَ بِسَرِفٍ، حَاضَتْ عَائِشَةُ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ تَبْكِي، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ؟ قَالَتْ: أَصَابَنِي الْأَذَى، قَالَ: إِنَّمَا أَنْتِ مِنْ بَنَاتِ آدَمَ يُصِيبُكِ مَا يُصِيبُهُنَّ، قَالَ: فَقَدِمْنَا مَكَّةَ لِأَرْبَعِ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ كَمَا أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَذَاكَرْنَا بَيْنَنَا، فَقُلْنَا: خَرَجْنَا حُجَّاجًا، وَلَا نُرِيدُ إِلَّا الْحَجَّ، وَلَا نَنْوِي غَيْرَهُ، حَتَّى إِذَا لَمْ يَبْقَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ عَرَفَاتٍ إِلَّا أَرْبَعُ لَيَالٍ وَمَذَاكِيرُنَا تَقْطُرُ الْمَنِيَّ مِنَ النِّسَاءِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ خَطِيبًا، فَقَالَ: إِنَّ الْعُمْرَةَ قَدْ دَخَلَتْ فِي الْحَجِّ، وَلَوْ أَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا سُقْتُ الْهَدْيَ، وَلَوْلَا الْهَدْيُ لَأَحْلَلْتُ، فَمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَحْلِلْ فَقَالَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ الْمُدْلِجِيُّ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَدِّثْنَا حَدِيثَ قَوْمٍ كَأَنَّمَا وُلِدُوا الْيَوْمَ، عُمْرَتُنَا هَذِهِ لِعَامِنَا هَذَا؟ أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لِلْأَبَدِ فَأَتَيْنَا عَرَفَةَ، فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ الِانْصِرَافِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّكُمْ قَدْ طُفْتُمْ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَلَمْ أَكُنْ طُفْتُ؟ فَقَالَ: إِنَّ

جابر عن سراقة

ہمارا ارادہ صرف حج کرنے کا تھا اور اس کے علاوہ ہم نے کوئی نیت نہیں کی حتیٰ کہ جب ہم مقامِ سرف پہ تھے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ماہواری کا خون شروع ہو گیا' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس آئے' درانحالیکہ وہ رو رہی تھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم کیوں رو رہی ہو؟ عرض کی: مجھے تکلیف والا معاملہ پیش آ گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو بھی آدم کی بیٹی ہے' تجھے بھی وہ تکلیف لاحق ہوتی ہے جو آدمی کی بیٹیوں کو لاحق ہوتی ہے۔ فرماتے ہیں: ابھی ذوالحجہ سے چار راتیں باقی تھیں' جب ہم مکہ پہنچے' پس ہم نے بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کی جیسے ہمیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا' پس ہم نے باہم مذاکرہ کیا تو ہم نے عرض کی: ہم حاجی بن کر نکلے' حج کے علاوہ نہ ہمارا کوئی ارادہ تھا اور نہ کوئی نیت تھی حتیٰ کہ جب ہمارے اور عرفات کے درمیان چار دن کا فاصلہ رہ گیا ہے تو حال یہ ہے کہ ہمارے مرد اپنی عورتوں کو منی ٹپکانے لگے ہیں۔ پس یہ بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچ گئی۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں خطبہ دینے کیلئے کھڑے ہوئے' فرمایا: بے شک عمرہ حج میں داخل ہے اور اگر میں کوئی شروع کرتا ہوں تو اسے ادھورا نہیں چھوڑتا' جو میں قربانی لایا ہوں اور اگر میں قربانی نہ لایا ہوتا تو میں بھی احرام کھول دیتا' پس جس کے پاس قربانی نہیں ہے تو اسے چاہیے احرام کھول دے۔ پس حضرت سراقہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اس قوم کے ساتھ بات کرنے

لَكِ مِثْلَ مَا لِلْقَوْمِ قَالَتْ: فَإِنِّي أَجِدُ فِي نَفْسِي؟ قَالَ: فَوَقَفَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى وَادِي مَكَّةَ، وَأَرْدَفَهَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَبِي بَكْرٍ حَتَّى أَتَتِ التَّنْعِيمَ

کی مانند ہم سے بات کریں جو آج پیدا ہوئی ہے۔ کیا ہمارا یہ عمرہ ہمارے اسی سال کیلئے ہے یا ہمیشہ کیلئے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بلکہ ہمیشہ کیلئے۔ پس ہم عرفات آئے' پس جب واپسی کا وقت تھا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ لوگوں نے بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کی' لیکن میں طواف (وسعی) سے محروم رہی؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آپ کو وہی ثواب ملے گا جو دوسرے حاجیوں کو ملے گا۔ انہوں نے عرض کی: میرا دل مطمئن نہیں ہو رہا ہے؟ راوی کا بیان ہے: ان کیلئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وادیٔ مکہ کی بلندی پر پڑاؤ ڈالا اور ان کو حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر کے پیچھے بٹھایا حتیٰ کہ وہ مقام تنعیم پر آئیں (اور وہاں سے احرام باندھ کر طواف وسعی کی سعادت حاصل کی)۔

6442 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ صُبَيْحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَبِيحَةَ أَرْبَعٍ مَضَيْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ كُلُّنَا، فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ، وَصَلَّيْنَا وَسَعَيْنَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ أَمَرَنَا فَقَصَّرْنَا، ثُمَّ قَالَ: أَحِلُّوا' قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ' حِلُّ مَاذَا؟ قَالَ: حِلُّ مَا يَحِلُّ الْحَلَالَ مِنَ النِّسَاءِ وَالطِّيبِ قَالَ: فَغُشِيَتِ النِّسَاءُ' وَسَطَعَتِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ذوالحجہ کی چار تاریخ کی صبح کو حج کا احرام باندھتے ہوئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مکہ آئے' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں طواف کعبہ' نماز اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کا حکم دیا' پھر حکم دیا تو ہم نے بال کم کروائے' پھر فرمایا: احرام کھول دو! ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کون سی چیز حلال ہو گی؟ فرمایا: عورتوں اور خوشبو وغیرہ میں سے جو بھی حلال ہے' وہ حلال ہو گا۔ راوی کا بیان ہے: بیویوں کے حقوق پورے کیے گئے اور خوشبوؤں کے حُلّے اُٹھے۔ راوی کہتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ

الْمَجَامِرُ، قَالَ: وَبَلَغَهُ أَنَّ بَعْضَهُمْ يَقُولُ: أَينطَلِقُ أَحَدُنَا إِلَى مِنًى وَذَكَرُهُ يَقْطُرُ مَنِيًّا؟ فَخَطَبَهُمْ فَحَمِدَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا سُقْتُ الْهَدْيَ، وَلَوْ لَمْ أَسُقِ الْهَدْيَ حَلَقْتُ، أَلا فَخُذُوا مَنَاسِكَكُمْ قَالَ: فَأَقَامَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ، حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ، وَأَرَادُوا التَّوَجُّهَ إِلَى مِنًى أَهَلُّوا بِالْحَجِّ، قَالَ: كَانَ الْهَدْيُ عَلَى مَنْ وَجَدَ، وَالصِّيَامُ عَلَى مَنْ لَمْ يَجِدْ، وَأَشْرَكَ بَيْنَهُمْ فِي هَدْيِهِمْ، الْجَزُورُ بَيْنَ سَبْعَةٍ، وَالْبَقَرَةُ بَيْنَ سَبْعَةٍ، وَكَانَ طَوَافُهُمْ بِالْبَيْتِ وَسَعْيُهُمْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ طَوَافًا وَاحِدًا، وَسَعْيًا وَاحِدًا، لِحَجِّهِمْ وَعُمْرَتِهِمْ، وَلَمْ يَذْكُرْ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

بات پہنچی کہ بعض کہہ رہے ہیں کہ کیا ہم میں سے کوئی منیٰ جائے گا اس حال میں کہ وہ منی ٹپکا رہا ہوگا؟ تو آپ ﷺ نے ان کو خطبہ دیا' پس اللہ کی حمد وثناء بیان کی پھر فرمایا: میں کوئی حکم دے کر واپس نہیں لیتا' میں جو قربانی لایا ہوں' اگر میں قربانی نہ لایا ہوتا تو میں بھی حلق کرواتا' تم احکامِ حج کیوں نہیں سیکھ لیتے۔ راوی کا بیان ہے: پس ساری قوم احکامِ حج پورے کرنے کو تیار ہوگئی حتیٰ کہ جب آٹھویں ذوالحجہ کا دن آیا اور سب نے منیٰ جانے کا ارادہ کیا تو انہوں نے حج کا احرام باندھا' فرمایا: قربانی اس پر لازم ہے جو قربانی کا جانور پائے اور روزے اس پر ہیں جو قربانی کا جانور نہ پائے' قربانی کے اپنے جانور میں باہم ایک دوسرے کے ساتھ شریک بھی ہو سکتے ہیں' اونٹ میں بھی اور گائے میں بھی سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں۔ ایک طواف وہ بیت اللہ شریف کا کریں گے اور صفا ومروہ کی ایک بار سعی کریں گے' اپنی حج اور عمرہ کے لیے انہوں نے حضرت سراقہ بن مالک کے قصہ کا ذکر نہیں کیا۔

6443 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو شِهَابٍ مُوسَى بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: قَدِمْتُ مَكَّةَ وَأَنَا مُتَمَتِّعٌ بِعُمْرَةٍ، فَقَدِمْنَا قَبْلَ التَّرْوِيَةِ بِثَلَاثَةِ أَيَّامٍ، فَقَالَ لِي أَهْلُ مَكَّةَ: تَصِيرُ الْآنَ حَجَّتُكَ مَكِّيَّةً، فَدَخَلْتُ عَلَى عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ أَسْتَفْتِيهِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ حَجَّ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ سَاقَ

حضرت ابوشہاب موسیٰ بن نافع فرماتے ہیں: میں مکے آیا اس حال میں کہ میں عمرہ کا احرام باندھنے والا تھا۔ پس تین دن آٹھویں ذوالحجہ سے پہلے آئے۔ پس مکہ والوں نے مجھ سے کہا: اب آپ کی حج مکی ہو جائے گی' میں فتویٰ لینے کیلئے حضرت عطاء بن ابورباح کی خدمت میں حاضر ہوا' پس انہوں نے فرمایا: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھے حدیث سنائی کہ

الْبُدْنَ، وَقَدْ أَهَلُّوا بِالْحَجِّ مُفْرَدًا، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحِلُّوا مِنْ إِحْرَامِكُمْ بِطَوَافٍ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَأَقِيمُوا حَلَالًا، حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ فَأَهِلُّوا بِالْحَجِّ، وَاجْعَلُوا الَّذِي قَدِمْتُمْ بِهَا مُتْعَةً، قَالُوا: كَيْفَ نَجْعَلُهَا مُتْعَةً، وَقَدْ سَمَّيْنَا الْحَجَّ؟ فَقَالَ: افْعَلُوا مَا أَمَرْتُكُمْ، فَلَوْلَا أَنِّي سُقْتُ الْهَدْيَ لَفَعَلْتُ مِثْلَ الَّذِي أَمَرْتُكُمْ، وَلَكِنِّي لَا يَحِلُّ مِنِّي حَرَامٌ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ، فَفَعَلُوا، وَلَمْ يَذْكُرْ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

انہوں نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ حج کیا اس دن جس دن وہ قربانی کا جانور ہانک کر لے گئے اس حال میں کہ اُنہوں نے حج مفرد کا احرام باندھا تھا' پس رسول کریم ﷺ نے انہیں فرمایا: بیت اللہ شریف کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کر کے تم احرام کھول دو اور بغیر احرام کے مقیم ہو جاؤ یہاں تک کہ جب آٹھویں ذوالحجہ کا دن آئے تو حج کا احرام باندھو اور جس کے ساتھ تم آئے ہو اسے احرامِ تمتع بنا لو! صحابہ نے عرض کی: ہم اس کو تمتع کیسے بنائیں حالانکہ ہم نے اس کا نام حج رکھا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو میں نے تمہیں حکم دیا ہے وہ کرو' پس اگر میں قربانی کا جانور نہ لایا ہوتا تو اسی کی مثل کرتا جو میں نے تمہیں حکم دیا ہے لیکن احرام کھولنا مجھے روا نہیں ہے یہاں تک کہ قربانی اپنی جگہ پہنچ جائے۔ پس انہوں نے ایسا ہی کیا' لیکن حضرت سراقہ بن مالک والا قصہ ذکر نہیں فرمایا۔

6444 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَرْبَعٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَلَمَّا طَافُوا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْعَلُوهَا عُمْرَةً، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ لَبَّوْا بِالْحَجِّ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ طَافُوا بِالْبَيْتِ، وَلَمْ يَطُوفُوا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَمْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ آئے' ذوالحجہ کی چار تاریخیں گزر چکی تھیں' پس جب لوگوں نے طوافِ کعبہ اور صفا و مروہ کی سعی کر لی تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اس کو عمرہ بنا لو' پس جب آٹھویں ذوالحجہ کا دن آ جائے تو حج (کا احرام باندھ کر) تلبیہ کہو' جب قربانی کا دن ہو تو بیت اللہ شریف کا طواف کرو لیکن صفا و مروہ کی سعی نہ کرو۔ انہوں نے حضرت سراقہ بن مالک کا قصہ ذکر نہیں کیا۔

يَذْكُرُ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

6445 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، ح وَعَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَا: قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ صُبْحَ رَابِعَةٍ مُهِلُّونَ بِالْحَجِّ ' لَمْ يُخَالِطْهُ شَيْءٌ، فَلَمَّا قَدِمْنَا أَمَرَنَا ' فَجَعَلْنَاهَا عُمْرَةً ' وَأَنْ نَحِلَّ إِلَى نِسَائِنَا، فَقِيلَتْ فِي ذَلِكَ الْقَالَةُ، قَالَ عَطَاءٌ: قَالَ جَابِرٌ: فَيَرُوحُ أَحَدُنَا إِلَى مِنًى وَذَكَرُهُ يَقْطُرُ مَنِيًّا؟ وَقَالَ جَابِرٌ: فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ خَطِيبًا، فَقَالَ: بَلَغَنِي أَنَّ أَقْوَامًا يَقُولُونَ كَذَا وَكَذَا، وَاللَّهِ لَأَنَا أَبَرُّ وَأَتْقَى لِلَّهِ مِنْهُمْ، وَلَوْ أَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ، وَلَوْلَا أَنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ لَأَحْلَلْتُ ' فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ ' أَهِيَ لَنَا أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: بَلْ لِلْأَبَدِ وَجَاءَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَقَالَ: أَحَدُهُمَا يَقُولُ: لَبَّيْكَ بِمَا أَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ، وَقَالَ الْآخَرُ: لَبَّيْكَ بِحَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُقِيمَ عَلَى إِحْرَامِهِ ' وَأَشْرَكَهُ فِي الْهَدْيِ

حضرت طاؤس اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں: ذوالحجہ کی چار تاریخ کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام (مکہ) آئے' حج کا احرام باندھے ہوئے تھے' (حج کے ساتھ) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی اور شی کی نیت نہیں کی۔ پس جب ہم آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں حکم فرمایا۔ پس ہم نے اس کو عمرہ بنالیا اور یہ کہ ہم اپنی بیویوں کو حلال سمجھیں۔ پس اس سلسلہ میں ایک بات کی گئی۔ حضرت عطاء نے فرمایا: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس ہم میں سے کوئی منیٰ کی طرف جا رہا ہو جبکہ اسکے منی کے قطرے گر رہے ہوں؟ پس یہ بات نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچ گئی تو آپ خطبہ دیتے ہوئے کھڑے ہوئے' فرمایا: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ بعض گروہ اس اس طرح کہتے ہیں' قسم بخدا! میں ان سے زیادہ نیکی کی راہ چلنے والا ہوں اور ان سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہوں اور اگر میں کسی کام میں آگے قدم اُٹھالیتا ہوں تو پھر پیچھے نہیں ہٹاتا ہوں' جو ہدایت میں جاری کروں اور اگر میرے ساتھ بھی قربانی کا جانور نہ ہوتا تو میں ضرور احرام کھول دیتا۔ پس حضرت سراقہ بن مالک کھڑے ہوئے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا یہ حکم صرف ہمارے لیے ہے یا ہمیشہ کیلئے؟ فرمایا: بلکہ ہمیشہ کیلئے۔ حضرت علی بن ابوطالب آئے' عرض کی: دو میں سے ایک کہتا ہے: میں نے اس چیز کے ساتھ احرام باندھا جس کے ساتھ

نبی کریم ﷺ نے احرام باندھا اور دوسرا کہتا ہے: میں نے نبی کریم ﷺ کی طرح حج کا احرام باندھا' پس ان کو رسول کریم ﷺ نے حکم دیا کہ وہ اپنے احرام کی حالت میں مقیم ہوں اور ان کو اپنی قربانی میں شریک فرمایا (جبکہ وہ خود بھی اپنی قربانی لے کر آئے تھے)۔

6446 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْأَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَهَلَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَهْلَلْنَا مَعَهُ بِالْحَجِّ خَالِصًا، حَتَّى قَدِمْنَا مَكَّةَ صُبْحَ رَابِعَةٍ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يَكُنْ مِنَّا سَاقَ هَدْيًا أَنْ يَحِلَّ، قَالَ: وَلَمْ يَعْزِمْ فِي أَمْرِ النِّسَاءِ، قَالَ جَابِرٌ فَقُلْنَا: تَرَكَنَا ' حَتَّى إِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ عَرَفَةَ إِلَّا خَمْسُ لَيَالٍ، أَمَرَنَا أَنْ نَحِلَّ ' فَنَأْتِيَ عَرَفَاتٍ وَالْمَذْيُ يَقْطُرُ مِنْ مَذَاكِيرِنَا، وَلَمْ يَحْلِلْ هُوَ؟ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ سَاقَ الْهَدْيَ، قَالَ: فَبَلَغَ قَوْلُنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ يَخْطُبُ النَّاسَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ ' وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ ذَكَرَ الَّذِي بَلَغَهُ مِنْ قَوْلِهِمْ، فَقَالَ: لَقَدْ عَلِمْتُمْ أَنِّي أَتْقَاكُمْ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَأَصْدَقُكُمْ وَأَبَرُّكُمْ وَلَوْلَا أَنِّي سُقْتُ الْهَدْيَ لَحَلَلْتُ، وَلَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ اور ہم نے آپ ﷺ کے ساتھ خالص حج کا احرام باندھا حتیٰ کہ ہم چار ذوالحجہ کو مکہ آ گئے' ہم نے بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کی' پھر رسول کریم ﷺ نے حکم فرمایا: ہم میں سے جو شخص قربانی کا جانور ساتھ نہیں لایا' وہ احرام کھول دے لیکن عورتوں کے معاملے میں عزم نہ کرے۔ حضرت جابر فرماتے ہیں: پس ہم نے (آپس میں) کہا: آپ ﷺ نے ہمیں چھوڑ دیا حتیٰ کہ جب نویں ذوالحجہ سے پانچ راتیں باقی رہ گئیں تو آپ ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم احرام کھول دیں۔ پس ہم عرفات کے میدان کی طرف اس حال میں آئیں کہ ہماری منی کے قطرے گر رہے ہوں۔ نبی کریم ﷺ نے خود احرام نہیں کھولا؟ اس وجہ سے ہے کہ نبی کریم ﷺ قربانی کا جانور لے کر آئے تھے' فرماتے ہیں: یہ بات رسول کریم ﷺ کو معلوم ہوگئی تو آپ لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے کھڑے ہوئے' پس آپ ﷺ نے اللہ کی حمد و ثناء کی پھر اس بات کا تذکرہ کیا جو لوگوں کی طرف سے آپ کو معلوم ہوئی تھی' اس کے بعد فرمایا: میں تم سے

أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ قَالَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: فَسَمِعْنَا وَأَطَعْنَا، فَحَلَلْنَا قَالَ اللَّيْثُ: يُرِيدُ الْمُتْعَةَ، وَلَمْ يَذْكُرِ اللَّيْثُ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

زیادہ اللہ سے ڈرنے والا تم سے زیادہ سچا اور تم سے زیادہ نیکی اختیار کرنے والا ہو اور اگر میں بھی قربانی کا جانور ساتھ نہ لایا ہوتا تو میں ضرور احرام کھول دیتا' اگر میں کسی کام میں آگے بڑھتا ہوں تو پیچھے نہیں ہٹتا جو ہدایت میں دیتا ہوں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس ہم نے سن کر اطاعت کی' پس ہم نے احرام کھول دیئے۔ حضرت لیث فرماتے ہیں: وہ حج تمتع کا ارادہ رکھتے تھے۔ حضرت لیث نے حضرت سراقہ بن مالک کے قصہ کا ذکر نہیں کیا۔

جابر عن سراقة

6447 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، وَابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ صَبِيحَةَ رَابِعَةٍ، فَأَمَرَنَا أَنْ نَحِلَّ، فَقُلْنَا: أَيُّ الْحِلِّ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَحِلُّوا الْحِلَّ كُلَّهُ، قُلْنَا: نَغْدُو إِلَى مِنًى وَأَحَالِيلُنَا تَقْطُرُ مَنِيًّا، قَالَ: أَحِلُّوا الْحِلَّ كُلَّهُ، فَلَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَصَنَعْتُ مِثْلَ الَّذِي صَنَعْتُمْ قَالَ: فَأَحْلَلْنَا وَأَتَيْنَا النِّسَاءَ، وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ عُيَيْنَةَ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: چار ذوالحجہ کو ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معیت میں مکہ آئے' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم احرام کھول دیں' ہم نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! یہ کیسا احرام کھولنا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مکمل احرام کھولنا ہے' یعنی ہر چیز حلال ہوگی۔ ہم نے (آپس میں) کہا: کل ہم نے منیٰ جانا ہے' حال یہ ہوگا کہ ہمارے احلیلے منی کے قطرے گرا رہے ہوں گے۔ (پس جو بھی ہو) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم پر ہر چیز حلال ہے۔ پس اگر میں کوئی حکم جاری کر دوں تو اسے واپس نہیں لیتا' میں بھی وہی کام کرتا جو تم نے کیا ہے' (اگر میں قربانی کا جانور نہ لایا ہوتا)۔ راوی کہتے ہیں: ہم نے احرام کھول دیئے' ہم نے اپنی بیویوں کے حقوق پورے کیے لیکن حضرت ابن عیینہ نے حضرت سراقہ بن مالک کا قصہ ذکر نہیں کیا۔

6448 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثنا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أَذَّنَ فِينَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ، فَخَرَجَ ' حَتَّى إِذَا قَدِمْنَا الْمَسْجِدَ عِنْدَ الشَّجَرَةِ نَزَلَ وَنَزَلْنَا، ثُمَّ رَكِبْنَا فَوَقَفْنَا نَنْتَظِرُ حَتَّى رَكِبَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ طَافَ وَطُفْنَا، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ قَرَأَ فِيهِمَا قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ثُمَّ طُفْنَا بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ' حَتَّى إِذَا كُنَّا عِنْدَ الْمَرْوَةِ، قَالَ مَنْ لَمْ يَكُنْ أَهْدَى فَلْيَحِلَّ ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَوَيْنَا الْحَجَّ قَالَ: دَخَلَ الْحَجُّ فِي الْعُمْرَةِ ' فَأَصَبْنَا النِّسَاءَ وَالطِّيبَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا وَبَيْنَنَا وَبَيْنَ أَنْ نَأْتِيَ مِنًى أَرْبَعَةُ أَيَّامٍ ' فَنَأْتِيَ مِنًى وَمَذَاكِيرُنَا تَقْطُرُ مِنْ نِسَائِنَا؟ فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ، فَقَالَ: أَنْبِئْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَقَوْمٍ إِنَّمَا وُلِدُوا الْيَوْمَ، قَالَ: إِنَّ الْحَجَّ قَدْ دَخَلَ فِي الْعُمْرَةِ قَالَ: لَنَا؟ أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا بَلْ لِلْأَبَدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارے اندر حج کا اعلان فرمایا' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے یہاں تک کہ جب ہم درخت کے پاس مسجد میں پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اُترے اور ہم بھی (اپنی سواریوں سے) اترے' پھر ہم سوار ہوئے اور انتظار کرنے کیلئے کھڑے ہوگئے حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوار ہوئے' پس جب ہم مکہ پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طواف کیا' ہم نے بھی طواف کیا اور دو رکعتیں پڑھیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان رکعتوں میں قل یا ایھا الکافرون اور قل ھواللہ احد پڑھی' پھر ہم نے صفا و مروہ کی سعی کی یہاں تک کہ جب ہم مروہ کے پاس تھے' تو آپ نے فرمایا: جو قربانی نہیں لایا وہ احرام کھول دے۔ پس ہم نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہم نے حج کی نیت کی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حج' عمرہ میں داخل ہو چکا ہے۔ پس ہم نے اپنی بیویوں کے حقوق ادا کیے اور خوشبو لگائی' پس جب ہم آئے تو ہمارے منیٰ جانے کو صرف چار دن باقی تھے۔ (ہم نے کہا:) ہم اس حال میں منیٰ آئیں گے کہ ہمارے عضو مخصوص سے منی گر رہی ہوگی؟ پس حضرت سراقہ بن مالک نے کھڑے ہو کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمیں اچھی طرح آگاہ فرمایئے! (اس معاملے میں ہم) اس قوم کی مانند ہیں جو آج پیدا ہوئی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حج' عمرہ میں داخل ہے۔ انہوں نے عرض کی: صرف ہمارے لیے یا ہمیشہ کیلئے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بلکہ ہمیشہ کیلئے۔

6449 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بن عَبْدِ اللّهِ، قَالَ: قَدِمْنَا مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ، فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَجْعَلَهَا عُمْرَةً، وَنَحِلَّ، وَكَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ، فَلَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً، وَلَمْ يَذْكُرْ أَبُو بِشْرٍ فِي حَدِيثِهِ قِصَّةَ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حج کا احرام باندھ کر آئے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ہم اس کو عمرہ بنالیں اور احرام کھول دیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اپنی قربانی تھی پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے عمرہ نہیں بنا سکتے تھے اور حضرت ابو بشر نے حضرت سراقہ بن مالک کا قصہ بیان نہیں کیا۔

6450 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الشَّهِيدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّهِ صَلَّى اللّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: بِأَيِّ شَيْءٍ أَهْلَلْتُمْ؟ فَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ: بِالْحَجِّ، وَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ: بِالْعُمْرَةِ، وَمِنْهُمْ مِنْ قَالَ: بِالَّذِي أَهْلَلْتَ بِهِ يَا رَسُولَ اللّهِ ' قَالَ: فَأَحِلُّوا جَمِيعًا إِلَّا مَنْ سَاقَ الْهَدْيَ فَإِنِّي لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا سُقْتُ الْهَدْيَ حَتَّى أَكُونَ مَعَكُمْ حَلَالًا ' قَالَ: وَسَاقَ مِائَةَ بَدَنَةٍ لِيُقَلِّدَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قِصَّةَ سُرَاقَةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حجۃ الوداع کے موقعہ پر جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام سے فرمایا: تم نے کس چیز کا احرام باندھا تھا؟ پس ان میں سے بعض نے عرض کی: حج کا۔ بعض نے عرض کی: عمرہ کا' اور بعض نے عرض کی: جس چیز کے ساتھ آپ نے احرام باندھا تھا (ہم نے بھی اسی چیز کے ساتھ احرام باندھا) اے اللہ کے رسول! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سارے احرام کھول دو مگر وہ لوگ جو قربانی کا جانور ساتھ لے کر آئے ہیں' اگر میں کسی کام میں آگے قدم اُٹھالیتا ہوں تو پھر پیچھے نہیں رکھتا' میں قربانی اک جانور ساتھ نہ لایا تو میں بھی تمہارے ساتھ ہی احرام کھولنے والا ہوتا۔ راوی کا بیان ہے: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سو اونٹ ساتھ لائے تھے تاکہ اس کو قلادہ ڈالیں اور حضرت محمد بن سلمہ نے سراق بن مالک کا قصہ بیان نہیں کیا۔

6451 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس سال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حج کیا' میں رسول

خُصَيْفٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا قَدِمْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ، فَسَأَلَ النَّاسَ: بِمَ أَحْرَمْتُمْ؟ قَالَ نَاسٌ: أَهْلَلْنَا بِالْحَجِّ، وَقَالَ آخَرُونَ: قَدِمْنَا مُتَمَتِّعِينَ، وَقَالَ آخَرُونَ: أَهْلَلْنَا بِإِهْلَالِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ قَدِمَ وَلَمْ يَسُقْ هَدْيًا فَلْيَحْلِلْ، فَإِنِّي لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمْ أَسُقِ الْهَدْيَ حَتَّى أَكُونَ حَلَالًا، فَقَالَ لَهُ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عُمْرَتُنَا هَذِهِ لِعَامِنَا؟ أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ

کریم ﷺ کے ساتھ آیا' پس لوگوں سے آپ ﷺ نے سوال کیا: تم نے کس چیز کے ساتھ احرام باندھا تھا؟ کچھ لوگوں نے عرض کی: ہم نے حج کا احرام باندھا' کچھ دوسرے لوگوں نے عرض کی: ہم حج تمتع کرنے کے لیے آئے' اور کچھ لوگوں نے یہ بھی عرض کی کہ جس چیز کا حرام آپ نے باندھا' اسی کا ہم نے بھی باندھا' اے اللہ کے رسول! پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جو آیا اور اپنا قربانی کا جانور نہیں لایا وہ احرام کھول لے کیونکہ میں جب ایک کام کیلئے آگے قدم بڑھاتا ہوں تو پیچھے نہیں رکھتا' میں قربانی نہ لاتا تو احرام کھول دیتا۔ پس حضرت سراقہ بن مالک نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارا یہ عمرہ اسی سال کیلئے ہے؟ یا ہمیشہ کیلئے؟ فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کیلئے۔

6452 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكٍ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عُمْرَتُنَا هِيَ لَنَا خَاصَّةً، أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سراقہ بن مالک نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارا یہ عمرہ ہمارے ساتھ خاص ہے یا ہمیشہ کیلئے ہے؟ فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کیلئے ہے۔

6453 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أنا خَالِدٌ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نُرِيدُ إِلَّا الْحَجَّ، فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ أَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ آئے' ہمارا ارادہ حج کرنے کا ہی تھا' تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جس کے ساتھ قربانی کا جانور نہیں ہے وہ اس کو عمرہ بنا لے۔ پس لوگوں پر یہ بات گراں گزری۔ حضرت طلحہ بن عبید اللہ کے پاس قربانی کا جانور تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے

فَاشْتَدَّ ذَلِكَ عَلَى النَّاسِ، وَكَانَ مَعَ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ هَدْىٌ، وَقَدِمَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنَ الْيَمَنِ، فَسَأَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِمَ أَهْلَلْتَ؟ قَالَ: بِمَا أَهْلَلْتَ بِهِ، وَكَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدْىٌ وِمائَةُ هَدْيٍ، فَقَالَ سُرَاقَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَحَجَّتُنَا هَذِهِ لِعَامِنَا أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ

تشریف لائے' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے دریافت فرمایا: آپ نے کس چیز کا احرام باندھا؟ عرض کی: جس چیز کا آپ نے باندھا' جبکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک قربانی کا جانور (ان کے لیے) اور سو قربانی کے جانور (اپنے لیے) لائے تھے۔ پس حضرت سراقہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ہمارا یہ حج' ہمارے اس سال کیلئے ہے (آئندہ سال اور کرنا پڑے گا) یا ہمیشہ کیلئے ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہمیشہ کیلئے ہے۔

6454 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ يَحْيَى أَبُو مَالِكٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اللَّيْثِيُّ، ثنا عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَمْسٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ، فَدَخَلْنَا مَكَّةَ لِأَرْبَعٍ مَضَيْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَقَالَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَذِهِ الْمُتْعَةُ لَنَا خَاصَّةً أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا، بَلْ لِلْأَبَدِ، دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ذوالقعدہ کے پانچ دن باقی تھے' ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نکلے' ذوالحجہ کے چار دن گزر چکے تھے' ہم مکہ میں داخل ہوئے۔ پس حضرت سراقہ بن مالک نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا یہ نفع (حج تمتع) ہمارے ساتھ خاص ہے یا ہمیشہ کیلئے ہے؟ فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کیلئے ہے' قیامت کے دن تک کیلئے عمرہ' حج میں داخل ہے۔

6455 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ الطَّرِيقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَهْلَلْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمْنَا مَكَّةَ لِأَرْبَعٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَأَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ احرام باندھا تو مکہ پہنچے جب ذوالحجہ کے چار دن گزر چکے تھے' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم احرام کھول دیں اور اس کو عمرہ بنا لیں۔ پس ہم نے مکمل طور پر احرام کھول دیئے' پس ہم کعبہ شریف کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أَنْ نَحِلَّہَا وَنَجْعَلَہَا عُمْرَةً، فَأَحْلَلْنَا الْحِلَّ کُلَّہُ، فَطُفْنَا بِالْبَیْتِ وَبَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ حَتَّی، إِذَا کَانَ یَوْمُ التَّرْوِیَةِ أَمَرَنَا فَأَهْلَلْنَا بِالْحَجِّ، فَقَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ: خَرَجْنَا مِنْ أَرْضِنَا ' حَتَّی إِذَا لَمْ یَکُنْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ مِنًی إِلَّا أَرْبَعٌ ' نَخْرُجُ وَمَذَاکِیرُنَا تَقْطُرُ مَنِیًّا؟ فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ' فَقَالَ: أَتَتَّهِمُونِی وَأَنَا أَمِینُ أَهْلِ السَّمَاءِ وَأَهْلِ الْأَرْضِ؟ أَمَا إِنِّی لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِی مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا کَانَ الْهَدْیُ إِلَّا مِنْ مَکَّةَ وَلَمْ یَذْکُرْ قِصَّةَ سُرَاقَةَ

کر چکے تھے یہاں تک کہ جب آٹھویں ذوالحجہ کا دن آیا تو ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم سے حج کا احرام باندھا۔ پس ہم سے بعض نے بعض سے کہا: ہم اپنے وطن سے نکلے یہاں تک کہ جب منٰی جانے کو ہمیں چار دن باقی رہ گئے تو (اب) ہم اس حال میں نکلیں گے کہ ہمارے عضو مخصوص سے منی گر رہی ہو گی؟ پس یہ بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچ گئی' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم مجھے متہم کرتے ہو حالانکہ میں آسمان و زمین والوں کا امین ہوں؟ بہرحال بے شک میں اگر کسی معاملے میں قدم آگے بڑھاتا ہوں تو پیچھے نہیں ہٹاتا ہوں' قربانی نہیں ہے مگر مکہ سے اور انہوں نے حضرت سراقہ بن مالک والا قصہ ذکر نہیں کیا۔

حَدَّثَنَا وَرْدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ لَبِیدٍ الْبَیْرُوتِیُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِیدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا الْأَوْزَاعِیُّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَحْوَہُ

ایک دوسری سند کے ساتھ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

6456 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَعْقُوبَ الْخَطِیبُ الْأَهْوَازِیُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ عَمْرٍو الرَّبَالِیُّ، ثنا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِیدِ، ثنا رَبَاحُ بْنُ أَبِی مَعْرُوفٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰہِ، الْعُمْرَةُ لِعَامِنَا هَذَا ' أَمْ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لَا بَلْ لِلْأَبَدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سراقہ بن مالک نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! عمرہ ہمارے اس سال کیلئے ہے یا ہمیشہ کیلئے ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں! بلکہ ہمیشہ کیلئے ہے۔

6457 - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَکْرِ بْنُ أَبِی شَیْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم نے کھڑے ہو کر عرض کی:

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، فَقَالَ: عُمْرَتُنَا لِعَامِنَا هَذَا، أَمْ لِأَبَدٍ أَبَدٍ؟ فَشَبَّكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصَابِعَهُ وَاحِدَةً فِي الْأُخْرَى، وَقَالَ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ مَرَّتَيْنِ ' لا بَلْ لِأَبَدِ أَبَدٍ

اے اللہ کے رسول! کیا ہمارا عمرہ ہمارے اس سال کیلئے ہے یا ہمیشہ کیلئے؟ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی انگلیوں میں سے ایک کو دوسری میں داخل کیا اور فرمایا: عمرہ حج میں داخل ہے عمرہ حج میں داخل ہے (صرف اس سال کیلئے) نہیں بلکہ ہمیشہ کیلئے۔

عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

عروہ بن زبیر حضرت سراقہ بن مالک سے روایت کرتے ہیں

6458 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ جَاءَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَجَعِهِ، فَقَالَ: أَرَأَيْتَ الضَّالَّةَ تَرِدُ عَلَى حَوْضِ إِبِلِي هَلْ لِي أَجْرٌ إِنْ سَقَيْتُهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فِي الْكَبِدِ الْحَارَّةِ أَجْرٌ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آئے اس حال میں کہ آپ درد کی حالت میں تھے عرض کی: آپ کیا فرماتے ہیں کہ اگر کسی کی گم شدہ اونٹنی میرے اونٹوں کے حوض پر آ کر پانی پیئے تو کیا میرے لیے اجر ہوگا؟ فرمایا: جی ہاں! ہر گرم جگر والی چیز میں اجر ہے (یعنی جس کو بھی پیاس لگتی ہے)۔

مُجَاهِدٌ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

حضرت مجاہد حضرت سراقہ بن مالک سے روایت کرتے ہیں

6459 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ ' أَنَعْمَلُ عَلَى مَا قَدْ جَفَّ

حضرت مجاہد سے مروی ہے کہ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا ہم عمل کرتے رہیں اس پر جس کے ساتھ قلم خشک ہو چکا ہے اور تقدیر جاری ہو چکی ہے یا

بِهِ الْقَلَمُ، وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ أَوْ لِأَمْرٍ مُسْتَقْبَلٍ؟ قَالَ: يَا سُرَاقَةُ اعْمَلْ لِمَا جَفَّ بِهِ الْقَلَمُ، وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ، فَإِنَّ كُلًّا مُيَسَّرٌ

ایسے امر کیلئے جو آنے والا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے سراقہ! اس کے ساتھ عمل کرو جس کے ساتھ قلم خشک ہو چکا ہے اور تقدیر جاری ہو چکی ہے کیونکہ ہر عمل آسان کر دیا گیا ہے۔

عَلِيُّ بْنُ رَبَاحٍ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

علی بن رباح، حضرت سراقہ بن مالک سے روایت کرتے ہیں

6460 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ جُعْشُمٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا سُرَاقَةُ أَلَا أُخْبِرُكَ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ، وَأَهْلِ النَّارِ؟ فَقَالَ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: أَمَّا أَهْلُ النَّارِ، فَكُلُّ جَعْظَرِيٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ، وَأَمَّا أَهْلُ الْجَنَّةِ فَالضُّعَفَاءُ الْمَغْلُوبُونَ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے سراقہ! کیا میں تجھے خبر نہ دوں کہ جنتی کون ہیں اور جہنم والے کون ہیں؟ اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جہاں تک بات ہے جہنمیوں کی تو ہر متکبر اور جنت والے پس وہ کمزور اور وہ لوگ جن پر غلبہ پایا گیا ہے۔

6461 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، وَجَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْوَاسِطِيُّ، قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ آمِرًا أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِأَحَدٍ لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر میں کسی کو حکم دیتا کہ وہ کسی دوسرے کو سجدہ کرے تو میں عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔

6462 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْعَوَقِيُّ، ثنا

حضرت موسیٰ بن علی بن رباح فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد گرامی کو ذکر کرتے ہوئے سنا: حضرت

مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُلَيِّ بْنِ رَبَاحٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَذْكُرُ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى أَفْضَلِ الصَّدَقَةِ، ابْنَتُكَ مَرْدُودَةٌ إِلَيْكَ، لَيْسَ لَهَا كَاسِبٌ غَيْرُكَ

سراقہ بن مالک سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہاری راہنمائی نہ کروں کہ سب سے زیادہ فضیلت والا صدقہ کون سا ہے؟ تیری وہ بیٹی جو تیری طرف لوٹا دی جائے اور تیرے سوا اس کا کمانے والا کوئی نہ ہو۔

6463 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَابَهْرَامَ الْأَيْذَجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شَاهِينُ بْنُ حَيَّانَ، أَخُو فَهْدٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: أَلَا أُخْبِرُكَ بِأَعْظَمِ الصَّدَقَةِ، إِنَّ مِنْ أَعْظَمِ الصَّدَقَةِ أَجْرًا ابْنَتَكَ، مَرْدُودَةٌ إِلَيْكَ، لَيْسَ لَهَا كَاسِبٌ غَيْرُكَ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا میں تیری راہنمائی سب سے بڑے صدقہ پر نہ کروں؟ بے شک سب سے بڑا صدقہ اجر کے لحاظ سے وہ ہے، تیرا اپنی اس بیٹی پر خرچ کرنا جو تیری طرف واپس کر دی گئی ہو اور اس کا کمانے والا کوئی نہ ہو۔

طَاوُسٌ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

طاؤس، حضرت سراقہ بن مالک سے روایت کرتے ہیں

6464 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنِي قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ الْمُدْلِجِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ،

حضرت سراقہ بن مالک مدلجی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا میں کوئی ایسا عمل کروں جس سے فراغت حاصل کر لی گئی ہے یا ہم نئے سرے سے عمل کریں؟ آپ ﷺ

أَنَعْمَلُ شَيْئًا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ ' أَمْ نَسْتَأْنِفُ الْعَمَلَ؟ قَالَ: بَلْ لِعَمَلٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَفِيمَ الْعَمَلُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلٌّ مُيَسَّرٌ لَهُ عَمَلُهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ' الْآنَ الْجِدُّ ' الْآنَ الْجِدُّ

نے فرمایا: بلکہ اس کام کیلئے کوشش کرو جس سے فراغت پالی گئی ہے۔ عرض کی: اے اللہ کے رسول! پھر عمل کس چیز میں ہوگا؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہر آدمی کیلئے اس کا کام آسان بنا دیا گیا ہے' عرض کی: اے اللہ کے رسول! اب کوشش ہے' اب کوشش ہے۔

6465 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ يُوسُفَ الْعُقَيْلِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا حَاتِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّمَرِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الضَّالُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا حَجَّ قَامَ إِلَيْهِ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، افْعَلْ بِنَا فِعْلَ قَوْمٍ كَأَنَّمَا وُلِدُوا الْيَوْمَ. فَلَمَّا أَتَوُا الْبَيْتَ أَمَرَهُمْ فَطَافُوا بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ قَامَ فِي أَعْلَى الْوَادِي، فَخَطَبَهُمْ فَقَالَ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت طاؤس سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حج فرمایا تو حضرت سراقہ بن مالک اُٹھ کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارے ساتھ وہی سلوک فرمائیں جو ایسے گروہ کے ساتھ کیا جاتا ہے جو گویا کہ آج پیدا ہوا ہے' پس جب وہ بیت اللہ آئے تو آپ ﷺ نے لوگوں کو حکم دیا کہ کعبہ کا طواف اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرلیں' پھر وادی کی بلند جگہ کھڑے ہو کر فرمایا: قیامت کے دن تک عمرہ' حج میں داخل ہو چکا ہے۔

6466 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، قَالَا: ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا إِنَّ الْعُمْرَةَ قَدْ دَخَلَتْ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: خبردار! بے شک عمرہ قیامت کے دن تک حج میں داخل ہو چکا ہے۔

6467 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْعَبَّاسِ،

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ

وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيَّانِ قَالَا: ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا ابْنُ أَبِي عُتْبَةَ، عَنْ إِدْرِيسَ الْأَوْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ الزَّرَّادِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَطْحَاءِ فَقَالَ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

فرماتے ہیں کہ بطحا وادی میں رسول کریم ﷺ نے ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا: عمرہ قیامت کے دن تک حج میں داخل ہوگیا ہے۔

النَّزَّالُ بْنُ سَبْرَةَ عَنْ سُرَاقَةَ

نزال بن سبرہ حضرت سراقہ سے روایت کرتے ہیں

6468 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَشْعَثِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا دَاوُدُ بْنُ يَزِيدَ الْأَوْدِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، قَالَ: أَهَلَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ جَمِيعًا، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے حج و عمرہ دونوں کا احرام اکٹھے باندھا' پس میں نے آپ ﷺ سے سماع کیا' آپ ﷺ فرما رہے تھے: عمرہ قیامت کے دن تک حج میں داخل ہوگیا ہے۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ عَنْ عَمِّهِ سُرَاقَةَ

عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک بن جعشم اپنے چچا حضرت سراقہ سے روایت کرتے ہیں

6469 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول کریم ﷺ کی مرضِ مرگ میں آپ ﷺ

بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، عَنْ عَمِّهِ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي قَبَضَهُ اللّٰهُ فِيهِ، فَسَأَلْتُهُ، فَمَا سَأَلْتُهُ عَنْ شَيْءٍ إِلَّا أَخْبَرَنِيهِ، حَتَّى إِنِّي لَأَذْكُرُ شَيْئًا اللَّيْلَةَ فِيمَا أَذْكُرُهُ، قَالَ: فَكَانَ مِمَّا سَأَلْتُهُ عَنْهُ أَنْ قُلْتُ لَهُ: أَرَأَيْتَ الرَّجُلَ يُفْرِغُ فِي حَوْضِهِ، فَتَرِدُ عَلَيْهِ الْهَمَلُ مِنَ الْإِبِلِ وَالضَّالَّةُ، أَلَهُ أَجْرٌ فِي أَنْ يَسْقِيَهَا؟ فَقَالَ: لَكَ فِي كُلِّ كَبِدٍ حَرَّى أَجْرٌ

کی خدمت میں حاضر ہوا جس میں اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح قبض فرمائی؛ پس میں نے آپ ﷺ سے دریافت کیا: پس میں نے آپ ﷺ سے جس شی کے بارے بھی پوچھا تو آپ ﷺ نے ہمیشہ مجھے بتایا ہے؛ حتیٰ کہ میں اس رات میں کسی شی کا ذکر کرتا ہوں؛ اس چیز میں جو میں ذکر کرتا ہوں؛ فرماتے ہیں: جو میں نے آپ ﷺ سے سوال کیا؛ وہ یہ تھا کہ میں نے آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کی: آپ کا کیا خیال ہے کہ آدمی اپنے حوض میں ڈول بھرے تو اس کے پاس اونٹوں میں سے آزاد چھوڑے ہوئے اور گم شدہ اونٹنی (سارے مل کر پی لیں) کیا اس کیلئے اس اونٹنی کو پلانے میں اجر ہوگا؟ فرمایا: اجر ہے تیرے لیے ہر گرم جگر رکھنے والی چیز میں۔

حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، ثنا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ عَمِّهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي قَبَضَهُ اللّٰهُ فِيهِ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کی اس بیماری کے دوران حاضر خدمت ہوا؛ جس میں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی جان قبض فرمائی؛ اس کے بعد اسی طرح کی حدیث ذکر کی۔

كَعْبُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ عَنْ أَخِيهِ سُرَاقَةَ

حضرت کعب بن مالک بن جعشم اپنے بھائی حضرت سراقہ سے روایت کرتے ہیں

6470 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت

صَالِحٍ، ثنا حَسَّانُ بْنُ غَالِبٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّالَّةِ تَرِدُ عَلَى حَوْضِهِ، هَلْ لَهُ فِيهَا أَجْرٌ إِنْ أَشْبَعَهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ فِي كُلِّ ذَاتِ كَبِدٍ حَرَّى أَجْرٌ

ہے کہ اُنہوں نے رسول کریم ﷺ سے دریافت کیا اس گم شدہ جانور کے بارے میں جو کسی آدمی کے حوض پر وارد ہو (اور وہ اسے پانی پلائے) کیا اس کیلئے اجر ہے' اگر وہ اس کو خوب سیر کر کے پلائے؟ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ہر گرم جگر رکھنے والی چیز میں اجر ہے۔

6471 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ كَعْبٍ الْمُدْلِجِيُّ، أَنَّ أَبَاهُ، أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ سُرَاقَةَ يَقُولُ: جَاءَتْنَا رُسُلُ كُفَّارِ قُرَيْشٍ يَجْعَلُونَ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ دِيَةَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا لِمَنْ قَتَلَهُمَا ' أَوْ أَسَرَهُمَا، قَالَ: فَبَيْنَا أَنَا جَالِسٌ فِي مَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ قَوْمِي مِنْ بَنِي مُدْلِجٍ أَقْبَلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ حَتَّى قَامَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: يَا سُرَاقَةُ إِنِّي رَأَيْتُ آنِفًا أَسْوِدَةً بِالسَّاحِلِ، أُرَاهَا مُحَمَّدًا وَأَصْحَابَهُ، قَالَ سُرَاقَةُ: فَعَرَفْتُ أَنَّهُمْ هُمْ، فَقُلْتُ: إِنَّهُمْ لَيْسُوا بِهِمْ، وَلَكِنَّكَ رَأَيْتَ فُلَانًا وَفُلَانًا انْطَلَقُوا بُغَاةً، قَالَ: ثُمَّ مَا لَبِثْتُ فِي الْمَجْلِسِ إِلَّا سَاعَةً ' حَتَّى قُمْتُ فَدَخَلْتُ بَيْتِي، فَأَمَرْتُ جَارِيَتِي أَنْ تُخْرِجَ لِي فَرَسِي، وَهِيَ مِنْ وَرَاءِ أَكَمَةٍ تَحْبِسُهَا عَلَيَّ، وَأَخَذْتُ رُمْحِي '

حضرت امام زہری سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن کعب مدلجی سے روایت ہے کہ ان کے والدگرامی نے ان کو خبر دی کہ انہوں نے حضرت سراقہ کو کہتے ہوئے سنا: کفارِ قریش کے قاصد' ہمارے پاس آئے جو رسول کریم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میں سے ہر ایک کی دیت مقرر کرنے والے تھے' اس آدمی کیلئے جو ان دونوں کو قتل کرے یا کم از کم ان کو قید کر کے لائے۔ فرماتے ہیں: اسی دوران کہ میں بنومدلج قبیلے میں سے اپنی قوم کی مجلسوں میں ایک مجلس میں بیٹھا ہوا تھا۔ ان میں سے ایک آدمی آیا یہاں تک کہ ہمارے پاس آ کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے کہا: اے سراقہ! میں نے تھوڑی دیر پہلے ساحل سمندر کے ساتھ سائے دیکھے ہیں' میرا خیال ہے کہ وہ ایک محمد ﷺ ہیں اور ان کے صحابہ۔ حضرت سراقہ نے کہا: پس مجھے پتہ چل گیا کہ وہ وہی ہیں' پس میں نے کہا: بے شک وہ' وہ نہیں ہیں بلکہ تُو نے فلاں (نام ذکر کیا) اور فلاں (نام بتایا)

فَخَرَجْتُ بِهِ مِنْ ظَهْرِ الْبَيْتِ، فَخَطَطْتُ بِرُمْحِي فِي الْأَرْضِ، وَخَفَضْتُ عَالِيَةَ الرُّمْحِ، حَتَّى أَتَيْتُ فَرَسِي فَرَكِبْتُهَا فَرَفَعْتُهَا تُقَرِّبُ بِي، حَتَّى رَأَيْتُ أَسْوِدَتَهُمْ، فَلَمَّا دَنَوْتُ مِنْهُمْ حَيْثُ يَسْمَعُونَ الصَّوْتَ عَثَرَتْ بِي فَرَسِي، فَخَرَرْتُ عَنْهَا، فَقُمْتُ فَأَهْوَيْتُ بِيَدِي إِلَى كِنَانَتِي، فَأَخْرَجْتُ مِنْهَا الْأَزْلَامَ، فَاسْتَقْسَمْتُ بِهَا أَضُرُّهُمْ؟ أَمْ لَا؟ فَخَرَجَ الَّذِي أَكْرَهُ، أَنْ لَا أَضُرَّهُمْ، فَرَكِبْتُ فَرَسِي وَعَصَيْتُ الْأَزْلَامَ، فَرَفَعْتُهَا تُقَرِّبُ بِي مِنْهُمْ أَيْضًا، حَتَّى إِذَا دَنَوْتُ سَمِعْتُ قِرَاءَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ لَا يَلْتَفِتُ، وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُكْثِرُ الِالْتِفَاتَ، سَاخَتْ يَدَا فَرَسِي فِي الْأَرْضِ حَتَّى بَلَغَتِ الرُّكْبَتَيْنِ، فَخَرَرْتُ عَنْهَا، فَزَجَرْتُهَا، فَنَهَضَتْ، فَلَمْ تَكَدْ تَخْرُجُ يَدَاهَا، فَلَمَّا اسْتَوَتْ قَائِمَةً إِذْ لِأَثَرِ يَدَيْهَا عُثَانٌ سَاطِعٌ فِي السَّمَاءِ مِنَ الدُّخَانِ، -قَالَ مَعْمَرٌ: قُلْتُ لِأَبِي عَمْرِو بْنِ الْعَلَاءِ: مَا الْعُثَانُ؟ فَسَكَتَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: هُوَ الدُّخَانُ مِنْ غَيْرِ نَارٍ، قَالَ مَعْمَرٌ: قَالَ الزُّهْرِيُّ فِي حَدِيثِهِ -فَاسْتَقْسَمْتُ بِالْأَزْلَامِ، فَخَرَجَ الَّذِي أَكْرَهُ أَنْ لَا أَضُرَّهُمَا، فَنَادَيْتُهُمَا بِالْأَمَانِ، فَوَقَفَا، وَرَكِبْتُ فَرَسِي حَتَّى جِئْتُهُمْ، وَقَدْ وَقَعَ فِي نَفْسِي حِينَ لَقِيتُ مِنْهُمْ مَا لَقِيتُ مِنَ الْحَبْسِ عَنْهُمْ، أَنَّهُ سَيَظْهَرُ أَمْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّ قَوْمَكَ جَعَلُوا فِيكَ

کو دیکھا ہے' وہ باغی بن کر نکلے ہیں۔ حضرت سراقہ کہتے ہیں: پھر میں مجلس میں صرف ایک گھڑی ٹھہرا یہاں تک کہ کھڑا ہوا' اپنے گھر میں داخل ہو کر اپنی لونڈی کو حکم دیا کہ میرے لیے میرا گھوڑا نکالے جبکہ وہ ٹیلوں کے پیچھے میرے لیے روک کر کھڑی ہوگئی' میں نے اپنا نیزہ پکڑا' پس میں وہ لے کر اپنے گھر کے پیچھے سے نکلا' پس میں نے اپنے نیزے کے ساتھ زمین میں لکیر ماری اور نیزے کا اوپر والا سرا نیچے کیا حتیٰ کہ میں اپنے گھوڑے کے پاس آیا' پس میں اس پر سوار ہوا' میں نے اس کو تیز کیا تاکہ وہ مجھے (جلدی) قریب کرے یہاں تک کہ میں نے ان کے سائے دیکھے تو میں ان کے قریب ہوگیا اتنا کہ وہ میری آواز سن سکتے تھے' میرا گھوڑا ٹھوکر کھا کر پھسل گیا تو میں اس سے گر گیا۔ پس میں کھڑا ہوا تو میں نے اپنا ہاتھ اپنے ترکش کی طرف بڑھایا۔ میں نے ان میں فال کا تیر نکالا اور فال پکڑنے لگا کہ میں ان کو نقصان دے سکوں گا یا نہیں؟ پس تیر وہ نکلا جسے میں ناپسند کرتا تھا کہ میں ان کو نقصان نہیں پہنچا سکوں گا۔ پس میں اپنے گھوڑے پر سوار ہوا اور میں نے فال کے تیر کو جھٹلا دیا' پس میں نے گھوڑے کو تیز کیا تاکہ وہ مجھے ان کے قریب کرے یہاں تک کہ جب میں قریب ہوا تو میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرأت سنی جبکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توجہ بالکل نہ تھی لیکن حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بار بار توجہ فرما رہے تھے' میرے گھوڑے کے دونوں ہاتھ زمین میں دھنس گئے حتیٰ

الدِّيَةَ، وَأَخْبَرْتُهُمْ مِنْ أَخْبَارِ سَفَرِهِمْ، وَمَا يُرِيدُ النَّاسُ بِهِمْ، وَعَرَضْتُ عَلَيْهِمُ الزَّادَ وَالْمَتَاعَ، فَلَمْ يَرْزَءُونِي شَيْئًا، وَلَمْ يَسْأَلُونِي إِلَّا أَنْ: أَخْفِ عَنَّا، فَسَأَلْتُهُ أَنْ يَكْتُبَ لِي كِتَابَ مُوَادَعَةٍ، آمَنُ بِهِ فَأَمَرَ عَامِرَ بْنَ فُهَيْرَةَ، فَكَتَبَهُ لِي فِي رُقْعَةٍ مِنْ أَدَمٍ، ثُمَّ مَضَى

کہ گھٹنوں تک زمین میں چلے گئے' پس میں اس سے گر پڑا۔ میں نے اسے ڈانٹا' پس میں اُٹھا لیکن میرا گھوڑا اپنے ہاتھ زمین سے نہ نکال سکا۔ پس جب وہ سیدھا کھڑا ہوا کیونکہ اس کے ہاتھوں کے نشان کی وجہ سے ایک ڈنڈے کی مانند دھواں تھا جو آسمان تک پھیلا ہوا تھا۔ حضرت معمر کہتے ہیں: میں نے ابوعمرو بن علاء سے سوال کیا: عُثان کیا چیز ہے؟ پس وہ ایک گھڑی خاموش رہے' پھر فرمایا: وہ بغیر آگ کے دھواں ہے۔ (راویِ حدیث) حضرت معمر کا قول ہے: حضرت امام زہری نے اپنی حدیث میں فرمایا: پس میں نے فال کا تیر نکالا تو وہ تیر نکلا جس کو میں ناپسند کرتا تھا کہ میں ان دونوں کو کوئی نقصان نہ دے سکوں گا۔ پس میں نے ان کو آزاد دی تک مجھے امان دو۔ پس وہ دونوں کھڑے ہو گئے' میں اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر ان کے پاس گیا' جب میں ان سے ملا تو میرے دل میں آیا جس نے مجھے ان سے روک دیا تھا کہ ابھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا حکم سامنے آئے گا۔ پس میں نے ان سے عرض کی: بے شک آپ کی قوم نے آپ کے لیے دیت مقرر کر دی ہے اور میں نے ان کو ان کے سفر کی خبروں سے آگاہ کر دیا ہے۔ اور (میں نے بتایا کہ) لوگ ان کے حوالے سے کیا چاہتے ہیں۔ میں نے ان کی خدمت میں زادِ راہ اور مال و متاع پیش کیا' لیکن انہوں نے کسی چیز سے روکا رنہ رکھی' نہ کوئی چیز مجھ سے مانگی مگر یہ کہ ہماری خبر کو چھپانا۔ پس میں نے ان سے ایک خط لکھ کر دینے کا مطالبہ کیا جو میرے

لیے امن کی ضمانت ہو پس حضرت عامر بن فہیرہ کو حکم ہوا تو انہوں نے ایک چمڑے کے ٹکڑے میں میرے لیے رقعہ لکھا اور وہ چلے گئے۔

6472 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ الْمُدْلِجِيُّ، أَنَّ أَبَاهُ مَالِكًا أَخْبَرَهُ أَنَّ أَخَاهُ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ لَمَّا خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ مُهَاجِرًا إِلَى الْمَدِينَةِ جَعَلَتْ قُرَيْشٌ لِمَنْ رَدَّهُ عَلَيْهِمْ مِائَةَ نَاقَةٍ، قَالَ: فَبَيْنَمَا أَنَا جَالِسٌ فِي نَادِي قَوْمِي جَاءَ رَجُلٌ مِنَّا، فَقَالَ: وَاللهِ لَقَدْ رَأَيْتُ رَكَبَةً ثَلَاثَةً مَرُّوا عَلَيَّ آنِفًا، إِنِّي لَأَظُنُّهُ مُحَمَّدًا قَالَ: فَأَوْمَأْتُ إِلَيْهِ: أَنِ اسْكُتْ، وَقُلْتُ: إِنَّمَا هُمْ بَنُو فُلَانٍ يَتَّبِعُونَ ضَالَّةً لَهُمْ ' قَالَ: لَعَلَّهُ ثُمَّ سَكَتَ، فَمَكَثْتُ قَلِيلًا، وَقُمْتُ ' فَأَمَرْتُ بِفَرَسِي، فَقِيدَ إِلَى بَطْنِ الْوَادِي، فَأَخْرَجْتُ سِلَاحِي مِنْ وَرَاءِ حُجْرَتِي، ثُمَّ أَخَذْتُ قِدَاحِي الَّتِي أَسْتَقْسِمُ بِهَا، ثُمَّ لَبِسْتُ لَأْمَتِي، ثُمَّ أَخْرَجْتُ قِدَاحِي، فَاسْتَقْسَمْتُ بِهَا، وَقَالَ: فَخَرَجَ الَّذِي أَكْرَهُ: لَا يَضُرُّهُ، وَكُنْتُ أَرْجُو أَنْ أَرُدَّهُ، فَآخُذَ الْمِائَةَ النَّاقَةَ، فَرَكِبْتُ عَلَى أَثَرِهِمْ ' فَبَيْنَمَا فَرَسِي يَشْتَدُّ بِي عَثَرَ، فَسَقَطْتُ عَنْهُ، فَأَخْرَجْتُ قِدَاحِي فَاسْتَقْسَمْتُ فَخَرَجَ السَّهْمُ

حضرت عبدالرحمٰن بن مالک بن جعشم مدلجی رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ ان کے والد محترم حضرت مالک نے ان کو بتایا کہ ان کے بھائی حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم نے ان کو خبر دی کہ جب رسول کریم ﷺ مکہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کرتے ہوئے تشریف لے چلے تو قریش مکہ نے اس آدمی کیلئے سو اونٹنیاں مقرر کیں جو ان کو لوٹا کر ان کے پاس لے آئے' کہتے ہیں: اسی دوران کہ میں اپنی قوم کی مجلس میں بیٹھا ہوا تھا تو ہم میں سے ایک آدمی آیا' اس نے کہا: قسم بخدا! میں تین آدمیوں کا اونٹ سوار قافلہ دیکھا ہے جو ابھی میرے پاس سے گزرا ہے' میرا پکا گمان ہے کہ وہ محمد ﷺ تھے۔ کہتے ہیں: میں نے اس کی طرف اشارہ کیا کہ خاموش رہو اور میں نے کہا: وہ تو فلاں کے بیٹے ہیں' وہ اپنی گم شدہ اونٹنی تلاش کر رہے ہیں' کہتے ہیں: پھر وہ خاموش ہو گیا۔ پس میں تھوڑی دیر ٹھہرا اور اُٹھا' میں نے اپنا گھوڑا تیار کرنے کا حکم دیا۔ پس اسے (تیار کر کے) وادی کے درمیان روک کر رکھا گیا۔ پس میں نے اپنے ہتھیار اپنے کمرہ کے پیچھے والی طرف سے نکالے' پھر میں نے وہ تیر اُٹھایا جس کے ذریعے میں فال پکڑتا' پھر میں نے اپنی زرہ پہنی پھر فال کا تیر نکالا تو کہتے ہیں: اور نکلا وہ تیر جو میں ناپسند کرتا تھا۔ یعنی ان کو

الَّذِي أَكْرَهُ: لَا يَضُرُّهُ، فَأَبَيْتُ إِلَّا أَنْ أَتْبَعَهُ، فَرَكِبْتُهُ، فَلَمَّا بَدَا لِيَ الْقَوْمُ، فَنَظَرْتُ إِلَيْهِمْ عَثَرَ بِي فَرَسِي، وَذَهَبَتْ يَدَاهُ فِي الْأَرْضِ، فَسَقَطْتُ، فَاسْتَخْرَجَ يَدَهُ، وَأَتْبَعَهَا دُخَانٌ مِثْلُ الْعُثَانِ، فَعَرَفْتُ أَنَّهُ قَدْ مُنِعَ مِنِّي، وَأَنَّهُ ظَاهِرٌ، فَنَادَيْتُهُمْ فَقُلْتُ: أَنْظِرُونِي، فَوَاللَّهِ إِنِّي لَا أُرِيبُكُمْ، وَلَا يَبْدَؤُكُمْ مِنِّي شَيْءٌ تَكْرَهُونَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ لَهُ: مَاذَا يَبْتَغِي؟ فَقُلْتُ: اكْتُبْ لِي كِتَابًا بَيْنِي وَبَيْنَكَ آيَةً، قَالَ: اكْتُبْ يَا أَبَا بَكْرٍ، قَالَ: فَكَتَبَ لِي، ثُمَّ أَلْقَاهَا إِلَيَّ، فَرَجَعْتُ، فَسَكَتُّ، فَلَمْ أَذْكُرْ شَيْئًا مِمَّا كَانَ، حَتَّى إِذَا فَتَحَ اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ مَكَّةَ، وَفَرَغَ مِنْ أَهْلِ حُنَيْنٍ خَرَجْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعِيَ الْكِتَابُ الَّذِي كَتَبَ لِي، قَالَ: فَبَيْنَمَا أَنَا عَامِدٌ لَهُ، دَخَلْتُ بَيْنَ ظَهْرَيْ كَتِيبَةٍ مِنْ كَتَائِبِ الْأَنْصَارِ، فَطَفِقُوا يَقْرَعُونِي بِالرِّمَاحِ، وَيَقُولُونَ: إِلَيْكَ إِلَيْكَ حَتَّى إِذَا دَنَوْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَاقَتِهِ أَنْظُرُ إِلَى سَاقَيْهِ فِي غَرْزِهِ كَأَنَّهَا جُمَّارَةٌ، فَدَفَعْتُ يَدِي بِالْكِتَابِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذَا كِتَابُكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَوْمُ وَفَاءٍ وَبِرٍّ، ادْنُهْ فَأَسْلَمْتُ

کوئی نقصان نہیں دے سکوں گا اور مجھے اُمید تھی کہ میں ان کو لوٹا لاؤں گا اور سو اونٹنیاں لے لوں گا۔ پس میں سوار ہو کر ان کے پیچھے چلا۔ پس اسی دوران کہ میرا گھوڑا میرے ساتھ سختی کر رہا تھا' اس کا پاؤں پھسلا تو میں اس سے گر پڑا' پس میں نے اپنا تیر نکال کر فال پکڑی تو وہ تیر نکلا جو میں ناپسند کرتا تھا کہ ان کو نقصان نہ ہوگا' پس میں اس کا انکار کر کے ان کے پیچھے سوار ہو گیا' پس جب میرے لیے وہ گروہ ظاہر ہوا تو میں نے ان کی طرف (للچائی نظروں سے) دیکھا تو میرے گھوڑے کا پاؤں ایسا پھسلا کہ اس کے ہاتھ زمین میں دھنس گئے۔ پس (ایک بار پھر) میں گر پڑا۔ پس (بڑی مشکل سے) اس نے اپنا ہاتھ نکالا اور اس کے پیچھے دھوئیں کا ڈنڈا دھواں ہو لیا۔ پس میں پہچان گیا کہ مجھے روک گیا ہے اور یہ بات بالکل ظاہر و باہر تھی۔ پس میں نے اس گروہ والوں کو آواز دے کر کہا: میری طرف دیکھو! پس قسم بخدا! بے شک نہ تو میں تمہیں شک کی نگاہ سے دیکھتا ہوں اور نہ مجھ سے تمہیں کوئی ایسی شی ظاہر ہو گی جسے تم ناپسند کرتے ہو۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اس سے پوچھو کہ کیا چاہتا ہے؟ پس میں نے عرض کی: میرے لیے ایک وثیقہ لکھ لو جو میرے اور آپ کے درمیان نشانی ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوبکر لکھو! سراقہ کہتے ہیں کہ پس انہوں نے لکھ کر میری طرف پھینک دی تو میں خاموشی سے واپس پلٹا۔ پس میں نے کوئی چیز اس میں سے ذکر نہ کی یہاں تک کہ جب اللہ تعالیٰ نے

رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فتح مکہ عطا فرمائی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حنین والوں سے بھی فارغ ہو گئے تو میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' وہ خط جو میرے لیے لکھا گیا تھا وہ بھی میرے پاس تھا۔ کہتے ہیں: اسی دوران کہ میں ان کا ارادہ کیے ہوئے تھا۔ میں انصار کے لشکروں میں ایک لشکر میں جا گھسا۔ انہوں نے مجھے اپنے تیروں سے ٹھگور کر کہنا شروع کر دیا: دور ہو! دور ہو! حتیٰ کہ جب میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب ہو گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی اونٹنی پر تھے (اب بھی) میں رکاب میں ان کی پنڈلی کو دیکھ رہا ہوں گویا کہ وہ انگارہ ہے' پس میں نے خط ہاتھ میں پکڑ کر آگے کیا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ آپ کا خط ہے' پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وفا اور نیکی کا دن ہے' قریب ہو جا! پس میں نے اسلام قبول کر لیا۔

6473 - ثُمَّ تَذَكَّرْتُ شَيْئًا أَسْأَلُ عَنْهُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا ذَكَرْتُ شَيْئًا إِلَّا قَدْ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الضَّالَّةُ تَغْشَى حِيَاضَنَا قَدْ مَلَأْتُهَا لِإِبِلِي، هَلْ لِي مِنْ أَجْرٍ أَنْ أَسْقِيَهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ فِي كُلِّ ذَاتِ كَبِدٍ حَرَّى أَجْرٌ فَانْصَرَفْتُ، فَسُقْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَتِي

پھر میں نے ایک چیز کا ذکر کیا جس کے بارے میں' میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا تھا' پس جو چیز میں نے ذکر کی وہ یہ تھی کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! تم شدہ جانور ہمارے حوضوں پر آ جائے' جن کو ہم نے اپنے اونٹوں کے لیے بھرا ہے' کیا میرے لیے اجر ہو گا کہ میں اس کو پلاؤں؟ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! ہر گرم جگر والی چیز میں اجر ہے' پس میں لوٹا تو میں صدقہ کے اونٹ ہانک کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں لایا۔

6474 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم مدلجی رضی اللہ

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ سَعْدٍ، ثنا عَمِّي، ثنا أَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ الْمُدْلِجِيُّ، أَنَّ أَبَاهُ، أَخْبَرَهُ أَنَّ سُرَاقَةَ بْنَ مَالِكٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ لَمَّا خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ مُهَاجِرًا إِلَى الْمَدِينَةِ جَعَلَتْ قُرَيْشٌ لِمَنْ رَدَّهُ مِائَةَ نَاقَةٍ، فَبَيْنَا أَنَا جَالِسٌ فِي نَادِي قَوْمِي إِذْ أَقْبَلَ رَجُلٌ فَقَالَ: وَاللهِ لَقَدْ رَأَيْتُ رَكَبَةً ثَلَاثَةً مَرُّوا عَلَيَّ آنِفًا إِنِّي لَأُرَاهُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَأَوْمَأْتُ إِلَيْهِ: أَنِ اسْكُتْ، إِنَّمَا هُمْ بَنُو فُلَانٍ يَبْغُونَ ضَالَّةً لَهُمْ، فَلَبِثْتُ قَلِيلًا، ثُمَّ قُمْتُ، فَدَخَلْتُ، فَأَمَرْتُ بِفَرَسِي فَقِيدَ إِلَى بَطْنِ الْوَادِي، وَأَخْرَجْتُ سِلَاحِي مِنْ وَرَاءِ حُجْرَتِي، ثُمَّ أَخَذْتُ قِدَاحِي الَّذِي أَسْتَقْسِمُ بِهَا، وَلَبِسْتُ لَأْمَتِي، ثُمَّ أَخْرَجْتُ قِدَاحِي، فَاسْتَقْسَمْتُ، فَخَرَجَ السَّهْمُ الَّذِي أَكْرَهُ أَنْ لَا أَضُرَّهُ، قَالَ: وَكُنْتُ أَرْجُو أَنْ أَرُدَّهُ، فَآخُذَ الْمِائَةَ النَّاقَةَ، فَرَكِبْتُ عَلَى أَثَرِهِ، فَبَيْنَمَا فَرَسِي يَشْتَدُّ بِي عَثَرَ، فَسَقَطْتُ عَنْهُ، فَأَخْرَجْتُ قِدَاحِي فَاسْتَقْسَمْتُ بِهَا، فَخَرَجَ السَّهْمُ الَّذِي أَكْرَهُ: لَا أَضُرُّهُ، فَأَبَيْتُ إِلَّا أَنْ أَتْبَعَهُ، فَرَكِبْتُ فَرَسِي، فَلَمَّا بَدَا لِيَ الْقَوْمُ فَنَظَرْتُ إِلَيْهِمْ عَثَرَ بِي فَرَسِي، وَذَهَبَتْ يَدَاهُ فِي الْأَرْضِ، وَسَقَطْتُ عَنْهُ، فَاسْتَخْرَجَ يَدَيْهِ، فَاتَّبَعَهُمَا دُخَانٌ مِثْلُ الْعَصَا، فَعَرَفْتُ أَنْ قَدْ مُنِعَ مِنِّي، وَأَنَّهُ

عنہ نے خبر دی کہ جب رسول کریم ﷺ مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ کی طرف نکلے تو قریشیوں نے سو اونٹنیاں اس آدمی کے لیے مقرر کیں جو ان کو لوٹا کر واپس لے آئے۔ پس اس دوران کہ میں اپنی قوم کی مجلس میں بیٹھا ہوا تھا' جب ایک آدمی آیا' اس نے کہا: قسم بخدا! میں تین آدمیوں کا اونٹ سوار قافلہ دیکھا ہے جو ابھی تھوڑی دیر پہلے میرے پاس سے گزرا' میرا خیال ہے کہ وہ محمد ﷺ تھے۔ کہتے ہیں: میں نے اسے خاموش رہنے کا اشارہ دیا۔ (اور کہا کہ) وہ تو فلاں کے بیٹے تھے جو اپنی گم شدہ اونٹنی تلاش کر رہے تھے۔ پس میں تھوڑی دیر ٹھہرنے کے بعد اُٹھ کھڑا ہوا' میں نے گھر میں داخل ہو کر اپنا گھوڑا تیار کرنے کا حکم دیا' پس اس کو وادی کے درمیان لایا گیا' میں اپنے ہتھیار بھی اپنے گھر کی پچھلی سے لے کر نکلا پھر میں نے اپنا وہ تیر پکڑا جس سے میں فال لیا کرتا تھا' میں نے اپنی زرہ پہنی' پھر میں نے فال کا تیر نکالا تو وہ تیر نکلا جو میں ناپسند کرتا تھا کہ میں اس کو نقصان نہ دے سکوں گا۔ کہتے ہیں: اور مجھے قوی امید تھی کہ میں ان کو لوٹا کر واپس لانے میں کامیاب ہو جاؤں گا' تو سو اونٹ مجھے مل جائیں گے' پس میں سوار ہو کر آپ ﷺ کے قدموں کے نشانات پر چلا' پس اسی دوران کہ میرا گھوڑا مجھ سے سرکشی کر رہا تھا کہ اس کا پاؤں پھسل گیا تو میں اس سے گر پڑا' میں نے اپنا تیر نکال کر فال پکڑی۔ پس وہ تیر نکلا جو میں ناپسند کرتا تھا کہ میں اس کو نقصان نہ دوں گا۔ پس میں

ظَاهِرٌ، فَنَادَيْتُهُمْ، فَقُلْتُ: أَنْظِرُونِي، فَوَاللّٰهِ، لَا آذِيكُمْ وَلَا يَأْتِيكُمْ مِنِّي شَيْءٌ تَكْرَهُونَهُ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَاذَا تَبْغِي؟ قُلْتُ: اكْتُبْ لِي كِتَابًا يَكُونُ بَيْنِي وَبَيْنَكَ آيَةً، قَالَ: اكْتُبْ لَهُ يَا أَبَا بَكْرٍ، قَالَ: فَكَتَبَ لِي كِتَابًا، ثُمَّ أَلْقَاهُمْ إِلَيَّ، قَالَ: فَرَجَعْتُ فَسَكَتُّ، فَلَمْ أَذْكُرْ شَيْئًا مِمَّا كَانَ، حَتَّى إِذَا فَتَحَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ، وَفَرَغَ مِنْ حُنَيْنٍ خَرَجْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَلْقَاهُ، وَمَعِيَ الْكِتَابُ الَّذِي كَتَبَ لِي، فَبَيْنَمَا أَنَا عَامِدٌ لَهُ دَخَلْتُ بَيْنَ كَتِيبَةٍ مِنْ كَتَائِبِ الْأَنْصَارِ، فَجَعَلُوا يَقْرَعُونِي بِالرِّمَاحِ، وَيَقُولُونَ: إِلَيْكَ إِلَيْكَ حَتَّى دَنَوْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى نَاقَتِهِ أَنْظُرُ إِلَى سَاقِهِ فِي غَرْزِهِ كَأَنَّهَا جُمَّارَةٌ، فَرَفَعْتُ يَدِي بِالْكِتَابِ، وَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا كِتَابُكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَوْمُ وَفَاءٍ وَبِرٍّ، فَأَسْلَمْتُ وَسُقْتُ إِلَيْهِ صَدَقَةَ مَالِي

نے انکار کیا مگر یہ کہ میں ان کے پیچھے چلا' پس میں اپنے گھوڑے پہ سوار ہوا۔ پس جب یہ گروہ میرے لیے ظاہر ہوا تو میں نے ان کو (للچائی ہوئی نظروں سے) دیکھا تو میرے گھوڑے نے ٹھوکر کھائی اور اس کے دونوں ہاتھ زمین میں دھنس گئے اور میں اس سے گر گیا' پس اس نے انتہائی کوشش سے دونوں ہاتھ نکالے تو ڈنڈے کی مانند دھوئیں نے ان کا پیچھا کیا۔ پس میں پہچان گیا کہ اس کو مجھ سے روک دیا گیا ہے اور یہ بات بالکل ظاہر و باہر تھی تو میں نے اس گروہ کو آواز دی: میری طرف دیکھو! پس قسم بخدا! میں نے آپ لوگوں کو (اب تک) کوئی تکلیف نہیں دی ہے اور میری طرف سے تمہیں کوئی ایسی شی نہیں آئے گی جسے تم ناپسند کرتے ہو۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو کیا چاہتا ہے؟ میں نے عرض کی: میرے لیے ایک خط لکھو جو میرے اور آپ کے درمیان نشانی ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر! اس کو خط لکھ دو۔ سراقہ کہتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے خط لکھ کر میری طرف پھینک دیا۔ سراقہ کہتے ہیں: میں واپس لوٹ آیا' پس میں خاموش رہا جو کارروائی ہوئی میں نے اس میں سے کسی شی کا تذکرہ نہ کیا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مکہ فتح فرمایا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حنین کے غزوہ سے بھی فارغ ہو گئے۔ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف چلا تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات کروں جبکہ وہ خط میرے پاس تھا جو میرے لیے لکھا گیا تھا۔ پس اسی دوران کہ میں

نے آپ ﷺ کے پاس جانے کا ارادہ کیا ہوا تھا' میں انصار کے لشکروں میں سے ایک لشکر میں داخل ہو گیا تو انہوں نے نیزوں کے ساتھ مجھے ٹھوکریں لگانا شروع کر دیں اور کہتے تھے: دور ہو! دور ہو! یہاں تک کہ میں رسول کریم ﷺ کے قریب ہو گیا جبکہ آپ ﷺ اپنی اونٹنی پہ سوار تھے۔ (اب بھی) میں آپ کی رکاب میں پاؤں کی پنڈلی کو دیکھ رہا ہوں' گویا کہ وہ دہکتا ہوا انگارہ ہے' میں نے اپنے ہاتھ میں وہ خط لے کر اسے بلند کیا اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ آپ کا وہ خط ہے۔ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یہ وفا اور نیکی کا دن ہے' پس میں نے اسلام قبول کر لیا اور اپنے مال کی زکوٰۃ لے کر آپ کی خدمت میں آیا۔

عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

عطاء بن ابورباح' حضرت سراقہ سے روایت کرتے ہیں

6475 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، قَالَ: تَمَتَّعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَمَتَّعْنَا مَعَهُ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ، أَهِيَ لَنَا، أَوْ هِيَ لِلْأَبَدِ؟ قَالَ: لِلْأَبَدِ

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے حج تمتع کیا اور آپ ﷺ کے ساتھ ہم نے بھی حج تمتع کیا' پس عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! کیا یہ صرف ہمارے لیے ہے یا یہ ہمیشہ کیلئے ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہمیشہ کیلئے ہے۔

رَجُلٌ غَيْرُ مُسَمًّى، عَنْ

نامعلوم نام والا ایک آدمی' حضرت

سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ

6476 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، زَعَمَ أَنَّ رَجُلًا، حَدَّثَهُ مِنْ بَنِي مُدْلِجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ: جَاءَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: عَلَّمَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ رَجُلٌ كَالْمُسْتَهْزِءِ: أَمَا عَلَّمَكُمْ كَيْفَ تَخْرُونَ؟ قَالَ: بَلَى، وَالَّذِي بَعَثَهُ بِالْحَقِّ لَأَمَرَنَا أَنْ نَتَوَكَّلَ عَلَى الْيُسْرَى، وَأَنْ نَنْصِبَ الْيُمْنَى

سراقہ سے روایت کرتا ہے

بنومدلج کا ایک آدمی کہتا ہے کہ میں نے اپنے والد گرامی کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ رسول کریم ﷺ کے پاس سے آئے تو کہا: ہمیں رسول کریم ﷺ نے فلاں فلاں بات سکھائی ہے پس اس آدمی نے ایسے کہا جیسے مذاق کرنے والا آدمی کہتا ہے: کیا اس نے تمہیں سکھایا نہیں کہ کیسے استنجاء کرتے ہیں؟ کہا: کیوں نہیں! قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! آپ ﷺ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ہم بائیں پاؤں پر سہارا لیں اور دائیں کو کھڑا رکھیں۔

سُرَاقَةُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَطِيَّةَ بْنِ خَنْسَاءَ الْأَنْصَارِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ مُؤْتَةَ

6477 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ مُؤْتَةَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ثُمَّ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّجَّارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي مَازِنِ بْنِ النَّجَّارِ سُرَاقَةُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَطِيَّةَ بْنِ خَنْسَاءَ

حضرت سراقہ بن عمرو بن عطیہ بن خنساء انصاری رضی اللہ عنہ آپ موتہ کے دن شہید کیے گئے تھے

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں اور انصار اور بنی نجار اور بنی مازن بن نجار میں سے جو موتہ کے دن شہید کیے گئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سراقہ بن عمرو بن عطیہ بن خنساء کا بھی ہے۔

سُرَاقَةُ بْنُ الْحُبَابِ

حضرت سراقہ بن حباب

الْأَنْصَارِيُّ

6478 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ خَيْبَرَ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ ثُمَّ مِنْ بَنِي الْعَجْلَانِ سُرَاقَةُ بْنُ الْحُبَابِ

6479 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ خَيْبَرَ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ سُرَاقَةُ بْنُ الْحُبَابِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ الْعَجْلَانِ

6480 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي الْعَجْلَانِ مُرَّةُ بْنُ سُرَاقَةَ بْنِ حُبَابٍ، هَكَذَا قَالَ ابْنُ شِهَابٍ

مَنِ اسْمُهُ سَوَاءٌ

سَوَاءٌ وَحَبَّةُ ابْنَا خَالِدٍ الْعَامِرِيَّانِ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَهُ شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ

انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عمرو بن عوف اور بنی عجلان میں سے جو خیبر کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ شہید ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سراقہ بن حباب کا بھی ہے۔

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ خیبر کے دن شہید ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت سراقہ بن حباب بن عدی بن عجلان کا بھی ہے۔

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی عجلان میں سے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ خیبر کے دن شہید ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت مرہ بن سراقہ بن حباب کا بھی ہے ابن شہاب نے ایسے ہی کہا ہے۔

جن کا نام سواء ہے

حضرت سواء عامری اور حبہ عامری دونوں حضرت خالد کے بیٹے ہیں ان کا تعلق بنی عمرو بن عامر بن ربیعہ بن عامر سے ہے یہ شباب عصفری نے کہا ہے۔

6831 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّوْطِيُّ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا وَهْبُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو النُّعْمَانِ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُهَلَّبَ بْنَ أَبِي صُفْرَةَ يَخْطُبُ يَقُولُ: قَالَ سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُصَلُّوا حِينَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ، وَلَا حِينَ تَسْقُطُ، فَإِنَّهَا تَسْقُطُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ، وَتَغِيبُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سورج کے غروب اور طلوع ہونے کے وقت نماز نہ پڑھو کیونکہ سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع اور غروب ہوتا ہے۔

6832 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُهَلَّبَ بْنَ أَبِي صُفْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سورج کے غروب اور طلوع ہونے کے وقت نماز نہ پڑھو کیونکہ سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع اور غروب ہوتا ہے۔

6831- ورواه الطيالسي رقم الحديث: 315، وابن أبي شيبة جلد2صفحه349 .

6832- ورواه عبد الرزاق رقم الحديث: 6198 .

جُنْدُبٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُصَلَّى بَعْدَ الصُّبْحِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، فَإِنَّهَا تَطْلُعُ عَلَى قَرْنَيْ شَيْطَانٍ

أَبُو الْمُهَلَّبِ عَمُّ أَبِي قِلَابَةَ الْجَرْمِيِّ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

ابوقلابہ الجرمی کے چچا حضرت ابومہلب' حضرت سمرہ بن جندب سے روایت کرتے ہیں

6833 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِهَذَا الْبَيَاضِ، لِيَلْبَسْهُ أَحْيَاؤُكُمْ، وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ، فَإِنَّهَا مِنْ خِيَارِ ثِيَابِكُمْ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ یہ سفیدی تم پر لازم ہے تا کہ تمہارے زندہ لوگ اس کو اپنا لباس بنائیں اور تم ان میں اپنے مُردوں کو کفن دو کیونکہ یہ تمہارے کپڑوں میں سے بہترین ہے۔

6834 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَمِّهِ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْبَيَاضِ، لِيَلْبَسْهُ أَحْيَاؤُكُمْ، وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ، فَإِنَّهُ مِنْ خِيَارِ ثِيَابِكُمْ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم پر سفیدی لازم ہے' تمہارے زندہ لوگ اس کا لباس پہنیں اور اس میں تم اپنے مُردوں کو کفن دو کیونکہ یہ تمہارے کپڑوں میں سے بہترین ہے۔

6834- ورواه ابن أبي شيبة جلد3صفحه266 .

6835 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِهَذِهِ الثِّيَابِ الْبَيَاضِ، فَلْيَلْبَسْهَا أَحْيَاؤُكُمْ، وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ عُلَيَّةَ أَبَا الْمُهَلَّبِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے راوی ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: تم پر یہ سفید کپڑے لازم ہیں' پس چاہیے کہ تمہارے زندہ اس کو پہنیں اور ان میں اپنے فوت شدگان کو کفن دو۔ اور حضرت ابن علیہ نے ابومہلب کا ذکر نہیں کیا۔

أَبُو مِجْلَزٍ لَاحِقُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

ابومجلز لاحق بن حمید' حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6836 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ' قَالَ: مَنْ نَسِيَ صَلَاةً فَلْيُصَلِّهَا إِذَا ذَكَرَهَا مِنَ الْغَدِ لِلْوَقْتِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو نماز پڑھنا بھول جائے تو وہ اس کو پڑھ لے' جب دوسرے دن وقت آنے کی وجہ سے اسے یاد آئے۔

قُدَامَةُ بْنُ وَبَرَةَ الْعُجَيْفِيُّ عَنْ

قدامہ بن وبرہ عجیفی' حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت

6835- قال في المجمع جلد 1صفحه322' ورجاله رجال الصحيح . قلت: أبو مجلز لاحق بن حميد قال ابن المدينى لم يلق سمرة' ثم انه مخالف للأحاديث الصحيحة .

6836- ورواه أحمد جلد 5صفحه41,8' وأبو داؤد رقم الحديث: 1041,1040' والنسائى جلد3صفحه89' وفى اسناده قدامة بن وبرة وهو مجهول وفى اسناد أبى داؤد الثانى جهالة وانقطاع ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 1128 بسند آخر قال المنذرى: منقطع .

سَمُرَةَ

6837 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْقَزَّازُ، ثنا أَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالُوا: ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ قُدَامَةَ بْنِ وَبَرَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَرَكَ جُمُعَةً مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ فَلْيَتَصَدَّقْ بِدِينَارٍ، فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَبِنِصْفِ دِينَارٍ

کرتے ہیں

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے بغیر عذر کے جمعہ چھوڑا' وہ ایک دینار صدقہ دے' جو ایک دینار نہ پائے وہ آدھا دینار صدقہ کرے۔

سَوَادَةُ بْنُ حَنْظَلَةَ الْقُشَيْرِيُّ عَنْ سَمُرَةَ

سوادہ بن حنظلہ قشیری' حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6838 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا هَمَّامٌ، ثنا سَوَادَةُ بْنُ حَنْظَلَةَ، إِمَامُ مَسْجِدِ بَنِي قُشَيْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ سَمُرَةَ بْنَ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہیں بلال کی اذان دھوکہ میں نہ ڈالے' نہ وہ سفیدی جو سحری کے وقت بلندی پر دیکھی جاتی ہے۔

6837- ورواه أحمد جلد 5 صفحه 7,9,13,14,18' ومسلم رقم الحديث: 1094' والنسائي جلد 4 صفحه 148' وأبو داؤد رقم الحديث: 2329' والترمذي رقم الحديث: 701' وأبو عوانة جلد 1 صفحه 373 .

وَسَلَّمَ: لَا يَغُرَّنَّكُمْ نِدَاءُ بِلَالٍ وَلَا بَيَاضٌ يُرَى بِأَعْلَى السَّحَرِ

6839 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَوَادِ بْنِ حَنْظَلَةَ الْقُشَيْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَمُرَةَ بْنَ جُنْدُبٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَغُرَّنَّكُمْ أَذَانُ بِلَالٍ وَلَا هَذَا السَّوَادُ، حَتَّى يَنْفَجِرَ هَكَذَا وَقَالَ بِيَدِهِ عَرْضًا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تمہیں بلال کی اذان اور یہ سیاہی دھوکہ میں نہ ڈالے یہاں تک کہ اس طرح سفیدی نہ ہو جائے' آپ نے اپنے ہاتھ سے چوڑائی کی طرف اشارہ کیا۔

6840 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، وَأَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزِّيَادِيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالُوا: ثنا أَبُو هِلَالٍ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ حَنْظَلَةَ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَمْنَعُكُمْ مِنَ السُّحُورِ أَذَانُ بِلَالٍ وَلَا الصُّبْحُ الْمُسْتَطِيلُ، وَلَكِنِ الصُّبْحُ الْمُسْتَطِيلُ فِي الْأُفُقِ وَاللَّفْظُ لِحَجَّاجِ بْنِ نُصَيْرٍ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تمہیں بلال کی اذان اور صبح کا پھیلنا نہ کہ وہ صبح جو اُفق پر پھیلتی ہے' وہ سحری کھانے سے نہ روکے۔ یہ الفاظ حدیث حجاج بن نصیر کے ہیں۔

6841 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تمہیں بلال کی اذان دھوکہ میں نہ

سوادة بن حنظلة القشيري عن سمرة

6841- ورواه أحمد جلد5 صفحه8-9' والبخاري رقم الحديث: 7047,6096,4674,3354,1143 مختصر ومطولا. والنسائي في الكبرىٰ' واستدركه الحاكم على الشيخين جلد4 صفحه397 فأخطأ . ورواه ابن أبي شيبة جلد11 صفحه62-66 .

أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَوَادَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَمُرَةَ بْنَ جُنْدُبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَغُرَّنَّكُمْ مِنْ سُحُورِكُمْ أَذَانُ بِلَالٍ وَلَا بَيَاضُ الصُّبْحِ هَكَذَا -وَرَفَعَ يَدَيْهِ- حَتَّى يَطِيرَ فِي الْأُفُقِ، وَعَرَّضَ بِيَدِهِ

ڈالے نہ وہ صبح کی سفیدی اس طرح (اور اپنے ہاتھوں کو بلند کیا) یہاں تک کہ وہ آسمان کے کناروں میں پھیل جائے اور آپ نے چوڑائی میں اپنے ہاتھوں سے اشارہ کیا۔

أَبُو رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيُّ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

ابورجاء عطاردی حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6842 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيفَةَ، ثنا عَوْفٌ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، ثنا سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيمَا يَقُولُ لِأَصْحَابِهِ: هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنْكُمْ رُؤْيَا؟ قَالَ: فَنَقُصُّ عَلَيْهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ نَقُصَّ، قَالَ: فَقَالَ ذَاتَ غَدَاةٍ: إِنَّهُ أَتَانِيَ اللَّيْلَةَ اثْنَانِ أَوِ آتِيَانِ فَابْتَعَثَانِي، وَقَالَا لِيَ: انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا وَإِنَّا أَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ مُضْطَجِعٍ، فَإِذَا آخَرُ قَائِمٌ عَلَيْهِ بِصَخْرَةٍ وَإِذَا هُوَ يَهْوِي بِالصَّخْرَةِ لِرَأْسِهِ، فَيَثْلَغُ رَأْسَهُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ اس بات میں ہوتے تھے جو آپ ﷺ صحابہ سے فرمایا کرتے تھے: کیا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ راوی کا بیان ہے: پس آپ ﷺ کے سامنے ہم بیان کرتے جو اللہ چاہتا کہ ہم بیان کریں۔ راوی کا بیان ہے کہ ایک دن آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک شان یہ ہے کہ آج رات میرے پاس دو آدمی آئے یا دو آنے والے پس اُنہوں نے مجھے اُٹھایا اور مجھ سے کہا: چلو! پس میں ان کے ساتھ چلا ہم ایک پہلو کے بل لیٹے ہوئے آدمی کے پاس آئے۔ پس ایک دوسرا آدمی اس پر چٹان کے ساتھ کھڑا تھا جبکہ وہ اس کے سر کے لیے چٹان کو نیچے

فَيَتَدَهْدَهُ الْحَجَرُ فَيَذْهَبُ هَهُنَا، فَيَتْبَعُهُ فَيَأْخُذُهُ ' فَلَا يَرْجِعُ إِلَيْهِ ' حَتَّى يَصِحَّ رَأْسُهُ كَمَا كَانَ، ثُمَّ يَعُودُ عَلَيْهِ فَيَفْعَلُ مِثْلَ فِعْلِ الْمَرَّةِ الْأُولَى، قُلْتُ لَهُمَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ ' مَا هَذَا؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ مُسْتَلْقٍ لِقَفَاهُ ' وَإِذَا آخَرُ قَائِمٌ بِكَلُّوبٍ مِنْ حَدِيدٍ، وَإِذَا هُوَ يَأْتِي إِحْدَى شِقَّيْ وَجْهِهِ، فَيُشَرْشِرُ شِدْقَهُ إِلَى قَفَاهُ، ثُمَّ يَتَحَوَّلُ إِلَى الْجَانِبِ الْآخَرِ، فَيَفْعَلُ بِهِ مِثْلَ ذَلِكَ، فَمَا يَفْرُغُ مِنْهُ حَتَّى يَصِحَّ ذَلِكَ الْجَانِبُ كَمَا كَانَ، ثُمَّ يَعُودُ إِلَيْهِ ' فَيَفْعَلُ بِهِ كَمَا فَعَلَ الْمَرَّةَ الْأُولَى، قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ ' مَا هَذَانِ؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَيْنَا عَلَى بِنَاءٍ مِثْلِ التَّنُّورِ -قَالَ: فَأَحْسِبُ أَنَّهُ قَالَ- فَسَمِعْنَا لَغَطًا وَأَصْوَاتًا - قَالَ- فَاطَّلَعْنَا فِيهِ، فَإِذَا فِيهِ رِجَالٌ وَنِسَاءٌ عُرَاةٌ، وَإِذَا هُوَ يَأْتِيهِمْ لَهَبٌ مِنْ أَسْفَلَ مِنْهُمْ، فَإِذَا أَتَاهُمْ ذَلِكَ اللَّهَبُ ضَوْضَوْا قُلْتُ لَهُمَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ ' مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقْ - قَالَ: فَانْطَلَقْنَا فَأَتَيْنَا عَلَى نَهَرٍ -حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: - أَحْمَرَ مِثْلِ الدَّمِ، وَإِذَا فِي النَّهَرِ رَجُلٌ يَسْبَحُ، وَإِذَا عَلَى شَاطِءِ النَّهَرِ رَجُلٌ قَدْ جَمَعَ عِنْدَهُ حِجَارَةً، وَإِذَا ذَلِكَ السَّابِحُ يَسْبَحُ مَا يَسْبَحُ، ثُمَّ يَأْتِي ذَلِكَ الَّذِي قَدْ جَمَعَ عِنْدَهُ حِجَارَةً فَيَفْغَرُ لَهُ فَاهُ فَيُلْقِمُهُ حَجَرًا، فَيَذْهَبُ

کرتا ہے۔ پس وہ اس کا سر کچل دیتا ہے۔ پس پتھر لڑھک جاتا ہے۔ پس وہ اس کو پکڑ لیتا ہے' پس وہ اس کی طرف واپس نہیں آتا ہے یہاں تک کہ اس کا سر درست ہو جاتا ہے جس طرح پہلے ہوتا ہے' پھر وہ لوٹتا ہے تو اسی طرح کرتا ہے جس طرح اس نے پہلے کیا ہوتا ہے (یہ عمل مسلسل جاری ہے)۔ میں نے ان دو آدمیوں سے کہا: اللہ پاک ہے! یہ کیا ہے؟ انہوں نے مجھے کہا: چلو! پس ہم چلے' پس ہم ایک ایسے آدمی کے پاس آئے جو گدی کے بل چت لیٹا ہوا ہے۔ جبکہ ایک دوسرا آدمی لوہے کی موٹی سلاخ لے کر کھڑا ہے اور اچانک وہ آتا ہے' اس کے چہرے کے دونوں حصوں میں سے ایک کے پاس۔ پس وہ اس کی باچھ سے اس کی گدی تک درانتی کی طرح دندانے بنا دیتا ہے پھر وہ دوسری طرف پھر جاتا ہے۔ پس اس کے ساتھ بھی وہی کام کرتا ہے' پس وہ اس کام سے مکمل طور پر فارغ نہیں ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کی پہلی طرف درست ہو جاتی ہے جس طرح پہلے تھی' پھر وہ اس کی طرف لوٹتا ہے' پس وہ اس کے ساتھ اسی طرح کرتا ہے جیسے پہلی مرتبہ کیا تھا۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں: میں نے ان سے کہا: یہ دو کیا ہیں؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: چلو! پس ہم چلے تو ایک تنور جیسی دیوار پر آئے۔ راوی کا بیان ہے: میرا گمان ہے کہ آپ نے فرمایا: پس میں نے اوٹ پٹانگ باتیں اور آوازیں سماعت کیں۔ فرماتے ہیں: ہم نے اس میں جھانک کر دیکھا تو ہماری نظر پڑی کہ کچھ ننگے مرد اور عورتیں ہیں اور اچانک ان کے نیچے سے آگ کا شعلہ آتا ہے' پس

فَيَسْبَحُ مَا يَسْبَحُ، ثُمَّ يَرْجِعُ، كُلَّمَا رَجَعَ فَغَرَ لَهُ فَاهُ فَأَلْقَمَهُ حَجَرًا، قُلْتُ لَهُمَا: مَا هَذَا؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ كَرِيهِ الْمَرْآةِ، كَأَكْرَهِ مَا أَنْتَ رَاءٍ رَجُلًا مِرْآةً، وَإِذَا نَارٌ يَحُشُّهَا وَيَسْعَى حَوْلَهَا -قَالَ- قُلْتُ لَهُمَا: مَا هَذَا؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقِ، انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَيْنَا رَوْضَةً مُعْشِبَةً فِيهَا مِنْ كُلِّ الرَّبِيعِ، وَإِذَا بَيْنَ ظَهْرَانَيِ الرَّوْضَةِ رَجُلٌ طَوِيلٌ، لَا أَكَادُ أَنْ أَرَى رَأْسَهُ طُولًا فِي السَّمَاءِ، وَإِذَا حَوْلَ الرَّجُلِ مِنْ أَكْثَرِ وِلْدَانٍ رَأَيْتُهُمْ قَطُّ، وَأَحْسَنِهِمْ -قَالَ- قُلْتُ لَهُمَا: سُبْحَانَ اللَّهِ، مَا هَذَا؟ وَمَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقْ، فَانْتَهَيْنَا إِلَى دَوْحَةٍ عَظِيمَةٍ لَمْ أَرَ دَوْحَةً قَطُّ أَعْظَمَ مِنْهَا، وَلَا أَحْسَنَ -قَالَ- قَالَا لِيَ: ارْقَ فِيهَا، فَارْتَقَيْنَا، فَانْتَهَيْنَا إِلَى مَدِينَةٍ مَبْنِيَّةٍ بِلَبِنِ ذَهَبٍ وَلَبِنِ فِضَّةٍ، فَأَتَيْنَا بَابَ الْمَدِينَةِ، فَاسْتَفْتَحْنَاهَا، فَفُتِحَ لَنَا، فَدَخَلْنَاهَا، فَتَلَقَّانَا فِيهَا رِجَالٌ شَطْرٌ مِنْ خَلْقِهِمْ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ، وَشَطْرٌ كَأَقْبَحِ مَا أَنْتَ رَاءٍ رَجُلًا -قَالَ- فَقَالَا: اذْهَبُوا فَقَعُوا فِي ذَلِكَ النَّهْرِ، وَإِذَا نَهْرٌ مُعْتَرِضٌ يَجْرِي كَأَنَّ مَاءَهُ الْمَحْضُ بِالْبَيَاضِ -قَالَ: فَذَهَبُوا فَوَقَعُوا فِيهِ، ثُمَّ رَجَعُوا إِلَيْنَا وَقَدْ ذَهَبَ عَنْهُمُ السُّوءُ، وَصَارُوا فِي أَحْسَنِ صُورَةٍ - قَالَ: قَالَا لِي: هَذِهِ جَنَّةُ عَدْنٍ، وَهَا هُوَ ذَاكَ

جب انہیں آگ کا شعلہ پہنچتا ہے تو وہ شور کرتے ہیں۔ میں نے ان دونوں سے کہا: سبحان اللہ! یہ کیا ہیں؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: چلو! پس ہم چلے تو ایک نہر پر آئے۔ (راوی کہتا ہے:) میرا گمان ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: سرخ خون کی مانند۔ اس نہر میں ایک آدمی تیر رہا تھا اور اس نہر کے کنارے ایک آدمی تھا جس نے پتھر اکٹھے کر رکھے تھے تیرنے والا آدمی تیرتا جتنا وہ تیرتا پھر وہ اس کے پاس آتا جس نے پتھر اکٹھے کر رکھے تھے۔ پس وہ اس کے سامنے اپنا منہ کھولتا اور وہ اس میں ایک پتھر ڈال دیتا تھا۔ پس وہ چلا جاتا' وہ تیرتا رہتا جتنا وہ تیرتا، پھر ہو لوٹ آتا' جب بھی وہ لوٹتا تو وہ اپنا منہ کھولتا اور دوسرا آدمی اس کے منہ میں پتھر پھینک دیتا تھا۔ میں نے ان دونوں سے کہا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: چلو! پس ہم چل کر ایک ایسے آدمی کے پاس آئے جو انتہائی بھیانک منظر والا تھا' جتنا ناپسندیدہ آپ نے کوئی نہ دیکھا ہوگا' ایک آگ ہے جسے وہ بھڑکاتا ہے اور اس کے گرد چکر لگاتا ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے دونوں سے کہا: یہ کیا ہے؟ ان دونوں نے مجھے کہا: چلو! پس ہم چلے۔ پس ہم ایک گھاس والے باغ پر آئے' اس میں ہر قسم کی گھاس تھی' اس باغ کے درمیان ایک لمبا تڑنگا آدمی تھا' قریب تھا کہ میں اس کے سر کو لمبائی میں آسمان میں جاتا ہوا دیکھوں' اس کے اردگرد بہت سارے خوبصورت بچے تھے۔ فرماتے ہیں کہ میں نے ان دونوں سے کہا: سبحان اللہ! یہ کیا ہے؟ اور یہ بچے کیا ہیں؟ ان دونوں نے مجھ سے کہا: چلو! پس ہم ایک بہت بڑے پھیلے ہوئے گنجان

مَنْزِلُكَ، فَسَمَا بَصَرِي مُصْعِدًا -قَالَ -فَإِذَا قَصْرٌ مِثْلُ الرَّبَابَةِ الْبَيْضَاءِ -قَالَ: قَالَا: هُوَ ذَاكَ مَنْزِلُكَ، فَقُلْتُ لَهُمَا: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا، خَلِّيَانِي، ذَرَانِي أَدْخُلْهُ، قَالَا لِي: أَمَّا الْآنَ، فَلَا، وَأَنْتَ دَاخِلُهُ -قَالَ -قُلْتُ لَهُمَا: إِنِّي قَدْ رَأَيْتُ مُنْذُ اللَّيْلَةِ عَجَبًا، فَمَا هَذَا الَّذِي رَأَيْتُ؟ -قَالَ -قَالَا لِي: أَمَا إِنَّا سَنُخْبِرُكَ: أَمَّا الرَّجُلُ الْأَوَّلُ الَّذِي أَتَيْتَ عَلَيْهِ يُثْلَغُ رَأْسُهُ بِالْحَجَرِ فَإِنَّهُ رَجُلٌ يَأْخُذُ الْقُرْآنَ، وَيَنَامُ عَنِ الصَّلَاةِ الْمَكْتُوبَةِ، وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي أَتَيْتَ عَلَيْهِ يُشَرْشِرُ شِدْقُهُ وَعَيْنُهُ وَمِنْخَرَاهُ إِلَى قَفَاهُ، فَإِنَّهُ الرَّجُلُ يَغْدُو مِنْ بَيْتِهِ، فَيَكْذِبُ الْكِذْبَةَ تَبْلُغُ الْآفَاقَ، وَأَمَّا الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ الْعُرَاةُ الَّذِينَ فِي مِثْلِ بِنَاءِ التَّنُّورِ، فَإِنَّهُمُ الزُّنَاةُ وَالزَّوَانِي، وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي يَسْبَحُ فِي النَّهَرِ، وَيُلْقَمُ الْحِجَارَةَ، فَإِنَّهُ آكِلُ الرِّبَا، وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي عِنْدَهُ الْكَرِيهُ الْمَرْآةِ فَإِنَّهُ مَالِكٌ خَازِنُ جَهَنَّمَ، وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي فِي الرَّوْضَةِ فَإِنَّهُ إِبْرَاهِيمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمَّا الْوِلْدَانُ الَّذِينَ حَوْلَهُ فَكُلُّ مَوْلُودٍ عَلَى الْفِطْرَةِ قَالَ: وَقَالَ بَعْضُ الْمُسْلِمِينَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَأَوْلَادُ الْمُشْرِكِينَ؟ قَالَ: وَأَوْلَادُ الْمُشْرِكِينَ، وَأَمَّا الْقَوْمُ الَّذِينَ كَانُوا شَطْرًا مِنْهُمْ حَسَنًا وَشَطْرًا مِنْهُمْ قَبِيحًا، فَإِنَّهُمْ قَوْمٌ خَلَطُوا عَمَلًا صَالِحًا

درخت تک پہنچے۔ میں نے اتنا بڑا اور اتنا خوبصورت درخت نہ دیکھا تھا۔ فرماتے ہیں: ان دونوں نے مجھے کہا: اس میں چڑھیں' پس ہم ایک شہر تک پہنچے جو سونے اور چاندی کی اینٹوں سے بنا ہوا تھا' پس ہم شہر کے دروازے کے پاس پہنچے' پس ہم نے اس کے کھلنے کی خواہش کی تو ہمارے لیے اسے کھولا گیا۔ پس ہم اس میں داخل ہوئے تو ہمیں اس میں کچھ لوگ ملے جن کی طرف تو اتنی خوبصورت تھی جیسی تُو نے دیکھی نہ ہو اور ایک طرف اتنی بدصورت کہ تُو نے ایسا آدمی نہ دیکھا ہو۔ آپ فرماتے ہیں: تو ان دونوں نے کہا: جاؤ! اس نہر میں داخل ہو جاؤ جبکہ وہاں ایک ایسی نہر تھی جس میں بہت زیادہ سفید پانی چلتا تھا۔ فرماتے ہیں: وہ جا کر اس میں داخل ہو گئے پھر لوٹ کر ہماری طرف آئے اس حال میں کہ وہ تکلیف اُن سے دور ہو چکی تھی' ان کی شکل خوبصورت ہو چکی تھی۔ فرماتے ہیں: ان دونوں نے مجھ سے کہا: یہ جنت عدن ہے اور یہ وہ جگہ ہے جو آپ کی منزل ہے۔ پس میں نے اپنی نظروں کو اوپر اُٹھایا۔ فرماتے ہیں: مجھے سفید بادل کی مانند ایک محل نظر آیا۔ فرماتے ہیں: اُنہوں نے مجھے بتایا: یہ آپ کی منزل ہے۔ میں نے ان سے کہا: اللہ آپ کو برکت دے! مجھے اجازت دو! مجھے چھوڑو! میں تو اس میں جاتا ہوں۔ اُنہوں نے مجھ سے کہا: لیکن ابھی آپ داخل نہ ہوں گے۔ فرماتے ہیں: میں نے ان سے کہا: بے شک آج رات میں نے تعجب خیز چیزیں دیکھی ہیں۔ پس یہ کیا ہے جو میں نے دیکھا ہے (لوگوں کی خاطر حکایت بنانے کیلئے پوچھا ورنہ

وَآخَرَ سَيِّئًا فَتَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

آپ ﷺ کو علم تھا) اُنہوں نے مجھ سے کہا: (اب) ہم آپ کو خبر دیتے ہیں کہ وہ پہلا آدمی جس پر آئے جس کا سر پتھر سے کچلا جا رہا تھا' اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ قرآن کا علم حاصل کرنے والا تھا لیکن فرض نماز کے وقت سو جاتا تھا' بہرحال وہ آدمی جس پر آپ آئے اور اس کی باچھوں' آنکھوں اور ناک کے دندانے بنائے جا رہے تھے تو وہ آدمی گھر سے نکلتا تھا تو جھوٹ بولتا تھا جو آسمان کے کناروں میں پھیل جاتا تو وہ ننگے مرد اور عورتیں جو تنور جیسی چار دیواری میں تھے وہ زانی تھے' لیکن وہ آدمی جو نہر میں تیر رہا تھا اور پتھر نگل رہا تھا' وہ سود کھانے والا تھا۔ بہرحال وہ آدمی جس کے پاس مکروہ صورت عورت تھی تو وہ خازن جہنم مالک تھا' وہ آدمی جو باغ میں تھا وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے اور وہ بچے جو ان کے اردگرد تھے وہ ہر بچہ فطرتِ اسلام پر پیدا ہوتا ہے۔ راوی کا بیان ہے: اور بعض مسلمانوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا وہ مشرکین کے بچے تھے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! وہ مشرکین کے بچے تھے اور وہ گروہ جن کی ایک طرف خوبصورت اور دوسری بدصورت تھی' وہ ایسے لوگ تھے جنہوں نے بعض اعمال اچھے کیے اور بعض اعمال بُرے کیے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان پر مہربانی فرمائی' ان کو معاف کر دیا۔

6843 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، بِمِصْرَ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَطَاءٍ الْخُزَاعِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ جب بھی صبح کرتے تو صحابہ کرام سے فرماتے: کیا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ راوی کا بیان ہے: ایک دن' رسول کریم ﷺ نے صبح

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا أَصْبَحَ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنكُمْ رُؤْيَا؟ قَالَ: وَإِنَّهُ أَصْبَحَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ كَأَنَّ اثْنَيْنِ أَتَيَانِي، فَقَالَا: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا، حَتَّى انْتَهَيَا بِي عَلَى شَيْخٍ أَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ، كَئِيبٍ حَزِينٍ عِنْدَهُ نَارٌ وَهُوَ يَحُشُّهَا وَيُصْلِحُ مِنْهَا، فَقُلْتُ: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا، مَنْ هَذَا الشَّيْخُ؟ وَمَا هَذِهِ النَّارُ؟ فَقَالَا لِي: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا، حَتَّى انْتَهَيَا بِي إِلَى رَجُلٍ، وَإِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ عَلَى رَأْسِهِ وَإِذَا بِيَدِهِ كَلُّوبٌ مِنْ حَدِيدٍ، وَهُوَ يُشَرْشِرُ فَمَهُ إِلَى قَفَاهُ، وَمَنْخِرَهُ إِلَى قَفَاهُ وَعَيْنَهُ إِلَى قَفَاهُ، ثُمَّ يَفْعَلُ بِهَذِهِ النَّاحِيَةِ الْأُخْرَى، فَمَا يَفْرُغُ مِنْهَا حَتَّى تَعُودَ تِلْكَ النَّاحِيَةُ كَأَصَحِّ مَا كَانَتْ، فَقُلْتُ: يَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمْ مَا هَذَانِ الرَّجُلَانِ؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا حَتَّى أَتَيَا بِي إِلَى رَجُلٍ مُسْتَلْقٍ عَلَى قَفَاهُ، وَإِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ عَلَى رَأْسِهِ بِيَدِهِ صَخْرَةٌ، وَهُوَ يَثْلَغُ بِهَا رَأْسَهُ، فَيَدْهَدُهُ الْحَجَرُ مَكَانًا أَتَاكَ أَتَاكَ، فَيَذْهَبُ فَيَأْخُذُهُ، فَمَا يَرْجِعُ إِلَى صَاحِبِهِ حَتَّى يَرْجِعَ رَأْسُهُ كَأَصَحِّ مَا كَانَ، فَيَفْعَلُ نَحْوَ مَا فَعَلَ، فَقُلْتُ: يَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا، مَا هَذَانِ؟ قَالَا: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا، حَتَّى انْتَهَيَا بِي إِلَى شِبْهِ الْبِرْكَةِ، وَإِذَا فِيهَا رَجُلٌ

فرمائی تو فرمایا: میں نے (خواب) دیکھا ہے گویا دو آدمی میرے پاس آئے کہا: چلو چلو! پس میں ان کے ساتھ چلا حتیٰ کہ ہم ایک سفید سر اور سفید ریش آدمی کے پاس پہنچے جو غمگین اور پریشان تھا اس کے پاس آگ تھی اور وہ اُسے بھڑکا رہا تھا اور اس سے اصلاح کر رہا تھا۔ میں نے ان سے کہا: اللہ آپ کو برکت دے! یہ بوڑھا آدمی کون ہے اور یہ آگ کیا ہے؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: چلو چلو! میں ان کے ساتھ چلا حتیٰ کہ وہ مجھے ایک آدمی کے پاس لائے جس کے سر پر دوسرا آدمی کھڑا تھا جس کے ہاتھ میں لوہے کی سلاخ تھی وہ اس کے منہ سے اس کی گدی تک دندانے بنا رہا تھا درانتی کی طرح ناک سے گدی تک اور اس کی آنکھ سے گدی تک پھر وہ اس دوسری طرف سے ایسا کرتا ہے پس وہ دوسری طرف سے ابھی فارغ نہیں ہوا ہوتا کہ اس کا پہلا حصہ بالکل پہلے کی طرح درست ہو جاتا ہے۔ میں نے ان سے کہا: اللہ آپ دونوں کو برکت دے! یہ دو آدمی کیا ہیں؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: آگے چلو آگے چلو! پس میں ان کے ساتھ چلا حتیٰ کہ وہ مجھے ایک گدی کے بل لیٹے ہوئے آدمی کے پاس لائے اس کے سر پر ایک آدمی کھڑا تھا جس کے ہاتھ میں پتھر ہے اس کے ساتھ وہ اس کا سر کچل دیتا ہے پس وہ پتھر لڑھک جاتا ہے ایک جگہ آہستہ آہستہ۔ پس وہ جاتا ہے اور اس کو پکڑ لاتا ہے۔ پس وہ اس آدمی کی طرف لوٹ کر آتا ہے تو اتنے تک اس کا سر بھی درست ہو جاتا ہے پس وہ پہلے جیسا کام کرتا ہے۔ میں نے کہا: اللہ آپ کو برکت دے! یہ دونوں کیا ہیں؟ ان دونوں

يَسْبَحُ، وَإِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ عَلَى شَفَةِ الْبِرْكَةِ بِيَدِهِ صَخْرَةٌ، فَيَجِيءُ السَّابِحُ فَيَفْغَرُ لَهُ فَاهُ، فَيُلْقِمُهُ ذَلِكَ الْحَجَرَ، فَقُلْتُ: يَا بَارَكَ اللَّهُ فِيكُمَا، مَا هَذَانِ؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا حَتَّى انْتَهَيَا بِي إِلَى شِبْهِ التَّنُّورِ، وَإِذَا فِيهِ رِجَالٌ وَنِسَاءٌ، فَيَأْتِيهِمْ لَهَبٌ أَسْفَلَ مِنْهُمْ فَيُضَوْضِئُوا، فَقُلْتُ: يَا بَارَكَ اللَّهُ فِيكُمَا، مَا هَؤُلَاءِ؟ فَقَالَا لِيَ: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا حَتَّى انْتَهَيَا بِي إِلَى أَرْضٍ بَيْضَاءَ كَأَنَّهَا الْفِضَّةُ، وَإِذَا فِيهَا كُلُّ نَوْرِ رَبِيعٍ، وَإِذَا رَجُلٌ أَبْيَضُ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ كَأَجْمَلِ مَا أَنْتَ رَاءٍ مِنَ الرِّجَالِ، وَإِذَا عِنْدَهُ وِلْدَانٌ فَهُوَ مُحَوِّشُهُمْ وَيُصْلِحُ مِنْهُمْ، فَقُلْتُ: يَا بَارَكَ اللَّهُ فِيكُمَا، مَنْ هَذَا الشَّيْخُ؟ وَمَنْ هَؤُلَاءِ الْوِلْدَانُ؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا حَتَّى انْتَهَيَا بِي إِلَى أَرْضٍ بَيْضَاءَ كَأَنَّهَا الْفِضَّةُ، وَإِذَا فِيهَا نَهَرٌ يَجْرِي، وَيَجِيءُ قَوْمٌ نِصْفُ أَجْسَادِهِمْ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ، وَنِصْفُ أَجْسَادِهِمْ كَأَقْبَحِ مَا أَنْتَ رَاءٍ، فَيَدْخُلُونَ فِي ذَلِكَ النَّهَرِ كَأَنَّمَا أُمِرُوا بِهِ، فَيَخْرُجُونَ مِنْهُ كَأَنَّمَا دُهِنُوا بِالدِّهَانِ، فَقُلْتُ: يَا بَارَكَ اللَّهُ فِيكُمَا، مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَا: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا حَتَّى انْتَهَيَا بِي إِلَى سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى، وَهِيَ جَنَّةُ عَدْنٍ، وَذَاكَ مَنْزِلُكَ، قُلْتُ: يَا بَارَكَ اللَّهُ فِيكُمَا

نے کہا: چلو چلو! پس میں ان کے ساتھ چلا حتیٰ کہ وہ مجھے لے کر ایک تالاب جیسی چیز کے پاس آئے۔ اس میں ایک آدمی تیر رہا تھا' اس تالاب کے ایک کنارے پر دوسرا آدمی موجود تھا جس کے ہاتھ میں پتھر تھا' وہ تیرنے والا اس کے پاس آ کر اپنا منہ کھولتا اور وہ آدمی وہ پتھر اس کے منہ میں ڈالتا۔ میں نے ان سے کہا: اللہ آپ کو برکت دے! یہ دونوں کون ہیں؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: چلو چلو! حتیٰ کہ وہ مجھے لے کر تنور کی مانند ایک چیز کے پاس آئے' اس میں مرد اور عورتیں تھیں' پس نیچے سے ان کے پاس آگ کا شعلہ آتا تو وہ شور مچا دیتے۔ میں نے کہا: اللہ آپ کو برکت دے! یہ کون ہیں؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: چلو چلو! پس میں ان کے ساتھ چلا حتیٰ کہ وہ مجھے ایک سفید زمین تک لائے' گویا وہ چاندی ہے' اس میں موسم بہار کا ہر نور ہے' اس میں سفید سر والا اور سفید ریش آدمی ہے' ایسا خوبصورت کہ آپ نے لوگوں میں سے نہ دیکھا ہوگا' اس کے پاس بچے ہیں۔ پس میں نے ان سے کہا: اللہ تم کو برکت دے! یہ بزرگ کون ہیں اور یہ بچے کون ہیں؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: چلو چلو! پس میں ان کے ساتھ چلا حتیٰ کہ وہ مجھے لے کر ایک اور سفید زمین تک آئے گویا وہ چاندی ہے' اس میں ایک نہر جاری ہے اور ایک گروہ آتا ہے جن کے آدھے جسم انتہائی خوبصورت ہیں اور آدھے بہت بدصورت' پس وہ اس نہر میں داخل ہوتے ہیں' گویا ان کو حکم دیا گیا ہے' پس وہ اس سے نکلتے ہیں تو گویا ان کو خوبصورت بنانے والا تیل لگا دیا گیا ہے۔ پس میں نے کہا: اللہ تم کو

' دَعَانِي فَأَدْخُلُهُ، قَالَا: لَا، وَأَنْتَ دَاخِلُهُ، قُلْتُ: يَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا ' إِنِّي قَدْ رَأَيْتُ مُنْذُ اللَّيْلَةِ عَجَبًا ' قَالَا: نُخْبِرُكَ: أَمَّا الَّذِي رَأَيْتَ أَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ فَذَاكَ مَالِكٌ خَازِنُ جَهَنَّمَ، وَأَمَّا الَّذِي رَأَيْتَ يُشَرْشِرُ فَمُهُ إِلَى قَفَاهُ وَمَنْخَرُهُ إِلَى قَفَاهُ فَذَاكَ رَجُلٌ يَخْرُجُ مِنْ مَنْزِلِهِ ' يَكْذِبُ الْكِذْبَةَ، فَيَشِيعُ فِي الْآفَاقِ، وَأَمَّا الَّذِي رَأَيْتَ يُثْلَغُ رَأْسُهُ، فَيُتْرَكُ كَأَنَّهُ خُبْزَةٌ، فَذَلِكَ الرَّجُلُ النَّمَّامُ، وَأَمَّا الَّذِي رَأَيْتَ فِي الْبِرْكَةِ يُلْقَمُ حَجَرًا فَذَلِكَ الرَّجُلُ الَّذِي يَأْكُلُ مَالَ الْيَتِيمِ، وَأَمَّا الَّذِي رَأَيْتَ فِي شِبْهِ التَّنُّورِ فَأُولَئِكَ الزَّوَانِي وَالزُّنَاةُ، وَأَمَّا الَّذِي رَأَيْتَ الْأَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ فَذَاكَ إِبْرَاهِيمُ خَلِيلُ اللّٰهِ، وَالْوِلْدَانُ الَّذِينَ رَأَيْتَ فَذَاكَ وِلْدَانُ الْمُسْلِمِينَ، وَكُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ، وَأَمَّا الَّذِينَ رَأَيْتَ نِصْفَ أَجْسَادِهِمْ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ ' وَنِصْفَ أَجْسَادِهِمْ كَأَقْبَحِ مَا أَنْتَ رَاءٍ ' فَأُولَئِكَ قَوْمٌ عَمِلُوا عَمَلًا صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا، فَيَغْفِرُ اللّٰهُ لَهُمْ

برکت دے! یہ کون ہیں؟ وہ کہتے ہیں: چلو چلو! پس میں ان کے ساتھ چلا حتیٰ کہ وہ مجھے لے کر سدرۃ المنتہیٰ پہ آئے' وہ جنت عدن ہے' یہ آپ کی منزل ہے' میں کہتا ہوں: اللہ تم کو برکت دے! مجھے چھوڑو! میں تو اس میں داخل ہوتا ہوں۔ وہ دونوں کہتے ہیں: جی نہیں! آپ (اب) داخل ہونے والے نہیں۔ میں نے کہا: اللہ آپ دونوں کو برکت دے! میں نے رات سے عجیب چیزیں دیکھی ہیں۔ اُنہوں نے کہا: ہم آپ کو بتاتے ہیں! بہرحال وہ آدمی جو سفید سر والا اور سفید ریش آپ نے دیکھا تو وہ خازنِ جنت جنابِ مالک تھے' اور وہ آدمی جس کے منہ اور ناک سے گدی تک درانتی کی طرح دندانے بنائے جا رہے تھے تو وہ ایسا آدمی ہے جو گھر سے نکلتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے اور اس کا جھوٹ دنیا میں عام ہو جاتا ہے' اور وہ آدمی جس کا سر کچلا جا رہا ہے اور چھوڑ دیا جاتا ہے گویا کہ وہ روٹی ہے تو وہ چغل خور ہے' اور جو تالاب میں آدمی تھا اور پتھر نگل جاتا تھا تو وہ یتیم کا مال کھانے والا ہے' اور جو تنور کی مانند جگہ میں ہیں وہ زانی مرد اور عورتیں ہیں' اور وہ آدمی سفید سر والا اور سفید داڑھی والا تو وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں اور وہ بچے جو آپ نے دیکھے وہ مسلمانوں کے بچے ہیں اور ہر بچہ فطرتِ اسلام پر پیدا ہوتا ہے' اور جن لوگوں کے آدھے جسم خوبصورت اور آدھے بدصورت ہیں تو وہ ایسے لوگ ہیں جن کے بعض اعمال اچھے اور بعض اعمال بُرے ہیں' پس اللہ نے ان کو بخش دیا ہے۔

6844 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6844- ورواه مسلم رقم الحديث: 2275' والترمذي رقم الحديث: 2396' ومن طريق وهب به مختصراً.

التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ الْوَاسِطِيِّ، عَنْ أَبِي الْحَارِثِ الْعَبْدِيِّ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَصْبَحَ قَالَ: هَلْ مِنْكُمْ مَنْ رَأَى رُؤْيَا؟، فَيُعَبِّرُهَا لَهُ، حَتَّى إِذَا أَصْبَحَ يَوْمًا، فَقَالَ: هَلْ مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ رَأَى رُؤْيَا؟ فَسَكَتَ الْقَوْمُ، فَقَالَ: وَلَكِنِّي أَنَا رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ، أَتَانِي رَجُلَانِ فَقَالَا لِيَ: انْطَلِقْ، فَمَرَّ بِي عَلَى رَجُلٍ فِي يَدِهِ صَخْرَةٌ، يَضْرِبُ بِهَا رَأْسَ رَجُلٍ فَيَنْثُرُ دِمَاغَهُ، فَتَعُودُ الصَّخْرَةُ فِي يَدِهِ، وَيَعُودُ رَأْسُهُ كَمَا كَانَ -قَالَ- فَقُلْتُ: مَا هَذَا؟ فَقَالَا: انْطَلِقْ، فَمَرَّ بِي عَلَى رَجُلٍ فِي يَدِهِ كُلَّابٌ مِنْ حَدِيدٍ يَشُقُّ بِهِ شِدْقَ رَجُلٍ، حَتَّى إِذَا بَلَغَ أَقْصَاهُ أَخَذَ فِي الْآخَرِ عَادَ هَذَا كَمَا كَانَ، قُلْتُ: مَا هَذَا؟ فَقَالَا لِيَ: انْطَلِقْ، فَمَرَّ بِي عَلَى رَجُلٍ فِي نَهَرٍ مِنْ دَمٍ وَقَدْ أُلْجِمَهُ، وَعَلَى شَطِّ النَّهَرِ رَجُلٌ يُوقِدُ نَارًا فِيهَا حِجَارَةٌ، كُلَّمَا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ أَخَذَ حَجَرًا مِنْهَا فَأَلْقَاهُ فِي فِيهِ فَرَجَعَ، قُلْتُ: مَا هَذَا؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقْ، فَمَرَّا بِي عَلَى بَيْتٍ أَسْفَلُهُ أَضْيَقُ مِنْ أَعْلَاهُ، فِيهِ نَاسٌ عُرَاةٌ، يُوقَدُ النَّارُ تَحْتَهُمْ، كُلَّمَا أُوقِدَتْ ضَجُّوا فَإِذَا أُطْفِئَتْ سَكَنُوا، قُلْتُ: مَا هَذَا؟

رسول کریم ﷺ جب صبح فرمایا کرتے تھے تو ارشاد فرماتے: کیا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ (اگر کوئی خواب بیان کرتا) تو آپ اس کیلئے اس کی تعبیر بیان فرماتے' یہاں تک کہ ایک دن آپ نے صبح کی تو فرمایا: تم میں سے کوئی ہے جس نے کوئی خواب دیکھا ہو۔ سارے خاموش رہے تو آپ ﷺ نے فرمایا: لیکن میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ دو آدمی میرے پاس آئے۔ اُنہوں نے مجھ سے کہا: چلو! پس وہ مجھے ایک ایسے آدمی پر لے چلے جس کے ہاتھ میں پتھر تھا' اس کے ساتھ وہ ایک آدمی کے سر کو مار رہا تھا' اس کا بھیجا نکل کر بکھر جاتا' پس وہ پتھر اس کے ہاتھ میں لوٹ آتا اور اس کا سر بھی اپنی پہلی حالت میں لوٹ آتا۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں: میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ تو ان دونوں نے کہا: چلو! پس وہ مجھے لے کر ایک ایسے آدمی کے پاس آئے جس کے ہاتھ میں لوہے کی سلاخ تھی' جس کے ساتھ وہ ایک آدمی کی باچھیں پھاڑ دیتا حتیٰ کہ جب وہ اس سے دور چلا جاتا تو وہ دوسری اُٹھا لیتا' اس آدمی کی باچھیں اپنی پہلی حالت پر آ جاتی۔ میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ پس ان دونوں نے کہا: آپ چلیں! پس وہ مجھے لے کر ایک ایسے آدمی کے پاس آئے جو خون کی نہر میں تھا اور اسے لگام دی گئی تھی' نہر کے کنارے پر دوسرا آدمی تھا جو آگ جلا رہا تھا جس میں پتھر تھے' جب بھی وہ نہر سے نکلنے کا ارادہ کرتا تو (کنارے والا) وہ آدمی ان میں سے ایک پتھر پکڑ کر اس کے منہ میں ڈال دیتا۔ پس وہ پیچھے لوٹ جاتا۔ میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: آپ

قَالَا لِيَ: انْطَلِقْ، فَمَرَّا بِي عَلَى شَجَرَةٍ، تَحْتَهَا رَجُلٌ يُوقِدُ نَارًا وَيُصْلِحُهَا، فَإِذَا تَفَرَّقَتْ جَمَعَهَا، قُلْتُ: مَا هَذَا؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقْ - حَتَّى أَتَيَا بِي وَسْطَ شَجَرَةٍ، فَإِذَا مَنَازِلُ حِسَانٌ، فَقُلْتُ: مَا هَذَا؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقْ، فَانْطَلَقَا بِي حَتَّى أَتَيَا بِي أَعْلَى الشَّجَرَةِ، فَإِذَا مَنَازِلُ هِيَ أَحْسَنُ مِنْهَا، وَإِذَا غُرَفٌ ثَلَاثَةٌ، قُلْتُ: مَا هَذَا؟ قَالَا: عَلَى رِسْلِكَ، أَمَّا الَّذِي فِي يَدِهِ صَخْرَةٌ يَضْرِبُ عَلَى رَأْسِ الرَّجُلِ فَأُولَئِكَ الَّذِينَ يَنَامُونَ عَنِ الصَّلَاةِ - وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: هَذَا الَّذِي أُوتِيَ عِلْمًا فَهُوَ يُوقَظُ لَهُ - وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي رَأَيْتَ فِي يَدِهِ كُلَّابٌ يَشُقُّ بِهِ شِدْقَ رَجُلٍ فَأُولَئِكَ الَّذِينَ يَسْعَوْنَ بِالنَّمِيمَةِ، وَأَمَّا الَّذِي رَأَيْتَ فِي نَهَرٍ مِنْ دَمٍ فَأُولَئِكَ أَكَلَةُ الرِّبَا، وَأَمَّا الَّذِينَ رَأَيْتَ أَسْفَلُهُ أَضْيَقُ مِنْ أَعْلَاهُ، فِيهِ نَاسٌ عُرَاةٌ فَأُولَئِكَ زُنَاةُ الْأُمَّةِ، وَكَذَلِكَ يَكُونُونَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي رَأَيْتَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ يُوقِدُ النَّارَ وَيُصْلِحُهَا فَمَالِكٌ خَازِنُ النَّارِ، وَأَمَّا الْمَنَازِلُ الَّتِي رَأَيْتَ وَسْطَ الشَّجَرَةِ فَتِلْكَ مَنَازِلُ الْمُؤْمِنِينَ عَامَّةً، وَهَذِهِ مَنَازِلُ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ، وَهَذِهِ الْغُرْفَةُ لَكَ، وَأَنَا جِبْرِيلُ، وَهَذَا مِيكَائِيلُ

چلیں! پس وہ دونوں مجھے لے کر ایک ایسے مکان پر آئے جو اوپر کی نسبت نیچے سے زیادہ تنگ تھا' اس میں ننگے لوگ تھے' ان کے نیچے آگ جلائی جارہی تھی' جب آگ جلتی تو وہ شور مچاتے' پس جب آگ بجھ جاتی تو وہ خاموش ہو جاتے۔ میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ ان دونوں نے کہا: آپ چلیں! پس وہ مجھے لے کر ایک ایسے درخت کے پاس آئے جس کے نیچے ایک آدمی آگ جلا رہا تھا اور اسے درست کر رہا تھا۔ پس جب وہ بکھر جاتی تو وہ اسے اکٹھا کر دیتا تھا' میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ ان دونوں نے مجھ سے کہا: آپ چلیں! حتیٰ کہ وہ مجھے لے کر درخت کے درمیان آئے' پس وہاں خوبصورت منازل تھیں۔ میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: آپ چلیں! پس وہ دونوں مجھے لے کر اس درخت کی بلندی پر آئے' وہ جو گھر تھے' وہ پہلوں سے زیادہ خوبصورت تھے' تین کمرے تھے۔ میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: اسی جگہ ٹھہرو! بہرحال وہ آدمی جس کے ہاتھ میں پتھر ہے اور وہ دوسرے آدمی کے سر کو مار رہا ہے تو یہ وہ ہے جو نماز سے سو جاتا تھا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ وہ آدمی ہے جس کو علم عطا کیا گیا پس اس کے لیے اسے جگایا جاتا ہے۔ بہرحال وہ آدمی کے ہاتھ میں لوہے کی سلاخ ہے اور اس کے ساتھ دوسرے آدمی کی باچھیں پھاڑ دیتا ہے تو ایسے لوگ چغلی میں کوشش کرنے والے ہیں۔ بہرحال وہ آدمی جو خون کی نہر میں آپ نے دیکھا ایسے لوگ سود کھانے والے ہیں ہیں۔ بہرحال وہ لوگ جن کے نیچے کی جگہ اوپر سے تنگ ہے اور

اس میں ننگے آدمی ہیں تو وہ زانی ہیں قیامت تک اسی طرح ہوں گے۔ بہرحال وہ آدمی جو درخت کے نیچے تھا' آگ جلا رہا تھا اور اس کی اصلاح کر رہا تھا تو وہ جہنم کا خازن حضرت مالک تھا اور بہرحال وہ منازل درخت کے درمیان جو آپ نے ملاحظہ فرمائیں وہ عام مؤمنوں کی منازل تھیں اور نبیوں' صدیقوں اور شہداء کی منازل ہیں اور یہ کمرہ آپ کے لیے مخصوص ہیں' میں جبریل ہوں اور یہ حضرت میکائیل ہیں۔

حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ غَيْلَانَ الْعُمَّانِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا خَالِدُ بْنُ دِينَارٍ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبُو رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيُّ، ثنا سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا الْمَسْجِدَ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ رَأَى رُؤْيَا فَلْيَتَحَدَّثْ بِهَا ، ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ.

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن رسول کریم ﷺ مسجد میں داخل ہوئے تو فرمایا: تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ (اگر دیکھا ہے) تو اسے چاہیے کہ بیان کرے' پھر اس جیسی حدیث بیان کی۔

حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، ثنا أَبِي، ثنا أَبُو رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيُّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَيُّكُمْ رَأَى رُؤْيَا ، ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ.

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ پھر اس جیسی حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

6845 - حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَالِدٍ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْقَاضِي، ثنا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: أَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، وَكَانَ إِذَا صَلَّى أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنْكُمُ اللَّيْلَةَ رُؤْيَا؟ فَإِنْ أَحَدٌ مِنَّا رَأَى رُؤْيَا يَقُصُّهَا عَلَيْهِ، قَالَ فِيهَا مَا شَاءَ اللّٰهُ، فَسَأَلَنَا يَوْمًا: هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنْكُمْ رُؤْيَا؟ قُلْنَا: لَا، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا رَأَيْتُ رَجُلَيْنِ أَتَيَانِي، فَأَخَذَا بِيَدِي فَأَخْرَجَانِي إِلَى أَرْضٍ مُسْتَوِيَةٍ أَوْ فَضَاءٍ، فَمَرَرْتُ بِرَجُلٍ وَرَجُلٌ قَائِمٌ عَلَى رَأْسِهِ بِيَدِهِ كَلُّوبٌ مِنْ حَدِيدٍ يُدْخِلُهُ فِي شِدْقِهِ هَذَا فَيَشُقُّهُ حَتَّى يَبْلُغَ قَفَاهُ، ثُمَّ يَفْعَلُ بِشِدْقِهِ الْآخَرِ مِثْلَ ذَلِكَ، وَيَلْتَئِمُ شِدْقُهُ هَذَا، فَيَعُودُ فَيَصْنَعُ بِهِ مِثْلَ ذَلِكَ، قُلْتُ: مَا هَذَا؟ قَالَا: انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْنَا حَتَّى أَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ مُسْتَلْقٍ عَلَى قَفَاهُ، وَرَجُلٌ قَائِمٌ عَلَى رَأْسِهِ بِصَخْرَةٍ أَوْ فِهْرٍ يَشْدَخُ بِهِ رَأْسَهُ، فَيَتَدَهْدَهُ الْحَجَرُ، فَيَنْطَلِقُ إِلَيْهِ لِيَأْخُذَهُ، فَلَا يَرْجِعُ إِلَى هَذَا حَتَّى يَلْتَئِمَ رَأْسُهُ، وَعَادَ رَأْسُهُ كَمَا هُوَ، فَعَادَ إِلَيْهِ فَضَرَبَهُ، فَهُوَ يَفْعَلُ بِهِ ذَلِكَ، قُلْتُ: مَا هَذَا؟ قَالَا:

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک دن تشریف لائے جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھ لیتے تو ہماری طرف متوجہ ہوتے۔ فرمایا: آج رات تم میں سے کسی ایک نے کوئی خواب دیکھا ہو؟ پس اگر ہم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہوتا تو وہ آپ کے سامنے بیان کرتا' جو اللہ چاہتا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس میں بیان فرماتے۔ پس ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے پوچھا: کیا تم میں سے کسی ایک نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ ہم نے عرض کی: جی نہیں! نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے دو آدمی دیکھے' جو میرے پاس آئے' پس ان دونوں نے میرا ہاتھ پکڑا۔ پس وہ مجھے لے کر ایک ہموار زمین یا کھلی فضا میں گئے' پس میں ایک آدمی کے پاس سے گزرا جس کے سر پر دوسرا آدمی لوہے کی سلاخ ہاتھ میں لے کر کھڑا تھا' وہ اسے اس کی باچھ میں داخل کرتا اور اسے پھاڑ کے رکھ دیتا حتیٰ کہ وہ اس کی گدی تک پہنچ جاتی' پھر دوسری باچھ کے ساتھ اسی کی مثل کرتا جبکہ اتنے میں وہ پہلی باچھ درست ہو جاتی۔ پس وہ پہلی کی طرف لوٹ کر آتا تو اس کے ساتھ وہی پہلا کام کرتا۔ میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ (لوگوں کے لیے حکایت بنانے کی خاطر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سوال کیا' ورنہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب کچھ معلوم ہے)۔ انہوں نے کہا: آپ چلیں! پس ہم چل کر ایک ایسے آدمی کے پاس آئے جو گدی کے بل چت لیٹا ہوا تھا اور دوسرا آدمی اس کے سر پر

6845- رواه أحمد جلد 5 صفحه 14-15' والبخارى رقم الحديث: 845، 1386، 2085، 2791، 3235 مطولًا ومختصرًا' والبغوى فى شرح السنة رقم الحديث: 2053.

انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْنَا حَتَّى انْتَهَيْنَا إِلَى بَيْتٍ قَدْ بُنِيَ بِنَاءَ التَّنُّورِ أَعْلَاهُ ضَيِّقٌ وَأَسْفَلُهُ وَاسِعٌ، تُوقَدُ تَحْتَهُ نَارٌ، وَفِيهِ رِجَالٌ وَنِسَاءٌ عُرَاةٌ، فَإِذَا أُوقِدَ تَحْتَهُ ارْتَفَعُوا، حَتَّى يَكَادُونَ أَنْ يَخْرُجُوا مِنْهُ، وَإِذَا أُخْمِدَتْ رَجَعُوا فِيهَا، فَقُلْتُ: مَا هَذَا؟ قَالَا: انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْنَا، حَتَّى أَتَيْنَا عَلَى نَهَرٍ مِنْ دَمٍ فِيهِ رَجُلٌ قَائِمٌ عَلَى وَسَطِ النَّهَرِ، وَرَجُلٌ بَيْنَ يَدَيْهِ حِجَارَةٌ، فَأَقْبَلَ يَرْمِي الرَّجُلَ الَّذِي فِي النَّهَرِ كُلَّمَا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ مِنْهُ رَمَاهُ الرَّجُلُ بِحَجَرٍ فِي فِيهِ، فَرَدَّهُ حَيْثُ كَانَ، قُلْتُ: مَا هَذَا؟ قَالَا: انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْنَا، حَتَّى انْتَهَيْنَا إِلَى رَوْضَةٍ حَمْرَاءَ، فِيهَا شَجَرَةٌ عَظِيمَةٌ، فِي أَصْلِهَا شَيْخٌ حَوْلَهُ صِبْيَانٌ وَنِسَاءٌ، وَرَجُلٌ عِنْدَ الشَّجَرَةِ بَيْنَ يَدَيْهِ نَارٌ يُوقِدُهَا وَيَحُشُّهَا، فَسَأَلْتُهُمَا، فَقَالَا: انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْنَا حَتَّى أَتَيْنَا الشَّجَرَةَ، فَأَدْخَلَانِي دَارًا، فَلَمْ أَرَ دَارًا قَطُّ أَحْسَنَ مِنْهَا، فِيهَا رِجَالٌ شُيُوخٌ، وَشَبَابٌ وَصِبْيَانٌ وَنِسَاءٌ، ثُمَّ صَعِدَا الشَّجَرَةَ، وَأَدْخَلَانِي دَارًا أُخْرَى، هِيَ أَحْسَنُ مِنَ الْأُولَى، وَأَفْضَلُ مِنْهَا، فِيهَا شُيُوخٌ وَشَبَابٌ، فَقُلْتُ لَهُمَا: إِنَّكُمَا قَدْ طَوَّفْتُمَانِي مُنْذُ اللَّيْلَةِ، وَشَفَقْتُمَا عَلَيَّ، فَأَخْبِرَانِي عَمَّا رَأَيْتُ، قَالَا: نَعَمْ، أَمَّا الرَّجُلُ الْأَوَّلُ الَّذِي رَأَيْتَ فَإِنَّهُ رَجُلٌ كَذَّابٌ كَانَ يَكْذِبُ الْكَذِبَةَ فَتُحْمَلُ عَنْهُ حَتَّى

کھڑا ہے جس کے پاس ایک شخص پتھر یا ملائم پتھر سے اس کا سر کچل دیتا ہے پس وہ پتھر لڑھک جاتا ہے پس وہ آدمی اسے پکڑنے کے لیے جاتا ہے اور اس کے واپس لوٹنے تک وہ درست ہو جاتا ہے اور اس کا سر ایسے ہی ہو جاتا ہے جیسے پہلے تھا۔ پس وہ اس کی طرف لوٹ کر پھر مارتا ہے پس وہ یہ کام کیے جا رہا ہے۔ پس میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: آپ چلیں! پس ہم چل کر ایک مکان تک آئے جو تنور کی مانند بنا ہوا تھا' اس کا اوپر والا حصہ تنگ اور نیچے وسیع تھا' اس کے نیچے آگ جلائی جاتی تھی' اس میں کچھ مرد اور کچھ عورتیں تھیں جو ننگے تھے' پس جب اس کے نیچے آگ جلائی جاتی تو ان کی آواز بلند ہوتی حتیٰ کہ قریب لگتا ہے کہ وہ اس سے نکل آئیں گے اور جب آگ بجھ جاتی ہے تو وہ اس میں لوٹ آتے ہیں۔ پس میں نے کہا: یہ کیا معاملہ ہے؟ اُنہوں نے کہا: آپ چلیں! (بعد میں بتائیں گے) پس ہم چل کر ایک ایسی نہر پر آئے جس میں خون تھا اور ایک آدمی نہر کے درمیان تھا اور ایک دوسرا آدمی تھا جس کے سامنے پتھر تھے' پس وہ آدمی آگے بڑھ کر اسے پتھر مارتا تھا جو نہر میں تھا' پس جب بھی وہ نہر سے نکلنے کا ارادہ کرتا تو وہ آدمی اس کے منہ میں پتھر پھینکتا' پس (اس طرح) وہ اس کو وہیں لوٹا دیتا جہاں وہ پہلے ہوتا۔ میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے کہا: آپ چلیں! پس ہم چل کر ایک سرخ باغ کے پاس آئے جس میں ایک بہت بڑا درخت تھا' اس کے مڈھ کے پاس ایک بزرگ ہیں جن کے اردگرد بچے اور عورتیں ہیں' ایک اور آدمی درخت کے پاس

تَبْلُغَ الْآفَاقَ، فَيُصْنَعُ مَا رَأَيْتَ بِهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي يُشْدَخُ رَأْسُهُ، فَإِنَّ ذَلِكَ رَجُلٌ عَلَّمَهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ، فَنَامَ عَنْهُ بِاللَّيْلِ، وَلَمْ يَعْمَلْ بِمَا فِيهِ بِالنَّهَارِ، فَهُوَ يُعْمَلُ بِهِ مَا رَأَيْتَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَأَمَّا الَّذِي رَأَيْتَ فِي الْبَيْتِ فَهُمْ زُنَاةُ هَذِهِ الْأُمَّةِ، وَأَمَّا الَّذِي رَأَيْتَ فِي النَّهْرِ الدَّمِ، فَهُوَ آكِلُ الرِّبَا، وَأَمَّا الشَّيْخُ الَّذِي رَأَيْتَ فِي أَصْلِ الشَّجَرَةِ فَذَاكَ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَأَمَّا الصِّبْيَانُ الَّذِينَ رَأَيْتَ فَأَوْلَادُ النَّاسِ، وَأَمَّا النَّارُ الَّتِي رَأَيْتَ، وَالرَّجُلُ الَّذِي يُوقِدُهَا، فَتِلْكَ النَّارُ، وَذَلِكَ خَازِنُ النَّارِ، وَأَمَّا الدَّارُ الْأُولَى الَّتِي دَخَلْتَ، دَارُ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ، وَأَمَّا هَذِهِ فَدَارُ الشُّهَدَاءِ، وَأَنَا جِبْرِيلُ، وَهَذَا مِيكَائِيلُ، قُلْتُ لَهُمَا: أَخْبِرَانِي، أَيْنَ مَنْزِلِي؟ قَالَا: ارْفَعْ رَأْسَكَ، فَرَفَعْتُ رَأْسِي، فَإِذَا فَوْقِي مِثْلَ السَّحَابَةِ، فَقَالَا: ذَاكَ مَنْزِلُكَ، فَقُلْتُ: دَعَانِي أَدْخُلْ مَنْزِلِي، فَقَالَا، إِنَّهُ قَدْ بَقِيَ لَكَ عَمَلٌ لَمْ تَسْتَكْمِلْهُ بَعْدُ، فَلَوْ قَدِ اسْتَكْمَلْتَ دَخَلْتَ مَنْزِلَكَ

تھا جس کے سامنے آگ ہے' وہ اسے جلاتا ہے اور اسے خوب بھڑکاتا ہے۔ پس میں نے ان دونوں سے سوال کیا تو اُنہوں نے کہا: آپ چلیں! پس ہم چل کر ایک درخت پر آئے' پس اُنہوں نے مجھے ایک گھر میں داخل کیا' پس میں نے اس گھر جتنا خوبصورت گھر کبھی نہیں دیکھا تھا' اس میں بزرگ آدمی' جوان' بچے اور عورتیں تھیں' پھر وہ درخت پر چڑھے' مجھے ایک اور گھر میں داخل کیا جو پہلے گھر سے زیادہ خوبصورت تھا اور اس سے زیادہ فضیلت والا' اس میں بوڑھے اور جوان تھے۔ پس میں نے ان سے کہا: تم دونوں نے رات سے پھرایا اور مجھ پر مہربانی کی' اب مجھے اس کے بارے میں بتاؤ جو میں نے دیکھا ہے۔ اُنہوں نے کہا: ٹھیک ہے! بہرحال پہلا آدمی جو آپ نے دیکھا تو وہ جھوٹا آدمی ہے جو جھوٹ بولتا ہے تو وہ اس کی طرف سے سمجھا جاتا ہے حتیٰ کہ دنیا میں پھیل جاتا ہے' پس آپ نے اس کے ساتھ جو ہوتا ہوا دیکھا ہے وہ قیامت تک ہوتا رہے گا۔ لیکن وہ آدمی جس کا سر کچلا جا رہا ہے تو یہ وہ آدمی ہے جس کو اللہ نے قرآن کا علم دیا لیکن رات کے وقت سو گیا (نماز نہیں پڑھی) اور جو دن کو عمل کرتا تھا وہ بھی نہ کیا اور جو کام ہوتا ہوا آپ نے دیکھا ہے وہ قیامت تک اس کے ساتھ ہوتا رہے گا۔ اور وہ جن کو آپ نے مکان میں دیکھا وہ اس اُمت کے زانی ہیں اور وہ جس کو آپ نے خون کی نہر میں دیکھا تو وہ سود خور تھے' اور وہ بزرگ جنہیں آپ نے درخت کے تنے کے ساتھ دیکھا تو وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں اور وہ بچے جو آپ نے دیکھے وہ

لوگوں کی اولاد ہیں اور جو آگ آپ نے دیکھی اور ایک آدمی جو اس کو جلا رہا ہے تو وہ دوزخ کی آگ ہے اور وہ آدمی خازنِ جہنم ہے۔ اور وہ گھر جس میں آپ داخل ہوئے تو وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا گھر ہے اور یہ گھر تو یہ شہداء کا گھر ہے میں جبریل ہوں اور یہ حضرت میکائیل ہیں۔ میں نے ان سے کہا: مجھے بتاؤ! میری منزل کہاں ہے؟ اُنہوں نے کہا: آپ سر اوپر اُٹھا کر دیکھیں! پس میں نے سر اُٹھایا تو اپنے اوپر سفید بادل کی طرف ایک منزل پر میری نگاہ پڑی تو اُنہوں نے کہا: وہ آپ کی منزل ہے۔ میں نے کہا: مجھے چھوڑو تاکہ میں اپنی منزل میں داخل ہو جاؤں! اُنہوں نے کہا: کیونکہ ابھی آپ کے لیے کچھ کام کرنا باقی ہے (آپ اگر اس میں داخل ہو گئے تو) وہ مکمل نہ ہوگا پس اگر آپ نے مکمل کر لیا تو آپ اپنی منزل میں داخل ہو جائیں گے۔

6846 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْضَلُ مَا تَدَاوَى بِهِ النَّاسُ الْحِجَامَةُ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: افضل دواء جو لوگ لیتے ہیں وہ حجامہ ہے (یعنی پچھنا لگانا ہے)۔

6847 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، ثنا

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورت ٹیڑھی پسلی سے پیدا کی گئی ہے اگر سیدھی

6847- ورواه أحمد جلد 5صفحه8' وابن حبان رقم الحديث: 1308 . قال في المجمع جلد 9صفحه302' ورواه أحمد والبزار رقم الحديث:1476 باسنادين ورجال احدهما رجال الصحيح وسمى الرجل أبا رجاء العطاردى والطبرانى فى الكبير والأوسط .

جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا الْمَرْأَةُ كَالضِّلَعِ، إِنْ أَقَمْتَهَا كَسَرْتَهَا، فَدَارِهَا تَعِشْ بِهَا

کرو گے تو ٹوٹ جائے گی' اس کے ساتھ اسی طرح زندگی گزارو۔

6848 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الضَّبِّيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: سَأَلْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَطْفَالِ الْمُشْرِكِينَ، فَقَالَ: هُمْ خَدَمُ أَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے مشرکوں کے بچوں کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: وہ جنت والوں کے خادم ہوں گے۔

مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ عَنْ سَمُرَةَ

محمد بن سیرین' حضرت سمرہ سے روایت کرتے ہیں

6849 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُقْبِلٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا رَيْحَانُ أَبُو غَسَّانَ، ثنا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو هَمَّامٍ الْخَارِكِيُّ، ثنا عَوْفُ بْنُ مَعْمَرٍ الْعَوْذِيُّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الصَّائِغِ، قَالَ: سَأَلْتُ مَطَرًا الْوَرَّاقَ، فَقُلْتُ: أَيَقْرَأُ الرَّجُلُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، وَيَتَعَوَّذُ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ وَفِي كُلِّ سُورَةٍ يَفْتَتِحُهَا؟ فَقَالَ: أَخْبَرَنِي قَتَادَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، وَسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنْ

حضرت ابراہیم الصائغ فرماتے ہیں کہ میں نے مطر الوراق سے پوچھا' میں نے عرض کی: کیا آدمی ہر رکعت میں اور ہر سورت کے شروع میں بسم اللہ الرحمن الرحیم اور اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ہر سورت کے شروع میں پڑھ سکتا ہے؟ فرمایا: مجھے حضرت قتادہ نے' اُنہوں نے محمد بن سیرین سے' اُنہوں نے عمران بن حصین سے' اُنہوں نے حضرت سمرہ بن جندب سے' وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: یہ دو سکتے ہیں' آپ جب نماز شروع کرتے تو خود دل میں

6848- قال في المجمع جلد 7 صفحه 219 رواه الطبراني في الكبير والأوسط (287 مجمع البحرين)' والبزار جلد 2 صفحه 199 زوائد البزار' وفيه عباد بن منصور وثقه يحيى القطان وفيه ضعف.

رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: هُمَا السَّكْتَتَانِ، يَفْعَلُ ذَلِكَ فِي نَفْسِهِ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ، وَإِذَا نَهَضَ مِنَ الْجُلُوسِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ

ایسا کرتے تھے اور جب دو رکعتیں پڑھ کر بیٹھتے تھے۔

سُلَيْمَانُ بْنُ سَمُرَةَ عَنْ أَبِيهِ

سلیمان بن سمرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

6850 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنِ ابْنِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا فَلَهُ سَلَبُهُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی کو قتل کیا تو مقتول کا سامان قتل کرنے والے کے لیے ہے۔

6851 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا أَبُو مُصْعَبٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ طَارِقٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا فَلَهُ سَلَبُهُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی کو قتل کیا تو مقتول کا سامان قتل کرنے والے کے لیے ہے۔

6852 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا دُحَيْمٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی کو قتل کیا تو مقتول کا

6850- ورواه أحمد جلد5صفحه12' وابن ماجه رقم الحديث: 2838' والبيهقي جلد6صفحه309 .

مُوسَى، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ، حَدَّثَنِي خُبَيْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا فَلَهُ سَلَبُهُ

سامان قتل کرنے والے کے لیے ہے۔

6853 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرٍ السَّمُرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ، ثنا خُبَيْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَنَا: مَنْ قَتَلَ رَجُلًا فَإِنَّ لَهُ سَلَبَهُ مِنَ الْفَيْءِ إِذَا مَا لَقِفَهَا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی کو قتل کیا تو مقتول کا سامان قتل کرنے والے کے لیے ہے جب وہ اس کو لے لے۔

6854 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنِ ابْنٍ لِسَمُرَةَ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ يَوْمٌ مَطِيرٌ، أُرَاهُ قَالَ: فِي السَّفَرِ، نَادَى مُنَادِيَهُ: أَنْ صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ سفر کرتے' جب بارش ہوتی تو ہم حضور ﷺ کی طرف سے اعلان کرنے والے کے اعلان کو سنتے کہ اپنے گھروں میں نماز پڑھ لو۔

6855 - حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَالِدٍ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدَ، قَالَ: قَالَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی کو قتل کیا تو مقتول کا سامان قتل کرنے والے کے لیے ہے۔

سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ قَتِيلًا فَلَهُ سَلَبُهُ

حضرت سماک بن حرب فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن رافع نے بیان کیا کہ حضرت ابوسفیان کے غلام بیان کرتے ہیں کہ حضرت شرید رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ کے حج کے دوران منیٰ اور گھاٹی کے درمیان چل رہے تھے' اونٹنی کے قدموں کی آہٹ میرے پیچھے تھی تو میں نے دیکھا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی ذات تھی' آپ نے مجھے پہچان لیا' فرمایا: شرید ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اے شرید! کیا تم میرے پیچھے سوار ہوں گے؟ عرض کی: کیوں نہیں! یارسول اللہ! عرض کی: میں نہ تھکا ہوں نہ مجھے ضرورت ہے لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سواری کرنے کی برکت حاصل کرنی تھی۔ آپ نے فرمایا: اے شرید! کیا تمہیں امیہ بن ابوصلت کے کچھ اشعار یاد ہیں؟ میں نے عرض کی: مجھے لوگوں سے زیادہ یاد ہیں' آپ نے فرمایا: وہ پڑھو! میں نے پڑھا تو حضور ﷺ خاموش ہو گئے' میں بھی خاموش ہو گیا' پھر آپ نے فرمایا: پڑھو! میں

فَأَنْشَدْتُهُ، فَإِذَا سَكَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَكَتُّ، وَإِذَا قَالَ: إِيهِ أَنْشَدْتُهُ، حَتَّى إِذَا طَالَ ذَلِكَ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذَلِكَ: عِنْدَ اللَّهِ عِلْمُ أُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ

نے پڑھنا شروع کیا' جب یہ بات لمبی ہوئی تو حضور ﷺ نے فرمایا: امیہ بن صلت کا علم اللہ کے پاس ہے۔

بَابُ الصَّادِ

مَنِ اسْمُهُ صَخْرٌ

صَخْرُ بْنُ حَرْبِ بْنِ أُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ أَبُو سُفْيَانَ مَنْ أَخْبَارِ أَبِي سُفْيَانَ وَوَفَاتِهِ

صاد کا باب

جن کا نام صخر ہے

صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف' ابوسفیان کی باتیں اور آپ کے وصال کے بیان میں

7109 - أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ فُسْتُقَةُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ، قَالَ: هَلَكَ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ رَحِمَهُ اللَّهُ لِتِسْعِ سِنِينَ مَضَيْنَ مِنْ إِمَارَةِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَكَانَ كَفَّ بَصَرَ أَبِي سُفْيَانَ بْنِ حَرْبٍ

حضرت ہیثم بن عدی فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسفیان بن حرب رحمہ اللہ کا وصال حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت سات سال گزرنے کے بعد ہوئی' حضرت ابوسفیان آنکھ سے نابینا تھے۔

7110 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، عَنِ الْوَاقِدِيِّ قَالَ: وَفِيهَا مَاتَ أَبُو سُفْيَانَ صَخْرُ بْنُ

حضرت واقدی فرماتے ہیں کہ ابوسفیان صخر بن حرب کا وصال ۸۸ سال کی عمر میں ۳۱ ہجری کو ہوا۔

7109- في رواية فاطمة حدثنا محمد بن علي .

حَرْبٍ، وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَثَمَانِينَ سَنَةً، يَعْنِي سَنَةَ إِحْدَى وَثَلَاثِينَ

7111 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُقْبِلٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ شَبِيبٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا مُجَاشِعُ بْنُ عَمْرٍو الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنِي لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ بْنِ حَرْبٍ، أَنَّ أُمَيَّةَ بْنَ أَبِي الصَّلْتِ كَانَ بِغَزَّةَ -أَوْ قَالَ: بِإِيلِيَا -فَلَمَّا قَفَلْنَا، قَالَ لِي أُمَيَّةُ: يَا أَبَا سُفْيَانَ، إِنْ نَتَقَدَّمْ عَنِ الرُّفْقَةِ، فَنَتَحَدَّثْ؟ قُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: فَفَعَلْنَا فَقَالَ لِي: يَا أَبَا سُفْيَانَ، أَيْهُنَّ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ؟ قُلْتُ: أَيْهُنَّ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ؟ قَالَ: كَرِيمُ الطَّرَفَيْنِ، وَيَجْتَنِبُ الْمَظَالِمَ وَالْمَحَارِمَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: وَشَرِيفٌ مُسِنٌّ؟ قُلْتُ: وَشَرِيفٌ مُسِنٌّ .قَالَ: السِّنُّ وَالشَّرَفُ أَزْرَيَا بِهِ، فَقُلْتُ لَهُ: كَذَبْتَ، مَا ازْدَادَ سِنًّا إِلَّا ازْدَادَ شَرَفًا، قَالَ: يَا أَبَا سُفْيَانَ، إِنَّهَا لَكَلِمَةٌ مَا سَمِعْتُ أَحَدًا يَقُولُهَا لِي مُنْذُ تَنَصَّرْتُ لَا تَعْجَلْ عَلَيَّ حَتَّى أُخْبِرَكَ .قَالَ: هَاتِ، قَالَ: إِنِّي

حضرت معاویہ بن سفیان' حضرت سفیان بن حرب سے روایت کرتے ہیں کہ امیہ بن صلت' غزہ یا ایلیا کے مقام پر تھے' پس جب ہم واپس لوٹے تو امیہ نے مجھ سے کہا: اے ابوسفیان! ہم اپنے ساتھیوں کے قافلہ سے آگے نکل کر چند باتیں نہ کرلیں؟ ہم نے کہا: ٹھیک ہے! فرماتے ہیں: پس ہم نے ایسے ہی کیا۔ اس نے مجھ سے کہا: اے ابوسفیان! عتبہ بن ربیعہ کے بارے میں ان میں سے کون سی بات ہے؟ میں نے بھی آگے سے یہی کہا: عتبہ بن ربیعہ کے بارے میں ان میں سے کون سی بات ہے؟ اس نے کہا: کیا وہ حسب ونسب کے اعتبار سے کریم نہیں ہے' کیا وہ مظالم اور محارم سے اجتناب کرنے والا نہیں ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: کیا وہ بزرگ اور عمر رسیدہ نہیں ہے؟ میں نے کہا: وہ بزرگ اور عمر رسیدہ ہے۔ اس نے کہا: عمر اور بزرگی نے اس کو عیب دار بنا دیا ہے۔ میں نے کہا: تُو نے جھوٹ بولا ہے' عمر بزرگی کو زیادہ کرتی ہے۔ اس نے کہا: اے ابوسفیان! یہ ایسی بات ہے جو میں نے کسی سے نہیں سنی کہ اس نے میرے بارے کہی ہو' جب سے میں نصرانی بنا ہوں' مجھ پر جلدی سے کام نہ لے یہاں تک کہ میں تجھے خبر دوں۔ اس نے کہا: لاؤ! اس نے کہا: بے شک

7111- قال في المجمع جلد 8صفحه232' وفيه مجاشع بن عمرو وهو ضعيف . ومن طريقه رواه أبو نعيم في الدلائل (255) . كذا في المخطوطة: ايهن' وفي الدلائل: ايه في المكانين . وفي الدلائل: ﷺ الذي كنت تنعت' بدل: الذي كنت تنتظر .

كُنْتُ أَجِدُ فِي كُتُبِي نَبِيًّا يُبْعَثُ مِنْ حَرَّتِنَا هَذِهِ فَكُنْتُ أَظُنُّ، بَلْ كُنْتُ لَا أَشُكُّ أَنِّي هُوَ، فَلَمَّا دَارَسْتُ أَهْلَ الْعِلْمِ إِذَا هُوَ مِنْ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ فَنَظَرْتُ فِي بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، فَلَمْ أَجِدْ أَحَدًا يَصْلُحُ لِهَذَا الْأَمْرِ غَيْرَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، فَلَمَّا أَخْبَرْتَنِي بِسِنِّهِ عَرَفْتُ أَنَّهُ لَيْسَ بِهِ حِينَ جَاوَزَ الْأَرْبَعِينَ، وَلَمْ يُوحَ إِلَيْهِ، قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَضَرَبَ الدَّهْرُ مَنْ ضَرَبَهُ، وَأُوحِيَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَخَرَجْتُ فِي رَكْبٍ مِنْ قُرَيْشٍ أُرِيدُ الْيَمَنَ فِي تِجَارَةٍ، فَمَرَرْتُ بِأُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ، فَقُلْتُ لَهُ كَالْمُسْتَهْزِءِ بِهِ: يَا أُمَيَّةُ، قَدْ خَرَجَ النَّبِيُّ الَّذِي كُنْتَ تَنْتَظِرُ، قَالَ: أَمَا إِنَّهُ حَقٌّ فَاتَّبِعْهُ .قُلْتُ: مَا يَمْنَعُكَ مِنَ اتِّبَاعِهِ؟ قَالَ: مَا يَمْنَعُنِي مِنَ اتِّبَاعِهِ إِلَّا الِاسْتِحْيَاءُ مِنْ نَسَيَاتِ ثَقِيفٍ، إِنِّي كُنْتُ أُحَدِّثُهُنَّ أَنِّي هُوَ، ثُمَّ يُرِيَنَّنِي تَابِعًا لِغُلَامٍ مِنْ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، ثُمَّ قَالَ أُمَيَّةُ: وَكَأَنِّي يَا أَبَا سُفْيَانَ إِنْ خَالَفْتُهُ قَدْ رُبِطْتُ كَمَا يُرْبَطُ الْجَدْيُ حَتَّى يُؤْتَى بِكَ إِلَيْهِ فَيَحْكُمَ فِيكَ مَا يُرِيدُ

میں نے اپنی کتابوں میں ایک نبی پایا ہے جو ہمارے اس گرم علاقے سے مبعوث ہوگا۔ پس میں گمان کرتا تھا' بلکہ میں شک بھی نہیں کرتا تھا کہ وہ میں ہوں۔ پس جب میں نے علماء سے تبادلۂ خیال کیا تو معلوم ہوا کہ وہ قبیلۂ عبد مناف سے ہوگا' تو میں نے بنوعبدمناف میں نظر دوڑائی تو میں نے سوائے عتبہ بن ربیعہ کے کسی کو اس قابل نہیں پایا۔ پس جب تُو نے مجھے اس کی عمر کی خبر دی تو میں پہچان گیا کہ یہ نہیں ہے' جب اس کی عمر چالیس سے اوپر ہوگئی ہے لیکن اس پر وحی نہیں آئی۔ ابوسفیان نے کہا: پس زمانے نے مارا جس کو مارا حالانکہ اللہ کے رسول ﷺ کے پاس وحی آ چکی ہے۔ میں قریش کے ایک قافلے میں نکلا' میرا ارادہ تھا کہ یمن میں جا کر تجارت کروں گا۔ پس میں اُمیہ بنت صلت کے پاس سے گزرا' پس میں نے اس سے مذاق کرنے والے کی طرح کہا: اے امیہ! وہ نبی ﷺ تشریف لا چکے ہیں' جن کا تُو انتظار کرتا تھا۔ اس نے کہا: بہرحال وہ سچے ہیں' تُو ان کی اتباع کر۔ میں نے کہا: اس کی پیروی سے تجھے کون سی چیز روک رہی ہے؟ اس نے کہا: مجھے ان کی اتباع سے جو چیز روک رہی ہے وہ بنوثقیف قبیلہ کی ذلت سے حیاء ہے کیونکہ میں ان سے کہا کرتا تھا کہ وہ میں ہوں' پھر وہ دیکھیں گے کہ میں بنوعبدمناف کے ایک لڑکے کا تابع ہوں' پھر اُمیہ نے کہا: اے ابوسفیان! گویا کہ میں اگر ان کے مخالف ہوں تو بھی ان سے مربوط ہوں جیسے پھُورا بندھا ہوا ہوتا ہے حتیٰ کہ تجھے ان کی خدمت میں لایا جائے اور وہ تیرے بارے میں جو چاہیں فیصلہ فرمائیں۔

7112 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: ثُمَّ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اثْنَيْ عَشَرَ أَلْفًا مِنَ: الْمُهَاجِرِينَ، وَالْأَنْصَارِ، وَغِفَارٍ، وَأَسْلَمَ، وَمُزَيْنَةَ، وَجُهَيْنَةَ، وَبَنِي سُلَيْمٍ، وَقَادُوا الْخُيُولَ حَتَّى نَزَلُوا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ، وَلَمْ تَعْلَمْ بِهِمْ قُرَيْشٌ، فَبَعَثُوا بِأَبِي سُفْيَانَ، وَحَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالُوا: خُذُوا لَنَا مِنْهُ جِوَارًا، أَوْ آذِنُوهُ بِالْحَرْبِ، فَخَرَجَ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، وَحَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، فَلَقِيَا بُدَيْلَ بْنَ وَرْقَاءَ، فَاسْتَصْحَبَاهُ حَتَّى إِذَا كَانُوا بِالْأَرَاكِ مِنْ مَكَّةَ، وَذَلِكَ عِشَاءً رَأَوُا الْفَسَاطِيطَ وَالْعَسْكَرَ، وَسَمِعُوا صَهِيلَ الْخَيْلِ، فَرَاعَهُمْ ذَلِكَ، وَفَزِعُوا مِنْهُ، وَقَالُوا: هَؤُلَاءِ بَنُو كَعْبٍ جَاشَتْهَا الْحَرْبُ، قَالَ بُدَيْلٌ: هَؤُلَاءِ أَكْثَرُ مِنْ بَنِي كَعْبٍ، مَا بَلَغَ تَأْلِيبُهَا هَذَا، أَفَتَنْتَجِعُ هَوَازِنُ أَرْضَنَا؟ وَاللَّهِ مَا نَعْرِفُ هَذَا أَيْضًا، إِنَّ هَذَا لَمِثْلُ حَاجِّ النَّاسِ، وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ بَعَثَ بَيْنَ يَدَيْهِ خَيْلًا يَقْبِضُ الْعُيُونَ، وَخُزَاعَةُ عَلَى الطَّرِيقِ لَا يَتْرُكُونَ أَحَدًا يَمْضِي، فَلَمَّا دَخَلَ أَبُو سُفْيَانَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں: پھر رسول کریم ﷺ بارہ ہزار آدمیوں کے جھرمٹ میں نکلے جن میں مہاجرین' انصار' قبیلہ بنوغفار' بنواسلم' مزینہ' جہینہ اور بنوسلیم تھے۔ وہ گھوڑے کے آگے آگے تھے حتیٰ کہ وہ مرالظہران کے مقام پر جا اُترے جبکہ قریشیوں کو اس کا علم نہ تھا۔ پس اُنہوں نے ابوسفیان اور حکیم بن حزام کو رسول کریم ﷺ کی خدمت میں بھیجا اور کہا کہ ان سے ہمارے لیے لونڈیاں لینا یا ان کو جنگ کا چیلنج دینا۔ پس ابوسفیان اور حکیم بن حزام نکلے۔ پس وہ بدیل بن ورقاء سے ملے' اُنہوں نے اسے بھی اپنے ساتھ لے لیا یہاں تک کہ وہ مکہ کی جھاڑیوں والی جگہ پر تھے' عشاء کا وقت تھا' اُنہوں نے نگاہ اُٹھائی تو ان کو خیمے ہی خیمے نظر آئے اور عظیم لشکر۔ اُنہوں نے گھوڑوں کے ہنہنانے کی آوازیں بھی سنیں۔ پس وہ تینوں اس سے مرعوب ہو گئے اور اس سے گھبرا گئے۔ اُنہوں نے کہا: یہ قبیلہ بنوکعب والے ہیں' ان کو جنگ کا جوش چڑھا ہے۔ بدیل نے کہا: بنوکعب سے تو ان کی تعداد زیادہ ہے' ان کی اکثریت بھی اس کو نہیں پہنچی' کیا بنوہوازن ہماری زمین سے گھاس تلاش کر رہے ہیں؟ قسم بخدا! ہم اس کو نہیں پہچانتے' بے شک یہ حاجیوں کی تعداد کے برابر ہیں (ان کی مثل ہیں) (ادھر صورتِ حال یہ تھی کہ) رسول کریم ﷺ نے اس کے سامنے گھڑسوار بھیجے ہوئے تھے جو جاسوسوں کو گرفتار کر لیتے تھے اور بنوخزاعہ راستے پر تھے' وہ

7112- قال في المجمع جلد6صفحه173 رواه الطبراني مرسلًا وفيه ابن لهيعة وحديثه حسن وفيه ضعف . قلت: تقدم ان هذا التحسين خطأ .

وَأَصْحَابُهُ عَسْكَرَ الْمُسْلِمِينَ أَخَذَتْهُمُ الْخَيْلُ تَحْتَ اللَّيْلِ، وَأَتَوْا بِهِمْ خَائِفِينَ لِلْقَتْلِ فَقَامَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، إِلَى أَبِي سُفْيَانَ، فَوَجَأَ عُنُقَهُ، وَالْتَزَمَهُ الْقَوْمُ، وَخَرَجُوا بِهِ لِيَدْخُلُوا بِهِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَبَسَهُ الْحَرَسُ أَنْ يَخْلُصَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَافَ الْقَتْلَ، وَكَانَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَالِصَةً لَهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَنَادَى بِأَعْلَى صَوْتِهِ: أَلَا تَأْمُرُوا بِي إِلَى عَبَّاسٍ، فَأَتَاهُ وَدَفَعَ عَنْهُ، وَسَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقْبِضَهُ إِلَيْهِ، وَمَشَى فِي الْقَوْمِ مَكَانَهُ، فَرَكِبَ بِهِ عَبَّاسٌ تَحْتَ اللَّيْلِ، فَسَارَ بِهِ فِي عَسْكَرِ الْقَوْمِ حَتَّى أَبْصَرُوهُ أَجْمَعُ، وَكَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَدْ قَالَ لِأَبِي سُفْيَانَ حِينَ وَجَأَ عُنُقَهُ: وَاللّٰهِ لَا تَدْنُو مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى تَمُوتَ، فَاسْتَغَاثَ بِعَبَّاسٍ، فَقَالَ: إِنِّي مَقْتُولٌ فَمَنَعَهُ مِنَ النَّاسِ أَنْ يَنْتَهِبُوهُ، فَلَمَّا رَأَى كَثْرَةَ الْجَيْشِ وَطَاعَتَهُمْ قَالَ: لَمْ أَرَ كَاللَّيْلَةِ جَمْعًا لِقَوْمٍ فَخَلَّصَهُ عَبَّاسٌ مِنْ أَيْدِيهِمْ، وَقَالَ: إِنَّكَ مَقْتُولٌ إِنْ لَمْ تَسْلَمْ وَتَشْهَدْ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، فَجَعَلَ يُرِيدُ أَنْ يَقُولَ الَّذِي يَأْمُرُهُ عَبَّاسٌ بِهِ، وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانُهُ، فَبَاتَ مَعَ عَبَّاسٍ، وَأَمَّا حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، وَبُدَيْلُ بْنُ

کسی کو نہیں گزرنے دیتے تھے۔ پس جب ابوسفیان اور اس کے دونوں ساتھی مسلمانوں کے لشکر میں داخل ہوئے تو گھڑ سواروں نے ان کو اندھیرے میں پکڑ لیا اور ان کو ڈرتے ہوئے لائے کہ کوئی قتل نہ کر دے۔ پس حضرت عمر بن خطاب کھڑے ہوئے ابوسفیان کی طرف' اس کی گردن کو دبوچ لیا۔قوم نے ان کو روک لیا اور اس کو لے کر باہر نکلے تا کہ اس کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں لائیں۔ پس رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لے جانے سے چوکیدار نے روک دیا' اسے قتل کا خواب ہوا۔حضرت عباس رضی اللہ عنہ زمانہ جاہلیت میں اس کے خالص دوست تھے۔ پس وہ بلند آواز سے پکارا: تم مجھے عباس کے پاس نہ لے جاؤ گے' پس وہ آپ کے اپس آیا تو آپ نے اس کا دفاع کیا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا: وہ ان کو گرفتار کر کے آپ کی بارگاہ میں لائیں اور قوم میں چلیں۔ پس رات کے سائے میں حضرت عباس نے ان کو سوار کر کے قوم کے لشکر میں چلے یہاں تک کہ لوگوں نے اسے دیکھ لیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب اس کی گردن دبائی تو ابوسفیان سے کہا تھا: قسم بخدا! تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب نہیں جا سکے گا یہاں تک کہ تیرے اوپر موت آ جائے۔ پس اس حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے وسیلے سے مدد طلب کی۔ پس اس نے کہا: مجھے قتل کر دیا جائے گا۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ان کی لوگوں سے حفاظت کی کہ اسے لوٹ نہ لیں پس جب اس نے لشکر کی کثرت اور ان کی اطاعت شعاری ملاحظہ کی تو کہا: آج کی رات کی طرح میں نے کسی قوم کا

وَرْقَاءَ، فَدَخَلَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَسْلَمَا وَجَعَلَ يَسْتَخْبِرُهُمَا عَلَى أَهْلِ مَكَّةَ، فَلَمَّا نُودِيَ لِصَلَاةِ الصُّبْحِ تَخَشْخَشَ الْقَوْمُ، فَفَزِعَ أَبُو سُفْيَانَ فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ، مَاذَا تُرِيدُونَ؟ قَالَ: هُمُ الْمُسْلِمُونَ تَيَسَّرُوا لِحُضُورِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ بِهِ عَبَّاسٌ، فَلَمَّا أَبْصَرَهُمْ أَبُو سُفْيَانَ يَمُرُّونَ إِلَى الصَّلَاةِ فِي صَلَاتِهِمْ يَرْكَعُونَ وَيَسْجُدُونَ إِذَا سَجَدَ، قَالَ: يَا عَبَّاسُ، أَمَا يَأْمُرُهُمْ بِشَيْءٍ إِلَّا فَعَلُوهُ؟ فَقَالَ عَبَّاسٌ: لَوْ نَهَاهُمْ عَنِ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ لَأَطَاعُوهُ . فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ، فَكَلِّمْهُ فِي قَوْمِكَ هَلْ عِنْدَهُ مِنْ عَفْوٍ عَنْهُمْ؟ فَانْطَلَقَ عَبَّاسٌ بِأَبِي سُفْيَانَ، حَتَّى أَدْخَلَهُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عَبَّاسٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا أَبُو سُفْيَانَ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنِّي قَدِ اسْتَنْصَرْتُ إِلَهِي، وَاسْتَنْصَرْتُ إِلَهَكَ فَوَاللّٰهِ، مَا لَقِيتُكَ مِنْ مَرَّةٍ إِلَّا ظَهَرْتَ عَلَيَّ، فَلَوْ كَانَ إِلَهِي مُحِقًّا، وَإِلَهُكَ مُبْطِلًا لَظَهَرْتُ عَلَيْكَ، فَشَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ . فَقَالَ عَبَّاسٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أُحِبُّ أَنْ تَأْذَنَ لِي إِلَى قَوْمِكَ، فَأُنْذِرَهُمْ مَا نَزَلَ، وَأَدْعُوهُمْ إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُولِهِ، فَأَذِنَ لَهُ . فَقَالَ عَبَّاسٌ: كَيْفَ أَقُولُ لَهُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ بَيِّنْ لِي مِنْ ذَلِكَ أَمَانًا

کوئی لشکر نہیں دیکھا۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ان کو لوگوں کے ہاتھوں سے چھڑایا اور فرمایا: اگر تُو اسلام قبول نہیں کرے گا تو قتل کر دیا جائے گا اور اس بات کی گواہی نہیں دے گا کہ جن کا نام نامی محمد ہے وہ اللہ کے رسول ہیں۔ پس وہ ارادہ کرنے لگا کہ وہی بات کہے جو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اسے فرمائی ہے اور اس کی زبان نہ پھسلے پس اس نے رات حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے پاس گزاری۔ پس جہاں تک بات ہے حضرت حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقاء کی تو وہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور اسلام قبول کر لیا اور آپ ان سے مکہ والوں کی خبریں لینے لگے۔ پس جب صبح کی نماز کیلئے اذان ہوئی تو صحابہ کے ہتھیاروں کی آوازیں آنے لگیں (کیونکہ وہ ہتھیار لگا کر نماز پڑھتے تھے) پس ابوسفیان گھبرایا اس نے کہا: اے عباس! تمہارا کیا ارادہ ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ مسلمان ہیں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں جائیں گے (یہ حاضری کا وقت ہوتا ہے) پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ ان کو لے کر چلے پس جب ابوسفیان نے ان کو دیکھا کہ وہ نماز کی طرف جا رہے ہیں جب آپ ﷺ سجدہ کرتے تھے تو وہ سجدہ کرتے ہیں (اور جب آپ ﷺ رکوع کرتے ہیں تو) وہ رکوع کرتے ہیں۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: اے عباس! جو کام بھی آپ ﷺ ان کو فرماتے ہیں وہ بجالاتے ہیں؟ تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (جی ہاں!) اگر آپ ﷺ ان کو کھانے اور پینے سے منع کر دیں تو وہ کھانا پینا چھوڑ

يَطْمَئِنُّونَ إِلَيْهِ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَقُولُ لَهُمْ: مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَشَهِدَ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، وَكَفَّ يَدَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ جَلَسَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ فَوَضَعَ سِلَاحَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَغْلَقَ عَلَيْهِ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ

دیتے ہیں۔ اس نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے کہا: اے عباس! پس تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنی قوم کے بارے میں بات کر' کیا ان کے پاس ان کو معاف کرنے کی کوئی صورت ہے؟ پس حضرت عباس' حضرت ابوسفیان کو اپنے ساتھ لے کر چلے حتیٰ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں لائے' تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے محمد! یہ ابوسفیان ہے! تو ابوسفیان نے کہا: اے محمد! میں نے اپنے معبودوں سے بھی مدد مانگی ہے اور آپ کے معبود سے بھی مدد طلب کی ہے' پس قسم بخدا! جب بھی آپ سے میری جنگ ہوئی تو آپ ہی غالب رہے' پس اگر میرے معبود برحق ہوتے اور آپ کا معبود باطل تو میں آپ پر غالب آتا۔ پس اس نے گواہی دی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں پسند کرتا ہوں کہ آپ مجھے اپنی قوم (مکہ والوں) کے پاس جانے کی اجازت دیں' پس میں ان کو ڈراؤں جو مصیبت اتری ہے اور میں ان کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف دعوت دوں۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو اجازت دے دی۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: میں ان سے کیسے بات کروں' اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی امان بتائیں جو میں ان کو بتاؤں' تو وہ مطمئن ہو جائیں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان سے کہنا: جو گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں' وہ اکیلا ہے' اس کا کوئی شریک نہیں اور گواہی دے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور اپنا ہاتھ

روک لے تو اسے امان ہے اور جو کعبہ کے پاس آ کر بیٹھ جائے اور اپنے ہتھیار رکھ دے تو اسے امان ہے' جو اپنا دروازہ بند کر لے اسے امان ہے۔

7113 - قَالَ عَبَّاسٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَبُو سُفْيَانَ ابْنُ عَمِّنَا، وَأَحَبَّ أَنْ يَرْجِعَ مَعِي، وَلَوْ أَخْصَصْتَهُ بِمَعْرُوفٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ فَجَعَلَ أَبُو سُفْيَانَ يَسْتَفْقِهُهُ، وَدَارُ أَبِي سُفْيَانَ بِأَعْلَا مَكَّةَ، وَقَالَ: مَنْ دَخَلَ دَارَ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، وَكَفَّ يَدَهُ فَهُوَ آمِنٌ وَدَارُ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ بِأَسْفَلِ مَكَّةَ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول:! ابوسفیان میرے چچا کا بیٹا ہے اور میں پسند کرتا ہوں کہ وہ میرے ساتھ واپس جائے اور اگر آپ اس کے حوالے سے بھی (اپنی قوم سے) کوئی نیکی مخصوص کر دیں (تو بہتر ہے) پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو جائے' اسے امان ہے۔ پس ابوسفیان بھی آپ ﷺ کی باتیں سمجھنے لگا' حال یہ تھا کہ ابوسفیان کا گھر اعلائے مکہ میں تھا اور کہا: جو حکیم بن حزام کے گھر داخل ہو اور ہاتھ روک لے وہ امن میں ہو۔ جبکہ حکیم بن حزام کا گھر مکہ کی نچلی طرف تھا۔

7114 - وَحَمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا عَلَى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ الَّتِي كَانَ أَهْدَاهَا لَهُ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ، فَانْطَلَقَ عَبَّاسٌ بِأَبِي سُفْيَانَ قَدْ أَرْدَفَهُ، فَلَمَّا سَارَ عَبَّاسٌ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَثَرِهِ فَقَالَ: أَدْرِكُوا عَبَّاسًا، فَرُدُّوهُ عَلَيَّ وَحَدَّثَهُمْ بِالَّذِي خَافَ عَلَيْهِ فَأَدْرَكَهُ الرَّسُولُ، فَكَرِهَ عَبَّاسٌ الرُّجُوعَ، وَقَالَ: أَيَرْهَبُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرْجِعَ أَبَا سُفْيَانَ رَاغِبًا فِي قِلَّةِ النَّاسِ فَيَكْفُرَ بَعْدَ إِسْلَامِهِ؟ فَقَالَ: احْبِسْهُ، فَحَبَسَهُ

اور نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنی سفید اونٹنی پر سوار کیا جو حضرت دحیہ کلبی نے آپ ﷺ کو بطور ہدیہ پیش کی تھی۔ حضرت عباس' حضرت ابوسفیان کو اپنی سواری پر اپنے پیچھے بٹھا کر لے چلے۔ پس جب حضرت عباس رضی اللہ عنہ چلے تو نبی کریم ﷺ نے ان کے پیچھے آدمی بھیجا' فرمایا: حضرت عباس سے مل کر انہیں میرے پاس واپس لے آؤ اور صحابہ کرام سے آپ ﷺ نے وہ بات کی جس کا اس پر خوف تھا۔ پس قاصد نے ان کو پالیا۔ پس حضرت عباس نے واپس آنا مناسب نہ سمجھا اور کہا کہ کیا رسول کریم ﷺ کو اس بات کا ڈر ہے کہ

صخر بن حرب بن امية بن عبد شمس

7114- قال في المجمع جلد6صفحه167' ورجاله رجال الصحيح . هو في سيرة ابن هشام جلد4صفحه17-24 .

صخر بن حرب بن امية بن عبد شمس

فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: أَغَدْرًا يَا بَنِي هَاشِمٍ فَقَالَ عَبَّاسٌ: إِنَّا لَسْنَا نَغْدِرُ، وَلَكِنْ لِي إِلَيْكَ بَعْضُ الْحَاجَةِ .قَالَ: وَمَا هِيَ، فَأَقْضِيَهَا لَكَ؟ فَقَالَ: يُعَادُهَا حِينَ يَقْدَمُ عَلَيْكَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ، فَوَقَفَ عَبَّاسٌ بِالْمَضِيقِ دُونَ الْأَرَاكِ مِنْ مِنًى، وَقَدْ وَعَى أَبُو سُفْيَانَ عَنْهُ حَدِيثَهُ، ثُمَّ بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ عُبُورَ الْخَيْلِ بَعْضَهَا عَلَى أَثَرِ بَعْضٍ، وَقَسَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمِ الْخَيْلَ شَطْرَيْنِ، فَبَعَثَ الزُّبَيْرَ وَرِدْفَهُ خَالِدًا بِالْجَيْشِ مِنْ أَسْلَمَ وَغِفَارٍ وَقُضَاعَةَ، فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: رَسُولُ اللَّهِ، هَذَا يَا عَبَّاسُ؟ قَالَ: لَا وَلَكِنْ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَبَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ بَيْنَ يَدَيْهِ فِي كَتِيبَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: الْيَوْمُ يَوْمُ الْمَلْحَمَةِ، الْيَوْمُ تُسْتَحَلُّ الْحُرْمَةُ، ثُمَّ دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِي كَتِيبَةِ الْإِيمَانِ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ، فَلَمَّا رَأَى أَبُو سُفْيَانَ وُجُوهًا كَثِيرَةً لَا يَعْرِفُهَا قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَكْثَرْتَ إِذًا، أَوِ اخْتَرْتَ هَذِهِ الْوُجُوهَ عَلَى قَوْمِكَ؟ .قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْتَ فَعَلْتَ ذَلِكَ وَقَوْمُكَ، إِنَّ هَؤُلَاءِ صَدَّقُونِي إِذْ كَذَّبْتُمُونِي، وَنَصَرُونِي إِذْ أَخْرَجْتُمُونِي .وَمَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

ابوسفیان کم لوگ دکھ کر اسلام لانے کے بعد کفر کی طرف پھر جائے گا' اس لیے واپس بلانا چاہتے ہیں؟ کہا: اسے روکو۔ پس انہوں نے روکا تو ابوسفیان نے کہا: اے بنو ہاشم! کیا دھوکہ ہے؟ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: ہم دھوکہ کرنے والے نہیں ہیں لیکن مجھے آپ سے ایک کام ہے۔ اس نے کہا: وہ کیا ہے؟ جو میں کر دوں؟ تو انہوں نے کہا: اسے دُہرایا جائے گا جب آپ پر حضرت خالد بن ولید اور حضرت زبیر بن عوام آئیں گے۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ منیٰ کی جھاڑیوں کے نیچے تنگ جگہ پر رُک گئے اور ابوسفیان نے ان سے ان کی بات کو یاد کیا' پھر رسول کریم ﷺ نے ایک دوسرے کے آگے پیچھے گھوڑوں والے بھیجے۔ رسول کریم ﷺ نے گھوڑوں کو دو حصوں میں تقسیم فرما دیا' پہلے حضرت زبیر کو اور ان کے پیچھے حضرت خالد کو لشکر دے کر بھیجا جو بنو اسلم' بنو غفار اور بنو قضاعہ والوں پر مشتمل تھا۔ پس ابوسفیان نے کہا: اللہ کے رسول یہ ہیں؟ اے عباس! اُنہوں نے کہا: نہیں! بلکہ یہ خالد بن ولید ہیں اور رسول کریم ﷺ نے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو اپنے سامنے انصاریوں کے ایک لشکر میں بھیجا۔ پس اُنہوں نے کہا: آج جنگ کا دن ہے' آج کے دن حرام چیز یا عزت حلال کی جائے گی' پھر رسول کریم ﷺ خود داخل ہوئے' آپ ﷺ کے ساتھ مہاجرین و انصار میں سے ایمان والوں کا ایک مختصر سا لشکر تھا۔ پس جب حضرت ابوسفیان نے بہت سارے چہرے دیکھے تو ان کو پہچان نہ سکا۔ کہا: اے اللہ کے رسول! اب

وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ وَعَبَّاسُ بْنُ مِرْدَاسٍ وَعُيَيْنَةُ بْنُ بَدْرٍ الْفَزَارِيُّ، فَلَمَّا أَبْصَرَهُمْ حَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ يَا عَبَّاسُ؟ قَالَ: هَذِهِ كَتِيبَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ هَذِهِ الْمَوْتُ الْأَحْمَرُ، هَؤُلَاءِ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ، قَالَ: امْضِ يَا عَبَّاسُ، فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ جُنُودًا قَطُّ، وَلَا جَمَاعَةً، فَسَارَ الزُّبَيْرُ بِالنَّاسِ حَتَّى وَقَفَ بِالْحَجُونِ، وانْدَفَعَ خَالِدٌ حَتَّى دَخَلَ مِنْ أَسْفَلِ مَكَّةَ، فَلَقِيَتْهُ أَوْبَاشُ بَنِي بَكْرٍ، فَقَاتَلُوهُمْ، فَهَزَمَهُمُ اللّٰهُ، وَقُتِلُوا بِالْحَزْوَرَةِ حَتَّى دَخَلُوا الدُّورَ، وَارْتَفَعَ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ عَلَى الْخَيْلِ عَلَى الْخَنْدَمَةِ، وَاتَّبَعَهُمُ الْمُسْلِمُونَ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أُخْرَيَاتِ النَّاسِ، وَنَادَى مُنَادٍ: مَنْ أَغْلَقَ عَلَيْهِ دَارَهُ وَكَفَّ يَدَهُ فَإِنَّهُ آمِنٌ، وَنَادَى أَبُو سُفْيَانَ بِمَكَّةَ: أَسْلِمُوا تَسْلَمُوا، وَكَفَّهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْ عَبَّاسٍ، وَأَقْبَلَتْ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ، فَأَخَذَتْ بِلِحْيَةِ أَبِي سُفْيَانَ، ثُمَّ نَادَتْ: يَا غَالِبُ، اقْتُلُوا هَذَا الشَّيْخَ الْأَحْمَقَ، قَالَ: فَأَرْسِلِي لِحْيَتِي فَأُقْسِمُ لَكِ لَئِنْ أَنْتِ لَمْ تُسْلِمِي لَيُضْرَبَنَّ عُنُقُكِ، وَيْلَكِ جَاءَنَا بِالْحَقِّ فَادْخُلِي أَرِيكَتَكِ -أَحْسَبُهُ قَالَ: وَاسْكُتِي

آپ کثیر ہو گئے یا آپ نے ان چہروں کو اپنی قوم کے خلاف لڑنے کیلئے انتخاب فرمایا ہے۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یہ تیرا اور قوم کا کیا کرایا ہے' بے شک ان لوگوں نے میری تصدیق کی جب تم لوگوں نے میری تکذیب کی۔ انہوں نے میری مدد کی' جب تم نے مجھے نکال دیا۔ اس دن رسول کریم ﷺ کے ساتھ حضرت اقرع بن حابس' عباس بن مرداس اور عیینہ بن بدر فزاری تھے۔ پس جب اس نے ان کو نبی کریم ﷺ کے گرد دیکھا تو کہا: اے عباس! یہ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: یہ نبی کریم ﷺ کا حفاظتی دستہ ہے اور اس کے ساتھ سرخ موت ہے۔ یہ مہاجرین اور انصار ہیں۔ اس نے کہا: اے عباس! چلو! آج کی طرح میں نے کبھی کوئی لشکر نہیں دیکھا اور نہ کوئی جماعت دیکھی ہے۔ پس حضرت زبیر لوگوں کو لے کر چلے یہاں تک کہ حجون کے مقام پر آ کر ٹھہرے۔ حضرت خالد چل کر مکہ کی نچلی طرف سے داخل ہو۔ پس بنو بکر قبیلہ کے اوباشوں سے ان کی مڈھ بھیڑ ہوئی۔ پس اُنہوں نے ان سے قتال کیا' پس اللہ نے ان اوباشوں کو شکست دی۔ حزورہ کے مقام پر قتل کر دیئے گئے حتیٰ کہ وہ گھروں میں داخل ہوئے' ان میں سے ایک گروہ گھوڑوں پر سوار ہو کر خندمہ پر چڑھا' مسلمان ان کے پیچھے گئے۔ پس نبی کریم ﷺ سب لوگوں سے آخر میں داخل ہوئے' ایک منادی نے نداء دی: جو اپنے اوپر دروازہ بند کر لے اور ہاتھ روک لے تو اسے امان ہے۔ اور حضرت ابوسفیان نے مکہ میں نداء دی: اسلام لے آؤ' محفوظ رہو گے۔ اللہ نے ان کو حضرت عباس سے روک لیا

اور ہند بنت عتبہ آگے بڑھی' اُس نے ابوسفیان کو داڑھی سے پکڑ لیا پھر آواز دی: اے غالب (اکثریت) اس بے وقوف جاہل بوڑھے کو قتل کر دو۔ اس نے کہا: میری داڑھی چھوڑ دے! میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ اگر تُو نے اسلام قبول نہ کیا تو تیری گردن اُتار دی جائے گی' تیرے لیے ہلاکت ہو' آپ ہمارے پاس حق لے کر آئے ہیں' پس تُو اپنے پلنگ پر چلی جا' میرا گمان ہے ابوسفیان نے کہا: خاموش ہو جا!

7115 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ثُمَّ مَضَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَخْلَفَ عَلَى الْمَدِينَةِ أَبَا رُهْمٍ كُلْثُومَ بْنَ حُصَيْنٍ الْغِفَارِيَّ، وَخَرَجَ لِعَشْرٍ مَضَيْنَ مِنْ رَمَضَانَ، فَصَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَامَ النَّاسُ مَعَهُ حَتَّى إِذَا كَانَ بِالْكَدِيدِ مَا بَيْنَ عُسْفَانَ وَأَمَجَ أَفْطَرَ، ثُمَّ مَضَى حَتَّى نَزَلَ مَرَّ الظَّهْرَانِ فِي عَشَرَةِ آلَافٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ مِنْ مُزَيْنَةَ وَسُلَيْمٍ، وَفِي كُلِّ الْقَبَائِلِ عَدَدٌ وَإِسْلَامٌ، وَأَوْعَبَ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ، فَلَمْ يَتَخَلَّفْ مِنْهُمْ أَحَدٌ، فَلَمَّا نَزَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے چلے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ پر ابورہم کلثوم بن حصین غفاری کو نائب بنایا۔ رمضان المبارک کے دس دن گزر گئے' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روزہ رکھا' آپ کے ساتھ صحابہ نے بھی روزے رکھے حتیٰ کہ جب آپ عسفان اور امج کے درمیان کدید کے مقام پر تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے افطار کیا (کہ شام ہوگئی) پھر آپ چل کر مرالظہر ان پر اُترے' دس ہزار مسلمانوں کے لشکر میں جو مزینہ اور بنوسلیم میں تھا۔ ہر قبیلہ سے ایک مخصوص تعداد تھی اور سارے مسلمان تھے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مل کر (دشمن سے) لڑائی کیلئے نکل کھڑے ہوئے اور مہاجرین وانصار (بھی اسی مقصد کو نکلے) پس ان میں سے کوئی بھی پیچھے نہیں رہا۔ پس جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرالظہر ان کے مقام پر اُترے تو قریش کے بارے میں خبریں آنا بند ہو گئیں۔ پس ان کے بارے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی خبر نہ آئی (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان

وَسَلَّمَ بِمَرِّ الظَّهْرَانِ، وَقَدْ عَمِيَتِ الْأَخْبَارُ عَنْ قُرَيْشٍ، فَلَمْ يَأْتِهِمْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَبَرٌ، وَلَا يَدْرُونَ مَا هُوَ فَاعِلٌ، خَرَجَ فِي تِلْكَ اللَّيْلَةِ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، وَحَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، وَبُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ يَتَحَسَّسُونَ وَيَنْتَظِرُونَ هَلْ يَجِدُونَ خَبَرًا، أَوْ يَسْمَعُونَ بِهِ، وَقَدْ كَانَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ الطَّرِيقِ، وَقَدْ كَانَ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَدْ لَقِيَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ، فَالْتَمَسَا الدُّخُولَ عَلَيْهِ، فَكَلَّمَتْهُ أُمُّ سَلَمَةَ فِيهِمَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ابْنُ عَمِّكَ وَابْنُ عَمَّتِكَ وَصِهْرُكَ .قَالَ: لَا حَاجَةَ لِي بِهِمَا، أَمَّا ابْنُ عَمِّي فَهَتَكَ عِرْضِي، وَأَمَّا ابْنُ عَمَّتِي وَصِهْرِي، فَهُوَ الَّذِي قَالَ لِي بِمَكَّةَ مَا قَالَ . فَلَمَّا أَخْرَجَ إِلَيْهِمَا بِذَلِكَ، وَمَعَ أَبِي سُفْيَانَ بُنَيٌّ لَهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَيَأْذَنَنَّ لِي أَوْ لَآخُذَنَّ بِيَدِ ابْنِيَّ هَذَا، ثُمَّ لَنَذْهَبَنَّ فِي الْأَرْضِ حَتَّى نَمُوتَ عَطَشًا وَجُوعًا، فَلَمَّا بَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَقَّ لَهُمَا، ثُمَّ أَذِنَ لَهُمَا فَدَخَلَا وَأَسْلَمَا، فَلَمَّا نَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَرِّ الظَّهْرَانِ قَالَ الْعَبَّاسُ:

کا ذکر کرنا چھوڑ دیا) اور نہ ہی ان کو معلوم تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا کر رہے ہیں' اس رات ابوسفیان بن حرب' حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقاء نکلے' محسوس کر رہے تھے اور انتظار کر رہے تھے کہ کیا وہ کوئی خبر پاتے یا سنتے ہیں (یا نہیں) جبکہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کسی راستے سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے تھے اور ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب اور عبداللہ بن ابوامیہ بن مغیرہ بھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملے یعنی مکہ اور مدینہ کے درمیان۔ پس ان دونوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضری کا راستہ تلاش کیا۔ پس اُم المؤمنین حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے ان کے بارے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بات کی' پس عرض کی: اے اللہ کے رسول! ایک آپ کے چچا کا بیٹا ہے اور ایک آپ کی پھوپھی کا بیٹا ہے اور آپ کے سسرال سے ہے۔ فرمایا: مجھے ان کی کوئی ضرورت نہیں' بہرحال میرے چچا کے بیٹے نے میری عزت کا خیال نہیں کیا اور میری پھوپھی کے بیٹے نے مکہ میں مجھے جو کچھ کہا وہ بتانے کے لائق نہیں۔ پس جب ان دونوں تک یہ بات پہنچی اور ابوسفیان کے ساتھ اس کے بیٹے تھے تو اس نے کہا: قسم بخدا! مجھے وہ ضرور اجازت دیں گے یا میں اس بیٹے کا ہاتھ پکڑوں گا' پھر ہم ضرور زمین میں نکل جائیں گے یہاں تک کہ ہم بھوکے پیاسے مر جائیں گے۔ پس جب بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دل ان کے لیے نرم ہوا۔ پھر آپ نے ان دونوں کو اجازت دی' وہ دونوں حاضر ہو کر مسلمان ہو گئے۔ پس جب رسول

وَاصَبَاحَ قُرَيْشٍ، وَاللّٰهِ لَئِنْ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ عَنْوَةً قَبْلَ أَنْ يَسْتَأْمِنُوهُ، إِنَّهُ لَهَلَاكُ قُرَيْشٍ إِلَى آخِرِ الدَّهْرِ قَالَ: فَجَلَسْتُ عَلَى بَغْلَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيْضَاءِ، فَخَرَجْتُ عَلَيْهَا حَتَّى جِئْتُ الْأَرَاكَ فَقُلْتُ: لَعَلِّي أَلْقَى بَعْضَ الْحَطَّابَةِ، أَوْ صَاحِبَ لَبَنٍ، أَوْ ذَا حَاجَةٍ يَأْتِي مَكَّةَ، فَيُخْبِرُهُمْ بِمَكَانِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَخْرُجُوا إِلَيْهِ، فَيَسْتَأْمِنُوهُ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَهَا عَلَيْهِمْ عَنْوَةً .قَالَ: فَوَاللّٰهِ، إِنِّي لَأَسِيرُ عَلَيْهَا، وَأَلْتَمِسُ مَا خَرَجْتُ لَهُ إِذْ سَمِعْتُ كَلَامَ أَبِي سُفْيَانَ، وَبُدَيْلِ بْنِ وَرْقَاءَ وَهُمَا يَتَرَاجَعَانِ، وَأَبُو سُفْيَانَ يَقُولُ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ نِيرَانًا وَلَا عَسْكَرًا قَالَ: يَقُولُ بُدَيْلٌ: هَذِهِ وَاللّٰهِ نِيرَانُ خُزَاعَةَ حَمَشَتْهَا الْحَرْبُ .قَالَ: يَقُولُ أَبُو سُفْيَانَ: خُزَاعَةُ، وَاللّٰهِ أَذَلُّ وَأَلْأَمُ مِنْ أَنْ تَكُونَ هَذِهِ نِيرَانُهَا وَعَسْكَرُهَا .قَالَ فَعَرَفْتُ صَوْتَهُ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا حَنْظَلَةَ، فَعَرَفَ صَوْتِي، فَقَالَ أَبُو الْفَضْلِ فَقُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: مَالَكَ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي .فَقُلْتُ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ، هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ وَاصَبَاحَ قُرَيْشٍ وَاللّٰهِ قَالَ: فَمَا الْحِيلَةُ، فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي؟ قَالَ: قُلْتُ: وَاللّٰهِ لَئِنْ ظَفِرَ بِكَ لَيَضْرِبَنَّ عُنُقَكَ، فَارْكَبْ مَعِي

کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرالظہر ان کے مقام پر اُترے۔ حضرت عباس نے عرض کی: ہائے قریشیوں کی (بری) صبح! قسم بخدا! اگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنگ کرتے ہوئے مکہ میں داخل ہو گئے اس سے پہلے کہ مکہ والے آپ سے امان طلب کریں' تو قریشیوں کی ہلاکت ہے سارا زمانہ (پھر وہ سنبھل نہ سکیں گے)۔ کہتے ہیں: میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سفید خچر پر بیٹھ کر نکلا یہاں تک کہ (مکہ کی) جھاڑیوں میں آیا۔ پس میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: میں کسی لکڑیاں اُٹھانے والے' دودھ والے یا کسی کام والے سے ملوں گا جو مکہ جا کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جگہ کی ان کو خبر دے گا تاکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جگہ کی ان کو خبر دے گا تاکہ وہ آ کر امان مانگ لیں' اس سے پہلے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنگ کرتے ہوئے مکہ میں داخل ہوں۔ اُنہوں نے جواب دیا: قسم بخدا! میں اس پر چلتا رہوں گا اور وہی چیز تلاش کروں گا جس کے لیے میں نکلا ہوں' جب میں نے ابوسفیان اور بدیل بن ورقاء کا کلام سنا جبکہ وہ لوٹ رہے تھے اور ابوسفیان کہہ رہے تھے: آج کی طرح میں نے کبھی اتنی زیادہ آگ نہیں دیکھی اور کبھی کوئی لشکر (دیکھا ہے)۔ فرماتے ہیں: بدیل بن ورقاء کی زبان پر یہ بات تھی: قسم بخدا! اتنی یہ آگیں یہ تو بنو خزاعہ کی آگیں ہیں جنہوں نے جنگ کو بھڑکایا ہے۔ کہتے ہیں: ابوسفیان کہہ رہا تھا: قسم بخدا! خزاعہ تھوڑے اور کم ہیں اس سے کہ یہ ان کی آگ اور ان کا لشکر ہو۔ فرماتے ہیں: میں اس کی آواز پہچان گیا' پس میں نے کہا: اے ابوحنظلہ! پس وہ میری

هَذِهِ الْبَغْلَةَ حَتَّى آتِيَ بِكَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْتَأْمِنَهُ لَكَ، قَالَ: فَرَكِبَ خَلْفِي وَرَجَعَ صَاحِبَاهُ، فَحَرَّكْتُ بِهِ كُلَّمَا مَرَرْتُ بِنَارٍ مِنْ نِيرَانِ الْمُسْلِمِينَ قَالُوا: مَنْ هَذَا؟ فَإِذَا رَأَوْا بَغْلَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا: عَمُّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَغْلَتِهِ حَتَّى مَرَرْتُ بِنَارِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ وَقَامَ إِلَيَّ، فَلَمَّا رَأَى أَبَا سُفْيَانَ عَلَى عَجُزِ الْبَغْلَةِ، قَالَ أَبُو سُفْيَانَ عَدُوُّ اللَّهِ، الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَمْكَنَ مِنْكَ بِغَيْرِ عَقْدٍ وَلَا عَهْدٍ، ثُمَّ خَرَجَ يَشْتَدُّ نَحْوَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَكَضَتِ الْبَغْلَةُ، فَسَبَقَتْهُ بِمَا تَسْبِقُ الدَّابَّةُ الْبَطِيءُ الرَّجُلَ الْبَطِيءَ، فَاقْتَحَمْتُ عَنِ الْبَغْلَةِ، فَدَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَخَلَ عُمَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذَا أَبُو سُفْيَانَ قَدْ أَمْكَنَ اللَّهُ مِنْهُ بِغَيْرِ عَقْدٍ وَلَا عَهْدٍ، فَدَعْنِي فَلَأَضْرِبَ عُنُقَهُ .قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي أَجَرْتُهُ، ثُمَّ جَلَسْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذْتُ بِرَأْسِهِ فَقُلْتُ: لَا وَاللَّهِ لَا يُنَاجِيهِ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ دُونِي، فَلَمَّا أَكْثَرَ عُمَرُ فِي شَأْنِهِ قُلْتُ: مَهْلًا يَا عُمَرُ، أَمَا وَاللَّهِ لَوْ كَانَ مِنْ رِجَالِ بَنِي عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ مَا قُلْتُ هَذَا، وَلَكِنَّكَ عَرَفْتَ أَنَّهُ رَجُلٌ

آواز پہچان گیا۔ پس ابوالفضل (عباس) کہتے ہیں: میں نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: تجھے کیا ہے! میرے ماں باپ تیرے اوپر قربان ہوں! پس میں نے کہا: تیرے لیے ہلاکت! اے ابوسفیان! لوگوں میں یہ اللہ کے رسول ہیں' ہائے قریشیوں کی صبح! قسم بخدا! اس نے کہا: کوئی حیلہ بتاؤ؟ میرے ماں باپ تجھ پر قربان! فرماتے ہیں: میں نے کہا: اگر وہ تیرے اوپر غالب آ گئے تو تیری گردن بھی مار دیں گے۔ میرے ساتھ اس خچر پر سوار ہو جا حتیٰ کہ میں تجھے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لے جاؤں اور آپ ﷺ سے تیرے لیے امان طلب کروں۔ فرماتے ہیں: وہ میرے پیچھے سوار ہوا اور اس کے دونوں ساتھی واپس چلے گئے' پس میں نے اسے ایڑ لگائی' جب بھی میں مسلمانوں میں سے کسی کی آگ کے پاس سے گزرتا تو وہ کہتے: یہ کون ہے؟ پس جب اُنہوں نے رسول کریم ﷺ کے دراز گوش کو دیکھا تو کہا: آپ ﷺ کے دراز گوش پر رسول کریم ﷺ کے چچا ہیں یہاں تک کہ میں حضرت عمر بن خطاب کی آگ کے پاس سے گزرا تو اُنہوں نے کہا: یہ کون ہے؟ اور اُٹھ کر میری طرف آئے' پس جب اُنہوں نے ابوسفیان کو خچر کی پیٹھ پر دیکھا تو کہا: ابوسفیان اللہ کا دشمن ہے' اللہ کا شکر ہے جس نے بغیر عقد و مجاہدہ کے تجھ سے یہ چیز ممکن بنائی ہے۔ پھر وہ سختی کرتے ہوئے نکلے اور سیدھے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' سواری تیز چلی اور ان سے آگے نکل گئی جس طرح سست سواری بھی سست آدمی سے آگے نکل جاتی ہے' میں سواری سے اُتر کر رسول

مِنْ رِجَالِ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ قَالَ: مَهْلًا يَا عَبَّاسُ، فَوَاللّٰهِ لَإِسْلَامُكَ يَوْمَ أَسْلَمْتَ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِسْلَامِ الْخَطَّابِ لَوْ أَسْلَمَ، وَمَا بِي إِلَّا أَنِّي قَدْ عَرَفْتُ أَنَّ إِسْلَامَكَ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِسْلَامِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ بِهِ إِلَى رَحْلِكَ يَا عَبَّاسُ، فَإِذَا أَصْبَحَ فَائْتِنِي بِهِ . فَذَهَبْتُ بِهِ إِلَى رَحْلِي فَبَاتَ عِنْدِي، فَلَمَّا أَصْبَحَ غَدَوْتُ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ، أَلَمْ يَأْنِ لَكَ أَنْ تَعْلَمَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، مَا أَكْرَمَكَ وَأَوْصَلَكَ، وَاللّٰهِ لَقَدْ ظَنَنْتُ أَنْ لَوْ كَانَ مَعَ اللّٰهِ غَيْرُهُ لَقَدْ أَغْنَى عَنِّي شَيْئًا قَالَ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ، أَلَمْ يَأْنِ لَكَ أَنْ تَعْلَمَ أَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، مَا أَحْلَمَكَ وَأَكْرَمَكَ وَأَوْصَلَكَ هَذِهِ، وَاللّٰهِ كَانَ فِي نَفْسِي مِنْهَا شَيْءٌ حَتَّى الْآنَ .قَالَ الْعَبَّاسُ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ أَسْلِمْ، وَاشْهَدْ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ قَبْلَ أَنْ تُضْرَبَ عُنُقُكَ، قَالَ: فَشَهِدَ بِشَهَادَةِ الْحَقِّ وَأَسْلَمَ. قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ يُحِبُّ هَذَا الْفَخْرَ، فَاجْعَلْ لَهُ شَيْئًا قَالَ: نَعَمْ مَنْ دَخَلَ

کریم ﷺ کی خدمت میں آیا اور ادھر سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی داخل ہوئے۔ کہا: اے اللہ کے رسول! یہ ابوسفیان ہے۔ اللہ نے بغیر عقد و مجاہدہ کے قدرت دی ہے' پس آپ مجھے اجزت دیں تو اس کی گردن اُتار دوں۔ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اے اللہ کے رسول! میں نے اسے اجر دیا ہے۔ پھر میں رسول کریم ﷺ کے پاس بیٹھ گیا۔ میں نے اس کا سر پکڑ کر کہا: نہیں! قسم بخدا! آج رات میرے سوا کوئی آدمی آپ ﷺ سے سرگوشی نہیں کر سکے گا۔ پس جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے معاملہ میں بڑھے تو میں نے کہا: اے عمر! ذرا ٹھہرو! قسم بخدا! اگر اس کا تعلق بنوعدی سے ہوتا تو میں یہ بات نہ کہتا لیکن تجھے معلوم ہے کہ بنوعبد مناف کا آدمی ہے۔ اُنہوں نے کہا: ٹھہرو! اے عباس! قسم بخدا! جس دن آپ اسلام لائے' آپ کا اسلام لانا رسول کریم ﷺ کو خطاب کے اسلام لانے سے زیادہ پسند تھا' اگر وہ اسلام لاتے' مجھے کوئی اور بات نہیں ہے مگر میں جانتا ہوں کہ آپ کا اسلام لانا خطاب کے اسلام لانے سے رسول کریم ﷺ کو زیادہ پسند تھا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اسے اپنی رہائش پر لے جاؤ جب صبح ہو تو اسے لے کر آنا' پس میں اس کو اپنی رہائش پر لے گیا۔ پس اس نے میرے پاس رات گزاری۔ پس جب صبح ہوئی تو میں اس کو رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا' پس جب رسول کریم ﷺ نے اسے دیکھا تو فرمایا: افسوس! اے ابوسفیان! کیا ابھی وہ وقت قریب نہیں آیا کہ تُو جان لے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں'

دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَهُوَ آمِنٌ . فَلَمَّا ذَهَبَ لِيَنْصَرِفَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: يَا عَبَّاسُ، احْبِسْهُ بِمَضِيقِ الْوَادِي عِنْدَ خَطْمِ الْجَبَلِ، حَتَّى تَمُرَّ بِهِ جُنُودُ اللّٰهِ فَيَرَاهَا . قَالَ: فَخَرَجْتُ بِهِ حَتَّى حَبَسْتُهُ حَيْثُ أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ أَنْ أَحْبِسَهُ قَالَ: وَمَرَّتْ بِهِ الْقَبَائِلُ عَلَى رَايَاتِهَا كُلَّمَا مَرَّتْ قَبِيلَةٌ قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَأَقُولُ: سُلَيْمٌ . فَيَقُولُ: مَالِي وَلِسُلَيْمٍ؟ قَالَ: ثُمَّ تَمُرُّ الْقَبِيلَةُ قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَأَقُولُ: مُزَيْنَةُ. فَيَقُولُ: مَالِي وَلِمُزَيْنَةَ؟ حَتَّى تَعَدَّتِ الْقَبَائِلُ لَا تَمُرُّ قَبِيلَةٌ إِلَّا قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَأَقُولُ: بَنُو فُلَانٍ . فَيَقُولُ: مَالِي وَلِبَنِي فُلَانٍ . حَتَّى مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِي الْخَضْرَاءِ كَتِيبَةٌ فِيهَا الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ لَا يَرَى مِنْهُمْ إِلَّا الْحَدَقَ، قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، مَنْ هَؤُلَاءِ يَا عَبَّاسُ؟ قُلْتُ: هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِي الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ . قَالَ: مَا لِأَحَدٍ بِهَؤُلَاءِ قِبَلٌ وَلَا طَاقَةٌ، وَاللّٰهِ يَا أَبَا الْفَضْلِ، لَقَدْ أَصْبَحَ مِلْكُ ابْنِ أَخِيكَ الْغَدَاةَ عَظِيمًا . قُلْتُ: يَا أَبَا سُفْيَانَ، إِنَّهَا النُّبُوَّةُ . قَالَ: فَنَعَمْ إِذَنْ، قُلْتُ: النَّجَاءُ إِلَى قَوْمِكَ . قَالَ: فَخَرَجَ حَتَّى إِذَا جَاءَهُمْ صَرَخَ بِأَعْلَى صَوْتِهِ يَا

اس نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان! آپ کتنے عزت والے ہیں اور کتنے صلہ رحمی کرنے والے ہیں۔ قسم بخدا! میرا یقین ہے کہ اگر اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا ہوتا تو وہ مجھے ضرور کوئی فائدہ پہنچاتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تجھ پر افسوس! اے ابوسفیان! کیا وہ وقت قریب نہیں آیا کہ تجھے معلوم ہو جائے کہ میں اللہ کا سچا رسول ہوں' اس نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان! آپ کتنے بردبار ہیں' کتنے معزز اور کتنے بڑے صلہ رحمی کرنے والے ہیں' قسم بخدا! میرے دل میں ایک بات تھی جواب تک ہے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: تجھ پر افسوس! اے ابوسفیان! اسلام قبول کر اور گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں' اس سے پہلے کہ تیری گردن مار دی جائے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس نے حق کی شہادت دی اور اسلام لایا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک ابوسفیان ایسا آدمی ہے جو اس فخر کو پسند کرتا ہے' پس آپ اس کے لیے کوئی چیز مخصوص فرما دیں۔ آپ نے فرمایا: جی ہاں! جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو گیا اسے امان ہے' جس نے اپنا دروازہ بند کر لیا اسے امان ہے اور جو مسجد حرام میں داخل ہو گیا اسے امان ہے۔ پس جب واپس جانے کیلئے وہ چلا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عباس! پہاڑ کے پاس تنگ وادی میں جا کر اسے روک لینا یہاں تک کہ وہاں سے اللہ کے لشکر گزریں اور یہ ان کو دیکھے۔ فرماتے ہیں: پس میں ان کے ساتھ نکلا حتیٰ کہ میں نے اسے اس مقام پر

مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، هَذَا مُحَمَّدٌ قَدْ جَاءَكُمْ بِمَا لَا قِبَلَ لَكُمْ بِهِ، فَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ، فَقَامَتْ إِلَيْهِ امْرَأَتُهُ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ، فَأَخَذَتْ بِشَارِبِهِ، فَقَالَتْ: اقْتُلُوا الدَّسَمَ الْأَحْمَسَ، فَبِئْسَ مِنْ طَلِيعَةِ قَوْمٍ. قَالَ: وَيْحَكُمْ، لَا تَغُرَّنَّكُمْ هَذِهِ مِنْ أَنْفُسِكُمْ، فَإِنَّهُ قَدْ جَاءَ مَا لَا قِبَلَ لَكُمْ بِهِ، مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ، فَهُوَ آمِنٌ قَالُوا: وَيْلَكَ وَمَا تُغْنِي عَنَّا دَارُكَ. قَالَ: وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَهُوَ آمِنٌ فَتَفَرَّقَ النَّاسُ إِلَى دُورِهِمْ وَإِلَى الْمَسْجِدِ

روک لیا جس جگہ روکنے کا حکم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیا تھا۔ فرماتے ہیں: مختلف قبیلے اپنے اپنے جھنڈے لے کر اس کے پاس سے گزرے پس جب بھی کوئی قبیلہ اس کے پاس سے گزرتا تو وہ کہتا: یہ کون ہیں؟ میں کہتا: بنوسلیم۔ پس وہ کہتا: میں بنوسلیم کو کیوں نہیں پہچانتا؟ فرماتے ہیں: پھر قبیلہ گزرتا تو وہ کہتا: یہ کون ہیں: میں کہتا: مزینہ! وہ کہتا: مجھے مزینہ سے کیا غرض ہے؟ حتیٰ کہ متعدد قبیلے گزرے کوئی قبیلہ بھی نہیں گزرا مگر اس نے کہا: یہ کون ہیں؟ میں کہتا رہا: بنوفلاں اور وہ کہتا رہا: مجھے بنوفلاں سے کیا غرض ہے؟ حتیٰ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گزرے سبزی میں یعنی سبز جھنڈا۔ ایک لشکر تھا جس میں مہاجرین اور انصار تھے اس نے کہا: سبحان اللہ! اے عباس! یہ کون ہیں؟ میں نے کہا: یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں ساتھ مہاجرین وانصار ہیں۔ اس نے کہا: ان کا سامنا کرنے کی کسی میں طاقت نہیں قسم ہے اے ابوالفضل! کل صبح ہر شی تیرے بھائی کے بیٹے کی ملکیت ہو گی۔ میں نے کہا: اے ابوسفیان! یہ نبوت ہے۔ اس نے کہا: پھر تو ٹھیک ہے۔ میں نے کہا: نجات تیری قوم کی طرف ہے۔ فرماتے ہیں: پس وہ نکلا حتیٰ کہ جب وہ ان کے پاس آیا تو بلند آواز سے پکارا: اے گروہِ قریش! یہ محمد ہیں تمہارے پاس وہ چیز لائے ہیں جو پہلے کوئی نہیں لایا۔ پس جو ابوسفیان کے گھر داخل ہوا اسے امان ہے۔ اس کی بیوی ہند بنت عتبہ اُٹھی اس نے اس کی مونچھوں سے پکڑ لیا اور کہا: قتل کر دو اس بوڑھے کو! پس کتنا بُرا قوم کا فرد ہے۔ اس نے کہا: تم پر افسوس! یہ عورت تم کو دھوکہ نہ دے تمہاری

جانوں سے کیونکہ آپ ﷺ وہ چیز لائے ہیں جو پہلے تمہارے پاس کوئی نہیں لایا۔ جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو اسے امان ہے۔ اُنہوں نے کہا: تُو برباد ہو! تیرا گھر ہمیں کیا فائدہ دے گا۔ اس نے کہا: جو دروازہ بند کر لے' جو مسجد میں داخل ہو' اسے امان ہے' پس لوگ اپنے گھروں اور مسجد کی طرف لوٹ گئے۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ

ایک اور سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے محمد بن اسحاق کی حدیث کی مثل حدیث روایت ہے۔

7116 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَنَا ثَابِتٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ: وَفَدْنَا إِلَى مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَفِينَا أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَكَانَ هَذَا يَصْنَعُ يَوْمَ الطَّعَامِ فَيَدْعُو هَذَا، وَيَصْنَعُ هَذَا يَوْمَ الطَّعَامِ فَيَدْعُو هَذَا، قُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، الْيَوْمُ يَوْمِي فَجَاءَ قَبْلَ أَنْ يَحْضُرَ الطَّعَامُ فَقُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، حَدِّثْنَا بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يُدْرِكَ طَعَامُنَا، قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن ابورباح فرماتے ہیں کہ ہم حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' ہم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی تھے' یہ دن کھانا بنانے کا تھا' اس کی دعوت کی جاتی تھی' اس دن کھانا بنایا جاتا تھا اور اس کی دعوت کی جاتی تھی۔ میں نے عرض کی: اے ابوہریرہ! آج کا دن اشارہ کرنے کا ہے' کھانا آنے سے پہلے آیا ہے۔ میں نے عرض کی: اے ابوہریرہ! ہمیں ایسی حدیث سنائیں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے' کھانا آنے تک۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں فتح مکہ کے دن حضور ﷺ کے پاس تھا' آپ نے فرمایا: اے ابوہریرہ! میرے پاس انصار کو بلاؤ! میں نے

7116- رواه أحمد جلد 2 صفحه 538-539' ومسلم رقم الحديث: 1780' وابن أبي شيبة في المصنف جلد 14 صفحه 471-472 .

وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ، فَقَالَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، ادْعُ لِيَ الْأَنْصَارَ .فَدَعَوْتُهُمْ فَجَاءُوا يُهَرْوِلُونَ، فَقَالَ: هَلْ تَرَوْنَ أَوْبَاشَ النَّاسِ؟ قَالُوا: نَعَمْ .قَالَ: فَإِذَا لَقِيتُمُوهُمْ غَدًا، فَاحْصُدُوهُمْ حَصْدًا، ثُمَّ مَوْعِدُكُمُ الصَّفَا .قَالَ: وَاسْتَعْمَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ عَلَى إِحْدَى الْمُجَنِّبَتَيْنِ، وَالزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ عَلَى الْمُجَنِّبَةِ الْأُخْرَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَاسْتَعْمَلَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ عَلَى النَّادِقَةِ فِي بَطْنِ الْوَادِي، فَلَمَّا جَاءَ الْقَوْمُ لَقِينَاهُمْ فَمَا تَقَدَّمَ أَحَدٌ إِلَّا أَنَامُوهُ وَفُتِحَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، فَجَاءَ فَصَعِدَ الصَّفَا، وَجَاءَتِ الْأَنْصَارُ فَأَطَافُوا بِالصَّفَا، وَجَاءَ أَبُو سُفْيَانَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُبِيحَتْ خَضْرَاءُ قُرَيْشٍ لَا قُرَيْشَ بَعْدَ الْيَوْمِ، فَقَالَ: مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَلْقَى السِّلَاحَ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ

ان کو بلایا تو انصار دوڑتے ہوئے آئے' آپ نے فرمایا: یہ تم لوگوں کو ہوشیار دیکھتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: جب کل تم نے ان سے ملنا ہے' ان کو مارنا ہے' پھر تمہارے لیے وعدہ کی جگہ' صفا ہے۔ راوی کا بیان ہے: حضور ﷺ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو دو گروہوں میں سے ایک پر مقرر کیا اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو دوسرے پر' حضرت ابوعبیدہ بن جراح کو بطن وادی پر۔ جب لوگ آئے تو ان سے ملے' انصار آئے تو اُنہوں نے صفا کا چکر لگایا۔ حضرت سفیان نے آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! پس آپ نے فرمایا: جو اپنا دروازہ بند کر لے وہ امن والا ہے' جو ہتھیار ڈال دے اسے امن ہے اور جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو جائے' وہ امن میں ہے۔

7117 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا شَبَابَةُ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ لَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ، جَاءَ أَبُو سُفْيَانَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُبِيحَتْ قُرَيْشٌ لَا قُرَيْشَ بَعْدَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب فتح مکہ کے دن مکہ میں داخل ہوئے تو ابوسفیان آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! قریش کو جائز قرار دیا ہے' قریش آج کے بعد نہیں ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنا دروازہ بند کرے اُس کے لیے امن ہے' جو ابوسفیان کے گھر داخل ہوا اُس کے لیے امن ہے' اس کے بعد حماد بن سلمہ والی حدیث ذکر کی۔

صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس

الْيَوْمِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ

7118 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْبَجَلِيُّ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا كُنَّا بِسَرِفَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ قَرِيبٌ مِنْكُمْ، فَاحْذَرُوهُ . فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَسْلِمْ يَا أَبَا سُفْيَانَ . قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَوْمِي قَوْمِي قَالَ: فَإِنَّ قَوْمَكَ مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ . قَالَ: اجْعَلْ لِي شَيْئًا . قَالَ: مَنْ دَخَلَ دَارَكَ فَهُوَ آمِنٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم مقامِ سرف میں تھے تو حضور ﷺ نے فرمایا: ابوسفیان تمہارے قریب ہے اس سے بچو! حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوسفیان! ایمان لے آؤ! حضرت ابوسفیان نے عرض کی: یارسول اللہ! میری قوم! میری قوم! آپ نے فرمایا: اگر تیری قوم دروازہ بند کرے تو اس کے لیے بھی امان ہے۔ حضرت ابوسفیان نے عرض کی: میرے لیے بھی کوئی شی مقرر کریں آپ نے فرمایا: جو تمہارے گھر میں داخل ہو اُس کے لیے بھی امان ہے۔

مَا أَسْنَدَ أَبُو سُفْيَانَ صَخْرُ بْنُ حَرْبٍ

حضرت ابوسفیان صخر بن حرب کی روایت کردہ احادیث

7119 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِي أَبُو سُفْيَانَ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابوسفیان بن حرب نے بتایا منہ سے کانوں تک سنا' حضرت ابوسفیان نے کہا: میں اس مدت میں چلا جو ہمارے اور رسول اللہ ﷺ کے درمیان طے تھی' ہم ملک شام میں

7119- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 9724' وأحمد رقم الحديث: 2372,2371,2370' والبخاري رقم الحديث: 7,51,2681,2804,2941,2978,3174,3553,5980,6260,7196,7541' ومسلم رقم الحديث: 1773' وابو داؤد رقم الحديث: 5114,3005' والترمذي رقم الحديث: 2860 .

حَرْبٍ، مِنْ فِيهِ إِلَى أُذُنِي قَالَ: انْطَلَقْتُ فِي الْمُدَّةِ الَّتِي كَانَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَالَ: فَبَيْنَا أَنَا بِالشَّامِ إِذْ جِيءَ بِكِتَابٍ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ إِلَى هِرَقْلَ، قَالَ: وَكَانَ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ جَاءَ بِهِ، فَدَفَعَهُ إِلَى عَظِيمِ بُصْرَى، فَدَفَعَهُ إِلَى هِرَقْلَ، فَقَالَ هِرَقْلُ: هٰهُنَا رَجُلٌ مِنْ قَوْمِ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ؟ قَالُوا: نَعَمْ . قَالَ: فَدُعِيتُ فِي نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ فَدَخَلْنَا عَلَى هِرَقْلَ فَأَجْلَسَنَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا مِنْ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ؟ قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: قُلْتُ: أَنَا . فَأَجْلَسُونِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَجْلَسُوا أَصْحَابِي خَلْفِي، ثُمَّ دَعَا بِتَرْجُمَانِهِ، فَقَالَ: قُلْ لَهُمْ: إِنِّي سَائِلٌ عَنْ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، فَإِنْ كَذَبَنِي فَكَذِّبُوهُ، فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: وَايْمُ اللّٰهِ، لَوْلَا أَنْ يُؤْثَرَ عَلَيَّ الْكَذِبُ لَكَذَبْتُ، ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ سَلْهُ: كَيْفَ حَسَبُهُ فِيكُمْ؟ قَالَ: هُوَ فِينَا ذُو حَسَبٍ . قَالَ: فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ؟ قُلْتُ: لَا . قَالَ: فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ قُلْتُ: لَا . قَالَ: مَنْ يَتْبَعُهُ أَشْرَافُ النَّاسِ، أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ . فَقَالَ: أَيَزِيدُونَ، أَمْ يَنْقُصُونَ؟ فَقُلْتُ: لَا، بَلْ يَزِيدُونَ . قَالَ: فَهَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِينِهِ

تھے رسول اللہ ﷺ کا خط ہرقل کی طرف آیا' حضرت دحیہ کلبی لے کر آئے تھے' وہ خط سردار کو دیا گیا تو اس نے ہرقل کو دیا' ہرقل نے کہا: یہاں اس آدمی کی قوم کا کوئی آدمی ہے جس کا گمان ہے کہ وہ نبی ہے؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! مجھے قریش کے ایک کو بلا کر پیش کیا جائے' ہم ہرقل کے پاس آئے' اُس نے ہمیں آگے بٹھایا' اس نے کہا: تم میں رشتے کے لحاظ سے اس آدمی کے زیادہ قریب کون ہے جس کا کہنا ہے کہ وہ نبی ہے؟ حضرت ابوسفیان نے کہا: میں ہوں! اس نے مجھے اپنے آگے بٹھایا اور میرے ساتھیوں کو میرے پیچھے' پھر اس نے اپنے ترجمان کو بلایا' اس نے کہا: اس کو کہو کہ میں تم سے اس آدمی کے متعلق پوچھتا ہوں جو نبی ہونے کا دعویٰ کرتا ہے' اگر وہ مجھ پر جھوٹ بولے تو تم اس کی بات جھٹلا دو۔ ابوسفیان نے کہا: قسم بخدا! اگر جھوٹ کو مجھ پر ترجیح نہ دی جاتی تو میں ضرور جھوٹ بولتا' پھر اس نے اپنے ترجمان سے کہا: اس سے سوال کرو۔ تم میں اس آدمی کا حسب کیا ہے؟ ابوسفیان نے کہا: وہ ہم میں اچھے حسب والا ہے۔ اس نے کہا: کیا اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا ہے۔ میں نے کہا: نہیں! اس نے کہا: کیا اس کے کچھ کہنے سے پہلے تم اسے جھوٹا کہتے تھے؟ میں نے کہا: نہیں! اس نے کہا: اس کی پیروی کرنے والے لوگوں میں سے بڑے ہیں یا کمزور؟ کہتے ہیں: میں نے کہا: بلکہ کمزور لوگ ہیں۔ اس نے کہا: کیا وہ زیادہ ہو رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ میں نے کہا: جی نہیں! بلکہ زیادہ ہو رہے ہیں۔ اس نے کہا: جب کوئی آدمی اس

بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ سَخْطًا لَهُ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَهَلْ قَاتَلْتُمُوهُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: فَكَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ؟ قُلْتُ: يَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ سِجَالًا يُصِيبُ مِنَّا وَنُصِيبُ مِنْهُ .قَالَ: فَهَلْ يَغْدِرُ؟ قُلْتُ: لَا، وَنَحْنُ مِنْهُ فِي هُدْنَةٍ لَا نَدْرِي مَا هُوَ صَانِعٌ فِيهَا .قَالَ: فَوَاللّٰهِ، مَا أَمْكَنَنِي مِنْ كَلِمَةٍ أُدْخِلُ فِيهَا شَيْئًا غَيْرُ هَذِهِ .قَالَ: فَهَلْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ .قُلْتُ: لَا .قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ: قُلْ لَهُ: إِنِّي سَأَلْتُكَ عَنْ حَسَبِهِ، فَزَعَمْتَ أَنَّهُ فِيكُمْ ذُو حَسَبٍ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِي أَحْسَابِ قَوْمِهَا، وَسَأَلْتُكَ هَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ: رَجُلٌ يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ، وَسَأَلْتُكَ عَنْ أَتْبَاعِهِ أَضُعَفَاؤُهُمْ أَمْ أَشْرَافُهُمْ؟ فَقُلْتَ بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ أَنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا فَقَدْ عَرَفْتُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَدَعَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ، ثُمَّ يَذْهَبَ فَيَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ سَخْطًا لَهُ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ إِذَا خَالَطَ بَشَاشَةَ الْقُلُوبِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَزِيدُونَ أَمْ يَنْقُصُونَ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيدُونَ، وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ حَتَّى يَتِمَّ وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَاتَلْتُمُوهُ؟

کے دین میں داخل ہو جاتا ہے تو کیا اس کی ناراضگی کی وجہ سے کسی نے اس کا دین چھوڑا بھی ہے؟ میں نے کہا: جی نہیں! اس نے کہا: کیا ان سے تمہاری جنگ بھی ہوئی ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: تمہاری ان سے جنگ کیسی رہی؟ میں نے کہا: ہمارے اور ان کے درمیان مقابلہ خوب ہوا' کچھ ہم میں سے اور کچھ اُن میں سے مارے گئے۔ اس نے کہا: کیا وہ غدر کرتا ہے؟ میں نے کہا: نہیں! لیکن اب ان سے ہماری عارضی صلح ہوئی ہے' دیکھیں! وہ کیا کرتے ہیں۔ ابوسفیان کہتے ہیں: قسم بخدا! اس کے علاوہ کوئی کلمہ اس میں داخل کرنا میرے لیے ممکن نہ ہوا۔ اس نے کہا: اس سے پہلے بھی اس نے کبھی اس طرح کی بات کی ہے؟ میں نے کہا: جی نہیں! اس نے اپنے ترجمان سے کہا: اس سے کہہ کہ میں نے اس سے اس کے حسب کے بارے پوچھا تو تیرا گمان ہے کہ وہ تم میں حسب والا ہے' تو رسولوں کی شان یہی ہوتی ہے کہ وہ اپنی قوم میں حسب والے بنا کر بھیجے جاتے ہیں۔ میں نے اس سے سوال کیا کہ اس آباء سے کوئی بادشاہ ہوا ہے' تو تیرا گمان ہے کہ نہیں' میں نے کہا: اگر اس آباء سے کوئی بادشاہ ہوتا تو میں کہتا کہ وہ ایسا آدمی ہے جو اپنے آباء کا ملک لینا چاہتا ہے۔ میں نے اس کی پیروی کرنے والوں کے بارے سوال کیا کہ وہ کمزور ہیں یا اشرافیہ ہے' تو تُو نے کہا: بلکہ وہ کمزور ہیں اور رسولوں کی پیروی کرنے والے کمزور ہی ہوتے ہیں۔ میں نے تجھ سے سوال کیا کہ کیا تم یہ کہنے سے پہلے بھی اس پر جھوٹ کی تہمت لگاتے تھے؟ تیرا گمان ہے

فَزَعَمْتَ أَنَّكُمْ قَاتَلْتُمُوهُ فَيَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ سِجَالًا يَنَالُ مِنْكُمْ وَتَنَالُونَ مِنْهُ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلَى، ثُمَّ تَكُونُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ لَا يَغْدِرُ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ لَا تَغْدِرُ وَسَأَلْتُكَ: هَلْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ قُلْتُ رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلٍ قِيلَ قَبْلَهُ، ثُمَّ قَالَ: فَبِمَا يَأْمُرُكُمْ؟ قُلْتُ: يَأْمُرُنَا بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَالصِّلَةِ وَالْعَفَافِ .قَالَ: فَإِنْ يَكُ مَا تَقُولُ فِيهِ حَقًّا إِنَّهُ نَبِيٌّ، وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ، وَلَمْ أَكُنْ أَظُنُّهُ مِنْكُمْ، وَلَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنِّي أَخْلُصُ لَأَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ، وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ عَنْ قَدَمَيْهِ، وَلَيَبْلُغَنَّ مُلْكُهُ مَا تَحْتَ قَدَمَيَّ، ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَهُ، فَإِذَا فِيهِ: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِلَى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ، سَلَامٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى أَمَّا بَعْدُ، فَإِنِّي أَدْعُوكَ بِدِعَايَةِ الْإِسْلَامِ أَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، وَإِنْ تَرَكْتَ فَإِنَّ عَلَيْكَ إِثْمَ الْأَرِيسِيِّينَ، وَ (يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ) (آل عمران: 64) إِلَى قَوْلِهِ (بِأَنَّا مُسْلِمُونَ) (آل عمران: 64)" ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ

ما اسند ابو سفيان صخر بن حرب

کہ نہیں! پس میں پہچان گیا کہ جو لوگوں پر جھوٹ نہیں بولتا وہ اللہ پر جھوٹ کیسے بولے گا۔ میں نے تجھ سے سوال کیا کہ اس کے دین میں داخل ہونے کے بعد اس سے ناراض ہو کر کوئی پھرا ہے؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! اسی طرح ہوتا ہے جب ایمان دل میں رچ بس جاتا ہے (تو پھر رچ بس ہی جاتا ہے) اور میں نے تجھ سے سوال کیا کہ کیا اس کے ماننے والے زیادہ ہو رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ تو تیرا گمان ہے کہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں' اسی طرح ایمان کی شان ہے حتیٰ کہ وہ مکمل ہو کر رہتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا تم نے اس سے جنگ کی ہے؟ تو تیرا گمان ہے کہ تم نے اس سے جنگ کی ہے تو مقابلہ برابر رہا ہے' کچھ تمہارے آدمی کام آئے اور کچھ ان کے آدمی کام آئے ہے بھی ایسے ہی کہ رسولوں کی آزمائش کی جاتی ہے پھر انجام ان کیلئے ہوگا' میں نے اس کے غدر (وعدہ خلافی) کے حوالے سے پوچھا تو تیرا گمان ہے کہ وہ وعدہ خلافی نہیں کرتا' اور رسولوں کی شان یہی ہے کہ وہ وعدہ خلافی نہیں کرتے' میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا کسی ایک نے اس سے پہلے بھی یہ بات کی؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! میں نے کہا: اگر اس سے پہلے کسی نے یہ بات کی ہوتی تو میں کہتا کہ یہ اس کی نقل کر رہا ہے۔ پھر اس نے کہا: آپ تمہیں کیا حکم دیتے ہیں؟ میں نے کہا: وہ ہمیں نماز' زکوٰۃ' صلہ رحمی اور پاکیزہ رہنے کا حکم دیتے ہیں۔ اس نے کہا: اگر یہی بات ہے جو تُو اس کے بارے کہہ رہا ہے تو وہ اللہ کے سچے نبی ہیں' یقیناً مجھے ان کی تشریف آوری کا علم تھا لیکن مجھے اس

الْكِتَابِ ارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ عِنْدَهُ وَكَثُرَ اللَّغَطُ، وَأُمِرَ بِنَا فَأُخْرِجْنَا فَقُلْتُ لِأَصْحَابِي حِينَ خَرَجْنَا: لَقَدْ أَمِرَ أَمْرُ ابْنِ أَبِي كَبْشَةَ إِنَّهُ لَيَخَافُهُ مَلِكُ بَنِي الْأَصْفَرِ، فَمَا زِلْتُ مُوقِنًا بِأَمْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ سَيَظْهَرُ حَتَّى أَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْإِسْلَامَ قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَدَعَا هِرَقْلُ عُظَمَاءَ الرُّومِ، فَجَمَعَهُمْ فِي دَارٍ لَهُ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الرُّومِ، هَلْ لَكُمْ فِي الْفَلَاحِ وَالرَّشَدِ آخِرَ الْأَبَدِ؟ وَأَنْ يَثْبُتَ لَكُمْ مُلْكُكُمْ؟ قَالَ: فَحَاصُوا حَيْصَةَ حُمُرِ الْوَحْشِ إِلَى الْأَبْوَابِ، فَوَجَدُوهَا قَدْ غُلِّقَتْ، فَدَعَا بِهِمْ: إِنِّي إِنَّمَا اخْتَبَرْتُ شِدَّتَكُمْ عَلَى دِينِكُمْ فَقَدْ رَأَيْتُ مِنْكُمِ الَّذِي أَحْبَبْتُ، فَسَجَدُوا لَهُ وَرَضُوا عَنْهُ

کے تم میں سے ہونے کا گمان نہ تھا' اگر مجھے علم ہوتا کہ مجھے فرصت ملے گی تو میں اس ملاقات کو پسند کرتا اور اگر میں ان کے پاس ہوتا تو میں ان کے پاؤں دھوتا اور ضرور بضرور ان کا ملک میرے قدموں کے نیچے والے زمین تک پہنچے گا' پھر اس نے رسول کریم ﷺ کا خط منگوا کر پڑھا تو اس میں تھا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے روم کے بادشاہ ہرقل کی طرف! سلام اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی' اس کے بعد میں آپ کو اسلام کی دعوت دیتا ہوں' اسلام لے آئیں سلامتی پائیں' اسلام لائیں' اللہ تعالیٰ آپ کو دوبار اجر عطا فرمائے گا' اگر آپ نے ترک کیا تو تیرے اوپر رعایا کا گناہ بھی ہوگا اور اے اہل کتاب! آؤ اس کلمہ کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے' اس فرمان تک: کہ ہم مسلمان ہیں۔ پس جب اس نے خط پڑھ لیا تو اس کے پاس آوازیں بلند ہوئیں اور لوگوں نے غلط باتیں کیں۔ ہمیں نکال دینے کا حکم ملا' جب ہم نکل رہے تھے تو میں نے اپنے دوستوں سے کہا: ابو کبشہ کا بیٹا (حضور ﷺ) بادشاہ ہوگا کہ اس سے بنو اصفر کا بادشاہ بھی خوف کرے گا۔ مجھے یقین نہیں کہ رسول کریم ﷺ غالب آئیں' اس سے پہلے کہ اللہ ہمیں اسلام میں داخل کر دے۔ حضرت امام زہری کا قول ہے: پس ہرقل نے روم کے بڑے لوگوں کو بلا کر ایک گھر میں جمع کیا' کہا: اے روم کے گروہ! کیا تمہیں کوئی فائدہ معلوم ہوتا ہے کہ تم آخر زمانے تک کامیاب اور راہِ راحت پر رہو اور تمہارا ملک قائم رہے؟ امام زہری کہتے ہیں: رومی جنگلی

سرخ گدھوں کی طرح دروازوں کی طرف دوڑے تو دروازے بند تھے۔ ہرقل نے ان کو پھر بلایا: (کہا:) میں تمہاری آزمائش کررہا تھا کہ تم اپنے دین پر کتنے مضبوط ہو؟ پس میں نے تم میں وہی چیز پائی ہے جو میں پسند کرتا تھا۔ پس اُنہوں نے اس کو سجدہ کیا اور راضی ہوگئے۔

7120 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ السَّرَّاجُ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ هِرَقْلَ أَرْسَلَ إِلَيْهِ فِي رَكْبٍ مِنْ قُرَيْشٍ، وَكَانُوا تُجَّارًا بِالشَّامِ فِي الْمُدَّةِ الَّتِي مَادَّ فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا سُفْيَانَ وَكُفَّارَ قُرَيْشٍ، فَأَتَوْهُ بِإِيلِيَاءَ فَدَعَاهُمْ فِي مَجْلِسٍ، وَحَوْلَهُ عُقَلَاءُ الرُّومِ، ثُمَّ دَعَا بِتَرْجُمَانِهِ، فَقَالَ: قُلْ لَهُمْ: أَيُّهُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا بِهَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ؟ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: أَنَا أَقْرَبُهُمْ نَسَبًا، فَقَالَ: ادْنُ مِنِّي، وَقَرِّبُوا أَصْحَابَهُ فَجَعَلُوهُمْ عِنْدَ ظَهْرِهِ، ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ قُلْ لَهُمْ: إِنِّي سَائِلٌ هَذَا عَنْ هَذَا الرَّجُلِ، فَإِنْ كَذَبَنِي فَكَذِّبُوهُ .قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَوَاللّٰهِ لَوْلَا الْحَيَاءُ أَنْ يَأْثِرُوا عَلَيَّ الْكَذِبَ لَكَذَبْتُهُ عَنْهُ، ثُمَّ قَالَ: أَوَّلُ شَيْءٍ سَأَلَنِي عَنْهُ قَالَ: فَكَيْفَ نَسَبُهُ فِيكُمْ؟ قُلْتُ: هُوَ فِينَا ذُو

حضرت ابوسفیان نے خبر دی کہ قریش کے لشکر میں ہرقل نے انؓ کی طرف پیغام بھیجا اس حال میں کہ وہ شام میں تاجر بن کر گئے ہوئے تھے۔ اسی زمانے میں؛ پس وہ اس کے پاس ایلیا آئے۔ پس ہرقل نے ان کو ایک مجلس میں بلایا جبکہ اس کے اردگرد روم کے عقلمند لوگ تھے' پھر اس نے اپنے ترجمان کو بلا کر کہا: ان سے پوچھ کہ ان میں سے کون ہے جو اس آدمی سے قریبی نسبی رشتہ رکھتا ہے' جس نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے؟ پس ابوسفیان نے کہا: میں ان کا قریبی رشتہ دار ہوں۔ اس نے کہا: تم میرے قریب ہو جاؤ اور اس نے اپنے دوستوں کو بھی اپنے قریب کرلیا۔ پس ان کو ابوسفیان کی پیٹھ کے پاس بٹھا دیا۔ پھر اپنے ترجمان سے کہا: ان سے کہہ دے کہ میں نے ان سے اس آدمی کے بارے پوچھنا ہے' پس اگر یہ آدمی مجھے جھٹلائے مجھ سے جھوٹ بولے تو تم اسے جھٹلا دینا۔ حضرت ابوسفیان کہتے ہیں: قسم بخدا! اگر اس بات کی حیاء نہ ہوتی کہ مجھ پر جھوٹ کی تہمت لگائیں گے تو میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے ضرورت جھوٹ بولتا۔ پھر کہا: سب سے پہلی چیز جس کے بارے اس نے مجھ سے پوچھا' کہا: تمہارے اندر اس کا نسب کیا ہے؟ میں نے کہا: وہ شریف نسب والے ہیں۔ اس نے

نَسَبٍ .قَالَ: فَهَلْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ مِنكُمْ أَحَدٌ قَبْلَهُ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَأَشْرَافُهُم اتَّبَعُوهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ قُلْتُ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ .قَالَ: يَزِيدُونَ أَمْ يَنْقُصُونَ؟ قُلْتُ: بَلْ يَزِيدُونَ .قَالَ: فَهَلْ مِنْهُمْ أَحَدٌ يَرْتَدُّ سَخْطَةً لِدِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَهَلْ يَغْدِرُ؟ قُلْتُ: لَا، وَنَحْنُ مِنْهُ فِي مُدَّةٍ لَا نَدْرِي مَا هُوَ فَاعِلٌ فِيهَا .قَالَ: وَلَمْ يُمْكِنِّي كَلِمَةٌ أُدْخِلُ فِيهَا شَيْئًا غَيْرُ هَذِهِ الْكَلِمَةِ .قَالَ: فَهَلْ قَاتَلْتُمُوهُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: فَكَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ؟ قُلْتُ: يَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ سِجَالًا وَدُوَلًا يَنَالُ مِنَّا وَنَنَالُ مِنْهُ، قَالَ: مَاذَا يَأْمُرُكُمْ؟ قُلْتُ: يَقُولُ: اعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَاتْرُكُوا مَا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُكُمْ، وَيَأْمُرُ بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَالصَّدَقَةِ وَبِالْعَفَافِ وَبِالصِّلَةِ .فَقَالَ لِلتَّرْجُمَانِ: قُلْ لَهُ: سَأَلْتُكَ عَنْ نَسَبِهِ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ فِيكُمْ ذُو نَسَبٍ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِي نَسَبِ قَوْمِهِمْ، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ قَالَ أَحَدٌ مِنكُمْ هَذَا الْقَوْلَ قَبْلَهُ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ، قُلْتُ: رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلٍ قِيلَ قَبْلَهُ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ

کہا: اس سے پہلے بھی تم میں سے کسی نے یہ بات کی؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے کہا: اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے کہا: بڑے لوگوں نے اس کی پیروی کی یا کمزور لوگوں نے؟ میں نے جواب دیا: بلکہ کمزور لوگوں نے۔ اس نے کہا: وہ زیادہ ہو رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ میں نے جواب دیا: بلکہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں۔ اس نے کہا: کیا ان میں سے کوئی ایک ناراض ہو کر اس کے دین سے پھرا' اس میں داخل ہونے کے بعد؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے کہا: تم اسے جھوٹا کہا کرتے تھے (پہلے)؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے کہا: کیا وہ وعدہ خلافی کرتا ہے؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اب ایک مدت تک ہمارا ان سے عارضی معاہدہ ہے' ہمیں معلوم نہیں کہ وہ کیا کرنے والے ہیں۔ ابوسفیان کا قول ہے: میرے لیے ممکن نہ ہوا کہ اس بات کے علاوہ کوئی بات میں اپنے کلام میں داخل کرتا۔ اس نے کہا: کیا تمہاری ان سے جنگ ہوئی؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں! اس نے کہا: تمہارا ان سے جنگ کرنا کیسا رہا؟ میں نے جواب دیا: ہمارے درمیان مقابلہ خوب ہوا' کچھ ہم میں سے' کچھ ان میں سے کام آئے' اس نے کہا: آپ ﷺ تمہیں کیا حکم دیتے ہیں؟ میں نے جواب دیا: وہ فرماتے ہیں: اللہ کی عبادت کرو' اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ' ان کو چھوڑ دو جن کی عبادت تمہارے آباء کرتے تھے' نماز' زکوٰۃ' صدقہ' پاکیزہ رہنے اور صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں۔ اس نے اپنے ترجمان سے کہا: میں نے تجھ سے اس کے نسب کے بارے

مَلِكٌ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا. فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ فِي آبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ: يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقَدْ أَعْرِفُ أَنْ لَمْ يَكُنْ لِيَذَرَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ وَيَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ، وَسَأَلْتُكَ أَشْرَافُ النَّاسِ اتَّبَعُوهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّ ضُعَفَاءَهُمُ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ، وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ، وَسَأَلْتُكَ أَيَزِيدُونَ أَمْ يَنْقُصُونَ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيدُونَ، وَكَذَلِكَ أَمْرُ الْإِيمَانِ حَتَّى يَتِمَّ، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ سَخْطَةً لِدِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ حِينَ يُخَالِطُ بَشَاشَةَ الْقُلُوبِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ لَا يَغْدِرُونَ، وَسَأَلْتُكَ كَيْفَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّ الْحَرْبَ بَيْنَكُمْ سِجَالٌ وَدُوَلٌ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلَى، ثُمَّ يَكُونُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ، وَسَأَلْتُكَ عَمَّا يَأْمُرُكُمْ بِهِ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا وَيَنْهَاكُمْ عَنْ عِبَادَةِ الْأَوْثَانِ، وَيَأْمُرُكُمْ بِالصَّلَاةِ وَالصَّدَقَةِ وَالْعَفَافِ وَالصِّلَةِ، وَإِنْ كَانَ مَا تَقُولُ حَقًّا، فَيُوشِكُ أَنْ يَمْلِكَ مَوْضِعَ قَدَمَيَّ هَاتَيْنِ، وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ، ولَكِنْ لَمْ أَكُنْ أَظُنُّ أَنَّهُ مِنْكُمْ، وَلَوْ أَعْلَمُ أَنْ أَخْلُصَ إِلَيْهِ لَالْتَمَسْتُ لُقِيَّهُ، وَلَوْ

پوچھا تو تیرا گمان تھا کہ وہ تم میں اچھے نسب والا ہے' اسی طرح رسول اپنی قوم میں اچھے نسب والے ہوتے ہیں۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ اس سے پہلے تم میں سے کسی نے یہ بات کی؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! تو میں نے کہا: اگر اس سے پہلے کسی نے یہ بات کی ہوتی تو میں کہتا: یہ ایسا آدمی ہے جو پہلے کہی ہوئی بات کو مکمل کر رہا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا: کیا اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! پس میں نے کہا: اگر اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا ہوتا تو میں کہتا کہ وہ اپنے آباء کا ملک مانگتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا تم لوگ یہ بات کہنے سے پہلے اس پر جھوٹ کی تہمت لگاتے تھے تو تیرا گمان ہے کہ نہیں! پس میں پہچان گیا کہ جو لوگوں پر جھوٹ نہیں بولتا وہ اللہ پر کیسے جھوٹ بولے گا۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ بڑے لوگ یا کمزور لوگ اس کی پیروی کر رہے ہیں؟ تیرا گمان ہے کہ اس کی پیروی کرنے والے کمزور ہیں' تو رسولوں کی پیروی کرنے والے ایسے ہی ہوتے ہیں۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ تو تیرا گمان ہے کہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں' ایمان کا معاملہ ایسے ہی ہوتا ہے کہ وہ مکمل ہو کر رہتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ اس کے دین میں داخل ہونے کے بعد ناراض ہو کر کوئی ایک پھرا ہے؟ پس تیرا گمان ہے کہ نہیں! تو ایمان کا معاملہ ایسے ہی ہوتا ہے جب وہ دل سے چمٹ جاتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا وہ وعدہ خلافی کرتا ہے؟ تو تیرا گمان ہے کہ نہیں! تو رسولوں کی یہی شان

كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ قَدَمَيْهِ، ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي بَعَثَ بِهِ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ إِلَى عَظِيمِ بُصْرَى، فَدَفَعَهُ إِلَى هِرَقْلَ، فَقَرَأَهُ فَإِذَا فِيهِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ إِلَى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ سَلَامٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى، أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي أَدْعُوكَ بِدِعَايَةِ الْإِسْلَامِ أَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، فَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَإِنَّ، عَلَيْكَ إِثْمَ الْأَرِيسِيِّينَ -قَالَ اللَّيْثُ: الْأَرِيسِيُّونَ: الْعَشَّارُونَ -وَ (يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَنْ لَا نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللّٰهِ، فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ) " قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَلَمَّا قَالَ مَا قَالَ، وَفَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ الْكِتَابِ كَثُرَ عِنْدَهُ اللَّجَبُ، وَارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ وَخَرَجْنَا، فَقُلْتُ لِأَصْحَابِي حِينَ خَرَجْنَا: لَقَدِ ارْتَفَعَ أَمْرُ ابْنِ أَبِي كَبْشَةَ، إِنَّهُ يَخَافُهُ مَلِكُ بَنِي الْأَصْفَرِ فَمَا زِلْتُ مُسْتَيْقِنًا أَنَّهُ سَيَظْهَرُ حَتَّى أَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْإِسْلَامَ وَكَانَ ابْنُ النَّاظُورِ صَاحِبُ إِيلِيَا وَهِرَقْلَ سُقُفًّا عَلَى نَصَارَى الشَّامِ يُحَدِّثُ: أَنَّ هِرَقْلَ حِينَ قَدِمَ إِيلِيَا أَصْبَحَ يَوْمًا خَبِيثَ النَّفْسِ، فَقَالَ لَهُ بَعْضُ بَطَارِقَتِهِ: لَقَدِ اسْتَنْكَرْنَا هَيْئَتَكَ قَالَ: وَكَانَ

ہوتی ہے کہ وہ وعدہ خلافی نہیں کرتے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ ان سے تمہارا جنگ کرنا کیسا رہا؟ تیرا گمان ہے کہ برابر برابر' تو رسولوں کی شان ہے کہ ان کی آزمائش کی جاتی ہے' پھر انجام انہیں کے حق میں ہوتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ وہ تمہیں کیا حکم دیتا ہے؟ پس تیرا گمان ہے کہ وہ تمہیں اللہ کی عبادت کرنے' اس کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ کرنے کا حکم دیتا ہے' وہ بتوں کی عبادت سے روکتا ہے' تمہیں نماز' زکوٰۃ' پاکیزگی اور صلہ رحمی کا حکم دیتا ہے' جو باتیں اس کے بارے تُو نے کہی ہیں' اگر وہ حق اور سچ ہیں تو قریب ہے کہ وہ میرے ان دونوں قدموں کے نیچے کی جگہ کا بھی وہ مالک بن جائے۔ مجھے پہلے ہی علم تھا کہ وہ ضرور تشریف لائیں گے' لیکن میں یہ گمان نہیں کرسکتا تھا کہ وہ تم میں سے ہوں گے۔ اگر مجھے معلوم ہو کہ مجھے فرصت ملے گی تو میں ان سے ملاقات کی التماس کروں اور اگر مجھے ان کے پاس ہونے کی سعادت ملے تو میں ان کے قدم دھونے کی سعادت پاؤں۔ پھر اس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا خط منگوا کر پڑھا' جس کو لے کر حضرت دحیہ کلبی بصریٰ کے حکمران کے پاس آئے اور اس نے ہرقل کی طرف بھیج دیا' پس اس نے پڑھا تو اس میں تھا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! اللہ کے رسول محمد کی طرف سے روم کے بادشاہ کی طرف! سلامتی اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی' اس کے بعد میں تجھے اسلام کی دعوت دیتا ہوں' اسلام لے آ سلامتی ملے گی' تُو اسلام قبول کر لے' اللہ تجھے دُہرا ثواب عطا کرے گا اور اگر تُو نے پیٹھ پھیری تو تیری رعایا کا گناہ بھی

هِرَقْلُ رَجُلًا حَزَّاءً يَنْظُرُ فِي النُّجُومِ .قَالَ لَهُمْ حِينَ سَأَلُوهُ: إِنِّي رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ حِينَ نَظَرْتُ فِي النُّجُومِ مَلِكَ الْخِتَانِ قَدْ ظَهَرَ قَالَ: فَمَنْ يَخْتَتِنُ مِنْ هَذِهِ الْأُمَمِ؟ قَالَ: يَخْتَتِنُ الْيَهُودُ، قَالَ: فَلَا يُهِمَّنَّكَ شَأْنُهُمْ، فَاكْتُبْ إِلَى مَدَائِنِ مُلْكِكَ، فَلْيَقْتُلُوا مَنْ فِيهَا مِنَ الْيَهُودِ، فَبَيْنَمَا هُمْ عَلَى ذَلِكَ أَتَى هِرَقْلَ رَجُلٌ أَرْسَلَ بِهِ مَلِكُ غَسَّانَ يُخْبِرُهُ خَبَرَ ظُهُورِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَهُ كِتَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَالَ: فَاذْهَبُوا فَانْظُرُوا أَمُخْتَتِنٌ هُوَ أَمْ لَا؟ فَنَظَرُوا إِلَيْهِ، فَحَدَّثُوهُ أَنَّهُ مُخْتَتِنٌ، فَسَأَلَهُ عَنِ الْعَرَبِ؟ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُمْ يَخْتَتِنُونَ، فَقَالَ هِرَقْلُ: هَذَا مُلْكُ هَذِهِ الْأُمَّةِ، ثُمَّ كَتَبَ هِرَقْلُ إِلَى صَاحِبٍ لَهُ بِرُومِيَّةَ وَنَظِيرٌ لَهُ فِي الْعِلْمِ، وَسَارَ هِرَقْلُ إِلَى حِمْصَ، فَلَمْ يَرِمْ حِمْصَ حَتَّى جَاءَهُ كِتَابُ صَاحِبِهِ، فَوَافَقَ رَأْيَ هِرَقْلَ عَلَى خُرُوجِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، وَأَنَّهُ نَبِيٌّ فَأَذِنَ هِرَقْلُ لِلْعُظَمَاءِ مِنَ الرُّومِ فِي دَسْكَرَةٍ لَهُ بِحِمْصَ، ثُمَّ أَمَرَ بِالْأَبْوَابِ فَأُغْلِقَتْ، ثُمَّ اطَّلَعَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الرُّومِ، هَلْ لَكُمْ فِي الْفَلَاحِ وَالرَّشَادِ، وَأَنْ يَثْبُتَ مُلْكُكُمْ؟ تتبعُونَ هَذَا النَّبِيَّ، فَحَاصُوا حَيْصَةَ حُمُرِ الْوَحْشِ إِلَى الْأَبْوَابِ، فَوَجَدُوهَا قَدْ أُغْلِقَتْ، فَلَمَّا رَأَى هِرَقْلُ ذَلِكَ

تیرے اوپر ہوگا۔ حضرت لیث کا قول ہے: ''اریسیون'' سے مراد ''عشارون'' ہے۔ اور اے اہل کتاب! آ ؤ اس کلمہ کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان مشترک ہے کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں' اللہ کے ساتھ کسی بھی چیز کو شریک نہ ٹھہرائیں اور ہم میں سے کوئی ایک دوسرے کو اللہ کے سوا رب نہ بنالے۔ پھر اگر وہ توحید نہ مانیں تو انہیں کہہ دیجئے! تم گواہ رہو کہ ہم مسلمان ہیں۔ ابوسفیان کہتے ہیں: جب اس نے کہا جو کہا اور خط پڑھنے سے فارغ ہوا تو اس کے پاس شور بڑھ گیا اور آوازیں اُٹھنے لگیں' ہم نکلے' پس میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا جب ہم نکلے: ابوکبشہ کے بیٹے (حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا معاملہ ترقی کر گیا کہ بنواصفر کا بادشاہ بھی ڈر رہا ہے' مجھے یقین نہیں ہے کہ ہمارے مسلمان ہونے سے پہلے وہ حاصل کرے۔ ابن ناطور' ایلیا کا حکمران تھا اور ہرقل شام کے عیسائیوں پر بشب تھا۔ بیان کرتے ہیں کہ ہرقل جب ایلیا آیا تو خبیث النفس ہوگیا' اس سے ایک بطریق نے اس سے کہا: تمہاری شکل ناپسندیدہ ہے۔ کہتے ہیں: ہرقل اندازہ لگانے والا آدمی تھا' وہ ستاروں میں دیکھتا تھا' جب انہوں نے اس سے سوال کیا تو اس نے ان سے کہا: آج رات بے شک میں نے دیکھا ہے' جب میں نے ستاروں میں نظر کی۔ ختنہ کرنے والوں کا بادشاہ ظاہر ہوا۔ اس نے کہا: ان اُمتوں میں سے ختنہ کرنے والے کون ہیں؟ اس نے کہا: ختان یہودی ہیں' ان کی شان تجھے نہیں مل سکتی۔ اپنے ملک کے شہروں کو خط لکھو' پس انہیں چاہیے کہ ان میں جو یہودی ہیں

وَيَئِسَ مِنْ إِيمَانِهِمْ قَالَ: رُدُّوهُمْ عَلَيَّ، وَقَالَ: إِنِّي قُلْتُ لَكُمْ مَقَالَتِي الَّتِي قُلْتُ لَكُمْ آنِفًا لِأَخْتَبِرَ بِهَا شِدَّتَكُمْ عَلَى دِينِكُمْ، فَقَدْ رَأَيْتُ مِنْكُمُ الَّذِي أُحِبُّ، فَسَجَدُوا لَهُ وَرَضُوا عَنْهُ، وَكَانَ ذَلِكَ فِي آخِرِ حَدِيثِهِ

ان سے قتال کریں۔ پس وہ اسی حال میں موجود تھے کہ ہرقل کے پاس ایک آدمی آیا' جس کو غسان کے بادشاہ نے بھیجا تھا تاکہ وہ اس کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظہور کی خبر دے۔ اس سے پہلے کہ ان کے پاس اللہ کے رسول کا خط پہنچے' اس نے کہا: جاؤ اور جا کر دیکھو! کیا ختنہ کرنے والا ہے یا نہیں؟ پس اُنہوں نے دیکھ کر بتایا کہ وہ ختنہ کرنے کا حکم دیتے ہیں' پس اس نے عرب کے بارے بھی یہی سوال کیا؟ تو اسے خبر ملی کہ وہ بھی ختنہ کرتے ہیں۔ پس ہرقل نے کہا: وہ اس اُمت کا بادشاہ ہے۔ پھر ہرقل نے رومی زبان میں اپنے ایک دوست کو خط لکھا جو علم میں اس کی مثل تھا اور ہرقل حمص کی طرف چلا۔ پس ابھی اس نے ہرقل کا ارادہ کیا ہی تھا کہ اس کے پاس اس کے دوست کا خط آ گیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کے نزدیک پر اس نے اس سے اتفاق کیا اور یہ کہ وہ ہی برحق ہے۔ پس حمص میں اس کی جو بڑی عمارت تھی' اس میں اس نے بڑے بڑے رومیوں کو بلایا' پھر دروازے بند کر دینے کا حکم دیا' پھر وہ ان کے سامنے آیا۔ پس اس نے کہا: اے رومیو! کیا تم لوگوں کو ہمیشہ کی کامیابی اور رہنما کی ضرورت ہے اور تم چاہتے ہو کہ تمہارا ملک سلامت رہے؟ (اگر یہ بات ہے) تو نبی کے پیرو بن جاؤ۔ پس رومی جنگلی گدھوں کی طرح دروازوں کی طرف دوڑے' دیکھا تو وہ بند تھے۔ جب ہرقل نے یہ صورتِ حال دیکھی اوان کے ایمان لانے سے مایوس ہو گیا تو کہا: ان کو میرے پاس واپس لاؤ اور پھر کہا: میں نے ابھی جو تم سے بات کی ہے صرف تمہارا امتحان کرنے

کیلئے کہ تم اپنے دین پر کتنے پکے ہو۔ پس میں نے تم سے وہی بات دیکھی ہے جو مجھے پسند تھی۔ پس اُنہوں نے اسے سجدہ کر کے اپنی رضامندی کا اظہار کیا اور یہ بات اس حدیث کے آخر میں ہے۔

ما اسند ابو سفیان صخر بن حرب

7121 - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِي أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: كُنَّا قَوْمًا تُجَّارًا، وَكَانَتِ الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ رَسُولِ اللهِ قَدْ حَصَرَتْنَا حَتَّى هَلَكَتْ أَمْوَالُنَا، فَلَمَّا كَانَتِ الْهُدْنَةُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ نَأْمَنْ فِي أَمْوَالِنَا، فَخَرَجْتُ فِي نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ آخِذًا إِلَى الشَّامِ، وَكَانَ فِيهِ مَتْجَرُنَا، فَقَدِمْتُهَا حِينَ ظَهَرَ هِرَقْلُ عَلَى مَنْ كَانَ عَارَضَهُ مِنْ فَارِسَ فَأَخْرَجَهُمْ مِنْهَا، وَانْتَزَعَ لَهُ صَلِيبَهُ الْأَعْظَمَ، وَقَدْ كَانُوا سَلَبُوهُ إِيَّاهُ، فَلَمَّا بَلَغَهُ ذَلِكَ مِنْهُمْ، وَبَلَغَهُ أَنَّ صَلِيبَهُ اسْتَنْقَذَ لَهُ، وَكَانَتْ حِمْصُ مَنْزِلَهُ، فَخَرَجَ مِنْهَا عَلَى قَدَمَيْهِ مُتَشَكِّرًا لِلَّهِ حِينَ رَدَّ عَلَيْهِ مَا رَدَّ لِيُصَلِّيَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ بُسِطَ لَهُ الطَّرِيقُ بِالْبُسُطِ، وَيُلْقَى عَلَيْهَا الرَّيَاحِينُ، فَلَمَّا انْتَهَى إِلَى إِيلِيَا، وَقَضَى فِيهَا صَلَاتَهُ وَمَعَهُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے حدیث سنائی ابوسفیان بن حرب نے وہ کہتے ہیں: ہم تاجر آدمی تھے۔ ہمارے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان جنگ ہوئی حتیٰ کہ ہمارے مال ختم ہو گئے پس جب ہمارے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان جنگ بندی تھی تو ہمیں اپنے مالوں پر امن نہ تھا۔ پس قریشیوں کے ایک گروہ کے ساتھ ملک شام کی طرف نکلا۔ اس میں ہماری تجارت گاہیں تھیں۔ پس میں آیا جب ہرقل ان لوگوں پر غالب آ چکا تھا جو فارس اس سے ٹکرائے۔ پس اُس نے انہیں پیچھے دھکیل دیا۔ اس نے بڑی صلیب چھین لی حالانکہ وہ لوگ پہلے اس سے صلیب لے چکے تھے۔ پس جب اسے یہ خبر پہنچی اور یہ خبر کہ صلیب اسے حاصل ہو گئی ہے جبکہ حمص میں اس کا اپنا ذاتی گھر تھا۔ وہاں سے وہ پیدل اللہ کا شکر ادا کرنے کو نکلا جب اسے مل گیا جو ملا تاکہ بیت المقدس میں پہنچ کر شکرانے کی نماز پڑھے۔ راستہ اس کے لیے قالینوں سے سجا دیا گیا اور اس پر خوشبوئیں چھڑک دی گئیں پس جب وہ ایلیا پہنچا اس میں اس نے نمازِ شکرانہ ادا کی۔ اس کے علماء اور روم کے بشپ بھی اس کے ساتھ تھے۔ ابوسفیان کہتے ہیں: حضرت دحیہ بن خلیفہ کلبی کے ہاتھوں اسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خط ملا: بسم اللہ الرحمٰن

بَطَارِقَتُهُ وَأَسَاقِفُ الرُّومِ قَالَ: وَقَدِمَ عَلَيْهِ كِتَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ دِحْيَةَ بْنِ خَلِيفَةَ الْكَلْبِيِّ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ إِلَى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ، السَّلَامُ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى، أَمَّا بَعْدُ فَأَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، وَإِنْ تَتَوَلَّ فَإِنَّ إِثْمَ الْأَكَّارِينَ عَلَيْكَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ: قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَحَدَّثَنِي أُسْقُفُ النَّصَارَى قَالَ: أَدْرَكْتُهُ فِي زَمَانِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ زَعَمَ لِي أَنَّهُ أَدْرَكَ ذَلِكَ مِنْ أَمْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمْرِ هِرَقْلَ وَعَقْلِهِ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ عَلَيْهِ كِتَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ دِحْيَةَ أَخَذَهُ، فَجَعَلَهُ بَيْنَ فَخِذَيْهِ وَخَاصِرَتِهِ، قَالَ: ثُمَّ كَتَبَ إِلَى رَجُلٍ بِرُومِيَّةَ كَانَ يَقْرَأُ مِنَ الْعِبْرَانِيَّةِ مَا يَقْرَأُ، فَذَكَرَ لَهُ أَمْرَهُ وَيَصِفُ لَهُ شَأْنَهُ وَبِخَبَرِ مَا جَاءَ بِهِ قَالَ: فَكَتَبَ إِلَيْهِ صَاحِبُ رُومِيَّةَ أَنَّهُ النَّبِيُّ الَّذِي كُنَّا نَنْتَظِرُهُ لَا شَكَّ فِيهِ، فَاتَّبِعْهُ وَصَدِّقْهُ، فَأَمَرَ هِرَقْلُ بِبَطَارِقَةِ الرُّومِ، فَجَمَعُوا لَهُ فِي دَسْكَرَةِ مُلْكِهِ، وَأَمَرَ بِهَا فَأُسْرِجَتْ عَلَيْهِمْ بِأَبْوَابِهَا، ثُمَّ اطَّلَعَ عَلَيْهِمْ مِنْ عَلِيَّةٍ وَخَافَهُمْ عَلَى نَفْسِهِ، وَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الرُّومِ، إِنِّي قَدْ جَمَعْتُكُمْ لِخَبَرٍ، إِنَّهُ قَدْ أَتَانِي كِتَابُ هَذَا الرَّجُلِ، يَدْعُونِي إِلَى دِينِهِ، وَأَنَّهُ وَاللّٰهِ

الرحیم! محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے روم کے بادشاہ ہرقل کی طرف! سلامتی ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی اس کے بعد تُو اسلام لے آ سلامتی ملے گی اور تیرے اسلام لانے سے تجھے دُہرا اجر ملے گا' اگر تُو نے گردن پھیری تو تیری رعایا کا گناہ بھی تیری گردن پر ہوگا۔ جناب محمد بن اسحاق نے کہا: حضرت ابن شہاب زہری فرماتے ہیں: پس عیسائیوں کے بشپ نے مجھے یہ بات سنائی۔ وہ کہتے ہیں: میں نے اسے عبدالملک بن مروان کے زمانے میں پایا۔ اس نے میرے حوالے سے گمان کیا کہ اس نے رسول کریم ﷺ اور ہرقل اور اس کی کابینہ کے امراء سے اس کو پایا ہے۔ اس نے کہا: جب حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ رسول کریم ﷺ کا خط اس کے پاس لے کر آئے تو اس نے اسے لے کر اپنی رانوں اور کولھے کے درمیان رکھ لیا۔ وہ کہتے ہیں: پھر اس نے رومی زبان میں ایک آدمی کو خط لکھا جو عبرانی زبان پڑھا کرتا تھا جو پڑھتا تھا۔ پس اس نے اپنا معاملہ اس کے سامنے رکھا اور اپنے کام کی وضاحت کی اور خط کی خبر دی۔ پس اس کے ساتھی نے اس کے خط کا جواب رومی زبان میں لکھا کہ وہ نبی جس کے ہم انتظار میں ہیں' اس کے آنے میں شک نہیں' پس اس نے اس اقتداء کی اور اس کی تصدیق کی۔ پس ہرقل نے روم کے علماء کو اپنے ملک کی بڑی عمارت (حمص) میں اکٹھا ہونے کا حکم دیا اور ان پر دروازے بند کرنے کا حکم دیا پھر وہ خود ان کے پاس آیا اور اسے اپنی ذات پر خوف ہوا' اس نے کہا: اے رومیو! میں نے تم لوگوں کو ایک خبر دینے کیلئے اکٹھا کیا ہے'

الرَّجُلُ الَّذِي كُنَّا نَنْتَظِرُهُ، وَنَجِدُ فِي كِتَابِنَا، فَهَلُمَّ فَلْنَتَّبِعْهُ وَلْنُصَدِّقْهُ فَيُسَلِّمَ لَنَا دُنْيَانَا وَأُخْرَانَا، فَنَخَرُوا نَخْرَةَ رَجُلٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ ابْتَدَرُوا أَبْوَابَ الدَّسْكَرَةِ لِيَخْرُجُوا مِنْهَا، فَوَجَدُوهَا قَدْ أُغْلِقَتْ دُونَهُمْ، فَقَالَ: كُرُّوهُمْ عَلَيَّ، وَخَافَهُمْ عَلَى نَفْسِهِ، فَكُرُّوا عَلَيْهِ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الرُّومِ، إِنَّمَا قُلْتُ لَكُمْ هَذِهِ الْمَقَالَةَ الَّتِي قُلْتُ لَكُمْ لِأَنْظُرَ كَيْفَ صَلَابَتُكُمْ عَلَى دِينِكُمْ لِهَذَا الْأَمْرِ الَّذِي حَدَثَ، فَقَدْ رَأَيْتُ مِنْكُمُ الَّذِي أُسَرُّ بِهِ، فَوَقَعُوا لَهُ سُجُودًا وَأَمَرَ بِأَبْوَابِ الدَّسْكَرَةِ فَفُتِحَتْ لَهُمْ فَانْطَلَقُوا

وہ یہ ہے کہ مجھے اس آدمی کا خط آیا ہے جو مجھے اپنے دین کی طرف بلاتا ہے اور یہ کہ قسم بخدا! یہ وہی آدمی ہے جس کے ہم انتظار میں تھے (کہ وہ نبی بن کر آئے گا اور یہ بات) ہم اپنی کتاب میں پاتے ہیں پس آؤ! ہم سب مل کر اس کی اتباع کر لیں اور ہمیں چاہیے کہ اس کی تصدیق کریں پس وہ ہماری دنیا (ملک) اور آخرت (جنت) ہمارے حوالے کر دیں گے۔ پھر اُنہوں نے عمارت کے دروازوں کی طرف جانے میں جلدی کی تا کہ وہ اس سے نکل جائیں پس اُنہوں نے دروازوں کو بند پایا۔ قیصر روم نے اپنے کارندوں سے کہا: ان کو لوٹا کر میرے پاس لاؤ۔ (جب وہ آئے) تو کہا: اے رومیو! میں نے یہ بات تم سے اس لیے کی ہے تا کہ میں اندازہ کروں کہ تم اپنے دین پر کتنے پختہ ہو اس امر کی وجہ سے جو پیش آیا ہے پس تم سے میں نے وہ چیز دیکھی ہے جس نے مجھے خوش کر دیا ہے پس وہ اس کے سامنے سجدہ میں پڑ گئے اس نے عمارت کے دروازے کھولنے کا حکم دیا (دروازے کھلے) اور وہ نکل گئے۔

7122 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَزِيزٍ، ثنا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَبَّاسٍ، أَخْبَرَهُ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، أَنَّهُ كَانَ بِالشَّامِ فِي رِجَالٍ مِنْ قُرَيْشٍ، قَدِمُوا تُجَّارًا وَذَلِكَ فِي الْمُدَّةِ الَّتِي

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: مجھے ابوسفیان بن حرب نے یہ حدیث سنائی کہ وہ چند قریشیوں کے ساتھ شام میں تھے وہ تجارت کیلئے آئے تھے اور یہ اس مدت کی بات ہے جب رسول کریم ﷺ اور کفارِ قریش کے درمیان معاہدہ تھا۔ ابوسفیان کہتے ہیں: قیصر روم کا قاصد آیا پس وہ مجھے اور میرے دوستوں کو لے چلا حتیٰ کہ ہم ایلیا پہنچ گئے۔ پس اس پر داخل ہوئے پس وہ

كَانَتْ بَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ كُفَّارِ قُرَيْشٍ .قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَأَتَى رَسُولُ قَيْصَرَ، فَانْطَلَقَ بِي وَبِأَصْحَابِي حَتَّى قَدِمْنَا إِيلِيَا، فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ، فَإِذَا هُوَ جَالِسٌ فِي مَجْلِسِ مُلْكِهِ عَلَيْهِ التَّاجُ، وَإِذَا حَوْلَهُ عُظَمَاءُ الرُّومِ، فَقَالَ لِتَرْجُمَانِهِ: سَلْهُمْ: أَيُّهُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا إِلَى هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ؟ قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: قُلْتُ: أَنَا أَقْرَبُهُمْ إِلَيْهِ نَسَبًا .قَالَ: مَا قَرَابَةُ مَا بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ قُلْتُ: وَابْنُ عَمِّي، قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: وَلَيْسَ فِي الرَّكْبِ يَوْمَئِذٍ مِنْ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ غَيْرِي .قَالَ قَيْصَرُ: ادْنُوهُ مِنِّي، ثُمَّ أَمَرَ أَصْحَابِي، فَجَعَلُوا خَلْفَ ظَهْرِي عِنْدَ كَتِفَيَّ، ثُمَّ قَالَ قَيْصَرُ لِتَرْجُمَانِهِ: قُلْ لِأَصْحَابِهِ إِنِّي سَائِلٌ هَذَا عَنِ الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، فَإِنْ كَذَبَ فَكَذِّبُوهُ، قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَلَوْلَا الِاسْتِحْيَاءُ يَوْمَئِذٍ أَنْ يَأْثُرَ أَصْحَابِي عَنِّي الْكَذِبَ لَكَذَبْتُهُ عَنْهُ حِينَ سَأَلَنِي، وَلَكِنِّي اسْتَحْيَيْتُ أَنْ يَأْثُرُوا عَنِّي الْكَذِبَ فَصَدَقْتُهُ. ثُمَّ قَالَ قَيْصَرُ لِتَرْجُمَانِهِ: قُلْ لَهُ: كَيْفَ نَسَبُ هَذَا الرَّجُلِ فِيكُمْ؟ قُلْتُ: هُوَ فِينَا ذُو نَسَبٍ. قَالَ: فَهَلْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ مِنْكُمْ أَحَدٌ قَطُّ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ فِي الْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَهَلْ كَانَ أَحَدٌ مِنْ آبَائِهِ مَلِكًا؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ

اپنے ملک کی مجلس میں بیٹھا ہوا تھا' اس کے سر پر تاج تھا جبکہ اس کے اردگرد روم کے بڑے بڑے لوگ تھے۔ پس اس نے اپنے ترجمان سے کہا: ان سے پوچھ! ان میں سے کون ہے؟ جو اس آدمی سے قریبی نسبی رشتہ رکھتا ہے' جس نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے؟ پس ابوسفیان نے کہا: میں ان کا قریبی رشتہ دار ہوں۔ اس نے کہا: آپ کے اور ان کے درمیان کیا رشتہ ہے؟ میں نے کہا: میرے چچا کا بیٹا ہے' قیصر نے کہا: میرے قریب آ جاؤ! پھر اپنے دوستوں سے کہا: اس کی پیٹھ کے پاس بیٹھ جاؤ۔ پھر قیصر نے اپنے ترجمان سے کہا: ان سے کہہ کہ ان کے اس ساتھی کے بارے میں پوچھنا ہے جو گمان کرتا ہے کہ وہ نبی ہے۔ پس وہ اگر جھوٹا ہے تو اسے جھٹلائے۔ حضرت سفیان کہتے ہیں: اس دن قافلے میں میرے علاوہ بنوعبدمناف میں سے کوئی نہ تھا۔ قیصر نے کہا: اس کو میرے قریب لاؤ' پھر میرے ساتھیوں کو حکم دیا کہ میرے کندھے کے پاس میری پیٹھ کے پیچھے بیٹھ جائیں۔ پھر قیصر نے اپنے ترجمان سے کہا: اس سے پوچھ! تمہارے اندر اس کا نسب کیسا ہے؟ میں نے کہا: وہ شریف نسب والے ہیں۔ اس سے پہلے تم میں سے کسی اور نے یہ بات کہی؟ میں نے کہا: نہیں! کیا تم انہیں جھوٹا کہا کرتے تھے اس سے پہلے جو اُنہوں نے کہا؟ میں نے کہا: نہیں! اس نے کہا: ان کے آباء میں سے کوئی بادشاہ تھا؟ میں نے کہا: نہیں! اس نے کہا: جو پیروی کرنے والے ہیں وہ امیر ہیں یا غریب ہیں؟ میں نے کہا: غریب! پس اس نے کہا: لوگ بڑھ رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟

فَأَشْرَافُ النَّاسِ اتَّبَعُوهُ، أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ قُلْتُ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ . قَالَ: يَزِيدُونَ أَمْ يَنْقُصُونَ؟ قُلْتُ: بَلْ يَزِيدُونَ . قَالَ: فَهَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ سَخْطَةً لِدِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ؟ قُلْتُ: لَا . قَالَ: فَهَلْ يَغْدِرُ؟ قُلْتُ: نَحْنُ مِنْهُ فِي مُدَّةٍ الْآنَ، وَنَحْنُ نَخَافُ ذَلِكَ . قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: وَلَمْ يُمْكِنِّي كَلِمَةٌ أُدْخِلُ فِيهَا شَيْئًا أَنْتَقِصُهُ بِهِ لَا أَخَافُ أَنْ يُؤْثَرَ عَنِّي غَيْرَهَا، قَالَ: فَهَلْ قَاتَلْتُمُوهُ وَقَاتَلَكُمْ؟ قَالَ: نَعَمْ . قَالَ: فَكَيْفَ حَرْبُهُ وَحَرْبُكُمْ؟ قُلْتُ: كَانَتْ دُوَلًا وَسِجَالًا، يُدَالُ عَلَيْنَا الْمَرَّةَ، وَنُدَالُ عَلَيْهِ الْأُخْرَى . قَالَ: فَمَاذَا يَأْمُرُكُمْ بِهِ؟ قُلْتُ: يَأْمُرُنَا أَنْ نَعْبُدَ اللَّهَ وَحْدَهُ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا، وَيَنْهَانَا أَنْ نَعْبُدَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا، وَأَمَرَنَا بِالصَّلَاةِ، وَالصَّدَقَةِ، وَالْعَفَافِ وَالْوَفَاءِ بِالْعَهْدِ، وَأَدَاءِ الْأَمَانَةِ. قَالَ: فَقَالَ لِتَرْجُمَانِهِ حِينَ قُلْتُ ذَلِكَ لَهُ: قُلْ لَهُ: إِنِّي سَأَلْتُكَ عَنْ نَسَبِهِ فِيكُمْ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ فِيكُمْ ذُو نَسَبٍ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِي شَرَفِ قَوْمِهَا، وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ مِنْ آبَائِهِ؟ قُلْتَ: لَا . فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ أَحَدٌ مِنْكُمْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ قُلْتُ: رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلِ قَائِلٍ قَبْلَهُ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقَدْ عَلِمْتُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَدَعُ الْكَذِبَ عَلَى

میں نے کہا: بڑھ رہے ہیں' اس نے کہا: کیا اس کے دین میں داخل ہونے کے بعد کوئی اس سے پھرا ہے؟ میں نے کہا: نہیں! اس نے کہا: کیا وہ وعدہ خلافی کرتا ہے؟ میں نے جواب دیا: نہیں! ایک مدت تک ہمارا ان سے معاہدہ رہا' ہم اس طرح خوف کرتے ہیں۔ ابوسفیان کا قول ہے کہ میرے لیے ممکن نہ ہوا کہ اس بات کے علاوہ میں اس میں کوئی اور بات داخل کرتا یا اس میں کمی کرتا۔ اس نے کہا: کیا تمہاری ان سے جنگ ہوئی؟ کہا: جی ہاں! اس نے کہا: تمہاری اور ان کی جنگ کیسی رہی؟ میں نے کہا: خوب مقابلہ ہوا' معاملہ اوپر نیچے ہوتا رہا۔ اس نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہیں کیا حکم دیتے ہیں؟ میں نے جواب دیا: وہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی عبادت کرو' اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ' ان کو چھوڑ دو جن کی عبادت تمہارے آباء کرتے تھے اور ہمیں نماز' صدقہ' پاکیزہ' وعدہ پورا کرنے اور امانت واپس کرنے کا حکم دیتے ہیں۔ اس نے کہا: میں نے تجھ سے اس کے نسب کے بارے میں پوچھا تو تیرا گمان تھا کہ وہ تم میں اچھے نسب والا ہے اور اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی قوم میں اچھے نسب والے ہوتے ہیں' میں نے تجھ سے پوچھا کہ ان کے آباء میں سے کسی نے ایسی بات کی؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! تو میں نے کہا کہ اس سے پہلے کسی نے ایسی بات کہی ہوتی تو میں کہتا کہ یہ ایسا آدمی ہے جو پہلے کہی ہوئی بات کو مکمل کر رہا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا تم لوگ یہ بات کہنے سے پہلے اس پر جھوٹ کی تہمت لگاتے تھے' تو تیرا گمان ہے کہ نہیں! پس

النَّاسِ، وَيَكْذِبُ عَلَى اللّٰهِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ قَبْلُ مَلِكٌ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ: رَجُلٌ يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ، وَسَأَلْتُكَ أَشْرَافُ النَّاسِ يَتَّبِعُونَهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّ ضُعَفَاءَ هُمْ أَتْبَاعُهُ وَكَذَلِكَ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَزِيدُونَ أَمْ يَنْقُصُونَ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيدُونَ وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ سَخْطَةً لِدِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ حِينَ يُخَالِطُ بَشَاشَةَ الْقُلُوبِ لَا يَسْخَطُهُ أَحَدٌ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ لَا تَغْدِرُ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَاتَلْتُمُوهُ وَقَاتَلَكُمْ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ قَدْ فَعَلَ ذَلِكَ وَأَنَّ حَرْبَكُمْ وَحَرْبَهُ يَكُونُ دُوَلًا، يُدَالُ عَلَيْكُمُ الْمَرَّةَ، وَتُدَالُونَ عَلَيْهِ الْأُخْرَى، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ، ثُمَّ تَكُونُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ، وَسَأَلْتُكَ بِمَ يَأْمُرُكُمْ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَحْدَهُ، وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ، وَيَنْهَاكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُكُمْ، وَيَأْمُرُكُمْ بِالصَّلَاةِ، وَالصَّدَقَةِ وَالْعَفَافِ، وَأَدَاءِ الْأَمَانَةِ، وَهُوَ نَبِيٌّ، وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ وَلَكِنْ لَمْ أَكُنْ أَظُنُّهُ مِنْكُمْ، وَإِنْ يَكُ مَا قُلْتُ حَقًّا يُوشِكُ أَنْ يَمْلِكَ مَوْضِعَ قَدَمَيَّ هَاتَيْنِ، وَاللّٰهِ لَوْ أَرْجُو أَنْ أَخْلُصَ إِلَيْهِ لَتَجَشَّمْتُ لُقِيَّهُ وَلَغَسَلْتُ قَدَمَيْهِ .قَالَ أَبُو

میں پہچان گیا کہ جو لوگوں پر جھوٹ نہیں بولتا وہ اللہ پر کیسے جھوٹ بولے گا۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! اگر اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا ہوتا تو میں کہتا کہ اپنے آباء کا ملک مانگتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ بڑے لوگ یا کمزور لوگ اس کی پیروی کر رہے ہیں؟ تیرا گمان ہے کہ اس کی پیروی کرنے والے کمزور لوگ ہیں' تو رسولوں کی پیروی کرنے والے ایسے ہی ہوتے ہیں۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ تو تیرا گمان ہے کہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں' ایمان کا معاملہ ایسے ہی ہوتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ اس کے دین میں داخل ہونے کے بعد کوئی ناراض ہو کر پھرا ہے؟ پس تیرا گمان ہے کہ نہیں! تو ایمان کا معاملہ ایسا ہی ہوتا ہے کہ جب وہ دل سے چمٹ جاتا ہے تو کوئی ناراض نہیں ہوتا۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا وہ وعدہ خلافی کرتا ہے؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! تو رسولوں کی یہی شان ہے کہ وہ وعدہ خلافی نہیں کرتے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ ان سے تمہارا جنگ کرنا کیسا رہا؟ تیرا گمان ہے کہ مقابلہ برابر رہا' تو رسولوں کی شان ہے کہ ان کی آزمائش کی جاتی ہے' پھر انجام اُنہی کے حق میں ہوتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ تمہیں کیا حکم دیتا ہے؟ پس تیرا گمان ہے کہ وہ ہمیں اللہ کی عبادت کرنے' اس کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ کرنے کا حکم دیتا ہے' وہ بتوں کی عبادت سے روکتا ہے' نماز' صدقہ' پاکیزگی' امانت کی ادائیگی کا حکم دیتا ہے' وہ نبی ہے' مجھے

سُفْيَانَ: فَدَعَا بِكِتَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمَرَ بِهِ، فَقُرِءَ فَإِذَا فِيهِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ، إِلَى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ سَلَامٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى، أَمَّا بَعْدُ، فَإِنِّي أَدْعُوكَ بِدُعَاءِ الْإِسْلَامِ أَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، فَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَإِنَّ عَلَيْكَ إِثْمَ الْأَرِيسِيِّينَ وَ (يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا، وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللّٰهِ، فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ) (آل عمران: 64) " قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَلَمَّا قَضَى مَقَالَتَهُ، عَلَتْ أَصْوَاتُ الَّذِينَ حَوْلَهُ مِنْ عُظَمَاءِ الرُّومِ، وَكَثُرَ لَغَطُهُمْ، فَلَا أَدْرِي مَاذَا يَقُولُونَ قَالَ: فَأَمَرَ بِنَا فَأُخْرِجْنَا، فَلَمَّا خَرَجْتُ وَمَعِي أَصْحَابِي وَخَلَصْتُ، قُلْتُ: لَقَدِ ارْتَفَعَ أَمْرُ ابْنِ أَبِي كَبْشَةَ هَذَا مَلِكُ بَنِي الْأَصْفَرِ يَخَافُهُ، قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَوَاللّٰهِ مَا زِلْتُ ذَلِيلًا مُسْتَيْقِنًا أَنَّ أَمْرَهُ سَيَظْهَرُ حَتَّى أَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْإِسْلَامَ وَأَنَا كَارِهٌ

پہلے ہی علم تھا کہ وہ ضرور تشریف لائیں گے لیکن میں یہ گمان نہیں کرسکتا تھا کہ وہ تم میں سے ہوں گے۔ قریب ہے کہ وہ میرے ان قدموں کے نیچے کی جگہ کا بھی مالک بن جائے' اللہ کی قسم! مجھے فرصت ملے گی تو ضرور میں اس سے ملاقات کی زحمت گوارا کروں گا اور ضرور میں اس کے پاؤں دھوؤں گا۔ پھر اس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خط منگوا کر پڑھا' تو اس میں تھا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! اللہ کے بندے اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے روم کے بادشاہ کی طرف! سلامتی اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی' اس کے بعد میں تجھے اسلام کی دعوت دیتا ہوں' تو اسلام لا سلامتی پائے گا' اسلام لا تجھے دو مرتبہ اجر ملے گا اور اگر تُو نے انکار کیا تو تیرے اوپر رعایا کا گناہ بھی ہوگا' اے اہل کتاب! آؤ اس کلمہ کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے کہ ہم اللہ کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی شی کو شریک نہ بنائیں اور ہم میں سے کوئی ایک دوسرے کو رب نہ بنائے اللہ کو چھوڑ کر' پس اگر وہ روگردانی کریں تو آپ فرمائیں: گواہ رہو! بے شک ہم مسلمان ہیں۔ حضرت ابوسفیان کہتے ہیں: پس جب اس نے اپنی بات پوری کی تو اردگرد والوں کی آوازیں بلند ہونے لگیں' روم کے بڑے لوگوں کی' اُنہوں نے بڑی غلط باتیں بھی کیں۔ مجھے معلوم نہیں کہ وہ کہہ رہے تھے۔ فرماتے ہیں: پس اس نے ہمیں نکل جانے کا حکم دیا' جب میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ نکلا اور خلاصی ہوئی تو میں نے کہا: ابوکبشہ کے بیٹے (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا کام بلند ہوگیا' یہ

بنواصفر کا بادشاہ بھی ان سے ڈر رہا ہے۔ ابوسفیان کہتے ہیں: قسم بخدا! ہم ذلیل رہے اور یقین کرتے رہے کہ ان کا امر غالب آئے گا حتیٰ کہ اللہ نے مجھے اسلام میں داخل فرمایا' حالانکہ میں (پہلے) اس کو ناپسند کرنے والا تھا۔

حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ، ثنا شُعَيْبٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، نَحْوَهُ

حضرت ابوسفیان سے اسی طرح کی روایت منقول ہے۔

7123 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَدَّادٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ: إِنَّ أَوَّلَ يَوْمٍ رَغِبْتُ فِيهِ فِي مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَوْمُ قَالَ قَيْصَرُ فِي مُلْكِهِ وَسُلْطَانِهِ وَحَضْرَتِهِ مَا قَالَ - يَعْنِي قَوْلَهُ: لَوْ عَلِمْتُ أَنَّهُ هُوَ لَمَشَيْتُ إِلَيْهِ حَتَّى أُقَبِّلَ رَأْسَهُ وَأَغْسِلَ قَدَمَيْهِ -قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: وَحَضَرْتُهُ يَتَحَادَرُ جَبِينُهُ عَرَقًا مِنْ كَرْبِ الصَّحِيفَةِ الَّتِي كَتَبَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَمَا زِلْتُ مَرْغُوبًا مِنْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَسْلَمْتُ وَفِي رِسَالَتِهِ: (يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللهَ

حضرت ابوسفیان فرماتے ہیں: بے شک وہ پہلا دن جس میں میرے دل میں حضور ﷺ کے متعلق رغبت ہوگئی تھی' وہ دن تھا جس میں قیصر نے اپنے ملک اور بادشاہی اور وہاں موجود حضرات کے سامنے کہا تھا کہ اگر مجھے یقین ہو جائے کہ میں آپ کی طرف ضرور چل کر جاؤں گا تو آپ کا سر چوموں گا اور آپ کے دونوں پاؤں دھو کر پیوں گا۔ حضرت ابوسفیان فرماتے ہیں کہ میں وہاں موجود تھا' میں اس خط کی وجہ سے جو آپ نے لکھا اس وجہ سے میری پیشانی سے پسینہ ٹپک رہا تھا۔ حضرت ابوسفیان فرماتے ہیں: اس کے بعد مسلسل میرے دل میں رسول اللہ ﷺ کی محبت پیدا ہوگئی تھی یہاں تک کہ میں اسلام لے آیا۔ آپ نے اپنے خط میں لکھا تھا: اے اہل کتاب آؤ اُس بات کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے' ہم عبادت صرف اللہ کی کرتے ہیں اور اس کے ساتھ کسی شی کو

7123- ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث: 3129' وساقه ومن طريقه أخرجه ابن عساكر في تاريخ دمشق جلد اصفحه 474,471' ورواه البخاري رقم الحديث: 7 .

وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا، وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللّٰهِ، فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ) (آل عمران: 64) ، (هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ، وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ) (التوبة: 33) ، (قَاتِلُوا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْآخِرِ، وَلَا يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَلَا يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ حَتَّى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ) (التوبة: 29)"

شریک نہ ٹھہرائیں اللہ کے علاوہ ہم ایک دوسرے کو خدا نہ بنائیں ان کو کہو کہ گواہ ہو جاؤ کہ ہم مسلمان ہیں وہی ذات ہے جس نے رسول کو بھی ہدایت اور دین حق کے ساتھ تا کہ اس کا دین غالب آ جائے اگر چہ مشرکوں کو ناپسند ہو جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول نے حرام کیا اُسے حرام نہیں کہتے ہیں جن کو کتاب دی گئی وہ دین کو حق نہیں جانتے ہیں یہاں تک کہ وہ جزیہ دیں اپنے ہاتھ سے ذلیل وخوار ہو کر۔

صَخْرٌ الْغَامِدِيُّ

حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ

7124 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ومُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ح وحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالُوا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ حَدِيدٍ، عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا .وَكَانَ إِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً بَعَثَهَا مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ وَكَانَ صَخْرٌ رَجُلًا تَاجِرًا، وَكَانَ يَبْعَثُ غِلْمَانَهُ مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ فَكَثُرَ مَالُهُ

حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! میری اُمت کے صبح کے کاموں میں برکت دے۔ آپ جب کسی سریہ کو بھیجتے تو ان کو دو حصوں میں بھیجتے تھے۔ حضرت صخر تاجر تھے یہ اپنے غلاموں کو دن کے اوّل حصے میں بھیجتے تھے تو بہت زیادہ مال ہوتا تھا۔

7124- ورواه أحمد جلد 3صفحه416,416,431,432' جلد4صفحه384' وأبو داؤد رقم الحديث: 2589' والترمذي رقم الحديث: 1230' وابن ماجه رقم الحديث: 2236' والدارمي رقم الحديث: 2440' والقضاعي في مسند الشهاب رقم الحديث: 1491' وهو حديث صحيح .

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، ح وحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَائِشَةَ، قَالُوا: ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ حَدِيدٍ، عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت صخر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

7125 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ حَدِيدٍ، عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ، بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا

حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے یہ دعا کی: اے اللہ! میری اُمت کے صبح کے کاموں میں برکت دے!

7126 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ حَدِيدٍ، عَنْ صَخْرٍ، وَقَدْ أَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا الْأَمْوَاتَ، فَتُؤْذُوا الْأَحْيَاءَ

حضرت عمار بن حدید بیان کرتے ہیں کہ حضرت صخر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کا زمانہ پایا' فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مُردوں کو گالی نہ دو' اس کے ذریعے زندوں کو تکلیف ہوگی۔

صَخْرُ بْنُ الْعَيْلَةَ

حضرت صخر بن عیلہ

7126- ورواه فی الصغير جلد 1 صفحه212-213 قال فی المجمع جلد 8 صفحه76' وفيه عبد اللّٰه بن محمد بن سعيد ابن أبی مريم وهو ضعيف . وقال الطبرانی فی الصغير: عن النبی صلی اللّٰه عليه وآله وسلم الكفار الذی أسلم أولادهم . وصح الحديث من حديث المغيرة .

الْبَجَلِيُّ

بجلی رضی اللہ عنہ

اے دائیں ہاتھ والو! انہوں نے عرض کی: حاضر ہیں اور سعادت تیری طرف سے۔ فرمایا: کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ عرض کی: کیوں نہیں! فرمایا: اے بائیں طرف والو! انہوں نے عرض کی: حاضر ہیں اور سعادت تجھ سے ہے۔ فرمایا: کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ اُنہوں نے کہا: کیوں نہیں! پھران سب کو ملا دیا' پس کسی کہنے والے نے عرض کی: اے میرے رب! تُو نے ان کو ملا کیوں دیا؟ فرمایا: ان کے اعمال اس کے مخالف ہیں جو وہ عمل کرنے والے ہیں' قیامت کے دن کہیں گے: ہم اس سے غافل رہے پھران سب کو حضرت آدم علیہ السلام کی پیٹھ میں لوٹا دیا۔

7871- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوءَ، ثُمَّ يُصَلِّي الْمَكْتُوبَةَ إِلَّا كَانَتْ لَهُ كَحَجَّةٍ، وَإِنْ صَلَّى تَطَوُّعًا كَانَتْ لَهُ كَعُمْرَةٍ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان اچھی طرح وضو کرتا ہے پھر فرض نماز ادا کرتا ہے تو اسے ایک حج کرنے کے برابر ثواب ملتا ہے' اگر نفل پڑھے گا تو ایک عمرہ کے برابر ثواب ملے گا۔

7872- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ بْنِ يُونُسَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا' عرض کی: میں نے نماز کے دوران اپنے ذکر کو چھوا ہے' آپ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے' وہ تیرے جسم کا حصہ ہے۔

7872- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 425' وابن أبي شيبة جلد 1 صفحه 165' وابن ماجه رقم الحديث: 484 قال في الزوائد في اسناده جعفر بن الزبير وقد اتفقوا على ترك حديثه واتهموه .

وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَسِسْتُ ذَكَرِى وَأَنَا أُصَلِّى، فَقَالَ: لَا بَأْسَ، إِنَّمَا هُوَ جِذْيَةٌ مِنْكَ

7873- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِى أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُومُ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ لِأَخِيهِ إِلَّا بَنِى هَاشِمٍ لَا يَقُومُونَ لِأَحَدٍ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: آدمی اپنی جگہ سے اپنے بھائی کے لیے اُٹھے جبکہ وہ بنی ہاشم سے ہو اس کے علاوہ اور کسی کے لیے نہ اُٹھے۔

7874- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِىُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِىُّ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِى أُمَامَةَ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْفُرُشِ الْمَرْفُوعَةِ، فَقَالَ: لَوْ طُرِحَ فِرَاشٌ مِنْ أَعْلَاهَا لَهَوَى إِلَى قَرَارِهَا مِائَةَ خَرِيفٍ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ سے ''فرش المرفوعة'' کے متعلق پوچھا گیا' آپ نے فرمایا: فراش کو اوپر سے پھینکا جائے تو نیچے سو سال تک گرتا رہے گا۔

7875- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْقَاضِى الْحِمْصِىُّ، ثنا أَبُو مُوسَى الْهَرَوِىُّ، ثنا عَطَاءُ بْنُ جَبَلَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ آرام کرتے تو آپ کے خراٹے بھرنے کی آواز آتی' پھر فرمایا: وضو اس پر ہے جو پہلو کے بل لیٹے

7873- قال فى المجمع جلد8صفحه40' وفيه جعفر بن الزبير وهو متروك . قلت قال شيخنا فى الضعيفة جلد 1 صفحه350 موضوع ورواه أبو جعفر فى ستة مجالس من الأمالى فراجعه .

7874- قال فى المجمع جلد 7صفحه120 فيه جعفر بن الزبير الحنفى وهو ضعيف . قلت: قال شيخنا فى سلسلة الصحيحة جلد 1صفحه350 بل كذاب وضاع ولذلك كذبه شعبة وقال وضع على رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم أربع مئة حديث .

7875- قال فى المجمع جلد1صفحه248' وفيه جعفر بن الزبير وهو كذاب .

عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَامَ حَتَّى نَفَخَ، ثُمَّ قَالَ: الْوُضُوءُ عَلَى مَنِ اضْطَجَعَ

(اور سو جائے)۔

7876- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ ادَّانَ دَيْنًا وَهُوَ يَنْوِي أَنْ يُؤَدِّيَهُ أَدَّى الله عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنِ اسْتَدَانَ دَيْنًا، وَهُوَ لَا يَنْوِي أَنْ يُؤَدِّيَهُ فَمَاتَ، قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: ظَنَنْتُ أَنِّي لَا آخُذُ لِعَبْدِي حَقَّهُ، فَيُؤْخَذُ مِنْ حَسَنَاتِهِ فَيُجْعَلُ فِي حَسَنَاتِ الْآخَرِ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ أُخِذَ مِنْ سَيِّئَاتِ الْآخَرِ فَجُعِلَتْ عَلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو قرض لیتا ہے ادا کرنے کی نیت سے تو اللہ اس کا قرض ادا کر دے گا' قیامت کے دن جس نے قرض ادا نہ کیا ہوا اور وہ مر گیا تو اللہ عزوجل روزِ قیامت فرمائے گا: میرا خیال تھا کہ میں اپنے بندہ کا حق نہ لوں' اس کی نیکیاں لے لی جائیں گی' دوسرے بندے کے اعمال میں رکھ دی جائیں گی' اگر اس کے پاس نیکیاں نہ ہوئیں تو اس کے گناہ لے کر اُس کے نامۂ اعمال میں رکھ دیئے جائیں گے۔

7877- حَدَّثَنَا عَلَّانُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ مَاغَمَةُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ عَلَيْهِ دَيْنٌ يَنْوِي قَضَاءَهُ، فَمَاتَ وَلَمْ يَتْرُكْ وَفَاءً تَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَأَرْضَى صَاحِبَ الدِّينِ بِمَا شَاءَ، وَعِنْدَ اللّٰهِ رِضَاهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کے ذمہ قرض ہو اس کی نیت ادا کرنے کی ہو تو وہ اس کو ادا کرنے کے لیے کوئی شی نہ چھوڑی اور مر جائے' تو اللہ عزوجل اس سے درگزر کرے گا اور قرض لینے والے کو راضی کرے گا جس طرح جائے گا' اور اللہ کے پاس اس کیلئے خوشی ہوگی۔

7876- قال في المجمع جلد4صفحه132' وفيه جعفر بن الزبير وهو كذاب .

7878- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ حَبِيبٍ الْبَيْرُوتِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، ثنا عُتْبَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَا يَنْبَغِي لِعَبْدٍ أَنْ يَأْتِيَ أَخَاهُ، فَيَسْأَلَهُ قَرْضًا وَهُوَ يَجِدُهُ فَيَمْنَعَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: کسی بندہ کے لیے مناسب نہیں ہے کہ اُس سے اس کا بھائی قرض مانگے اور اس کے پاس دینے کے لیے ہوتو وہ منع نہ کرے۔

7879- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْجُمُعَةُ عَلَى الْخَمْسِينَ رَجُلًا، وَلَيْسَ عَلَى مَا دُونَ الْخَمْسِينَ جُمُعَةٌ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جمعہ پچاس آدمیوں پر ہے پچاس سے کم پر نہیں ہے۔

7880- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِي يَمِينِهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہنتے تھے۔

7881- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: نفلی روزہ رکھنے والے کو نصف نہار

7878- قال فی المجمع جلد4صفحه126' وفيه جعفر بن الزبير الحنفی وهو متروك .

7879- قال فی المجمع جلد2صفحه176' وفيه جعفر بن الزبير صاحب القاسم وهو ضعيف جدًا .

7880- قال فی المجمع جلد5صفحه153' وفيه جعفر بن الزبير وهو ضعيف .

7881- ورواه البيهقی جلد4صفحه278 علی بن غراب مدلس وجعفر تقدم الكلام فيه .

غُرَابٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّائِمُ الْمُتَطَوِّعُ بِالْخِيَارِ إِلَى نِصْفِ النَّهَارِ

تک اختیار ہے (کہ اگر چاہے تو روزے کی نیت کر لے اگر چاہے تو نہ کرے رات کے وقت نیت ضروری نہیں ہے)۔

7882- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا جَاوَزَ الْخِتَانُ الْخِتَانَ وَجَبَ الْغُسْلُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب ایک شرمگاہ دوسری شرمگاہ میں داخل ہوتو غسل فرض ہے۔

7883- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَيَتَزَاوَرُ أَهْلُ الْجَنَّةِ؟ قَالَ: يَزُورُ الْأَعْلَى الْأَسْفَلَ، وَلَا يَزُورُ الْأَسْفَلُ الْأَعْلَى إِلَّا الَّذِينَ يَتَحَابُّونَ فِي اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، يَأْتُونَ مِنْهَا حَيْثُ شَاءُوا عَلَى النُّوقِ مُحْتَقِبِينَ الْحَشَايَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ سے پوچھا گیا: کیا جنت والے ایک دوسرے کی زیارت کریں گے؟ آپﷺ نے فرمایا: اوپر والے نیچے والوں کی زیارت کریں گے لیکن نیچے والے اوپر والوں کی زیارت نہیں کریں گے مگر وہ جو اللہ کی رضا کے لیے محبت کرتے ہوں گے وہ ان کے پاس آئیں گے جہاں جائیں گے ان اونٹیوں پر جن پر زینیں سجائی گئی ہوں گی۔

7884- حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ سُلَيْمَانَ الْحَرْمَلِيُّ الْأَنْطَاكِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ كَعْبٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے اس آیت ''وہ اس میں کئی حقب رہیں گے'' کی تفسیر بیان کی فرمایا: ایک حقب سے مراد تیس ہزار

7882- قال في المجمع جلد1 صفحه267' وفيه جعفر بن الزبير عن القاسم وكلاهما ضعيف .

7883- وفيه جعفر بن الزبير وتقدم الكلام فيه .

7884- قال في المجمع جلد7 صفحه133' وفيه جعفر بن الزبير وهو ضعيف .

الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (لَابِثِينَ فِيهَا أَحْقَابًا) (النبأ: 23) الْحُقْبُ الْوَاحِدُ ثَلَاثُونَ أَلْفَ سَنَةٍ

سال ہیں۔

7885- حَدَّثَنَا عَلَّانُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ مَاغِمَةُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذُكِرَ عِنْدَهُ الْكَنُودُ قَالَ: الْكَنُودُ الَّذِي يَأْكُلُ وَحْدَهُ، وَيَمْنَعُ رِفْدَهُ، وَيَضْرِبُ عَبْدَهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس کنود کا ذکر کیا گیا' آپ نے فرمایا: کنود وہ ہے جو اکیلا کھاتا ہے اور کھلانے سے روکتا ہے اور اپنے غلام کو مارتا ہے۔

7886- حَدَّثَنَا عَلَّانُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ مَاغِمَةُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: التَّيَمُّمُ ضَرْبَةٌ لِلْوَجْهِ، وَضَرْبَةٌ لِلْكَفَّيْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تیمم میں ایک ضرب چہرے اور ایک دونوں ہتھیلیوں کے لیے ہے۔

7887- حَدَّثَنَا عَلَّانُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ مَاغِمَةُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے قبلہ کی جانب تھوکا اور اسے صاف نہ کیا تو وہ قیامت کے دن پگھلی ہوئی چربی بن کر آئے گی اور اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان چمٹ

7885- قال في المجمع جلد7صفحه142 فيه جعفر بن الزبير وهو ضعيف .

7886- قال في المجمع جلد1صفحه262' وفيه جعفر بن الزبير قال شعبة فيه وضع أربع مئة حديث .

7887- قال في المجمع جلد2صفحه19' وفيه جعفر بن الزبير وهو ضعيف .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ بَزَقَ فِي قِبْلَتِهِ، وَلَمْ يُوَارِهَا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَحْمَامًا تَكُونُ حَتَّى تَقَعَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ

جائے گی۔

7888- حَدَّثَنَا عَلَّانُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَدَّثَ حَدِيثًا كَمَا سَمِعَ، فَإِنْ كَانَ بَرًّا وَصِدْقًا فَلَكَ، وَإِنْ كَانَ كَذِبًا فَعَلَى مَنْ بَدَأَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو حدیث بیان کرے جس طرح اسے سنا ہو اگر درست اور سچ ہے تو اس کا تجھے ثواب ہے اور اگر جھوٹ ہے تو اس کے ذمہ گناہ ہے جس نے سب سے پہلے اسے بیان کیا۔

7889- حَدَّثَنَا عَلَّانُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ جَمِيلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے۔

7890- حَدَّثَنَا عَلَّانُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَخَطَّى حَلْقَةَ قَوْمٍ بِغَيْرِ إِذْنِهِمْ فَهُوَ عَاصٍ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو حلقہ کی گردنیں پھلانگے ان کی اجازت کے بغیر وہ گناہ گار ہے۔

7888- قال في المجمع جلد1صفحه154، وفيه جعفر بن الزبير وهو كذاب .

7889- قال في المجمع جلد5صفحه134، وفيه جعفر بن الزبير وهو متروك .

7890- قال في المجمع جلد8صفحه63، وفيه جعفر بن الزبير وهو متروك .

7891- حَدَّثَنَا عَلَّانُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَرْجِعُوا حَرَّابِينَ، وَحَتَّى يَعْمِدَ الرَّجُلُ إِلَى النَّبَطِيَّةِ فَيَتَزَوَّجُهَا عَلَى مَعِيشَتِهِ، وَيَتْرُكَ بِنْتَ عَمِّهِ لَا يَنْظُرُ إِلَيْهَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دو جنگیں نہ ہوں، ایک آدمی نبطیہ کی طرف جائے گا، وہ آدمی شادی مال داری کی بناء پر کرے گا، اپنی چچازاد کو چھوڑے گا اس کی طرف دیکھے گا نہیں۔

7892- حَدَّثَنَا عَلَّانُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ مِنْ أُمَّتِي مَنْ يَأْتِي السُّوقَ، فَيَبْتَاعُ الْقَمِيصَ بِنِصْفِ دِينَارٍ أَوْ ثُلُثِ دِينَارٍ، فَيَحْمَدُ اللّٰهَ إِذَا لَبِسَهُ، فَلَا يَبْلُغُ رُكْبَتَيْهِ حَتَّى يُغْفَرَ لَهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت سے جو بازار میں آئے، قمیص نصف دینار یا تہائی دینار کی خریدے، جب اسے پہنے تو اللہ کی حمد کرے، وہ قمیص اس کے گھٹنوں تک نہ پہنچی ہوگی یہاں تک کہ اس کو بخش دیا جائے گا۔

7893- حَدَّثَنَا عَلَّانُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَلُوا اللّٰهَ الْفِرْدَوْسَ، فَإِنَّهَا سِرَّةُ الْجَنَّةِ، وَإِنَّ أَهْلَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل سے جنت الفردوس مانگو کیونکہ یہ عمدہ و افضل جنت ہے اور فردوس والے عرش کی آواز سنیں گے۔

7891- قال في المجمع جلد4صفحه260' وفيه جعفر بن الزبير وهو كذاب .

7892- قال في المجمع جلد5صفحه119' وفيه جعفر بن الزبير وهو متروك . وحكم شيخنا بوضعه .

7893- قال في المجمع جلد10صفحه398' وفيه جعفر بن الزبير وهو متروك . ورواه الحاكم جلد2صفحه37' وقال: هذا حديث لم نكتبه الا من هذا الاسناد ولم نجد جديدًا من اخراجه . فتعقبه الذهبي بقوله: جعفر هالك . ولكن لعله شاهد من حديث العرباض بن سارية .

الْفِرْدَوْسِ لَيَسْمَعُونَ أَطِيطَ الْعَرْشِ

7894- حَدَّثَنَا عَلَّانُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْلَا أَنَّ الْمَسَاكِينَ يَكْذِبُونَ مَا أَفْلَحَ مَنْ رَدَّهُمْ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر مساکین جھوٹ نہ بولتے تو ان کو خالی لوٹاتا' وہ فلاح نہ پاتا۔

7895- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَهْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مِسْعَرٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَنَّ الْمَسَاكِينَ صَدَقُوا مَا أَفْلَحَ مَنْ رَدَّهُمْ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر مساکین سچ بولیں تو ان کو خالی لوٹانے والا کبھی کامیاب نہ ہو۔

7896- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مِسْعَرٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَأْتِيَنَّ عَلَى جَهَنَّمَ يَوْمٌ كَأَنَّهَا زَرْعٌ هَاجَ، وَاحْمَرَّ تَخْفُقُ أَبْوَابُهَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جہنم والوں پر ایسا دن ضرور آئے گا گویا کہ کھیتی پکی اور سرخ ہو اور ان کے دروازے کھٹکتے ہوں۔

7897- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر انسان کے پاس مال کی دو

7894- قال في المجمع جلد3صفحه12' وفيه جعفر بن الزبير وهو ضعيف . وانظر تعليقنا على مسند الشهاب رقم الحديث:1428 .

7896- قال في المجمع جلد10صفحه360' وفيه جعفر بن الزبير وهو ضعيف .

7897- قال في المجمع جلد10صفحه244' وفيه جعفر بن الزبير وهو كذاب .

السَّوَّاقُ الْعَبْدِيُّ، ثنا عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ لَتَمَنَّى وَادِيًا ثَالِثًا، وَمَا جُعِلَ الْمَالُ إِلَّا لِإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ .وَلَا يُشْبِعُ ابْنَ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَى مَنْ تَابَ

وادیاں ہوں تو وہ تیسری کی خواہش کرے گا' مال تو نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ ادا کرنے کے لیے ہے' انسان کا پیٹ مٹی ہی بھرے گی' اللہ توبہ قبول کرتا ہے جو توبہ کرتا ہے۔

7898- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ السَّوَّاقُ الْعَبْدِيُّ، ثنا عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَاحِبُ الْيَمِينِ أَمِينٌ عَلَى صَاحِبِ الشِّمَالِ، فَإِذَا عَمِلَ الْعَبْدُ حَسَنَةً كَتَبَهَا بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، وَإِذَا عَمِلَ سَيِّئَةً، وَأَرَادَ صَاحِبُ الشِّمَالِ أَنْ يَكْتُبَهَا قَالَ لَهُ صَاحِبُ الْيَمِينِ: أَمْسِكْ عَنْهَا، فَيُمْسِكُ عَنْهَا، فَإِنِ اسْتَغْفَرَ اللَّهَ لَمْ يَكْتُبْ، وَإِنْ سَكَتَ كُتِبَتْ عَلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دائیں طرف والا' بائیں طرف والے پر امین ہے' جب بندہ نیکی کرتا ہے تو اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں' جب گناہ کرتا ہے اور بائیں طرف والا لکھنے کا ارادہ کرتا ہے تو دائیں طرف والا کہتا ہے: رُک جا! وہ رُک جاتا ہے' اگر اللہ سے بخشش مانگے تو اس کا گناہ لکھا نہیں جاتا ہے' اگر بخشش نہ مانگے تو اس کا گناہ لکھا جاتا ہے۔

7899- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا دِينَ لِمَنْ لَا أَمَانَةَ لَهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس میں امانت نہیں اس کا دین نہیں ہے۔

7898- قال في المجمع جلد10 صفحه208' وفيه جعفر بن الزبير وهو كذاب .

7900- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَلَمْ يَسْتَيْقِظْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَذَاهُ حَرُّ الشَّمْسِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ مَكَثُوا، فَأَقَامَ الصَّلَاةَ فَتَقَدَّمَ، ثُمَّ صَلَّى بِهِمْ، فَلَمَّا صَلَّى بِهِمْ قَالَ: إِذَا رَقَدَ أَحَدُكُمْ فَغَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ فَلْيَفْعَلْ هَكَذَا، فَإِنَّ اللَّهَ يَتَوَفَّى الْأَنْفُسَ حِينَ مَوْتِهَا، وَالَّتِي لَمْ تَمُتْ فِي مَنَامِهَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہ جاگے یہاں تک کہ سورج کی تپش آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان پڑی جب آپ اُٹھے تو آپ ٹھہرے نماز کے لیے اقامت پڑھی آپ آگے ہوئے اور صحابہ کرام کو نماز پڑھائی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سو جائے تو اس کی نیند اس پر غالب آ جائے تو وہ اس طرح کرے کیونکہ جب نفس سو جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ انہیں ایک قسم کی موت دے دیتا ہے اور بعض پر ان کی نیند میں موت نہیں آتی ہے۔

7901- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْعَمِّيُّ النَّحَّاسُ الْبَصْرِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ سَعْدٍ، ثنا عَمِّي، وَأَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ وَلَمْ يُدْرِكِ الصَّلَاةَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلِّ. ثُمَّ قَالَ: أَلَا أَحَدٌ يَتَصَدَّقُ عَلَى هَذَا فَيُصَلِّيَ مَعَهُ؟ فَقَامَ رَجُلٌ فَصَلَّى مَعَهُ، وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهَذِهِ جَمَاعَةٌ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا جس نے باجماعت نماز نہیں پڑھی تھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو فرمایا: تو نماز پڑھ! پھر فرمایا: کیا تم میں سے کوئی اس پر صدقہ کرے گا؟ اس کے ساتھ نماز پڑھ کر! ایک آدمی کھڑا ہوا اُس نے اس کے ساتھ نماز پڑھی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ جماعت ہے۔

الْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ، عَنِ الْقَاسِمِ أَبِي

مثنیٰ بن صباح، حضرت قاسم ابوعبدالرحمٰن سے روایت

عَبْدِ الرَّحْمَنِ

7902- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ، عَنِ الْقَاسِمِ الشَّامِيِّ، أَنَّ مَوْلَاةً لَهُ يُقَالُ لَهَا أُمُّ هَاشِمٍ أَجْلَسَتْهُ فِي السِّتْرِ بِدَوَاةٍ وَقَلَمٍ، وَأَرْسَلَتْ إِلَى أَبِي أُمَامَةَ فَسَأَلَتْهُ عَنْ حَدِيثٍ حَدَّثَهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْوُضُوءِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَامَ إِلَى الْوُضُوءِ، فَغَسَلَ يَدَيْهِ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ يَدَيْهِ، فَإِذَا مَضْمَضَ خَرَجَتِ الْخَطَايَا مِنْ فِيهِ، فَإِذَا اسْتَنْثَرَ خَرَجَتْ مِنْ أَنْفِهِ، فَكَذَلِكَ حَتَّى يَغْسِلَ الْقَدَمَيْنِ، فَإِنْ خَرَجَ إِلَى صَلَاةٍ مَفْرُوضَةٍ كَانَتْ كَحَجَّةٍ مَبْرُورَةٍ، وَإِنْ خَرَجَ إِلَى صَلَاةِ تَطَوُّعٍ كَانَتْ كَعُمْرَةٍ مَبْرُورَةٍ

کرتے ہیں

حضرت قاسم شامی سے روایت ہے کہ اُم ہاشم نامی ان کی ایک آقا تھیں' وہ پردے میں قلم دوات دے کر ان کو بٹھاتی تھیں۔ اور ابوامامہ کی طرف ایک حدیث پوچھنے کے لیے آدمی بھیجا جو اُنہوں نے رسول کریم ﷺ سے وضو کے بارے سنی تھی' اُنہوں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو آدمی وضو کیلئے کھڑا ہوا' اس نے ہاتھ دھوئے تو اس کے ہاتھوں سے خطائیں نکل گئیں۔ پس جب کُلّی کی تو منہ سے خطائیں ختم ہوگئیں' جب ناک میں پانی ڈالا تو ناک سے نکل گئیں' پس اسی طرح حتیٰ کہ وہ پاؤں دھوئے' پس اگر فرض نماز کی طرف نکلا تو فرض نماز' مقبول حج کی طرح ہوگی اور اگر نفل نماز کی طرف کیا تو نفل نماز' عمرے کی طرح ہوگا۔

عُتْبَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ

7903- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دَخَلَ رَجُلٌ

عتبہ بن حمید' حضرت قاسم سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی جنت میں داخل ہوا' اس نے جنت کے دروازے پر لکھا ہوا تھا: صدقہ دینے کا ثواب دس گنا ہے اور اپنے دائیں ہاتھ سے قرض دینے کا دس گنا ثواب ہے۔

الْجَنَّةَ، فَرَأَى عَلَى بَابِهَا مَكْتُوبًا الصَّدَقَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، وَالْقَرْضُ بِيَمِينِهِ عَشْرٌ

عُمَرُ بْنُ مُوسَى بْنِ وَجِيهٍ، عَنِ الْقَاسِمِ

عمر بن موسیٰ بن وجیہ' حضرت قاسم سے روایت کرتے ہیں

7904- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا أَبِي أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنَ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْأَكْلُ فِي السُّوقِ دَنَاءَةٌ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بازار میں (چل کر کھلے بندوں) کھانا عیب ہے۔

7905- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سُوَيْدٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُوسَى، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: تَدَلَّى عَبْدٌ مِنْ حِصْنِ الطَّائِفِ، فَجَاءَ مَوْلَاهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، رُدَّ عَلَيَّ غُلَامِي، فَقَالَ: إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا أَسْلَمَ قَبْلَ مَوْلَاهُ لَمْ يُرَدَّ إِلَيْهِ، وَإِذَا أَسْلَمَ الْمَوْلَى، ثُمَّ أَسْلَمَ الْعَبْدُ دُفِعَ إِلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ طائف کے قلعہ سے ایک غلام ملا' اس کا آقا آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا غلام واپس کریں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: غلام جب اپنے آقا سے پہلے اسلام لے آئے تو اس کو واپس نہیں کیا جاتا ہے' اگر آقا اسلام لے آئے اور پھر غلام اسلام لائے تو اس کو دیا جاتا ہے۔

سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْأَوْدِيُّ،

سعید بن عبداللہ اودی' حضرت

7904- قال في المجمع جلد 4 صفحه 25' وفيه عمر بن موسى بن وجيه وهو ضعيف . وما بين المعكوفين من رواية فاطمة .

7905- قال في المجمع جلد 3 صفحه 246' وفيه عمر بن موسى بن وجيه وهو متروك .

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

7906- حَدَّثَنَا أَبُو عَقِيلٍ أَنَسُ بْنُ سَلْمٍ الْخَوْلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْعَلَاءِ الْحِمْصِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَوْدِيِّ، قَالَ: شَهِدْتُ أَبَا أُمَامَةَ وَهُوَ فِي النَّزْعِ، فَقَالَ: إِذَا أَنَا مُتُّ، فَاصْنَعُوا بِي كَمَا أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَصْنَعَ بِمَوْتَانَا، أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِذَا مَاتَ أَحَدٌ مِنْ إِخْوَانِكُمْ، فَسَوَّيْتُمِ التُّرَابَ عَلَى قَبْرِهِ، فَلْيَقُمْ أَحَدُكُمْ عَلَى رَأْسِ قَبْرِهِ، ثُمَّ لِيَقُلْ: يَا فُلَانَ بْنَ فُلَانَةَ، فَإِنَّهُ يَسْمَعُهُ وَلَا يُجِيبُ، ثُمَّ يَقُولُ: يَا فُلَانَ بْنَ فُلَانَةَ، فَإِنَّهُ يَسْتَوِي قَاعِدًا، ثُمَّ يَقُولُ: يَا فُلَانَ بْنَ فُلَانَةَ، فَإِنَّهُ يَقُولُ: أَرْشِدْنَا رَحِمَكَ اللّٰهُ، وَلَكِنْ لَا تَشْعُرُونَ. فَلْيَقُلْ: اذْكُرْ مَا خَرَجْتَ عَلَيْهِ مِنَ الدُّنْيَا شَهَادَةَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، وَأَنَّكَ رَضِيتَ بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا، وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، وَبِالْقُرْآنِ إِمَامًا، فَإِنَّ

ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سعد بن عبداللہ اودی فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے نزع کے وقت حاضر تھا۔ پس اُنہوں نے فرمایا: جب میں فوت ہو جاؤں تو میرے ساتھ ایسے ہی کرنا جیسے رسول کریم ﷺ کا حکم ہے کہ ہم اپنے مردوں کے ساتھ کریں۔ رسول کریم ﷺ نے ہمیں حکم دیا' فرمایا: جب تمہارے بھائیوں میں سے کوئی فوت ہو جائے اور اس کی قبر پر تم مٹی برابر کرلو تو تم میں سے ایک اس کی قبر کے سرہانے کھڑا ہو کر کہے: اے فلاں بن فلانہ! (یعنی اس کا اور اس کی ماں کا نام لے) کیونکہ وہ سنتا ہے لیکن جواب نہیں دیتا ہے' پھر کہے: اے فلاں بن فلانہ! وہ اُٹھ کر بیٹھ جائے گا' پھر کہے: اے فلاں بن فلانہ! تو وہ کہے گا: ہماری راہنمائی کرو! اللہ آپ پر رحم کرے! لیکن تم اس بات کا شعور نہیں رکھتے' پس اسے چاہیے کہ وہ کہے: اس دین اور کلمہ کو یاد کر جس پر تُو دنیا سے نکلا ہے' مثلاً گواہی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں اور اللہ کے رب ہونے پر' اسلام کے دین ہونے پر' محمد ﷺ کے نبی ہونے پر اور قرآن کے پیشوا ہونے پر تُو راضی تھا۔ پس منکر نکیر میں سے ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑ کر کہے گا: آؤ چلیں! جس کو اس کی دلیل سکھا دی گئی' ہم

7906- قال في المجمع جلد 3 صفحه45' وفي اسناده جماعة لم أعرفهم . قلت: وقال ابن القيم في زاد المعاد جلد 1 صفحه523 فهذا حديث رفعه لا يصح رفعه . وضعفه النووي وغيره . وقال ابن القيم شرح تهذيب السنن جلد 13 صفحه 293 هذا الحديث متفق على ضعفه . وقال الحافظ في تخريج أحاديث الأذكار: حديث غريب' وسند الحديث من الطريقين ضعيف جدًا . كما في شرح الأذكار جلد4صفحه196 لابن علان .

مُنْكَرًا وَنَكِيرًا يَأْخُذُ وَاحِدٌ مِنْهُمَا بِيَدِ صَاحِبِهِ وَيَقُولُ: انْطَلِقْ بِنَا مَا نَقْعُدُ عِنْدَ مَنْ قَدْ لُقِّنَ حُجَّتَهُ، فَيَكُونُ اللّٰهُ حَجِيجَهُ دُونَهُمَا .فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَإِنْ لَمْ يَعْرِفْ أُمَّهُ؟ قَالَ: فَيَنْسُبُهُ إِلَى حَوَّاءَ، يَا فُلَانَ بْنَ حَوَّاءَ

اس کے پاس نہ بیٹھیں گے۔ پس ان دونوں کے سامنے ایسے ہی ہوگا کہ اللہ اس کو جواب سکھا رہا ہے۔ پس ایک آدمی نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر تلقین کرنے والے کو اس ماں کا نام یاد نہ ہو؟ فرمایا: حضرت حوا کی طرف اس کی نسبت کر کے کہے: اے فلاں بن حوا۔

إِسْمَاعِيلُ الشَّامِيُّ لَمْ يُنْسَبْ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

اسماعیل الشامی' ان کا نسب معلوم نہیں ہے' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

7907- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجِذْوعِيُّ الْقَاضِي، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا طَرِيفُ بْنُ الصَّلْتِ أَبُو غَالِبٍ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هَارُونَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ الشَّامِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا قَامَ فِي الصَّلَاةِ، فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ، وَكُشِفَتْ لَهُ الْحُجُبُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ رَبِّهِ، وَاسْتَقْبَلَتْهُ الْحُورُ الْعِينُ، مَا لَمْ يَمْتَخِطْ أَوْ يَتَنَخَّعْ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب بندہ نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو اس کے لیے جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اس کے اور رب کے درمیان جو پردے ہوتے ہیں وہ اُٹھ دیئے جاتے ہیں اور حورالعین اس کا استقبال کرتی ہیں جب تک ناک صاف نہ کرے۔

مَيْمُونُ بْنُ مِهْرَانَ الْجَزَرِيُّ،

میمون بن مہران الجزری' حضرت

7907- قال في المجمع جلد 2صفحه20' وفيه طريف بن الصلت عن الحجاج بن عبد الله بن هرم ولم أجد من ترجمهما .

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

7908- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، ثنا شِهَابُ بْنُ خِرَاشٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ جُبَلَةَ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَامَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ وَالْخَمِيسِ وَالْجُمُعَةِ بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ، يُرَى ظَاهِرُهُ مِنْ بَاطِنِهِ وَبَاطِنُهُ مِنْ ظَاهِرِهِ

ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے بدھ جمعرات جمعہ کے روزے رکھے تو اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا جس کا اندرونی حصہ باہر سے اور باہر والا حصہ اندر سے دکھائی دے گا۔

الزُّبَيْرُ بْنُ خُرَيْقٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

7909- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ خُرَيْقٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: مَا كُنْتُ قَرِيبًا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِلَّا سَمِعْتُهُ يَدْعُو بِهَذَا الدُّعَاءِ: اللّٰهُمَّ، اهْدِنِي لِصَالِحِ الْأَعْمَالِ وَالْأَخْلَاقِ، فَإِنَّهُ لَا يَهْدِي لِصَالِحِهَا إِلَّا أَنْتَ، وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ

زبیر بن خریق، حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب بیٹھا ہوا تھا، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا: ''اللّٰهم اهدنی لصالح الاعمال والاخلاق الٰی آخرہ''۔

7908- قال في المجمع جلد3صفحه199، وفيه صالح بن جبلة ضعفه الأزدي .

7909- قال في المجمع جلد10صفحه112، ورجاله رجال الصحيح غير الزبير بن خريق وهو ثقة .

مَنْ رَوَى، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيّ مِنْ أَهْلِ الْكُوفَةِ سَالِمُ بْنُ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

جو اہل کوفہ میں سے ہے' جو حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں' حضرت سالم بن ابوالجعد' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

7910- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا مَضْمَضَ أَحَدُكُمْ فَاهُ، حُطَّ مَا أَصَابَ بِفِيهِ، وَإِذَا غَسَلَ وَجْهَهُ حُطَّ مَا أَصَابَ وَجْهُهُ، وَإِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ حُطَّ مَا أَصَابَ بِيَدِهِ، وَإِذَا غَسَلَ رِجْلَيْهِ حُطَّ مَا أَصَابَ بِرِجْلَيْهِ فَقَالَ رَجُلٌ عِنْدَ ذَلِكَ: انْظُرْ مَا تُحَدِّثُ يَا أَبَا أُمَامَةَ صَحِبْنَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا سَمِعْنَاهُ يَقُولُ مَا تَقُولُ، فَقَالَ أَبُو أُمَامَةَ: لَوْ لَمْ أَسْمَعْهُ إِلَّا مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ لَمْ أُحَدِّثْ بِهِ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی منہ کی کُلّی کرتا ہے تو اس کے منہ کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں' جب چہرہ دھوتا ہے تو اس کے چہرے کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں' جب ہاتھ دھوتا ہے تو اس کے ہاتھ سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں' جب پاؤں دھوتا ہے تو اس کے پاؤں کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ ایک آدمی اُن کے پاس آیا' اس نے کہا: ابوامامہ دیکھو کہ تم کیا بیان کر رہے ہو؟ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس رہے ہیں' ہم نے آپ ﷺ سے نہیں سنا جو آپ بیان کر رہے ہیں۔ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ سے ایک یا دو مرتبہ سنا ہوتا تو میں بیان نہ کرتا۔

7911- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ يَحْيَى الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو فَرْوَةَ يَزِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی منہ کی کُلّی کرتا

7910- ورواه في الأوسط (36 مجمع البحرين)' قال في المجمع جلد 1 صفحه222' ورجاله رجال الصحيح' وانظر ما بعده.

7911- وانظر ما بعده.

يَزِيدَ بْنِ سِنَانَ الرَّهَاوِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، وَعَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَتَوَضَّأُ إِلَّا خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ يَدَيْهِ، ثُمَّ يَغْسِلُ وَجْهَهُ إِلَّا خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ وَجْهِهِ، ثُمَّ يَغْسِلُ ذِرَاعَيْهِ إِلَّا خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ ذِرَاعَيْهِ، ثُمَّ يَمْسَحُ رَأْسَهُ إِلَّا خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ رَأْسِهِ، ثُمَّ يَغْسِلُ رِجْلَيْهِ إِلَّا خَرَجَتْ خَطَايَاهُ مِنْ رِجْلَيْهِ

ہے تو اس کے منہ کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں' جب چہرہ دھوتا ہے تو اس کے چہرے کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں' جب ہاتھ دھوتا ہے تو اس کے ہاتھ سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں' جب پاؤں دھوتا ہے تو اس کے پاؤں کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

7912- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ زِيَادٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهَا صِبْيَانٌ لَهَا، فَسَأَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَهُ، فَلَمْ يَجِدْ إِلَّا ثَلَاثَ تَمَرَاتٍ، فَأَعْطَاهَا إِيَّاهُنَّ. فَأَعْطَتْ كُلَّ صَبِيٍّ تَمْرَةً وَأَمْسَكَتْ وَاحِدَةً، فَبَكَى صِبْيَانُهَا فَأَخَذَتْ تِلْكَ التَّمْرَةَ، فَشَقَّتْهَا نِصْفَيْنِ،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضور ﷺ کے پاس آئی' اس کے ساتھ اس کے دو بچے بھی تھے' حضور ﷺ نے اپنے گھر والوں سے پوچھا تو ان کے پاس صرف تین کھجوریں تھیں' آپ نے وہ انہیں دیں' تو اُس عورت نے ہر بچہ کو ایک کھجور دی اور ایک کھجور اپنے لیے رکھ لی' اس کے بچے رونے لگے تو اس نے وہ کھجور پکڑی اور اس کے دو حصے کیے اور دونوں بچوں کو آدھی آدھی دے دی' حضور ﷺ نے فرمایا: حاملہ اور دودھ پلانے والی اپنی اولاد پر مہربان ہوتی ہے' اگر یہ شوہروں کو تنگ نہ کرتی ہوتیں تو یہ جنت میں داخل ہو جاتیں۔

7912- ورواه أحمد جلد 5 صفحه 269,268,257,253,252' وأبو داؤد الطيالسي رقم الحديث: 2248' والحاكم جلد 4 صفحه 173' وصححه على شرط الشيخين ووافقه الذهبي . ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 2013 قال في الزوائد رجال اسناده ثقات الا انه منقطع' حكى الترمذي في العلل عن البخاري أنه قال: سالم ابن أبي الجعد لم يسمع من أبي أمامة . وقال ابن حبان: أدرك أبا أمامة . ورواه المصنف في الصغير جلد2 صفحه47 .

فَأَعْطَتْ هَذَا نِصْفًا وَهَذَا نِصْفًا . فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَامِلَاتٌ وَالِدَاتٌ مُرْضِعَاتٌ رَحِيمَاتٌ بِأَوْلَادِهِنَّ لَوْلَا مَا يَأْتِينَ إِلَى أَزْوَاجِهِنَّ دَخَلَ مُصَلِّيَاتُهُنَّ الْجَنَّةَ

7913- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَابَانَ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، ثنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَزِيدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهَا صِبْيَانٌ لَهَا صَبِيٌّ تُرْضِعُهُ، فَسَأَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَطَلَبَ، فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا يُعْطِيهَا حَتَّى أَصَابَ ثَلَاثَ تَمَرَاتٍ عِنْدَ بَعْضِ نِسَائِهِ، فَأَعْطَتْ هَذَا وَاحِدًا، وَهَذَا وَاحِدًا، وَأَمْسَكَتْ تَمْرَةً، فَبَكَى أَحَدُ الصَّبِيَّيْنِ، فَشَقَّتِ التَّمْرَةَ نِصْفَيْنِ، فَأَعْطَتْ هَذَا نِصْفًا وَهَذَا نِصْفًا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَامِلَاتٌ وَالِدَاتٌ مُرْضِعَاتٌ، رَحِيمَاتٌ بِأَوْلَادِهِنَّ، لَوْلَا مَا يَأْتِينَ إِلَى أَزْوَاجِهِنَّ لَدَخَلَ مُصَلِّيَاتُهُنَّ الْجَنَّةَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضور ﷺ کے پاس آئی' اس کے ساتھ اس کے دو بچے بھی تھے' حضور ﷺ نے اپنے گھر والوں سے پوچھا تو ان کے پاس صرف تین کھجوریں تھیں' آپ نے وہ انہیں دیں' تو اُس عورت نے ہر بچہ کو ایک کھجور دی اور ایک کھجور اپنے لیے رکھ لی' اس کے بچے رونے لگے تو اس نے وہ کھجور پکڑی اور اس کے دو حصے کیے اور دونوں بچوں کو آدھی آدھی دے دی' حضور ﷺ نے فرمایا: حاملہ اور دودھ پلانے والی اپنی اولاد پر مہربان ہوتی ہے' اگر یہ شوہروں کو تنگ نہ کرتی ہوتیں تو یہ جنت میں داخل ہو جاتیں۔

7914- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

7914- قال في المجمع جلد 10 صفحه 93' وفيه محمد بن خالد بن عبد الله الواسطي وقد نسب الى الكذب ووثقه ابن حبان وقال: يخطئ ويخالف' وبقية رجاله رجال الصحيح . وانظر ما قبله . ورواه أحمد جلد 5 صفحه 246 عن هشام بن عبد الملك عن أبي عوانة عن حصين به' فالعلة الانقطاع بين سالم وأبي أمامة . قال في المجمع: ورجاله رجال الصحيح . وهذا لا يعني أنه صحيح .

حَنبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيُّ، ثنا أَبِي، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ مَا أَحْصَى كِتَابُهُ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ

حضورﷺ نے فرمایا: ''الحمد للّٰہ عدد ما خلق اللّٰہ الی آخرہ''۔

عَامِرٌ الشَّعْبِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

عامر الشعبی' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

7915- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ الْبَزَّازُ، ثنا مُوسَى بْنُ عُمَيْرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خِيَارُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور آگے سکھائے۔

فِطْرٌ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

فطر' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

7916- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحُضَرِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اللَّيْثِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' آپ کے پاس

7915- قال فی المجمع جلد1صفحه167' وفیه علی ابن أبی طالب البزار ضعفه یحیی بن معین وابن عدی .

7916- قال فی المجمع جلد 1صفحه230' رواه الطبرانی فی الکبیر من طریق سمیع عنه واسناده حسن وسمیع ذکره ابن حبان فی الثقات جلد4صفحه342' وقال لا أدری من هو ولا ابن من هو .

يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ الْكَاسَغُونِيُّ، ثنا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: بَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ، إِذْ جَاءَتِ امْرَأَةٌ مَعَهَا وَلَدُهَا تَحْمِلُ بَعْضَهُمْ، وَيَمْشِي بَعْضُهُمْ، فَسَأَلَتْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ تَسْأَلْهُ يَوْمَئِذٍ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهَا لَهَا، فَطَلَعَتْ تَمْشِي، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَامِلَاتٌ وَالِدَاتٌ رَحِيمَاتٌ بِأَوْلَادِهِنَّ، لَوْلَا مَا يَأْتِينَ إِلَى أَزْوَاجِهِنَّ دَخَلَ مُصَلِّيَاتُهُنَّ الْجَنَّةَ

اچانک ایک عورت آئی' اس کے ساتھ اس کے بچے تھے' بعض کو اُٹھائے ہوئے تھی اور بعض اس کے ساتھ چل رہے تھے' اس نے حضور ﷺ سے کچھ مانگا' اس نے کوئی شی بھی مانگی اس کو دی گئی' وہ چلنے لگی' حضور ﷺ نے فرمایا: حاملہ اور دودھ پلانے والیاں اپنی اولاد پر مہربان ہوتی ہیں' اگر اپنے شوہروں کو تنگ نہ کرتی ہوں تو ان کی نمازی عورتیں جنت میں داخل ہوتیں۔

سُمَيْعٌ الزَّيَّاتُ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

سمیع الزیات' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

7917- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ، ثنا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سُمَيْعٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَوَضَّأَ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ ثَلَاثًا، وَمَضْمَضَ ثَلَاثًا، وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا وَذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا وَاللَّفْظُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے وضو کیا' اپنے ہاتھوں کو تین مرتبہ دھویا اور تین مرتبہ کلّی کی اور تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا اور اپنے چہرے اور کلائیوں کو تین مرتبہ دھویا۔ یہ الفاظ حدیث کے ابوعمر کے ہیں۔

7917- قال في المجمع جلد3صفحه87' وفيه قزعة بن سعيد فيه كلام كثير' وقد وثق وجهم لا يعرف قلت: هو الحكم كتب بشكل جهم أو حرف .

لِحَدِيثِ أَبِي عُمَرَ

مَنْ رَوَى، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ الْحَكَمُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

بصرہ والوں میں سے جو ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں' حضرت حکم بن فضالہ' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

7918- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ التُّسْتَرِيِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ فُرَافِصَةَ، عَنْ قَزَعَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ فَضَالَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا أُمَامَةَ، وَذَكَرَ لَهُ أَعْمَالَ الصَّدَقَةِ فَقَالَ: الصَّدَقَةُ حَقٌّ، وَعُمَّالُهَا فِي النَّارِ لِقَوْلِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت حکم بن فضالہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ نے صدقہ کے اعمال کا ذکر کیا' فرمایا: صدقہ حق ہے اس کے لینے والے (اگر کمی کریں) تو جہنم میں ہوں گے' حضور ﷺ کے ارشاد کی وجہ سے۔

7919- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ جَمِيلٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أنا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ الْبَاهِلِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ حَكَمِ بْنِ فَضَالَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ مَسْجِدَ حِمْصٍ، فَإِذَا فِيهِ أَبُو أُمَامَةَ يَتَفَلَّى فِيهِ، وَيَدْفِنُ الْقَمْلَ فِيهِ، فَجَلَسْتُ إِلَيْهِ فَسَبَّحَ ثَلَاثًا، وَكَبَّرَ ثَلَاثًا، وَحَمِدَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: خَفِيفَاتٌ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيلَاتٌ فِي الْمِيزَانِ تَصْعَدْنَ إِلَى الرَّحْمَنِ .فَقُلْتُ: يَا أَبَا أُمَامَةَ، أَنَا مِنْ أَهْلِ

حضرت حکم بن فضالہ فرماتے ہیں کہ میں حمص کی مسجد میں داخل ہوا' وہاں حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیٹھ کر جوئیں نکال رہے تھے اور جوؤں کو اس میں ہی دفن کر دیتے تھے۔ پس میں ان کے پاس بیٹھ گیا' اُنہوں نے تین بار سبحان اللہ کہا' تین بار اللہ اکبر اور تین بار الحمد للہ۔ پھر کہا: زبان پر یہ کلمات بہت ہلکے ہیں' ترازو میں بھاری ہوں گے اور رحمانِ خدا کی طرف چڑھتے ہیں' میں نے عرض کی: اے ابوامامہ! میں جنگل والوں میں سے ہوں' صدقہ لینے والے ہم پر زیادتی کرتے ہیں۔ تو اُنہوں نے فرمایا: صدقہ

الْبَادِيَةِ، وَإِنَّ الْمُصَدِّقِينَ كَانُوا يَتَعَدَّوْنَ عَلَيْنَا، فَقَالَ: الصَّدَقَةُ حَقٌّ، وَتباعها فِي النَّارِ، قَوْلُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَصَّرَ أَوْ تَعَدَّى جِيئُوا بِالْمَالِ وَافِدًا، وَلَا تُغَيِّبُوا مِنْهَا فَتَخْبُثُوا مَا غَيَّبْتُمْ، وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُمْ فَلَا تَسُبُّوهُمْ، وَاسْتَعِيذُوا بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهِمْ

حق ہے صدقہ کو بیچنے والا جہنم میں ہے۔ رسول کریم ﷺ کا فرمان ہے: وہ کم کرے یا زیادہ مال لے آؤ اس سے کوئی چیز غائب نہ کرو جو غائب کی وہ خبیث ہوگی اور جب تم ان کو آتا دیکھو تو ان کو گالی نہ دو اور ان کے شر سے اللہ کی پناہ مانگو۔

أَبُو الْعَالِيَةِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

ابوالعالیہ حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

7920- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَبِي حَبَّةَ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِتٌّ مَنْ جَاءَ بِوَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ جَاءَ وَلَهُ عَهْدٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، تَقُولُ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ: قَدْ كَانَ يَعْمَلُ فِي الصَّلَاةِ، وَالزَّكَاةِ، وَالْحَجِّ وَالصِّيَامِ، وَأَدَاءِ الْأَمَانَةِ، وَصِلَةِ الرَّحِمِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چھ اعمال میں سے جو کوئی ایک بھی کرتا ہے تو اس کے لیے قیامت کے دن وعدہ ہے ان میں سے ہر ایک جو کوئی نماز ادا کرتا رہا' زکوٰۃ دیتا رہا' حج و روزہ اور امانت ادا کرتا رہا اور صلہ رحمی کرتا رہا۔

لَقِيطٌ أَبُو الْمَشَّاءِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

لقیط ابوالمشاء حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

7921- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

7920- قال في المجمع جلد 1 صفحه 46' وفيه يونس ابن أبي خيثمة لم أر أحدًا ذكره .

7921- قال في المجمع جلد 5 صفحه 260' وفيه يحيى بن راشد المازني ضعفه ابن معين ووثقه ابن حبان وقال:

حُمَيْدٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّوْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ لَقِيطٍ أَبِي الْمَشَّاءِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسٌ، فَوَهَبَهُ لِرَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَكَانَ يَسْمَعُ صَهِيلَهُ، ثُمَّ إِنَّهُ فَقَدَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فَعَلَ فَرَسُكَ؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَخْصَيْتُهُ. فَقَالَ: الْخَيْلُ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ، وَالْمَغْنَمُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ نَوَاصِيهَا دِفَاؤُهَا، وَأَذْنَابُهَا مَذَابُّهَا

حضورﷺ کا ایک گھوڑا؟ تھا‘ پس آپ ﷺ نے انصار کے ایک آدمی کو تحفہ دیا‘ آپ اس گھوڑے کے ہنہنانے کی آواز سنا کرتے تھے‘ پھر آواز نہ سنی‘ حضورﷺ نے فرمایا: تم نے گھوڑے کو کیا کیا؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس کو خصی کروایا ہے‘ آپ ﷺ نے فرمایا: گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت کے دن تک بھلائی اور غنیمت ہے‘ اس کا دفاع اور ثواب ہے۔

7922- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا بِشْرُ بْنُ آدَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا لَقِيطٌ أَبُو الْمَشَّاءِ، حَدَّثَنِي أَبُو أُمَامَةَ، فِي حَدِيثٍ رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيَغْسِلُ يَدَيْهِ، وَيُمَضْمِضُ فَاهُ، وَيَتَوَضَّأُ كَمَا أُمِرَ إِلَّا حَطَّ اللّٰهُ عَنْهُ مَا أَصَابَ يَوْمَئِذٍ مَا نَطَقَ بِهِ فَمُهُ، وَمَا مَسَّ يَدُهُ، وَمَا مَشَى إِلَيْهِ حَتَّى إِنَّ الْخَطَايَا تَحَادَرُ مِنْ أَطْرَافِهِ، ثُمَّ هُوَ إِذَا مَشَى إِلَى الْمَسْجِدِ، فَرِجْلٌ تَكْتُبُ حَسَنَةً، وَأُخْرَى تَمْحِي سَيِّئَةً

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جو کوئی مسلمان وضو کرتا ہے تو اپنے ہاتھ دھوتا ہے اور کلی کرتا ہے اور وضو کرتا ہے جس طرح اس کو حکم دیا گیا ہے‘ تو اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں‘ جو اس کے منہ اور ہاتھ سے ہوئے ہوں‘ جس چیز تک وہ چل کر گیا ہو یہاں تک کہ گناہ صغیرہ اس کے اطراف سے بھی گر جاتے ہیں‘ پھر جب وہ مسجد کی طرف چلتا ہے تو ایک قدم پر نیکی لکھی جاتی ہے اور دوسرے پر برائی مٹا دی جاتی ہے۔

يخطئ ويخالف. وانظر ما بعده.

7922- قال في المجمع جلد 1 صفحه223' وفيه لقيط أبو المشاء روى عن أبي أمامة وروى عنه الجريري وقرة ابن خالد وقد ذكره ابن حبان في الثقات جلد5صفحه344' وقال: يخطئ ويخالف

الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

7923- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَنْصُورٍ، ثنا مِسْكِينٌ أَبُو فَاطِمَةَ، ثنا حَوْشَبُ بْنُ عَقِيلٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْغُسْلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لَيَسْتَلُّ الْخَطَايَا مِنْ أُصُولِ الشَّعْرِ اسْتِلَالًا

حسن بصری' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے دن غسل کرنے سے بالوں کی جڑوں سے بھی گناہ جھڑتے ہیں۔

عَاصِمُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ

7924- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَا: ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثنا الصَّعْقُ بْنُ حَزْنٍ، ثنا السَّبَخِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عَمْرٍو الْبَجَلِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَبِيتَنَّ أَقْوَامٌ مِنْ أُمَّتِي عَلَى أَكْلٍ وَلَهْوٍ وَلَعِبٍ، ثُمَّ

عاصم بن عمرو بجلی' حضرت ابوامامہ باہلی سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کے لوگ ضرور بضرور کھانے اور کھیل کود پر رات گزاریں گے' پھر صبح کے وقت ان کی شکلیں بندر اور خنزیر کی طرح ہوں گی۔

7923- قال في المجمع جلد 2 صفحه 174' ورجاله ثقات . قلت: مسكين أبو فاطمة ضعيف كما قال الدارقطني والحسن مدلس وقد عنعن فالحديث ضعيف .

7924- ورواه أبو داؤد الطيالسي رقم الحديث: 2161' وأحمد جلد 5 صفحه 259' وفرقد ضعيف' ورواه عبد الله بن أحمد في زيادات المسند جلد 5 صفحه 329' وانظر المجمع جلد 5 صفحه 75' وسلسلة الصحيحة جلد 4 صفحه 135-137 حيث حسنه بسبب شواهده .

لَيُصْبِحُنَّ قِرَدَةً وَخَنَازِيرَ

شُعَيْبُ بْنُ الْحَبْحَابِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

7925- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا فَضَالَةُ بْنُ حُصَيْنٍ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ سِنِينَ، فَكَانَتْ صَلَاتُهُ كُلَّ يَوْمٍ عَشْرَ رَكَعَاتٍ: رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ

شعیب بن حبحاب' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ دس سال نماز پڑھی' آپ کی سنتیں دو رکعت تھیں' دو فجر کی' دو عصر سے پہلے' دو مغرب کے بعد اور دو عشاء کے بعد۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَفْصٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

7926- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبٍ السِّمْسَارُ، ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَفْصٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِي أَيُّوبَ بْنِ زَيْدٍ: يَا أَبَا أَيُّوبَ، أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى عَمَلٍ يَرْضَاهُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ؟

عبداللہ بن حفص' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سعید بن میبّب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دیت عصبیت کے لیے ہے کیونکہ اس کی دیت لیتے ہیں کیا تم میں سے کسی نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق کچھ سنا ہے؟ حضرت ضحاک بن سفیان الکلابی نے عرض کی: جبکہ حضور ﷺ نے ان کو دیہاتیوں پر عامل بنایا تھا میری طرف رسول اللہ ﷺ نے خط لکھا کہ اشیم ضبابی کی عورت اپنے شوہر کی دیت کی وارث ہوگی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسی پر فتویٰ دیا۔

8065- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، ثنا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: قَامَ عُمَرُ بِمِنًى، فَسَأَلَ النَّاسَ: مَنْ عِنْدَهُ عِلْمٌ مِنْ مِيرَاثِ الْمَرْأَةِ مِنْ عَقْلِ زَوْجِهَا، فَقَامَ الضَّحَّاكُ بْنُ سُفْيَانَ الْكِلَابِيُّ، فَقَالَ: ادْخُلْ قُبَّتَكَ حَتَّى أُخْبِرَكَ فَدَخَلَ، فَأَتَاهُ فَقَالَ: كَتَبَ إِلَيَّ رَسُولُ

حضرت سعید بن میبّب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ منیٰ میں کھڑے ہوئے لوگوں سے پوچھا: کسی کے پاس اس بات کا علم ہے کہ عورت اپنے شوہر کی دیت کی وارث ہوگی؟ حضرت ضحاک بن سفیان الکلابی کھڑے ہوئے اور عرض کی: آپ اپنے قبہ میں داخل ہوں تاکہ میں آپ کو بتاؤں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ داخل ہوئے تو آپ کو بتایا کہ حضور ﷺ نے میری طرف خط لکھا کہ اشیم ضبابی کی عورت اپنے شوہر کی دیت کی وارث ہوگی۔

8064- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 17764 .

8065- ورواه ابن أبي شيبة في المصنف جلد9صفحه313 .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُوَرِّثَ امْرَأَةَ أَشْيَمِ الضِّبَابِيِّ مِنْ عَقْلِ زَوْجِهَا

8066- حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، أَنَّ امْرَأَةً أَتَتْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قُتِلَ زَوْجُهَا، فَسَأَلَتْهُ أَنْ يُوَرِّثَهَا مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا، فَقَالَ: مَا أَعْلَمُ لَكِ شَيْئًا، ثُمَّ نَشَدَ النَّاسَ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ عِلْمٌ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْيَقُمْ، فَقَامَ الضَّحَّاكُ بْنُ سُفْيَانَ الْكِلَابِيُّ، فَقَالَ: كَتَبَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُوَرِّثَ امْرَأَةَ أَشْيَمِ الضِّبَابِيِّ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا فَوَرَّثَهَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سعید بن میّب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس ایک عورت آئی' اُس کا شوہر قتل کیا گیا تھا' اُس نے اپنے شوہر کی دیت کے متعلق پوچھا' تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے اس مسئلہ کے متعلق علم نہیں ہے' پھر ان لوگوں سے پوچھا کہ کسی کے پاس اس کے متعلق علم ہے رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے؟ تو حضرت ضحاک بن سفیان الکلابی کھڑے ہوئے اور عرض کی: حضور ﷺ نے میری طرف خط لکھا تھا کہ اشیم ضبابی کی عورت اپنے شوہر کی دیت کی وارث ہوگی۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وراثت اُس عورت کو دے دی۔

8067- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، أَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، كَانَ يَقُولُ: الدِّيَةُ لِلْعَاقِلَةِ، وَلَا تَرِثُ الْمَرْأَةُ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا شَيْئًا حَتَّى كَتَبَ إِلَيْهِ الضَّحَّاكُ بْنُ سُفْيَانَ الْكِلَابِيُّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَّثَ امْرَأَةَ أَشْيَمِ

حضرت سعید بن میّب فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ دیت ورثاء کے لیے ہے' عورت کو اپنے شوہر کی دیت سے کچھ بھی نہیں ملے گا۔ حضرت ضحاک بن سفیان الکلابی رضی اللہ عنہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے مجھے خط لکھا جس میں آپ ﷺ نے اشیم ضبابی کی عورت اپنے شوہر کی دیت کی وارث بنایا تھا۔

8067- ورواه الترمذی رقم الحديث: 2193,1433' وقال حسن صحيح ورواه ابن أبی شيبة جلد9صفحه313' وأبو داؤد رقم الحديث: 2911' وأحمد جلد 3صفحه452' وابن ماجه رقم الحديث: 2642' والبغوی فی شرح السنة رقم الحديث: 2234 .

لِضَبَابِيِّ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا

8068- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ قُتِلَ أَشْيَمُ الضِّبَابِيُّ خَطَأً

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اشیم ضبابی خطاءً قتل کیے گئے تھے۔

ضَحَّاكُ بْنُ حَارِثَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْأَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ عَقِبِيٌّ

حضرت ضحاک بن حارثہ بن ثعلبہ انصاری' بدری' عقبی رضی اللہ عنہ

8069- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ لِبَيْعَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي ثَعْلَبَةَ بْنِ عُبَيْدٍ الضَّحَّاكُ بْنُ حَارِثَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ، وَقَدْ شَهِدَ بَدْرًا

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ عقبہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کرنے کے لیے جو حاضر ہوئے انصار میں سے پھر بنی ثعلبہ بن عبید الضحاک بن حارثہ بن زید بن ثعلبہ میں سے آپ بدر میں شریک ہوئے تھے۔

ضَحَّاكُ الْأَنْصَارِيُّ غَيْرُ مَنْسُوبٍ

حضرت ضحاک انصاری' ان کا نسب معلوم نہیں

8070- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَارَةَ بْنِ صُبَيْحٍ، ثنا نَصْرُ بْنُ مُزَاحِمٍ، ثنا مِنْدَلٌ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ زِيَادٍ، وَعَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ بَشِيرٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنِ

حضرت ضحاک انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب خیبر کی طرف نکلے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو آگے کیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جو کھجور کے باغ میں داخل ہوا وہ امن والا ہے' جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

8070- قال فی المجمع جلد9صفحه126' وفیه نصر بن مزاحم وهو متروك .

الضَّحَّاكِ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: لَمَّا سَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى خَيْبَرَ جَعَلَ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى مُقَدِّمَتِهِ، فَقَالَ: مَنْ دَخَلَ النَّخْلَ فَهُوَ آمِنٌ فَلَمَّا تَكَلَّمَ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَادَى بِهَا عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَنَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَضَحِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُضْحِكُكَ؟، فَقَالَ: إِنِّي أُحِبُّهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: إِنَّ جِبْرِيلَ يَقُولُ إِنِّي أُحِبُّكَ .قَالَ: وَبَلَغْتُ أَنْ يُحِبَّنِي جِبْرِيلُ قَالَ: نَعَمْ، وَمَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْ جِبْرِيلَ اللّٰهُ تَعَالَى

نے گفتگو فرمائی تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو آواز دی' حضور ﷺ نے حضرت جبریل علیہ السلام کو دیکھا' حضرت جبریل مسکرائے' حضور ﷺ نے فرمایا: آپ کیوں مسکرائے ہیں؟ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: میں ان سے محبت کرتا ہوں! حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: جبریل کہتا ہے کہ وہ تم سے محبت کرتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: مجھے معلوم ہوا کہ جبریل علیہ السلام مجھ سے محبت کرتے ہیں' حضور ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: جو جبریل سے بہتر ہے (وہ بھی (تم سے) محبت کرتا ہے)۔

ضَحَّاكُ بْنُ زِمْلٍ الْجُهَنِيُّ

حضرت ضحاک بن زمل الجہنی رضی اللہ عنہ

8071- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت ابن زمل جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

8071- قال في المجمع جلد7صفحه184' وفيه سليمان بن عطاء القرش وهو ضعيف . قلت: قال الحافظ منكر الحديث . ومسلمة بن عبد الله الجهني قال الحافظ مقبول . وقد روى ابن السني في عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 141' ومنهم من قال: عبد الله بن زمل' قال ابن السكن: روى عنه حديث الدنيا سبعة آلاف سنة باسناد مجهول' وليس بمعروف في الصحابة' ثم ساق الحديث' وفي اسناده ضعيف . قال: وروى عنه بهذا الاسناد أحاديث مناكير . قال الحافظ في الاصابة جلد4صفحه96-97' وجميعها جاء عنه ضمن حديث واحد أخرجه بطوله الطبراني في المعجم الكبير' وأخرج بعضه ابن السني في عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 141' ولم أره مسمى في أكثر الكتب' ويقال اسمه الضحاك' ويقال عبد الرحمن' والصواب الأول' والضحاك غلط' فان الضحاك بن زمل آخر من أتباع التابعين . وقال ابن أبي حاتم - كما في الجرح والتعديل (461/1/2) عن أبيه الضحاك بن زمل ابن عمر والسكسكي روى عن أبيه روى عنه الهيثم بن عدي : وذكر ابن قتيبة في غريبه هذا الحديث

الْعَسْكَرِيُّ، وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مِسْرَحٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَطَا الْقُرَشِيُّ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ مَسْلَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِيِّ، عَنْ عَمِّهِ أَبِي مَشْجَعَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ الْجُهَنِيِّ، عَنِ ابْنِ زِمْلٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الصُّبْحَ قَالَ وَهُوَ ثَانٍ رِجْلَهُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ، وَأَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا سَبْعِينَ مَرَّةً

حضور ﷺ جب نمازِ فجر پڑھ لیتے تو آپ پاؤں سیدھے کرتے تو پڑھتے: ''سبحان اللّٰه وبحمده واستغفر اللّٰه انه كان توابًا'' یہ کلمات ستر مرتبہ پڑھتے تھے۔

8072- ثُمَّ يَقُولُ: سَبْعِينَ بِسَبْعِمِائَةٍ لَا خَيْرَ لِمَنْ كَانَتْ ذُنُوبُهُ فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ أَكْثَرَ مِنْ سَبْعِمِائَةٍ

پھر ستر مرتبہ پڑھنے کے بعد پڑھتے: اس کے لیے بھلائی نہیں جس کے گناہ ایک دن میں سات سو سے زیادہ ہوں۔

8073- ثُمَّ يَسْتَقْبِلُ النَّاسَ بِوَجْهِهِ وَكَانَ يُعْجِبُهُ الرُّؤْيَا فَيَقُولُ: هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنْكُمْ شَيْئًا؟ قَالَ ابْنُ زِمْلٍ: فَقُلْتُ: أَنَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، قَالَ: خَيْرًا تَلَقَّاهُ، وَشَرًّا تَوَقَّاهُ، وَخَيْرًا لَنَا وَشَرًّا عَلَى أَعْدَائِنَا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، اقْصُصْ رُؤْيَاكَ. فَقُلْتُ: رَأَيْتُ جَمِيعَ النَّاسِ عَلَى طَرِيقٍ رَحْبٍ سَهْلٍ لَاحِبٍ، وَالنَّاسُ عَلَى الْجَادَّةِ مُنْطَلِقِينَ، فَبَيْنَا هُمْ كَذَلِكَ إِذْ أَشْفَى ذَلِكَ الطَّرِيقُ عَلَى مَرْجٍ لَمْ تَرَ

پھر لوگوں کی طرف چہرہ مبارک کرتے' خواب آپ کو بہت خوش لگتے تھے' فرماتے: کیا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ ابن زمل کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میں نے دیکھا ہے۔ فرمایا: تُو بھلائی سے ملے اور بُرائی سے بچ جائے' بھلائی ہمارا حصہ ہے اور بُرائی کا وبال ہمارے دشمنوں پر ہے' تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں' اپنا خواب بیان کیجئے! میں نے عرض کی: میں نے دیکھا کہ تمام لوگ ایک کھلے' نرم راستے پر ہیں اور کچھ لوگ پختہ راستے پہ چل رہے ہیں' وہ لوگ اسی حال پر ہیں کہ اچانک

جلد 1 صفحه 479-481 بطوله ولم يسمع ايضًا . وقال ابن حبان (في ثقاته جلد 3صفحه235) عبد الله بن زمل له صحبة' لكن لا أعتمد على اسناد خبره . قلت: تفرد برواية حديثه سليمان بن عطاء القرشي الحراني عن مسلمة بن عبد الله الجهني انتهى في غريب الحديث ثم أكبوا رواحلهم .

عَيْنَايَ مِثْلَهُ يَرِفُّ رَفِيفًا، وَيَقْطُرُ نَدَاهُ فِيهِ مِنْ أَنْوَاعِ الْكَلَأِ، وَكَأَنِّي بِالرَّعْلَةِ الْأُولَى حَتَّى أَشْفَوْا عَلَى الْمَرْجِ كَبَّرُوا، ثُمَّ رَكِبُوا رَوَاحِلَهُمْ فِي الطَّرِيقِ، فَمِنْهُمُ الْمُرْتِعُ، وَمِنْهُمُ الْآخِذُ الضِّغْثَ، وَمَضَوْا عَلَى ذَلِكَ .قَالَ: ثُمَّ قَدِمَ عِظَمُ النَّاسِ، فَلَمَّا أَشْفَوْا عَلَى الْمَرْجِ كَبَّرُوا، فَقَالُوا: خَيْرُ الْمَنْزِلِ، فَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِمْ يَمِيلُونَ يَمِينًا وَشِمَالًا، فَلَمَّا رَأَيْتُ ذَلِكَ لَزِمْتُ الطَّرِيقَ حَتَّى آتِي أَقْصَى الْمَرْجِ، فَإِذَا أَنَا بِكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ عَلَى مِنْبَرٍ فِيهِ سَبْعُ دَرَجَاتٍ، وَأَنْتَ فِي أَعْلَاهَا دَرَجَةً، وَإِذَا عَنْ يَمِينِكَ رَجُلٌ آدَمُ شَشْلٌ أَقْنَى، إِذَا هُوَ تَكَلَّمَ يَسْمُو، فَيَفْرُعُ الرِّجَالَ طُولًا، وَإِذَا عَنْ يَسَارِكَ رَجُلٌ تَارٌّ رِبْعَةٌ أَحْمَرُ كَثِيرُ خَيْلَانِ الْوَجْهِ، كَأَنَّمَا حُمِّمَ شَعْرُهُ بِالْمَاءِ، إِذَا هُوَ تَكَلَّمَ أَصْغَيْتُمْ لَهُ إِكْرَامًا، وَإِذَا أَمَامَكَ شَيْخٌ أَشْبَهُ النَّاسِ بِكَ خَلْقًا وَوَجْهًا كُلُّكُمْ تَؤُمُّونَهُ تُرِيدُونَهُ، وَإِذَا أَمَامَ ذَلِكَ نَاقَةٌ عَجْفَاءُ شَارِفٌ، وَإِذَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَأَنَّكَ تَتَّقِيهَا، قَالَ: فَانْتَقَعَ لَوْنُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاعَةً، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ فَقَالَ: أَمَّا مَا رَأَيْتَ مِنَ الطَّرِيقِ السَّهْلِ الرَّحْبِ اللَّاحِبِ، فَذَلِكَ مَا حُمِّلْتُمْ عَلَيْهِ مِنَ الْهُدَى وَأَنْتُمْ عَلَيْهِ، وَأَمَّا الْمَرْجُ الَّذِي رَأَيْتَ، فَالدُّنْيَا وَغُضَارَةُ عَيْشِهَا مَضَيْتُ أَنَا وَأَصْحَابِي لَمْ

وہ راستہ رات کے آخری حصے میں ایک کھلی چراگاہ پر پہنچ گیا' اس کی مثل میری آنکھوں نے کوئی چیز نہ دیکھی تھی' پرندوں کے پروں کی آواز آ رہی تھی' اس میں شبنم گر رہی تھی' قسم قسم کی گھاس تھی' گویا میں ہراول دستہ یعنی پیش رو جماعت میں تھا یہاں تک کہ سارے اس چراگاہ پر پہنچ گئے' اُنہوں نے تکبیر کہی اور اپنی سواریوں کو راستے پر لگایا' ان میں سے کچھ چرنے والے کچھ لینے والے' مُٹھا بنانے والے تھے' اسی حال میں کہ وہ اس پر سے گزر گئے۔ کہتے ہیں: پھر بڑے بڑے لوگ آئے' جب چراگاہ پر پہنچے تو اللہ اکبر کہا' اور کہا کہ بہترین مقام ہے' گویا میں ان سب کو دیکھ رہا ہوں کہ کوئی دائیں جا رہا ہے' کوئی بائیں۔ جب میں نے یہ دیکھا تو میں نے بھی راستہ پکڑ لیا' حتیٰ کہ میں چراگاہ کے آخر تک آیا۔ اچانک میں آپ کے ساتھ ہوں' اے اللہ کے رسول! ایک منبر پر جس کی سات سیڑھیاں ہیں اور آپ سب سے اوپر والی سیڑھی پر ہیں' آپ کی دائیں جانب ایک آدمی گندم گوں' سنجیدہ' بلند بینی والے تھے' اس نے گفتگو کی' پس لوگ فارغ ہوئے جاتے ہیں لمبائی میں' آپ کی بائیں جانب بھی ایک آدمی ہے بھرا جسم' درمیانہ قد' سرخ رنگ' بارعب' گویا اس کے ہاں پانی سے دھوکر چمٹا دیئے گئے ہیں' وہ کلام کرتا ہے اور اس کے اکرام میں تم سب غور سے سنتے ہو' آپ کے سامنے ایک بزرگ ہے تمام لوگوں سے زیادہ چہرے اور شکل کے لحاظ سے آپ کی طرح ہے' تم سب لوگ اسی کا ارادہ کرتے ہو اور اسے چاہتے ہو۔ اس کے سامنے ایک کمزور سی اونٹنی ہے اور اے

نَتَعَلَّقُ بِهَا شَيْئًا، وَلَمْ نُرِدْهَا وَلَمْ تُرِدْنَا، ثُمَّ جَاءَتِ الرَّعْلَةُ الثَّانِيَةُ بَعْدَنَا، وَهُمْ أَكْثَرُ مِنَّا ضِعَافًا فَمِنْهُمُ الْمُرْتِعُ، وَمِنْهُمُ الْآخِذُ الضِّغْثَ وَنَحْوَهُ عَلَى ذَلِكَ، ثُمَّ جَاءَ عِظَمُ النَّاسِ، فَمَالُوا فِي الْمَرْجِ يَمِينًا وَشِمَالًا، فَإِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، أَمَّا أَنْتَ فَمَضَيْتَ عَلَى طَرِيقَةٍ صَالِحَةٍ، فَلَمْ تَزَلْ عَلَيْهَا حَتَّى تَلْقَانِي، وَأَمَّا الْمِنْبَرُ الَّذِي رَأَيْتَ فِيهِ سَبْعَ دَرَجَاتٍ وَأَنَا فِي أَعْلَى دَرَجَةٍ، فَالدُّنْيَا سَبْعَةُ آلَافِ سَنَةٍ وَأَنَا فِي آخِرِهَا أَلْفًا، وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي رَأَيْتَ عَلَى يَمِينِي الْآدَمُ الشَّثْلُ، فَذَلِكَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ إِذَا هُوَ تَكَلَّمَ يَعْلُو الرِّجَالَ بِفَضْلِ صَلَاحِ اللَّهِ إِيَّاهُ، وَالَّذِي رَأَيْتَ عَنْ يَسَارِي التَّارُ الرَّبْعَةُ الْكَبِيرُ خَيْلَانِ الْوَجْهِ، فَكَأَنَّمَا حُمِّمَ شَعْرُهُ بِالْمَاءِ، فَذَاكَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ نُكْرِمُهُ لِإِكْرَامِ اللَّهِ إِيَّاهُ، وَأَمَّا الشَّيْخُ الَّذِي رَأَيْتَ أَشْبَهَ النَّاسِ بِي خَلْقًا وَوَجْهًا، فَذَلِكَ أَبُونَا إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ كُلُّنَا نَؤُمُّهُ وَنَقْتَدِي بِهِ، وَأَمَّا النَّاقَةُ الَّتِي رَأَيْتَ وَرَأَيْتَنِي أَتَّقِيهَا فَهِيَ السَّاعَةُ عَلَيْنَا تَقُومُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَلَا أُمَّةَ بَعْدَ أُمَّتِي .قَالَ: فَمَا سَأَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رُؤْيَا بَعْدَهَا إِلَّا أَنْ يَجِيءَ الرَّجُلُ فَيُحَدِّثُهُ بِهَا مُتَبَرِّعًا

اللہ کے رسول! گویا آپ اس سے بچتے ہیں۔ راوی کا بیان ہے: رسول کریم ﷺ کا رنگ ایک گھڑی میں چمک اُٹھا' پھر اس سے سرگوشی کی (یعنی پوشیدہ طور پر بتایا)' فرمایا: وہ جو نرم کھیلا اور واضح راستہ تُو نے دیکھا' وہ وہی ہدایت کا راستہ ہے جس پر تم کو ڈالا گیا ہے اور تم اسی پر ہو۔ بہرحال چراگاہ' جو تُو نے دیکھی' وہ دنیا ہے اور اس کی عیش کا نتیجہ' میں اور میرے صحابہ (جلدی) اس سے گزر گئے' اس سے کوئی سروکار نہیں رکھا' نہ اُترے اور نہ ارادہ کیا۔ پھر دوسرا قافلہ ہمارے بعد آیا' وہ ہم سے زیادہ کئی گنا تھے' پس ان میں سے چرنے والے' مٹھی بھر بھر کر لینے والے اور اس جیسے (بہرحال) پھر لوگوں میں سے بڑے آئے' پس وہ چراگاہ میں دائیں بائیں جھکے: اناللہ وانا الیہ راجعون! بہرحال تُو نیک راستے پر چلا' پس اس (چراگاہ) پر نہیں اُترا حتیٰ کہ مجھ سے آ کر ملا' لیکن وہ منبر جو تُو نے دیکھا اس میں سات سیڑھیاں تھیں اور میں سب سے اوپر والی پر تھا' جو آدمی تُو نے میری دائیں طرف دیکھا وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام تھے' وہ بلند آواز سے لوگوں پر گفتگو کرتے تھے' اللہ کے عطا کردہ فضل سے' اور جو آدمی تُو نے میری بائیں طرف دیکھا بھاری جسم' درمیانہ قد' پانی کے ساتھ گویا ان کے بالوں کو گرم کیا گیا ہے' وہ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام تھے' اللہ نے ان کو عزت دی اس لیے ہم ان کی عزت کر رہے تھے' بہرحال وہ بزرگ جو تُو نے شکل و چہرے کے لحاظ سے میرے مشابہ دیکھے تو وہ ہمارے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے' ہم سب ان کو اپنا امام بناتے ہیں اور

ان کی اقتداء کرتے ہیں اور وہ اونٹنی جوتُو نے دیکھی اور مجھے اس سے بچتے ہوئے دیکھا' وہ ہم پر آنے والی قیامت کی گھڑی تھی کیونکہ میرے بعد نبی کوئی نہیں اور تمہارے بعد اُمت کوئی نہیں۔ راوی کا بیان ہے: اس کے بعد رسول کریم ﷺ نے کبھی خوابوں کے بارے میں سوال نہ کیا مگر کوئی آدمی خود آ کر رضا کارانہ طور پر سناتا۔

ضِمَامُ بْنُ ثَعْلَبَةَ الْأَزْدِيُّ

8074- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَـمْرُو بْنُ عَوْنٍ الْوَاسِطِيُّ، أنا خَالِدٌ، عَنْ دَاوُدَ بْـنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْـرٍ، عَـنِ ابْـنِ عَبَّـاسٍ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَزْدِ شَـنُـوءَـةَ يُـقَـالُ لَهُ ضِمَامٌ كَانَ بِالْيَمَنِ، وَكَانَ يُعَالِجُ مِنَ الْأَرْوَاحِ، فَـقَـدِمَ مَكَّةَ، فَسَمِعَهُمْ يَـقُولُونَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاحِرٌ وَكَاهِنٌ وَمَجْنُونٌ، فَقَالَ: لَوْ أَتَيْتُ هَذَا الرَّجُلَ لَعَلَّ اللّٰـهَ يَشْفِيهِ عَلَى يَدَيَّ فَلَقِيَهُ، فَقَالَ: يَا مُـحَـمَّـدُ، إِنَّ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ يَشْفِي عَلَى يَدَيَّ، وَإِنِّـي أُعَالِجُ مِنْ هَذِهِ الْأَرْوَاحِ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰـهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِينُهُ، مَنْ يَهْدِ اللّٰهُ فَلا مُضِلَّ لَـهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلا هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ

حضرت ضمام بن ثعلبہ ازدی رضی اللہ عنہ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بنوازد قبیلے کا ایک آدمی دشمنی والا جس کا نام ضمام تھا' یمن میں رہتا تھا' بدروحوں کا علاج کیا کرتا تھا' پس وہ مکے آیا' پس اس نے خسیس لوگوں سے سنا کہ محمد ﷺ جادوگر ہیں' کاہن اور مجنون ہیں۔ (نیک نیت تھا) اس نے کہا: اگر میں اس آدمی کے پاس جاؤں تو ممکن ہے اللہ میرے ہاتھ پر اسے شفاء دے۔ پس وہ آپ ﷺ سے ملا تو اس نے کہا: اے محمد! میرے ہاتھ پر اللہ شفاء دیتا ہے' میں ان بدروحوں کا معالج ہوں تو آپ ﷺ نے پڑھا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں' ہم اسی کی حمد کرتے ہیں' اس سے مدد طلب کرتے ہیں' جس کو اللہ ہدایت دے اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں اور جس کی گمراہی کے اسباب اللہ مہیا کرے' اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں' میں گواہی

8074- قال في المجمع جلد9صفحه370 قلت: حديث ضماد بالدال في الصحيح وغيره وحديث ضمام بالميم لم أجده - رواه الطبراني وذكره بالميم ورجاله ثقات . قلت: هو عند مسلم رقم الحديث:868 .

إِلَّا اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ . فَقَالَ: أَعِدْ عَلَيَّ، فَأَعَادَ عَلَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ: لَقَدْ سَمِعْتُ قَوْلَ الْكَهَنَةِ، وَقَوْلَ السَّحَرَةِ، وَالشُّعَرَاءِ، فَمَا سَمِعْتُ مِثْلَ هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ، وَلَقَدْ بَلَغَ قَامُوسَ الْبَحْرِ، مُدَّ يَدَكَ أُبَايِعْكَ عَلَى الْإِسْلَامِ، فَمَدَّ يَدَهُ فَبَايَعَهُ عَلَى الْإِسْلَامِ، وَعَلَى قَوْمِي فَبَايَعَهُ عَلَى قَوْمِهِ

دیتاہوں کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور میں گواہی دیتاہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔ اس نے کہا: دوبارہ پڑھو! پس آپ ﷺ نے تین بار پڑھا‘ اس نے کہا: میں نے کاہنوں‘ جادوگروں اور شاعروں کے اقوال سنے ہیں‘ میں نے ان کلمات کی مثل کوئی چیز نہیں سنی‘ تحقیق یہ قاموس البحر کو پہنچے ہیں‘ اپنا ہاتھ بڑھائیں تاکہ میں اسلام پر بیعت کروں‘ پس آپ نے ہاتھ آگے کیا تو اس نے اسلام پر بیعت کر لی اور میری قوم پر‘ پس آپ ﷺ نے اس کی قوم پر بھی اس کو بیعت کی۔

8075- حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا، ثنا أَحْمَدُ بْنُ سُفْيَانَ النَّسَائِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، وَيُونُسَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: جَاءَ ضِمَامُ بْنُ ثَعْلَبَةَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَلَا أَرْقِيكَ يَا مُحَمَّدُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِينُهُ، وَنَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا وَسَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا، مَنْ يَهْدِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ . فَقَالَ ضِمَامٌ: لَقَدْ قَرَأْتُ الْكُتُبَ وَالتَّوْرَاةَ وَالْإِنْجِيلَ وَالزَّبُورَ، فَمَا سَمِعْتُ مِثْلَ هَذَا الْكَلَامِ، أَعِدْهُنَّ عَلَيَّ، فَأَعَادَهُنَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَعِدْهُنَّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ضمام بن ثعلبہ‘ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا‘ اس نے کہا: اے محمد! کیا میں آپ کو دَم کر سکتا ہوں؟ نبی کریم ﷺ نے پڑھا: تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں‘ ہم اس کی حمد کرتے ہیں‘ اس سے مدد مانگتے ہیں اور اپنے نفسوں کی بُرائیوں اور اپنے اعمال کی بُرائیوں سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں‘ جس کو اللہ ہدایت دے اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جسے اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا‘ میں گواہی دیتاہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور محمد ﷺ اُس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ پس ضمام بولا: میں نے آسمانی کتابیں تورات‘ انجیل اور زبور پڑھی ہیں‘ اس کلام کی مثل کوئی چیز نہیں سنی‘ بار بار پڑھیں۔ آپ ﷺ نے کئی بار یہ کلمات پڑھے‘ پھر اس نے کہا: دُہرائیں! تو آپ نے اس پر دُہرائے‘ پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ذکر کیا کہ وہ مسلمان ہوگیا۔

عَلَيَّ، فَأَعَادَهُنَّ عَلَيْهِ، ثُمَّ ذُكِرَ أَنَّهُ أَسْلَمَ

8076- حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ مَخْلَدٍ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا زُنَيْجُ أَبُو غَسَّانَ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ نُوَيْفِعٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: بَعَثَتْ بَنُو سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ ضِمَامَ بْنَ ثَعْلَبَةَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمَ عَلَيْهِ، فَأَنَاخَ بَعِيرَهُ عَلَى بَابِ الْمَسْجِدِ، ثُمَّ عَقَلَهُ، ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ، وَكَانَ ضِمَامٌ رَجُلًا جَلْدَ الشَّعْرِ، ذَا غَدِيرَتَيْنِ حَتَّى وَقَفَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ؟ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ .قَالَ: مُحَمَّدٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: يَا ابْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، إِنِّي سَائِلُكَ وَمُغَلِّظٌ فِي الْمَسْأَلَةِ، فَلَا تَجِدَنَّ فِي نَفْسِكَ، فَقَالَ: لَا أَجِدُ فِي نَفْسِي، فَاسْأَلْ عَمَّا بَدَا لَكَ، فَقَالَ: أَنْشُدُكَ بِاللَّهِ، إِلَهِكَ وَإِلَهِ مَنْ كَانَ قَبْلَكَ، وَإِلَهِ مَنْ هُوَ كَائِنٌ بَعْدَكَ، آللَّهُ أَمَرَكَ أَنْ تَأْمُرَنَا أَنْ نَعْبُدَ اللَّهَ لَا نُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَأَنْ نَخْلَعَ هَذِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بنوسعد بن بکر نے ضمام بن ثعلبہ کو رسول کریم ﷺ کی طرف بھیجا' پس وہ آپ ﷺ کے پاس آیا' اس نے مسجد کے دروازے پر اپنا اونٹ بٹھایا پھر اسے ڈھنگا لگایا' پھر مسجد میں داخل ہوا جبکہ رسول کریم ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے۔ ضمام سخت بالوں والا اور دو مینڈھوں والا آدمی تھا یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ اور صحابہ کے پاس آ کر کھڑا ہوا۔ اس نے کہا: تم میں سے بنوعبدالمطلب کون ہیں؟ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔ اس نے کہا: محمد (آپ ہیں)؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: اے عبدالمطلب کے بیٹے! میں تیرا سوالی ہوں اور میں اپنے سوال میں سختی سے کام لینے والا ہوں۔ غصہ نہ منانا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں غصے نہیں ہوں گا' جو تیرا جی چاہے سوال کر۔ اس نے کہا: میں تجھے اللہ کی قسم دیتا ہوں! کیا تیرا معبود' آپ سے پہلے لوگوں کا اور بعد میں آنے والوں کا معبود' اللہ ہے؟ اس نے آپ کو حکم دیا ہے کہ ہم اللہ کی عبادت کریں' اسکے ساتھ کسی شی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور ان مدمقابل کو چھوڑ دیں جن کی پوجا اللہ کو چھوڑ کر ہمارے آباء کرتے رہے؟ فرمایا: جی ہاں! (اللّٰہم تاکید کیلئے ہے)' اس نے کہا: میں تجھے اللہ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں' تیرا' تجھ سے پہلوں اور بعد والوں کا

8076- ورواه أحمد رقم الحديث: 2381,2380,2254' قال في المجمع جلد 1 صفحه290' ورجال أحمد موثقون . ورواه الدارمي رقم الحديث: 658' وأبو داؤد رقم الحديث: 483 .

الْأَنْدَادَ الَّتِي كَانَتْ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا مِنْ دُونِهِ؟ قَالَ: اللَّهُمَّ، نَعَمْ .قَالَ: فَأَنْشُدُكَ بِاللَّهِ، إِلَهِكَ وَإِلَهِ مَنْ كَانَ قَبْلَكَ، وَإِلَهِ مَنْ هُوَ كَائِنٌ بَعْدَكَ، آللَّهُ أَمَرَكَ أَنْ تَأْمُرَنَا أَنْ نُصَلِّيَ هَذِهِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ؟ فَقَالَ: اللَّهُمَّ، نَعَمْ .ثُمَّ جَعَلَ يَذْكُرُ فَرَائِضَ الْإِسْلَامِ فَرِيضَةً فَرِيضَةً الزَّكَاةَ وَالصِّيَامَ الْحَجَّ وَشَرَائِعَ الْإِسْلَامِ، كُلُّهَا يُنَاشِدُهُ عِنْدَ كُلِّ فَرِيضَةٍ كَمَا نَاشَدَهُ فِي الَّتِي قَبْلَهَا حَتَّى إِذَا فَرَغَ قَالَ: فَإِنِّي أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، وَسَأُؤَدِّي هَذِهِ الْفَرَائِضَ، وَأَجْتَنِبُ مَا نَهَيْتَنِي عَنْهُ لَا أَزِيدُ عَلَيْهِ وَلَا أَنْقُصُ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى بَعِيرِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ صَدَقَ ذُو الْغَدِيرَتَيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

معبود اللہ ہے' اس نے تجھے حکم دیا کہ آپ حکم دیں کہ ہم یہ پانچ نمازیں پڑھیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! پھر اس نے اسلام کے فرائض کا ایک ایک کر کے نام لیا' زکوٰۃ' روزے' حج اور دیگر احکامِ اسلام' ہر ایک فریضہ کے ذکر کرتے وقت اس نے قسم دی جیسے اس نے پہلوں میں قسم دی' حتیٰ کہ جب فارغ ہوا تو کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں (ان شاء اللہ!) میں یہ فرائض ادا کروں گا' جن چیزوں سے آپ منع کرتے ہیں ان سے اجتناب کروں گا نہ اس پر زیادہ کروں گا اور نہ کمی۔ پھر وہ اپنے اونٹ کی طرف لوٹا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اگر اس کے دل میں سچ ہے تو دو مینڈھیوں والا جنتی ہے۔

8077- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ النَّيْسَابُورِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَا: ثنا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ سَعِيدٍ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَرْضِعًا فِيهِمْ، فَقَالَ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بنو سعد بن بکر کا ایک آدمی رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آیا جبکہ رسول کریم ﷺ اپنے صحابہ میں بیٹھ کر دودھ پی رہے تھے' اس نے کہا: اے عبدالمطلب کے بیٹے! آپ نے فرمایا: میں تجھے جواب دیتا ہوں' اس نے کہا: میں اپنی قوم کی طرف سے وفد لانے والا اور ان کا قاصد و ترجمان ہوں۔ آپ کا سوالی ہوں اور بڑی سختی سے سوال کیا کرتا ہوں' تجھے قسم دینے والا ہوں اور میرا آپ کو قسم دینا بھی سختی سے خالی نہیں ہے' مجھ پر ناراض نہ ہونا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے! اس نے کہا: آسمانوں' زمینوں' جنت اور د

يَا ابْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، قَالَ: قَدْ أَجَبْتُكَ. قَالَ: أَنَا وَافِدُ قَوْمِي وَرَسُولُهُمْ، وَأَنَا سَائِلُكَ وَمُشْتَدَّةٌ مَسْأَلَتِي إِيَّاكَ وَنَاشِدُكَ، فَمُشْتَدٌّ إِنْشَادِي إِيَّاكَ، فَلا تَجِدَنَّ عَلَيَّ، قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: أَخْبِرْنِي مِنْ خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ، قَالَ: اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ. قَالَ: نَشَدْتُكَ بِهِ أَهُوَ أَرْسَلَكَ بِمَا أَتَانَا كِتَابُكَ، وَأَتَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ نَشْهَدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنْ نَدَعَ اللَّاتَ وَالْعُزَّى؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: نَشَدْتُكَ بِهِ، أَهُوَ أَمَرَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: أَتَانَا كِتَابُكَ، وَأَتَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ نُصَلِّيَ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ خَمْسَ صَلَوَاتٍ، نَشَدْتُكَ بِهِ أَهُوَ أَمَرَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: أَتَانَا كِتَابُكَ، وَأَتَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ نَصُومَ فِي كُلِّ سَنَةٍ شَهْرًا نَشَدْتُكَ، أَهُوَ أَمَرَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: أَتَانَا كِتَابُكَ، وَأَتَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ نَحُجَّ إِلَيْهِ فِي ذِي الْحِجَّةِ نَشَدْتُكَ، أَهُوَ أَمَرَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: هَؤُلَاءِ خَمْسٌ، وَلَسْتُ أَزِيدُ عَلَيْهِنَّ، فَلَمَّا قَفَّا، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا إِنَّهُ إِنْ فَعَلَ الَّذِي قَالَ دَخَلَ الْجَنَّةَ

دوزخ کی تخلیق کے حوالے سے مجھے بتائیں (ان کا خالق کون ہے)' آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ میں تجھے قسم دیتا ہوں' کیا انہے تجھے دے کر بھیجا ہے' جو آپ کے خط کے ذریعے ہمیں پہنچا ہے اور ہمارے پاس آپ کے قاصد آئے کہ ہم گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور ہم لات وعزیٰ کو چھوڑ دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: میں آپ کو قسم دیتا ہوں اس کی کیا اسی نے آپ کو حکم دیا ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: ہمارے پاس آپ کا خط آیا اور آپ کے قاصد آئے کہ ہم ہر دن میں پانچ نمازیں پڑھیں' میں آپ کو قسم دیتا ہوں! کیا اسی نے آپ کو حکم دیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: آپ کا خط اور آپ کے قاصدوں نے آ کر ہمیں کہا کہ ہم ہر سال میں ایک ماہ کے روزے رکھیں' کیا اسی نے آپ کو حکم دیا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: آپ کا خط آیا اور آپ کے قاصد آئے کہ ہم ذی الحج کے مہینہ میں حج کریں' کیا اسی نے حکم دیا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: یہ پانچ ہیں' میں ان پر زیادہ نہ کروں گا' پس جب وہ واپس ہوا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اگر اس نے یہ کام کیے تو جنت میں داخل ہوگا۔

8078- حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَكِيعِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بنو سعد بن بکر قبیلہ سے ایک دیہاتی رسول کریم ﷺ کی بارگاہ

8078- ورواه في الأوسط (7-8 مجمع البحرين)' وكذا رواه الدارمي رقم الحديث: 657' قال في المجمع جلد 1 صفحه290' وفيه عطاء بن السائب وهو ثقة ولكنه اختلط .

غَزْوَانَ، ثنا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، وَمُوسَى أَبُو جَعْفَرٍ الْفَرَّاءُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ مِنْ بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا غُلَامَ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ. فَقَالَ: إِنِّي رَجُلٌ مِنْ أَخْوَالِكَ مِنْ بَنِي سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ، وَأَنَا رَسُولُ قَوْمِي إِلَيْكَ وَوَافِدُهُمْ، وَإِنِّي سَائِلُكَ فَمُشْتَدَّةٌ مَسْأَلَتِي إِيَّاكَ، وَمُنَاشِدُكَ فَمُشْتَدَّةٌ مُنَاشَدَتِي إِيَّاكَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دُونَكَ يَا أَخَا بَنِي سَعْدٍ. فَقَالَ: مَنْ خَلَقَكَ، وَمَنْ خَلَقَ مَنْ قَبْلَكَ، وَمَنْ هُوَ خَالِقُ مَنْ بَعْدَكَ؟ قَالَ: اللّٰهُ. قَالَ: فَنَشَدْتُكَ بِذَلِكَ، أَهُوَ أَرْسَلَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: أَخْبِرْنِي مَنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ السَّبْعَ، وَالْأَرَضِينَ السَّبْعَ، وَأَجْرَى بَيْنَهُمِ الرِّزْقَ؟ قَالَ: اللّٰهُ. قَالَ: فَنَشَدْتُكَ بِذَلِكَ، أَهُوَ أَرْسَلَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَإِنَّا قَدْ وَجَدْنَا فِي كِتَابِكَ، وَأَمَرَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ نُصَلِّيَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ خَمْسَ صَلَوَاتٍ لِمَوَاقِيتِهَا، فَنَشَدْتُكَ بِذَلِكَ أَهُوَ أَمَرَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَإِنَّا قَدْ وَجَدْنَا فِي كِتَابِكَ، وَأَمَرَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ نَصُومَ شَهْرَ رَمَضَانَ، فَنَشَدْتُكَ بِذَلِكَ، أَهُوَ أَمَرَكَ؟ قَالَ:

میں آیا' اس نے کہا: تیرے اوپر سلام! اے بنوعبدالمطلب کے نوجوان! تو نبی کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: اور تیرے اوپر بھی سلام۔ میں بنوسعد بکر سے تیرے ماموؤں سے ایک آدمی ہوں' میں اپنی قوم کی طرف سے آپ کی طرف قاصد اور ان کا وفد لانے والا بن کر آیا ہوں' میں آپ کا سوالی ہوں' میرا سوال آپ پر ذرا سخت ہوگا' میں قسم بھی دوں گا اور آپ کو میرا قسم دینا بھی سخت ہوگا' تو نبی کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: اے بنوسعد کے بھائی! شروع کرو۔ اس نے کہا: آپ کو' آپ سے پہلوں کو اور جو بعد میں ہوں گے ان کو کس نے پیدا کیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ نے! اس نے کہا: میں تجھے قسم دیتا ہوں' آپ کو اسی نے رسول بنایا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: مجھے بتائیں کہ سات آسمان' سات زمینیں کس نے پیدا کیں اور ان کو رزق جاری کیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ نے! اس نے کہا: ہم نے آپ کے خط میں پایا اور آپ کے قاصدوں نے بتایا کہ ہم رات دن میں پانچ نمازیں پڑھیں' ان کے اوقات میں کیا' اسی نے آپ کو حکم دیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: ہم نے آپ کے خط میں پایا اور آپ کے قاصدوں نے حکم دیا کہ ہم رمضان شریف کے روزے رکھیں' قسم سے آپ کو اسی نے حکم دیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: ہم نے آپ کے خط میں پایا اور آپ کے قاصدوں نے حکم دیا کہ آپ ہمارے مالوں سے لیں گے اور ہمارے غریبوں کو دیں گے' میں قسم دیتا

نَعَمْ .قَالَ: فَإِنَّا قَدْ وَجَدْنَا فِي كِتَابِكَ، وَأَمَرَتْنَا رُسُلُكَ أَنْ تَأْخُذَ مِنْ حَوَاشِي أَمْوَالِنَا، فَتَجْعَلَهُ فِي فُقَرَائِنَا، فَنَشَدْتُكَ بِذَلِكَ، أَهُوَ أَمَرَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ .قَالَ: أَمَّا الْخَامِسَةُ فَلَسْتُ سَائِلًا عَنْهَا، وَلَا أَرَبَ لِي فِيهَا -يَعْنِي الْفَوَاحِشَ -ثُمَّ قَالَ: أَمَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَأَعْمَلَنَّ بِهَا، وَمَنْ أَطَاعَنِي مِنْ قَوْمِي، ثُمَّ رَجَعَ فَضَحِكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، ثُمَّ قَالَ: لَئِنْ صَدَقَ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

ہوں کہ کیا آپ کو اسی نے حکم دیا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: ایک پانچویں بھی ہے اسکے بارے میں سوال نہیں کرتا اور نہ اس میں میری غرض ہے یعنی بُری باتیں اور بُرے کام۔ پھر کہا: وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے اس کی قسم! میں ان پر عمل کروں گا اور میری قوم میں سے جس نے میری بات مانی (وہ بھی عمل کرے گا) پھر وہ واپس ہوا تو نبی کریم ﷺ مسکرائے حتیٰ کہ آپ کی داڑھیں ظاہر ہوگئیں۔ پھر فرمایا: اگر اس نے سچ کہا ہے تو ضرور جنت میں داخل ہوگا۔

ایک دوسری سند سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک اعرابی رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا باقی اسی کی مثل ذکر کیا۔

ضُمَيْرَةُ بْنُ أَبِي ضُمَيْرَةَ مَوْلَى رَسُولِ اللهِ

رسول اللہ ﷺ کے غلام ضمیرہ بن ابوضمیرہ رضی اللہ عنہ

8079- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ ضُمَيْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، أَنْكِحْنِي فُلَانَةَ، قَالَ: مَا مَعَكَ تُصْدِقُهَا إِيَّاهُ وَتُعْطِيهَا؟ قَالَ: مَا مَعِي شَيْءٌ .قَالَ: لِمَنْ هَذَا

حضرت حسین بن عبداللہ بن ضمیرہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا فلانی سے ذکر کریں! آپ نے فرمایا: تمہارے پاس حق مہر دینے کے لیے کوئی شی ہے؟ اس نے عرض کی: میرے پاس کوئی شی نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: یہ انگوٹھی

الْخَاتَمُ؟ قَالَ: لِي .قَالَ: فَأَعْطِهَا إِيَّاهُ، وَأَنْكَحَهُ، وَأَنْكَحَ آخَرَ عَلَى سُورَةِ الْبَقَرَةِ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ شَيْءٌ"

کس کی ہے؟ اُس نے عرض کی: میری ہے! آپ ﷺ نے فرمایا: یہ ہی دے دو! آپ ﷺ نے اُس کا نکاح کروا دیا' دوسرا نکاح سورۂ بقرہ کو یاد کروانے پر کروا دیا' جس کے پاس کوئی شی نہیں تھی۔

8080- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ أَيُّوبَ الْأَهْوَازِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ضُمَيْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيرَنَا، وَلَمْ يَعْرِفْ حَقَّ كَبِيرِنَا، وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ غَشَّنَا، وَلَا يَكُونُ الْمُؤْمِنُ مُؤْمِنًا حَتَّى يُحِبَّ لِلْمُؤْمِنِينَ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

حضرت حسین بن عبداللہ بن ضمیرہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے جو ہمارے بچوں پر شفقت نہ کرے اور ہمارے بزرگوں کا حق نہ جانے اور اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے جو ہم سے دھوکہ کرے' مؤمن اس وقت ہوتا ہے جب دوسرے کے لیے وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

ضَمْرَةُ بْنُ ثَعْلَبَةَ السُّلَمِيُّ، ثُمَّ الْبَهْزِيُّ مِنْ أَخْبَارِهِ

حضرت ضمرہ بن ثعلبہ السلمی بہزی' آپ کی باتیں

8081- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَلَمَةَ الْخَبَائِرِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ سُلَيْمَانُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْبَهْزِيِّ، صَاحِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ كَانَ يَحْمِلُ فِي مُعَسْكَرِ الْعَدُوِّ حَتَّى يَخْرِقَ الصَّفَّ، ثُمَّ يَعُودُ حَتَّى يَقِفَ مَوْضِعَهُ

حضرت ضمرہ بن ثعلبہ صحابیٔ رسول ﷺ دشمن فوج پر حملہ کرتے تھے' صف کو چیر کر' پھر واپس آتے اور اپنی جگہ کھڑے ہو جاتے تھے۔

8080- قال في المجمع جلد10 صفحه16' وفيه حسين بن عبد الله بن ضميره كذاب .

مَا أَسْنَدَ ضَمْرَةُ بْنُ ثَعْلَبَةَ

حضرت ضمرہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

8082- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زَبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا جَدِّي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ، وَعَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَا: ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ سُلَيْمَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ، عَنِ ابْنِ ثَعْلَبَةَ أَنَّهُ أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ لِي بِالشَّهَادَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أُحَرِّمُ دَمَ ابْنِ ثَعْلَبَةَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ وَالْكُفَّارِ قَالَ: فَكُنْتُ أَحْمِلُ فِي عِظَمِ الْقَوْمِ فَيَتَرَاءَى لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُمْ، فَقَالُوا: يَا ابْنَ ثَعْلَبَةَ لَتَغْرِزُ وَتَحْمِلُ عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَرَاءَى لِي خَلْفَهُمْ، فَأَحْمِلُ عَلَيْهِمْ حَتَّى أَقِفَ عِنْدَهُ، ثُمَّ يَتَرَاءَى لِي عِنْدَ أَصْحَابِي، فَأَحْمِلُ حَتَّى أَكُونَ مَعَ أَصْحَابِي .قَالَ: فَعُمِّرَ زَمَانًا مِنْ دَهْرِهِ

حضرت ابن ثعلبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آئے اور عرض کی: میرے لیے اللہ سے شہادت کی دعا کریں۔ پس نبی کریم ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! ثعلبہ کا خون مشرکین اور کفار پر حرام کرتا ہوں۔ ثعلبہ کہتے ہیں: میں قوم کے بڑے لوگوں میں سوار ہوا کرتا تھا۔ پس نبی کریم ﷺ مجھے ان کے پیچھے دیکھتے تھے۔ صحابہ نے کہا: اے ابن ثعلبہ! قوم پر حملہ کرو۔ ثعلبہ نے جواب دیا: بے شک نبی کریم ﷺ مجھے ان کے پیچھے دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ پس میں ان پر حملہ کروں گا حتیٰ کہ آپ کے پاس جا کر کھڑا ہو جاؤں پھر آپ مجھے دیکھیں میرے دوستوں کے پاس۔ پس میں حملہ کروں حتیٰ کہ اپنے دوستوں کے ساتھ ہوں۔ راوی کا بیان ہے کہ وہ ایک لمبا زمانہ زندہ رہے۔

8083- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت ضمرہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ ہمیشہ بھلائی پر ہی رہیں گے

8082- قال في المجمع جلد9صفحه379' واسناده حسن .ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث:1378 .

8083- قال في المجمع جلد 8صفحه78' ورجاله ثقات . ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث: 1642' ورواه ابن السكن وابن شاهين' وقال ابن منده: غريب .

الدِّمَشْقِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ ضَمْضَمِ بْنِ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي بَحْرِيَّةَ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا لَمْ يَتَحَاسَدُوا

جب تک آپس میں حسد نہیں کریں گے۔

8084- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَلَمَةَ الْخَبَائِرِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا أَبُو سَلَمَةَ سُلَيْمَانُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَابِرٍ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ أَنَّهُ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ، حُلَّتَانِ مِنْ حُلَلِ الْيَمَنِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَرَى ثَوْبَيْكَ هَذَيْنِ مُدْخِلَيْكَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِ اسْتَغْفَرْتَ لِي لَا أَقْعُدُ حَتَّى أَنْزِعَهُمَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِضَمْرَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ فَانْطَلَقَ مُسْرِعًا حَتَّى نَزَعَهُمَا

حضرت ضمرہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پاس آئے' اُنہوں نے یمن کے حُلّوں میں سے دو حُلّے پہنے ہوئے تھے' حضور ﷺ نے فرمایا: تمہاری کیا رائے ہے کہ تم کو یہ دونوں عمدہ لباس جنت میں داخل کروا لیں گے؟ عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر آپ میرے لیے بخشش طلب کریں' میں بیٹھوں گا نہیں جب تک ان کو اُتار نہ دوں گا۔ پس نبی کریم ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! ضمرہ بن ثعلبہ کی مغفرت فرما۔ پس وہ جلدی جلدی گئے اور انہیں اتار دیا۔

بَابُ الطَّاءِ

مَنِ اسْمُهُ طَلْحَةُ

طَلْحَةُ بْنُ مَالِكٍ يُقَالُ اللَّيْثِيُّ، وَيُقَالُ الْخُزَاعِيُّ

باب الطاء

جن کا نام طلحہ ہے

طلحہ بن مالک رضی اللہ عنہ' انہیں لیثی اور خزاعی بھی کہا جاتا ہے

8085- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ

حضرت محمد بن رزین فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد

8084- قال في المجمع جلد5صفحه136' رواه أحمد جلد4صفحه338-339' ورجاله ثقات الا أن بقية مدلس . ورواه البغوي .

الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي رَزِينٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمِّي، قَالَتْ: كَانَتْ أُمُّ الْحَرِيرِ إِذَا مَاتَ الرَّجُلُ مِنَ الْعَرَبِ اشْتَدَّ عَلَيْهَا، فَقِيلَ لَهَا: أُمَّ الْحَرِيرِ، مَا لَنَا نَرَاكِ إِذَا مَاتَ الرَّجُلُ مِنَ الْعَرَبِ اشْتَدَّ عَلَيْكِ؟ قَالَتْ: سَمِعْتُ مَوْلَايَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مِنِ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ هَلَاكُ الْعَرَبِ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي رَزِينٍ: وَكَانَ مَوْلَاهَا طَلْحَةُ بْنُ مَالِكٍ

نے بتایا کہ عرب سے کوئی آدمی مرے گا تو ان پر سختی ہوگی' حضرت اُم حریر سے عرض کی گئی: ہم نہیں دیکھتے ہیں کہ عرب سے کوئی آدمی مرا ہوا اور آپ پر سختی کی گئی ہو؟ اُنہوں نے جواب دیا: میں نے اپنے آقا سے سنا' اس نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے قریب ہونے کی نشانی عربوں کی ہلاکت ہے۔ حضرت محمد بن ابورزین فرماتے ہیں: ان کے آقا طلحہ بن مالک تھے۔

طَلْحَةُ بْنُ عَمْرٍو النَّصْرِيُّ

حضرت طلحہ بن عمرو نصری رضی اللہ عنہ

8086- حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ أَشْكِيبَ الْكُوفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، كِلَاهُمَا عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ إِذَا قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَكُنْ لَهُ بِالْمَدِينَةِ

حضرت طلحہ بن عمرو فرماتے ہیں: ایسا آدمی جب رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آتا' جسکا جاننے والا مدینہ میں کوئی نہ ہوتا' جس کے پاس وہ اُترے تو وہ اصحاب صفہ کے ساتھ ہی رہتا' لیکن (جب میں مدینے آیا تو) میرے دوست مدینہ میں تھے۔ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ سے ہمارے لیے ہر روز دو آدمیوں کے درمیان دو مُد کھجور کے جاری ہوتے تھے۔ اسی دوران کہ رسول کریم ﷺ کسی نماز میں تھے' آپ کے صحابہ میں ایک نداء دینے والے

8086- قال في المجمع جلد 10 صفحه 322-323 رواه الطبراني في البزار بنحوه ورجال البزار رجال الصحيح غير محمد بن عثمان العقيلي وهو ثقة . ورواه أحمد جلد 3 صفحه 487' وابن حبان رقم الحديث: 2539' والفسوي في المعرفة والتاريخ جلد 1 صفحه 277-278' وأبو نعيم في الحلية جلد 1 صفحه 374-375 .

عَرِيفٌ يَنْزِلُ عَلَيْهِ نَزَلَ مَعَ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ، وَكَانَ لِي بِهَا قُرَنَاءُ، وَكَانَ يَجْرِي عَلَيْنَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ يَوْمٍ بَيْنَ اثْنَيْنِ مُدَّانِ مِنْ تَمْرٍ، فَبَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ الصَّلَوَاتِ إِذَا نَادَاهُ مُنَادٍ مِنْ أَصْحَابِهِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَحْرَقَ التَّمْرُ بُطُونَنَا، وَتَحَرَّقَتْ عَنَّا الْحُنُفُ، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ، قَامَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ ذَكَرَ مَا لَقِيَ مِنْ قَوْمِهِ مِنَ الشِّدَّةِ قَالَ: فَكُنْتُ أَنَا وَصَاحِبِيَّ بِضْعَةَ عَشَرَ يَوْمًا مَا لَنَا طَعَامٌ إِلَّا الْبَرِيرُ حَتَّى قَدِمْنَا عَلَى إِخْوَانِنَا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَوَاسَوْنَا فِي طَعَامِهِمْ، وَعِظَمُ طَعَامِهِمِ التَّمْرُ، وَالَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ، لَوْ أَجِدُ لَكُمِ الْخُبْزَ وَاللَّحْمَ لَأَطْعَمْتُكُمُوهُ، وَإِنَّهُ لَعَلَّهُ أَنْ تُدْرِكُوا زَمَانًا أَوْ مَنْ أَدْرَكَهُ مِنْكُمْ يَلْبَسُونَ فِيهِ مِثْلَ سِتَارِ الْكَعْبَةِ، يُغْدَى عَلَيْكُمْ، وَيُرَاحُ فِيهِ بِالْجِفَانِ

پکارا: اے اللہ کے رسول! کھجور نے تو ہمارے پیٹوں کو جلا دیا ہے اور ہم سے ہلاکت کی آگ بھڑک اُٹھی۔ جب نماز نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکمل کی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے اللہ کی حمد و ثناء کی پھر قوم کی طرف سے جو تکلیفیں آئیں ان کا ذکر کیا۔ فرمایا: میں اور میرے ساتھی دس سے زیادہ دن اس طرح رہے کہ ہمارے پاس جھاؤ کے پھل کے علاوہ کھانا نہیں تھا حتیٰ کہ ہم انصاری بھائیوں کے پاس آئے ان لوگوں نے اپنے کھانے میں ہمیں شریک کر کے غمگساری کی اور ان کے کھانے میں سے بڑا کھانا یہی خشک کھجور ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اگر میں تمہارے لیے روٹی اور گوشت پاتا تو میں تمہیں ضرور کھلاتا ممکن ہے تم وہ زمانہ پاؤ جو تم میں سے اسے پائے جس میں غلافِ کعبہ جیسے لباس پہنیں گے صبح کا کھانا الگ دیا جائے گا اور شام کے کھانے بڑے بڑے لکڑی کے پیالوں میں۔

حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، انا خَالِدٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ طَلْحَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کی ہے۔

طَلْحَةُ بْنُ مُعَاوِيَةَ السُّلَمِيُّ

حضرت طلحہ بن معاویہ السلمی رضی اللہ عنہ

8087- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو

حضرت محمد بن طلحہ بن معاویہ السلمی اپنے والد سے

8087- قال في المجمع جلد8صفحه138 رواه الطبراني عن ابن اسحاق وهو مدلس عن محمد بن طلحة ولم أعرفه وبقية

بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ السُّلَمِيِّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي أُرِيدُ الْجِهَادَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، قَالَ: أُمُّكَ حَيَّةٌ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْزَمْ رِجْلَهَا فَثَمَّ الْجَنَّةُ

روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں' آپ نے فرمایا: تیری ماں زندہ ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! حضورﷺ نے فرمایا: ان کی خدمت کر' تیرے لیے جنت ہے۔

طَلْحَةُ بْنُ الْبَرَاءِ

حضرت طلحہ بن براء رضی اللہ عنہ

8088- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ، عَنْ أَبِي مِسْكِينٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ الْبَرَاءِ، أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ابْسُطْ يَدَكَ، قَالَ: وَإِنْ أَمَرْتُكَ بِقَطِيعَةِ وَالِدَتِكَ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: ثُمَّ عُدْتُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: ابْسُطْ يَدَكَ أُبَايِعْكَ. قَالَ: عَلَامَ؟ قُلْتُ: عَلَى الْإِسْلَامِ. قَالَ: وَإِنْ أَمَرْتُكَ بِقَطِيعَةِ وَالِدَتِكَ؟ قُلْتُ: لَا، ثُمَّ عُدْتُ إِلَيْهِ الثَّالِثَةَ، وَكَانَ لَهُ وَالِدَةٌ، وَكَانَ مِنْ أَبَرِّ النَّاسِ بِهَا، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ

حضرت طلحہ بن براء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ آئے اور حضورﷺ کی خدمت میں عرض کی: اپنا ہاتھ پھیلائیں! آپ نے فرمایا: اگرچہ میں تجھے تیری ماں سے بائیکاٹ کا حکم دوں! اس نے عرض کی: جی نہیں! کہتے ہیں: میں نے اپنی بات دُہرائی' میں نے عرض کی: اپنا ہاتھ پھیلائیں تاکہ میں بیعت کروں۔ فرمایا: کس پر بیعت کرے گا؟ میں نے عرض کی: اسلام پر! فرمایا: اگرچہ میں تجھے تیری ماں سے بائیکاٹ کا حکم دوں! میں نے عرض کی: جی نہیں! پھر میں نے تیسری بار عرض کی جبکہ ان کی والدہ تھیں اور وہ اپنی ماں کے ساتھ سب لوگوں سے زیادہ نیک سلوک کرنے والے تھے' تو نبی کریمﷺ نے فرمایا: اے

رجاله رجال الصحيح . وقال الحافظ في الاصابة جلد 1 صفحه 448' وهو غلط نشأ عن تصحيف وقلب والصواب عن محمد بن طلحة عن معاوية بن جاهمة عن أبيه فصحف عن فصارت ابن' وقدم قوله عن أبيه فصحف عن فصارت ابن' وقدم قوله أبيه فصحف عن فصارت ابن' وقدم قوله عن أبيه فخرى منه أن لطلحة صحبة ليس كذلك بل ليس بينه وبين معاوية بن جاهمة نسب الخ .

8088- قال في المجمع جلد9 صفحه 365 رواه الطبراني مرسلًا وعبد ربه بن صالح لم أعرفه وبقية رجال وثقوا .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا طَلْحَةُ إِنَّهُ لَيْسَ فِي دِينِنَا قَطِيعَةُ الرَّحِمِ، وَلَكِنْ أَحْبَبْتُ أَنْ لَا يَكُونَ فِي دِينِكَ رِيبَةٌ فَأَسْلَمَ فَحَسُنَ إِسْلَامُهُ، ثُمَّ إِنَّهُ مَرِضَ، فَعَادَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدَهُ مُغْمًى عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَظُنُّ طَلْحَةَ إِلَّا مَقْبُوضًا مِنْ لَيْلَتِهِ، فَإِنْ أَفَاقَ فَأَرْسِلُوا إِلَيَّ. فَأَفَاقَ طَلْحَةُ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ، فَقَالَ: مَا عَادَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالُوا: بَلَى. فَأَخْبَرُوهُ بِمَا قَالَ، فَقَالَ: لَا تُرْسِلُوا إِلَيْهِ فِي هَذِهِ السَّاعَةِ فَتَلْسَعَهُ دَابَّةٌ، أَوْ يُصِيبَهُ شَيْءٌ، وَلَكِنْ إِذَا أَصْبَحْتُمْ فَأَقْرِئُوهُ مِنِّي السَّلَامَ، وَقُولُوا لَهُ فَلْيَسْتَغْفِرْ لِي، ثُمَّ قُبِضَ، فَلَمَّا صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ سَأَلَ عَنْهُ فَأَخْبَرُوهُ بِمَوْتِهِ وَمَا قَالَ، فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ الْقَهُ وَهُوَ يَضْحَكُ إِلَيْكَ، وَأَنْتَ تَضْحَكُ إِلَيْهِ

طلحہ! ہمارے دین میں بائیکاٹ کا تصور نہیں ہے بلکہ میں نے چاہا کہ تیرے دین میں شک وشبہ نہ ہو پس اُنہوں نے اسلام قبول کیا اور اپنے اسلام کو خوبصورت بنایا' پھر وہ بیمار ہوئے تو نبی کریم ﷺ ان کی بیمار پرسی کیلئے تشریف لے گئے' پس ان کو بے ہوش پایا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مجھے تو لگتا ہے کہ طلحہ آج رات ہی دنیا سے چل بسے گا' پس اگر ان کو افاقہ ہو تو میری طرف پیغام بھیجنا' جب رات کا درمیان آیا تو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو افاقہ ہوا' اُنہوں نے کہا: کیا رسول کریم ﷺ میری عیادت کو نہیں آئے؟ ساتھیوں نے بتایا: کیوں نہیں! پس اُنہوں نے اس بات کی بھی خبر دی جو آپ ﷺ نے فرمائی۔ کہا: اس وقت آپ ﷺ کی طرف پیغام نہ بھیجو' کوئی کیڑا مکوڑا انہیں ڈس نہ دے یا کوئی اور تکلیف پہنچے بلکہ جب صبح ہو تو آپ ﷺ کو میری طرف سے سلام کہنا اور عرض کرنا کہ میرے لیے مغفرت کی دعا فرمائیں' پھر ان کا وصال ہوگیا۔ پس نبی کریم ﷺ نے جب صبح کی نماز پڑھی تو ان کے بارے سوال کیا تو صحابہ نے ان کے وصال کی خبر دی اور جو اس نے کہا۔ پس رسول کریم ﷺ نے اپنے ہاتھ اُٹھا دیئے۔ پھر کہا: اے اللہ! وہ تجھ سے اس حال میں ملے کہ وہ ہنس رہا ہو اور تُو سے دیکھ کر ہنس رہا ہو۔

طَلْحَةُ بْنُ دَاوُدَ

حضرت طلحہ بن داؤد رضی اللہ عنہ

8089- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت طلحہ بن داؤد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

8089- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13987. قال في المجمع جلد 10 صفحه 50' وفيه عنبسة مولى طلحة بن داؤد ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات.

الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَنْبَسَةُ، مَوْلَى طَلْحَةَ بْنِ دَاوُدَ أَنَّهُ سَمِعَ طَلْحَةَ بْنَ دَاوُدَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ: نِعْمَ الْمُرْضِعُونَ أَهْلُ عُمَانَ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عمان والے دودھ پلانے والوں میں اچھے ہیں۔

مَنِ اسْمُهُ طَارِقٌ

جن کا نام طارق ہے

طَارِقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْمُحَارِبِيُّ

طارق بن عبداللہ المحاربی رضی اللہ عنہ

8090- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثنا الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْمُحَارِبِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا صَلَّيْتَ، فَلَا تَبْصُقَنَّ بَيْنَ يَدَيْكَ، وَلَا عَنْ يَمِينِكَ، وَابْصُقْ تِلْقَاءَ شِمَالِكَ، إِنْ كَانَ فَارِغًا وَإِلَّا فَتَحْتَ قَدَمِكَ وَأَشَارَ بِرِجْلِهِ فَفَحَصَ الْأَرْضَ

حضرت طارق بن عبداللہ المحاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تُو نماز پڑھے تو اپنے آگے اور اپنی دائیں جانب نہ تھوک' اپنی بائیں جانب تھوک' اگر تو فارغ ہو ورنہ اپنے پاؤں کے نیچے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے پاؤں کے ساتھ اشارہ کیا' زمین پر ملا۔

8091- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْمُحَارِبِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا كُنْتَ فِي صَلَاةٍ، فَلَا تَبْصُقْ تُجَاهَ وَجْهِكَ، وَلَا

حضرت طارق بن عبداللہ المحاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تُو نماز میں ہو تو اپنے آگے اور اپنی دائیں جانب نہ تھوک' اپنی بائیں جانب تھوک' اگر تو فارغ ہو ورنہ اپنے پاؤں کے نیچے۔

8090- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 1688' والبيهقي جلد 2صفحه292' وأحمد جلد 6صفحه396' وأبو داؤد رقم الحديث: 474' والترمذي رقم الحديث: 568 . وقال: حسن صحيح . والنسائي جلد2صفحه52' وابن ماجه رقم الحديث: 1021' وابن خزيمة رقم الحديث: 877,876 .

عَنْ يَمِينِكَ، وَلَكِنْ عَنْ يَسَارِكَ إِنْ كَانَ فَارِغًا وَإِلَّا فَتَحْتَ قَدَمِكَ

8479- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أُعْطِيَ يُوسُفُ، وَأُمُّهُ ثُلُثَيِ الْحُسْنِ، حُسْنَ النَّاسِ فِي الْوَجْهِ وَالْبَيَاضِ وَغَيْرَ ذَلِكَ، وَكَانَتِ الْمَرْأَةُ إِذَا أَتَتْهُ غَطَّى وَجْهَهُ مَخَافَةَ أَنْ تُفْتَتَنَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت یوسف علیہ السلام اور اُن کی والدہ کو دو تہائی حصہ حسن دیا گیا تھا' جیسے لوگوں کا حسن چہرے میں ہوتا ہے اور سفیدی وغیرہ اور عورت جب آئے تو چہرہ ڈھانپ کر آئے اس ڈر سے کہ اس کی وجہ سے فتنہ نہ ہو۔

8480- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بِحَسْبِ الْمُؤْمِنِ الْكَذِبُ أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مؤمن کے جھوٹا ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ سنی سنائی بات بیان کرے۔

8481- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا دَعَوْتَ الرَّجُلَ فَقَدْ أَذِنْتَ لَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب تُو کسی آدمی کو دعوت دے تو اس کو اجازت بھی دے (یعنی گھر میں داخل ہونے کی)۔

8482- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مؤمن

8478- قال في المجمع جلد8صفحه203' والظاهر انه وهم - اى لفظ ثلث .

8479- قال في المجمع جلد8صفحه203' ورجاله رجال الصحيح .

8481- قال في المجمع جلد8صفحه46' ورجاله رجال الصحيح .

8482- قال في المجمع جلد8صفحه65 رواه الطبراني باسنادين رجال أحدهما رجال الصحيح .

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: آلَمُ شَيْءٍ فِي الْمُؤْمِنِ الْفُحْشُ

میں تکلیف دہ شی بے حیائی ہے۔

8483- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَلَأَمُ أَخْلَاقِ الْمُؤْمِنِ الْفُحْشُ.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مؤمن میں تکلیف دہ شی بے حیائی ہے۔

8484- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَخْرُجُ وَمَعَهُ دِينُهُ، فَيَرْجِعُ وَمَا مَعَهُ مِنْهُ شَيْءٌ، يَأْتِي الرَّجُلَ لَا يَمْلِكُ لَهُ، وَلَا لِنَفْسِهِ نَفْعًا وَلَا ضَرًّا، فَيُقْسِمُ لَهُ بِاللّٰهِ إِنَّكَ كَذَبْتَ وَأَذْنَبْتَ فَيَرْجِعُ مَا حُلِّيَ مِنْ حَاجَتِهِ بِشَيْءٍ، وَقَدْ أَسْخَطَ اللّٰهَ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک آدمی اس حال میں نکلتا ہے کہ اس کے ساتھ اس کا دین ہوتا ہے وہ واپس لوٹتا ہے تو دین جیسی کوئی چیز نہیں ہوتی وہ ایک ایسے آدمی کے پاس آتا ہے جو اس کیلئے اور نہ اپنی ذات کیلئے کسی نفع ونقصان کا مالک ہوتا ہے پس وہ اسے قسم اُٹھا کر کہتا ہے: بے شک تُو نے جھوٹ بولا اور گناہ کیا' پس وہ لوٹتا ہے کہ اس کی ضرورت پوری نہیں ہوئی ہوتی ہے اور اللہ اس پر ناراض ہوتا ہے۔

حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، نَحْوَهُ

ایک دوسری سند سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی جیسی حدیث روایت ہے۔

8485- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: جَاءَ عِتْرِيسُ بْنُ

حضرت طارق بن شہاب فرماتے ہیں: حضرت عتریس بن عرقوب شیبانی' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو آپ نے فرمایا: ہلاک ہوا وہ جس نے نیکی کا

8484- قال فی المجمع جلد8صفحه118 رواه الطبرانی باسانید ورجال احدهما رجال الصحیح .

8485- قال فی المجمع جلد7صفحه275' ورجاله رجال الصحیح .

عُرْقُوبِ الشَّيْبَانِيُّ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: هَلَكَ مَنْ لَمْ يَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ، فَقَالَ: بَلْ هَلَكَ مَنْ لَمْ يَعْرِفْ قَلْبُهُ الْمَعْرُوفَ وَيُنْكِرْ قَلْبُهُ الْمُنْكَرَ

حکم نہ دیا اور بُرائی سے منع نہ کیا۔ فرمایا: بلکہ ہلاک ہوا وہ بھی جس کے دل نے نیکی کو نہ پہچانا اور اس کے دل نے بُرائی سے انکار نہ کیا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَهُ

ایک دوسری سند کے ساتھ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اس جیسی حدیث روایت ہے۔

8486- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ الْأَوْدِيِّ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَنْ أَرَادَ الْآخِرَةَ أَضَرَّ بِالدُّنْيَا، وَمَنْ أَرَادَ الدُّنْيَا أَضَرَّ بِالْآخِرَةِ، وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَضُرُّوا بِالْفَانِي لِلْبَاقِي، وَقَالَ: إِنَّكُمْ فِي زَمَانٍ كَثِيرٌ عُلَمَاؤُهُ قَلِيلٌ خُطَبَاؤُهُ، وَكَثِيرٌ مُعْطُوهُ قَلِيلٌ سُؤَّالُهُ، فَأَطِيلُوا الصَّلَاةَ وَاقْصُرُوا الْخُطْبَةَ، وَإِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا، وَإِنَّ مِنْ بَعْدِكُمْ زَمَانًا كَثِيرٌ خُطَبَاؤُهُ قَلِيلٌ عُلَمَاؤُهُ، كَثِيرٌ سُؤَّالُهُ قَلِيلٌ مُعْطُوهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس نے آخرت کو مراد بنایا' اسے دنیوی اور جس نے دنیا کو مراد بنایا اسے دینی واُخروی نقصان برداشت کرنا ہوگا اور لوگوں کو حکم دیا کہ وہ باقی کے لیے فانی کا نقصان برداشت کر لیا کریں۔ اور فرمایا: تم اس زمانے میں ہو کہ علماء زیادہ لیکن خطباء قلیل ہیں' عطاء کرنے والے زیادہ' جبکہ سوال کرنے والے تھوڑے ہیں' نماز لمبی اور خطبہ مختصر کرو' بیان میں بھی جادو ہوتا ہے' تمہارے بعد زمانہ آئے گا کہ خطبہ زیادہ' علماء کم اور سوال کرنے والے زیادہ' دینے والے کم ہوں گے۔

8487- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِبَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْأَحْوَصِ، وَأَبَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تم ایسے زمانہ میں ہو جس میں نماز لمبی' خطبہ مختصر' علماء زیادہ اور خطباء کم ہیں' عنقریب وہ زمانہ آنے والا ہے جس میں نماز مختصر'

8486- قال في المجمع جلد10 صفحه249' رواه الطبراني باسنادين ورجال أحدهما رجال الصحيح عن (أبي) قيس .

8487- قال في المجمع جلد7 صفحه285' ورجاله رجال الصحيح . ورواه البخاري في الأدب المفرد رقم الحديث: 789 من طريق آخر عن ابن مسعود .

الْكِنْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: إِنَّكُمْ فِي زَمَانٍ الصَّلَاةُ فِيهِ طَوِيلَةٌ وَالْخُطْبَةُ فِيهِ قَصِيرَةٌ، وَعُلَمَاؤُهُ كَثِيرٌ وَخُطَبَاؤُهُ قَلِيلٌ، وَسَيَأْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ الصَّلَاةُ فِيهِ قَصِيرَةٌ وَالْخُطْبَةُ فِيهِ طَوِيلَةٌ، خُطَبَاؤُهُ كَثِيرٌ وَعُلَمَاؤُهُ قَلِيلٌ يُؤَخِّرُونَ الصَّلَاةَ صَلَاةَ الْعِشَاءِ إِلَى شَرْقِ الْمَوْتَى فَمَنْ أَدْرَكَ ذَلِكَ مِنْكُمْ فَلْيُصَلِّ الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، وَلْيَجْعَلْهَا مَعَهُمْ تَطَوُّعًا، إِنَّكُمْ فِي زَمَانٍ يُغْبَطُ الرَّجُلُ فِيهِ عَلَى كَثْرَةِ مَالِهِ وَكَثْرَةِ عِيَالِهِ، وَسَيَأْتِي عَلَيْكُمْ زَمَانٌ يُغْبَطُ الرَّجُلُ فِيهِ عَلَى قِلَّةِ عِيَالِهِ وَخِفَّةِ حَاذِهِ، مَا أَدَعُ بَعْدِي فِي أَهْلِي أَحَبَّ إِلَيَّ مَوْتًا مِنْهُمْ، وَلَا أَهْلَ بَيْتٍ مِنَ الْجِعْلَانِ، وَإِنِّي لَأُحِبُّهُمْ كَمَا يُحِبُّونَ أَهْلِيكُمْ

خطبہ لمبا' خطباء زیادہ' علماء تھوڑے' عشاء کی نماز کو شرق موتی تک مؤخر کریں گے۔ پس تم میں سے جو اسے پائے وہ اپنی نماز وقت پہ پڑھے اور ان کے ساتھ نفل پڑھ لے۔ تم جس زمانے میں ہو اس میں آدمی پر کثرتِ مال وعیال کی وجہ سے رشک کیا جاتا ہے' عنقریب زمانہ آ رہا ہے جس کے عیال اور دشمن کم ہوں گے اس پر رشک کیا جائے گا' میں اپنے بعد اپنے اہل میں اپنی پسندیدہ چیز ان کی موت کو چھوڑتا ہوں اور کیڑے مکوڑوں کے اہل بیت نہیں ہیں' اور میں بھی اپنے گھر والوں سے اسی طرح محبت کرتا ہوں جس طرح تم لوگ اپنے گھر والوں سے محبت کرتے ہو۔

8488- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: رَأَى عَبْدُ اللّٰهِ صِبْيَانًا مِنْ وَلَدِهِ يَلْعَبُونَ قُدَّامَهُ، فَقَالَ: هَؤُلَاءِ أَهْوَنُ عَلَيَّ مِنْ عِدَّتِهِمْ مِنَ الْجِعْلَانِ

حضرت قیس فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنے بچوں میں سے بچوں کو اپنے آگے کھیلتے ہوئے دیکھا' آپ نے فرمایا: یہ مجھ سے زیادہ آسان ہے کیڑے مکوڑوں کی گنتی سے۔

8489- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ وَائِلِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: عَدَلَتْ شَهَادَةُ الزُّورِ الشِّرْكَ بِاللّٰهِ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جھوٹی گواہی' اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے کے برابر ہے' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''جھوٹی بات سے پرہیز کرو''۔

8488- قال في المجمع جلد3صفحه10' ورجاله رجال الصحيح .

8489- قال في المجمع جلد4صفحه201' واسناده حسن . قلت: انظر ما بعده .

وَقَرَأَ: (وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ) (الحج:30)

8490- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ وَائِلِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَا حَالٌ أَحَبُّ إِلَى اللَّهِ أَنْ يَجِدَ الْعَبْدَ فِيهِ مِنْ أَنْ يَجِدَهُ عَافِرًا وَجْهَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کوئی حالت اللہ کے ہاں زیادہ پسندیدہ نہیں ہے سوائے اس کے کہ وہ بندہ کو اس حالت میں پائے کہ اس نے اپنے چہرے کو روک کر بارگاہِ الٰہی میں جھکایا ہوا ہو۔

8491- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ قَتَادَةَ الْمُحَارِبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّ الصَّدَقَةَ تَقَعُ فِي يَدِ اللَّهِ قَبْلَ أَنْ تَقَعَ فِي يَدِ السَّائِلِ، ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللَّهِ: (وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ) (الشورى: 25) الْآيَةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بیشک صدقہ سائل کے ہاتھ میں جانے سے پہلے اللہ کے ہاتھ میں جاتا ہے پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی: "اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے"۔

8492- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، كِلَاهُمَا، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي مَاجِدٍ الْحَنَفِيِّ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ بِابْنِ أَخٍ لَهُ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ سَكْرَانَ، فَقَالَ:

حضرت ابو ماجد حنفی فرماتے ہیں: ایک آدمی اپنے مدہوش بھتیجے کو لے کر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا عرض کی: میں نے اس کو نشے کی حالت میں پایا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسے جلدی جلدی بلاؤ! اس سے ترش روئی سے پیش آؤ اور اس کے منہ کی بُو سونگھو۔ راوی کا بیان ہے: جلدی جلدی ترش روئی سے پیش آ کر

8490- قال في المجمع جلد2صفحه250' وفيه عاصم ابن ابى النجود وفيه كلام .

8491- قال في المجمع جلد3صفحه111' وفيه عبد الله بن قتادة المحاربى ولم يضعفه أحد وبقية رجاله ثقات .

8492- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 13519' وأحمد رقم الحديث: 4169,4168,3977,3711' والحميدى رقم الحديث: 89' والبيهقي جلد 8صفحه331,326' والحاكم جلد 4صفحه382-383' وأبو يعلى جلد 1صفحه239' وقال الحاكم: صحيح ولم يخرجاه . قال في المجمع جلد6صفحه276,275' وأبو ماجد الحنفى ضعيف .

إِنِّي وَجَدْتُ هَذَا سَكْرَانَ، قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: تَرْتِرُوهُ، وَمَزْمِزُوهُ، وَاسْتَنْكِهُوهُ، قَالَ: فَتُرْتِرَ، وَمُزْمِزَ، وَاسْتُنْكِهَ، فَوُجِدَ مِنْهُ رِيحُ الشَّرَابِ فَأَمَرَ بِهِ عَبْدُ اللَّهِ إِلَى السِّجْنِ، ثُمَّ أَخْرَجَهُ مِنَ الْغَدِ، ثُمَّ أَمَرَ بِسَوْطٍ فَدُقَّتْ ثَمَرَتُهُ حَتَّى أَخْنَتْ لَهُ مِخْفَقَةً، ثُمَّ قَالَ لِلْجَلَّادِ: اجْلِدْ وَأَرْجِعْ يَدَكَ، وَأَعْطِ كُلَّ ذِي عُضْوٍ حَقَّهُ، فَضَرَبَهُ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ وَجَعَلَهُ فِي قُبَاءٍ وَسَرَاوِيلَ - أَوْ قَمِيصٍ وَسَرَاوِيلَ، ثُمَّ قَالَ: بِئْسَ لَعَمْرُ اللَّهِ وَالِي التَّيْمِ، مَا أَدَّبْتُ فَأَحْسَنْتُ الْأَدَبَ، وَلَا سَتَرْتُ الْخِزْيَةَ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِنَّهُ ابْنُ أَخِي، أَجِدُ لَهُ مِنَ اللَّوْعَةِ مَا أَجِدُ لِوَلَدِي، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُحِبُّ الْعَفْوَ، وَلَا يَنْبَغِي لِوَالٍ أَنْ يُؤْتَى بِحَدٍّ إِلَّا أَقَامَهُ

8493- ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَوَّلَ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ قُطِعَ مِنَ الْأَنْصَارِ -أَوْ فِي الْأَنْصَارِ- فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذَا سَرَقَ فَكَأَنَّمَا سُفَّ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّمَادُ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ: شَقَّ عَلَيْكَ؟ قَالَ: وَمَا يَسَعُنِي وَأَنْتُمْ أَعْوَانُ الشَّيْطَانِ عَلَى صَاحِبِكُمْ فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ عَفُوٌّ يُحِبُّ الْعَفْوَ، وَلَا يَنْبَغِي لِوَالٍ أَنْ يُؤْتَى بِحَدٍّ إِلَّا أَقَامَهُ، ثُمَّ قَرَأَ: (وَلْيَعْفُوا

اس کے منہ سے شراب کی بُو پائی گئی۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے جیل میں بند کرنے کا حکم دیا پھر دوسرے دن نکلوا کر کوڑے مارنے کا حکم دیا' اس کے کوڑے کی گرہ کو کچل لیا گیا یہاں تک کہ وہ پھڑ کتے ہوئے' اس کیلئے مُڑ گئی۔ پھر جلاد سے فرمایا: کوڑے مار! اپنے ہاتھ واپس کر' ہر عضو والے کو اس کا حق دے۔ پس اس نے اسے ضربیں لگائیں' اسے قباء اور پاجامہ یا قمیص اور شلوار پہنائی' پھر فرمایا: اللہ کی قسم! کتنا بُرا ہے' اب بنوتیم کے حوالے میں نے جو ادب سکھایا ہے خوب سکھایا ہے' میں نے اس کی رسوائی کو نہیں چھپایا ہے۔ اس نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! یہ میرا بھتیجا ہے' مجھے اس سے اپنے بیٹوں سے بھی زیادہ محبت ہے۔ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک اللہ معافی کو پسند کرتا ہے کسی ولی کو حد لگوانے کیلئے اپنا عزیز پیش نہ کرنا چاہیے۔

پھر حدیث بیان کرنے لگے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک مسلمانوں میں سے سب سے پہلے جس کے ہاتھ کاٹے گئے وہ انصار سے تھے۔ عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! اس نے چوری کی ہے۔ تو ایسا لگا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرے پر راکھ ڈال دی گئی ہے۔ بعض نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ بات آپ پر گراں گزری ہے؟ فرمایا: میرے لیے گنجائش نہیں رہتی کیونکہ تم خود اپنے ساتھی کے خلاف شیطان کے ساتھی بن کر آ جاتے ہو۔ فرمایا: اللہ معاف کرنے والا ہے اور معافی کو پسند کرتا ہے' کسی متولی کو نہیں چاہیے کہ وہ اپنے کسی عزیز کو

وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ) (النور:22) وَاللَّفْظُ لِأَبِي نُعَيْمٍ

اس پر حد قائم کرنے کیلئے لائے' پھر یہ آیت پڑھی: ''اور چاہیے کہ معاف کریں اور درگزر کریں' کیا تم ایسے دوست نہیں رکھتے کہ اللہ تمہاری بخشش کرے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے''۔

8494- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبِي، ثنا جَرِيرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ حَسَّانَ أَبِي الْأَشْرَسِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا أَصَابَ أَحَدُكُمْ حَدًّا فَلَا تَدْعُوا عَلَيْهِ تُعِينُوا عَلَيْهِ الشَّيْطَانَ، وَلَكِنِ ادْعُوا اللّٰهَ أَنْ يَتُوبَ عَلَيْهِ وَيَرْحَمَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب تم میں سے کوئی حد تک پہنچے تو تم اس کے خلاف دعا نہ کرو' اس طرح تم شیطان کی مدد کرو گے بلکہ اللہ سے دعا کرو کہ وہ اس کی توبہ قبول کرے اور اس پر رحم فرمائے۔

8495- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا رَأَيْتُمْ أَخَاكُمْ قَارَفَ ذَنْبًا فَلَا تَكُونُوا أَعْوَانًا لِلشَّيْطَانِ عَلَيْهِ تَقُولُوا: اللّٰهُمَّ اخْزِهِ، اللّٰهُمَّ الْعَنْهُ، وَلَكِنْ سَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فَإِنَّا أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنَّا لَا نَقُولُ فِي أَحَدٍ شَيْئًا حَتَّى نَعْلَمَ عَلَى مَا يَمُوتُ، فَإِنْ خُتِمَ لَهُ بِخَيْرٍ عَلِمْنَا أَنَّهُ قَدْ أَصَابَ خَيْرًا، وَإِنْ خُتِمَ لَهُ بِشَرٍّ خِفْنَا عَلَيْهِ عَمَلَهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب تم اپنے بھائی کو دیکھو کہ اس نے کسی بڑے گناہ کا ارتکاب کیا ہے تو تم شیطان کے امدادی نہ بن جاؤ کہ کہو: اے اللہ! اس کو رسوا کر! اے اللہ! اس پر لعنت فرما! بلکہ اللہ سے عافیت کا سوال کرو کیونکہ ہم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کسی ایک کے بارے میں ایسی کوئی شی نہ کہتے تھے' حتیٰ کہ ہم جانتے کہ وہ فوت ہو گیا ہے' اگر اس کا خاتمہ خیر پر ہوا تو ہم نے جان لیا کہ وہ خیر کو پہنچ گیا اور اگر اسکا خاتمہ شر پر ہوا تو ہم کو اسکے عمل کا ڈر لگا۔

8496- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی راہ

8494- ورجاله ثقات الا أن أبا عبيدة لم يسمع من أبيه كما قال في المجمع جلد6صفحه247 .

8495- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:20266' وانظر ما قبله .

أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَمْرِو بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: لَأَنْ أُمَتَّعَ بِسَوْطٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَحُجَّ حَجَّةً بَعْدَ حَجَّةٍ

میں ڈنڈا لے کر لطف اندوز ہونا مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ میں حج کے بعد حج کروں۔

8497- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ الْهَمْدَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ رَخَّصَ فِي الصَّرْفِ، وَفِي الرَّجُلِ تَزَوَّجَ امْرَأَةً فَمَاتَتْ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا فَيَتَزَوَّجُ بِأُمِّهَا، فَأَتَى الْمَدِينَةَ فَكَأَنَّهُ لَقِيَ عُمَرَ فَرَجَعَ، فَأَتَى الصَّيَارِفَةَ فَنَهَاهُمْ عَنْ ذَلِكَ

حضرت ابوفروہ ہمدانی فرماتے ہیں کہ میں نے ابوعمرو شیبانی سے سنا' فرمایا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیع صرف (پیسے کی پیسے کے بدلے) میں رخصت دی تھی اور جس آدمی نے شادی کی اس کی بیوی اس کے ہم بستر ہونے سے پہلے فوت ہوگئی تو وہ اس کی ماں سے شادی کرسکتا ہے' پس آپ مدینہ آئے تو گویا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملنے کے بعد رجوع کر لیا تو مقامِ صیارفہ پر آ کر لوگوں کو اس سے منع کر دیا۔

8498- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِيَاسٍ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يُرَخِّصُ فِي الدِّرْهَمِ بِالدِّرْهَمَيْنِ، وَالدِّينَارِ بِالدِّينَارَيْنِ فَرَجَعَ إِلَى الْمَدِينَةِ فَأَتَى عُمَرَ وَعَلِيًّا، وَأَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَهَوْهُ عَنْ ذَلِكَ، فَلَمَّا رَجَعَ رَأَيْتُهُ يَطُوفُ فِي الصَّيَارِفَةِ وَيَقُولُ: وَيْلَكُمْ يَا مَعْشَرَ النَّاسِ، لَا تَأْكُلُوا الرِّبَا، وَلَا تَشْتَرُوا الدِّرْهَمَ بِالدِّرْهَمَيْنِ،

حضرت سعد بن ایاس بجلی فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ایک درہم کی دو درہم کے بدلے بیع میں رخصت دیتے تھے' اسی طرح ایک دینار کی دو دینار کے بدلے' پس آپ مدینہ کی طرف لوٹے تو حضرت عمر و علی رضی اللہ عنہما کے پاس آئے اور دیگر صحابہ سے لے تو اُنہوں نے اس سے منع کیا' جب اُنہوں نے واپس جانے کا ارادہ کیا تو مقام صیارفہ پر چکر لگا رہے تھے اور زبان سے کہہ رہے تھے: افسوس! اے لوگو! سود نہ کھاؤ' نہ ایک درہم کو دو درہم کے بدلے اور نہ ایک دینار کے بدلے دو دینار خریدو۔

8498- قال في المجمع جلد4صفحه116' ورجاله رجال الصحيح .

وَلَا الدِّينَارَ بِالدِّينَارَيْنِ

8499- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، كَانَ يُفْتِي فِي الصَّرْفِ، حَتَّى أَتَى عُمَرَ فَسَأَلَهُ فَكَرِهَهُ، فَرَجَعَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ قَوْلِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بیع صرف میں (جواز کا) فتویٰ دیا کرتے تھے یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' ان سے دریافت کیا تو اُنہوں نے اسے ناپسند کیا تو اپنے قول سے آپ نے رجوع کرلیا۔

8500- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِي شَمْخِ بْنِ فَزَارَةَ تَزَوَّجَ امْرَأَةً، ثُمَّ رَأَى أُمَّهَا، وَأَعْجَبَتْهُ فَاسْتَفْتَى ابْنَ مَسْعُودٍ فَأَمَرَهُ أَنْ يُفَارِقَهَا ثُمَّ يَتَزَوَّجَ أُمَّهَا، فَتَزَوَّجَهَا وَوَلَدَتْ أَوْلَادًا، ثُمَّ أَتَى ابْنُ مَسْعُودٍ الْمَدِينَةَ، فَسَأَلَ عَنْ ذَلِكَ فَأَخْبَرَهُ أَنَّهَا لَا تَحِلُّ لَهُ فَلَمَّا رَجَعَ إِلَى الْكُوفَةِ قَالَ لِلرَّجُلِ: إِنَّهَا عَلَيْكَ حَرَامٌ فَفَارَقَهَا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بنو شمخ بن فزارہ کے ایک آدمی نے ایک عورت سے نکاح کیا' پھر اس کی ماں کو دیکھا تو اسے وہ پسند آ گئی۔ اس نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے فتویٰ مانگا تو آپ نے اسے حکم دیا کہ پہلے اس سے جدا ہو جائے پھر اس کی ماں سے نکاح کرلے' پس اس نے نکاح کیا' اس کی اولاد ہوئی۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ مدینہ آئے تو اس بارے سوال کیا تو آپ کو بتایا گیا کہ وہ عورت (ماں) اس کیلئے حلال نہیں ہے' جب کوفہ واپس آئے تو اس آدمی سے کہا: بے شک وہ تجھ پر حرام ہے' تو اس نے جدائی اختیار کرلی۔

8501- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي مُعَاوِيَةَ، ثنا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ

حضرت ابوعطیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تو کسی بُرے آدمی سے ملے تو اس سے خشک چہرے سے مل۔

8500- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 10811' وسعيد بن منصور رقم الحديث: 936' والبيهقي جلد7صفحه159 من طريقهما وغيرهما قال في المجمع جلد4صفحه270 رواه الطبراني بأسانيد ورجال بعضها رجال الصحيح .

8501- قال في المجمع جلد7صفحه276 رواه الطبراني باسنادين في أحدهما شريك وهو حسن الحديث وبقية رجاله رجال الصحيح .

أَبِي عَطِيَّةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا لَقِيتَ الْفَاجِرَ فَالْقَهُ بِوَجْهٍ مُكْفَهِرٍّ

8502- حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ أَبِيهِ، وَمَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا رَأَيْتَ الْفَاجِرَ فَلَمْ تَسْتَطِعْ أَنْ تُغَيِّرَ عَلَيْهِ فَاكْفَهِرَّ فِي وَجْهِهِ

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تُو بُرے آدمی کو دیکھے اور اس کو منع کرنے کی طاقت نہ رکھے تو اس سے پھیکے چہرے سے مل۔

8503- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اطَّلَعَ فِي قُلُوبِ الْعِبَادِ فَوَجَدَ قَلْبَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرَ قُلُوبِ الْعِبَادِ، فَاصْطَفَاهُ لِنَفْسِهِ، وَخَصَّهُ -أَوْ قَالَ: بَعَثَهُ بِرِسَالَتِهِ- ثُمَّ اطَّلَعَ فِي قُلُوبِ الْعِبَادِ بَعْدَ قَلْبِهِ فَوَجَدَ قُلُوبَ أَصْحَابِهِ خَيْرَ قُلُوبِ الْعِبَادِ فَجَعَلَهُمْ وُزَرَاءَ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَاتِلُونَ عَلَى دِينِهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے بندوں کے دلوں کو دیکھا' محمد ﷺ کا دل سب دلوں سے بہتر پایا' اس کو اپنے لیے چنا اور خاص کیا' یا فرمایا: آپ کو رسالت کے ساتھ مبعوث کیا' پھر بندوں کے دلوں کو دیکھا تو آپ کے دل کے ساتھ صحابہ کرام کے دلوں کو عام بندوں کے دلوں سے بہتر پایا تو ان کو اپنے نبی ﷺ کا وزیر بنایا' جو اس کے ساتھ اس کے دین پر لڑتے ہیں۔

8504- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ

8503- ورواه أحمد رقم الحديث: 3600' وأبو داؤد الطيالسي رقم الحديث: 69' وأبو سعيد ابن الأعرابي في معجمه جلد2صفحه84' والخطيب في الفقيه والمتفقه جلد1صفحه166-167 بسند المصنف الثاني' واسناد الحديث حسن . وكذلك رواه البغو في شرح السنة رقم الحديث: 105' ورواه البزار جلد1صفحه282 بالسند الأول . قال في المجمع جلد1صفحه178 بعد أن نسبه الى الثلاثة ورجاله موثقون .

8504- ورواه أبو نعيم في الحلية جلد1صفحه125 .

السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى نَظَرَ فِي قُلُوبِ الْعِبَادِ فَاخْتَارَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَهُ بِرِسَالَتِهِ، وَانْتَخَبَهُ بِعِلْمِهِ، ثُمَّ نَظَرَ فِي قُلُوبِ النَّاسِ فَاخْتَارَ أَصْحَابَهُ فَجَعَلَهُمْ وُزَرَاءَ نَبِيِّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وأنصارَ دِينِهِ، فَمَا رَآهُ الْمُؤْمِنُونَ حَسَنًا فَهُوَ عِنْدَ اللَّهِ حَسَنٌ، وَمَا رَآهُ الْمُؤْمِنُونَ قَبِيحًا فَهُوَ عِنْدَ اللَّهِ قَبِيحٌ

عزوجل نے بندوں کے دلوں کو دیکھا' محمد ﷺ کا دل سب دلوں سے بہتر پایا' اس کو اپنے لیے چنا اور خاص کیا' یا فرمایا: آپ کو رسالت کے ساتھ مبعوث کیا' پھر بندوں کے دلوں کو دیکھا تو آپ کے دل کے ساتھ صحابہ کرام کے دلوں کو عام بندوں کے دلوں سے بہتر پایا تو ان کو اپنے نبی ﷺ کا وزیر بنایا' جو اس کے ساتھ اس کے دین پر لڑتے ہیں' جس کو ایمان والا اچھا دیکھے تو وہ اللہ کے ہاں اچھا ہے' جس کو ایمان والا بُرا دیکھے تو وہ اللہ کے ہاں بُرا ہوتا ہے۔

8505- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: سَمِعَ عَبْدُ اللَّهِ رَجُلًا يَقُولُ: أَيْنَ الزَّاهِدُونَ فِي الدُّنْيَا وَالرَّاغِبُونَ فِي الْآخِرَةِ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْجَابِيَةِ، وَاشْتَرَطَ خَمْسُ مِائَةٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ أَنْ لَا يَرْجِعُوا حَتَّى يُقْتَلُوا، فَحَلَقُوا رُءُوسَهُمْ فَلَقُوا الْعَدُوَّ فَقُتِلُوا إِلَّا مُخْبِرٌ عَنْهُمْ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو کہتے ہوئے سنا: کہاں ہیں دنیا سے بے رغبتی کرنے والے اور آخرت میں رغبت کرنے والے؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایسے لوگ اصحابِ جابیہ ہیں' مسلمانوں میں سے پچاس آدمیوں نے شرط باندھی کہ وہ واپس نہیں جائیں گے حتیٰ کہ شہید کر دیئے جائیں' پس اُنہوں نے سر منڈوا دیا' پس وہ دشمن سے ملے تو سوائے ان کی خبر دینے والے ایک آدمی کے سارے ہی شہید ہو گئے۔

8506- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ الْأَوْدِيُّ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ إِلَّا عَلَى شِرَارِ النَّاسِ، مَنْ لَا يَعْرِفُ مَعْرُوفًا، وَلَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قیامت کی گھڑی لوگوں میں سے بُروں پر آئے گی' ایسی قوم پر جو نیکی کا حکم نہ کریں گے' بُرائی سے منع نہ کریں گے' گدھوں کی طرح جفتی کریں گے' ایک آدمی کسی عورت کا ہاتھ پکڑ کر خلوت کرے گا' اس سے اپنی حاجت پوری کر

يُنْكِرُ مُنْكَرًا، يَتَهَارَجُونَ كَمَا تَهَارَجُ الْبَهَائِمُ فِي الطَّرِيقِ، تَمُرُّ الْمَرْأَةُ بِالرَّجُلِ فِي الطَّرِيقِ فَيَقُومُ إِلَيْهَا فَيَقْضِي حَاجَتَهُ مِنْهَا، ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى أَصْحَابِهِ فَيَضْحَكُ إِلَيْهِمْ، وَيَضْحَكُونَ إِلَيْهِ كَرَجْرَاجَةِ التَّمْرِ الْخَبِيثِ الَّذِي لَا يُطْعَمُ

کے ہنستا ہوا اپنے ساتھیوں کی طرف لوٹے گا اور وہ اسے دیکھ کر ہنس رہے ہوں گے' گندی خراب کھجور کی خرابی کی طرح جسے کھایا نہیں جاتا۔

8507- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللهِ: تَقُومُ السَّاعَةُ عَلَى شِرَارِ النَّاسِ، عَلَى قَوْمٍ لَا يَأْمُرُونَ بِمَعْرُوفٍ، وَلَا يَنْهَوْنَ عَنْ مُنْكَرٍ، يَتَهَارَجُونَ كَمَا تَهَارَجُ الْحُمُرُ، أَخَذَ رَجُلٌ بِيَدِ امْرَأَةٍ فَخَلَا بِهَا فَقَضَى حَاجَتَهُ مِنْهَا ثُمَّ رَجَعَ يَضْحَكُ إِلَيْهِمْ وَيَضْحَكُونَ إِلَيْهِ كَرَجْرَاجَةِ التَّمْرِ الْخَبِيثِ الَّذِي لَا يُطْعَمُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قیامت کی گھڑی لوگوں میں سے بُروں پر آئے گی' ایسی قوم پر جو نیکی کا حکم نہ کریں گے' بُرائی سے منع نہ کریں گے' گدھوں کی طرح جفتی کریں گے' ایک آدمی کسی عورت کا ہاتھ پکڑ کر خلوت کرے گا' اس سے اپنی حاجت پوری کر کے ہنستا ہوا اپنے ساتھیوں کی طرف لوٹے گا اور وہ اسے دیکھ کر ہنس رہے ہوں گے' گندی خراب کھجور کی خرابی کی طرح جسے کھایا نہیں جاتا۔

8508- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: إِنَّ مِنْ أَكْبَرِ الذَّنْبِ أَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ لِأَخِيهِ: اتَّقِ اللهَ، فَيَقُولُ: عَلَيْكَ نَفْسَكَ أَنْتَ تَأْمُرُنِي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بڑا گناہ یہ ہے کہ آدمی اپنے بھائی سے کہے: اللہ سے ڈرو! اور وہ جواباً کہے: تُو اپنے آپ کو بچا' تو مجھے حکم دیتا ہے۔

8509- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: كَفَى بِالْمَرْءِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آدمی کے گنہگار ہونے کے لیے یہی کافی ہے کہ جب اس سے کہا جائے: اللہ سے ڈرو! تو وہ ناراض ہو۔

8508- قال في المجمع جلد7 صفحه 271' ورجاله رجال الصحيح .

8509- قال في المجمع جلد7 صفحه 271' ورجاله رجال الصحيح .

إِنَّمَا إِذَا قِيلَ لَهُ: اتَّقِ اللَّهَ غَضِبَ

8510- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا أَتَاهُمُ الْعِلْمُ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمِنْ أَكَابِرِهِمْ، فَإِذَا جَاءَ الْعِلْمُ مِنْ قِبَلِ أَصَاغِرِهِمْ فَذَاكَ حِينَ هَلَكُوا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ بھلائی پر رہیں گے جب تک علم' حضورﷺ کے اصحاب اور بزرگوں سے حاصل کرتے رہیں گے' جب علم بچوں سے حاصل کریں گے تو اس وقت ہلاک ہوں گے۔

8511- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: لَا يَزَالُ النَّاسُ صَالِحِينَ مُتَمَاسِكِينَ مَا أَتَاهُمُ الْعِلْمُ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمِنْ أَكَابِرِهِمْ، فَإِذَا أَتَاهُمْ مِنْ أَصَاغِرِهِمْ هَلَكُوا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ بہتر بھلائی پر رہیں گے جب تک علم' حضورﷺ کے اصحاب اور بزرگوں سے حاصل کرتے رہیں گے' جب علم بچوں سے حاصل کریں گے تو اس وقت ہلاک ہوں گے۔

8512- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: لَنْ يَزَالَ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا أَتَاهُمُ الْعِلْمُ مِنْ قِبَلِ أَكَابِرِهِمْ، وَذَوِي أَسْلَافِهِمْ، فَإِذَا أَتَاهُمْ مِنْ قِبَلِ أَصَاغِرِهِمْ هَلَكُوا هَكَذَا رَوَاهُ شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ ، وَتَابَعَهُ زَيْدُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ بہتر بھلائی پر رہیں گے جب تک علم' حضورﷺ کے اصحاب اور بزرگوں سے حاصل کرتے رہیں گے' جب علم بچوں سے حاصل کریں گے تو اس وقت ہلاک ہوں گے۔ اس حدیث کو شعبہ نے ابواسحاق سے' اُنہوں نے زید بن وہب سے روایت کیا اور زید بن حباب نے ان کی متابعت کی۔

8510- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20483,20446' قال في المجمع جلد 1 صفحه135 رواه الطبراني في الكبير والأوسط (23 مجمع البحرين)' ورجاله موثقون .

بْنُ حِبَّانَ

8513- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّرِيِّ بْنِ مِهْرَانَ النَّاقِدُ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حَبَّانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا أَتَاهُمُ الْعِلْمُ مِنْ قِبَلِ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَكَابِرِهِمْ، فَإِذَا أَتَاهُمْ مِنْ قِبَلِ أَصَاغِرِهِمْ هَلَكُوا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ بھلائی پر رہیں گے جب تک علم، حضور ﷺ کے اصحاب اور بزرگوں سے حاصل کرتے رہیں گے، جب علم بچوں سے حاصل کریں گے تو اس وقت ہلاک ہوں گے۔

8514- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيشَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ قَادِمٍ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اطَّلَعَ فِي قُلُوبِ الْعِبَادِ فَوَجَدَ قَلْبَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرَ قُلُوبِ الْعِبَادِ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ عَاصِمٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے دلوں پر نگاہ ڈالی تو محمد ﷺ کے دل کو تمام لوگوں کے دلوں سے بہتر پایا، اس کے بعد حضرت عاصم کی حدیث جیسی حدیث ذکر کی۔

8515- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، قَالَ: ابْنُ رَجَاءٍ، أنا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم حضور ﷺ کی بارگاہ میں درود پیش کرو تو اچھا درود پیش کرو کیونکہ تم کو معلوم نہیں ہے کہ درود یقیناً آپ ﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا جاتا ہے، آپ سے عرض کی: ہمیں سکھائیں! آپ نے فرمایا: پڑھو "اللّٰهم اجعل صلاتك

8515- ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 906، واسماعيل القاضي في فضل الصلاة على النبي صلى الله عليه وآله وسلم رقم الحديث: 61، وضعفه الحافظ ابن حجر في فتوى له في عدم مشروعية وصفة صلى الله عليه وآله وسلم بالسيادة في الصلاة عليه صلى الله عليه وآله وسلم .

الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي فَاخِتَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَسِّنُوا الصَّلَاةَ عَلَيْهِ، فَإِنَّكُمْ لَا تَدْرُونَ لَعَلَّ ذَلِكَ يُعْرَضُ عَلَيْهِ ، قَالَ: فَعَلِّمْنَا، قَالَ: قُولُوا: اللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَاتَكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلَى سَيِّدِ الْمُرْسَلِينَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِينَ، وَخَاتَمِ النَّبِيِّينَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ، إِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُولِ الرَّحْمَةِ، اللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا يَغْبِطُهُ بِهِ الْأَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ، اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَآلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

الٰی آخرہ''۔

8516- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَجُلٍ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلَى سَيِّدِ الْمُرْسَلِينَ، وَإِمَامِ الْمُتَّقِينَ، وَخَاتَمِ النَّبِيِّينَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ، إِمَامِ الْخَيْرِ، وَقَائِدِ الْخَيْرِ، وَرَسُولِ الرَّحْمَةِ، اللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا

حضرت اسود بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اس طرح درود آپ کی بارگاہ میں پیش کرتے تھے:''اللّٰھم اجعل صلواتك الٰی آخرہ ''۔اورحضرت ابوسلمہ وہ ہیں جن سے امام ثوری نے اس حدیث کوروایت کیا' ان کا نام مسعر بن کدام ہے۔

8516- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3122,3109' وهو ضعيف لجهالة الراوى عن الأسود ـ واخطأ شيخنا اجازة فى تعليقه على المصنف بقوله لعله ـ أبو سلمة ـ هو المغيرة بن مسلم الخراسانى' ويروى الثورى عن أبى سلمة العاملى أيضًا' لأن الطبرانى بينه بأنه مسعر بن كدام وكنيته أبو سلمة .

مَحْمُودًا يَغْبِطُهُ بِهِ الْأَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ، اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ وَأَبُو سَلَمَةَ هَذَا الَّذِي رَوَى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ هَذَا الْحَدِيثَ: مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ

بَابٌ

8517- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللّٰهَ غَدًا مُسْلِمًا، فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَذِهِ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَإِنَّ اللّٰهَ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، وَلَعَمْرِي مَا إِخَالُ أَحَدًا مِنْكُمْ إِلَّا قَدِ اتَّخَذَ مِنْ بَيْتِهِ مَسْجِدًا، وَلَوْ أَنَّكُمْ صَلَّيْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ كَمَا يُصَلِّي هَذَا الْمُتَخَلِّفُ فِي بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُومٌ، أَوْ

باب

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں' اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے' اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے' اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی' ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے' اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا' جو آدمی

8517- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 1979' ومسلم رقم الحديث: 654' وأبو داؤد رقم الحديث: 546' والنسائى جلد 2 صفحه108-109' وابن ماجه رقم الحديث: 777 ..

مَعْرُوفٌ نِفَاقُهُ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ الرَّجُلَ يُهَادَى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتَّى يُقَامَ فِي الصَّفِّ، فَمَا مِنْ رَجُلٍ يَتَطَهَّرُ فَيُحْسِنُ الطُّهُورَ فَيَخْطُو خُطْوَةً يَعْمِدُ إِلَى مَسْجِدٍ مِنَ الْمَسَاجِدِ إِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِهَا حَسَنَةً وَرَفَعَهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً، حَتَّى إِنْ كُنَّا لَنُقَارِبُ فِي الْخُطَا

اچھے طریقے سے وضو کرتا ہے پھر مسجدوں میں سے کسی مسجد کی طرف جانے کے ارادے سے قدم اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم کے بدلے نیکی لکھواتا ہے اس کے بدلے اس کا درجہ بلند فرماتا ہے اور اس کی بُرائی مٹاتا ہے یہاں تک کہ ہم لوگ (جب مسجدوں کی طرف آتے تو) قدم قریب رکھتے تھے۔

8518- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ الْهَجَرِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ حَكَّامٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللّٰهَ عَبْدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، وَلَعَمْرِي لَوْ أَنَّ كُلَّكُمْ صَلَّى فِي بَيْتِهِ كَمَا يُصَلِّي الَّذِي فِي بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُومٌ نِفَاقُهُ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيُهَادَى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتَّى يُدْخَلَ بِهِ فِي الصَّفِّ، وَمَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوءَ يَعْمِدُ إِلَى مَسْجِدِ جَمَاعَةٍ فَيُصَلِّي فِيهِ فَيَخْطُو خُطْوَةً إِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا جو آدمی اچھے طریقے سے وضو کرتا ہے پھر مسجدوں میں سے کسی مسجد کی طرف جانے کے ارادے سے قدم اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم کے بدلے نیکی لکھواتا ہے اس کے بدلے اس کا درجہ بلند فرماتا ہے اور اس کی بُرائی مٹاتا ہے

بِهَا دَرَجَةً، أَوْ حَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً، حَتَّى إِنْ كُنَّا لَنُقَارِبُ الْخُطَا وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ حَجَّاجٍ

یہاں تک کہ ہم لوگ (جب مسجدوں کی طرف آتے تو) قدم قریب رکھتے تھے۔ اور یہ الفاظ' حجاج کی حدیث کے ہیں۔

8519- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَزِيعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللّٰهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَذِهِ الصَّلَوَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ فِي الْجَمِيعِ، فَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ فَرَضَ لِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، وَإِنَّكُمْ لَوْ كُنْتُمْ تُصَلُّونَ فِي بُيُوتِكُمْ كَمَا يُصَلِّي هَذَا الْمُتَخَلِّفُ فِي بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ رَجُلًا يُهَادَى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتَّى يُجَاءَ بِهِ فَيُقَامَ فِي الصَّفِّ، وَلَقَدْ أَتَى عَلَيْنَا زَمَانٌ وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُومٌ نِفَاقُهُ، وَإِنْ كُنَّا لَنُقَارِبُ بَيْنَ الْخُطَا

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے' جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں' اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے' اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے' اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی' ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے' اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا' جو آدمی اچھے طریقے سے وضو کرتا ہے' پھر مسجدوں میں سے کسی مسجد کی طرف جانے کے ارادے سے قدم اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم کے بدلے نیکی لکھواتا ہے' اس کے بدلے اس کا درجہ بلند فرماتا ہے اور اس کی بُرائی مٹاتا ہے یہاں تک کہ ہم لوگ (جب مسجدوں کی طرف آتے تو) قدم قریب رکھتے تھے۔

8520- حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ،

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن

ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، وَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَلَوْ صَلَّيْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ كَمَا يُصَلِّي هَذَا الْمُتَخَلِّفُ فِي بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ لَضَلَلْتُمْ، وَلَقَدْ أَتَى عَلَيْنَا زَمَانٌ وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهُنَّ إِلَّا مُنَافِقٌ بَيِّنٌ نِفَاقُهُ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ الرَّجُلَ يُهَادَى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتَّى يَقُومَ فِي الصَّفِّ

مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں' اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے' اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے' اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی' ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے' اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا۔

8521- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْأَحْوَصِ يُحَدِّثُ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَذِهِ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّ اللهَ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ سُنَنَ الْهُدَى، وَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَلَعَمْرِي لَوْ صَلَّيْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ كَمَا يُصَلِّي هَذَا الْمُتَخَلِّفُ فِي بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ وَلَقَدْ أَتَى عَلَيْنَا

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں' اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے' اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے' اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی' ہم اپنے دور میں صرف مشہور و

زَمَانٌ وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهُنَّ إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُومٌ نِفَاقُهُ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ الرَّجُلَ يُهَادَى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتَّى يُقَامَ فِي الصَّفِّ، وَمَا مِنْ رَجُلٍ يَتَطَهَّرُ فَيُحْسِنُ طُهُورَهُ ثُمَّ يَعْمِدُ إِلَى مَسْجِدٍ مِنَ الْمَسَاجِدِ يُصَلِّي فِيهِ فَيَخْطُو خُطْوَةً إِلَّا كَتَبَ اللَّهُ لَهُ بِهَا حَسَنَةً وَرَفَعَهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً، حَتَّى إِنْ كُنَّا لَنُقَارِبُ بَيْنَ الْخُطَا

معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا' جو آدمی اچھے طریقے سے وضو کرتا ہے' پھر مسجدوں میں سے کسی مسجد کی طرف جانے کے ارادے سے قدم اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم کے بدلے نیکی لکھواتا ہے' اس کے بدلے اس کا درجہ بلند فرماتا ہے اور اس کی بُرائی مٹاتا ہے یہاں تک کہ ہم لوگ (جب مسجدوں کی طرف آتے تو) قدم قریب رکھتے تھے۔

8522- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، قَالَا: ثنا زُهَيْرٌ، ثنا إِبْرَاهِيمُ الْهَجَرِيُّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللّٰهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ سُنَنَ الْهُدَى، وَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَلَعَمْرِي لَوْ صَلَّيْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ كَمَا يُصَلِّي هَذَا الْمُتَخَلِّفُ فِي بَيْتِهِ لَتَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَلَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُومٌ نِفَاقُهُ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے' جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں' اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے' اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے' اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی' ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے۔

حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ، ثنا خَلَّادٌ الصَّفَّارُ،

ایک اور سند سے حضرت ابوالاحوص' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

عَنِ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، مِثْلَهُ

8523- حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبُو الْعُمَيْسِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ الْأَقْمَرِ، يَذْكُرُ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللَّهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ شَرَعَ لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، فَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَلَوْ أَنَّكُمْ صَلَّيْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ كَمَا صَلَّى هَذَا الْمُتَخَلِّفُ فِي بَيْتِهِ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَمَا مِنْ رَجُلٍ تَطَهَّرَ فَيُحْسِنُ الطُّهُورَ ثُمَّ يَعْمِدُ إِلَى مَسْجِدٍ مِنْ هَذِهِ الْمَسَاجِدِ إِلَّا كَتَبَ اللَّهُ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوهَا حَسَنَةً، وَرَفَعَهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا سَيِّئَةً، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا وَمَا يَتَخَلَّفُ عَنْهَا إِلَّا مُنَافِقٌ مَعْلُومُ النِّفَاقِ، وَإِنْ كَانَ الرَّجُلُ يُهَادَى بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ حَتَّى يُقَامَ فِي الصَّفِّ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں' اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے' اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے' اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی' ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے' اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا۔

8524- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت

يَلْقَى اللَّهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ حَيْثُ يُنَادَى بِهِنَّ، فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ شَرَعَ لِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُنَنَ الْهُدَى، وَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى، وَإِنِّي لَأَحْسِبُ مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَلَهُ مَسْجِدٌ يُصَلِّي فِيهِ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَضَلَلْتُمْ، وَمَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوءَ ثُمَّ يَمْضِي إِلَى الصَّلَاةِ إِلَّا كَتَبَ اللَّهُ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ حَسَنَةً وَرَفَعَهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهَا بِهَا خَطِيئَةً

کرے جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں اللہ تعالیٰ نے سنن ہدیٰ تمہارے نبی کو عطا فرمائی ہیں۔ قسم ہے میرا خیال ہے کہ تم میں سے کسی نے اپنے گھر میں مسجد بنالی ہے اگر تم بھی اپنے گھروں میں نماز پڑھو گے جیسے یہ پیچھے رہ جانے والا اپنے گھر میں پڑھتا ہے تو تم اپنے نبی کی سنت چھوڑ بیٹھو گے اگر تم نے اپنے نبی کی سنت کو چھوڑا تو تم نے گمراہی کی راہ اختیار کی ہم اپنے دور میں صرف مشہور و معروف منافق کو ہی دیکھتے ہیں کہ وہ نماز سے رہ گیا ہے اور میں نے دیکھا کہ ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان سہارا لے کر آتا یہاں تک کہ صف میں کھڑا کر دیا جاتا جو آدمی اچھے طریقے سے وضو کرتا ہے پھر مسجدوں میں سے کسی مسجد کی طرف جانے کے ارادے سے قدم اُٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر قدم کے بدلے نیکی لکھواتا ہے اس کے بدلے اس کا درجہ بلند فرماتا ہے اور اس کی بُرائی مٹاتا ہے یہاں تک کہ ہم لوگ (جب مسجدوں کی طرف آتے تو) قدم قریب رکھتے تھے۔

8525- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، وَإِبْرَاهِيمَ بْنِ مُسْلِمٍ الْهَجَرِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَلْقَى اللَّهَ غَدًا مُسْلِمًا فَلْيُحَافِظْ عَلَى هَؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ حِينَ يُنَادَى بِهِنَّ فَإِنَّهُنَّ مِنْ سُنَنِ الْهُدَى ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ الْمَسْعُودِيِّ

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس آدمی کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کل اپنے رب سے اس حال میں ملے کہ وہ مسلمان ہو تو اسے چاہیے کہ ان فرض نمازوں کی حفاظت کرے جب ان کیلئے بلایا جائے کیونکہ یہ سنن ہدیٰ ہیں پھر مسعودی کی حدیث کی طرح حدیث ذکر کی۔

8526- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، ثنا

حضرت ابوالاحوص فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن

9198- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي مَنْ أُصَدِّقُ، عَنْ أَبِي بَكْرَةَ، عَنْ عُمَرَ، وَعَنْ عُثْمَانَ، وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ أَنَّهُمْ كَانُوا إِذَا اسْتَفْتَحُوا قَالُوا: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وَتَعَالَى جَدُّكَ، وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ قَبْلَ الْقِرَاءَةِ

حضرت ابن جریج فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکرہ، حضرت عمر، حضرت عثمان اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم یہ دعا کرتے تھے: ''سبحانك اللّٰهم وبحمدك الى آخره''۔

9199- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت ابوعبدالرحمٰن السلمی فرماتے ہیں کہ حضرت

9198- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2558، قال في المجمع جلد2صفحه106، وفيه من لم يسم .

9199- ورواه هكذا موقوفًا البيهقي جلد 2صفحه39 من طريق أبي داؤد الطيالسي عن حماد بن سلمة عن عطاء به . ورواه الحافظ ابن حجر في المجلس (87) من تخريج أحاديث الأذكار من طريق آخر عن أبي داؤد الطيالسي به مرفوعًا . ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 808، وابن خزيمة رقم الحديث: 472، والبيهقي جلد2صفحه39 من طريق محمد بن فضيل عن عطاء به مرفوعًا . ورواه الحافظ ابن حجر في المكان المذكور ثم قال: هذا حديث حسن أخرجه ابن ماجه عن علي بن المكان المذكور ثم قال: هذا حديث حسن أخرجه ابن ماجه عن علي بن المنذر... وأخرجه ابن خزيمة عن موسٰى بن عيسٰى عن محمد بن فضل..... وعطاء بن السائب ممن اختلط وسماع محمد بن فضيل منه بعد اختلاطه، وكذا أكثر الرواة عنه، وحماد بن سلمة ممن سمع منه قبل اختلاطه، لكن لم تقع في روايته من طريقة التصريح برفعه، فتوقفت عن تصحيحه . قلت: يقصد تفسير الألفاظ، حيث قال بعد أن قال أن النبي صلى اللّٰه عليه وآله وسلم كان يتعوذ من الشيطان الرجيم من همزه ونفخه ونفثه: قال وهمزه المؤتة ونفخه الكبر ونفثه الشعر . فشكك الحافظ هل أن الذي قال وهمزه الخ هو النبي صلى الله عليه وآله وسلم أم ابن مسعود؟ وأما قال الحافظ أن حماد بن سلمة سمع منه قبل الاختلاط فهو منه اشارة الى أنه لم يعتد بقول من قال سمع منه قبل الاختلاط وبعده . وقد ذكر هو في تخريج أحاديث مختصر ابن الحاجب أن بعضهم ذهب الى ذلك، وانظر تعليقي على الكواكب النيرات في ترجمة عطاء .

حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ مِنْ هَمْزِهِ، وَنَفْخِهِ، وَنَفْثِهِ

ابن مسعود رضی اللہ عنہ یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰهم انى اعوذ بك الى آخره''۔

9200- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: هَمْزُهُ: يَعْنِي الشَّيْطَانَ، الْمُوْتَةَ: يَعْنِي الْجُنُونَ، وَنَفْخُهُ: الْكِبْرُ، وَنَفْثُهُ: الشِّعْرُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ همزه سے مراد شیاطین ہیں' موته سے مراد جن' نفخه سے مراد تکبر ہے اور نفثه سے مراد بُرے اشعار ہیں۔

9201- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي سَعْدٍ الْبَقَّالِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: كَانَ عَلِيٌّ، وَابْنُ مَسْعُودٍ لَا يَجْهَرَانِ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، وَلَا بِالتَّعَوُّذِ، وَلَا بِآمِينَ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما بسم الله الرحمن الرحيم اور اعوذ بالله اور آمین بلند آواز میں نہیں پڑھتے تھے۔

9202- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مَطَرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَفْتَتِحُ صَلَاتَهُ بِ (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) (الفاتحة: 2)

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نماز میں قرأت الحمد لله رب العالمين سے شروع کرتے تھے۔

9200- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2581 .

9201- قال في المجمع جلد2صفحه108' وفيه أبو سعد البقال وهو ثقة مدلس .

9202- قال في المجمع جلد2صفحه112 وفيه عثمان بن مطرد وهو ضعيف جدًا .

9203- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَقْرَأُ فِي الظُّهْرِ، وَالْعَصْرِ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَسُورَةٍ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ، وَفِي الْأُخْرَيَيْنِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نمازِ ظہر اور عصر کی پہلی دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ اور ایک اور سورت بھی پڑھتے تھے اور آخری دونوں رکعتوں میں سورۂ فاتحہ پڑھتے تھے۔

9204- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ صَلَّى بِهِمُ الْعِشَاءَ فَقَرَأَ بِأَرْبَعِينَ مِنَ الْأَنْفَالِ، ثُمَّ قَرَأَ فِي الثَّانِيَةِ بِسُورَةٍ مِنَ الْمُفَصَّلِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید روایت فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان کو نمازِ عشاء پڑھائی تو سورۂ انفال کی چالیس آیتیں پڑھیں پھر دوسری رکعت میں مفصل میں سے ایک سورت پڑھی۔

9205- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: صَلَّى بِنَا ابْنُ مَسْعُودٍ صَلَاةَ الْعِشَاءِ فَاسْتَفْتَحَ بِسُورَةِ الْأَنْفَالِ حَتَّى إِذَا بَلَغَ: (نِعْمَ الْمَوْلَى وَنِعْمَ النَّصِيرُ) (الأنفال:40) رَكَعَ، ثُمَّ قَرَأَ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ بِسُورَتَيْنِ مِنَ الْمُفَصَّلِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ہمیں نمازِ عشاء پڑھائی' آپ نے سورۂ انفال شروع کی جب ''نعم المولٰی ونعم النصیر'' پڑھا تو رکوع کیا' دوسری رکعت میں مفصل سے دو سورتیں پڑھیں۔

9206- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، قَالَ: سُئِلَ أَبُو إِسْحَاقَ: أَذَكَرْتَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نمازِ عشاء کی پہلی رکعت میں ''یسألونك عن الانفال'' سے لے کر ''نعم المولٰی

9203- قال في المجمع جلد2صفحه117' ورجاله ثقات الا أن ابن سيرين لم يدرك ابن مسعود .

9204- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:2702' قال في المجمع جلد2صفحه119' ورجاله موثقون .

9205- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:2701' قال في المجمع جلد2صفحه119' ورجاله موثقون .

بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ، قَرَأَ فِي الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ فِي أَوَّلِ رَكْعَةٍ: (يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ) (الأنفال: 1) حَتَّى بَلَغَ: (نِعْمَ الْمَوْلَى وَنِعْمَ النَّصِيرُ) (الأنفال:40) ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ قَرَأَ فِي الثَّانِيَةِ بِسُورَةٍ مِنَ الْمُفَصَّلِ؟ قَالَ: نَعَمْ

ونعم النصير '' تک پڑھی اور رکوع کیا' پھر دوسری رکعت میں ایک سورت' مفصل سے پڑھی۔

9207- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: أَمَّنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فِي صَلَاةِ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ فَافْتَتَحَ الْأَنْفَالَ، فَقَرَأَ: حَتَّى إِذَا بَلَغَ: (نِعْمَ الْمَوْلَى وَنِعْمَ النَّصِيرُ) (الأنفال: 40) رَكَعَ، ثُمَّ قَامَ فَقَرَأَ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ بِسُورَةٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ہمیں نمازِ عشاء پڑھائی' آپ نے سورۂ انفال شروع کی جب ''نعم المولی ونعم النصیر '' پڑھا تو رکوع کیا' دوسری رکعت میں ایک سورت پڑھی۔

9208- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَقْرَأُ خَلْفَ الْإِمَامِ؟ قَالَ: أَنْصِتْ لِلْقُرْآنِ فَإِنَّ فِي الصَّلَاةِ شُغْلًا، وَسَيَكْفِيكَ ذَلِكَ الْإِمَامُ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! میں امام کے پیچھے قرأت کروں؟ آپ نے فرمایا: جب قرأت پڑھی جائے تو خاموش رہ کیونکہ نماز میں مشغولیت ہے اور تیرے لیے امام کی قرأت ہی کافی ہے۔

9209- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ امام کے پیچھے قرأت نہیں سوائے اس کے کہ جب امام نہ

9208- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2803' قال في المجمع جلد 2صفحه111 رواه الطبراني في الكبير والأوسط (70-71 مجمع البحرين)' ورجاله موثقون .

9209- قال في المجمع جلد2صفحه111' وابراهيم لم يدرك ابن مسعود .

أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: لَا تَقْرَأْ خَلْفَ الْإِمَامِ إِلَّا أَنْ يَكُونَ إِمَامًا لَا يَقْرَأُ

پڑھے۔

9210- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ لَا يَقْرَأُ خَلْفَ الْإِمَامِ وَكَانَ إِبْرَاهِيمُ يَأْخُذُ بِهِ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ امام کے پیچھے قرأت نہیں کرتے تھے' حضرت ابراہیم اسی پر فتویٰ دیتے تھے۔

9211- وَكَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ إِذَا كَانَ إِمَامًا قَرَأَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ، وَلَا يَقْرَأُ فِي الْأُخْرَيَيْنِ بِشَيْءٍ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ جب امام تھے تو پہلی دو رکعتوں میں قرأت کرتے تھے اور آخری دونوں رکعتوں میں قرأت نہیں کرتے تھے۔

9212- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا تَعَايَا الْإِمَامُ فَلَا تَرُدَّ عَلَيْهِ فَإِنَّهُ كَلَامٌ

حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں کہ جب امام تھک جائے تو اس کو لقمہ نہ دو کیونکہ یہ کلام ہے۔

9213- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَكْرَهُ تَلْقِينَ الْإِمَامِ، وَقَالَ: إِنَّهُ كَلَامٌ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ امام کو لقمہ دینا ناپسند کرتے تھے' فرماتے ہیں: یہ کلام ہے۔

9214- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ، قَالَا: صَلَّيْنَا

حضرت علقمہ اور اسود فرماتے ہیں کہ جب ہم حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ نماز پڑھتے تو جب آپ رکوع کرتے تو دونوں ہاتھوں کا طباق کرتے اور رکوع کرتے

9210- انظر ما قبله .

9212- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2823' قال في المجمع جلد2 صفحه69' ورجاله رجال الصحيح .

9214- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2866 .

مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ فَلَمَّا رَكَعَ طَبَّقَ كَفَّيْهِ، وَوَضَعَهُمَا بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ، وَضَرَبَ أَيْدِيَنَا فَفَعَلْنَا ذٰلِكَ

وقت دونوں گھٹنوں کے درمیان رکھتے' کیا ہم اپنے ہاتھ مارتے' ہم ایسا کرتے تھے۔

9215- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، رَكَعَ فَطَبَّقَ يَدَيْهِ، وَجَعَلَهُمَا بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ

حضرت علقمہ اور اسود فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ جب رکوع کرتے تھے تو دونوں ہاتھ گھٹنے کے درمیان رکھتے تھے۔

9216- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُطَبِّقُ إِذَا رَكَعَ يَجْعَلُ يَدَيْهِ بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ، وَيَفْرِشُ ذِرَاعَيْهِ عَلَى فَخِذَيْهِ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ جب رکوع کرتے تو تطبیق کرتے' یعنی دونوں ہاتھ گھٹنوں کے درمیان رکھتے اور اپنے دونوں بازو ران پر رکھتے۔

9217- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ كَانَ يَقُولُ فِي رُكُوعِهِ: رَبِّ اغْفِرْ لِي

حضرت یحییٰ بن جزار فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ رکوع میں رب اغفرلی پڑھتے تھے۔

9218- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ شَقِيقٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ مِمَّا يُكْثِرُ أَنْ يَقُولَ فِي رُكُوعِهِ وَسُجُودِهِ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ، وَبِحَمْدِكَ لَا إِلَهَ غَيْرُكَ

حضرت شقیق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کثرت سے رکوع اور سجدہ میں سبحانك اللّٰهم وبحمدك لا اله غيرك پڑھتے تھے۔

9219- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت ابواسود اور شداد بن ازمع' حضرت ابن مسعود

9216- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2865 الا أنه عنده عن ابن التيمي بدل الثوری

9219- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2891' قال في المجمع جلد 2صفحه129' ورواية الأسود رجالهما رجال الصحيح وشداد وثقها ابن حبان .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، وَشَدَّادِ بْنِ الْأَزْمَعِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ -قَالَ: اخْتَلَفَا فَقَالَ أَبُو الْأَسْوَدِ: - كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقُولُ فِي سُجُودِهِ: سُبْحَانَكَ لَا رَبَّ غَيْرُكَ قَالَ شَدَّادٌ: كَانَ يَقُولُ: سُبْحَانَكَ لَا إِلَهَ غَيْرُكَ

رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں: دونوں نے اختلاف کیا۔ حضرت ابواسود فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سجدہ میں سبحانك لا رب غيرك پڑھتے۔ حضرت شداد فرماتے ہیں: سبحانك لا الـه غيرك پڑھتے تھے۔

9220- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ، عَنْ شُعَيْبٍ عَمِّهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَوَجَدْتُ عَبْدَ اللّٰهِ يُصَلِّي فَرَكَعَ وَافْتَتَحْتُ سُورَةَ الْأَعْرَافِ فَفَرَغْتُ مِنْهَا قَبْلَ أَنْ يَسْجُدَ

حضرت علقمہ فرماتے ہیں: میں مسجد میں داخل ہوا تو میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو نماز پڑھتے ہوئے پایا آپ نے رکوع کیا میں نے سورۂ اعراف پڑھی میں نے آپ کے سجدہ کرنے سے پہلے پڑھی۔

9221- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، ح وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا قَالَ الْإِمَامُ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَلْيَقُلْ مَنْ خَلْفَهُ: رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب امام سمع اللہ لمن حمدہ پڑھے تو پڑھنے والا پڑھے: ربنا لک الحمد۔

9222- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعَيْبٌ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب امام سمع اللہ لمن حمدہ پڑھے تو پڑھنے والا پڑھے: ربنا لک الحمد۔

9220- قال في المجمع جلد2صفحه123' وفيه يحيى بن العلاء هو مكذاب . ورواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2895 .

9221- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2915' وفيه نقص في الاسناد يصحح من هنا قال في المجمع جلد 2صفحه123' ورجاله موثقون .

إِذَا قَالَ الْإِمَامُ: سَمِعَ اللّٰهُ، لِمَنْ حَمِدَهُ فَلْيَقُلْ مَنْ خَلْفَهُ: رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ

9223- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا سَجَدَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَسْجُدْ مُتَوَرِّكًا، وَلَا مُضْطَجِعًا فَإِنَّهُ إِذَا أَحْسَنَ السُّجُودَ سَجَدَتْ عِظَامُهُ كُلُّهَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب تم میں سے کوئی سجدہ کرے تو نہ دوزانو بیٹھ کر اور نہ لیٹ کر سجدہ کرے کیونکہ جب اچھا سجدہ کیا جاتا ہے تو سارے اعضاء سجدہ کرتے ہیں۔

9224- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا سَجَدَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَسْجُدْ مُضْطَجِعًا، وَلَا مُتَوَرِّكًا فَإِنَّهُ إِذَا أَحْسَنَ السُّجُودَ سَجَدَ كُلُّ عُضْوٍ مِنْهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب تم میں سے کوئی سجدہ کرے تو نہ دوزانو بیٹھ کر اور نہ لیٹ کر سجدہ کرے کیونکہ جب اچھا سجدہ کیا جاتا ہے تو سارے اعضاء سجدہ کرتے ہیں۔

9225- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ أَبِي لُبَابَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ يَزِيدَ، يَقُولُ: رَمَقْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ فِي الصَّلَاةِ فَرَأَيْتُهُ يَنْهَضُ، وَلَا يَجْلِسُ، قَالَ: يَنْهَضُ عَلَى صُدُورِ قَدَمَيْهِ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى، وَالثَّانِيَةِ

حضرت عبدالرحمن بن یزید فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو نماز میں دیکھا کہ بیٹھے نہیں، آپ پہلی اور دوسری رکعت قدموں کے آگے والے حصے کے زور پر اُٹھتے تھے۔

9226- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت عبدالرحمن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت

9223- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2942، قال في المجمع جلد2صفحه127، ورجاله رجال الصحيح .

9225- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2966 الا أنه عنده عن ابن أبي ليلى بدل عبدة ابن أبي لبابة . قال في المجمع جلد2صفحه136، ورجاله رجال الصحيح .

الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَنْهَضُ عَلَى صُدُورِ قَدَمَيْهِ

عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے قدموں کے آگے والے حصے پر اُٹھتے تھے۔

9227- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَنْهَضُ عَلَى صُدُورِ قَدَمَيْهِ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِإِبْرَاهِيمَ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَفْعَلُهُ

حضرت عبدالرحمٰن بن یزید فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے قدموں کے آگے والے حصے پر اُٹھتے تھے پس میں نے حضرت ابراہیم کے سامنے یہ بات کی تو اُنہوں نے فرمایا: مجھے حضرت عبدالرحمٰن بن یزید نے حدیث سنائی کہ ابن مسعود ایسا کیا کرتے تھے۔

9228- حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ إِذَا كَبَّرَ حِينَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنَ السَّجْدَةِ قَامَ بِهَا

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اللہ اکبر کہتے سجدہ سے سر اُٹھاتے تو کھڑے ہونے تک (یعنی لمبی تکبیر کہتے)۔

9229- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَالثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: مَرَّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ عَلَى رَجُلٍ سَاجِدٍ، وَرَأْسُهُ مَعْقُوصٌ فَحَلَّهُ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ: لَا تَعْقِصْ فَإِنَّ شَعْرَكَ يَسْجُدُ، وَإِنَّ لَكَ بِكُلِّ شَعْرَةٍ أَجْرًا، قَالَ: إِنَّمَا عَقَصْتُهُ لِكَيْ لَا يَتَتَرَّبَ، قَالَ: إِنْ يَتَتَرَّبْ خَيْرٌ لَكَ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو سجدہ میں تھا اور اُس کے بال بندھے ہوئے تھے آپ نے اُس کے بال کھول دیئے جب اس نے نماز مکمل کی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اُسے فرمایا: بالوں کو نہ باندھا کرو کیونکہ تیرے بال بھی سجدہ کرتے ہیں ہر بال کے بدلے ایک نیکی ملتی ہے۔ اس نے عرض کی: میں نے باندھے تھے تاکہ غبار آلود نہ ہوں آپ نے فرمایا: اگر غبار آلود ہوں تو بہتر

9229- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 2996 قال في المجمع جلد2 صفحه126 ورجاله ثقات .

ہے۔

9230- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدٍ، قَالَ: مَرَّ عَبْدُ اللّٰهِ عَلَى رَجُلٍ سَاجِدٍ قَدْ عَقَصَ رَأْسَهُ فَحَلَّ عَقِيصَتَهُ فَأَرْسَلَهَا، ثُمَّ انْتَظَرَ حَتَّى صَلَّى، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ شَعْرَكَ يَسْجُدُ مَعَكَ فَلَا تَعْقِصْهُ، فَإِنَّ لَكَ بِكُلِّ شَعْرَةٍ مِنْهُ أَجْرًا، فَقَالَ الرَّجُلُ: إِنِّي خِفْتُ أَنْ يَتَتَرَّبَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنْ يَتَتَرَّبْ خَيْرٌ لَكَ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو سجدہ میں تھا اور اُس کے بال بندھے ہوئے تھے' آپ نے اُس کے بال کھول دیئے' جب اس نے نماز مکمل کی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اُسے فرمایا: بالوں کو نہ باندھا کرو کیونکہ تیرے بال بھی سجدہ کرتے ہیں' ہر بال کے بدلے ایک نیکی ملتی ہے۔ اس نے عرض کی: میں نے باندھے تھے تاکہ غبار آلود نہ ہوں' آپ نے فرمایا: اگر غبار آلود ہوں تو بہتر ہے۔

حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، مِثْلَهُ

حضرت زید بن وہب' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

9231- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا يَسْتَدِيرُ فِي صَلَاةٍ، إِنْ كَانَتْ حَاجَتُهُ عَنْ يَمِينِهِ انْفَتَلَ عَنْ يَمِينِهِ، وَإِنْ كَانَتْ حَاجَتُهُ، عَنْ يَسَارِهِ انْفَتَلَ، عَنْ يَسَارِهِ

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نماز میں گھومتے نہیں تھے' جب آپ کو دائیں جانب ضرورت ہوتی تو دائیں طرف پھر جاتے' جب بائیں جانب ضرورت ہوتی تو بائیں جانب پھر جاتے تھے۔

9232- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَالثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: إِذَا سَلَّمَ الْإِمَامُ فَانْصَرَفَ حَيْثُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب امام سلام پھیرے تو دائیں اور بائیں طرف ضرورت ہو تو پھر جائے' گدھے کی طرح نہ گھومے۔

9232- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3209 الا أنه عن الثوری فقط.

كَانَتْ حَاجَتُكَ يَمِينًا، وَشِمَالًا، وَلَا تَسْتَدِرِ اسْتِدَارَةَ الْحِمَارِ

9233- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ إِذَا كَانَتْ حَاجَتُهُ عَنْ يَسَارِهِ، انْصَرَفَ عَنْ يَسَارِهِ، وَإِذَا كَانَتْ حَاجَتُهُ عَنْ يَمِينِهِ، انْصَرَفَ عَنْ يَمِينِهِ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو جب بائیں جانب ضرورت ہوتی تو بائیں جانب پھرتے اور جب دائیں جانب ضرورت ہوتی تو دائیں جانب پھرتے تھے۔

9234- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا سَلَّمَ الْإِمَامُ فَلْيَقُمْ أَوْ لِيَنْحَرِفْ عَنْ مَجْلِسِهِ، فَقُلْتُ: يُجْزِئُهُ يَنْحَرِفُ عَنْ مَجْلِسِهِ وَيَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ؟ قَالَ: الِانْحِرَافُ يُغَرِّبُ أَوْ يُشَرِّقُ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب امام سلام پھیرے تو وہ اُٹھے یا اپنی جگہ سے پھر جائے۔ میں نے عرض کی: اس کا اپنی جگہ سے پھرنا ہی کافی ہے اور اپنا رُخ قبلہ کی طرف ہی رکھے؟ آپ نے فرمایا: مغرب یا مشرق میں سے کسی جانب پھرے۔

9235- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ: كَانَ إِذَا سَلَّمَ قَامَ عَنْ مَجْلِسِهِ، أَوِ انْحَرَفَ مُشَرِّقًا أَوْ مُغَرِّبًا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ جب آپ سلام پھیرتے تو اپنی جگہ سے اُٹھ کھڑے ہوتے یا پھر جاتے مشرق یا مغرب کی طرف۔

9236- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب امام

9233- رواه عبد الرزّاق رقم الحديث:3210 .

9234- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:3218 .

9235- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:3221 .

9236- قال في المجمع جلد2صفحه147' ورجاله ثقات .

الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِذَا سَلَّمَ الْإِمَامُ، وَلِلرَّجُلِ حَاجَةٌ فَلَا يَنْتَظِرْهُ إِذَا سَلَّمَ أَنْ يَسْتَقْبِلَهُ بِوَجْهِهِ، فَإِنَّ فَصْلَ الصَّلَاةِ التَّسْلِيمُ، فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ إِذَا سَلَّمَ لَمْ يَلْبَثْ أَنْ يَقُومَ أَوْ يَتَحَوَّلَ مِنْ مَكَانِهِ، وَيَسْتَقْبِلُهُمْ بِوَجْهِهِ

سلام پھیرے اور آدمی کو کوئی ضرورت ہو تو امام کا انتظار نہ کرے جب اس نے سلام پھیر دیا تو اپنا چہرہ اُس کی طرف کرے کیونکہ نماز سے الگ ہونے کی نشانی سلام ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ جب آپ سلام پھیرتے تو ٹھہرتے نہ تھے بلکہ کھڑے ہو جاتے یا اپنی جگہ سے پھر جاتے تھے اور لوگوں کی طرف منہ کر لیتے تھے۔

9237- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا كُنْتَ خَلْفَ الْإِمَامِ فَلَا تَرْكَعْ حَتَّى يَرْكَعَ، وَلَا تَسْجُدْ حَتَّى يَسْجُدَ، وَلَا تَرْفَعْ رَأْسَكَ قَبْلَهُ، فَإِذَا فَرَغَ الْإِمَامُ، وَلَمْ يَقُمْ، وَلَمْ يَنْحَرِفْ، وَكَانَتْ لَكَ حَاجَةٌ فَاذْهَبْ، وَدَعْهُ فَقَدْ تَمَّتْ صَلَاتُكَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب تُو امام کے پیچھے ہو تو رکوع نہ کر حتیٰ کہ وہ رکوع کرے سجدہ نہ کر حتیٰ کہ وہ سجدہ کرے اور اس سے پہلے اپنا سر مت اُٹھا پس جب امام فارغ ہو اور کھڑا ابھی نہ ہوا ہو اور پھر بھی نہ ہو اور تجھے کوئی کام ہو تو جا اور امام کو چھوڑ دے تیری نماز مکمل ہے۔

9238- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ -مِنْ أَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ- قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، فُلَانٌ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ وَهُوَ رَاكِعٌ وَيَقْرَأُ وَهُوَ سَاجِدٌ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ رِجَالًا يَقْرَءُونَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ خدمت میں ایک آدمی نے آ کر عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! فلاں آدمی! رکوع اور سجود میں قرأت کرتا ہے۔ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بے شک کچھ لوگ ہوں گے جو قرآن تو پڑھیں گے لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا پس وہ اس کے دل میں داخل ہو کر راسخ ہوا تو اسے نفع ملے گا۔

9237- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3222' قال في المجمع جلد2صفحه79' ورجاله ثقات .

9238- قال في المجمع جلد2صفحه129' ورجاله رجال الصحيح الا أن أبا خالد لم اجد من ترجمه .

الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، فَإِذَا دَخَلَ فِي الْقَلْبِ فَرَسَخَ فِيهِ نَفَعَ

9239- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللهِ إِذَا صَلَّى كَأَنَّهُ ثَوْبٌ مُلْقًى

حضرت اعمش فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ جب نماز پڑھتے تو ایسے محسوس ہوتا تھا گویا کہ کوئی کپڑا پڑا ہے۔

9240- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَارُّوا الصَّلَاةَ فَسُئِلَ مَنْصُورٌ: مَا يَعْنِي بِذَلِكَ؟ فَقَالَ: لِيَتَمَكَّنَ فِي صَلَاتِهِ إِذَا رَكَعَ وَإِذَا سَجَدَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز اطمینان سے پڑھو۔ حضرت منصور سے اس کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا: یعنی رکوع وسجدہ کرتے وقت اطمینان سے رکوع وسجدہ کرو۔

9241- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: قَارُّوا فِي الصَّلَاةِ يَقُولُ: اسْكُنُوا، اطْمَئِنُّوا

حضرت مسروق فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نماز اطمینان اور سکون سے پڑھو۔

9242- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَا يَزَالُ اللَّهُ مُقْبِلًا عَلَى الْعَبْدِ بِوَجْهِهِ مَا لَمْ يَلْتَفِتْ أَوْ يُحْدِثْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بندہ پر اللہ کی رحمت ہمیشہ برستی رہتی ہے جب تک وہ اِدھر اُدھر نہ دیکھے یا بے وضو نہ ہو۔

9239- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3303' قال في المجمع جلد 2صفحه136' ورجاله موثقون والأعمش لم يدرك ابن مسعود .

9241- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:3305' قال في المجمع جلد2صفحه136' ورجاله رجال الصحيح .

9243- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ رَجُلٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، قَالَ: مَرَّ ابْنُ مَسْعُودٍ بِرَجُلٍ صَافٍّ بَيْنَ قَدَمَيْهِ، فَقَالَ: أَمَّا هَذَا فَقَدْ أَخْطَأَ السُّنَّةَ، لَوْ رَاوَحَ بَيْنَهُمَا كَانَ أَحَبَّ إِلَيَّ

حضرت ابوعبیدہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ایک آدمی کے پاس سے گزرے وہ اپنے دونوں قدموں کو ایک دوسرے کے مقابل رکھے ہوئے تھا تو فرمایا: بہرحال اس آدمی نے سنت کی ادائیگی میں خطاء کھائی ہے اگر یہ آدمی دونوں پاؤں کو بار بار بدلتا تو مجھے زیادہ پسند تھا۔

حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، مِثْلَهُ

حضرت ابوعبیدہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيَّانِ، قَالَا: ثنا عُمَرُ بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، نَحْوَهُ

حضرت ابوعبیدہ حضرت عبداللہ سے اسی طرح کی روایت کرتے ہیں۔

9244- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: مَنْ أَدْرَكَ الرَّكْعَةَ فَقَدْ أَدْرَكَ الصَّلَاةَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس کو رکوع مل گیا اُس نے رکعت پالی۔

9245- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس کو رکوع مل گیا اُس نے رکعت پالی۔

9243- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3306' وانظر السنن الكبرى للبيهقي جلد2صفحه288 .

كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ أَدْرَكَ الرَّكْعَةَ فَقَدْ أَدْرَكَ

9246- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، أَنَّ هُبَيْرَةَ بْنَ يَرِيمَ أَخْبَرَهُ، عَنْ عَلِيٍّ، وَابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَا: مَنْ لَمْ يُدْرِكِ الرَّكْعَةَ فَلَا يَعْتَدُّ بِالسَّجْدَةِ

حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جو رکوع میں شامل نہ ہوا اُس کا سجدہ شمار نہیں ہوگا۔

9247- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: مَنْ فَاتَهُ الرُّكُوعُ فَلَا يَعْتَدُّ بِالسُّجُودِ

حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جو رکوع میں شامل نہ ہوا اُس کا سجدہ شمار نہیں ہوگا۔

9248- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَعَبْدُ اللّٰهِ الْمَسْجِدَ، وَالْقَوْمُ رُكُوعٌ فَرَكَعْنَا، ثُمَّ مَشَيْنَا حَتَّى دَخَلْنَا فِي الْقَوْمِ فَرَفَعُوا رُءُوسَهُمْ وَرَفَعْنَا مَعَهُمْ، فَلَمَّا أَنْ فَرَغْنَا مِنَ الصَّلَاةِ قُمْتُ لِأَقْضِيَ، فَحَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ، فَقَالَ: قَدْ أَتْمَمْتَ الصَّلَاةَ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت عبداللہ مسجد میں داخل ہوئے نماز باجماعت ہو رہی تھی اور لوگ رکوع میں تھے تو ہم نے بھی رکوع کر لیا' پھر ہم چل کر قوم میں داخل ہوئے' پس اُنہوں نے سر اُٹھائے تو ہم نے ان کے ساتھ سر اُٹھائے' پس جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو میں نماز پوری کرنے کیلئے کھڑا ہو گیا' پس حضرت عبداللہ نے مجھے حدیث سنائی کہ تیری نماز مکمل ہو گئی تھی۔

9249- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت

9246- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3371' قال في المجمع جلد2صفحه76' ورجاله موثقون .

9247- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3372' والبيهقي جلد2صفحه90 .

9248- قال في المجمع جلد2صفحه77' ورجاله ثقات .

9249- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3381 .

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: دَخَلْتُ أنا وَابْنُ مَسْعُودٍ الْمَسْجِدَ، وَالْإِمَامُ رَاكِعٌ فَرَكَعْنَا، ثُمَّ مَضَيْنَا حَتَّى اسْتَوَيْنَا بِالصَّفِّ، فَلَمَّا فَرَغَ الْإِمَامُ قُمْتُ أَقْضِي، فَقَالَ: قَدْ أَدْرَكْتَهُ

عبداللہ مسجد میں داخل ہوئے' نماز باجماعت ہو رہی تھی اور لوگ رکوع میں تھے تو ہم نے بھی رکوع کر لیا' پھر ہم چل کر قوم میں داخل ہوئے' پس اُنہوں نے سر اُٹھائے تو ہم نے ان کے ساتھ سر اُٹھائے' پس جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو میں نماز پوری کرنے کیلئے کھڑا ہو گیا' پس حضرت عبداللہ نے مجھے حدیث سنائی کہ تیری نماز مکمل ہو گئی تھی۔

9250- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ مَعَ ابْنِ مَسْعُودٍ، وَالنَّاسُ رُكُوعٌ فَرَكَعَ، وَرَكَعْتُ مَعَهُ، وَمَشَيْنَا رَاكِعِينَ فَانْتَهَيْنَا إِلَى الصَّفِّ، فَرَفَعُوا رُءُوسَهُمْ فَصَلَّيْنَا صَلَاتَنَا، فَلَمَّا سَلَّمَ الْإِمَامُ ظَنَنْتُ أَنْ قَدْ فَاتَتْنِي فَقُمْتُ لِأَقْضِيَ، فَجَذَبَنِي ابْنُ مَسْعُودٍ، وَقَالَ: إِنَّكَ قَدْ أَدْرَكْتَ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت عبداللہ مسجد میں داخل ہوئے' نماز باجماعت ہو رہی تھی اور لوگ رکوع میں تھے تو ہم نے بھی رکوع کر لیا' پھر ہم چل کر قوم میں داخل ہوئے' پس اُنہوں نے سر اُٹھائے تو ہم نے ان کے ساتھ سر اُٹھائے' پس جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو میں نماز پوری کرنے کیلئے کھڑا ہو گیا' پس حضرت عبداللہ نے مجھے حدیث سنائی کہ تیری نماز مکمل ہو گئی تھی۔

9251- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَا بَأْسَ أَنْ تَرْكَعَ دُونَ الصَّفِّ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صف کے علاوہ رکوع کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے' یعنی رکوع کرنے کے بعد قدم اُٹھا کر صف کے ساتھ مل جائے۔

9252- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تم

9250- ورواه البيهقي جلد2صفحه30 من طريق أبي الأحوص عن منصور به .

9251- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3382' قال في المجمع جلد 2صفحه96' وقتادة لم يسمع من ابن مسعود ورجاله ثقات .

9252- قال في المجمع جلد2صفحه77' وفيه زيد بن احمر ولم أجد من ذكره .

حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ النَّخَعِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَحْمَرَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا رَكَعَ أَحَدُكُمْ فَمَشَى إِلَى الصَّفِّ قَبْلَ أَنْ يَرْفَعُوا رُءُوسَهُمْ فَإِنَّهُ يَعْتَدُّ بِهَا، وَإِنْ رَفَعُوا رُءُوسَهُمْ قَبْلَ أَنْ يَصِلَ إِلَى الصَّفِّ فَلَا يَعْتَدُّ بِهَا

میں سے کوئی رکوع کرے اور صف کی طرف چلے' لوگوں کے رکوع سے سر اُٹھانے سے پہلے تو اس نے رکوع پالیا' اگر اُنہوں نے رکوع سے سر اُٹھالیا صف تک پہنچنے سے پہلے تو اُس نے رکوع نہیں پایا۔

9253- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ أَدْرَكَ قَوْمًا جُلُوسًا فِي آخِرِ صَلَاتِهِمْ، فَقَالَ: قَدْ أَدْرَكْتُمْ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کچھ لوگوں کو صف کے پیچھے رکوع کرتے ہوئے پایا' آپ نے فرمایا: اگر اللہ نے چاہا تو رکوع پالیا۔

9254- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: دَخَلَ عَبْدُ اللّٰهِ الْمَسْجِدَ، وَدَخَلَ مَعَهُ فَرَكَعَ الْإِمَامُ فَرَكَعْنَا قَبْلَ أَنِ انْتَهَيْنَا إِلَى الصَّفِّ، ثُمَّ انْتَهَيْنَا إِلَى الصَّفِّ حِينَ قَالَ الْإِمَامُ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، فَلَمَّا سَلَّمَ الْإِمَامُ قَامَ صَاحِبُ عَبْدِ اللّٰهِ لِيَقْضِيَ، فَأَخَذَ عَبْدُ اللّٰهِ بِثَوْبِهِ، فَقَالَ: اجْلِسْ فَقَدْ أَدْرَكْتَ الصَّلَاةَ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے' میں بھی آپ کے ساتھ داخل ہوا' امام رکوع میں تھا' ہم نے صف میں پہنچنے سے پہلے رکوع کر لیا' پھر صف تک رکوع میں پہنچے' جس وقت امام نے سمع اللّٰہ لمن حمدہ کہا' جب امام نے سلام پھیرا تو حضرت عبداللہ کا ساتھی رکعت مکمل کرنے کے لیے کھڑا ہوا' حضرت عبداللہ نے اس کو کپڑے سے پکڑا' فرمایا: بیٹھ جاؤ' تمہاری نماز مکمل ہوگئی ہے۔

9255- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ

حضرت سلمہ بن کہیل فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نماز کے لیے دوڑ کر گئے' آپ سے اس

9253- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3387' قال في المجمع جلد 2صفحه77' وقتاده لم يسمع من ابن مسعود. كذا في المخطوطتين مع وضع اشارة الخطا على أدركتم' ولفظه عند عبد الرزاق: قد أدركت ان شاء الله .

9255- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:3410' قال في المجمع جلد2صفحه32' وسلمة لم يسمع من ابن مسعود .

قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ سَعَى إِلَى الصَّلَاةِ فَقِيلَ لَهُ فَقَالَ: أَوَلَيْسَ أَحَقُّ مَا سَعَيْتُ إِلَيْهِ الصَّلَاةُ؟

کے متعلق عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا: کیا نماز دوڑ کر جانے کی زیادہ حق دار نہیں ان چیزوں سے جن کی طرف میں (یا تم) دوڑ کر جاتا ہوں؟

9256- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا شَكَّ الرَّجُلُ فِي صَلَاتِهِ فَلَمْ يَدْرِ أَثَلَاثًا صَلَّى أَمِ اثْنَتَيْنِ؟ فَلْيَبْنِ عَلَى أَوْثَقِ ذَلِكَ، ثُمَّ يَسْجُدُ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب آدمی کو اپنی نماز میں شک ہو جائے اور اس کو معلوم نہ ہو کہ اس نے تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار؟ تو یقین پر نماز شروع کرے، پھر سہو کے دو سجدے کرے۔

9257- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبِيدَةَ السَّلْمَانِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ قَالَ: يَتَحَرَّى أَصْوَبَ ذَلِكَ، وَيَسْجُدُ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ غور وفکر کرنا زیادہ بہتر ہے اور دو سجدے سہو کے کرے۔

9258- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، وَعَلْقَمَةَ، وَأَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ، كَانَ يَقُولُ فِي السَّهْوِ يَتَحَرَّى الصَّوَابَ، وَيَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ، وَهُوَ جَالِسٌ بَعْدَ التَّسْلِيمِ

حضرت اسود، حضرت علقمہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے دیگر اصحاب روایت فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ نماز میں بھولنے کی صورت میں فرماتے: نماز میں غور وفکر کرے پھر دو سجدے سہو کے سلام کے بعد بیٹھ کر کرے۔

9259- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، عَنْ عَبْدِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب

9256- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3468 .

9259- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3491 .

الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: السَّهْوُ إِذَا قَامَ فِيمَا يُجْلَسُ فِيهِ، أَوْ قَعَدَ فِيمَا يُقَامُ فِيهِ، أَوْ سَلَّمَ فِي رَكْعَتَيْنِ فَإِنَّهُ يَفْرُغُ مِنْ صَلَاتِهِ، وَيَسْجُدُ سَجْدَتَيْنِ، وَهُوَ جَالِسٌ يَتَشَهَّدُ فِيهِمَا

بیٹھنے کی جگہ کھڑا ہو جائے اور کھڑا ہونے کی جگہ بیٹھ جائے تو سجدۂ سہو واجب ہوگا یا دو رکعتوں میں سلام پھیر دے کیونکہ وہ اپنی نماز سے فارغ ہو گیا ہے اور وہ دو سجدے کرے اس حال میں کہ وہ بیٹھا ہوا اور ان میں تشہد پڑھے۔

9260- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِذَا قُمْتَ أَوْ جَلَسْتَ أَوْ سَلَّمْتَ فَاسْجُدْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، ثُمَّ تَشَهَّدْ، ثُمَّ سَلِّمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب تُو (بھول کر) کھڑا ہو یا بیٹھ جائے یا سلام پھیر دے تو دو سجدے سہو کے کر' پھر التحیات پڑھ اور سلام پھیر دے۔

9261- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَوْ غَيْرِهِ: أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، رَأَى رَجُلَيْنِ يُصَلِّيَانِ، أَحَدُهُمَا مُسْبِلٌ إِزَارَهُ، وَالْآخَرُ لَا يُتِمُّ رُكُوعَهُ، وَلَا سُجُودَهُ فَضَحِكَ، فَقَالُوا: مَا يُضْحِكُكَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ؟ قَالَ: عَجِبْتُ لِهَذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ، أَمَّا الْمُسْبِلُ إِزَارَهُ فَلَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِ، وَأَمَّا الْآخَرُ فَلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَلَاتَهُ

قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے دو آدمیوں کو نماز پڑھتے دیکھا' ان میں ایک کا تہبند لٹک رہا تھا اور دوسرا رکوع اچھا نہیں کر رہا تھا اور نہ سجدہ۔ آپ مسکرائے' اُنہوں نے آپ سے عرض کی: اے ابوعبداللہ! آپ کیوں مسکراتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: مجھے ان دونوں پر تعجب ہو رہا ہے' تہبند لٹکانے والے کی طرف ربِ تعالیٰ نظرِ رحمت نہیں کرتا ہے اور دوسرے کی نماز قبول نہیں کرتا ہے۔

9262- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، أنا حَمَّادٌ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: بَيْنَا ابْنُ مَسْعُودٍ جَالِسٌ مَعَ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: اسی دوران کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے شاگردوں کے ساتھ مسجد میں بیٹھے تھے' جب دو آدمی داخل ہوئے اور دوستونوں کے

9261- قال في المجمع جلد2صفحه122' واسناده منقطع بين ابن مسعود وقتادة ورجاله ثقات . ورواه عبد الرزاق رقم الحديث:2735 .

أَصْحَابِهِ فِي الْمَسْجِدِ، إِذْ دَخَلَ رَجُلَانِ فَقَامَا خَلْفَ سَارِيَتَيْنِ، فَصَلَّى أَحَدُهُمَا قَدْ أَسْبَلَ إِزَارَهُ، وَالْآخَرُ لَا يُتِمُّ رُكُوعَهُ، وَلَا سُجُودَهُ، فَجَعَلَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَنْظُرُ إِلَيْهِمَا، فَقَالَ جُلَسَاؤُهُ: لَقَدْ شَغَلَكَ هَذَانِ عَنَّا، قَالَ: أَجَلْ أَمَّا هَذَا فَلَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِ -يَعْنِي الْمُسْبِلَ إِزَارَهُ- وَأَمَّا هَذَا فَلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ -يَعْنِي الَّذِي لَا يُتِمُّ رُكُوعَهُ، وَلَا سُجُودَهُ-

پیچھے کھڑے ہو گئے۔ پس ان میں سے ایک نے اس طرح نماز پڑھی کہ اس کی چادر لٹکی ہوئی تھی' دوسرے نے رکوع و سجود مکمل نہ کیے۔ پس حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ان کی طرف دیکھنے لگے تو ان کے پاس بیٹھنے والوں نے کہا: آپ ہمیں چھوڑ کر انہیں دیکھنے لگے ہیں۔ فرمایا: جی ہاں! بہرحال یہ۔ پس اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا' یعنی جو چادر لٹکانے والا ہے' لیکن یہ (دوسرا) پس اللہ تعالیٰ اس سے کوئی چیز قبول نہ فرمائے گا یعنی جو رکوع و سجود مکمل نہیں کر رہا ہے۔

9263- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ رَأَى أَعْرَابِيًّا يُصَلِّي قَدْ أَسْبَلَ إِزَارَهُ، فَقَالَ: الْمُسْبِلُ إِزَارَهُ فِي الصَّلَاةِ لَيْسَ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِي حِلٍّ، وَلَا حَرَامٍ

حضرت ابوعثمان نہدی فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک دیہاتی کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا اس حالت میں کہ اس کا تہبند لٹک رہا تھا' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نماز میں تہبند لٹکانے کی اجازت اللہ کی طرف سے نہیں ہے' نہ حلال اور حرام ہونے میں۔

9264- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فِي الرَّجُلِ يَفُوتُهُ بَعْضُ الصَّلَاةِ مَعَ الْإِمَامِ، قَالَ: يَجْعَلُ مَا يُدْرِكُ مَعَ الْإِمَامِ آخِرَ صَلَاتِهِ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آدمی کے متعلق پوچھا گیا جس کی کچھ نماز امام کے ساتھ رہ جائے' آپ نے فرمایا: جو امام کے ساتھ نہیں پڑھی وہ بعد میں پڑھ لے۔

9265- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت امام شعبی سے مروی ہے کہ حضرت جندب

9264- قال في المجمع جلد2صفحه76' ورجاله رجال الصحيح .

9265- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:3165' قال في المجمع جلد2صفحه76' وفيه جابر الجعفي والأكثر على تضعيفه . وقال رواه الطبراني في الكبير بأسانيد بعضها ساقط منه رجل .

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، أَنَّ جُنْدُبًا، وَمَسْرُوقًا، أَدْرَكَا رَكْعَةً مِنَ الْمَغْرِبِ فَقَرَأَ جُنْدُبٌ، وَلَمْ يَقْرَأْ مَسْرُوقٌ خَلْفَ الْإِمَامِ، فَلَمَّا سَلَّمَ الْإِمَامُ قَامَا يَقْضِيَانِ، فَجَلَسَ مَسْرُوقٌ فِي الثَّانِيَةِ وَالثَّالِثَةِ، وَقَامَ جُنْدُبٌ فِي الثَّانِيَةِ فَلَمْ يَجْلِسْ، فَلَمَّا انْصَرَفَا تَذَاكَرَا ذَلِكَ فَأَتَيَا ابْنَ مَسْعُودٍ فَقَالَ: كُلٌّ قَدْ أَصَابَ -أَوْ قَالَ: كُلٌّ قَدْ أَحْسَنَ -وَنَفْعَلُ كَمَا فَعَلَ مَسْرُوقٌ

اور حضرت مسروق نے مغرب کی ایک رکعت پائی' پس حضرت جندب نے امام کے پیچھے قرأت کی اور حضرت مسروق نے قرأت نہ کی' پس جب امام صاحب نے سلام پھیرا تو دونوں بقیہ نماز ادا کرنے کیلئے کھڑے ہوئے' پس حضرت مسروق نے دوسری کے آخر میں بھی اور تیسری رکعت پڑھی کر بھی قعدہ کیا لیکن حضرت جندب دوسری رکعت پڑھ کر کھڑے ہو گئے یا قعدہ نہ کیا۔ پس جب دونوں نے نماز پڑھ لی تو باہم مذاکرہ کرنے لگے تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ آپ نے فرمایا: دونوں کی نماز ہو گئی' یا فرمایا: دونوں نے اچھا کیا لیکن ہم حضرت مسروق کی طرح کرتے ہیں۔

9266- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ جَعْفَرٍ الْجَزَرِيِّ، عَنِ الْحَكَمِ، أَنَّ جُنْدُبًا، وَمَسْرُوقًا أَدْرَكَا رَكْعَةً مِنَ الْمَغْرِبِ فَقَرَأَ أَحَدُهُمَا فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْأَخِيرَتَيْنِ مَا فَاتَهُ مِنَ الْقِرَاءَةِ، وَلَمْ يَقْرَأِ الْآخَرُ فِي رَكْعَةٍ، فَسُئِلَ ابْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: كِلَاهُمَا مُحْسِنٌ، وَإِنِّي أَصْنَعُ كَمَا صَنَعَ هَذَا الَّذِي قَرَأَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ

حضرت حکم سے روایت ہے کہ حضرت جندب اور حضرت مسروق دونوں نے مغرب کی جماعت سے ایک رکعت پائی' پس ان دونوں میں سے ایک نے آخری دونوں رکعتوں میں قرأت کی' جو قرأت اس سے فوت ہو گئی تھی' لیکن دوسرے ساتھی نے ایک رکعت میں قرأت نہ کی۔ پس حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا: دونوں اچھا کام کرنے والے ہیں لیکن میں ایسے کرتا ہوں جیسے اس دونوں رکعتوں میں قرأت کرنے والے نے کیا ہے۔

9267- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ جُنْدُبًا، وَمَسْرُوقًا،

حضرت ابراہیم سے مروی ہے کہ حضرت جندب اور حضرت مسروق نے مغرب کی نماز سے صرف ایک رکعت پائی' پس جب امام نے سلام پھیرا تو دونوں بقیہ نماز پڑھنے

9266- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3166 .

أَدْرَكَا مِنْ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ رَكْعَةً، فَلَمَّا سَلَّمَ الْإِمَامُ قَامَا يَقْضِيَانِ، فَقَامَ جُنْدُبٌ فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ، وَقَعَدَ مَسْرُوقٌ فِيهِمَا جَمِيعًا، فَقَالَا لِابْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: كِلَاكُمَا قَدْ أَحْسَنَ، وَأَصْنَعُ كَمَا صَنَعَ مَسْرُوقٌ

لگے پس حضرت جندب دوسری رکعت میں کھڑے ہوئے اور حضرت مسروق نے دونوں میں قعدہ کیا تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے عرض کی آپ نے فرمایا: دونوں نے اچھا کیا لیکن میں مسروق کی طرح کرتا ہوں۔

9268- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: صَلَّى جُنْدُبٌ، وَمَسْرُوقٌ فِي مَسْجِدِ الْمَغْرِبَ، وَلَمْ يُدْرِكَا مَعَ الْإِمَامِ إِلَّا رَكْعَةً، فَقَامَا يَقْضِيَانِ، فَقَعَدَ مَسْرُوقٌ فِي الثَّانِيَةِ، وَقَامَ جُنْدُبٌ فِي أَوَّلِ رَكْعَةٍ مِنَ الْقَضَاءِ، فَأَتَيَا عَبْدَ اللّٰهِ، فَذَكَرَا ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ: كِلَاكُمَا قَدْ أَحْسَنَ، وَافْعَلُوا كَمَا فَعَلَ مَسْرُوقٌ

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: حضرت جندب اور حضرت مسروق نے مغرب کی نماز مسجد میں جماعت کے ساتھ پڑھی لیکن دونوں نے امام کے ساتھ صرف ایک رکعت پائی۔ پس دونوں حضرات کھڑے ہوئے تاکہ بقیہ نماز ادا کریں تو حضرت مسروق نے دوسری رکعت پڑھ کر قعدہ کیا لیکن حضرت جندب قضا کی پہلی رکعت (دوسری) میں کھڑے ہو گئے پس دونوں حضرت عبداللہ کی خدمت میں آئے اور دونوں نے اس بات کا تذکرہ کیا۔ آپ نے فرمایا: تم دونوں نے اچھا کیا لیکن اے لوگو! تم ایسے کیا کرو جیسے حضرت مسروق نے کیا ہے۔

9269- حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ مَسْرُوقًا، وَجُنْدَبًا انْتَهَيَا إِلَى الْإِمَامِ وَقَدْ سُبِقَا بِرَكْعَةٍ، فَلَمْ يَقْرَأْ مَسْرُوقٌ وَقَرَأَ جُنْدُبٌ، فَذَكَرُوا ذٰلِكَ لِعَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: كِلَاكُمَا لَمْ يَأْلُ عَنِ الْأَمْرِ، وَالْقَوْلُ مَا صَنَعَ مَسْرُوقٌ

حضرت ابراہیم سے مروی ہے کہ حضرت مسروق اور حضرت جندب دونوں امام تک پہنچ تو گئے لیکن دونوں سے ایک رکعت سبقت لے لی گئی تھی پس حضرت مسروق نے قرأت کی اور حضرت جندب نے قرأت نہ کی پس انہوں نے حضرت عبداللہ کے سامنے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: دونوں نے حکم نہیں چھوڑا لیکن راجح قول وہ ہے جو حضرت مسروق نے کیا۔

9270- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ،

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی

9270- قال فی المجمع جلد 1 صفحه305 وقتادة لم يسمع من ابن مسعود ورجاله موثقون . رواه عبد الرزاق

عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: إِنَّ لِلصَّلاةِ وَقْتًا كَوَقْتِ الْحَجِّ

اللہ عنہ نے فرمایا: نماز کا وقت بھی حج کے وقت کی طرح ہے۔

9271- حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أنا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: سَوُّوا صُفُوفَكُمْ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَتَخَلَّلُهَا كَالْخَذْفِ -أَوْ كَأَوْلَادِ الْخَذْفِ-

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم اپنی صفیں درست رکھا کرو کیونکہ شیطان صفوں کے درمیان داخل ہوتا ہے خذف کی طرح یا خذف کی اولاد کی طرح۔ (نوٹ: خذف کا معنی ہے: دو انگلیوں میں کنکری رکھ کر پھینکا)

9272- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: لَا يُرْكَعُ قَبْلَ الْإِمَامِ، وَلَا يُرْفَعُ قَبْلَهُ، وَلَا يُسْجَدُ قَبْلَهُ، وَلَا يُرْفَعُ قَبْلَهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: امام سے پہلے رکوع نہ کیا جائے نہ امام سے پہلے رکوع سے سر اُٹھایا جائے سجدہ اور نہ سجدہ میں جائے اور نہ امام سے پہلے سر اُٹھانا جائز ہے۔

9273- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: إِنَّمَا جُعِلَ الْإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوا، وَلَا تَسْبِقُوهُ إِذَا رَكَعَ، وَلَا إِذَا رَفَعَ، وَلَا إِذَا سَجَدَ، فَإِنْ كُنْتُمْ إِنَّمَا بِكُمْ أَنْ تُدْرِكُوا مَا سَبَقَكُمْ بِهِ، فَإِنَّهُ يَسْجُدُ قَبْلَكُمْ، وَيَرْفَعُ قَبْلَكُمْ فَتُدْرِكُوا ذَلِكَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ امام ہوتا ہے اس لیے ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے جب رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو جب رکوع سے سر اُٹھائے تو تم بھی رکوع سے سر اُٹھاؤ جب رکوع کرے تو نہ اُس سے پہلے رکوع کرو اور نہ رکوع سے اُٹھو نہ امام سے پہلے سجدہ کرو کیونکہ وہ تم سے پہلے سجدہ کرتا ہے اور سجدہ سے اُٹھتا ہے۔

رقم الحديث: 3747 .

9271- قال في المجمع جلد2صفحه90' ورجاله ثقات . وقال جلد2صفحه91' ورجاله موثقون .

9272- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3756 بدون ولا يسجد قبله ولا يرفع قبله .

9273- قال في المجمع جلد2صفحه78' ورجاله موثقون .

9274- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ شَيْخٍ، مِنْ طَيِّءٍ، قَالَ: مَرَّ ابْنُ مَسْعُودٍ عَلَى مَسْجِدٍ لَنَا، فَتَقَدَّمَ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، ثُمَّ قَالَ: نَحُجُّ بَيْتَ رَبِّنَا، وَنَقْضِي الدَّيْنَ، وَهُوَ مِثْلَ الْقَطَوَاتِ يَهْوِينَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا سَمِعْنَا بِهَذَا فِي الْمِلَّةِ الْآخِرَةِ إِنْ هَذَا إِلَّا اخْتِلَاقٌ فَانْصَرَفَ عَبْدُ اللّٰهِ

طی ء کے ایک شیخ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہماری مسجد کے پاس سے گزرے اس قبیلہ والوں میں سے ایک آدمی آگے کھڑا ہو کر نماز پڑھا رہا تھا' اس نے سورۂ فاتحہ پڑھی اور پھر پڑھا: ہم اپنے رب کے گھر کا حج کرتے ہیں' قرض ادا کرتے ہیں اور وہ ان پرندوں کی تعداد کے برابر ہے جو چلتے ہیں۔ تو حضرت عبداللہ نے فرمایا: ہم نے (ایسی بات تو) پچھلے دین میں (بھی) نہ سنی' یہ تو (ان کی اپنی) گھڑی ہوئی بات ہی ہے اور (یہ کہہ کر) حضرت عبداللہ چلے گئے۔

9275- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، أَنَّ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدَ، أَقْبَلَا مَعَ ابْنِ مَسْعُودٍ إِلَى الْمَسْجِدِ فَاسْتَقْبَلَهُمُ النَّاسُ قَدْ صَلُّوا، فَرَجَعَ بِهِمَا إِلَى الْبَيْتِ فَجَعَلَ أَحَدَهُمَا عَنْ يَمِينِهِ، وَالْآخَرَ عَنْ شِمَالِهِ، ثُمَّ صَلَّى بِهِمَا

حضرت ابراہیم فرماتے ہیں کہ حضرت علقمہ اور اسود دونوں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ مسجد میں آئے' لوگوں نے آپ کا استقبال کیا' وہ لوگ نماز پڑھ چکے تھے' پس آپ ان دونوں کو لے کر گھر آئے' ایک کو دائیں طرف اور دوسرے کو بائیں طرف کھڑا کیا پھر ان دونوں کو نماز پڑھائی۔

9276- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ صَلَّى بِعَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ فَقَامَ هَذَا عَنْ يَمِينِهِ، وَهَذَا عَنْ يَسَارِهِ، ثُمَّ قَامَ بَيْنَهُمَا

حضرت ابراہیم' حضرت علقمہ سے روایت فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے حضرت علقمہ اور اسود کو نماز پڑھائی' ایک کو دائیں جانب اور دوسرے کو بائیں جانب کھڑا کیا اور خود دونوں کے درمیان کھڑے ہوئے۔

9274- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 3855' قال في المجمع جلد 2صفحه66' وهذا الشيخ الطائي لا أعرفه وبقية رجاله ثقات ۔

9275- ورواه عبد الرزاق رقم الحديث:3883 ۔

9276- رواه عبد الرزاق رقم الحديث:3884 ۔

9277- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ صَلَّى بِهِ وَبِالْأَسْوَدِ فَقَامَ بَيْنَهُمَا

حضرت علقمہ روایت فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی' آپ میرے اور اسود کے درمیان کھڑے ہوئے۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، مِثْلَ ذَلِكَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت ہے۔

کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! بے شک اس دن جہنم کی ایسی آواز (چنگھاڑ) ہوگی کہ مقرب فرشتے اور نبی مرسل بھی اپنے گھٹنوں کے بل جا گریں گے حتیٰ کہ حضرت ابراہیم جو کہ اللہ کے خلیل ہیں نفسی نفسی پکاریں گے حتیٰ کہ اگر تیرے پاس ستر نبیوں کا عمل ہوگا تو بھی تُو گمان کرے گا کہ نجات مشکل ہے۔ اور یہ الفاظ حضرت زید بن ابوانیسہ کی حدیث کے ہیں۔

9649- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، ثنا أَبِي، ثنا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ، ثنا أَبُو طَيْبَةَ، عَنْ كُرْزِ بْنِ وَبَرَةَ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ أَرْبَعِينَ سَنَةً شَاخِصَةً أَبْصَارُهُمْ يَنْتَظِرُونَ فَصْلَ الْقَضَاءِ حَتَّى يَلْتَهِمَهُمُ الْعَرَقُ مِنْ شِدَّةِ الْكَرْبِ، ثُمَّ يَنْزِلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَيَجْثُو الْأُمَمُ وَيُنَادِي: أَيُّهَا النَّاسُ، أَلَا تَرْضَوْنَ مِنْ رَبِّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَأَمَرَكُمْ بِعِبَادَتِهِ، ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ عَنْهُ وَكَفَرْتُمْ نِعْمَتَهُ أَنْ يُخَلِّيَ بَيْنَكُمْ، وَبَيْنَ مَا تَوَلَّيْتُمْ، يَتَوَلَّى كُلُّ إِنْسَانٍ مَا تَوَلَّى، فَيُنَادِي مُنَادٍ مَنْ كَانَ يَتَوَلَّى شَيْئًا فَلْيَلْزَمْهُ، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ مَنْ كَانَ تَوَلَّى حَجَرًا أَوْ عُودًا أَوْ دَابَّةً ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم نے فرمایا: (قیامت کے دن) لوگ رب العالمین کے لیے چالیس سال اس طرح کھڑے ہوں گے کہ ان کی آنکھیں اوپر لگی ہوں گی فیصلہ کی گھڑی ختم ہونے کا انتظار کرتے ہوں گے اس سخت مصیبت کے سبب ان کا پسینہ بہہ رہا ہوگا پھر اللہ تعالیٰ (اپنی شان کے مطابق) نزولِ اجلال فرمائے گا اُمتیں گھٹنوں کے بل بیٹھ جائیں گی یا انگلیوں کے کناروں پر کھڑی ہو جائیں گی۔ نداء آئے گی: اے لوگو! کیا تم اپنے رب سے راضی نہیں ہو جس نے تمہیں پیدا کیا اور تمہیں اپنی عبادت کا حکم دیا پھر تم نے اس سے منہ پھیر لیا اور اس کی نعمتوں کی ناشکری کی کہ وہ تمہارے اور ان کے درمیان معاملہ کھلا چھوڑ دے جن سے تم نے دوستی کی جس سے بھی (دنیا میں) ہر آدمی دوستی کرتا تھا۔ ایک نداء دینے والا نداء کرے گا: جو آدمی جس چیز سے محبت کرتا تھا وہ اسی کے ساتھ ہو جائے۔ فرمایا: جو پتھر سے دوستی کرتا تھا (عبادت کرتا تھا) یا لکڑی یا جانور سے وہ اس کی طرف چلا جائے گا۔ پھر اس کے بعد حضرت زید بن ابوانیسہ کی

حدیث جیسی حدیث بیان کی ہے۔

وَمِنْ مُسْنَدِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایات کردہ احادیث

9650- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا خَلَفُ بْنُ مُوسَى بْنِ خَلَفٍ الْعَمِّيُّ، ثنا أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، وَالْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: تَحَدَّثْنَا ذَاتَ لَيْلَةٍ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَكْرَانَا الْحَدِيثُ، فَلَمَّا أَصْبَحْنَا غَدَوْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأَنْبِيَاءُ بِأَتْبَاعِهَا مِنْ أُمَّتِهَا، فَإِذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ الثُّلَّةُ مِنْ أُمَّتِهِ، وَإِذَا النَّبِيُّ لَيْسَ مَعَهُ أَحَدٌ، وَقَدْ أَنْبَأَكُمُ اللّٰهُ عَنْ قَوْمِ لُوطٍ فَقَالَ (أَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَشِيدٌ) (هود: 78)، قَالَ: حَتَّى مَرَّ مُوسَى بْنُ عِمْرَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ مَعَهُ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ، قُلْتُ: يَا رَبِّ، فَأَيْنَ أُمَّتِي؟ قَالَ: انْظُرْ عَنْ يَمِينِكَ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک رات ہم حدیثیں پڑھ رہے تھے یہاں تک کہ ہم پر نیند طاری کر دی گئی‘ پس جب ہم نے صبح کی تو ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا: میرے اوپر انبیاء اپنی اُمتوں کے متبعین سمیت پیش کیے گئے تو کسی نبی علیہ السلام کی اُمت کا بڑا گروہ اس کے ساتھ تھا اور کسی نبی علیہ السلام کے ساتھ کوئی ایک آدمی بھی نہ تھا (کیونکہ بعض نبی صرف اپنے نفس کی اصلاح کیلئے بھی دنیا پہ آئے ہیں)۔ قومِ لوط کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے تمہیں یوں آگاہ فرمایا: ”کیا تم میں سے کوئی بھی عقلمند آدمی نہیں ہے“ یہاں تک کہ حضرت موسیٰ بن عمران‘ بنی اسرائیل میں سے اپنے ساتھیوں کے ساتھ گزرے۔ میں نے عرض کی: اے میرے رب! میری اُمت کہاں ہے؟ فرمایا: اپنی دائیں طرف دیکھیں‘ (جب میں نے دیکھا) تو مکہ کے پہاڑوں کی طرح پہاڑ ہیں جو

9650- رواه أحمد رقم الحديث: 3964,3987,3819,3806 مختصرًا ومطولًا وأبو يعلى جلد 2صفحه297 باختصار كثير والبزار جلد 1صفحه238-239 قال في المجمع جلد10 صفحه406' وأحد أسانيد أحمد والبزار رجاله رجال الصحيح وقال جلد 9صفحه305' ورجالهما في المطول رجال الصحيح . وصحح الحافظ في الفتح جلد 11 صفحه407 اسناد أحمد . ورواه ابن حبان رقم الحديث: 2646,2645,2644' وصححه بن كثير في تفسيره جلد 1 صفحه393 .

فَإِذَا الظِّرَابُ ظِرَابُ مَكَّةَ قَدْ سُدَّ مِنْ وُجُوهِ الرِّجَالِ، قَالَ: أَرَضِيتَ يَا مُحَمَّدُ؟ قُلْتُ: رَضِيتُ رَبِّ، قَالَ: انْظُرْ عَنْ يَسَارِكَ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا الْأُفُقُ قَدْ سُدَّ مِنْ وُجُوهِ الرِّجَالِ، قَالَ: أَرَضِيتَ يَا مُحَمَّدُ؟ قُلْتُ: رَضِيتُ رَبِّ، قَالَ: فَإِنَّ مَعَ هَؤُلَاءِ سَبْعِينَ أَلْفًا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ. فَأَتَى عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ الْأَسَدِيُّ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ، ثُمَّ قَامَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، فَقَالَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ، ثُمَّ قَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِ اسْتَطَعْتُمْ بِأَبِي أَنْتُمْ وَأُمِّي، أَنْ تَكُونُوا مِنَ السَّبْعِينَ فَكُونُوا، فَإِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ الظِّرَابِ، فَإِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ الْأُفُقِ؛ فَإِنِّي قَدْ رَأَيْتُ أُنَاسًا يَتَهَاوَشُونَ كَثِيرًا، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ مَنْ يَتْبَعُنِي مِنْ أُمَّتِي رُبُعَ الْجَنَّةِ، فَكَبَّرَ الْقَوْمُ، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ شَطْرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَكَبَّرَ الْقَوْمُ، ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ (ثُلَّةٌ مِنَ الْأَوَّلِينَ وَقَلِيلٌ مِنَ الْآخِرِينَ) (الواقعة:14)، فَتَذَاكَرُوا بَيْنَهُمْ: مَنْ هَؤُلَاءِ السَّبْعُونَ الْأَلْفِ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: قَوْمٌ وُلِدُوا فِي الْإِسْلَامِ فَمَاتُوا عَلَيْهِ، حَتَّى رُفِعَ الْحَدِيثُ

لوگوں کے چہروں سے ڈھکے ہوئے ہیں۔ فرمایا: اے محمد! راضی ہو؟ میں نے عرض کی: اے میرے رب! راضی ہوں۔ فرمایا: (اب) بائیں طرف نظر کرو! پس میں نے ملاحظہ کیا تو زمین کا کنارہ لوگوں کے چہروں سے ڈھکا ہوا ہے۔ فرمایا: اے محمد! راضی ہو! میں نے عرض کی: اے میرے رب! راضی ہوں۔ فرمایا: ان سب کے ساتھ ستر ہزار جنت میں بغیر حساب کے داخل ہوں گے۔ (یہ بات سن کر) حضرت عکاشہ بن محصن اسدی رضی اللہ عنہ نے آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان لوگوں میں سے بنا دے! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! اس کو اُن میں سے بنا دے! پھر ایک اور آدمی کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان میں سے بنا دے! فرمایا: عکاشہ تم پر سبقت لے گئے۔ پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں سے فرمایا: تم پر میرے ماں باپ قربان! اگر تم سے ہو سکے اُن ستر سے ہونا تو ان سے ہو جانا' پس اگر تم عاجز ہو اور تمہارے عمل کوتاہ ہوں تو پہاڑ والوں سے ہونا۔ پس اگر تم عاجز ہو اور تمہارے عمل کوتاہ ہوں تو کنارے والوں سے ہونا کیونکہ میں نے کئی لوگوں کو ایک دوسرے سے ملتا جلتا دیکھا ہے۔ پھر فرمایا: مجھے اُمید ہے کہ میرے اُمتی تمام جنت والوں کا چوتھائی حصہ ہوں گے' تو قوم نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا۔ پھر فرمایا: بے شک مجھے اُمید ہے کہ وہ جنتیوں کا ایک حصہ ہوں گے تو قوم نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''اوّلین میں بڑا گروہ اور

إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هُمُ الَّذِينَ لَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَتَطَيَّرُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ

آخرین میں سے تھوڑے''۔ پس لوگوں نے آپس میں ایک دوسرے سے مذاکرہ کیا کہ وہ ستر ہزار کون ہیں؟ بعض لوگوں نے کہا: وہ گروہ جو اسلام میں پیدا ہوئے اور اسلام پر ہی ان کی موت آئی یہاں تک کہ بات رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں اُٹھائی گئی تو آپ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو غلط قسم کے تعویذ گنڈے نہیں کرتے' نہ بُری فال پکڑتے ہیں اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرنے والے ہیں۔

9651- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: أَكْثَرُوا الْحَدِيثَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، ثُمَّ غَدَوْنَا عَلَيْهِ، فَقَالَ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأَنْبِيَاءُ بِأُمَمِهَا، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُرُّ وَمَعَهُ الثُّلَّةُ، وَالنَّبِيُّ وَمَعَهُ الْعِصَابَةُ، وَالنَّبِيُّ وَمَعَهُ النَّفَرُ، وَالنَّبِيُّ وَلَيْسَ مَعَهُ أَحَدٌ، حَتَّى مَرَّ عَلَيَّ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ مَعَهُ كَبْكَبَةٌ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ، فَأَعْجَبُونِي، فَقُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَقِيلَ: هَذَا أَخُوكَ مُوسَى وَمَعَهُ بَنُو إِسْرَائِيلَ، قُلْتُ: فَأَيْنَ أُمَّتِي، قِيلَ: انْظُرْ عَنْ يَمِينِكَ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا الظِّرَابُ قَدْ سُدَّ بِوُجُوهِ الرِّجَالِ، ثُمَّ قِيلَ لِي: انْظُرْ عَنْ يَسَارِكَ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک رات رسول کریم ﷺ کی خدمت میں کثیر باتیں ہوئیں' پھر صبح ہم آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے' تو آپ نے فرمایا: میرے اوپر انبیاء اپنی اُمتوں کے متبعین سمیت پیش کیے گئے تو کسی نبی علیہ السلام کی اُمت کا بڑا گروہ اس کے ساتھ تھا اور کسی نبی علیہ السلام کے ساتھ کوئی ایک آدمی بھی نہ تھا (کیونکہ بعض نبی صرف اپنے نفس کی اصلاح کیلئے بھی دنیا پہ آئے ہیں)۔ قومِ لوط کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے تمہیں یوں آگاہ فرمایا: ''کیا تم میں سے کوئی بھی عقلمند آدمی نہیں ہے'' یہاں تک کہ حضرت موسیٰ بن عمران' بنی اسرائیل میں سے اپنے ساتھیوں کے ساتھ گزرے۔ میں نے عرض کی: اے میرے رب! میری اُمت کہاں ہے؟ فرمایا: اپنی دائیں طرف دیکھیں' (جب میں نے دیکھا) تو مکہ کے پہاڑوں کی طرح پہاڑ ہیں جو لوگوں کے چہروں سے ڈھکے ہوئے ہیں۔ فرمایا: اے محمد!

9651- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 19519' ومن طريقه أحمد رقم الحديث: 3806 .

الْأُفُقَ قَدْ سُدَّ بِوُجُوهِ الرِّجَالِ، فَقِيلَ لِي: أَرَضِيتَ؟ قُلْتُ: رَضِيتُ يَا رَبِّ، رَضِيتُ يَا رَبِّ، فَقِيلَ لِي: إِنَّ مَعَ هَؤُلَاءِ سَبْعِينَ أَلْفًا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ. قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِدَاءٌ لَكُمْ أَبِي وَأُمِّي، إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَكُونُوا مِنَ السَّبْعِينَ أَلْفًا فَافْعَلُوا، فَإِنْ قَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَهْلِ الظِّرَابِ، فَإِنْ قَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَهْلِ الْأُفُقِ؛ فَإِنِّي قَدْ رَأَيْتُ نَاسًا يَتَهَاوَشُونَ، فَقَامَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ الْأَسَدِيُّ فَقَالَ: ادْعُ لِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنَ السَّبْعِينَ، فَدَعَا لَهُ، فَقَامَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، فَقَالَ: قَدْ سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ. قَالَ: ثُمَّ تَحَدَّثْنَا فَقُلْنَا: مَنْ هَؤُلَاءِ السَّبْعُونَ الْأَلْفِ؟ قَوْمٌ وُلِدُوا فِي الْإِسْلَامِ حَتَّى مَاتُوا، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هُمُ الَّذِينَ لَا يَكْتَوُونَ، وَلَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَتَطَيَّرُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ.

راضی ہو؟ میں نے عرض کی: اے میرے رب! راضی ہوں۔ فرمایا: (اب) بائیں طرف نظر کرو! پس میں نے ملاحظہ کیا تو زمین کا کنارہ لوگوں کے چہروں سے ڈھکا ہوا ہے۔ فرمایا: اے محمد! راضی ہو! میں نے عرض کی: اے میرے رب! راضی ہوں۔ فرمایا: ان سب کے ساتھ ستر ہزار جنت میں بغیر حساب کے داخل ہوں گے۔ (یہ بات سن کر) حضرت عکاشہ بن محصن اسدی رضی اللہ عنہ نے آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان لوگوں میں سے بنا دے! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! اس کو اُن میں سے بنا دے! پھر ایک اور آدمی کھڑا ہوا' اُس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان میں سے بنا دے! فرمایا: عکاشہ تم پر سبقت لے گئے۔ پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں سے فرمایا: تم پر میرے ماں باپ قربان! اگر تم سے ہو سکے اُن ستر سے ہونا تو ان سے ہو جانا' پس اگر تم عاجز ہو اور تمہارے عمل کوتاہ ہوں تو پہاڑ والوں سے ہونا۔ پس اگر تم عاجز ہو اور تمہارے عمل کوتاہ ہوں تو کنارے والوں سے ہونا کیونکہ میں نے کئی لوگوں کو ایک دوسرے سے ملتا جلتا دیکھا ہے۔ پھر فرمایا: مجھے اُمید ہے کہ میرے اُمتی تمام جنت والوں کا چوتھائی حصہ ہوں گے' تو قوم نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا۔ پھر فرمایا: بے شک مجھے اُمید ہے کہ وہ جنتیوں کا ایک حصہ ہوں گے تو قوم نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''اوّلین میں بڑا گروہ اور آخرین میں سے تھوڑے''۔ پس لوگوں نے آپس میں

ایک دوسرے سے مذاکرہ کیا کہ وہ ستر ہزار کون ہیں؟ بعض لوگوں نے کہا: وہ گروہ جو اسلام میں پیدا ہوئے اور اسلام پر ہی ان کی موت آئی یہاں تک کہ بات رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں اُٹھائی گئی تو آپ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو غلط قسم کے تعویذ گنڈے نہیں کرتے' نہ بُری فال پکڑتے ہیں اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرنے والے ہیں۔

حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ثنا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: تَحَدَّثْنَا عِنْدَ نَبِيِّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ مَعْمَرٍ.

ایک دوسری سند کے ساتھ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک رات ہم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بڑی باتیں کیں۔ پس معمر کی حدیث جیسی حدیث ذکر کی۔

حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، وَالْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

ایک تیسری سند سے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ایک چوتھی سند سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس جیسی حدیث ذکر کی ہے۔

نَحْوَهُ.

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، ثنا أَبُو أُمَيَّةَ الْحَبَطِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

ایک پانچویں سند سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اس کی مثل حدیث بیان کی ہے۔

9652- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ حَنَشٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّهُ كَانَ فِي بُسْتَانٍ مِنْ بَسَاتِينِ الْمَدِينَةِ، وَهُوَ يُقْرِءُ ابْنَيْهِ، فَمَرَّ بِهِ طَائِرَانِ غُرَابَانِ أَوْ حَمْلَانِ، لَهُمَا حَفِيفٌ، فَنَظَرَ إِلَيْهِمَا ابْنُ مَسْعُودٍ فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا أَنَا بِأَشَدَّ عَلَى هَذَيْنِ حُزْنًا لَوْ مَاتَا إِلَّا كَحُزْنِي عَلَى هَذَيْنِ الطَّائِرَيْنِ لَوْ وَقَعَا مَيِّتَيْنِ، وَإِنِّي لَأَجِدُ لَهُمَا مَا يَجِدُ الْوَالِدُ لِوَلَدِهِ، وَلَكِنْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ حَتَّى يَسُودَ كُلَّ قَبِيلَةٍ مُنَافِقُوهَا؛ فَلِذَلِكَ اشْتَهَيْتُ أَنْ نَمُوتَ قَبْلَ ذَلِكَ الزَّمَانِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' اُنہوں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ وہ مدینہ کے باغوں میں سے ایک باغ میں تھے اس حال میں کہ وہ اپنے دونوں بیٹوں کو پڑھا رہے تھے۔ پس ان کے پاس سے دو پرندے گزرے' کورے تھے یا ان کے بچے۔ ان کے پَروں کی آواز آئی تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف دیکھا' فرمایا: قسم بخدا! مجھے (اپنے) ان دو (بیٹوں) پر اتنا غم نہیں ہوگا اگر یہ فوت ہو جائیں جتنا غم ان دو پرندوں پر ہوگا اگر یہ گر کر مر جائیں' یقیناً میں ان دونوں کیلئے اپنے دل میں وہی محبت پاتا ہوں' جو ایک والا اپنے بچے کیلئے پاتا ہے' لیکن میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت ہرگز قائم نہ ہوگی حتیٰ کہ ہر قبیلہ کے منافق اس کے سردار بن جائیں' پس اس وجہ سے مجھے خواہش ہوئی کہ وہ زمانہ آنے سے پہلے میں مر جاؤں۔

9653- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی

9652- قال في المجمع جلد 6صفحه327' رواه البزار جلد 1صفحه237' والطبراني وفيه قصة وفيه حسين بن قيس وهو متروك . قلت هو حنش بن قيس .

9653- ورواه الترمذي رقم الحديث: 2531' وقال: هذا حديث غريب لا نعرفه من حديث ابن مسعود عن النبي صلى الله

الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، قَالَا: ثنا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ قَيْسٍ الرَّحَبِيُّ، ثنا عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَزُولُ قَدَمُ ابْنِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ عِنْدِ رَبِّهِ حَتَّى يُسْأَلَ عَنْ خَمْسٍ: عَنْ عُمْرِهِ فِيمَا أَفْنَاهُ، وَشَبَابِهِ فِيمَا أَبْلَاهُ، وَمَالِهِ مِنْ أَيْنَ كَسَبَهُ وَفِيمَا أَنْفَقَهُ، وَمَاذَا عَمِلَ فِيمَا عَلِمَ

کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن، آدمی کا پاؤں اس وقت تک اپنے رب کے پاس سے نہیں ہل سکے گا جب تک اس سے پانچ چیزوں کا سوال نہیں کرلیا جائے گا: (۱) اس کی عمر کے بارے میں کہ کس کام میں لگائی (۲) اس کی جوانی کے بارے میں کہ کس کام میں گزاری (۳) اس کے مال کے بارے میں کہ کہاں سے کمایا اور (۴) کس چیز میں خرچ کیا (۵) اپنے علم پر کہاں تک عمل کیا۔

9654- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، وَعَمْرُو بْنُ أَبِي الطَّاهِرِ بْنِ سَرْحٍ الْمِصْرِيَّانِ قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، حَدَّثَنِي أَبُو حَازِمٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ بَيْنَ إِسْلَامِهِمْ وَبَيْنَ أَنْ نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ يُعَاتِبُهُمُ اللّٰهُ إِلَّا أَرْبَعُ سِنِينَ (وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِينَ أُوتُوا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ لوگوں کے اسلام لانے اور اس آیت کے نازل ہونے کے درمیان صرف چالیس سال کا فاصلہ ہے کہ اللہ نے ان پر عتاب فرمایا ہے: ''اور وہ ان لوگوں (یہود و نصاریٰ) کی طرح نہ ہوں جنہیں پہلے کتاب دی گئی پھر ان پر مدت لمبی ہوگئی''۔ پس ان کے دل سخت ہو گئے جبکہ ان میں سے بہت سارے فاسق ہیں۔

عليه وآله وسلم الا من حديث حسين بن قيس وحسين يضعف في الحديث . قلت هو متروك كما تقدم . ورواه البزار جلد1صفحه237-238 .

9654- قال في المجمع جلد7صفحه121' وفيه موسى بن يعقوب الزمعي وثقه ابن معين وغيره وضعفه ابن المديني وبقيه رجاله رجال الصحيح . قلت: رواه ابن ماجه رقم الحديث: 4192' والبزار جلد1صفحه240 من طريق موسى هذا به . وقال في الزوائد: هذا اسناده صحيح ورجاله ثقات . فهو ليس من شرط المجمع' ورواه مسلم رقم الحديث: 3027 من طريق آخر ونسبه ابن كثير الى عبد الله بن مبارك والنسائي في تفسيره .

الْكِتَابَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ)
(الحديد: 16) فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَكَثِيرٌ مِنْهُمْ فَاسِقُونَ

9655- حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، أنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ وَابِصَةَ الْأَسَدِيِّ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: إِنِّي لَبِالْكُوفَةِ فِي دَارِي إِذْ سَمِعْتُ عَلَى بَابِ الدَّارِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، أَأَلِجُ؟ فَقُلْتُ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ، فَلَجَّ، فَلَمَّا دَخَلَ إِذَا هُوَ عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَيَّةُ سَاعَةِ زِيَارَةٍ هَذِهِ؟ وَذَلِكَ فِي نَحْوِ الظَّهِيرَةِ، قَالَ: طَالَ عَلَيَّ النَّهَارُ، فَتَذَكَّرْتُ مَنْ أَتَحَدَّثُ إِلَيْهِ، قَالَ: فَجَعَلَ يُحَدِّثُنِي عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُحَدِّثُهُ، ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُنِي فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَكُونُ فِتْنَةٌ، النَّائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمُضْطَجِعِ، وَالْمُضْطَجِعُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَاعِدِ، وَالْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ

حضرت عمرو بن وابصہ اسدی اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے فرمایا: میں کوفہ میں تھا اپنے گھر میں کہ میں نے گھر کے دروازے پر السلام علیکم! کیا میں داخل ہوسکتا ہوں؟ کی آواز سنی۔ میں نے کہا: وعلیک السلام! آپ داخل ہوں۔ پس جب وہ داخل ہوئے تو اچانک وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تھے۔ میں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! یہ ملاقات کا کون سا وقت ہے؟ جبکہ وہ تقریباً ظہر کا وقت تھا۔ فرمایا: دن مجھ پر لمبا ہو گیا' میں نے سوچا' میں کس سے حدیثیں بیان کروں۔ راوی کا بیان ہے: آپ نے مجھے حدیثیں سنانا شروع کر دیں۔ رسول کریم ﷺ سے روایت ہے: اور میں اس کو بیان کرتا ہوں۔ پھر آپ مجھ سے حدیث بیان کرنے لگے۔ فرمایا: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: فتنہ ہوگا! جس میں سونے والا لیٹنے والے سے' لیٹنے والا بیٹھنے والے سے' بیٹھنے والا کھڑے ہونے والے سے' کھڑا ہونے والا چلنے والے سے' چلنے والا سوار سے اور سوار

9655- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 20727' ومن طريقه أحمد رقم الحديث: 4286' ولكنه قال عن رجل عن عمرو بدل عن اسحاق بن راشد عن عمرو به . ورواه أحمد رقم الحديث: 4287 حدثنا على بن اسحاق أخبرنا عبد الله يعني ابن المبارك أخبرنا معمر عن اسحاق به . قال في المجمع جلد 7صفحه302' رواه أحمد بإسنادين ورجال أحدهما ثقات . قلت: يقصد الأخير . ولم نسبه الى الطبراني ولا الى البزار . ورواه الحاكم جلد 4صفحه427 من طريق معمر به' وقال: هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه' ووافقه الذهبي .

فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي خَيْرٌ مِنَ الرَّاكِبِ، وَالرَّاكِبُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمُجْرِي، قَتْلاهَا كُلُّهَا فِي النَّارِ ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَتَى ذَلِكَ؟ قَالَ: ذَلِكَ أَيَّامَ الْهَرْجِ ، قُلْتُ: وَمَتَى أَيَّامُ الْهَرْجِ؟ قَالَ: حِينَ لَا يَأْمَنُ الرَّجُلُ جَلِيسَهُ ، قُلْتُ: فَبِمَ تَأْمُرُنِي إِنْ أَدْرَكْتُ ذَلِكَ الزَّمَانَ؟ قَالَ: اكْفُفْ نَفْسَكَ وَيَدَكَ، وَادْخُلْ دَارَكَ ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ دَخَلَ عَلَيَّ دَارِي؟ قَالَ: فَادْخُلْ بَيْتَكَ ، قُلْتُ: أَرَأَيْتَ إِنْ دَخَلَ عَلَيَّ بَيْتِي؟ قَالَ: فَادْخُلْ مَسْجِدَكَ فَاصْنَعْ هَكَذَا، وَقَبَضَ بِيَمِينِهِ عَلَى الْكُوعِ، وَقُلْ: رَبِّيَ اللّٰهُ، حَتَّى تَمُوتَ كَذَلِكَ

سواری پر سوار ہو کر چلنے والے سے بہتر ہوگا' ان کے مقتول سارے کے سارے دوزخ میں ہوں گے۔ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ کب ہوگا؟ فرمایا: ہرج کے دنوں میں! میں نے عرض کی: ہرج کے دن کب ہوں گے؟ فرمایا: جب آدمی اپنے ہم مجلس سے امن میں نہ ہوگا۔ میں نے عرض کی: اگر میں اس زمانے کو پالوں تو آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ فرمایا: اپنے آپ کو اور اپنے ہاتھ کو روک کر' اپنے گھر میں داخل ہو جانا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر فتنہ میرے گھر میں داخل ہو جائے؟ فرمایا: اپنے کمرے میں داخل ہو جانا۔ میں نے عرض کی: اگر وہ میرے کمرے میں داخل ہو جائے تو کیا خیال ہے؟ فرمایا: اپنی مسجد میں داخل ہو جانا۔ پس اسی طرح کرنا۔ اسی دوران آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دائیں ہاتھ کو اپنے انگوٹھے سے ملے ہوئے کلائی کے حصے پر رکھا ہوا تھا۔ (فرمایا:) اور کہہ: میرا رب اللہ ہے یہاں تک کہ اسی طرح تیرے اوپر موت آ جائے۔

9656- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: آخِرُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَمْشِي عَلَى الصِّرَاطِ وَهُوَ يَمْشِي مَرَّةً وَيَكْبُو مَرَّةً، وَتَسْفَعُهُ النَّارُ، فَإِذَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ آدمی جو سب سے آخر میں جنت کے اندر داخل ہوگا' اس کا حال یہ ہوگا کہ کبھی پل صراط پر چلے گا' کبھی گر پڑے گا۔ اسے آگ کی تپش پہنچے گی' پس جب وہ دوزخ کے اوپر سے گزر کر آگے چلا جائے

9656- رواه أحمد رقم الحديث: 3899,3714' ومسلم رقم الحديث: 187' ورواه أحمد رقم الحديث: 3595' والبزار جلد 1 صفحه 239-240' ومسلم رقم الحديث: 186 مختصرًا .

جَاوَزَهَا الْتَفَتَ إِلَيْهَا قَالَ: تَبَارَكَ الَّذِي نَجَّانِي مِنْكِ، أَعْطَانِي شَيْئًا مَا أَعْطَاهُ أَحَدًا مِنَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، وَتُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ، أَدْنِنِي مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ فَلِأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا، وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا ابْنَ آدَمَ، لَعَلِّي إِنْ أَعْطَيْتُكَهَا تَسْأَلُنِي غَيْرَهَا. فَيُدْنِيهِ مِنْهَا، وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَفْعَلُ، فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ أُخْرَى هِيَ أَحْسَنُ مِنَ الْأُولَى، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أَدْنِنِي مِنْهَا فَلِأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا، وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، وَلَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا، وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَفْعَلُ؛ لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ عَلَيْهِ، فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا ابْنَ آدَمَ، أَلَمْ تُعَاهِدْنِي أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا، فَيَقُولُ: بَلَى يَا رَبِّ، وَلَكِنْ هَذِهِ لَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهَا، وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَفْعَلُ، وَهُوَ يَعْذِرُهُ؛ لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ، فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: لَعَلِّي إِنْ أَدْنَيْتُكَ مِنْهَا سَأَلْتَنِي غَيْرَهَا، فَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَا يَفْعَلَ، فَيُدْنِيهِ مِنْهَا، فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ هِيَ أَحْسَنُ مِنَ الْأُولَيَيْنِ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أَدْنِنِي مِنْ هَذِهِ أَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا، وَأَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُولُ اللّٰهُ جَلَّ ذِكْرُهُ: يَا ابْنَ آدَمَ، أَلَمْ تُعَاهِدْنِي أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا؟ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، هَذِهِ لَا

گا تو دوزخ کی طرف متوجہ ہو کر کہے گا: برکتوں والی ہے وہ ذات جس نے مجھے تجھ سے نجات دی' اس نے مجھے وہ چیز عطا فرمائی جو اس نے اگلوں اور پچھلوں میں سے کسی کو عطا نہیں کی' اس کیلئے ایک درخت بلند کیا جائے گا تو وہ کہے گا: اے میرے رب! مجھے اس درخت کے قریب فرما دے تا کہ میں اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کا پانی پی سکوں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم کے بیٹے! شاید اگر میں تجھے یہ درخت عطا کر دوں تو تُو مجھ سے اس کے علاوہ مانگے؟ (اگر نہ مانگے تو عطا کروں' وہ وعدہ کرے گا) تو اس آدمی کو اللہ تعالیٰ اس کے قریب فرما دے گا حالانکہ اس کا رب جانتا ہے کہ وہ آدمی اس سے سوال کرے گا۔ پس وہ اس درخت کا سایہ حاصل کرے گا اور اس کا پانی پئے گا' پھر اس کے سامنے ایک اور درخت بلند کیا جائے گا' یہ پہلے درخت سے زیادہ خوبصورت ہوگا' تو وہ بندہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے اس درخت کے قریب کر دے تا کہ میں اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کا پانی پی سکوں (اور میں وعدہ کرتا ہوں کہ اگر تُو مجھے اس درخت کے قریب کر دے تو) میں تجھ سے اس کے علاوہ کا سوال نہیں کروں گا' حالانکہ اس کا رب جانتا ہے کہ وہ اور مانگے گا کیونکہ وہ ایسی چیز دیکھے گا جس پر وہ صبر نہ کر سکے گا۔ پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم کے بیٹے! تُو نے مجھ سے وعدہ نہیں کیا تھا کہ تُو مجھ سے اس کے علاوہ نہیں مانگے گا۔ پس وہ عرض کرے گا: جی ہاں! میرے رب! کیوں نہیں! (وعدہ کیا تھا) لیکن بس یہی عطا کر دے۔ اس کے علاوہ کا سوال نہیں کروں گا' حالانکہ اس

أَسْأَلَكَ غَيْرَهَا، فَيَقُولُ: لَعَلِّي إِنْ أَدْنَيْتُكَ مِنْهَا أَنْ تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا، فَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَا يَفْعَلَ، وَرَبُّهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَفْعَلُ، وَرَبُّهُ يَعْذِرُهُ، لِأَنَّهُ يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ، عَلَيْهِ فَيُدْنِيهِ مِنْهَا، فَيَسْمَعُ أَصْوَاتَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَقُولَ: أَيْ رَبِّ، أَدْخِلْنِيهَا، فَيَقُولُ: يَا ابْنَ آدَمَ، أَتَرْضَى أَنْ أُعْطِيَكَ الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا مَعَهَا؟ فَيَقُولُ: أَتَسْتَهْزِءُ بِي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ؟ فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ: أَلَا تَسْأَلُونِي مِمَّ ضَحِكْتُ، قَالَ: مِمَّ ضَحِكْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مِنْ ضَحِكِ رَبِّ الْعَالَمِينَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى حَيْثُ قَالَ: أَتَسْتَهْزِءُ بِي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ؟ فَيَقُولُ: لَا، إِنِّي لَا أَسْتَهْزِءُ، وَلٰكِنِّي عَلَى مَا أَشَاءُ قَدِيرٌ

کا رب جانتا ہے کہ وہ سوال کرے گا لیکن اللہ اسے معذور قرار دے گا کیونکہ وہ ایسی چیز دیکھتا ہے جس پر وہ صبر نہیں کرسکتا ہے۔ پس اللہ فرمائے گا: ممکن ہے اگر میں تجھے اس کے قریب کروں تو تُو مجھ سے اس کے علاوہ کا سوال کرے۔ پس وہ پختہ وعدہ کرے گا کہ وہ ایسا نہیں کرے گا' پس اللہ اسے قریب فرما دے گا۔ پس وہ اس کا سایہ حاصل کرے گا اور اس کا پانی پئے گا' پھر اس کے سامنے جنت کے دروازے پر پہلے دونوں سے زیادہ خوبصورت درخت بلند کیا جائے گا تو وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے اس کے قریب فرما دے تا کہ میں اس کا سایہ حاصل کروں اور اس کے پانی سے پی سکوں۔ اللہ فرمائے گا: اے ابن آدم! کیا تُو نے میرے ساتھ وعدہ نہیں کیا تھا کہ تُو مجھ سے اس کے علاوہ کا سوال نہیں کرے گا۔ پس وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! یہ عطا کر! اس کے علاوہ کا تجھ سے سوال نہ کروں گا۔ اللہ فرمائے گا: ممکن ہے اگر میں تجھے اس کے قریب کروں تو تُو مجھ سے اس کے علاوہ کا سوال کرے۔ پس وہ پکا وعدہ کرے گا کہ وہ ایسا نہیں کرے گا حالانکہ اس کا رب جانتا ہے کہ وہ ایسا کرے گا لیکن اس کا رب اسے معذور قرار دے گا کیونکہ وہ آدمی ایسی چیز دیکھ رہا ہے جس پر اسے صبر کا یارا نہیں ہے۔ پس اللہ اسے اس کے قریب کر دے گا' تو وہ جنتیوں کی آوازیں سنے گا۔ عرض کرے گا: اے میرے رب! اب اس جنت میں داخل فرما دے۔ پس اللہ فرمائے گا: اے آدمی! کیا تُو اس پر راضی نہیں ہے کہ میں تجھے دنیا اور اس کے ساتھ اس کی مثل عطا کروں؟ تو وہ

عرض کرے گا: کیا تُو مجھ سے مذاق کرتا ہے حالانکہ تُو سارے جہانوں کا رب ہے؟ پس رسول کریم ﷺ ہنس پڑے پھر فرمایا: تم مجھ سے پوچھتے کیوں نہیں کہ میں کیوں ہنسا ہوں؟ عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کے ہنسنے کی حکمت کیا ہے؟ فرمایا: سارے جہانوں کے رب کے ہنسنے کی وجہ سے میں ہنسا ہوں۔ جب اس بندے نے عرض کی: تُو رب العالمین ہو کر مجھ سے مذاق کرتا ہے؟ (یہ سن کر رب کو بھی ہنسی آ گئی) پس اللہ فرمائے گا: جی نہیں! میں مذاق نہیں کرتا ہوں بلکہ میں جو چاہوں اسی پر قادر ہوں۔

9657- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُعْرَضُ أَعْمَالُ بَنِي آدَمَ كُلَّ يَوْمِ اثْنَيْنِ، وَفِي كُلِّ يَوْمِ خَمِيسٍ، فَيَرْحَمُ الْمُتَرَحِّمِينَ وَيَغْفِرُ لِلْمُسْتَغْفِرِينَ، ثُمَّ يَذَرُ أَهْلَ الْحِقْدِ بِحِقْدِهِمْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: انسان کے اعمال ہر جمعرات اور پیر کے دن پیش کیے جاتے ہیں، رحم کرنے والوں پر رحم کیا جاتا ہے اور بخشش مانگنے والے کو بخش دیا جاتا ہے، پھر کینہ وبغض رکھنے والوں کو چھوڑ دیا جاتا ہے۔

9658- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: لوگوں پر

9657- قال في المجمع جلد 8 صفحه 65، رواه الطبراني والبزار جلد 1 صفحه 242، وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو متروك . قلت: وفي عبيد الله كلام مثله .

9658- قال في المجمع جلد 7 صفحه 282، رواه البزار جلد 1 صفحه 244، والطبراني وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو متروك . قلت: وفيه عبيد الله بن زحر وهو ضعيف جدًا .

عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ تَغْبِطُونَ فِيهِ الرَّجُلَ بِخِفَّةِ الْحَاذِ كَمَا تَغْبِطُونَهُ الْيَوْمَ بِكَثْرَةِ الْمَالِ وَالْوَلَدِ، حَتَّى يَمُرَّ أَحَدُكُمْ بِقَبْرِ أَخِيهِ فَيَتَمَعَّكَ عَلَيْهِ كَمَا تَتَمَعَّكُ الدَّابَّةُ فِي مَرَاعِهَا، وَيَقُولُ: يَا لَيْتَنِي مَكَانَهُ، مَا بِهِ شَوْقٌ إِلَى اللّٰهِ، وَلَا عَمَلَ صَالِحًا قَدَّمَهُ، إِلَّا مِمَّا يَنْزِلُ بِهِ مِنَ الْبَلَاءِ

ایک زمانہ ایسا ضرور آئے گا جس میں تم ساز و سامان کی کمی پر رشک کرو گے جس طرح آج تم مال اور اولاد کی کثرت سے اِتراتے ہو یہاں تک کہ تمہارا کوئی آدمی اپنے بھائی کی قبر کے پاس سے گزرنے لگے گا تو اس پر لوٹ پوٹ ہوگا جس طرح چوپائے اپنی چراگاہ میں لوٹ پوٹ ہوتے ہیں اور کہے گا: ہائے کاش! میں آپ کی جگہ ہوتا' یہ شوق سے نہیں ہوگا جو اس کے دل میں اللہ کا ہوگا اور اس نے کوئی نیک عمل کر کے بھی آگے نہیں بھیجا ہوگا' پس اس پر بلائیں اور مصیبتیں ہی نازل ہوئی ہوں گی۔

9659- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا صَلَّى فَلَمْ يُتِمَّ صَلَاتَهُ، خُشُوعَهَا وَلَا رُكُوعَهَا، وَأَكْثَرَ الِالْتِفَاتَ لَمْ تُقْبَلْ مِنْهُ، وَمَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَإِنْ كَانَ عَلَى اللّٰهِ كَرِيمًا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بندہ جب نماز پڑھتا ہے تو وہ نماز خشوع سے ادا نہیں کرتا اور رکوع مکمل نہیں کرتا' اکثر اِدھر اُدھر توجہ کرتا ہے تو اس کی نماز قبول نہیں کی جاتی ہے' جو تکبر سے کپڑا لٹکاتا ہے' اللہ پاک اس کی طرف قیامت کے دن نظرِ رحمت نہیں کرے گا' اگرچہ وہ آدمی (دنیا میں) اللہ کے سامنے بڑا کریم بنا ہوا تھا۔

9660- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

9659- قال في المجمع جلد 2صفحه122' وفيه عبيد اللّٰه بن زحر وهو ضعيف جدًا . قلت: وعلي بن يزيد الألهاني متروك .

9660- قال في المجمع جلد5صفحه142' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . قلت: وعبيد الله بن زحر مثله .

الْعَلَّافُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، أنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ لَبِسَ الْحَرِيرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْآخِرَةِ

نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو دنیا میں ریشم پہنتا ہے اس کو آخرت میں ریشم نہیں پہنایا جائے گا۔

9661- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي قَيْسٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔

9662- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو أُسَامَةَ، ثنا مِسْعَرٌ، حَدَّثَنِي مَعْنٌ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَا دُمْتُ فِيهِمْ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جب تک ان میں رہا' میں ان پر گواہ تھا۔

9663- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

9661- ورواه أحمد رقم الحديث: 3718' والبخاري رقم الحديث: 6169,6168' ومسلم رقم الحديث: 2640 من طريق آخر عن ابن مسعود . وأبو يعلى جلد1صفحه240' والبزار جلد1صفحه238 .

9662- قال في المجمع جلد7صفحه19' ورجاله رجال الصحيح . قلت: محمد بن اسحاق مدلس وقد عنعن .

9663- قال في المجمع جلد2صفحه207' رواه أحمد رقم الحديث: 4387' وأبو يعلى والطبراني في الكبير والبزار جلد1 صفحه241' ورجاله موثقون .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ فُضَيْلٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ أَبِي الْعَوْجَاءِ السُّلَمِيِّ، عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْمُرُنَا بِالصَّلَاةِ عِنْدَ كُسُوفِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ قَدْ أَصَابَهُمَا فَافْزَعُوا إِلَى الصَّلَاةِ؛ فَإِنَّهَا إِنْ كَانَتِ الَّذِي تَحْذَرُونَ كَانَتْ وَأَنْتُمْ عَلَى غَيْرِ غَفْلَةٍ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ كُنْتُمْ قَدْ أَصَبْتُمْ خَيْرًا وَكَسَبْتُمُوهُ

حضورﷺ ہمیں نماز کا حکم دیتے تھے سورج اور چاند گرہن کے موقع پر۔ فرمایا: جب تم ان کو دیکھو کہ گرہن لگا ہوا ہے تو نماز شروع کرو کیونکہ اگر کسی چیز سے تم ڈرو گے تو وہ تو آئے گی جبکہ تم غفلت میں نہیں ہو گے اور اگر وہ نہیں آئے گی تو تم بھلائی کو پانے اور کمانے والے ہو گے۔

9664- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ أَبُو يَعْلَى التَّوَّزِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ الْمَكِّيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: مَرَرْتُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَأَشَارَ إِلَيَّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس سے گزرا تو آپ نماز پڑھ رہے تھے میں نے آپ کو سلام کیا تو آپ نے میری طرف اشارہ کیا۔

9665- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ

رسول کریمﷺ کے غلام حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت

9664- قال في المجمع جلد 2صفحه82' رواه الطبراني في الأوسط (79 مجمع البحرين)' والصغير جلد 2صفحه27' ورجاله رجال الصحيح . ولم ينسبه الى الكبير والبزار ورواه البزار جلد 1صفحه238 .

9665- ورواه أحمد رقم الحديث:4402,4379' ومسلم رقم الحديث:50 .

بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ فُضَيْلٍ الْخَطْمِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا كَانَ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا كَانَ لَهُ حَوَارِيُّونَ يَهْدُونَ بِهَدْيِهِ، وَيَسْتَنُّونَ سُنَّتَهُ، ثُمَّ يَكُونُ مِنْ بَعْدِهِمْ خُلُوفٌ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ، وَيَعْمَلُونَ مَا تُنْكِرُونَ، مَنْ جَاهَدَهُمْ بِيَدِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِلِسَانِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَمَنْ جَاهَدَهُمْ بِقَلْبِهِ فَهُوَ مُؤْمِنٌ، لَيْسَ وَرَاءَ ذَلِكَ مِنَ الْإِيمَانِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ

کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہر نبی کے حواری ہوئے ہیں' جنہوں نے اس کی ہدایت سے رہنمائی حاصل کی ہے اوراس کی سنت پر عمل کیا ہے' پھران کے بعدان کے خلف آئے' جووہ کہتے رہے جوکرتے نہ تھے اورایسا عمل کرتے تھے جوتم ناپسند کرتے ہو' جس نے ان کے ساتھ اپنے ہاتھ کے ذریعہ جہاد کیا وہ بھی مؤمن ہے' جس نے اپنی زبان کے ذریعے جہاد کیا وہ بھی مؤمن ہے اور جس نے اپنے دل کے ذریعے ان سے جہاد کیا وہ بھی مؤمن ہے' اس کے علاوہ کوئی ایمان نہیں ہے' رائی کے دانے کے برابر بھی۔

9666- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا بَشِيرُ بْنُ سَلْمَانَ، عَنْ سَيَّارٍ أَبِي الْحَكَمِ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَزَلَتْ بِهِ حَاجَةٌ فَأَنْزَلَهَا بِالنَّاسِ لَمْ تُسَدَّ فَاقَتُهُ، فَإِنْ أَنْزَلَهَا بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ أَوْشَكَ اللّٰهُ لَهُ بِالْغِنَى، إِمَّا أَجْرٌ آجِلٌ، وَإِمَّا غِنًى عَاجِلٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو کوئی ضرورت پیش آئے تو وہ لوگوں کے سامنے بیان کرے' اس کی محتاجی ختم نہیں ہوگی' جس نے اس محتاجی کا اظہار اللہ کی بارگاہ میں کیا تو اللہ عزوجل اس کو غنی کردے گا' یا تو دیر سے (آخرت میں) اجر دے گا جلدی غنی کرے گا۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اس کی

9666- ورواه أحمد رقم الحديث: 3696,3869,4219,4220' وأبو داؤد رقم الحديث: 1629' والترمذي رقم الحديث: 2428' وقال: حسن صحيح . والحاكم جلد 1 صفحه 408' وقال: هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه ووافقه الذهبي . ورواه أبو نعيم في الحلية جلد 8 صفحه 314 من طريق المصنف . ورواه البزار جلد 1 صفحه 242' والقضاعي في مسند الشهاب رقم الحديث: 544 .

حَدَّثَنِي عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي ح، وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا أَبُو مَعْنٍ الرَّقَاشِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، عَنْ بَشِيرٍ أَبِي إِسْمَاعِيلَ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

مثل روایت کرتے ہیں۔

9667- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالَا: ثنا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، ثنا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَيَّارٍ أَبِي الْحَكَمِ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ، وَلَا تَزْدَادُ مِنْهُمْ إِلَّا بُعْدًا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت قریب آ گئی' اس کے بعد دُوری ہی ہوگی۔

9668- حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلُ، ثنا أَبُو

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

9667- ورواه أبو نعيم في الحلية جلد 8صفحه315 من طريق المصنف ورواه جلد 7صفحه242 من طريق آخر عن مخلد به' قال في المجمع جلد10صفحه311' ورجاله رجال الصحيح غير شيخ الطبراني وهو ثقة ثبت . وقال جلد10 صفحه255 ورجاله رجال الصحيح . ورواه الحاكم جلد4صفحه323-324' وقال: صحيح الاسناد ولم يخرجاه' فتعقبه الذهبي بقوله: هذا منكر' وبشير ضعفه الدارقطني واتهمه ابن الجوزي' ورواه الدولابي جلد 1صفحه155' والقضاعي في مسند الشهاب رقم الحديث: 597' وعند الجميع بشير بن سلمان أبو اسماعيل الا الحاكم' ولا شكك انه خطا .

9668- ورواه أبو داؤد الطيالسي رقم الحديث: 1764' والحاكم جلد 4صفحه197' والبزار جلد 1صفحه241' ورواه الحاكم جلد4صفحه197 وزاد فيه "وفي ألبان البقر شفاء من كل داء" وقال: صحيح على شرط مسلم ووافقه الذهبي' فتعقبهما شيخنا بقوله في سلسلة الصحيحة جلد 2صفحه48' وفيما قالاه نظر' فان رجاله على شرط مسلم غير الرقاشي' ثم هو ضعيف الحفظ الخ . ورواه أحمد جلد4صفحه315 فجعله من مسند طارق بن شهاب'

حَسَّانَ الرَّازِيُّ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ رُكَيْنٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَدَاوَوْا بِأَلْبَانِ الْبَقَرِ؛ فَإِنِّي أَرْجُو أَنْ يَجْعَلَ اللّٰهُ فِيهَا شِفَاءً؛ فَإِنَّهَا تَأْكُلُ مِنَ الشَّجَرِ

حضور ﷺ نے فرمایا: گائے کا دودھ پیو کیونکہ درختوں کے پتے کھاتی ہے یقیناً اللہ عزوجل نے اس کے دودھ میں شفا رکھی ہے۔

9669- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا عُمَرُ أَبُو حَفْصٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَقُولُ حِينَ يَسْمَعُ النِّدَاءَ بِالصَّلَاةِ فَيُكَبِّرُ، وَيَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَيَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، ثُمَّ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ أَعْطِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ، وَاجْعَلْهُ فِي الْأَعْلَيْنَ دَرَجَتَهُ، وَفِي الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهُ، وَفِي الْمُقَرَّبِينَ ذِكْرَهُ، إِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان نماز کیلئے دی گئی اذان کے وقت کہتا ہے: اللہ اکبر اشہد ان لا الٰہ الا اللہ اشہد ان محمداً رسول اللہ پھر جب اذان مکمل ہو جاتی ہے تو یہ دعا کرتا ہے: اے اللہ! حضرت محمد ﷺ کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرما اور آپ ﷺ کا درجہ اعلیٰ علیین میں بنا دے چنے ہوؤں میں ان کی محبت اور مقربین میں ان کا ذکر رکھ دے تو قیامت کے دن نبی کریم ﷺ اس کی شفاعت فرمائیں گے۔

9670- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو جب غصہ آتا تھا تو آپ کے دونوں رخسار

وقد رجح شيخنا الرواية الأولى وبدون زيادة شفاء من كل داء فارجع اليه في سلسلة الصحيحة جلد2صفحه47-50 .

9670- قال في المجمع جلد9صفحه278' وفيه اسماعيل بن ابراهيم أبو يحيى التيمي وهو ضعيف .

يَحْيَى التَّيْمِيُّ إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ مُخَارِقٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا غَضِبَ احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ

مبارک سرخ ہو جاتے تھے۔

9671- حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ مَعَ الْقَاضِي، مَا لَمْ يَحِفْ عَمْدًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کی مدد قاضی کے شاملِ حال ہوتی ہے جب تک جان بوجھ کر کسی پر ظلم نہ کرے۔

9672- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، ثنا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ قَالَ: سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ بْنَ الْحَجَّاجِ الْبَاهِلِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أُرَاهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهُمْ بِالْإِبْرَادِ بِالظُّهْرِ؛ فَإِنَّ الْحَرَّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نمازِ ظہر ٹھنڈی کر کے پڑھنے کا حکم دیا اور فرمایا: کیونکہ یہ گرمی جہنم کی تپش سے ہے۔

9673- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں نماز کے متعلق عرض کی،

9671- قال في المجمع جلد 4صفحه194' وفيه حفص بن سليمان القارى وثقه أحمد وضعفه الأئمة ونسبوه الى الكذب والوضع .

9672- رواه أحمد جلد5صفحه368' قال في المجمع جلد1صفحه307 بعد أن نسبه لأبي يعلى أيضًا: ورجاله ثقات .

9673- قال في المجمع جلد1صفحه385 ورجاله ثقات .

الْأُمَوِيُّ، ثنا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مَضْرَبَةَ، وَعَنْ غَيْرِهِ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: شَكَوْنَا إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ بِالْهَاجِرَةِ، فَلَمْ يُشْكِنَا

گرمیوں میں گرمی کے متعلق تو آپ ﷺ نے ہماری بات کو قبول نہیں کیا۔

9674- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا جُنَادَةُ بْنُ سَلْمٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا تَخَوَّفَ أَحَدُكُمُ السُّلْطَانَ فَلْيَقُلِ: اللَّهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ، وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، كُنْ لِي جَارًا مِنْ شَرِّ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ -يَعْنِي الَّذِي يُرِيدُ- وَشَرِّ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ وَأَتْبَاعِهِمْ، أَنْ يَفْرُطَ عَلَيَّ أَحَدٌ مِنْهُمْ، عَزَّ جَارُكَ، وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ، وَلَا إِلَهَ غَيْرُكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو بادشاہ کا خوف ہو تو یہ دعا کرو: ''اللّٰهم رب السماوات السبع الٰی آخرہ''۔

9675- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ الْحِمْصِيُّ، ثنا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرغ حضور ﷺ کے پاس بولنے لگا' ایک آدمی نے

9674- قال في المجمع جلد10صفحه137' وفيه جنادة بن سلم وثقه ابن حبان وضعفه غيره وبقية رجاله رجال الصحيح .

9675- ورواه البزار جلد2صفحه187 (زوائد البزار) من طريق آخر عن صالح به قال في المجمع جلد8صفحه77' وفيه اسناد البزار مسلم بن خالد الزنجي وثقه ابن حبان وغيره وفيه ضعف وبقية رجاله ثقات . وقال المنذري في الترغيب جلد5صفحه133 في اسناد البزار لا بأس به . ورواه أبو نعيم في الحلية جلد4صفحه268 من طريق المصنف .

إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ الدِّيكَ صَرَخَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَجُلٌ: اللّٰهُمَّ الْعَنْهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَلْعَنْهُ، وَلَا تَسُبَّهُ؛ فَإِنَّهُ يَدْعُو إِلَى الصَّلَاةِ

کہا: اے اللہ! اس پر لعنت کر! حضور ﷺ نے فرمایا: اس پر لعنت نہ کر اور نہ اس کو گالی دو کیونکہ یہ نماز کی دعوت دیتا ہے۔

9676- حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مِحْصَنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ذَاكِرُ اللّٰهِ فِي الْغَافِلِينَ بِمَنْزِلَةِ الصَّابِرِ فِي الْفَارِّينَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: غفلت والوں میں اللہ کا ذکر کرنے والے ایسے ہیں جس طرح بھاگنے والوں میں صبر کرنے والا ہوتا ہے۔

9676- ومن طريقه أبو نعيم في الحلية جلد4صفحه268' وهذا سند موضوع' الواقدي منهم بالكذب' محصن ابن علي مجهول . ورواه البزار جلد 1صفحه289 (زوائد البزار) من طريق ابراهيم بن محمد ابن ابي عطاء عن محصن به وابراهيم متروك . ورواه المصنف في الأوسط (436 مجمع البحرين) من طريق أحمد بن رشدين حدثنا روح بن صلاح ثنا سعيد بن ابي ايوب عن محصن به' قال في المجمع جلد 10صفحه80-81 رواه الطبراني في الكبير والأوسط والبزار ورجال الأوسط وثقوا . قلت: يقصد روح بن صلاح وثقه ابن حبان والحاكم' وقال ابن يونس: رويت عنه مناكير . وقال الدارقطني: ضعيف في الحديث . وقال ابن ماكولا: ضعفوه . وقال ابن عدي بعد أن خرج له حديثين: له أحاديث كثيرة في بعضها نكرة . فجرح هؤلاء مفسر مقدم على توثيق ابن حبان والحاكم المتساهلين . والثاني محصن بن علي وثقه ابن حبان ولذا قال الحافظ مستور . قال شيخنا في سلسلة الضعيفة جلد2صفحه121 وقد رأيت الحديث في الزهد صفحه327' للامام أحمد رواه باسناد حسن عن حسان ابن أبي سنان قال: فذكره موقوفًا عليه: فلعل هذا هو أصل الحديث موقوف فرفعه بعض الرواة خطأ والله أعلم .

9677- حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَعْبَدٍ الزِّمَّانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ حَدِيثِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: نَزَلَتْ فِي نَفَرٍ مِنَ الْعَرَبِ كَانُوا يَعْبُدُونَ نَفَرًا مِنَ الْجِنِّ، فَأَسْلَمَ الْجِنِّيُّونَ، وَالنَّفَرُ مِنَ الْعَرَبِ لَا يَشْعُرُونَ، فِي قَوْلِهِ (أُولَئِكَ الَّذِينَ يَدْعُونَ يَبْتَغُونَ إِلَى رَبِّهِمُ الْوَسِيلَةَ) (الإسراء: 57)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت کریمہ: ''اولئك الذين الى آخره'' عرب کے ایک گروہ کے بارے میں نازل ہوئی تو جن ایمان لے آئے حالانکہ عرب کے اس گروہ کو اس کا احساس ہی نہ ہوا۔

